۴ شذق
۵ شور
۶ شوز
۷ شزب

شوس
شوش
شوشب
شوشل
شوشو
شوص

یا سینچے سے اوپر کیطرف مسواک کرنا - دانت مین درد ہونا - پیٹ مین درد ہونا - بچے کا پیٹ مین پہدکنا ہاتھہ پیر مارنا -

شوص (قفت) تکبر یا غصہ مین اکر کر انکھیون سے دیکھنا -

شوصار (فسفقم) آنکہہ جو گوشہ چشم سے دیکھے -

شوصار العین (فسفسفسفس) جو کہ گوشہ چشم سے دیکھے -

شوصہ (فسفت) ریح کہ آدمی کے پہلو مین اکٹھی ہوجاوے - پہلو کے اندر کا ورم - پیٹ کا درد - رگ کا تڑپنا -

شوصر (فسفت) ہر نوٹہ -

شوصلا (فسفقت) شاصلی گہاس کہانی یہہ ایک دوا ہی ہندی مین کوئی نام نہین -

شوط باطل آفتاب کی گرد جو گہرون کے روزن سے آفتاب کی شعاع دکھائی دیوے - قدم ڈگ - شوطۃ (فسف) ایک قدم - اشواط (فسفس) جمع پیر اچکنے -

شوط براح (فسفس ففس) گیدڑ -

شوع (فس) اسم - ان دونو نین کا دوسرا بچہ جنکے درمیان اور نہ پیدا ہوا ہو -

شوع (فس) لٹ الجہے ہوئے بالون ہوالا سر کے -

شوع (فقف) پراگندہ و پریشان بالونکا کانٹے کیطرح سخت ہوجانا - گہوڑے کی ایک رخسار کی سپیدی -

شوع (فس) بان کا درخت یا اسکا پہل یا ایک گہاس ہی کہ پہاڑ اور نرم زمین مین اوگتی ہی -

شوعر (فسفت) مضبوط پیدائیش کا -

شوعرۃ (فسفقت) کہجور کے پٹہے کی زنبیل -

شوف (فس) اسم - پٹیلا -

شوف (فس) مصدر - صاف کرنا جلا دینا قطران ملنا - ارایش دیا جانا - مجہولاً -

شوق (فس) اسم - نفس کی حرص خواہش میلان خاطر - اشواق (فسفس) جمع -

شوق (فسفس) مصدر - باندہنا ٹیکا مضبوط استوار کرنا کسی چیز کو سہارے پر کہڑا کرنا آرزومند کرنا -

شوق (فس) عاشق لوگ -

شوقب (فسف) لمبا آدمی - فراخ سم پالان کی دو لکڑیان جسپر رسی لٹکاتے ہین -

شوقلہ (فسفت) بردبار - صاحب حلم ہوجانا -

شوک (فس) اسم - کانٹے - شوکۃ (فسف) ایک کانٹا - اشواک (فسفس) جمع -

شوک (فس) مصدر - کانٹا لگ جانا کانٹا چبہونا - قوت اور تیزی جتلانا - ظاہر ہونا - نکلنا -

مادہ

شوص
شوص
شوصر
شوصل
شوط
شوع
شوعر
شوعرۃ
شوف
شوق
شوقب
شوقل

نا تنقل
نا شوک
۱۲

یہہ ایک درخت کے پتون سے کھانسی اور کہانسی کہائی اورکو کہتے ہین

ماده

شوک
شوکل
شول

شاکَ تَدْیُ الجَارِیَہ لڑکی کی
کچین اوسمبر آتین ۔
شوک (فس) شوکہ (فسف) قوت
اور تیزی کرنی ۔
شوکار (فسفم) سخت بنی ہوئی چادر ۔
سخت کپڑا کورے پن کے سبب یا کلپ کی وجہ سے
شوکہ (فسف) ہتھیار ۔ ہتھیار کی دہار ۔
ہر چیز کی دہار ۔ لڑائی کی شدت وسختی ۔
قوت ۔ قدرت ۔ زخم ۔ دشمن کے لیے
برائی چاہنی ۔ سرخ بادا ۔ پتی چیچک ۔
جولاہے کا کوچ ۔ کوچی ۔
شوکۃ الکتان (فسفس سفتس) کھجور کی
جسمین کھجور کے کانٹے گاڑ کر خشک کرتے ہیں
اور اُس سے کتان کو کتان ریزہ سے
صاف کرتے ہین ۔
شوکمہ (فسفف) بند پھاٹک کی کہڑکی
یا اور جو اس صورت سے ہو کہ دروازہ
بند ہو اور کہڑکی کہلی ۔ شوکم (فسف) جمع
شوکل (فسف) پیادے ۔ لشکر کی
دائین جانب یا بائین ۔ ناحیہ ۔ کنارہ ۔
ایک قسم کا کانٹا ہی جسے سیجبر بھی کہتے ہین
شول (حس) اسم + تھوڑا سا پانی
مشک مین بچا ہوا ۔ ہلکا پہلکا آدمی ۔
ہر کام مین چلتا ہوا ۔ ہلکی چیز ۔
شول (فس) مصدر + (ن) شولان (فسس)
دُم کا بلند کرنا اور اونچا اوٹھانا ۔ کم ہوجانا
ٹھنڈا ہو جانا کسی شی کا جیسے غصہ وغیرہ ۔
اور قرار پکڑنا ۔ مرجانا ۔ چلا جانا ۔ اور جگہ کا
سونا رہجانا ۔ پہوٹ پڑجانی ۔ ایک گروہ
کی بات کا پریشان ہونا ۔ عزت آبرو
اور سیاست کا جاتا رہنا ۔ ترازو کے
پلڑے کا چڑہنا ۔ ستانڈ کی ڈنڈی کا جھ رہجانا
گھڑے کو اوٹھانا ۔
شولہ (فسف) بچہو کا ڈنک ۔ احمق عورت
منازل قمر کے دو ستارے ہین ۔
شولہ (فکف) بچھو کو کہتے ہین ۔
شولقی (فسفکت) شیرینی چاہنے والا
دوستی رکھنے والا ۔
شولم (فسف) شیلم (فسف) گندم دیوانہ
شوم (کمس) بدفال ۔ نحس ۔ بدقدم ۔
شوم (کنس) سیاہ اونٹ ۔ کالے حبشی
شومی (فسف) بایان مقابل ایان کے ۔
شونتہ (فسف) احمق عورت ۔ غلہ رہنے
کی جگہ ۔ لڑائی کا جہاز ۔
شوہ (ففف) گردن کی درازی ۔ گردن کی کجی
شوہ (فس) (ن) شوہتہ (فسف) چہرہ کا

بد صورت ہونا ۔ ڈرانا ۔ نظر لگانی حسد کرنا
دل کا آجانا ۔ دیکھنا ۔

شوہا ۔ (ضفم) بگڑی ہوئی عورت ۔ بھونڈی
عورت ۔ خوبصورت عورت ۔ لغات اضداد
سے ہے ۔ شوم منحوس عورت ۔ لمبا گھوڑا
بڑی بتہ تھنی اور بڑے تھتنوں والا گھوڑا
تنگ دہن کا گھوڑا ۔ لغات اضداد سے ہے ۔

شوہب (ضسف) خارپشت یعنی
سیہی ۔ یا سیہی نر ۔

شوہتہ (ضسفت) دوری ۔

شوی (فف) سہل کام ۔ ہر چیز تھوڑی سی
جو سے ڈبے چھپ گئے ہو ۔ اطراف ہاتھ
پانوں ۔ آدمی کا سر ۔ ہر عضو ۔ جسکے کٹنے
یا چوٹ سے آدمی مر جاوے ۔ بکریاں ۔
سر کی کھال ۔

شومی (فکت) بہتا ہوا ۔ بکا ۔

شویتہ (فکتف) سنبھے ہوئے اس قوم
سے کہ ہلاک ہو گیا ہو ۔ شوایا (ضفف) جمع ۔

شویشی (ضفکت) ایک قسم کا خرما ۔

شویعر (ضفسف) شاعر کا مصغر یعنی
کم درجے کا شاعر ۔

شویکہ (ضفسف) ایک قسم سکا درخت ۔

شویلا (ضفسفم) ایک گھاس ہے ۔ جو ۔ ۔ ۔

جو وہ اس میں مستعمل ہوتی ہے اسے ۔ شویل
(ضفسف) بھی کہتے ہیں ۔

شہاب (فکس) لسی جسمیں دو تہائی پانی ہو ۔

شہاب (کفس) آگ کی چمک ۔ آگ
کی چنگاری ۔ انگارہ ۔ ہر چیز سپید اور چمکتی
ہوئی کی چمک ۔ آزمودہ کار ۔ رسا آدمی

شہب (ضفس) جمع شہبان (ضسفس)

اشہب (فسفس) جمع مثل اسکی ہیں ۔

شہاب ثاقب بھڑکا ہوا شعلہ ۔ اور
اردو میں اس ستارے کو کہتے ہیں جو ٹوٹتا ہے

شہابہ (فعسف) لسی جسمیں دو تہائی
پانی ہووے ۔

شہاجر (فضسک) ایک قسم کا جانور مردار خوار

شہادۃ (فعسف) اطلاع دینی ۔ گواہی
دینی ۔ قسم کھانی ۔ جاننا یا کہنا یا کہنا ۔
بیان کرنا ۔ چیز درست یقین آگاہی ۔
خدا کی راہ میں قتل ہونا ۔

شہار (کعس) مہاہرہ مقرر کرنا ۔ تنخواہ مشاہرہ

شہاق (ضعس) ایک پہاڑ ہے ۔

شہام (فعس) غول بیابانی ۔ دیو ۔

شہامہ (فعسف) تیز رو ۔ قوی ہونا ۔
تیز طبیعت چالاک ہونا ۔

شہب (فس) اسم پہاڑ جسپر برف پڑے

مادہ

ش ہ ب
ش ہ ۔ ۔ ۔
[illegible]

69

شور
شوک
شول
شہب
شہبر
شہد
شہر
شہق
شہم
شہب

12

شہب (فس) مصدر۔ گرمی اور سردی کا
جلا دینا۔ رنگ بدل دینا۔ کال یعنی قحط کا
سختی چارے دبلا اور ہلاک کر دینا۔

شہب (فف) اسم۔ سپیدی جو سیاہی پر
غالب آئی ہو۔

شہب (فف) (فس) مصدر۔ سپیدی کا
سیاہی کا غالب آنا۔

شہب (ضس) سپیدی سیاہی پر غالب آئی ہے

شہب (ضض) روشن ستارے۔
ہر مہینے کی تین راتین۔ واحد اسکا شہاب

شہبار (فسفم) سپید بھیڑی سیاہی
ملی ہوئی۔ بہاری لشکر جسمین بہت سے
ہتھیار ہون۔ گھوڑا جسکی پیشانی مین سپیدی
کے خلاف اور رنگ کے بال ہون۔
قحط کا برس کہ جسمین گھاس اور مینہہ کا پتا نہو
سرد ہوا والی رات۔

شہبان (ففقس) ایک قسم کی گھاس ہے

شہبر (فسقف) بڈھا آدمی۔ موٹا یا لمبا
چوڑا۔ چپکا۔ تر سرا۔

شہبرۃ (فسفقف) بڈھی عورت کمزور
بہت بڈھیا قبر مین پانوٗ لٹکائے ہوئے
موت کے قریب۔ رونے نکلنے کیلیے آمادہ
ہونا۔ کھسیانا ہو جانا۔

شہجنۃ (فسقف) کام کا درہم و برہم ہونا۔
کام کا مخلوط و مشتبہ ہونا۔

شہد (فس) موم ملا ہوا شہد۔ شہاد
(کفس) جمع۔

شہدارہ (کسفسف) بدزبان سخن چین
بدکار۔ کھوٹا۔ لوگون کے درمیان مین
فساد ڈالنے والا ٹھگنا سخت۔

شہدانج (فسفسف) شاہدانج۔
(فسفسف) شاہدانہ۔

شہدر (فسقف) مالدار آدمی۔ دولتمند
مرفہ الحال۔ روپیہ والا۔

شہدرہ (فسفف) بچون کا چھٹہ برس
کی عمر تک اچھلنا کودنا گرتا پڑتا۔

شہدارہ (فسفسف) بمعنی شہدارہ (کسفسف)

شہر (فس) دانا۔ ہلالی چیز۔ یا ناخن یعنی
جو شی کو لاقی مین ہلال یا ناخن کے موافق ہو
پہلی تاریخ کا چاند۔ ہلال۔ پہلی تاریخ سے
لیکر تیرہوین رات تک کا چاند۔ یعنی
کمال سے پہلے پہلے۔ بھوجالی۔
اشہر (فسقض) شہور (فسفس) جمع۔

شہر (فس) (فن) شہرۃ (فسقف) ظاہر کرنا
مشہور کرنا۔ تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔
کسی شی کا بدی کے ساتھ مشہور ہونا۔

۷۰

شہب (فسف) بڑی عمر کا آدمی - شیخ فانی - پیر فرتوت - درخت کا تہالا -

اشہربتہ (فسفف) ایک تہالا -

شہریتہ (کسکتف) ایک قسم کا تازی گھوڑا -

شہزپیر (فسکس) ایک قسم کا چھاپا -

شہقہ (فسفت) نعرہ مارنا چیخ مارنا - چلانا -

شہل (فف) نشیلی آنکھون والا ہو جانا - چڑھی ہوئی آنکھون والا - میش چشمی -

شہل (فس) تہوٹ -

شہلاء (فسفم) رسیلی نشیلی - گلابی آنکھ والی - حاجت -

شہلتہ (فسفت) بڈھیا عورت - ادھیڑ عورت پوری عقل کی -

شہلتہ (ضسف) میش چشمی - آنکھون کا نشیلا پن - چڑھا ہوا ہونا - رسیلا پن آنکھ جسمین کوسئے کے پاس گلابی پن ہو -

شہم (فس) تیز طبیعت - چالاک - اشہام (فسفس) جمع - تیز رو گھوڑا قوی - سردار جسکی بات کو مانین - شہوم (ضفس) جمع وہ پتھر کہ شکارگاہ شیر مین اس ترکیب سے لگایا جاوے کہ جب شیر اندر جاوے دروازہ پتھر سے بند ہو جاوے - گھوڑے کو ڈانٹنا - ڈرانا - دھمکانا - ڈرنا -

شہمله (فسفف) بہت بڈھا -

شہمیل (کسکس) سب کنبے کا باپ یعنی سب کا بڑا بوڑھا -

شہنیز (کسکس) شونیز - کلونجی -

شہوان (فسفس) خواہان و آرزومند شہوی (فسف) آرزومند عورت - شہاوی (فسفف) جمع -

شہوہ (فسف) دوست رکھنا - کسی چیز کو چاہنا - اور اسکا آرزومند ہونا - تن کی خواہش - آرزو - تمنا - آسرا

شہودُ النّاقہ (فسفسقن) اونٹنی کے بیاسنے کی علامتیں اور نشان خون وغیرہ -

شہورہ (فسفف) بنی کنانہ کے تہوارون مین سے ایک بڑا دن ہے جیسے عید -

شہوق (ضفس) بلند ہو جانا -

شہوم (ضفس) ڈرانا - سہا دینا - ڈرنا -

شہی (فکت) خواہشمند - آرزومند - پر شہوت - مچا یا ہوا - مرغوب -

شہید (فکس) حاضر - گواہ - پوری پوری اور سچی گواہی دینے والا - جس نے خدا کی راہ مین جان دی ہو - جو جہاد مین مارا گیا ہو - شہداء (ضفقم) جمع -

شہیر (فکس) مشہور جگہ - مذکور - تہرکی نام

۱۷

شہق

شہم

شہو

شہد

شہر

۱۲

ماده

شہر
شہق
شہو
شی
شوب
شی
شیح
شید
شور
شیر
شیص

شہیرہ (فکسفت) گدہی یا عورت جو چیخ رہی ہو
شہیق (فکس) شہاق (ضفقس) روتے روتے ہچکی لگجانی - نظر لگنی -
شہیق الحمار گدہے کی آواز - ریک -
شئی (فت)، ناکارہ شئی تہوڑی سی چیز
شئی (فس) اسم - چیز - اشیار (فسقم) اشیاوان (فسفسفس) اشاوات (فسفس) اشاوی (فسفک) جمع -
یا شئی (فس) یہ ایک کلمہ ہی کہ تعجب کے وقت بولتے ہین -
شئی (فس) مصدر - چاہنا - ارادہ کرنا -
شیاب (کفس) پانی جو کسی چیز مین ملایا جائے
شیاۃ (کسفت) خواہش - ارادہ -
شیاح (کفس) تحط - ہر کام مین کوشش کرنیوالا
شیاح (کفس) جمع شیح ایک گہاس ہی کہ فارسی مین درمنہ کہتے ہین -
شیاد (کفس) اونٹ کو بلانا جلد پر خوشبو ملنی
شیار (کفس) جمع شیر زنگ - نیکوئی - ہیات - لباس - تازگی - موٹاپا - ہفتہ کے دن کا نام - تیار اونٹ -
شیار (کفس) ہفتہ کا دن - اشیر (فسفس) شیر (ضفت) شیر (کس) جمع -
شیاص (کفس) بدخو -

شیاط (کفس) روئی کی کپڑے کی گند - اون کی جیراند -
شیاطین الفلا (فسکسفس سفت) پیاس
شیاع (کفس) لکڑی کی چہوٹی جس سے آگ سلگائین - چرواہے کی بانسلی - یا اسکی آواز کہ پیچھے رہی ہوئی بکریوں کو بلایا جائے
شیاف (کفس) آنکہہ وغیرہ کی بتیان -
شیاق (کفس) ایک چیز کہ دوسری مین ملاکر دراز کیجاوے - کسی چیز کے باندہنے کو کتاب کا باندہنا -
شیام (فقس) نرم زمین -
شیام (کفس) خاک - چوہا شیم (فس) جمع
شیان (فقس) خون سیاوشان - دوربین - تیز نظر آدمی -
شیآن (فسم) دوربین - مردرسا - تیز نظر -
شیب (فس) بال - بالون کی سپیدی بڑہاپا - بالون کا سپید ہونا -
شیب (کس) کوڑے کا تسمہ - پانی پینے کیوقت مین اونٹ کے ہونٹھون کی آواز برف کے پہاڑ -
لیلۃ شیبار (فسقم) رات جسمین باکرہ عورت کی بکارت زائل کی جاوے - شب زفاف - تحت کی رات - مہینے کی آخر رات -

شیبان وملحان (فسفعس وکسفعس) جاڑے کے دو مہینے کا نام جنمیں سردی زیادہ ہوتی ہے یعنی چلہ کے دن ــ وہ دن جسمیں سردی ہوا ور ہلکی بدلی چھائی ہوئی ہو

شیتہ (کفت) بکریاں ــ

شیتہ (کعت) نشان ــ گھوڑے کے بدن میں دوسرے رنگ کا دہبہ ــ شیات (کفس) جمع ــ

شیتہ (کفت) (مص) کپڑے کو چھلنیا اچھا کرنا ــ جھوٹ کہنا ــ گفتگو کو جھوٹی سچی باتوں سے ٹھیک کرنا ــ اولاد کی کثرت سب کتنے کی پیدائش ــ

شیتان (فسفعس) ٹڈی وغیرہ کا متفرق ہونا

شیتعور (فسفقفس) جو ــ

شیتغور (فسفغفس) جو ــ

شیح (فس) (ان) کام کی کوشش کرنی ــ احتراز کرنا

شیح (کس) ایک گھاس ہے فارسی میں اُسے درمنہ کہتے ہیں ــ ایک قسم کی یمن کی چادر ــ کام میں کوشش کرنیوالا ڈر کر کام کرنے والا ــ شیاح (کفس) جمع

شیحان (فسفس) رشک کرنے والا بڑی آن بان کا آدمی ــ ڈرپوک ــ بڑے دشمنوں کا گھوڑا ــ ہر چیز لمبی ــ سننے کان دوڑنے والا ــ

ناقہ شیحامیۃ (فسفعسف) بڑی چالاک اونٹنی ــ تند م باز ــ

شیخ (فس) زیادہ عمر کا آدمی کہ اسپر ضعف ظاہر ہوتی ہو ــ یا پچاس برس یا اکاون برس سے زیادہ کا یا اسی برس تک کا ــ شیخون (فسفعس) جمع ــ خواجہ ــ سردار ــ بڑی سمجھ والا ــ عقلمند ــ شیوخ (ضفعس) اشیاخ (فسفس) شیخہ (کفف) شیخہ (کسعف) شیخان (کسعس) مشیخہ (فسفف) مشیخہ (فکسف) مشیوخاء (فسفسفم) مشیخاء (فسفم) مشائخ (ففسک) جمع ــ ایک درخت ــ

شیخ المرأۃ عورت کا خاوند ــ

شیخ (فس) **شیوخۃ** (ضفعست) **شیوخیۃ** (فسفسکفت) **شیخوخۃ** (فسفقسعت) **شیخوخیۃ** (فسفسکتف) بڈھا ہو جانا ــ خواجہ ہونا ــ

شیخۃ (فسف) بڈھی عورت ــ بڑھیا ــ مونث ــ شیخ (فس)

شیخۃ (کسف) ایک بستہ ہے ــ

شیخون (فسفعس) بڈھا ــ اسی برس کا ہو

شید (فس) (مص) استرکاری کرنی ــ بلند کرنا ــ اونچا کرنا ــ ساو ٹہانا ــ ہلاک ہونا

شید (کس) چونہ ــ گچ مٹی وغیرہ جس سے

شغر ــ شیخ ــ شید

۱۲ ۱۲ ۱۲

مادہ
۱ شذر
۲ شذو
۳ شذز
۴ شذق
۵ شذم
۶ شور
۷ شیر
۸ شیز
۹ شوز

دیوار کو استرکاری یا کہگل کریں —

شیذارہ (کسفسفت) صاحب غیرت —

شیذہ (کسفت) عمامہ باندہنے کی صورت دوپٹہ باندہنے کا انداز —

شیذر (فسفت) پانی کا گڑہا یعنی نرم زمین جسمیں گڑہے پڑ جائیں اور پانی جمع ہو جاوے

شیذق (فسف) شکرا — چرا باز وغیرہ شکاری جانور — شاہین —

شیذقان (فسفعس) شوذانق (فسفسفت) باز یا چرا یا شکرا وغیرہ شکاری جانور

شیذمان (فسفسفس) بہیڑیا —

شیذمانہ (فسففسفت) جوان اونٹنی قدم باز — چالاک — تیزرو —

شیر (فک) مشورہ دینے والا — جمع شوزار (ضفقم) — تیار گہوڑا اشیار (کفس)

شیر (کف) تنہ دار گہاس — روئیدگی جسکی تنہ ہو — شیرۃ (کفقف) ایک — تا روحدت ہی

شیراز (کسفس) جمے ہوئے دودہ کا بہوک یعنے دودہ کو جاکر ٹپکاتے ہیں اور بہوک کا پنیر وغیرہ بناتے ہیں — شوارز — شراریز — شاریز (فسکس) جمع — طہمورث کے بیٹے کا نام جسنے بلاد فارس میں ایک قصبہ بناکر شیراز نام رکہا

شیرۃ (فتکت) اچہا — عمدہ — تحفہ —

شیز (کس) آبنوس کی لکڑی یا شیشم کی یا اخروٹ کی لکڑی یا ایک کالی لکڑی جس کے پیالے وغیرہ برتن بناتے ہیں

شیص (فک) سخت کڑا —

شیش (کس) شیشاء (کسفم) چہوارا جسکی گٹہلی ابہی تک سخت نہوئی ہو — وہ کہجور یا چہوارا جسکی گٹہلی کڑی نہو —

شیص (کس) چہوارا جسکی گٹہلی سخت نہو

شیصبارہ (کسفسفق) دانت کا درد — پیٹ کا درد — ایک قسم کی مچہلی — ایک قسم کا خراب چہوارا —

شیط (فس) شیوط (ضفس) شیوطہ (ضفسفت) شیاطہ (کفسفت) جلجانا — پکتے پکتے گہی وغیرہ کا گڑہا جانا — ہلاک ہو جانا — ایک شئی کا تقسیم ہو جانا اور کچہہ نہ بچنا — ملانا — جلدی کرنی — دوڑ دہوپ کرنی — رایگان جانا — ایک چیز کا جل بہن کر رہجانا —

شیطان (فسفس) دیو — سرکش — اور شریر اور ہر ذکی آدمی یا پری یا چوپایہ وغیرہ — شیاطین (ففسکس) جمع — سانپ اونٹوں کے سرین کا ایک داغ ہی

سید باران سے ایڑی تک -
شَیطان الطاق ایک شخص کا لقب ہی
شَیطرج (کسفف) چترک ایک گھاس ہی جسکی
سرخ رنگ بہت تیز اور باریک ہندی مین
چیتہ اور چترک کہتے ہین -
شَیطنہ (فسفف) سرکشی کرنی شرارت
کرنی - نافرمان ہوجانا -
شَیطی (فسکت) غبار جو اوپر چڑھ گیا ہو
گرد آسمان پر چڑھی ہوئی -
شیط (فس) نیزہ وغیرہ -
شیطان (فسفس) بدخو سرکڑے دلکا
بے رحم چنچنا -
شَیظم (فسفت) قدآور جوان موٹا تازہ -
لمبی ہیل کا گھوڑا اپنی عمر کا سے لمبے قد کا
اونٹ جوان - شیاظمۃ (ففسکف) جمع -
پرانا سی بڑی عمر کا یعنی خارپشت شیہم
شَیظمی (فسکت) قدآور جوان موٹا
تازہ - بہت بوسہ لینے والا - خوش تقریر -
مقرر - اچھا خوبصورت گھوڑا - شیر -
شَیع (فس) اسم ہو اُن دونون بچون کا
دوسرا بچہ کہ اُسکے درمیان مین اور
کوئی بچہ نہ پیدا ہوا ہو - مثل - مانند -
شیر کا بچہ - اشیاع (فسفس) جمع

مقدار - اندازہ - اٹکل -
شیع (فس) مصدر - شیوع (ضمن) مصدر
شیوعۃ (فضضف) شیعان
(ففقس) خبر کا ظاہر ہونا - پھیل جانا -
کھل جانا - پر کرنا - بھر دینا -
شیع (فتک) تابع - پیرو - پچھلگو - شیعار
(ضفقفم) جمع -
شیع النساء (کسفق) عورتون کی عقل کا
عمل کرنے والا - عورتون سے خلا
ملطہ رکھنے والا - انکے پاس بیٹھنے والا
شیعۃ (فسفف) ایک درخت ہی جسکے
پھول کو شہد کی مکھی کھاتی ہی اور اُسکا
شہد نہایت صاف اور نفیس تر ہوتا ہی
اور اُس سے کپڑون کو بساتے ہین -
شیعۃ الرجل مرد کے پیچھے چلنے
والے اور اُسکے یار و مددگار - گروہ
جمع - ٹولی - رافضی کیونکہ اپنے تئین
پیرو کار علی کرم اللہ وجہہ کے سمجھتے ہین
اشیاع (فسفس) شیع (کف) جمع -
شیعر (فتکف) مشترک -
شیف (کس) کانٹا جو کھجور کے پتے
کی نوک پر ہوتا ہی -
شیفان (فتکفس) قوم کا دیدبان -

۷۵
شظم
شیع
شیف
شوف
۱۲ ۱۲
۱۲

ماده

١ شوق
٢ شوق
٣ شیق
٤ شکر
٥ شیم
٦ شمذ
٧ شمل
٨ شأن

شَیِّقَۃ (فتکف) قوم کا دیدبان
شَیِّق (فتک) مشتاق - آرزومند -
شِیق (کس) پہاڑ کی چوٹی - یا پہاڑ مین بہت سخت جگہہ - یا گوشہ پہاڑ مین ہموار زمین جسمین راہ چلنی مشکل ہو - سر ذکر - حشفہ - ایک قسم کی مچھلی - ایک چیز کی جانب اور طرف - گھوڑے کی دم کے بال - ایک آبی پرندہ سپید رنگ کا - پہاڑ کی دڑار - پہاڑ کی چوٹی دڑار - یا دو بڑے پتھرون کے درمیان مین کا کہوکہر اپنے لمبا پہاڑ -
شِیقَۃ (کسف) آبی پرندہ -
شَیْکَرَان (فسففس) ایک گہاس ہے -
شَیْم (مص) (فس) تلوار کو میان کرنا - تلوار کو سونتنا - لغات اضداد سے ہے - برق کو سر اوٹہا کر دیکہنا بدین نظر کہ کدہر کوندتی ہے اور کہان بارش ہوتی ہے - ذکر کا ازالہ بکارت مین وہرین تک پونہچنا یا اپنی مراد تک جانا - خاک مین ملانا -
شَیْم (مص) (فس) شُیُوم (ضضس) لڑائی مین مضبوط اور ٹہیک ٹہیک حملہ کرنا - ایک چیز مین داخل ہونا - اڑے لگانا - چہپانا - پوشیدہ کرنا -

شِیَم (فف) زمین جو کبہی کہودی نہ گئی ہو اور بہت کڑی ہو -
شِیم (کس) ایک مچہلی ہے -
شِیمَۃ (کسف) خصلت - عادت - زمین کہودی ہوئی مٹی شِیَم (کف) جمع طبیعت
شَیْمَذَان (فسففس) بہیڑیا -
شَیْمَل (فسف) شَأمَل (فسف) شَمَل (فف) شَمَال (فسف) شَوْمَل (فسف) شُمُول (ضضس) شِمِیل (کمکس) بمعنے شمال یعنی شمالی ہوا - اوتری ہوا
شَیْن (فس) عیب - برائی -
شَیْن (مص) (فس) کسی کو عیب دار کرنا -
شِین (کس) حرف ش - حروف تہجی سے ایک حرف ہے -
شِینِیز (کسکس) کلونجی
شَیُوع (فضس) چہپٹیان وغیرہ جس سے آگ بہڑکاوین -
شَیُّوہ (فضس) لوگون کے عیب کہنے والا -
شَیْہ (مص) (فس) کسی کا عیب کرنا -
شَیْہَبُور (فسففس) شَیْہَبُرَۃ (فسففف) بڑہی کمزور قبر مین پانو لٹکائے ہوئے
شَیْہَم (فسف) سیہ یعنی خارپشت -
شَیْہَمَۃ (فسففف) بڑی عمر کا - بہت بڈہا -

شَمِّیت (فکس) بُو کہانے والا گہوڑا ناخن سے لینے والا گہوڑا جسکے دونو پاؤں کے سُم دونو ہاتہون کے سُم سے چہوٹے ہون
شُنَیخ (ضفکس) تصغیر شیخ (فس)

باب الصاد المهمله

صَاء (فس)، صَآءَة (فتم) بمعنی صاءة (فسفت) پانی جو بچہ دانی مین سے بعد ولادت کے نکلے - پانی خون وغیرہ پلید چیز جو سلا مین یا رحم مین بچہ کے سر پر ہووے اور بعد ولادت کے اس سے باہر نکلے -

صَاب (فس) برستا ہوا مینہہ - مینہہ - جہڑی

صَابَة (فسف) آفت مصیبت ضعف سستی - کم عقلی - ایک کڑوا درخت ہے - صاب (فس) جمع -

صَابِح (فسک) پیدا اور آشکار چنانچہ کہتے ہین - اَلحَقُّ الصَّابِحُ یعنی ظاہر حق -

صَابِر (فسک) صبر کرنے والا - کسیکے قتل کے لیئے روکنے والا -

صَابِع (فسک) اونٹنی جسکے تہن سے دودہ بہرے اوپر ہوئے اور خوشرنگ ہون

صَابِی (فسک) ایک مذہب سے دوسرے مذہب مین چلا جانے والا -

صابئون (فسکفس) صباة (ضفس) جمع

صَابِیَة (فسکف) صبا اور شمال کے درمیان کی ہوا -

صَاح (فسک) ابر سے کہلا ہوا دن -

صَاحِبُ البَرِید ڈاک کا مددگار بہیجنے والا -

صَاحَة (فسف) چٹیل میدان جس مین کبہی گہاس نہ اوگے -

صَاخَة (فستف) سخت آواز کہ کان کو بہرا کرے - قیامت - بلا و سختی -

صَاخَة (فسف) ہڈی کی سوجن کاٹنے یا ٹوٹنے کے سبب کہ اسکا اثر باقی ہو - سختی - صاخات (فسفس) صاخ (فس) جمع

صَاخِد (فسک) درخت کہجور کا جسکا پہل پک اور گر گیا - تڑاقے کی گرمی -

صَاخِر (فسک) لوہے کی لوہے پر گرنے کی آواز -

صاخِرَة (فسکف) گہڑا - مٹکا چہر تہلیا -

صَادِ (فسک) پیاسا -

صتت
صتح
صعق
صعب
صبج
صبح
صبن

۵ صبا
۹ صبو
۱۰ صنج
۱۱ صحب
۱۳ صرج
۱۴ صخ
۱۵ صرح
۱۶ صخد
۱۷ صخر
۱۷ صدی
۱۲

ماده

۱ صید
۲ صدر
صدع
صدق
صدی
صرر
صور
صرخ
صرد
صرف
صرم
صرع

صَاد (فس) حروف ہجا مین سے ایک حرف ہی - بمعنی صید - ایک بیماری ہی کہ اونٹ کی ناک سے پانی بہتا ہی - تانبا - اونٹ کی دونو آنکہہ کے درمیان ایک رگ ہی کہ جس کے باعث بیماری صید مین مبتلا ہوتا ہی - اصیاد (فسفس) جمع - اصائد (ففسک) جمع الجمع -

صَادِر (فسک) پہر آنے والا - لوٹ آنے والا - پانی پر سے پہرنے کی راہ

صادرة (فسکف) سدرة المنتہی کا نام ہی

صَادِع (فسک) پہاڑ جو کہنا چلا گیا ہو یا پانی کی رو اور نالہ جو دور تک چلا گیا ہو روشن صبح -

صَادِق (فسک) سچ بولنے والا سچا - سچ - ظاہر - روشن -

اَلصُّبْحُ الصَّادِق دوسری فجر یعنی ایک فجر سے پہلے ہوتی ہو اسکو صبح کاذب کہتے ہین

صَادِیَة (فسکف) پیاسی -

صَار (فسلت) چند درخت گہنا جسکی شاخین ایک دوسری سے لپٹی ہوئی دور تک پہیلی ہوئی ہون -

صارّة (فستف) حاجت - پیاس - صرائر (ففسک) صوائر (ففست) جمع -

صَارَة (فسف) نافہ مشک - درختوں کا انبوہ

صَارَةُ الْجَبَل پہاڑ کی چوٹی -

صَارِخ (فسک) فریاد کو پہنچنے والا فریاد چاہنے والا - لغات اضداد سے ہی

صارخة (فسکف) فریاد کو پہنچنا - فریاد چاہنے والے کی آواز -

صَارِد (فسک) گذر جانے والا -

صَارِف (فسک) مست کتیا -

صَارِم (فسک) تلوار - دلاور - دلیر چالاک - رسا - چلتا ہوا - چیالا - بڑے جیوٹ کا آدمی - شیر -

صَارُوج (فسفس) راکہہ اور چونا ملا ہوا

صَارِی (فسک) کشتیبان - ملاح - ناخدا صراء (ضتفم) صراری (ففسکت) صراریون (ففستفس) جمع - کشتی کا مستول -

صَارِیَة (فسکف) کوان جسکے پانی کا دیر تک نہ کہینچے جانے سے رنگ اور مزہ بدل گیا ہو -

صَأْصَأَة (فس فف) کتے کے بچے کا آنکہہ کہلنے سے پہلے دیکہنے کا ارادہ کرنا - ڈرنا - خوار ہو جانا - ذلیل ہونا - تابعدار ہونا - آواز لگانا - آواز دینی - پاکہجور کے درخت کا تر کی گٹھلی کو نہ قبول کرنا -

آدمی کا بدل ہوتا۔

صَاصِل (فسفف) صوصلاء (فسففس) ایک گھاس ہی۔

صَاع (فس) ایک پیمانہ ہی جس سے ماپ کر مسلمان عید کے دن کا صدقہ اور قسم کا کفارہ وغیرہ دیتے ہیں۔ اور وہ چار مُدّ کا ہی اور مُدّ ایک رطل اور تہائی رطل کا اور رطل بارہ اوقیہ کا اور ایک اوقیہ ایک استار اور دو تہائی استار کا اور ایک استار ساڑھے چار مثقال کا ایک مثقال ایک درہم ۳/۷ درہم کا اور ایک درہم چھہ دانگ کا اور ایک دانگ دو قیراط کا اور ایک قیراط دو طسوج کا اور ایک طسوج دو جو میانہ کا داؤدی کہتا ہی کہ صاع کہ جسکے وزن میں اختلاف واقع نہو وے وہ چار مٹھی چیز متوسط آدمی کی ہی۔ اصوُع (فسفض) اصوع (فسفض) اصواع (فسفس) صوع (ضس) جمع - زمین پست نشیب کی جگہہ - بلّا - ڈنڈا - چوگان - وہ جگہہ کہ جسے کھیلنے کے جہاڑیں جیسے کہ گیند گہر وغیرہ - شترمرغ کا سینہ جس قدر کہ زمین کو لگے۔

صَاعِب (فسک) پتھریلی زمین کہ جسمیں درخت ہوں اور بوئی جاوے۔

صَاعَة (فسف) زمین پست - وہ جگہہ جسے عورتوں نے روئی منگنے کے لیئے چھاڑا ہو۔

صَاعِد (فسک) اوپر چڑہنے والا۔

صَاعِقَه (فسکف) مرگ - ہر عذاب مہلک ہولناک عذاب کی آواز - یا ابر کے ہانکنے والے فرشتہ کا کوڑا کہ جب زمین پر گرتا ہی جسپر پڑتا ہی جلا دیتا ہی - یا آگ کہ جب بجلی خوب کڑکتی ہی آسمان سے گرتی ہی۔

صاعقہ (فسکف) مصدر ہے آسمان سے آگ گرانی۔

صَاغِر (فسک) ذلیل آدمی - خوار - جو کہ ظلم و ستم ذلت و خواری دھول دہپّہ گالی گلوچ سے خوش رہے بھغرۃ (ففقف)

صَاغِیَه (فسکف) جو کہ اپنی حاجتوں میں اور کے محتاج ہوں - احتیاج کے سبب سے کسی کے ساتھہ لگے اپنے لیئے نظام میں

صَاف (فسک) بڑے بڑے بالوں والا میندہا

صَاف (فسک) صاف - خالص

یَوْمٌ صَافٍ ٹھنڈا دن بے ابر۔

صَافّ (فس) گرم۔

صَافِقَه (فسقف) اونٹ جو قطار میں

صعل
صوع
صعب
صعع
صعد
صعق
صعف
۷۹
صغر
صغو
صفن
صفو
صفف
صفق
صفف

مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مدظلہ ۱۲

مادہ

۱ صفف
۲ صفح
۳ صفد
۴ صفر
۵ صفق
۶ صفن
۷ صوق
۸ صقر
۹ صقع
۱۰ صقل

چلیں - صواف (فضست) جمع -
وَالصّافّاتِ صَفّا برابر برابر صف باندہے ہوئے یعنی فرشتے قطار باندہے ہوئے تسبیح کہتے ہوئے آسمان مین اور انکے لیئے عبدیہ جدے ہے ہیں کہ ان مرتبوں پر نمازیون کی مانند قطار باندہے ہوئے کھڑے رہتے ہین -
صَافح (فسک) اونٹنی جسکا دودہ خشک ہوگیا ہو
صَافد (فسک) جس کے دونون پانو بیڑی مین ہون -
صَافر (فسک) چور - ایک پرندہ ہے - ڈرپوک - جیسے عرب اپنی زبان مین کہتے ہین اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ یعنے صافر سے زیادہ بزدلا ہے - ہر پرندہ بولنے والا - ہر پرندہ کہ شکاری نہو -
صَافقہ (فسکف) آدمیونکا گروہ - مجمع - انبوہ - بولی سختی - حادثہ - صوافق (ففسک) جمع -
صَافن (فسک) گھوڑا جو تین پانوٗن پر کھڑا ہو اور چوتھے سم کا سرا لگائے ہوئے کھڑا ہو - صافنات (فسکفس) جمع - وہ شخص جو دونون پانون جوڑ کر کھڑا ہوا ہو - پنڈلی کی رگ -
صَاق (فس) ساق - پنڈلی -

صَاقرة (فسکف) بلا نازل ہونے والی
صَاقع (فسک) سر پر مارنے والا چانٹا لگانے والا - آواز والا -
صَاقل (فسک) زنگ چھڑانے والا صیقل گر - صقلہ (ففف) جمع -
صَاقور (فسفس) زبان - کلہاڑا - کدال - سرول -
صاقورة (فسفست) آواز لگانے والا تیسرا آسمان -
صَاک (فف) جم جانا - چپٹنا - لپٹ جانا
صاک (فف) اسم ہے انسان کے پسینے کی بو
صاکہ (فسف) ترلکڑی کی بو -
صَاکمہ (فسکف) سختی - تکلیف - مصیبت - صواکم (ففسک) جمع -
صَال (فست) زور کا مینہہ - موسلادہار مینہہ بڑی بڑی بوندیونکا مینہہ کہ زمین مین گڑہے ڈال دے -
صَالب (فسک) پیٹھہ کی ہڈی گردن سے لے کر ڈہی تک - فقرات کمر پشت لنزہ
صَالة (فسفت) بلا و سختی -
صآلة (فسفت) حملہ کرنا - اونٹ وغیرہ کا آدمیون پر دوڑنا -
صَالح (فسک) نیک - قوم ثمود کے نبی علیہ السلام کا نام ہے -

مادہ

جرب صنانخ کہجلی کہ جسمین کہال گر جاسے یا کہجلاتے کہجاتے چہلجاسے۔

صَلالِدْ (فسکت) کہنکہناتے ہوئے دانت۔ صوالد (ففسک) جمع۔

صَلالِغ (فسک) گاسے بکری جس نے چہہ برس کے دانت ڈالدیئے ہون۔ صوالغ (ففسک) صلغ (ضتف) جمع۔

صُمام (فس) (س) بہت پانی پینا۔ فوج کا کسی کو رستہ تبلاتا۔

صامت (فسک) جما ہوا وہ چیزین اونٹ۔ سونا چاندی اور جواہرات لعل ہیرا۔ پنا۔ زمرد۔ یاقوت۔ نیلم۔ پکہراج۔ جذر۔ حدید۔ عقیق۔ سنگ ستارہ۔ دہان فرنگ۔ فیروزہ۔ چینی وغیرہ۔ جمادات۔

صامریوما (فنفس منسف) سریانی لفظ ہی بمعنے حشیشۃ العقرب۔ جسکو ہندی مین بچالوس کہتے ہین۔

صامغان (فسکفس) دونون باچھین یا آب دہن کے جمع ہونے کی جگہہ ہونٹہہ کے دونون جانب مین۔

صامن (فسک) بہو کہا پیاسا۔

صامل (فسک) خشک سوکہا۔

صامورۃ (فسفسف) نہایت کہٹا دودہ

صانع (فسک) پیشہ ور۔ کاریگر۔ کاریگری کرنے والا۔ بنانے والا۔ صناع (ضتفس) جمع

صانق (فسک) بڑا طاقت ور خوب مضبوط۔ شتربان۔ ساربان جو اونٹون کی خدمت مین ماہر ہو اور منجا ہوا ہو۔ صنقہ (ففف) جمع۔

صانی (فسک) خدمت گار۔ ملازم نوکر۔ چکر یا جسکے کوئی خدمت سپرد ہو۔

صادی (فسک) سوکہا۔

نخلہ صاویتہ چہہارے کا درخت سوکہا ہوا

صاہل (فسک) اونٹ جو ہاتہہ پانو نکو زمین پر دیدے مارے اور کاٹنے کو دوڑے بسبب سانس پہولنے کے نہ ٹہر جائے اور اسکے پیٹ سے سانس کی آمد کی آواز آوے۔

صاہلہ (فسکف) آواز۔ کہتی مین نکہنی ہوئی بہت نباتات

صاہور (فنفس) غلاف قمر۔

صائب (فسک) ٹہیک کام کرنے والا ضد خاطی یعنی چوکنے والا۔ موسلا دہار مینہہ جہڑی۔ مینہہ کہ برابر برسے جاسے۔

صائت (فسک) فریاد کرنے والا۔

صائحہ (فسکف) گریہ۔ سینہ پیٹنے کی آواز۔

صائد (فسک) شکاری۔ شکار کہیلنے والا

۱ صنخ
۲ صلد
۳ صلغ
۴ صمم
۵ صمت
۶ صمر
۷ صمغ
۸ صمن
۹ صمل
۱۰ صمر

۰۸۱

۱۰ صنع
۱۱ صنق
۱۲ صنو
۱۳ صوی
۱۴ صہل
۱۵ صہر
۱۶ صوب
۱۷ صوت
۱۸ صیح
۱۹ صید
۲۰

صیر
صوغ
صوف
صیف
صیق
صوم
۸۲
صوب
صبب
صبا
صبع
صبی
صبب
صبح

شکار کرنے والا۔
صَائِرُ الْبَاب کواڑ کی درز۔ دراڑ۔
صَائِرَۃ (فسکف) سوکھی گھاس کہ بعد سبز ہونیکے کھائی جاوے۔
صَائِغ (فسک) سونار۔
صَائِف (فسک) بڑی بڑی پشم والا۔
صَائِف (فسک) گرم دن۔
صَائِفَہ (فسکف) غزوہ روم کیونکہ عین گرمی مین لڑے تھے۔
لَیْلَۃٌ صَائِفَۃ گرم رات۔
صَائِق (فسک) چمٹنے والا۔
صَائِم (فسک) پیاسا۔
صَائِم (فسک) روزہ دار۔ روزہ سے ہر شخص کہ کھانے نیو سے تنہ چلے پھرے نہ نکاح کرے۔ اسمین واحد جمع برابر ہے کھڑا ہونے والا۔ اوٹھا ہوا۔ صوام (فتتفس) صیام (فتتفس) صوم (فتتف) صیم (فتتف) صیامی (ضفسف) جمع۔
صَبّ (فت) کہانے وغیرہ مین سے جو کچھ کہ گرایا جاوے جیسے شرابیونکی رسم ہے کہ پہلے سے کچھ گرادیا کرتے ہین ریزان۔ عاشق
صَبّ (فت) (ن) بہانا۔ اوتر جاتا۔ جاتا رہنا
گم ہو جانا۔ کھو جانا۔
صَبْء (فس) صبوء (ضفس) صبوۃ (ضفسف) (ک ف) ایک مذہب سے دوسرے مذہب مین جانا۔ کسی پر دشمن کو راہ نمائی کرنی۔ کھانے مین ہاتھ ڈالنا۔ بچے کے دانت نکلنے۔ اونٹ کے بچے کی کچلیاں نکلنی۔ چڑہے ہوئے شم کا نکلنا۔ ثریا ستارے کا نکلنا۔
صَبَا (فف) اوتری ہوا جسے قبول بھی کہتے ہین۔ ضد دبور اسکا صبوان (ففس) صبیان (ففس) تثنیہ ہے۔ صبوات (ففس) اصبار (فسفم) جمع۔
صَبَأ (فف) صبو (ضفت) (س) باد صبا کا چلنا۔ اوتری ہوا کا چلنا۔
صِبَا (کف) لڑکپن۔
صَبَابَۃ (ففسف) عشق وشوق۔ نرم دلی رقت قلب عشق کی گرمی اور سوزش عشق کی تنگدلی اور اولجھن۔
صُبَابَۃ (ضفسف) برتن مین بچا ہوا پانی تہ۔
صَبَاح (ففس) تڑکا۔ فجر۔ نور کا تڑکا۔
صِبَاح (ضفس) قندیل کا شعلہ چمک حسین آدمی خوبصورت۔
صُبَّاح (ضتفس) خوبصورت حسین آدمی۔

صَباحَۃ (ففستف) خوبصورتی -
وَدَمٌ صَباحِی خون ٹپکتا ہوا یعنی بہت سرخ
صباحیّۃ (صففسکستف) چوڑی چوڑی پھالین
صُبار (کفس) شیشہ - بوتل وغیرہ کی ڈاٹ
شیشہ وغیرہ کے منہ پر باندھنے کا کپڑا
کھٹے درخت کا پھل - کھٹا پھل - ایک
دوسرے کو صبر دینا - تسلی دینی -
صیار (صفس) تمر ہندی - املی جتون سوداء
صبار (صتفس) تمر ہندی - املی -
صبارۃ (ففسف) کنکریان - لوہے کا
ٹکڑا یا پتھر کا ٹکڑا - کڑاکے کا جاڑہ -
سردی کے موسم میں جاڑے کی شدت
صبارۃ (ففستف) سردی کا کڑاکا
جاڑے کے موسم میں -
صبارۃ (فتفسف) زمین بلند کڑی -
سخت زمین کا ٹیلہ -
صُباصِب (ففسک) دلدار سخت کڑا -
صِباغ (کفس) رنگ -
صبّاغ (فتفس) رنگ ریز - نیلگر - جھوٹ
بولنے والا کہ اپنی چرب زبانی اور جھوٹ
سے باتکو رنگدے -
صُبب (ففف) نشیب زمین گڑھا جس میں
برسانی پانی اکٹھا ہوجاتا ہے - ندی کا بہاؤ -

ڈھال - بہیڑ زمین - نشیب زمین کا رستہ گھاٹی -
اصباب (فسفس) جمع -
صبب (ففف) (س) عاشق و شیفتہ ہونا -
صبّۃ (ففتف) عاشق مزاج عورت کسی سے لگی ہوئی -
صبتہ (ضتقف) کھانے وغیرہ میں سے
جو کچھ گر جاوے - کھانے کے بھورے
یعنی دستر خوان پر سے کھانے کے ریزے -
گھوڑوں اور اونٹوں کا گلہ - بکریوں کا ریوڑ -
دستر خوان جس پر کھانا رکھیں - یا سو سے
کم اونٹوں کا گلہ - آدمیوں کا گروہ -
مجمع - ٹولی - رات کا حصہ - تھوڑی سی رات
ہر چیز میں سے تھوڑی سی - بچا ہوا پانی
اور بچا ہوا دودھ برتن میں -
صُبث (فس) (ن) کپڑے میں پیوند لگانے
رفو کرنا -
صُبح (ضس) تڑکا - نور کا تڑکا - بھور -
فجر - دن کا شروع - اصباح (فسفس) جمع -
بھورے بالوں والا ہونا -
صبح (ففف) (س) لوہے کی چمک -
بھورے بالوں والا ہونا - صبح کے
وقت کسی کے پاس آنا -
صبحاء (فسغم) بھورے بالوں والی عورت
صبحان (فسفس) خوبصورت حسین

ماده
صبح
صبب
صبت
۸۳
۴ صبغ
۵ صبر
۶ صبت
۷ صبح
۱۲ ۱۲
۱۲

ماده

١ صبح
٢ صبح
٣ صبر

صبصب
صبط
صبع
صبغ

صبوحی کش - صبح کیوقت شراب پینے والا
صُبحان (ففس) شراب صبوحی جو جلدی پی جاوے
صبحۃ (ضسف) صبح کی نیند - وہ کام جسمین علی الصباح مشغول ہون - سیاہی سرخی مائل یا سپیدی سیاہی مائل یا سرخی سپیدی مائل یا زردی مائل یعنی بھورا پن -
صبحیٰ (فسف) عورت صبوحی کش - وہ عورت جسکو صبح کیوقت شراب پینے کی عادت ہو
صُبیحہ (فسف) شور زمین - صباح (کفس) جمع
صُبر (فس) شکیبائی - صبر - گھبراہٹ کی ضد
صبر (فس) (ن) کسی کو ایک چیز سے روکنا - کسی کو قتل کے لیئے روکنا - لازم ہونا - صبر کرنا - قائم مزاج ہونا - ہمیشگی قبول کرنی
صبر (فس) صبارۃ (ففسف) (ن) ضامن ہونا - ضامن دینا - ڈھیر کرنا -
صبر (فک) ایلوا یہہ ایک درخت کا عصارہ ہے
صبر (ضس) کنکریالی زمین -
صبر (فف) برف -
صبر (کس) کنارہ - ہر چیز کی پچہ کاری دار - سپیدابر - اصبار (فسفس) جمع - پانی پینے کے برتن کا کنارہ -
صبرۃ (فسف) حوض مین جو کچھہ کہ پتہ یا گو مرمینگنی سے بیٹھا ہوا جما ہوا ہو -
صبرۃ (ضسف) گیہون کا ڈھیر جسے مپا تلا - آٹا وغیرہ چھنا ہوا - سخت کنکریان کہ ایک جگہہ اکھٹا ہو گئی ہون صبار - (کفس) جمع - جاڑے کے موسم کی سردی کا کڑاکا -
صَبرۃ الشتاء - چلہ کا جاڑا -
صُبصاب (ضفس) ولدار سخت - بچی کچی چیز - ایک چیز مین سے جو کم ہو گیا ہو - ولاور آدمی - جیالا - بڑے جیوٹ کا سچا
صبصب (فسفس) ولدار سخت -
صبصبہ (فسفف) پریشان اور نیست و نابود کر دینا - تتر بتر کرنا - لشکر کو پریشان کر دینا -
صُبعا (فس) ایک بہت لمبا آلہ ہے کسان کے آلات مین سے -
صَبع (فس) (ف) کسی پر انگلی اوٹھانی حقارت کی نظر سے انگلی سے بتانا - کسی کیطرف انکھہ سے اشارہ کرنا - برتن سے انگلی کے سہارے پانی گرانا - کہ ٹونٹی کیطرح دہار بندہ جاوے - انگلی سے مرغی کو ٹٹولنا کہ انڈا دیتی ہے یا نہین - عزدر -
صِبغ (کس) رنگ - اصباغ (فسفس) جمع - سالن جس سے روٹی کھاوین صباغ (کفس) جمع

صنع ثمن (کس) اچھی قیمت ـ مناسب قیمت ـ ٹھیک ٹھیک قیمت ـ مول ـ دام

صبغ (فس) (ف ض ن) رنگنا ـ ڈبونا ـ غوطہ دینا ـ

صبغۃ (کسف) رنگ ـ دین ـ مذہب ـ طریقہ

صبغۃ (ضسف) کچی کھجورین جو پکنے لگین ہون اور بیندی کیطرف سے سرخ ہوچلے ہون

صبن (فس) (ض) روکنا ـ

وصبن الہدیۃ عنا صبنا بازرکھا سوغات کو ہم سے ـ

صبن المقامر الکعبتین پھینکا بدہالا جواری نے کعبتین کو ـ

صبن عنہ الکاس پھیر دیا یا گھما دیا جام کو اُس سے اور کیطرف ـ

صبناء (فسفم) جواری کا ہاتھ جبکہ انٹی کرنے کے لیے جھکائے ـ

صبنی (فسک) ستارکی کا عرق نچوڑا ہوا

صبو (فس) صبو (ضضفت) صبی (کفت) صباء (ففم) (ن) کھیل کود اور لڑکپن اور جوانی کی بیوقوفیونکی طرف مائل ہونا

صبوب (فضفس) پانی گرا ہوا ـ پھینکا ہوا

صبوۃ (فسفت) جوانی کی نادانی ـ لڑکپن ـ کھیل کود ـ تلوار کی دھار ـ باڑھ ـ

صبوۃ (فسف) صبوۃ (ضضفت) صبو (ضضفت) لڑکپن کیطرف جھکنا ـ میل کرنا اور مشتاق ہونا ـ خواہش کرنی ـ چاہنا ـ میلان کرنا ـ پھیرنا ـ

صبوح (فضس) دودھ شراب وغیرہ جو صبح کیوقت پئین خلاف غبوق ـ اونٹنی جو صبح صبح دوہی جاوے ـ

صبور (فضس) صابر ـ متحمل ـ بردبار ـ صبر کرنے والا ـ درگذر کرنے والا ـ کہ گناہگارون اور خطاوارون پر مواخذہ نکرے بلکہ انکو بخشدے یا انکی گرفت مین جلدی نکرے

صبورۃ (فضسف) وہ آدمی جو قتل کے لیے روکا گیا ہو ـ

صبوغ (ضضس) (ف ض ن) چھاتیان یا تہن جنمین دودھ ہو اونکا خوشرنگ ہونا ـ کسی کی طرف اشارہ کرنا ـ دراز ہونا ـ لمبا ہونا

صبی (فکت) لڑکا یا دودھ پیتا ہوا لڑکا ـ آنکھہ کی پتلی ـ کان کی لو کی ہڈی ـ تلوار وغیرہ کی دھار ـ باڑھ ـ سردار بزرگ ـ قوم کا رئیس ـ پاؤن کی پیٹھہ ـ اونگلیون کی جڑ تک ـ ٹھوڑی ـ اصبیہ (فسکف) اصب (فسک) صبوۃ (کسف) صبوان (کسفس) صبیان (کسفس) جمع ـ

ماده

صنع

صبغ

صبن

صبن

صبن

صبن

صبو

صبو

ث صبر

ث صبغ

ث صبی

12

جواریون کی اصطلاح مین کعبتین کا پھینکنا

12

انٹی جواری کی

صَبَیٰ (فت) صِبار (فقم) (س) لڑکپن کرنا - لڑکون کے ساتھہ کہیلنا - لڑکپن کی طرف میلان کرنا -

صَبِیَّۃ (فکتف) لڑکی - صبایا (فقسف) جمع

صُبَیب (فکس) کسُم - رنگ - ایک قطرہ جو زمین پر گر کر بندہ جائے - پسینا - خون مہندی کا رنگ - ایک درخت درخت شذاب کی مانند ہی - سنا - تل کے پتونکا پانی - وسمہ کی مانند ایک چیز ہی - مجیٹہ کا پانی - ایک سرخ رنگ ہی - پہیکا ہوا پانی اچھا شہد - تلوار کا کنارہ -

صَبِیح (فکس) حسین - خوبصورت -

صَبِیحَۃ (فکسف) صبح -

صَبِیخَۃ القطن کاتنے کے لیئے تونبی ہوئی روئی -

صَبِیر (فکس) شکیبا - صابر - ضامن جو کہ لوگون کے کامون مین معتمد اور انکا معتمد ہو - پہاڑ - صبرار (ضفقم) جمع ابر سپید یا گہرا ہوا ابر - ابر کے ٹکڑے اوپر تلے یا ابر تہ بہ تہ - یا ابر کا ٹکڑا سپید جو ایک جگہہ پر ثابت اور پہیلا ہوا ہو یا ابر کے ٹکڑے سپید متفرق و پریشان تتر بتر - صُبر (ضفس) جمع - پتلی روٹی جو پہیلا

چکلی جیسے اور کچہہ کہانا رکہین یعنے مانڈا خوان

صَبیرَۃ (فکسف) پتلی روٹی وغیرہ جیسے کباب نکالین - مانڈا - خوان - چنگیر - سینی -

صُبَیطَۃ (ففسف) بہر جانا -

صَتّ (فت) (ف) آدمیون کا گروہ - مجمع - لو یا زور سے ہانکنا - نکالنا - ہاتھہ سے مارنا - کوٹنا - زور سے چیخنا - چیخ مارنا - نعرہ - مصیبت -

صِتّ (کت) ضد ناہموار - آدمیون کا گروہ - غٹ کا غٹ - مجمع -

صَتْ (فس) (ف) ارادہ کرنا - قصد کرنا

صِتات (کفس) لڑنا - جہگڑنا - لڑائی کرنی

صُتام (ضفس) بڑا سر خوب تیار -

صَتَت (فف) درستے پیچہے پڑا ہوا

صِتَہ (ضتف) ضد -

صَتَع (فف) گردش - چکر - سختی - قسمت کا پہیر شتر مرغ کی کہوپڑی کی سختی یا نرمی - جوان قوی ہیکل - گور خر -

صَتَع (فس) (ف) زمین پر دے مارنا - پچہاڑنا

صَتم (فس) سخت - صتم (ضس) جمع - وہ آدمی جو تیرہا سے کبہو نہ جاتا ہو - پورا ایک چیز کا کمال اور اسکی تمامی -

صَتمہ (فسف) کڑی اونٹنی - سخت تہر

مادہ: صبی - صبیب - صبیح - صبیخ - صبیر - صبیط - صتت - صتع - صتم

اور سخت چیزین -

صُتتو (فس) (ن) اونٹ چلتے ہوئے چلنا کودتے ہوئے چلنا چلا گین تاتے رہے ہو سب چلنا

صُتتہ (فس) (ف) ذلیل کرنا - نا بعد او کر لینا

صُتیہ (ضتکتف) چادر - یمنی کپڑا -

صُتیمہ (ضکسف) پتھر سخت -

صُح (فت) لوہے کو لوہے پر مارنا کہ آواز نکلے -

صیح (ضض) لوہے کی لوہے پر کوٹنے کی آواز

صُح (ضت) بیماری سے اچھا ہونا - تندرستی - اچھا پن -

صُحبتہ (ضسف) (ک) صحابتہ (فضسف) (س) ساتھ دینا - یاری کرنی میل کرنا -

صُحاح (فض) تندرست - ہٹا کٹا - درست - ٹھیک - صحاح (کفس) جمع -

طَرِیْق صِحَاح سخت رستہ -

صَحَاحُ اَلْاَدِیْم جسکی کھال کٹی پھٹی نہو -

صُحار (ضفس) گھوڑون کا پسینا - یا انکی تپ -

صُحاف (کفس) پانی کے جمع ہونے کے گڑھے صحف (ضض) جمع -

صُحب (فس) ذبح کئے ہوئے جانور کی کھال اوتارنی - اور بنانا - صاف کرنا -

صُحتہ (کتف) صحاح (ففس) بیماری سے اچھا ہونا - تندرستی -

صَحر (فف) سرخی سپیدی ملی جلی -

صحر (فس) (ف) پکانا

صَحَرَتْ اَلشَّمْس پھیا پکا دیا آفتاب نے

دودہ کو صحیرہ بنانا - ایک کھانا ہے کہ دودہ اور آٹے کا بناتے ہین جیسے حریرہ

صحرا (فسفم) چٹیل میدان - ہموار جنگل - میدان جسمین روئیدگی نہو - صحاری (فقسف)

صحراوات (فسفقس) جمع - گدہی سرخ سپید - گدہی جسکی رنگت سرخ سپید ملی جلی ہو

صَخْرَۃٌ بَحْرَۃٌ سنے حجاب و نے پردہ

صحرہ (فسف) ہموار زمین پتھریلی ریتی

صحر (ضف) جمع - سرخی سپیدی ملی جلی ہوئی

صُحصاح (فسفس) ہموار میدان -

صحصح (فسف) کشادہ ہموار زمین - ہر چیز بالکل - صحاصح (ففسک) جمع -

صحصح (ضسضس) مرد رسا - ہوشیار - دور اندیش - ذہین فہیم - باریک بین -

صحصحان (فسففس) زمین ہموار - دور تک کھلی ہوئی - ہموار میدان - کام کا ٹھیک اور درست ہونا -

صحصحہ (فسفف) کام کا ظاہر ہونا کھلی تا

صتع
صح صتع
صح صتت
صع صتم
صحح صحح
صح صحح
صحب
صحح صحح

87

۹ صحر
۱۰ صحف
۱۱ صحب
۱۲ صحصح
۱۳ صحر
۱۴ صحصح

۱۲/۱۲
مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مد ظلہ

صحصوح (فسفنس) ہوشیار آدمی چلتا ہوا
صُحفہ (فسفت) بڑا پیالہ - صحاف (کفس) جمع - طباق - رکابی - کٹہرا -
صحفی (ففکت) جو کتاب کے پڑہنے میں چوک کرے
صحل (فف) گلے کی گہونٹن - گلے کا بیٹھہ جانا - چہاتی کا بہاری ہونا آواز کا جہوجہراپن - آواز کا بہرا جانا - آواز کا گلے مین رک جانا - آواز کا بیٹھہ جانا - آواز کا سخت ہوجانا - بہاری ہوجانا -
صحل (فک) سیاہی زردی مائل تیرگی - ہلکی سیاہی - گلابی پن یا پیازی پن -
صُحام (فسفس) سیاہی زردی مائل تیرہ رنگ - ایک ساگ ہی - زمین جس مین دہول اڑتی ہو -
صحمہ (فسفت) سیاہی زردی مائل یا تیرگی گلابی پن یا پیازی پن -
صُحن (فس) سم کا کہوکہراپن - بڑا پیالہ - گہر کی انگنائی - آنگن - چہانجہ - جلاجل -
صحن (فس) (ف) مارنا - صلح کرا دینی اچہا کرنا - کسی کو بڑے پیالہ مین کچہہ دینا
صحنا (فسفت) صحناۃ (فسفس) صحنا (فسفم) چہوٹی مچہلیان پکی ہوئین -
صحنا کر الاذنین وہ آدمی جسکے دونو کان دہنسے ہوئے ہون یعنے اندر کو ہون -
صحنۃ (فسفت) زمین ہموار - تہرپالی زمین
صحنۃ (فسفت) پیالہ یا اور برتن یا تہیلیا
صُحو (فس) (ن س) ہوشیاری نشے سے ہوش مین آنا - جوانی کی نادانی - لڑکپن - اور لغو کو چہوڑ دینا - سردی کا جاتا رہنا - ابر کا کہل جانا - پہٹ جانا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - تتر بتر ہونا - پریشان ہونا - نشہ الفت سے ہوشیار رہونا - صاف اور بے ابر دن ابر کا کہلنا -
صُحور (ففس) گدہی جسکے رنگ مین سرخی سپیدی ملی جلی ہو - گدہی لاتین مارنیوالی یا لپتنگ مارنے والی -
صُحون (ففس) لات مارنے والی اونٹنی
صُحیح (فکس) تندرست - بہلا چنگا - ہٹا کٹا - صحیح سالم - درست - اصحاء (فکتفم) صحائح (ففسک) جمع -
صَحیح الادیم جسکی کہال کسی جگہ سے پہٹی نہو
صُحیر (فکس) گدہے کی آواز - ریک
صحیراء (فکسفم) ایک قسم کا دودہ کا کہانا - یا ایک قسم کا دودہ -
صحیرۃ (فکسفت) دودہ جسمین جوش دیکر

۱ صحح
۲ صحف
۳ صحل
۴ صحم
۵ صحن

صحو
صحر
صحصح
صحصح

گہی ملایا ہو — ایک قسم کا کہانا — کہ دودہ اور
آٹے سے بناتے ہیں۔

صُحَیف (فکس) روئے زمین۔

صحیفہ (فکسف) نامہ — کتاب — خط۔

صحائف (ففسک) صحف (ضضس) جمع۔
آدمی وغیرہ کی کہال کا اوپر کا رخ صحیف (فکس)

صحیفہ (ضفسف) پیالہ — تشتری۔

صَخّ (فت) (ن) سخت چیز کو سخت چیز سے
مارنا — آواز کا کان کو بہرا کر دینا — کوّے کا
اونٹ کی زخمی پیٹھ پر چونچ مارنا — پتہر کی آواز

صَخّ (فک) میلا کچیلا۔

صَخّا (ففم) میل کچیل — ایک ساگ ہے۔

صَخّاب (فتفس) شور و فریاد کرنیوالا
چیخنے والا — سخت آواز والا — بدزبان۔

صخب (فف) بانگ و فریاد — آواز —
چیخ — لڑائی جہگڑے میں آواز کا بہکنا
اور بلبلانا — یعنی جلدی میں کچہہ سے
کچہہ نکلنے لگنا — چیخنا۔

صخب (فف) (س) آواز دینا چیخنا۔

صخب (فک) شور و فریاد کرنے والا
چیخنے والا آدمی۔

صَخِبُ الشَّوَارِبِ گدہا سخت آواز
والا جو کہ آواز بڑہاتا جاوے۔

صَخَبُ الْاَذِیِّ پانی کا شور۔

صخبان (فسفس) شور و فریاد کرنیوالا

صخبان (ضسفس) جمع۔

صخبۃ (فسف) دانہ کہ جادوگر عامل محبت
یا بغض کے لیے پڑہکر مارتے ہیں چنانچہ
ہندوستان میں ماش کے دانہ پر پڑہتے ہیں

صخبۃ (فکف) چیخنے والا — شور و فریاد
کرنیوالا — پانی کا چشمہ جسمیں بہت شور و شغب ہو

صخیبۃ (ضفتف) شور و فریاد کرنیوالی عورت

صخۃ (فتفت) صخیخ (فکس) پتہر کی آواز

صخد (فس) (ف) چلا دینا — جانور کا بولنا

صخد (فف) (س) گرم ہونا آگ وغیرہ کا

صخدان (فسفس) خوب گرم دن۔

صخر (فک) پتہریلی جگہہ — ترزمین جسمیں
بہت سے پتہر ہوں۔

صخرۃ (فسف) بہت بڑا پتہر — صخر (فس)
صخر (فف) صخور (ضضس) صخرات (ففف) جمع

صُخف (فس) (ف) زمین کو بیلچہ سے کہودنا

صُخم (فس) (ن) جلا دینا۔

صخمات (فسفم) پتہریلی جگہہ جلی ہوئی
کچہہ نرم کچہہ سخت۔

صخوب (ففس) سخت آواز والا —
چیخنے والا۔

صخب
صخخ
صخد
صخب

89

۵ صخ
۵ صخد
۲ صخر
۳ صخف
۵ صخم
الصوب
۱۲۱۲
۱۲

ماده

صخو
صخی
صخر
صدد
صدی
صدأ

صَخُود (منفس ف) کنسو لینے - کسی کی طرف کان لگانے -
صَخِیَ (فف) (س) میلا کچیلا ہونا -
صَخِیر (فکس) ایک گھاس -
صَدّ (فت) پہاڑ - وادی کا کنارہ
صَدّ (فت) (ن) روک دینا - پہیر دینا -
صَدِ (فک) پیاسا -
صَدَر (فس) لوہے تانبے وغیرہ کا زنگ
صَدَر (فس) (ف) صاف کرنا - جلا دینا
صَدَر (فف) (س ک) گھوڑیکا اٹھون کا کمیت ہونا - زنگ لگجانا - تنکے کھڑا ہونا اور دیکھنا -
صَدَأ (فف) نازک بدن چھریرا آدمی -
صَدْآر (فنفم) کمیت گھوڑی -
کَتِیْبَۃ صَدْآء لشکر جولبے مین ڈوبا ہو یعنی کثرت سے ہتھیار لئے ہوئے زنگ کی بو آوے -
صَدَار (فتفم) بمعنی صدآر (فنفم)
صُدَاد (کفس) پردہ آڑ وغیرہ روک -
صُدَاد (منتفس) سانپ - ایک چھوٹا جانور ہے یا چھپکلی - جنگلی چوہا - صدائد (فنفک) جمع - پانی کیطرف جانیکا راستہ -
صُدَار (کفس) ایک قسم کا کپڑا ہے کہ سر اسکا مقنعہ کی مانند ہے اور اسکا دامن دونون کندہون اور سینہ کو ڈہانکتا ہے - داغ کہ اونٹ کے سینہ پر نشان کے لئے دیوین - چوپایہ کا سینہ بند -
صُدَاع (منفس) درد سر -
صِدَاع (کفس) داغ جو اونٹ کے پیشانی پر دیوین -
صَدَاغۃ (منفسف) ضعیف - ناتوان ہوجانا کم زور ہوجانا -
صَدَاق (فنفس) عورت کا مہر صدق (ضنس) جمع -
صَدَاقۃ (ففسف) دوستی - محبت سچاپن
صِدَام (کفس) ایک بیماری ہے جو چوپایہ کے سر میں ہوتی ہے -
صُدَّان (منتفس) سرکی دونو جانبین
صَدَائِرُ الْوَادِی وادی کے اوپر کی جانب - صدیرۃ (فکسف) کی جمع ہے -
صُدْرَۃ (ضسف) گہری سرخی سیاہی مائل
صَدَح (فس) صداح (منتفس) (ف) آدمی کا چیخنا - مرغ کا بانگ دینا -
صَدَح (فف) خالی جگہہ - چھوٹا سا پشتہ سخت سنگین - ایک پہل ہے عناب سے زیادہ سرخ ہوتا ہے صدحان (کسفس) جمع

صُدْرہ (فسعت) جادو کا پڑھا ہوا دانہ۔ جس سے عورتیں مردونکو اپنے قابو مین کر لیتی ہین۔

صَدَد (فت) نزدیکی۔ روبرو۔ آگے سامنے

صَدْر (فس) آدمی کا سینہ۔ چھاتی۔ ہر چیز کا اگلا۔ سامھنے کی چیز۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔

صدر (فس) (ن) عزوہن میں الف فاعلن کو ڈال دینا۔ پھر آنا۔ لوٹ آنا۔ باز گشت۔ پھیر دینا۔ سینہ پر مارنا۔ کسی شے کا سینے پر لگنا۔ سینہ میں درد ہونا۔

صدر (فف) قربانی کے دنون مین سے چوتھا دن۔ پانی پر سے پھرنا۔ حج سے کوٹ آنا

صَدْرُ السَّہم آدھا تیر پیکان کیطرف کا۔

صَدْرُ القَدَم پیر کی اونگلیون کی جڑین یعنی جہان سے شروع ہوتی ہین۔ پیر کا پنجہ

صدرہ (فسعت) سینہ۔ سینہ کا اوپنا۔ سینہ بند۔

صَدْع (فس) شگاف۔ پھٹن۔ ٹوٹنا۔ تفرقہ۔ جماعت۔ ٹولی۔ گروہ۔ صدوع (ضفس) جمع ستارے کی چیر۔ ۔۔۔ دبلا پتلا۔ گہاس۔ ایک جماعت کہ ایک کام پر جمع ہو۔ یا ایک زبان متفق ہو

صدع (فس) (ف) چیرنا۔ دو ٹکڑے کرنا یا اسطرح چیرنا کہ جدا نہو جاوے۔ سخت چیز کو چیرنا۔ ظاہر کرنا۔ ٹھیک ٹھیک حکم دینا۔ حق و باطل مین تمیز کرنی۔

صَدَعَ الغَنَم بکریونکے دو ریوڑ کر دیئے

صَدَعَ فُلانًا کسی کے پاس بنظر بخشش جانا۔

صَدَعَ اِلَیہ صَدْعًا اُسکی طرف جھکا۔

صَدَعَ عَنہُ پھیر دیا اُس سے۔

صِدْع (کس) آدمیون کے گروہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔

صَدَع (فت) نوجوان پھیر۔ پہاڑی بکری ہرن یا گورخر۔ یا اونٹ جوان مضبوط۔ متوسط جیسے لنبے اور ٹھنگنے کے درمیان میانہ ہے۔ جوان اور بوڑھے کے بیچ مین ادھیڑ۔ ٹوٹنے کا بیل۔

صَدَعات (ففقس) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ پراگندگی۔

صدعہ (کسف) اونٹون کا گلہ۔ بکریونکا ریوڑ۔ ہر چیز کا آدھا (فقف)۔

صُدْغ (ضس) کن پٹی۔ بل کہائے ہوئے بال کن پٹی پر لٹکے ہوئے۔ اصداغ (فسفس) جمع۔

صَدْغ (فس) (ف) کسی کے ساتھ کندے سے کندھا ملا کر چلنا۔ نشان لگانا۔

۱۲

صدف
صدق
صدم

دروغ دینا - بارہ الٹا - لوٹا دینا پھیر دینا -
منع کرنا - علم سے روک دینا -

صَدَف (فف) سیپ - صدفہ (ففف)
ایک سیپ - اصداف (فسفس) جمع -
دیوار وغیرہ اونچی بنی ہوئی - نشانہ کا وہ
سرا جو بازو سے ملا ہوا ہی - نشانہ - ہدف
پہاڑ کا کنارہ - جانب - گوشہ -

صُدُف (ضض) (ن ض) پھرنا - میلان
کرنا - کسی طرف خواہش کرتی جھکنا -
گھوڑے کا رانون کو پاس پاس اور سمون کو
دور دور رکھنا - اور ہاتھون کے جوڑ کو
پیچیدہ رکھنا - چوپایہ کے سُم کا جانب
راست باہر کیطرف کو پھر جانا -

صُدَف (ضف) ایک پرندہ جانور ہی
یا درندون کی ایک قسم ہی

صَدَف (فس) (ض) مونہہ پھیر لینا -
پھیر دینا -

صُدْقان (ضسفس) پہاڑ کے رستہ
کے دونون کنارے - ندی نالے کے کنارے

صِدْق (کس) راستی - سچاپن - صدق کی
سختی - درشتی - اچھا - تعریف - نیکنامی -

صُدُق (ضض) راست - سچ - سخت
کرنا - صدق (ضسن) صدق (ضفض) جمع

جو ہر چیز کا مل -

صَدَقَ اللِّقَاءِ وَالنَّظَرِ خوب ملنے والا
اور تاڑنے والا - یا ملاقات کا اور نظر کا سچا

صَدَق (فس) صدوق (فضس)
کلام مین سچا ہونا - سچ کہنا - سچ کرنا -

صَدَقَ الْقِتَالَ لڑائی مین سچا ہوا -

صَدَّق (فت) بنجان کا ڈنکو آگ جلانا

صَدُقَہ (فسف) عورت کا مہر - صدقات
(ففضس) جمع -

صَدْقَہ (فسف) عورت کا مہر - صدقات
(فسفس) صدقات (فضفس) صدقات
(ضضفس) جمع -

صَدَقَہ (ففف) جو کہ راہ خدا مین فقیر کو
دے - عورت کا مہر - صدقات (فففس)
جمع - زکوٰۃ -

صُدْقَہ (ضسف) عورت کا مہر - صدقات
(ضضفس) جمع -

صُدَقَہ (ضفف) مہر - صدقات (ضضفس) جمع

صَدَم (فس) (ض) کوٹنا - سخت چیز کو
سخت چیز پر مارنا - کسی امر کا آپہنچنا -
زور سے ہٹانا - ہانکنا - دفع کرنا -

صَدْمَہ (فسف) مصیبت - تکلیف اور پہنچانا
ایک مرتبہ دفع کرنا -

صُدقتان (فسففس) پیشانی کے دونون کنارے سے یادہ تو ظرفین۔

صَدودمس (دن) ہاتھہ پر ہاتھہ مارنا تالیان بجانی۔

صَدوح (فعنس) بہت شور وفریاد کرنے والا کھینچنے والا۔ چلانے والا۔

صَدود (فعنس) حیلہ گر۔ جعلساز۔ باتین بنانے والا۔ عیبی۔ وہ چیز کہ اوسے آئینہ پر ملکر آنکھہ مین سرمہ لگائے۔

صَدود (مفعس) (ن) موہنہ پھیرنا۔ اعراض کرنا۔ ناک چڑہانی۔

صُدور اُونادی وادی کا شروع یا سامنا

صُدوع (مفعس) چمکنا۔ سیلان کرنا۔ توڑ دینا۔ بیابان کو قطع کرنا جنگل کو طے کرنا۔ سر مین درد ہونا۔

صَدوف (فعنس) عورت جو جھکی ڈیکر موہنہ پھیر لے تاکہ موہنہ دکھاکر پھیر لے موہنہ کو بربہہ یہہ لفظ مذکر کے ساتھہ خاص ہے۔

صَدوق (فعنس) دوست۔ صدق (مفعس) جمع۔

صُدی (فعت) نازک بدن۔ مرد عورت کی ٹوٹیہ۔ موتی ہوئی آدمی کا بدن۔ مغز سر بھیجا۔ الو۔ چھینکا۔ جانور مذی کی

مانند جو رات کو بولے۔ کالی ہڈی۔ ایک چیز کا انتظار۔ ایک چیز کیطرف دل لگانا اونٹونکو پہچاننے والا۔ جو شخص اونٹونکی بھلائی ٹہرائی جانتا ہو۔ پیاس۔ پہاڑ کی آواز یعنے جب پہاڑ مین آواز دیجیے تو ویسی ہی آواز پہاڑ سے آئے یا گھر وغیرہ کی آواز اسی طرح کی۔ ایک قسم کی کالی مچھلی

صَدی (فعت) (س) پیاسا ہونا۔

صُدیا (فعت) پیاسی۔

صَدیان (فعت) پیاسا ہونا۔

صَدید (فعک) پیپ۔ پسینا۔ گاڑہا پانی گرم۔ خون پیپ مین ملا ہوا کچھ لہو نالہ فریاد۔ آواز کرنا چیخنا چلانا۔ رونا۔

صَدیع (فعکس) ہر چیز کا آدہا جو آدہون آدہ بیچون بیچ چیر اگیا ہو۔ اونٹ کا گلہ۔ بکری کا ریوڑ۔ صبح۔ پرانے کپڑے مین نیا پیوند۔ کپڑے یا ہر چیز کا آدہا

صدع (صنفس) جمع۔ تازہ دودہ دوہا ہوا کہ اسپر تیلی سی جھلی ہو اسے بند ہو گئی ہو۔ پہاڑی بکری جوان۔ منتہرا آدمی میانہ قد نہ بہت موٹا نہ ازحد دبلا۔ کپڑا جسے بندہ سکے نیچے پہنین۔

صَدیغ (فعکس) سات دن کا بچہ نوزائیدن

ماده

صدی

صدیا

صدیان

صدید

صدیع

صدیغ

سنہ ۹

ث صدق

ف صدی

ن صدو

ل صدیع

۱۲ | ۱۴

۱۲

صدق

ضعیف آدمی۔ کمزور آدمی۔
صَدِیق (فکس) سچا دوست۔ یار۔
اصدقاء (ضسفس) صدقاء (ضفسفس) صدقان (ضسفس) جمع۔ اصادق (فضسک) جمع الجمع۔
صِدِّیق (کتکس) مرد بہت سچ بولنے والا۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔

صرر

صَرّ (فت) ڈھیلا ڈول لٹکا ہوا کہ جسپر تکڑی باندہیں۔
صَرّ (فت) (ن) ہمیانی باندہی۔ وصرّ الفرس اُذنہ گہوڑے نے کان کہڑے کیئے۔
وصرّ الناقۃ اونٹنی کے تہن تہیلی باندہی۔

94

صَرّ (فت) صریر (فکس) فریاد کرنی چیخنا چلانا۔ شور مچانا۔
صِرّ (کت) جاڑے کی شدت۔ پتلے کا جاڑا۔ ایک جانور ہے زرد رنگ کا چہوٹا مثل چڑیا کے یعنی پتیا۔ آندہی۔ زور شور کی ہوا۔ ٹہنڈی ہوا سنسناتی ہوئی۔
صَرّۃ (فس) (ف) آواز کرنی۔
صِرار (کتفسفم) سخت۔
حَیَّۃ صَرّار سانپ جسکا کاٹا علاج پذیر نہو۔
صُرّاب (کتفس) کہیت جسے خریف کے اوٹہانے کے بعد بوویں۔
صَرّاتیہ (کفسف) اندرائن۔

صُراۃ (فس) اونٹنی سے دوہی ہوئی دودہ بیل اور بڑے بڑے تہنوں کی نظر آوے۔
صَراح (ضفس) ہر چیز خالص سے ملاوٹ سے میل سے بری۔ موہنہ پر۔ پاکیزہ۔ خالص بات سے ملاوٹ۔ سچی اچھی بات۔
صُراح (ضتفس) ٹوٹی جسے کہاتے ہیں۔
صَراحۃ (فضسف) خالص پن۔ کہرا پن۔
صَراحۃ (فضسف) صروحۃ (ضفسف) (ک) سے ملاوٹ اور خالص ہونا۔
صُراحیۃ (ضفسکتف) صراحی۔
صُراحیۃ (ضفسکف) شراب خالص پاکیزہ خالص اور سے ملاوٹ بات۔
صُراخ (ضفس) فریاد۔ آواز۔ نعرہ۔ شور۔
صُراخ (ضتفس) طاؤس۔ مور۔
صُراد (ضتفس) ہلکی ہلکی بدلی جو برسا نہو۔
صُرادحی (ضفسکت) سخت کرنا۔ ظاہر۔
صِرار (کفس) اونٹنی کا پستان بند۔ کپڑا جس سے دودہ کی اونٹنی کے تہن کو باندہتے ہیں۔ تاکہ بچہ دودہ نہ پیوے۔
اصرۃ (فکتف) جمع۔ بلند جائیں۔ ٹیلے ٹہیکرے۔ اونچی اونچی جگہیں۔
صَرّارُ اللیل جہینگا۔ جہینگر۔ کالی جوتی حیوانات کو کہتے ہیں۔

صُرارۃ (فتفسف) جس نے حج نکیا ہو اور عورت کے گرد نہ پہرے اور پاس نہ پہٹکے
صُراری (فضسک) کشتیبان - ملاح - ناخدا - صراریون (فقسکتفس) جمع -
صُراصرۃ (ففسکفت) شام کے ترجمان
صِراط (کفس) راہ - رستہ - سڑک - پل صراط جو دوزخ پر قیامت میں کہڑا کیا جاویگا
صُراط (ضفس) یعنی تلوار -
صُراعمۃ (ضتفسف) پہلوان - سورما - جو اپنے برابر والونکو پچھاڑے -
صُراف (فتفس) چاندی پرکھنے والا
صُرام (ففس) چہاروں کے پکنے کا وقت - چہاروں کے توڑنے کا وقت درخت کا جہنکاو -
صُرام (ففس) اسم - لڑائی کو کہتے ہیں کیونکہ محبت و قرابت کو قطع کرتی ہے -
صُرام (ضتقس) قوی مرد - بڑا اکاہنے والا - جنگ کا نام ہے اسلئے کہ قرابت اور محبت کو قطع کرتی ہے - مصیبت - بلا - تہنون مین بچا ہوا دودہ کہ ضرور تھن دوسری بار دوہا جاوے -
صُرامہ (ففسف) دلیر - چالاک ہونا -
صُران (ضتقس) مصطگی کا درخت جو سخت زمین پر اوگے -
صُرایتہ (ففسف) حنظل - اندراین - اندراین کا پہل - یا عرق صرار (کفس) جمع
صَرب (فس) جما ہوا یا پیٹہا ہوا دودہ جسمین کہٹاس آگیا ہو - تازہ دودہ دوہا ہوا - سرخ رنگ - دودہ جسے مشک مین ڈالکر توشہ یا زاد راہ کے لیئے رکہیں - کیکر کا گوند - ببول کا گوند -
ضَرب (فس) (ن) قطع کرنا - پیلا ہو کر سرکی
ضَرَبَ اللبن دودہ کو جمایا - دہی نبایا
ضَرِبَ الصبی بچے کا پیٹ اپہر گیا
ضَرِبَتِ الارض اچہی گہاس جمی زمین مین
ضَرب (فف) (س) جمع ہونا - اکٹہا ہونا
ضَرَبۃ (ففف) اچہی گہاس - ایک چیز ہے بلی کے سر کے برابر کہ اسمین ایک قسم کا شیرہ سا ہوتا ہے اور اسکو چوستے ہیں اور کہاتے ہین - ضرب (فف) جمع -
ضَرنخہ (فسفف) سبکی و چالاکی -
ضَربی (فسفت) بحیرہ زمانہ جاہلیت مین جبکہ اونٹنی یا بکری دسواں بچہ دیتی ہے تو اسکے کان کو چیرکر چھوڑ دیتے تہے جہاں جی چاہے چلی جاوے اور اسکے دودہ کو نہیں دوہتے تہے مگر

میہمان ہا سکے لیئے اور اسکو بحیرہ کہتے ہیں جیسے ہندوستان میں سانڈ۔

صُرّة (فقف) غم کی تکلیف۔ لڑائی کی سختی تکلیف۔ گرمی کی شدت۔ گرمی کا تڑاقا۔ درخت جسپر انگور کی شاخین لگی ہوئی ہون۔ آواز و فریاد۔ آدمی وغیرہ کا انبوہ۔ گروہ۔ ترش روئی۔ بکری جیسے نہ دوہین تاکہ اسکے تہنوںمین خوب دودہ نظر آوے۔ جادو کا منکا یعنی وہ جسپر جادو کا منتر پڑہین تاکہ عورتین اپنے خاوند کو تابعدار کرلین۔ سخت حملہ۔

صُرّہ (کتف) جاڑے کی شدت۔ یا سے پالے کا جاڑا۔ کہ کہیتی اور گہاس کو جلا دیوے۔ آواز و فریاد سخت چیخ۔ نعرہ۔ شور و شغب۔

صُرّة (ضتف) تہیلی۔ بٹوا۔ ہمیانی۔

صَرح (فس) اونچے اونچے مکان محل یا بلند تعمیر۔ صروح (ضفس) جمع۔

صَرح (فس)(ت) ظاہر کرنا۔

صَرح (ففت) ہر چیز خالص بے ملاوٹ کہری۔

صَرحہ (فسف) برابر زمین۔

صَرحۃ الدار گہر کا صحن۔ انگنائی۔

صَرحَتًہ و بَرحَتہ ظاہر و نمایان۔

صرر

صرح

صرخ

صَرخیۃ (فسفف) سبکی۔ چالاکی۔

صَرخۃ (فسف) بڑی آواز۔ اذان۔

صَرخۃ (فسفن) (ف) شور و فریاد کرنا۔

صُرخد (فسفت) شراب کو کہتے ہین۔

صَرد (فس) ہر چیز سادہ و خالص۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا ٹیلہ۔ نیزے کی بہال کی میخ کہ نیزہ مین گہائی جاوے۔ بہاری لشکر۔

صَرد (فس) (ن) نشانہ پر لگانا۔ نشانہ کو توڑ دینا۔

صَرِد (فک) مرد جو جاڑے کے اوٹہانے کی قوت رکہنے۔ یعنی سردی کم معلوم ہو۔ جاڑے کا مارا ہوا۔ گہوڑا جسکی پیٹہہ پر گدود لگا ہوا ہو۔ پریشان پراگندہ۔ دودہ جو نہ جمے ہین۔

صُرَد (ضتف) ایک پرند جانور جو چڑیا کو شکار کرتا ہی فارسی مین اوسے ورکاک کہتے ہین یہہ سب سے اول پرند ہی کہ جس نے اللہ کے لیئے روزہ رکہا تہا۔ صردان (کسفس) جمع۔ گہوڑے کی زخمی پیٹہہ کی سپیدی جو اچہا ہونے کے بعد رہ جاتی ہی۔

صَرد (فف) (س) جاڑے کا مارا ہوا ہونا

ضَرِدَ الفَرَسُ گھوڑے کی پیٹھ لگ گئی

ضَرِدَ قَلبِی عَنہُ ٹھنڈا ہوا دل اُس سے - یا رک گیا -

ضَرَدَ السَّہمُ خطا کی تیر نے یعنی نشانے پر نہ لگا نشانہ پر بیٹھا تیر - لغات اضداد سے ہی -

ضَرَاح (کسفس) ہموار جگہہ - برابر جگہہ

ضُردان (ضفقس) زبان کے نیچے دو رگیں ہیں -

ضَرَدح (ضسف) ہموار جگہہ - برابر جگہہ -

ضُرَّعَۃ (ضسففت) دو گوشت کے ٹکڑے سینے ہڈی کہ بکری کی گردن کے نیچے ہوتے ہیں

ضُرَر (ضفت) گیہوں کی بال جسمیں دانہ نہ بیٹھا ہو یا دستے پڑنے لگے ہوں -

ضَرصَر (ضفضا) آندھی بڑے شور وغل کے ساتھ - ٹھنڈی ہوا -

ضُرضُر (ضسفس) ایک چھوٹا جانور ہے جو ضرصور نام - مرغا -

ضُرضُران (ضسففس) ایک قسم کی مچھلی بھی کہلاتی

ضرضرانی (فسففسکت) بمعنی ضرضران

ضرضرانیات (ضفضسکتفس) دوغلہ اونٹ بختی اور عربی ملا ہوا - یا بڑے بڑے اونٹ جنکے دو کوہان ہوں ضرضرانی واحد ہے یعنے ایک اونٹ -

صرصرۃ (فسففت) بولنا - آواز لگانا - یا ورکاک اور باز اور شکرا - جرہ وغیرہ کا بولنا - چرغنا -

ضُرضور (ضسفس) ایک چھوٹا جانور ہے بڑے ڈیل کا اونٹ - بختی اونٹ -

ضَرَع (فس) (ف) کسی کو زمین پر دے مارنا پچھاڑ دینا - خوب پچھاڑنا - مطلع کہنا - ڈوڈا بنانا - دو دروازے بنانے - مرگی - مثل و مانند - قسم - نوع - مقابل - سامنے - روبرو - برابر - رنگ -

ضِرع (کس) رسی کا بٹ - بل - صروع (ضضس) جمع - پہلوان - پچپت -

ضرعان (فسفس) اونٹ کے دو گلے کہ آگے سامنے سے آئیں - صبح شام رات - دن -

ضَرعۃ (فسف) ایک بار پچھاڑنا - ایک چیز کی حالت -

ضرعۃ (کسف) پچھاڑ کھا کر گرنا -

ضرعۃ (ضسف) بہتوں سے پچھڑا ہوا

ضرعۃ (ضفف) پہلوان جس نے بہتوں کو پچھاڑا ہو -

ضرعی (کسف) کام - انجام کام -

ضَرف (فس) توبہ - یا ذن یا گھٹنا

97

1212
12

مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب

یا عمل بد رشوت - حیلہ - مرتبہ کی زیادتی -
صَرْف (فتس) (ض) پھیر دینا -
صَرْفُ الدَّہر زمانہ کی حوادث اور سختیان - انقلاب - رات دن -
صَرْفُ الحَدِیث کلام مین زیادتی حسن کلام - کلام کا مذاق - لطف -
صِرْف (کس) ایک سرخ رنگ ہی جس سے چمڑہ اور جوتی کے تسمے کو رنگتے ہین شراب خالص - ہر چیز خالص -
صُرَفان (ضفقس) موت - تانبا - قلعی ایک قسم کے وزنی چھوہارے نہایت سخت کہ اکثر غریب غربا عیالدار اور مزدور کہاتے ہین یا غذا ہونگے خرچ مین آتے ہین -
صَرفہ (فسف) منازل قمر مین سے ایک منزل اور وہ ایک روشن ستارہ ہی زہرہ کے پیچھے - ایک منکا ہی جادو کا جس سے عورتین مردونکو اپنے بس مین رکھتی ہین - زمانہ کی سختی - کمان جسپر سیاہ نقطے ہون - اور جسکا تیر نشانہ پر پہنچے - جسوقت اونٹنی کو دوہنا ہو پھر اسکے دن صبح کو -
صَرِق (فت) ہر چیز پتلی -
صَرقاعہ المقلاعہ کوہن کا پھندنا -

جسمین سے کہانے کیوقت آواز آتی ہی -
صَرقعہ (فسفف) انگلیان چٹخانی -
صِرم (فس) سنوارا ہوا چمڑا - بنایا ہوا چمڑا
صَرم (فس) (ن) ہر بات کو کاٹ دینا - کہیتی کاٹنی - کہجورین توڑنی - توقف اور انتظار کرنا - گہسنا اور ٹوٹ جانا -
صِرم (کس) نوع - آدمیون وغیرہ کا گروہ - اصرام (فسفس) اصارم (فضسک) اصاریم (فضنکس) جمع -
صَرّار (فسفس) ننہے پانی کا جنگل - کم شیر اونٹنی - صرم (ضس) جمع -
صَرمان (فسفس) بمعنی صرم (کس) موزہ نعل جڑا ہوا - لوگون کے گہر ایک جگہ پر محلہ
صَرمتہ (فسف) جسکا غصہ جلدی نجاوے صرمات (فسفس) جمع -
صِرمتہ (کسف) اونٹون کا گلہ بیس سے تیس تک - یا پچاس یا چالیس - یا دس اور چودہ اور پندرہ کے درمیان - ابر کا ٹکڑا صرم (کف) جمع -
صُرنفح (فضسف) فریاد و فغان کرنے والا
صُرنفح (فضسف) بڑا سرکش آدمی کہ فریب نکہاوے اور جو چیز کہ اسکے پاس ہی اسپر کسیکا قابو نہ چلے اور کوئی اسمین طمع نکر سکے

عقلمند۔ ہوشیار۔
صُرو (ض) (ن) دیکھنا۔ نظر کرنا۔
صُردۃ (کسف) چھوٹی گھاس۔
صُروحۃ (ضسف) خالص پن۔
صَرود (فضس) آہستہ چلنے والا
صَرور (فضس) صرارۃ (ففسف)
صارورۃ (سفضسف) صارور (سضس)
صروری (فضسک) صارور اور (سفضسم)
بمعنی صرورۃ (سفضسف) یعنی جس نے
حج نکیا ہو۔ اسمیں مذکر و مونث واحد اور
جمع برابر ہے۔
صرورۃ (فضسف) جس نے حج نکیا ہو۔
صرارۃ (ففسف) صرار (ففس) جمع مرد
جو عورت کے پاس نہ بھٹکے۔
صَروع (ففس) پہلوان پچھیت بہت
پچھاڑنے والا لوگوں کا۔ صرع (ضفض) جمع
صَروف (فضس) اونٹنی جسکے دانت
بہت آواز کریں یعنی کڑکڑائیں۔
صروف (سفضس) (ض) صراف
(ککفس) خواہش کرنا۔ شراب کو یعنی
چیز کو خالص رکھنا۔ اور کچھ نہ ملانا۔
صَرغم (فضس) شمشیر بران۔ تیز تلوار
قوی مرد۔ خوب قتل کرنے والا۔ بہت
طَلَّاعُ الثَّنَایَا وَالْاَنْجِد خوب آزمودہ کار مرد کاموں مین دخل دینے والا - تصرف کرنے والا - بڑا ماہر تجربہ کار تیز فہم عقلمند - یا وہ شخص کہ ہمیشہ ہمت اسکی بڑے بڑے کاموں کیطرف مائل ہو -

طَلَافح (ضفسک) جنگلی چوڑی چیزین گویا کہ طلفح (فسف) کی جمع ہی -

طُلافح (ضفسک) تپلا گودا -

طَلاق (فقس) عورت کا قید نکاح سے رہا ہونا - اس فعل کا استعمال مجہولاً ہوتا ہی -

طلاقۃ (ففسف) کشادہ اور خندہ پیشانی - ہنس مکھہ ہونا - رات اور دن کا معتدل ہونا یعنی نہ گرم ہونہ سرد

طُلالۃ (ضفسف) خوشی و خرمی - اچھی حالت - خوبی ہیأت - ہر چیز کا کالبد - گھر اور ٹوٹے پھوٹے ہوئے کھنڈروںکا نشان -

طلالۃ (ففسف) (س) تعجب کرنا - ہلکا مینھہ برسنا - پھوار پڑنی - اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہی -

طُلام (ضتفس) شاہدانہ - کرنا

طَلاوۃ (ففسف) انتظار کرنا - توقف

طُلاوۃ (ضفسف) خوبی و شادمانی مرغوب دل - مرغوب - جادو - کلونجی پتلی سی جھلی کہ دودہ یا خون پر ہوا سے جم جائے - کھانا جو منہہ مین رہگیا ہو - منہہ کا لعاب جو بیماری وغیرہ کے سبب بستہ ہوجاوے -

طلب (فف) ڈہونڈہ - تلاش - جستجو -

طلب (فف) (ن) ڈہونڈہنا - تلاش کرنی - خواہش کرنی -

طلب (فف) (س) دور ہونا - دوری قبول کرنی -

طلب (کس) مرد عورتوں کا چاہنے والا

۵ طلل
۵ طلع
۵ طلغ
۵ طلق
۵ طلل

سم ۳۰

ع طلم
ع طلو
ع طلب

عورت کسی کی معشوقہ - اطلاب (ضفضس) طلبة (کفقت) جمع -
طلبة (کسفف) ڈھونڈھ تجسس - تلاش - عورت کسی کی معشوقہ -
اُمّ طلبة شقّ عقاب -
طلبة (ضضسف) فرشتے جو بندون کے اعمال کو لکھین اور نگاہ رکھین -
طلبة (فکفت) معشوق - اور مطلوب جس کی خواہش ہو -
طلة (فتقف) مزیدار شراب - جورو اچھی ہوا - مرغزار جسپر ہلکا ہلکا مینھ پڑا ہو - پہاڑ پڑی ہو - پرانی عورت بیہودہ بکنے والی بدزبان کھاتا پیتا آدمی - اچھا بھلا چنگا -
طلشة (ضسفف) جاہل سست کم عقل - ناتمام -
طلح (فس) ریگستان مین بڑے درخت - کھجور کا پہلا پھول - کیلا - بھوکھا آدمی - گدلا پانی حوض کی تہ مین بچا ہوا -
طلح منضود کیلے کا درخت - یا کھجور کا پھول -
طلح (فس ع) طلاحة (فضسف) (ف) اونٹ کا تھک جانا - اونٹ کو تھکا دینا -
طلیح (کس) تھکا ہوا چوپایہ - مذکر و مونث برابر ہی - اطلاع (فسفضس) جمع - قُبلی پیچڑی - چرواہا اونٹون کا دُبلا کرنے والا - برابر و مقابل - عورتون کا پیرو کار
طلح (فف) نعمت - تازگی - نازکی -
طلح کھانیکے سبب چوپایہ کے پیٹ کا درد -
طلح (فف) (س) کھانے کی چیز سے پیٹ کا خالی ہونا -
طلحة (فکف) اونٹنی جو طلح کھانے کے سبب پیٹ کے درد مین مبتلا ہو
زمین جس مین کیلے کے درخت بہت سے ہون -
طلخة (فسفف) کسی کو ایسی چیز مین آلودہ کرنا کہ جس سے نفرت رکھتا ہے -
طلحف (ففس) طلحف (کتفس) طلحفی (فقسف) طلحاف (کسفس) بمعنی طلحیف (کسکس) یعنی سخت -
طلحوم (ضسضس) پانی جسکا رنگ

طلح
طلحث
طلحف
طلحم
1212
12

وغیرہ مزہ بدلگیا ہو۔
طلحیۃ (فسکتف) کاغذ کا ورق -
طلحیف (کسکس) شدید سخت -
بہت - بولتے ہین ضربہ ضربا طلحیفا
یعنے اوسکو بہت مارا -
طلح (فس) نالے کی کیچڑ کہ جس مین
کیڑے یا تیلی تپلی جونکین سرخ پڑگئین
ہون اور اُسکا کوئی پانی نہ پیوے -
طلخ (فس) (ن) کالی کیچڑ سے
آلودہ ہونا - سیاہ کرنا - کتاب کو
خراب کرنا -
طلخاء (فسفستم) احمق عورت -
طلخام (کسفس) ہتھنی -
طلخمۃ (فسفف) نامناسب امر
مین آلودہ ہونا -
طلخف (کفس) سخت مارپیٹ -
طلخوم (مسفس) پانی جسکا
رنگ و مزہ بدلگیا ہو -
طلخیف (کسکس) بمعنی طلحیف (کسکس)
سخت بہت -
طلس (فس) کالی چادر -
طلس (ضس) (ض) لکھے کو
مٹا دینا - اندھا ہو جانا - گوز مارنا -

طلس (کس) خط صاف کیا ہوا نامہ
میلا کچیلا کپڑا - اونٹ کی ران کا پوست
جسپر سے بال جاتے رہے ہون -
بھیڑیا جسپر بال نہون - پرانا -
اطلاس (فسفس) جمع -
طلش (فس) چھری - شلط کا مقلوب
طلطل (فسفس) بیماری لازم -
طلطلۃ (فسفف) حرکت دینی -
طلطین (ضفکس) مصیبت -
طلع (فس) اندازہ - مقدار
طلع النخل (فس) کھجور
کے درخت کا مول اور اول
مرتبے کا پھول -
طلع الوادی ناحیہ وادی سیدنکاش
طلع (فف) (س) پہاڑ پر چڑھنا -
طلع (کس) اطلاع - بلند جگہ جسپر سے
اطلاع پاویں - ناحیہ - ہر زمین پست و
ہموار - یا زمین پشتہ ناک - لنبا سانپ
طلعاء (ضفقسم) قے
طلعۃ (فسف) دیدار -
طلعۃ ذکر - کیر کے اوپر کی کھال -
طلعۃ (ضففف) نفس ایک چیز کا
بہت ڈھونڈھنے والا - مائل بہوا و ہوس

طلخم
طلخف
طلخ
طلخش
طلس
طلطل
طلع

اپنے تئیں بہت دکھانے والی عورت
طلعان (ففقس) جو کہ تھک جاوے اور آزردگی سے ساتھہ کام کرے۔
طلف (فس) رائگان و باطل۔ بخشش و عطا۔ آسان۔ ایک چیز سے زیادہ۔
طلفان (ففقس) تھکا ہوا جو عجز کے ساتھہ کام کرے۔
طلفحہ (فسفف) پتلا اور ہلکا کر دینا روٹی کو پتلا اور چپلا کرنا۔
طلق (فس) ہرن۔ اطلاق (فسفس) جمع۔ شکاری کتا۔ اونٹنی جو اپنی خواہش پر چھوڑی گئی ہو۔ اچھی ہوا کا دن نہ گرم ہو نہ سرد۔
طلق (فس) (ک) دردزہ مین عورت کا مبتلا ہو جانا اور طلاق ہو جانا مجہولاً مستعمل ہی۔ کشادہ پیشانی ہونا۔
طلق (فس) تھہ کو کھولنا یعنی کچھہ دینا کسیکو ایک چیز دینی اور بخشنی۔
طلق الوجہ ہنس مکھہ خندہ پیشانی
طلق الیدین جوان مرد کشادہ ہاتھہ سخی۔
طلق اللسان تیز زبان۔
طلق الید الیمنی گھوڑا جسکے داہنے ہاتھہ مین سپیدی نہو۔
طلق (کس) حلال و جائز۔ بری و خارج۔
طلق (فک) ہنس مکھہ خندہ پیشانی زبان کہ تیز ہو۔
طلق (ضمض) زبان کہ تیز ہو۔ خوش تقریر۔
طلق (فف) چمڑے کی گرہ جسم نفیسہ۔ رات کی سیر پانی پر وارد ہونے کے لیئے۔ انتڑی۔ غلاف ذکر۔ اطلاق (فسفس) جمع۔ شبرم گھاس۔ یا ایک گھاس ہی جو رنگ کے کام مین آتی ہی۔ گھوڑے کی ڈگ۔ قیدی سے قید۔ ایک دوا جسکا لیپ آگ سے جلے کو نافع ہوتا ہی۔
طلق (فف) (س) دور ہونا۔ جانا
طلقہ (ففف) رات جو نہ گرم ہو نہ سرد
طلقہ (ضفف) بہت طلاق دینے والا
طلل (فف) گھر اور خراب جگہہ کا اثر و نشان۔ ہر چیز کا کالبد۔ اطلال (فسفس) طلول (ضضس) جمع

۲۰۷

۱ طلع
۲ طلف
۳ طلفح
۴ طلق
۵ طلل
۱۲ ۱۲
۱۲
مالک و ناشر
ارکیپ ۱۲
مولوی
محمد عبد الرحمن
صاحب ۱۲

مادہ

گھر میں چبوترہ کی مانند جسپر بیٹھتے ہیں - ہر چیز تروتازہ - پانی کا چہرہ -
طلم (فت) دانت کا میل کہ مسواک نکرنے سے جمع ہووے -
طلم (فس) طلوم (ضفس) (ن) روٹی کو برابر اور درست کرنا -
طلم (ضس) (ن) روٹی کا خوان پھیلانا - دسترخوان بچھانا -
طلمہ (ضسف) باٹی - بھونری -
طلمساء (کسکسم) زمین جسمیں مینار اور نشان نہو - تاریکی - اندھیری رات
طلمسانۃ (کسکفسف) شب تاریک - زمین بے آب -
طلمستہ (فسفف) ترش منھ کرنا چہرہ کو ترش کرنا اور تیوری پربل ڈالنا
طلنفاء (فسفسم) بہت لمبے بو والا -
طلنفح (فسف) بھوکھا خالی پیٹ تھکا ہوا - کٹا پیٹا -
طلنفی (فسسف) بہت لمبے بو والا -
طلو (فس) ہر چیز کا ریزہ -
طلو (فس) (ن) چارپایہ کے بچوں کا پانوں باندھنا -
طلو (کس) قابض باریک اندام -
بھیڑیا -
طلواء (ضفقسم) بمعنی طلاوۃ خوبی -
طلوان (ضسفس) آب دہن کہ بیماری وغیرہ کے سبب بستہ ہوگیا ہو
طلوب (فضس) طالب اور بہت چاہنے والا - طلب (ضفس) جمع -
طلوۃ (کسف) بہائم کا بچہ -
طلوۃ (ضسف) صبح کی سپیدی - گردن
طلوث (ضفس) پانی کا جاری ہونا
طلوع (ضفس) ستارہ کا نکلنا - آگاہ ہونا - متوجہ ہونا - پوشیدہ ہونا - لغات اضداد سے ہے - بچے کے دانت کی تیزی ظاہر ہونی - کسی کی زمین میں جا پہنچنا - کھجور کا شگوفہ نکال لانا - قصد کرنا - پہاڑ پر چڑھنا -
طلوقۃ (ضفسف) رات دن کا معتدل ہونا - یعنی نہ گرم ہو نہ سرد -
طلہ (فس) (ف) جانا - آہستہ اور نرم جانا -
طلہ (ضف) پتلا ابر -
طلھۃ من المال اونٹ باقی رہے ہوئے -
طلھس (کسک) بمعنی طھلس کسکس

لغت ۱۲

۱ طلم
۲ طلمس
۳ طلنف
۴ طلنح
۵ طلنف
۶ طلو

۲۰۸

طلب
طلع
طلث
طلح
طلف
طلہ

بڑا بھاری لشکر۔
طَلْهَیْثٌ (ففسفف) رات کی تاریکی
بہت لشکر۔
طَلْهِیسٌ (کسکس) بہت لشکر۔
طُلًی (ففت) کالبد۔ قطران ملا ہوا
بہت بیمار آدمی۔ اطلاء (فنفسم) جمع
ہوا لفس۔
طَلًی (ففت) دانتوں کا میلا ہونا۔
طِلًی (کف) لذت۔
طُلًی (ضفت) دودھ کی ایک پیاس
طَلًی (فک) بکری کے چھوٹے
بچے۔ طلیان (ضسفس) جمع۔ پانچواں
بچہ۔ دانتوں کا میل۔
طَلْی (فس) اونٹ پر قطران ملنا۔
چوپایہ کے بچوں کا پاؤں باندھنا۔
طُلْیَاءُ (فنفسم) خارش۔ ایک
زخم اور فن کی مانند۔ اونٹنی قطران
ملی ہوئی۔ خارشی اونٹنی۔
طَلَیّبٌ (فکس) بہت ڈھونڈنے
والا۔ طلیباء (ضففس) جمع۔
طُلْیَۃٌ (ضسف) گردن۔ گردن
کی جڑ۔ طلاء (ضففس) جمع۔
طَلِیحٌ (فکس) تھکا ہوا اونٹ۔

طلائح (ففسک) جمع چیچڑی۔
طَلِیحَانُ (فکسفس) سوار اور
اونٹنی اس لیے کہ دونوں تھک
جاتے ہیں۔
طَلِیحَۃٌ (فکسف) تھکی ہوئی اونٹنی۔
طِلِّیسٌ (کتکس) اندھا۔
طَلِیعَۃُ الْجَیْشِ لشکر کا طلایہ
طلائع (ففسک) جمع۔
طَلِیفٌ (فکس) لی ہوئی چیز
ناچیز۔ رائگان۔
طَلِیقٌ (فکس) ہنس مکھ۔ خندہ
پیشانی۔ زبان فصیح۔ قید سے
رہائی پایا ہوا۔ خوش تقریر۔
طَلِیقُ الْاِلٰہِ ہوا۔
طِلِّیقٌ (کتکس) بہت طلاق دینے والا
طَلِیلٌ (فکس) خون جو رائگان
گیا ہو۔ شیرین۔ بوریا۔ درخت کے
پتوں کا کھجور کا یا کھجور کی چھال کا
اطلۃ (فکتف)، طلۃ (کتف)، طلل
(ضفض)، جمع۔
طَمٌّ (فت) طموم (ضفس) (ان)
پانی کا بہت ہونا۔ برتن کو بھرنا۔
حوض کو آٹھنا برابر کر دینا۔ ایک

۲۰۹
۳ طلس
۴ طلع
۵ طلف
۶ طلق
۷ طلل
۸ طم
۱۲

چیز کا اتنا بہت ہونا کہ اوپر کو بہہ نکلے - سر مین کاٹ کھانا - بالون کو کاٹنا یا گرہ لگانی جوڑا باندھنا - پرندجانور کا درخت پر اوڑ جانا -

طَمْ رفت، **طُمُوم** زوکس، ن ض، ہلکا ہونا - آہستہ آہستہ چلنا - دبے دبے پانون سے چلنا - دبے پانون دوڑنا

طَمّ رکت، پانی یا وہ چیز کہ اوسپر اکٹھی ہو جاوے - یا پانی کی رو کے اوپر کا کوڑا کرکٹ - دریا - عدد کثیر - بہت سا مال - انوکھا آدمی - سا تعجب مین ڈالدینے والا - شترمرغ - بڑا اگیڑا لینا خایہ - خوبصورت گھوڑا -

طِمَاح رکفس، سرکشی - خاوند سے عورت کی نافرمانی -

طَمَّاح رفتفس، حریص - لالچی -

طُمَاحِر رضفسک، بڑے پیٹ والا توندیلا - بڑپیٹو - پیٹو -

طُمَار رضفس، بلند جگہہ -

طَمَار رفقس، طَمُور رضفس، بمعنے طمر رفس،

طُمَاسَۃ رضفسف، اندازہ کرنا - نگاہ رکھنا -

طَمَالِیخ رفقسکس، تپلا سفید پھٹا ہوا بادل -

طُمَانَۃ رفسفف، پیٹھہ کو برابر کرنا اور جہکانا - کام سے آرام پانا -

طُمَانِیْنَۃ رضفسکسف، آرام و قرار پکڑنا

طُمْثَۃ رضتف، پلیدی - کچھہ تھوڑی سی سوکھی ہوئی گھاس ہے

طَمْث رفس، رن ض، کوارپن توڑنا - عورت کا حائضہ ہونا - ہر چیز کو گھسنا - میلا کچیلا پن - فساد - میلا کچیلا ہونا.

طُمُوح رفس، رف، تیز نظر ہونا - بلند نظر ہونی - عورت کا بے اجازت خاوند کے اپنے کنبہ مین چلا جانا - سوا خاوند کے عورت کا مردون کی طرف تاڑنا - گھورنا - تیز تیز نظر سے دیکھنا - جانا - دور جانا -

طُمّح رکف، ایک درخت ہی -

طَمَحَاتُ الدَّہْر زمانے کی سختیان

طُمْحُرِیَۃ رفسفکس، بڑپیٹیا -

طُمُوخ رفس، رن، تکبر کرنا -

طُمْخُرِیَۃ رفسفکس، بڑپیٹیا -

طَمْر رفس، رض، زمین مین چھپ جانا پوشیدہ کرنا چھپانا - نشیب مین کودنا

طمم ۲۰
طمح ۲۵
طمحر ۲۵
طمس ۵۵
طملخ ۲۵
طمن

طمم
طمت
طمح
طمحر
طمخ
طمخر
طمر

یا پابندی پر اوچھلنا۔
طَمر (فس) (ن) کھیتی کو گیہوں وغیرہ سے بھرنا۔ زخم کا سوج جانا
طُمر (فتف) چڑ غفلت ونادانی۔
طُمرۃ الشباب اول جوانی۔
طَمر (نف) (سن) ہاتھہ کا سوج جانا دانت میں درد ہونا۔
طِمر (کس) پرانا کپڑا۔ پرانی چادر کہ پشمینے کی نہو۔ اطمار (فسقس) جمع
طُمر (گلت) اصیل گھوڑا خوبصورت گھوڑا گول بدن کا سمٹا ہوا۔
طِمراح (کسفس) علے ابن ابی ہاشم کے والد کا لقب۔
طِمِر (کسک) گوٹ یعنی خوبصورت گھوڑا گٹھا ہوا۔
طِمِرس (کسک) جھوٹ بولنے والا۔ کمینہ نیچ۔
طِمِرساء (کسکضم) غبار آسمانی جسے ہوا بلا
طُمرسۃ (فسقف) منقبض ہونا۔ نیچ ہونا۔ اوسکے پانوں پھر جانا۔
طُمرور (ضسضس) پرانی چادر کہ ادنی نہو۔ وہ شخص کہ کمینہ رکھے
ایک پرندہ بادور رنگ برنگ کا جسے

اصیل کہتے ہین۔ خوبصورت گھوڑا یا لینے پانوں کا چھریرا بچھیرا۔ یا گھوڑا جو دوڑنے اور کودنے پر آمادہ
طُمروس (ضسقس) بالی بکری کا بچہ۔ چھہ مہینے کا بچھیرا۔ جھوٹ بولنے والا آدمی۔ کمینہ۔
طِمِریر (کسکس) خوبصورت گھوڑا کہ اوچھلنے کو دنے پر آمادہ ہو۔
طَمَش (فس) (ن ص) ناپدید کرنا۔ ناپدید ہونا۔ گم کرنا۔ گم ہونا لازم ومتعدی جڑ سے اوکھاڑ ڈالنا۔ دور دیکھنا۔ دور کی بھول کرنی
وَطَمَسَ اللّٰہُ النُّجُوم کھو دی اللہ نے روشنی ستاروں کی
طَمَسَ عَلَی البَصرِہ اندھا کر دیا۔
طُمسُل (ضسضس) چور۔ طماسلۃ (فسکف) جمع۔
طَمسلۃ (فسفف) عورت سے کا جبر ہونا
طُمسُلی (ضسفف) بلا وسختی نقصان
طُمش (ضس) آدمی طموش (ضضس) جمع
طَمطام (فسفس) دریا کی منجدہار ہر چیز کی وہ جگہہ کہ جہاں اوسکا زور ہو

طلمطم (کسک) بڑے طور سے
بات کہنے والا - خلاف فصیح -
طمطمانی (ضنفضسکت) توتلا
طمطمانیہ (ضنفضسکتف)
بڑی باتین -
طمطمہ (فسفف) تیز یا - زبان عجم
مین بات کہنی -
طمطی (کسکت) بمعنی طلطم (کسک)
طمع (فک) حریص - لالچی - امید
رکہنے والا - طمعون (فکفس) طمعاء
(ضففسم) طماعی (ففسف) جمع -
طمّع (ففف) لشکر کی تنخواہ - اطماع
(فسنفس) جمع - حرص - ہوکا -
لالچ - امید - آس -
طمع (ففت) (س) طماع (ففس) طماعہ
(ففسکف) حریص ہونا - امید کہنی
طمغ (ففت) (س) آنکھہ سے
چیپڑ و ن کا بہت ہونا -
طمل (مس) آفرینش -
طمل (فس) (ن) تیز ہا نکنا -
بورے کو باریک بٹنا اور اُسمین
دہاگے ڈالنے - گہرا رنگ نکنا -
روئی کو بیلن سے چپلا کرنا - ایک
چیز کو چوڑا اور برابر کرنا - خون کا تیر کو
لتھڑ جانا - کار بد مین پڑ جانا و سا سکو تہڑ جہنا
طمل (کس) مرد بد زبان - دیدہ دلیر
نڈ بے باک - طمول (ضفس) جمع -
گدلا پانی - سبز کپڑا - کالا کمبل - یا جو
چیز کالی ہو - گوسفند - کمینہ ہیچ آدمی -
احمق - چور - نافرمان - پرانا کپڑا -
کالا بھیڑیا - بھیڑیا بڑا حیلہ گر - ورویش
بد خو بدحال تنگ زندگانی - میلا کچیلا
یا ننگا آدمی -
طمل (کت) دھندلے رنگ کا بھیڑ
بھیڑیا یا سٹا ہوا -
طملال (کسفس) بد خو فقیر - بدحال
تنگ زندگانی یا ننگا - دھندلے رنگ کا
بھیڑیا -
طملۃ (کسف) ناطاقت عورت سست
کمینہ پیشہ - بد کام -
طملۃ (ضسف) ناطاقت عورت
سست - حوض کی پیندے کی کیچڑ
گدلا پانی جو حوض کی تہ مین ہو -
بد کام نامناسب -
طملش (ففتف) خشک سوکھا ہوا
ہلکا پہلکا -

۵ طلم
۵ طلمع
۵ طمغ
۲۱۲
طمل
طملش

طملستہ (فتحات) سعی و کوشش مین رنج اوٹھانا - نرمی کرنی - ایک چیز مین پوشیدہ رکھنا - کینہ رکھنا -
طملول (ضمات) ننگا - بدکار - فقیر - تنگ زندگانی -
طمللیل (کسرات) بدکار - فقیر - مفلس - تنگ زندگانی -
طمن (فتحات) آرام پایا ہوا -
طمون (ضمات) جمع -
طمو (ضمات) (ن) دریا کا پر ہونا گھاس کا پھولنا - بڑہنا - ہمت کا بلند ہونا - پانی کا چڑہ آنا اور بلند ہونا -
طمور (ضمات) جانا - گذرنا -
طموس (ضمات) رستہ وغیرہ کا گم ہو جانا - اور مٹ جانا -
طمول (ضمات) مرد بدزبان - بیباک جسکی زبان کو لگام نہو -
طمولة (ضمات) بدزبانی بیباکی -
طمی (فتحات) (ن) پانی کا بہت ہونا گھاس کا پھولنا - اور لمبا ہونا بڑہنا - قصد و ہمت کا بلند ہونا - دریا کا پر ہونا - پانی کا چڑہ آنا -
طمیش (فکس) اندھا -

طمیل (فکس) پوشیدہ حال - بھیڑ کا بچہ نر و مادہ - بوریا - کیچڑ ملا پانی - کھجور کے درخت کا کانٹا - چکلا پیکان - گلوبند - چوڑی چکلی روٹی - خون آلودہ تیر -
طمیلة (فکسف) بھیڑ کا بچہ -
طمیم (فکس) خوبصورت - سریع و شتاب -
طن (فت) (ن) تشلے وغیرہ کو بجانا - تشلے وغیرہ کا بولنا -
طن (کت) تر کھجور سرخ -
طن (ضت) اندام - اطنان (فسفس)
طنان (کفس) جمع - بوجھ جو دو گٹھوں کے اوپر رکھیں یعنی اونٹ بیل وغیرہ پر دو گٹھے لادکر ایک تیسری گٹھری اوپر رکھتے ہین - بانس لکڑی وغیرہ کا بوجھ
طنة (ضتف) ایک گٹھری -
طن (کس) بقیہ جان - رہنے کی جگہہ - فرش ہوا نفس - خواہش نفس - سپید زمین - مرغزار - بلند پشتہ جسپر پانی نہ چڑہے - بیماری حوض مین پانی بچا ہوا - شیر اور درندون کے شکار کے لیئے جو ایک

ماده

٢١٣

٦ طمی
٩ طمس
١٠ طمل
١١ طمم
١٢ طمن

١٢١٢

مادہ
طنأ
طنی
طنأ
طنز
طنب
طنبر
طنز

گرٹھا کھودین یعنی اوگھی - بجھی ہوئی
آگ کی راکھ - نافرمانی - ہمت قصد -
طُناءٌ (فس)، (س)، اونٹ کے
پہلو مین تلی کا چپک جانا - شرم
سے دل کی بات کو ظاہر کرنا -
طُنأ (فس) (ف)، شرم رکھنی -
طُناة (ضفتفس)، زانی لوگ - تماشبین -
جمع طانی (فسک)
طُنأة (ضفتفت)، زناکار - حرامکار
تماشبین -
طناز (ضتفس)، بہت تمسخر کرنے
والا - دل لگی باز -
طُنب (ضضف)، خیمے کی ڈوریان
یا میخین - اطناب (فسفس)، طنبة
(کففت)، جمع - تسمہ کہ جسسے کمان
کے چلّے سے پیوند دیوین اور پھر
اسسے گوشہء کمان کی چھوٹی
لکڑی پر لپیٹین یا تسمہ جسسے قبضہ
کمان پر باندھین - سینہ کے اوپر کا
پٹھا - جڑ - درخت کی رگین اور
ریشے - اعضا کے پٹھے - طرف -
ناحیہ -
طُنُب (ضف)، تیزے کی کجی -

پانون کی درازی اور لڑبڑاپن -
پیٹھ کی درازی -
طنباء (فسفسم)، مونث اطنب (فسفف)
طُنبار (فسفض)، یعنی طنبور -
طنبریہ (فسفکس)، عورت کی
قسم - فلان - کش -
طُنبلہ (فسففت)، عقلمندی کے بعد
سنے و قوفی کرنی -
طُنبور (ضسفس)، طنبور
طُنثرة (فسفف)، خوب چربی
کھانی اتنی کہ اس سے جسم بھاری
ہو جاوے -
طنجیر (کسکس)، ہانڈی - کھلے
منہ کی ہانڈی - پتیلا -
طنخ (فس)، (س)، اونٹون کو
بدہضمی ہونی - موٹا ہو جانا -
طنخ (ضف) (س)، بدہضم ہو جانا
چربی سے دل کا مچواہ جانا - موٹا
اور پر گوشت ہونا -
طنخ (کس)، رات کا ٹکڑا -
طُنخہ (فسف)، احمق - نادان -
طَنز (فس)، (ن)، تمسخر کرنا -
ایک قسم کی مچھلی ہے -

طَنش (فف) سخت اندھیری اندھیرا
طَنطنۃ (فسقفف) تشت وغیرہ کو
بجانا - طنبور وغیرہ کی آواز کی نقل
آواز -
طَنِف (فک) متہم - کم کھانیوالا
بدنیت - بد دل - کم عقل -
طَنف (فف) پہاڑ سے باہر
نکلا ہوا کونا - پہاڑ کی چوٹی -
اطناف (فسقف) طنوف (ضفس)
جمع - کچی دیوار کے کنارے گردنا
بنا ہیں سے جو کچھ بلند اور باہر نکلا
ہوا ہو - گھر کے دروازے کی پوشش
لستمہ یا سرخ چمڑے کا ٹکڑا - تہمت
طنف (فف) طنافۃ (فسقف)
طنوفۃ (ضفسقف) رس پاطن ہوجانا
طُنفس (کسک) ناکارہ - بدصورت
طُنفسۃ (فسقف) ایک فرش ہے
کپڑا - کھجور کا بوریا ایک گز کا چوڑا
طنافس (فقسک) جمع - نیک خوئی
کے بعد بدخو ہوجانا - بہت
گھٹے سے پھٹنے -
طَنفش (فسقف) ناتوان وضعیف مرد
طَنفشا و (کسکفسم) سست دل

طَنفشۃ (فسقفف) تیز دیکھنا - تاڑنا
غور سے دیکھنا -
طنفشی (فسقفت) سست و ناتوان مرد
طَنو (فس) فرش - نافرمانی -
طُنوج (ضفس) انواع - کتاب
کے جزو - اسکی واحد نہیں ہے -
طَنی (فتبکت) موٹا آدمی لتھہ پتھہ
طِنی (کس) نافرمانی -
طَنی (فف) بمعنی طن (فک) پیاس
کے سبب تلی کا پہلو سے چمٹنا -
طَنی (فس) تہمت - سرد راکھ -
بیماری - کائی - درخت کا خریدنا
یا اسکے پھل کا خریدنا یا درخت
کے پھل کا بیچنا -
طَنی (کف) زنا کرنا - ہمیشہ فسق
و فجور میں رہنا - کسی کے پہلو میں
پیاس کے سبب تلی کا چپکا ہوا
ہونا - بچھو کے کاٹے سے
اچھا ہوجانا -
طَنین (فکس) مکھی کی آواز تشت
کی آواز -
طَنین (فکس) (ن) آواز کرنا
مرجانا -

طنفس
سے طنف
سے طنفش
سے طنفشم
سے طنفشی

۲۱۵

ت طنو
ت طنج
ت طنی
ت طنی
ت طنی
ت طنن

۱۲۱۲
۱۲

مادہ
۱ طوی
۲ طوء
۳ طخن
۴ طحی
۵ طور
۶ طرق
۷ طوز
۸ طوس
۹ طسم
۱۰ طوط

۱۱ [illegible]
۱۲ [illegible]
۱۳ [illegible]
۱۴ [illegible]
۱۵ [illegible]
۱۶ [illegible]
۱۷ [illegible]
۱۸ [illegible]
۱۹ [illegible]
۲۰ [illegible]

طُوِیٰ (فکِ)، بھوکھا-
طُوءٌ (فضس)، جانا یا دور جانا-
طَواخن (ففسک)، بڑے دانت واحد اسکا طاحونۃ یا طاحنۃ-
طَواحی (ففسک)، کرگس ہوا مین مردار کے گرد پھرنے والا-
طُوار (ففس)، چیز کی حد و نہایت چیز کا مساوی-
طَوارُ الدّار گھر کی فراخی و درازی
طُوار (ضفس)، ہر چیز کی حد و مقدار
طَوارق (ففسک)، چشمے سوت۔ درندہ جو شکار کو لیجاوے -
طُواز (ففس)، نرم - لڑکا اٹھتی عمر کا آدمی وغیرہ-
طُواس (ففس)، تشت جس سے پانی پیوین-
طُواسیم (ففسک)، قرآن شریف کی بعض سورتین-
طُواط (ضفس)، مرد شجاع - دلیر
طَواعیۃ (ففسکف)، طاعت و بندگی - تابعداری-
طَواف (ففس)، خادم جو نرمی اور ۔ ۔داری سے کام کرنے -

غالب اور بہت پانی-
طَوال (ففس)، غایت و مدت زمانہ
طَوال الدّار گھر کا صحن و دراز-
طِوال (ضفس)، لمبا-
طُوّال (ضتفس)، خوب لمبا-
طَوائح (ففسک)، سختیان ہلاک کرنے والین-
طُوب (ضس)، پکّی اینٹ-
طُوبالۃ (ضسفسف)، بھیڑ-
طُوبالات (ضسفسفس)، جمع-
طُوبیٰ (ضسف)، پاک و پاکیزہ بہشت مین ایک درخت ہے- مونث اطیب (فسف) اور طیبۃ (فتکف) کی جمع - اچھا- پسندیدہ مقبول
طُوح (فف)، فقد و دوکار-
طَوح (فس)، (ن)، ہلاک ہوجانا ہلاکی کے نزدیک ہونا - جہا ئمین پھرنا اور سرگشتہ ہونا-
طَوخ (فس)، (ن)، کسی کو تہمت لگانی قول سے یا فعل سے-
طَود (فس)، پہاڑ - یا بڑا پہاڑ اطواد (فسفس)، طودۃ (کفف)، جمع - اونچا اٹھا ہوا ریگ تودہ

طوو (فس)، (ن)، دیر تک رہنا
قرار پکڑنا
ابن الطود (فس) بڑا سا
ایک پتھر کہ پہاڑ سے لڑھک کر
نیچے آتا ہے -
طور (فس)، ایکبار - اطوار (منفس) بل کر
جمع - ایک چیز کا مساوی اور مقابل
ایک چیز کی حد و نہایت - مقدار -
نوع (صنف)، رنگ ڈہنگ -
طور (فس)، (ن)، ایک چیز کی
گرد پھرنا - ایک چیز سے نزدیک ہونا
طور (ضس)، پہاڑ - گھر کی چار
دیواری - چیز کی حد و نہایت -
طوران (ففقس)، ایک چیز کے
گرد پھرنا - ایک چیز کے پاس ہونا
طورانی (ضنفسکت)، وحشی
آدمی یا جانور -
طورة (ضسفت)، فال بد -
طورة (کفف)، فال بد -
طوری (ضنسکت)، آدمی اور
پرند وحشی - کوئی -
طوری (ضنسکت)، چنانچہ کہتے
ہیں ما بالدار طوری یعنے نہیں ہے

گھر میں کوئی -
طوس (فس)، چاند - بیماری سے
اوٹھے ہوے کے چہرہ کی خوبی
اور تازگی -
طوس (فس)، (ن)، بیماری سے
اوٹھکر چہرہ پر رونق آجانی -
طوس (ضس)، ایک چیز کی ہمیشگی
ایک دوا جو حفظ صحت کے لیے کھاویں
طوش (فس)، عقل کی سبکی -
طوط (ضس)، سانپ - روئی -
اونچے قد کا آدمی - تماشا - چمگیدڑ
چھوٹے ٹکڑے کسی چیز کے - سخت
لڑنے والا مرد دلیر - تیز شہوت -
سانڈ اونٹ اطواط (فسفس) جمع
طوط (فس)، طیوط (ضضس)،
(ن س)، سانڈ اونٹ کا تیز شہوت
اور شرارتا ہوا ہونا -
طوطرة (فسفف)، ایک دفعہ
پھاڑ کر دوسری دفعہ پھاڑنا -
طوع (فس)، طاعة (فسفت)،
(ن ف)، فرمان برداری کرنی -
منقاد ہونا - چراگاہ میں فراغت
کی گھاس ہونی -

مادہ

دو حصے
سہ حصے
چہار حصے
پنج حصے
217
ط و ش
ط و ط
ط و ر
ط و ع
1212
12
یہ ایک جانور
[illegible]
شکاری
مولوی
حبیب

طوع
طوف
طوق
طول

طَوْعٌ یَدٌ یک تیر افرمانبردار و مطیع
طَوْعُ الْعِنَانِ غریب ورتا بعدار مطوع
طُوعَۃ (ضففت) آدمی جو ہر کسی کا فرمان بردار ہو۔
طُوف (فس) چند مشکون کو پھولا کر اور آپسمین باندہکر اُنکے ذریعے سے دریا کے پار ہون اور اسباب لیجائین۔ پلیدی۔
طَوف (فس)، (ن)، بیت الخلا مین جانا اور پاخانہ پھرنا۔ جماع کرنا کسی کا خواب مین آنا۔ خوابمین کسی کی صورت دیکہنی۔
طوف (فس)، طواف (ففس)، (ن)، طوفان (ففقس)، کعبہ کے گرد پھرنا طواف کرنا۔
طوفان (ضسفس)، زور کا بہیہ بہت پانی کہ سب کو ڈہانک لیوے چیٹ پٹکے موت۔ پانی کی رو۔ یا پانی کہ زمین سے نکلے اور سبکو غرق کر دے۔ بہت سی چیز کہ سب جماعت کو گھیر لیوے۔
طَوق (فس)، گلو بند۔ جو چیز کہ ایک چیز کے گرد ہو۔ اطواق (فسفس)، کشادگی۔ توانائی۔ رسّی جس سے کہجور کے درخت پر چڑہین۔
طَوق (فس)، (ن)، سکنا۔ قدرت رکہنی۔
طَوقۃ (فسفت)، ایک زمین گول اور نرم سخت زمین کے درمیان
طَول (فس)، زیادتی۔ طاقت توانگری۔ قدرت۔ فراخی۔
طول (فس)، (ن)، احسان رکہنا۔ کسی پر زیادتی کرنی۔ فخر کرنا درازی مین غالب آنا۔ احسان کرنا
طُول (ضس)، عمر۔ زندگانی۔ یا غیبت۔ توقف۔ طول الدہر یعنے بہت سا زمانہ۔
طول (ضس)، (ک) دراز ہونا۔
طول (کف)، چوپائے کے پانون باندہنے کی رسّی۔ یا لمبی رسّی جس سے چوپایہ کو باندہکر چراگاہ مین باندہ دین۔
طول (ضفت)، عمر یا دیری۔
طول (ففت)، اونٹ کے اوپر کے ہونٹھ کی درازی۔

طوال (فتقف) ایک آبی پرندہ ہے لمبے پانون کا —
طولع (فسفت) قے —
طولی (ضنسفت) بہت لمبی عورت تانیث اطول (فسفت) حالت مرتبہ بلند۔ طول (ضفت) جمع —
طومار (ضنسفس) نامہ و دفتر — طوامیر (ففسک) جمع —
طومتہ (ضنسفت) مرگ۔ بلا و سختی کچھوا مادہ —
طوی (ففت) بھوکھ پیاس مشترک
طوی (ففت) اسمے ارادہ کچھ کھانا
طوی (فکت) پتھر وغیرہ کا بنا ہوا کوان ہتھیار و متاع کا گٹھا۔ رات مین کی ایک ساعت —
طوہی (فکس) ڈھیلے پیٹ کا مرد —
طویّہ (فکتف) بھید۔ مقصد پتھر کا کوان بنا ہوا —
طویل (فکس) لمبا۔ طوال کفس اطیال (فسنفس) جمع —
طویلہ (فکسف) رسّی جس سے چوپایہ کے پانون باندہین یا یعنی رسّی جس سے چوپایہ کے پانون باندہکر چراگاہ مین باندہین ہے یعنے قد کی عورت —
طوئوی (ضنسکت) کوئی چنانچہ کہتے مین ما بہا طوئوی یعنے اسمین کوئی نہین —
طہ (فس) امر ہے یعنی آرام کر —
طہاء (ففم) ابر چھایا ہوا یا ہلکا ابر چھایا ہوا۔ طہاوۃ (ففسفت) ایک ابر کا ٹکڑا —
طہا طہ الخیل گھوڑونکی ہنہناہٹ
طہاف (ففس) اونچا اوٹھا ہوا ابر
طہافہ (ضفسفت) ہلکی ملائی دودہ کے اوپر کی —
طہاوۃ (ضفسفت) ایک تیلی جھلی سی جو دودہ کے اوپر جمجاتی ہے جھلی جو خونیرہوا سے جم جائے —
طہب (ففت) چھوٹے درختون کے اسماء مین سے ہے —
طہبلہ (فسقف) شہر مین پھرنا
طہر (فسن) دور کرنا —
طہر (فکت) پاک۔ طہرون (فکفنس) جمع
طہر (ضنس) حیض وغیرہ کی پاکی یعنے وہ دن جنمین حیض نہ آوے

١ طول
٢ طلع
٣ طلی
٤ طمر
٥ طمہ
٦ طوی
٧ طول
٨ طاء
219
٩ طہ
١٠ طہو
١١ طہہ
١٢ طہف
١٣ طہو
١٤ طہب
١٥ طہبل
١٦ طہر
١٢١٢

مادہ

طہر
طہس
طہش
طہطہ
طہف
طہفل

اطہار (فسفس)، جمع —

طُہر (ضس)، (ن ک)، طہارۃ (فسفف)، پاک ہونا حیض کا منقطع ہونا — عورت کا بعد انقطاع خون وغیرہ کے غسل کرنا —

طُہرۃ (ضسف)، پاکی و پاکیزگی —

طَہس (فس)، (ف)، زمین میں گھسنا استواری کے ساتھ — آہستہ آہستہ جانا —

طَہش (فس)، (ف)، کام کو تباہ کرنا — مرد کا اپنے کام شروع کئے ہوئے کو اپنے یا غیر کے ہاتھ سے خراب کرنا —

طُہشۃ (ضسف)، کاہل آدمی موٹا ڈھنگن گو موٹا ہو —

طَہطاہ (فسفس)، خوبصورت گھوڑا اپنی خوبصورتی سے خوش کرنے والا — موٹا جوان پرگوشت —

طَہف (فس)، کنگنی کی روٹی —

طَہفۃ (فسف)، صلیان کا سر اور صلیان ایک گھاس ہوتی ہے جو تابستان میں اوگتی ہے فارسی میں اسے زبودہ کہتے ہیں — تپلا اسکا

طِہفۃ (کسف)، ہر چیز کا ٹکڑا —

طَہفلۃ (فسفف)، ہمیشہ سے چھنے کی روٹی کھانی —

طَہق (فس)، (ف)، سرعت کرنی —

طَہل (فس)، رنگ و مزہ بدلا ہوا پانی

طَہل (فف)، (س ف)، پانی کا رنگ و مزہ بدلا ہوا ہونا —

طُہلۃ (ضسف)، تھوڑی سی گھاس ایک نازک گھاس ہے —

طِہلِس (کسک)، بھاری لشکر —

طِہلئۃ (کسکف)، طئلہۃ (کسکف) احمق سنے خبر — گارا جو حوض کے پینے کے بعد حوض میں گر جائے

طِہم (فس)، آدمی چنانچہ کہتے ہیں ما ادری ای الطہم ہو یعنے میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے —

طُہمۃ (ضسف)، سیاہ زردی مائل یا کم سیاہ یا گلابی —

طُہمۃ (ککف)، عورت جسکے کلے پھنچے ہوئے ہوں —

طُہمل (فسف)، ایسی چیز کہ اسکے چھونے سے اسکا جسم معلوم نہو — دبلی پتلی عورت — موٹا آدمی بھینگم —

بیڈول ۔ طہائل (فقسک) جمع ۔
طہلۃ (فسفقت) مونث طہل (فسفت) یعنے موٹی عورت بھینگم بیڈول ۔
طہلی (فسفکت) ٹھنگنا آدمی کالے رنگ کا ۔
طہبنی (فسفقف) ہر چیز سخت اور مضبوط ۔
طہو (مس) (ن ف) کام ۔ کام کرنا ۔ زمین مین پھرنا اور سفر کرنا ۔
طہو (مش) طہیاتۃ (فسفسف)
طہو (صفصت) طہی (ضکت) (ن ف) گوشت پکانا یا بھونتا ۔
طہور (فقفس) طہارت کرنی ۔ آب دست لینا ۔ پانی وغیرہ جسر سے طہارت کرین ۔ پاک ۔ پاک کرنے والا ۔
طہی (فقف) بھس ۔
طہی (صفت) بھیڑیا ۔ پکی ہوئی شی ۔
طہیاء (فسفسم) آدمی چنانچہ کہتے ہین ما ادری ای الطہیاء ہو یعنے مین نہین جانتا کہ وہ کون آدمی ہے ۔
طہیان (فقفس) پہاڑ کی چوٹی لکڑی کا برادہ ۔

طہیر (کفکس) پاک ۔ طہران (ضفضفس) طہاری (ففسف) جمع ۔
طہیلۃ (کفسف) بمعنی طہلۃ (کسکف) اوراند ہیرا ۔ ابر ۔
طہیلۃ (فسفقت) طہلہ ساگ کھانا
طی (فت) چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ منھہ پھیر لینا ۔ مفارقت کرنی ۔ اپنے تئین بھوکھا رکھنا ۔ مستفعلن اور مفعولات مین سے چوتھا حرف ساکن ڈالدینا ۔
طیا (فف) بھوکھی عورت ۔
طیاب (ضتفس) خوشبو ۔ خوب اچھی چیز ۔ پاکیزہ پاک ۔
طیار (فتفس) گھوڑا تیز و جست و چالاک ۔
طیاش (فتفس) ہلکا بھلا آدمی جو کہ مختلف ارادہ رکھے اور کسی ارادہ پر نہ چلے ۔
طیاتۃ (کفسف) کہگل کرنی ۔ مین طیب (فقس) خوشی سے
طیب (کس) خوشبو ۔ حلال
اطیاب (فسفس) جمع ۔ چیزین مین سے سب سے اچھی چیز ۔

۲۲۱
طہل
طوی
طیب

طَیِّب (فتک) پاک وحلال۔
خلاف خبیث۔
طَیِّبُ الرَّائِحَۃِ خوشبودار۔
طِیبَۃ (کسف) حلال وجائز صاف
وخالص شراب۔زمزم کا نام۔
طِیبٰی (کسف) بہشت۔
طُیَّۃ (ضکتف) بل جو موٹا پے سے
پیٹ مین پڑتے ہین۔طرز وطور
نیت وقصد۔وہ جگہ کہ جسکا قصد کرین
طَیَّۃ (کت) سیرگی وکوفتگی۔
طَیِّثَار (فتفکس) شیر۔مچھر
نے باک مرد۔
طَیَجَن (فسف) بمعنے طاجن
(فسف) یعنے توا۔اور یہ معرب
ہے اسلیے کہ کلام عرب مین طا اور
جیم جمع نہین ہوتے۔
طِیخ (فس) ہل مین کی وہ لکڑی
کہ جسمین پھاڑ یعنی لوہا جس سے
زمین کاٹتے ہین لگا رہتا ہے۔
طَیخَۃ (فسف) اسود وبشوار جو
قوم مین تفرقہ ڈالدین
طِیخ (کس) ہنسی کی نقل تکبر
بزرگ منشی

طَیخ (فس) (ض) برے کام مین
آلودہ ہوتا۔قباحت مین آلودہ کرنا۔
بزرگ منشی کرنی۔امر باطل مین اصرار
کرنا اور اُسیکا ہو رہنا۔بد کام
مین گھس جانا۔
طَیخَۃ (فسف) احمق بمعنے خیر فتنہ وبلا
طِیخ طِیخ (کسک کسک) ہنسنے والے
کی آواز کی نقل ہے یعنی قہقہہ کیا۔
طَیر (فس) طیران (ففس)
طَیرُورَۃ (فسضسف) (ض) اُڑنا
لینا ہونا۔
طُیر (کس) ایک موضع ہے۔
طِیَرَۃ (فسف) سبکی خفت
طِیَرَۃ (کفف) فال بد۔
طَیرُورَۃ (فسضسف) سبکی۔
طَیس (فس) بہت سے عدد
جو کچھ کہ زمین پر ہو یعنی گوبر اکرکٹ
خس وخاشاک یا ہر مخلوق کثیر النسل
جیسے مکھی چیونٹی یا خاک ریت سی
یا ریا یا ریت پانی وغیرہ جو کثرت
سے ہو۔
طَیس (فس) (ض) بہت ہونا۔
طَیسَر (فسف) بہت سا پانی۔

طب
طوی
طم
طوا
طم
222
طیجن
طیخ
طیخ
طیر
طیس
طیس
طیسر

طیسع (فسفف) فراخ جگہ
طیس (فسفف) گرداب - ہوا - یا سخت ہوا - غبار - اندھیری رات
جماعت - ہر چیز بہت سی یا کثرت -
طیساء (فسفف) نزدیک کا سفر کرنا پس اسکے اونٹ زیادہ ہو جانے
طیش (فس) سبکی -
طیش (فس) (ض س) اسباب ہونا عقل کا جاتا رہنا - تیر کا نشانے سے خطا کرنا -
طیط (کس) لمبے قد کا - احمق و نادان - تیز شہوت سانڈ -
طیطان (کسفس) گندہ اجنگلی -
طیطانۃ (کسفسف) ایک گندنا -
طیطوی (کسفسف) ایک قسم کا مرغ سنگ خوار -
طیع (فس، ض) فرمانبرداری کرنی
طیف (فس) غصہ - جنون و خیال وسوسہ -
طیف (فس) (ض) خواب میں خیال کا آنا - ایک چیز کے گرد پھرنا -
طیف (فتک) خیال و وسوسہ -
طیفور (فسفس) ایک چھوٹا سا جانور
طیل (کس) بمعنی طول (ضس لغات)
طیلۃ (کسف) عمر زندگانی -
طیلۃ الریح نیحہ ہوا -
طیلس (فسف) چادر -
طیلسان (فسففس) چادر معرب تالشان - طیالسۃ (فسکف) جمع
طیم (فس) (ض) نیک سرشت ہونا نیکوکار ہو جانا -
طین (کس) مٹی -
طین (فس) (ض) کام کو اچھا کرنا - مٹی کی مہر لگانی - مٹی سے لیپنا - نیک سرشت پیدا کرنا -
طینۃ (کسف) سرشت - خوی - عادت - سبھاؤ -
طیور (فتفس) تیز رو چالاک جلد بھاگنے والا بہت اڑنے والا جیسے کبوتر -
طیوط (ضفس) سختی -
طیہوج (فسفس) تیہو کہ ایک پرندہ ہے کبک کے مشابہ لیکن اس سے چھوٹا ہے

طیح
طیس
طیش
طیط
طیع
طیف
٢٢٣
طیل
طول
طلس
طیم
طین
طیر
طوط
طہج
١٢١٢
١٢

باب الظاء المعجمہ

ظا (فسم) حرف ہجا مین کا ایک حرف ہی خاص زبان عرب کا۔
ظائب (فس) آواز و فریاد و غوغا وستم۔ بوک کی آواز۔ بہنوئی۔ اظوب (فسقس) ظؤوب (ضفضس) جمع۔
ظأب (فس) (ف) آواز کرنا۔ بیاہ کر لینا۔
ظأت (فس) (ف) گلا گھونٹنا۔
ظائر (فس) ساتھ رہنے والا۔
ظأر (فس) ظئار (کفس) (ف) کسیکو دایہ مقرر کرنا۔ دایہ اور کھلائی ہونا۔ مہربان کرنا۔
ظأرنی علی الامر جاہا مجھ سے ایک کام یا ظلم سے کام لیا مجھ سے مائل کیا مجھکو کام پر۔
ظاری (فسک) کاٹ کھانیوالا۔
ظأظأ (فسفس) ظأظأۃ (فسفف) بوک کا جفتی کے لیئے بولنا۔ اُس شخص سے بات کرنا کہ جسکے اوپر کا ہونٹھ چرا ہو اہو یعنے کھنڈو یا اگلے دانت اُسکے گرے ہوے ہون اور اس سبب سے اُسکے کلام مین غلبلاہٹ ہو اور سمجھہ مین نہ آوے۔
ظاعیۃ (فسکف) دودہ دینے والی۔ وہ جو اپنے بچہ کی خبر گیری مین ہو۔
ظأف (فس) ہانکنا۔ دفع کرنا۔
ظالع (فسک) لنگڑا چوپایہ۔ مرد کاہل۔ مرد گنہگار۔ تہمت زدہ مذکر و مونث برابر ہی۔ لنگڑا کتا۔ یا کتا جو کتیا کا مشتاق ہو۔ یا کتیا نر کی مشتاق جسکے پیچھے کتے پڑے پھرتے ہون اور اُسے سونے کی فرصت نہ ہو۔
ظالم (فسک) ستمگار۔ ایک قسم کی گھاس ہے نرم اور تر اور لبنی شاخ کی جسکو عشبہ کہتے ہین
ظأم (فس) کلام جو جھہ ہو۔ آواز شور۔ بہنوئی۔
ظأم (فس) (ف) جماع کرنا۔

۱ ظی
۲ ظأب
۳ ظأت
۲۲۴
ظأر
ظأری
ظأظأ
ظعی
ظأف
ظلع
ظلم
ظأم
مد

دو بہنون کو دو شخصون کا نکاح میں لانا
ظاہر (فسک) ظاہر۔ کھلا ہوا
بات جو سننے والا اون الفاظ سے
سمجھے۔ غالب۔ خداتعالی کا ایک نام
ظاہرۃ (فسکفت) گھاٹ سے پہیر
دوپہر کو پانی پیوین۔ دوپہر کے
اونٹون کا پانی پینا۔ دوپہر۔
باہر نکلی ہوئی آنکھہ۔ مرد کا کیسہ
ظباۃ (فسفت) بچہ۔
ظبۃ (ضفت) تلوار کی باڑ پیکان۔
یا برچھی وغیرہ کی انی۔ اظب (فسک)
ظبات (ضفس) ظبون (ضفس)
ظبی (ضفت) جمع۔
ظبطاب (فسفس) بیماری جو ہو
رنج۔ درد۔ عیب۔ چھوٹا سا آبلہ جو
ملاحون کی آنکھہ اور رخسار پر ہوجاتا
ہی۔ آواز و فریاد۔ ظباظب (فسفسک) جمع
ظبظبۃ (فسفسفت) تپ زدہ ہونا۔
استعمال مین مجہول آتا ہی
ظبی (فسش) ہرن۔ اظب (فسکس)
ظبیات (فسفس) ظباء (کفسم)
ظبی (ضکت) جمع۔ موٹا گھوڑا۔
ظبیۃ (فسفت) ہرنی۔ بکری۔ گائے

عورت کی فرج۔ اونٹنی کی فرج
جہولی یا چھوٹی جہولی۔ خریطہ۔
جنگل کا موڑ۔ چار دفتر ہم نام ہے۔
ظبح (فت) رن۔ جنگ مین فریاد
خواہی کرنی۔
ظر (فس) پانی جما ہوا۔ اوسکے
خشک خاک۔
ظر (فت) رن۔ چقماق کے پتھر کو
کاٹنا۔ پتھر سے ذبح کرنا۔
ظر (کت) پتھر جسکے کنارے تیز
ہون۔ ظرار (کفس) جمع۔
ظراف (ضفش) عقلمند و دانا۔
ظرفاء (ضفففسم) جمع۔
ظراف (ضتفس) نیک عقلمند۔
ظرافون (ضتفسفس) جمع۔
ظرب (فک) نکلا ہوا پتھر تیز اطراف
پھیلا ہوا پہاڑ۔ پست۔ یا چھوٹا سا
پہاڑ۔ پہاڑی۔ ظراب (کفس) جمع
ظربۃ (ضفت) ٹھنگنا اور موٹا۔
ظرب (فف) کسی کے ہاتھ لگجانا۔
ظربان (فکفس) ایک چھوٹا سا
جانور ہے بلی کی مانند گندہ بو۔ جمع
ظرابین (فسکس) ظرابی (فسکت)

ظبح
ظبح
ظبح
ظبح

۲۲۵

ظب
ظبی
ظبظب
ظبظبۃ
ظراد
ظرار
ظرف
ظرب

۱۲۱۲
۱۲

ظربی (کسف) ظرباء (کسفسم) اسم جمع —
ظربانۃ (فسکفسف) سانپ —
ظرر (ضفف) پتھر یا گول پتھر تیز —
ظررۃ (ضفف) ظران (ضتفس) جمع
ظرظور (ضسفس) یعنی ظررۃ یعنے پتھر جسکے کنارے تیز ہون —
ظرف (فس) برتن وہ چیز کہ اسمین کچھہ رکھین زمانہ ہو یا مکان — ظروف (ضفس) جمع عقلمندی —
ظرف (فس) ظرافۃ (فسف) (ک) زیرک اور ماہر ہو جانا —
ظروری (فسف) زیرک و ماہر —
ظری (فف ہ س) زیرک ہوجانا —
ظری (فس) (ض) جاری اور روان ہونا — پیٹ چلنا —
ظریاطۃ (کسفسف) ایک سرشت کی زمین —
ظریر (فکس) پتھریلی زمین سخت زمین — منارہ جسسے راہ کو پہچانین — ظران (ضتفس) اظرۃ (فکتف) جمع —
ظریف (فکس) عقلمند دانا —

ظرفاء (ضفففسم) ظروف (ضفض) ظراف (کفس) ظریفون (فکسفس) ظرائف (ضفس) جمع — یہہ لفظ جوان مرد اور جوان عورت کی صفت مین واقع ہوتے ہین بڈہون کی صفت مین نہین واقع ہوتے —
ظش (فت) سخت جگہہ —
ظعام (کفس) ہودج کی رسی — یا رسی جس سے بوجھہ باندہین —
ظعان (کفس) رسی جس سے ہودج اور بوجھہ باندہین —
ظعن (فس) (ف) جانا کوچ کرنا
ظعون (فضس) کھیتی کا اونٹ اونٹ جسپر شقدف باندہین —
ظعینۃ (فکسف) ہودج — شقدف عورت جب تک کہ ہودج مین ہووے
ظعن (ضمس) ظعائن (فسک) اظعان (فسفس) جمع
ظف (فت) تلخ زندگانی — ترش کی گرانی —
ظفار (فس) یعنی اظفار (فسفس) کہ ایک خوشبو ہی یعنے نکہ —
ظفار (فس) (ض) ناخن مارنا —

ظفر (ضس ضض وکس) ناخن - اظفار (فسفس) اظافیر (فغسک) جمع - ناخنہ چشم کمان کے گوشے کوئی چنانچہ کہتے ہین مَا بِالدَّارِ ظُفْرٌ گھر مین کوئی نہین -

ظُفْرُ الْقِشْرِ ایک گھاس ہی -

ظُفْرُ الْقِطِ ایک اور گھاس ہی اور کہتے ہین کہ رَأَیْتُہُ بِظُفْرِہٖ یعنے مین نے اپنے آپ اُسے دیکھا ہی -

ظفر (فف) ہموار پست زمین گھاس بھری -

ظَفَر (فف) (س) آنکھ مین ناخنہ ہو جانا - فتحمند ہونا مراد کو پہنچنا -

ظِفِر (کک) مرد کہ جس کام کا ارادہ کرے اُسے حاصل کرے -

ظفرۃ (ضسف) ایک گھاس ہی تیز زبان گو جھلا دینے والی -

ظُفْرَۃُ الْعَجُوْزِ ببول کی پھلی -

ظفرۃ (ففف) ناخنہ چشم -

ظفرۃ (کفف) آنکھ جس مین ناخنہ نکلا ہو - فتحمند و کامیاب مرد -

ظفف (ففف) کثرت عیال - تنگ حالی -

ظفوف (ضفضس) (ن) اونٹ کے چارون پاؤن کو اکٹھا کرکے باندھنا -

ظفیر (فکس) وہ شخص کہ جس چیز کا ارادہ کرے اُسکو حاصل کرے -

ظل (کت) سایہ - ظلال (کفس) ظلول (ضفضس) اظلال (فسفس) جمع - جنت - راحت و نعمت - خیال جو دیو پری وغیرہ کا آوے - ارجمندی - مضبوطی - کپڑے کا رُوان - رات یا رات کا ٹکڑا - کالبد - ہر چیز کا کالبد - شروع جوانی - پناہ - ناحیہ پوشش - لباس - پہناوا -

ظِلُّ الْقَیْظِ گرمی کی سختی ہی -

ظِلُّ السَّحَابِ ابر یا اُسکی سیاہی جو آفتاب کو ڈہانک لیوے -

ظِلُّ السَّیْفِ قرب سے کنایہ ہی اتنا کہ تلوار اُسکے سر پہ ہووے -

ظِلُّ الْعَرْشِ رحمت خدا یا بہشت یا سایۂ رحمت یا سایۂ طوبیٰ یا سایۂ عرش -

ظِلُّ النَّہَارِ دن کا رنگ جبکہ آفتاب غالب ہو -

ظِلُّ اللَّیْلِ رات کی تاریکی -

مادہ

۲۲۷

ظل

۱۲

شاید فوتیدہ ہی اور اس سے مراد بیوہ (؟) ہی ۱۳۱۲ حکیم محمد حبیب الرحمن صاحب عفا اللہ عنہ ۱۲

مادہ

ظلل

ظِلٌّ ظَلِیْلٌ سایہ دائمی

ظَلَّ نَہَارَہٗ یَفْعَلُ کَذَا یعنے تمام رات ایسا کرتا ہے۔

ظُلَّاعٌ (ضفس) ایک بیماری ہے جو چوپائے کے پانؤمیں ہوتی ہے بغیر تعب سفر کے۔

ظِلَالٌ (کفس) سائبان بہشت باغ۔ ابر کا سایہ۔

ظِلَالُ الْبَحْرِ دریا کی لہرین۔

ظَلَالٌ (فقس) جو چیز کہ تمہیں سایہ ڈالے

ظُلَالَۃٌ (کفسف) ابر کہ اکیلا دکھائی دیوے یا ابر جسکا سایہ تم زمین پر دیکھو

ظِلَالَۃُ الظِّلِّ جس سے سایہ کیا جاوے۔

ظُلَالَۃٌ (فقسف) کالبد۔

ظُلَّامٌ (فقس) اول شب کی تاریکی یا تاریکی۔

ظَلَّامٌ (فتقس) بہت ظلم کرنیوالا ایک گھاس ہے نرم شاخ کی تر اور تازہ اور لچنی۔

ظُلَّامٌ (کفس) ایک قسم کی گھاس ہے نرم اور تر جسکی شاخیں لچنی ہوتی آسان۔ ہر چیز پر تھوڑی سستم کرنا۔

ظُلَامَۃٌ (ضفقسف) انصاف۔ دادخواہی

ظِلَّۃٌ (فتقف) ایک جگہہ کی اقامت صحت۔

ظُلَّۃٌ (ضتقف) سائبان۔ سائبان چھوٹا سا۔ اول ابر جو سایہ ڈالے۔ ہر درخت سایہ دار۔ چبوترہ وغیرہ پٹا ہوا کہ جسکے سایہ میں گرمی جاڑے میں بیٹھیں۔ ظُلَل (ضفض) ظلال (کفس) جمع۔

ظُلَّۃُ الظِّلِّ جس سے سایہ کریں

ظِلَّۃٌ (کتقف) سائبان۔

ظُلْظُلٌ (ضسفض) کشتیان۔

ظَلَعٌ (فتس) شان وحالت۔

ظَلَعٌ (فس)، (ف)، لنگڑانا۔ زخم کھانا تنگ ہونا۔ نر کا مشتاق ہونا۔ حق سے میلان کرنا۔

ظَالِعٌ (فقف)، (س)، آدمیون کی کثرت کے سبب جگہہ اور زمین وغیرہ کا تنگ ہونا۔

ظَلَفٌ (فتس)، ناچیز ورائگان۔ تنگی زندگانی۔

ظَلَفٌ (فتس)، (ض)، باز رکھنا۔ روکنا۔ قوم کی پیروی کرنی۔

سُم پر مارنا۔
ظَلَفَت (فس)، ظلوف بتقصیر (ض ن)، سخت زمین مین چلنا تا کہ اُس زمین پر اثر نہووے۔
ظَلَفَ اثرہ پانو کا کھوج مٹایا تا کہ کوئی اُسکی پیروی نکرے۔
ظَلِفَت (فقت) (س)، سخت ہو جانا
وَظَلِفَ عنہ رک رہا۔ سختی زندگانی۔
ظَلَف (فک) بلند جگہہ پانی اور کیچڑ کی
ظَلَفُ النفس نفس کی پاکیزگی
ظَلفاء (فسفسم) سخت پتھر یا زمین برابر لمبی پھیلی ہوئی۔
ظَلِفَة (فکف) سخت زمین جو اثر نہ قبول کرے۔ پالانکی چار لکڑیون مین سے ایک لکڑی۔ ظلف (کف)، ظلفات (ککفس) جمع۔
ظَلَل (فف)، درختون کے نیچے کا پانی جسپر دہوپ نہ پڑے۔
ظَلَم (فس)، برق۔ دانت کی آبداری اور اُسکی صفائی اور چمک یعنی شدت سپیدی سے دانت کی ہڈی مین سیاہی سی نمایان ہووے جیسا تلوار کا جوہر ظلوم (ضض) جمع۔

ظَلَمَ ظَلماً ستم کیا۔ ایک چیز کو اُسکی غیر جگہہ مین رکھا۔
وَظَلَمَہ حقہ کسی کا حق گھٹا دیا۔
وَظَلَمَ الارض نے کھدی زمین کو کھودا
وَظَلَمَ البعیر اچھے بھلے چنگے اونٹ کو ذبح کیا۔
وَظَلَمَ الوادی ندی کا پانی حد سے زیادہ ہوا۔
وَظَلَمَ الوطب دودہ کو دہی کرنے سے پہلے کھایا۔
وَظَلَمَ الحمار الاتان گابھن گدہی پر چڑہ بیٹھا گدہا۔
وَظَلَمَ القوم کھلادیا قوم کو دہی جما ہوا
وَظَلَمَ الطریق رستے سے اور طرف کو ہو گیا۔
ما ظَلَمَک ان تفعل کذا یعنی کس چیز نے تجھکو اس کام کے کرنے سے روکا۔
ظُلم (ضس)، چیز کو نہ ٹھکانے رکھنا۔ ستم۔ ستم کرنا۔ ظلام (کفس) جمع۔ تاریکی۔ شرک۔ سوا خدا کے اور کو پوجنا۔
ظَلَم (فف)، کالبد۔ پہاڑ۔ ظلوم

مادہ
۲۲۹
۱ ظلف
۲ ظلل
۳ ظلم
۱۲۱۲
۱۳

مادہ
۱ ظلم
۲ ظلف
۳ ظلم
۴ ظلف
۵ ظلل
۶ ظلم
۷ ظماء
۱۲

(ضفس) جمع -
ظَلِمَ (فف) (س) اندہیرا ہونا -
ظَلَم (کف) ایک گھاس ہے جو ترا و رلنبی اور نرم شاخ کی ہے -
ظُلَم (ضف) تین شب یعنے انیسوین بیسوین - اکیسوین راتین -
ظَلْمَاء (فسفسم) تاریکی - بہت تاریک رات -
ظُلْمَة (ضسفت) تاریکی - اندہیرا - عذاب - شدت - ظلم (ضفض)
ظلمات (ضصفض) جمع -
ظُلِمَة (ضکفت) اندہیری -
ظُلُوفٌ (ضضفس) **ظِلَف** (ضتف) کرٹے اور کھرے سُم -
ظَلُوم (فضس) بڑا ظالم -
ظَلِیف (فکس) بد حال - ذلیل و خوار - سخت جگھہ - دشوار کام - بلائے شدید - سختی و درشتی - گردن کی جڑ
ظلف (ضضس) جمع - تمام و کامل -
ظَلِیْفُ النَّفْس عزیز النفس -
ظَلِیْلٌ (فکس) سایہ دار - سایہ والی جگھہ - یا سایۂ دائم - ٹھنڈا سایہ
ظَلِیْمَة (فکسفت) ندی کی گہرائی

مرغزار جسمین درخت بہت ہون -
ظلائل (ففسک) جمع -
ظَلِیْم (فتکس) بہت ظلم کرنیوالا -
ظَلِیْم (فکس) نر شتر مرغ - ظلمان (کسفس) جمع - وودہ جو دہی ہونے سے پہلے کھایا جاوے -
ظَلِیْمَة (فکسفت) دادخواہی - دودہ جو دہی ہونے سے پہلے کھایا جاوے -
ظِمْء (کس) آرزومندی - اونٹ کے پانی پینے کی دو نوبت کے درمیان کی مدت - اونٹون کو گھاٹ پر دوبارہ لانے کے درمیان کی مدت - اظماء (فسفسم) جمع - پیاس
ظِمْءُ الْحَیٰوۃ وقت ولادت سے وقت موت تک -
ظَمَاءٌ (فف) **ظَمَاء** (ففم) **ظَمَاءَة** (ففسفت) (س) پیاسا ہونا یا سخت پیاسا ہونا - کسی کیطرف آرزومند ہونا
ظَمَاءَۃُ الرَّجُل مرد کی خصلت اور طبیعت زشت اور اُسکی اپنی ہم صحبتون کے نسبت نا موافقی -
ظَمْآن (فسفم) پیاسا - ظماء (کفسم) ظماء (ضفسم) جمع -

ظمآئی (ضنسف) ہونٹ ظمآن (ضسفم) تیز ہوا پیاس لگانے والی۔
ظلمخ (کف) ایک درخت درخت چنار کے مشابہ۔ درخت انجیر۔
ظلمخۃ (کفف) ایک درخت۔
ظمی (فک) پیاسا۔
ظمیاء (فنفسم) سیاہ اونٹنی۔ گندم گون ہونٹھ مرجھائے ہوئے۔ کم گوشت آنکھ۔ باریک پلک کی دُبلی پنڈلی۔ مسوڑھے جنمیں خون کم ہو۔
ظنّ (فت) گمان یعنی قریب یقین۔
ظنون (ضنقس) کی جمع۔ اظانین (فقسکس) جمع
ظنّ (فت) (ن) گمان کرنا۔ جاننا۔ یقین کرنا۔
ظنب (کس) درخت کی جڑ۔
ظنبۃ (ضنسف) سقنے جو سوفار کے نزدیک پیشانی۔
ظنبوب (ضسفنس) ساق کا اگلا کنارہ یا ساق کی خشک ہڈی۔ یا ساق کی ہڈی کی طرف۔ ظنابیب (فقسکس) جمع۔
ظنّۃ (کتقف) تہمت ظنن (کفف) جمع
ظئمۃ (ففقف) دودھ ایکبار سینے کے

لائق کہ اُسمین سے مسکہ نہ نکالا ہو۔
ظنون (فقس) مرد سست کم حیلہ شرافت والی عورت۔ خاندانی کہ جسکے سبب اُس سے نکاح کرین۔ بدگمان مرد۔ کوان کہ اُسمین کے پانی کا حال نہ معلوم ہو کہ ہی یا نہین۔ کم پانی کا کوان۔ قرض کہ معلوم نہو کہ ادا کیا گیا یا نہین۔
ظنین (فکس) تہمت کیا ہوا۔
ظوار (ضفقس) چولھا۔
ظواہر (ففسک) اشراف لوگ۔
ظَوَاہِرُ الْاَرْض زمین کی ہویدگی اور بلندیان۔
ظوُرۃ (ضنسف) احمق مرد۔
ظوری (ضنسف) گائے سست انگیا آئی ہوئی۔
طَوْقَ رَقَبَتِہٖ اور ظَافَ رَقَبَتِہٖ یعنی پوست گردن اور مراد اس سے کل اور تمام شئی ہے۔
تَرَکْتُہٗ یَظُوْفُہَا وَ یَظَافُہَا یعنے چھوڑا مین نے اُسکو اکیلا۔
جَائَنِیْ یَظُوْفُہٗ وَ یَظَافُہٗ یعنے آیا در حالیکہ وہ رکرتا تھا اُسکو۔

ظمی
ظمخ
ظمی
ظمی
ظمن
٢٣١
ظن
ظنن
ظنم
ظنن
ظائر
ظنر
ظائر
ظوف
١٢

ظؤور (فقفس) اونٹنی جو غیر کے بچے پر مہربان ہو۔
ظؤورۃ (فقسف) بمعنی ظؤور
ظُہار (ففس) ظاہر زمین سنگستان
ظُہار (ضفس) گروہ اور جماعت
ظُہارۃ (کفسف) کپڑے کا ابرہ۔
ظہارۃ (فقسف) (ف) قوی پشت ہونا۔ مست جانا۔ اونٹ کو حاجت کے لیے آمادہ کرنا۔ حاجت کو بھول جانا
ظہاریۃ (ضفسکت...) کشتی کا داؤ ہے یعنے پیٹھ سے حریف کو پچھاڑنا۔ اولٹا لٹا کر جماع کرنا کنایۃ
ظُہر (ضس) پیٹھ۔ اظہر (فسفض) ظہور (ضضس) ظہران (ضسفس) جمع۔ پیٹھا ہوا جانور۔ پرانی ہانڈی بہت سا مال۔ ایک چیز پر فخر۔ مرغ کے بازو کے پروں کی جانب پیچ پر کوتاہ۔ ظہران (ضسفس) جمع۔ جنگل کی راہ۔ بلند و سخت زمین۔ حدیث۔ خبر۔ جو چیز کہ تم سے غائب ہے پیٹھ کے پیچھے کی چیز۔
ظُہر (فس) (ض) پیٹھ پر ایک چیز لگنی۔

ظُہر (ضس) زوال آفتاب کے بعد۔
ظَہَر (ففف) پیٹھ کا درد
ظَہِر (فک) جسکی پیٹھ مین درد ہو
ظُہرۃ (ففقت) گھر کا اسباب۔ مرد کا قبیلہ۔ کنبہ۔
ظُہرۃ (ضسف) کچھوا۔ مددگار۔ مرد کا قبیلہ
ظِہرۃ (کسف) یار و مددگار۔ مرد کا قبیلہ۔ کنبہ۔
ظِہری (کسکت) بھولا ہوا اور پیٹھ کے پیچھے ڈالا ہوا یعنی جسکو بھول گئے ہوں۔ اونٹ جو حاجت کے لیے آمادہ ہو۔
ظُہور (ضضس) (ف) آشکارا ہونا۔ کوٹھے پر چڑھنا۔ مددگاری کرنی۔ غالب ہونا
ظَہِیر (فکس) جسکی پیٹھ مین درد ہو اونٹ وغیرہ۔ قوی پشت۔ مددگار۔
ظُہیر (ضفقس) ایک گروہ ہے۔
ظَہیرۃ (فکسف) گرمی کے موسم کا دوپہر۔ قوی پشت اونٹنی۔ ظہائر (فففسک) جمع۔
ظَہی (فت) شہد۔
ظِہیاۃ (کسف) احمق مرد۔
ظَہیار (فکفس) اونٹنی کی ناک کو غاسہ

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

سے باندھتا تاکہ غیر کے بچے پر مہربان ہو وے اور غمامہ ایسی کام سے لیئے ایک چیتھڑا ہوتا ہی کہ اس سے وہ ناقہ اپنے بچے کو نہیں جان سکتی –

ظیان (فتقس) شہد جنگلی یا یاسمین ایک گھاس ہی جسکے پتے سے چمڑے پکاتے ہیں –

ظیۃ (فتق) مردار جو پڑا اپڑا سڑ گل گیا ہو –

ظئیر (کس) غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی اور اسپر مہربان - آدمی ہو یا غیر – اظؤر (فسقض) اظآر (فسقم) ظؤر (ضقض) ظؤورۃ (فسقم) ظؤار (ضقم) ظؤرۃ (ضسف) جمع – نخل کا کھمبا - ستون کہ جس سے دیوار کو قوت حاصل ہو –

باب العین المہملہ

عا (فس) ایک کلمہ ہی جس سے بھیڑ کو ڈانٹتے ہیں –

عائب (فس) بمعنی عیب –

عائد (فسک) تنگ و چارہ والا مرد

عائر (فسک) گذرنے والا آنیوالا - مذکر و مونث برابر ہی –

عابر سبیل مسافر –

عابرۃ (فسکف) محاورے کی بول چال –

عابس (فسک) ترش روئے شیر –

عابیۃ (فسکف) خوبصورت حسینہ عورت

عات (فسک) متکبر - حد سے گذرنے والا - عتی (ضکث) جمع –

عاتر (فسک) فرج جسکا منہ شہوت کے سبب کھلا ہوا ہو - عتر (ضقع)

عاتق (فسک) آزاد - پرانی شراب جس سے مہر اوٹھالی ہو - پرانی مشک فراخ - نوجوان لڑکی یا نو بالغ لڑکی یا بے نکاح عورت یا جوان عورت باپ کے گھر میں رہی ہوئی - کندھا - چادر پہننی کی جگہہ کندھے پر کندھے اور گردن کے بیچ - عتق (ضقض) - قمری کا سرخ رنگ کی چوزہ مرغ کا جس نے قوت پکڑی ہو اور اوڑنے لگا ہو –

سنگخوارہ کا چوزہ ۔ کبوتر کا بچہ کہ ابھی
قوت اُسمین نہ آئی ہو ۔ عواتق (فسک)
جمع ۔ سب معنون مین
عاتقہ (فسکت) پُرانی کمان سرخ
رنگ کی ۔
عاتک (فسک) جوانمرد ۔ رنگ
سے سے میل رنگ ۔ گڑگڑانے والا
اصرار کرنے والا ۔ ایک حال سے
دوسرے حال کیطرف پھرنے والا
سرخ پرانی کمان ۔ صاف وپاکیزہ نبیذ
عاتکہ (فسکت) خوشبو مین آلودہ عورت
پرانی کمان سرخ ۔
عاتم (فسک) مہمان ۔ رات کے وقت
آنے والا ۔ دیر کی مہمانی ۔
عاتمات (فسکفس) ستارے جو
تیرگی ہوا سے پوشیدہ ہو جاوین ۔
عاتن (فسک) قوی ۔
عاتہ (فسک) آزردہ کرنے والا ۔
کسی کی بات کو نقل کرنے والا ۔
عتہاء (ضفسم) جمع ۔
عاثور (فسفس) جاہی ہلاک ۔ جائے
سختی ۔ اونگھی ۔ ایک گڑھا جسے
شیر وغیرہ کے شکار کے لیئے کھودتے ہیں

عافی (فسک) تباہ وخراب کرنیوالا ۔
عثاة (ضفقس) عثی (فسکت) جمع ۔
عاج (فس) ایک دریائی چوپایہ کی
پیٹھ کی ہڈی ۔ کچھوے کی پیٹھ کی ہڈی
کہ جسکی کنگھیان بناتے ہین ۔
غریب اور تابعدار اونٹنی ۔ ہاتھی کی ہڈی
عاج اونٹنی کے لیئے دانٹ ہے ۔
عاج عاج ایک کلمہ ہے جس سے
اونٹنی کو روکتے ہین ۔
عاجز (فسک) سست وناتوان ۔
عواجز (ففسک) عجزة (ففف) جمع ۔
عاجف (فسک) شق
عاجل (فسک) بے مہلت ۔ ترت
شتاب وسریع ۔
عاجلہ (فسکف) بے مہلت ۔ ترت
ابھی ۔
عاجن (فسک) اونٹنی جسکے پیٹ
مین بچہ قرار نہ پکڑے ۔ اونٹنی جو کہ
چلنے مین ہاتھ زمین پر دیدے
وہ رہے ۔ بڈھا جو ضعف کے سبب
زمین پر ہاتھ ٹیک کر اوٹھے ۔
عاجنة (فمکان) جگہ کا بیچ ۔
عاد (فس) آدمی ۔

ماده:
عتق
عتک
عتم
عتن
عتہ
عتو
عثر
عثی
۲۳۴
عجج
عجب
عجف
عجل
عجن
عجو
[illegible]

عَادَۃ (فسفت) خو۔ عادات (جمع)،
عید (کس)، عادات (فسفضس) جمع۔
عَادِر (فسک) بڑا [illegible]
عَادِقُ الرَّای مرد جسکی تدبیر [illegible]
عَادِل (فسک) منصف۔ عدول
(ضفضس) جمع مشترک۔ والی اور حاکم
جو تابع حکم خدا ہو۔
عَادِن (فسک) اونٹنی چارے پر ایک
جگہہ رہنے والی چراگاہ کی مقیم۔ اور
ہمیشہ چھاؤ چرنے والا۔
عَادِی (فسک) ظالم۔ جو دشمن
عدی (کف)، و(ضف) جمع۔ شیر
عَادِی (فسکت) ہر چیز پرانی۔
عَادِیَۃ (فسکفت) ایک فوج [illegible]
لوگ جو لڑنے کو جاوین یا پیادے
جو حملہ کرین۔ اونٹ چھاؤ چرنے
والا۔ عواد (ففسکب) جمع۔ اونٹ
جو فسطاط ان مین رہتے ہون اور
شورہ گھاس کیطرف میل نکرین
سخت دوڑنے والے اونٹ۔
ظلم۔ دوری۔ ایک کام جو تمکو ایک
چیز سے روکدے۔
عَاذِب (فسکس) وہ کہ جسکے اور

آسمان کے درمیان مین کوئی چیز
حائل نہو وے۔ شدت تشنگی کے
سبب چارہ کھانے سے رک رہا ہو
چوپایہ کہ پانی اور چارا نکھاوے
عَاذِر (فسک) خون استحاضہ کی
رگ۔ چوٹ کا نشان۔ پلیدی۔
عذرہ خواہ مرد۔
عَاذِرَۃ (فسکفت) خون استحاضہ
کی رگ چوٹ کا نشان۔ پلیدی۔
عَاذِل (فسک) ملامت کرنیوالا
عذلۃ (ففقف) عذال (ضفتفس)
عذل (ضفتف) جمع۔ خون استحاضہ
کی رگ۔ زمانہ جاہلیت مین شعبان
یا شوال کا نام۔ عواذل (ففسک) جمع
عَاذُور (فسضس) بدی و فساد
داغ و نشان۔ عواذیر (ففسکس) جمع
عَاذِیَاء (فسکفسم) گلے کی
ایک بیماری ہے۔
عَار (فس) عیب۔ ننگ۔ فضیحت
و دشنام۔ جو چیز کہ عیب اسمین لازم ہو
عَارِب (فسک) بہت پانی کی نہر
عَارِبَۃ (فسکفت) بہت پانی کی نہر۔
عَارَۃ (فسفت) منگی ہوئی چیز مستعار

[illegible]
۲۳۵
عذر
عذر
عذر
عذر
عذر
عرب
عور
۲۱۲
۱۲
لغۃ [illegible]

عَارِج (فسک) پوشیدہ و غائب
عَارِد (فسک) سے نکلنے والا۔
ایکطرف ہونے والا۔
عَارِض (فسک) بیمار اونٹنی ۔
یا شکستہ یا آفت رسیدہ ۔ آدمی کا
رخسار ۔ سامنے کا دانت ۔ ابر جو
آسمان کے کنارے کنارے ہو
پہاڑ ۔ پردہ وغیرہ جو تمکو آگے بڑھنے نہ
دیوے ۔ گردن ۔ چہرہ کی دونون
طرفین ۔ دہن کی دونون جانبین
یا باچھیں ۔ ٹڈی دل ۔
عَارِضُ الجُنْد سالار لشکر ۔
عَارِضَة (فسکف) صفحہ رخسار ۔
حاجت ۔ حادثہ ۔ بیمار آفت رسیدہ
اونٹنی جسکو ذبح کرین ۔ دانت یا
دانت جو منہ کے عرض مین ہو ۔
عَوَارِض (ففسک) جمع ۔ وہ چیز کہ
تمھارے پیش آوے ۔ دروازے
کے اوپر کی لکڑی جسپر کواڑ پھر
سر درگے برابر کا پٹا جسمین جوڑ
رہتا ہے ۔ کنارہ ۔ دروازہ کا پشتیبان
شہتیر ۔ زبان آوری و تیز زبانی ۔
چستی و چالاکی و دلیری ۔ امور مین
رسائی ۔ کلام وغیرہ پر قوت و قدرت
عَارِضَةٌ مِنَ الوَجْهِ جسقدر کہ
ہنستے وقت منہ سے ظاہر ہو ۔
عَارِف (فسک) دانا و شناسندہ
مرد صابر ۔ امر المعروف ۔
عَارِفَة (فسکف) پہچانا ہوا ۔ بھلائی
عَوَارِف (ففسک) جمع ۔
عَارِك (فسک) اونٹ جسکے
کہنی کی خارش کے سبب بازو
گھٹ گیا ہو ۔ حائض عورت ۔ عَوَارِك
(ففسک) جمع ۔
عَارِم (فسک) سخت و شدید ۔
نہایت سردن ۔ پلید مرد ۔ شوخ
خوش و خرم لڑکا ۔ ایک کبوتر ہی
عَارِن (فسک) شیر ۔
عَارِنَة (فسکف) دور بعید کو کہتے ہین
دیا گہ عَارِنَة
عَارُورَة (فسضسف) مرد کی بدحالی
نر اونٹ کے کوہان کا نجس ۔
عَارِي (فسک) برہنہ ۔ ننگا ۔
عُرَاة (ضفف) جمع ۔
عَارِيَة (فسکف) مونث عاری ۔
مستعار چیز ۔ دور بعید ۔

علامات اعراب ضمہ فتحہ کسرہ محض ضمہ و فتحہ کسرہ سکون تشدید مد

مادہ		
عسل	**عوارِیۃ** (فسکت) ہر چیز مانگی ہوئی۔ عواری (فسکت) جمع۔ **عَازِرٌ** (فست) طویل و دراز پہاڑ۔ **عَازِبٌ** (فسک) پانی اور گھاس سے دور۔ اونٹ جو رات کو قبیلہ میں نہ آوے عزیب (فکس) جمع۔ بکریاں جو چراگاہ میں دور کو ہوں۔ **عَازِبَۃ** (فسکت) جو رو۔ اونٹ **عَازِفٌ** (فسک) ایک قسم کا باجا اور اوسکا بجانے والا جیسے ستار طنبور وغیرہ۔ مرد سرود گو گانے۔ **عَاسٌّ** (فست) شہر کے گرد رات کو پھرنے والا۔ پاسبان۔ عسس رونق۔ عسیس (فکس) جمع۔ **عَاسِرٌ** (فسک) دُم اوٹھا کر دوڑنے والی اونٹنی۔ **عَاسِفَۃ** (فسک) طاعون کی ماری ہوئی اونٹنی۔ اونٹنی جو مرنے کے نزدیک ہو اور سینہ وجہ اُسکی سانس پھولی ہو۔ **عَاسِلٌ** (فسک) شہد توڑنے والا خوب لٹکتا ہوا نیزہ۔ نیک و صالح مرد عسل (فضص) جمع۔ بھیڑیا۔ عسل ضمیمت	عواسل (فسک) جمع اور ستودہ کردار نیک عمل آدمی کہ اُسکی بھلائیوں کے اظہار سے اُسکے شہد کی طرح شیریں کریں۔ **عَاسِلَۃ** (فسکف) شہد کی مکھی شہد سے بھری۔ [9] **عَاسِمٌ** (فسک) عیال پر رنج اور سختی پہنچانے والا۔ مرد حریص۔ [10] **عَاسِنٌ** (فسک) تنگ جگہ۔ [11] **عَاسِیٌ** (فسک) کھجور کا درخت شاخ خرما۔ [12] **عَاشٍ** (فسک) رات کے وقت کھانے والا مرد۔ رات کے وقت قصد کرنے والا۔ [13] **عَاشِبٌ** (فسک) شہر جس میں گھاس بہت ہو۔ تر گھاس چرنے والا اونٹ۔ **عَاشِبَۃ** (فسکف) زمین جس میں گھاس بہت ہو۔ [14] **عَاشِرٌ** (فسک) دسواں حصہ لینے والا۔ دسواں۔ [15] **عَاشِرَۃ** (فسکف) قرآن شریف کی دس آیتوں میں سے دسویں آیت

مادہ (حاشیہ): عوز، عزب، عزف، عسس، عسر، عسف، عسل — ۲۳۸ — ۸ عسل، ۹ عسم، ۱۰ عسن، ۱۱ عسی، ۱۲ عشو، ۱۳ عشب، ۱۴ عشر — ۱۲۶۲ — ۱۲ — طاعون ایک

[illegible]

عواشر (فسک) جمع - جوئی کا حصہ قربانی کے اونٹ - ہر پرند جانور کے بازو کی نوک کے پر - اعشار (فسفسر) جمع - بجہ کا علم ہے -

عَاشِق (فسک) عشق کرنیوالا - مذکر و مونث برابر ہے عاشقہ (فسکف) مونث بھی آتا ہے -

عَاشُورَاء (فسفسفسم) محرم الحرام کی دسوین یا نوین اور اسیکو عشوراء (فستسفم) عاشوری (فسفسف) عشوری (فسسف) اور عاشور (فسفسر) بھی کہتے ہین -

عَاشِیَة (فسکف) رات کے وقت چلنے والا اونٹ -

عَاصٍ (فس) نافرمان -

عَاصَ (فس) عوص (فف) (س) دشمن پر کام پیچیدہ کرنا -

عَاصِب (فسک) بہت بھوکھا کہ جس نے بہت بھوکھ کے سبب کمر پر پتھر باندہ لیا ہو - سرخ افق غبار ناک -

عَاصِد (فسک) اونٹ جو مرنے کے وقت کندہے کیطرف گردن موڑے -

عَاصِف (فسک) مائل اور خمیدہ ہر چیز - تیر جو نشانہ سے مائل اور کج ہو ہوا سخت - تیز ہوا والا دن -

عَاصِفَة (فسکف) سخت ہوا -

عَاصِل (فسک) سخت کھر دہرا تیر -

عَاصِمَة (فسکف) مدینہ کا نام ہے -

عَاصِی (فسک) رگ جسکا خون نہ تھمے - اونٹ کا بچہ جو ماں سے نفرت کرتا ہو - حماۃ کی نہر -

عَاضّ (فست) اونٹ جو کانٹے کھاوے -

عَاضِن (فسک) خوب مرفہ الحال خوش اوقات جسکا زمانہ موافق ہو -

عَاضَّة (فستف) یعنی عاض (فست) عواض (فسست) جمع -

عَاضِد (فسک) جو پاسے کیطرف جانے والا - اونٹ کہ اونٹنی کا بازو پکڑے اور اسے لٹا دے - گدھا جو گدہیون کو اطراف و جوانب سے گھیر لاوے -

عَاضِدَان (فسکفس) ندی کی پٹری پر کھجورون کی دو قطارین -

عَاضِر (فسک) باز رکھنے والا -

عاضہ (فسک)، عضاہ کھانیوالا اونٹ نر ہویا مادین۔ عواضہ (ففسک) جمع۔ عاضہۃ (فسکف) مونث۔ جادوگر۔

عاضہ (فسک) عاضہۃ (فسکف) سانپ جسکا کاٹا فوراً مرجاوے

عاطر (فسک) جو خوشبو کو دوست رکھے۔ عطر (ضفض) جمع۔

عاطس (فسک) صبح۔ ہرن کہ تمھارے آگے سے آوے۔ چھینکنے والا۔

عاطش (فسک) جوکہ پیاسا ہووے

عاطف (فسک) چادر۔ عطف (ضنس) جمع۔ ہرن جو بیٹھنے کیوقت گردن کو کج کرے۔ مہربانی کرنے والا۔ پھیر دینے والا۔

عاطفۃ (فسکف) رشتہ داری اور قرابت کی محبت۔

عاطل (فسک) بے زیور عورت عواطل (ففسک) عطل (ضفت) جمع

عاطنۃ (فسکف) سیراب اونٹ عطن میں سوئے ہوے عواطن (ففسک) عطون (ضضس) جمع۔

بحرین میں ایک لنگر گاہ ہے۔

عاطوس (فضس) وہ چیز کہ جس سے چھینکیں آوین۔ ایک جانور ہے جس سے فال بد لیتے ہیں

عاطوف (فضس) بمعنی عطوف اور تیر قمار کہ فائز المرام ہو۔

عاطی (فسک) پکڑنے والا۔ مثل ہے کہ عاطٍ بغیر انواط یعنے وہ کام کرتا ہے کہ جس سے کچھ فائدہ نہیں ہے

عاظب (فسک) بمعنی عظب ازمک

عاظل (فسک) دو تین ٹڈین اوپر تلے بیٹھی ہوئین۔

عاف (فسک) نرم و سہل۔

عافط (فسک) گوز مارنے والا۔

عافطۃ (فسکف) بکری۔ بخلاف نافطۃ کے کہ وہ بھیڑی ہے۔ لونڈی۔ چیر دانا۔

عافق (فسکف) ہر وارد و صادر و راجع مختلف۔ ہر طرف آنے جانیوالا۔ بہت آمد و رفت کرنیوالا

عافل (فسک) جو کہ بڑے کپڑے دن پر چھوٹا کپڑا پہنے۔

عافور (فسقض) بدی۔ جا ۔۔۔

ماده

۱ عضہ
۲ عطر
۳ عطس
۴ عطش
۵ عطف
۶ عطل
۷ عطن
۸ عطس
۹ عطف

۲۳۶

۱۰ عطو
۱۱ عظب
۱۲ عظل
۱۳ عوف
۱۴ عفط
۱۵ عفق
۱۶ عفل
۱۷ عفر
۲۱۲

عطن ... کثرت میں

ہلاک - سختی -

عَافِی (فسک) زائد - روزی چاہنے والا آدمی - چوپایہ - پرندہ وغیرہ بخشا ہوا - مہمان رزق کا چاہنے والا - وارد یعنی آاو ترنے والا - نیکی واحسان کا طالب - لینے والا - عفاۃ (ضفس) جمع - کثیرۃ العفاۃ یعنے وہ بہت مہمانون والا ہی - عاریت مانگی ہوئی دیگ مین کا شوربا - ہانڈی مین کا بچا ہوا کھانا - نیست ونابود کرنے والا

عفی (فسکت) جمع -

عَافِیَۃ (فسکف) خدا تعالی کا بندہ سے مکروہات کو دور کرنا - بیماری اور بلا اور مکروہات بدنی اور باطنی دین و دنیا اور آخرت سے سلامتی روزی چاہنے والا جانور - پرندے وغیرہ - عوافی (ففسک) جمع -

عَافِیَۃُ اللَّحْمِ بہت گوشت والی اونٹنی - عافیات (فسکفس) جمع -

عَافِیَۃُ الْمَاءِ پانی پر آنے والا ہو کثیرۃ العافیۃ وہ بہت مہمان دار ہی

عَاقٌ (فسنت) مان باپ کو ستانے والا اور اُنکا کہنا نہ ماننے والا - اور اُنکو ناخوش رکھنے والا -

عَاقِبٌ (فسنک) سردار کا نائب اور قائم مقام اُسکے بعد مین - اگلے لوگون کا امر نیک مین نائب اور خلیفہ اور پیروی کرنے والا - اونٹنی جو بچی کچی گھاس کھا دے وہ اونٹنی جو ایک بار پانی پیکر خوابگاہ مین جا دے اور پھر پانی پر آوے

عَاقِبَۃ (فسکف) ہر چیز کا انجام فرزند - آخر کام مین تامل -

عَاقِدٌ (فسنک) کوئین کی منڈیرہ ہرن ٹیڑہی گردن کئے ہوئے یا ہرن سرین پر گردن رکھے ہو اونٹنی جو اپنی دُم کو لپیٹے اور یہہ علامت حمل کی ہی -

عَاقِرٌ (فسنک) بانجھ عورت - بلند ریگ تودہ - عقر (ضتف) جمع - مرد جسکے فرزند نہو وے - ریت کہ جسمین کچھہ نہ اوگے - ایک ریگ تودہ ہی زن نظیر و بیعدیل عورت -

عَاقِ عَاقِ کوے کی آواز کی نقل -

عفو
عقب
عقد
عقر
عقق

ء عرب مین عاق عاق کہتے ہین ۱۲

عَاقِفٌ (فسنک) عقاف نر وہ بکری

عَاقِل (فسنک) دانا - خردمند - عقلاء (ضفتم) عقال (ضتفس) جمع

ہرن - مرد کے عصبہ کے لوگ کہ اُسکے وارث ہون جیسے باپ دادا اور اوپر تک اور پوتا پڑوتا اور نیچے تک -

عَاقِلة (فسکعف) مشاطہ - کنگھی - عقلمند عورت -

عَاقِلةُ الرَّجُل مرد کے رشتہ دار اور اقارب کہ جنپر دیت یعنی خونبہا تقسیم کرین -

عَاقُور (فسضس) زمین جس سے جانور کی پیٹھ لگجاے - کٹکھنا گدہا

عَاقُول (فسضس) دریا کی لہر منجدہار - ٹیڑہا نالہ - ٹیڑہی ہڈی - ریت کا ٹیلا - پوشیدہ اور خلط ملط کام - عواقیل (ففسکس) جمع - زمین جسکی ڈول بندی یا اور کسی طرح کا نشان نہو - ایک گھاس ہے

عَاکِب (فسنک) انبوہ - عکوب (ضضس) جمع -

عَاکِف (فسنک) گوشہ نشین - اپنے آپ کو روک رکھنے والا - عکوف (ضضس) جمع -

عَاکِل (فسنک) ٹھگنا - بخیل - بدفال - سبز قدم - عکل (ضفس) جمع

عَاکُوب (فسضس) گرد وغبار

عَاکِی (فسنک) مردہ - عکوہ فروش یعنی عکوہ کا حریص -

عَال (فسنت) جسکے اونٹون نے دوبارہ پانی پیا ہو -

عَالَة (فسفت) دو مرتبہ پانی پیئے ہوئے اونٹ -

عَالَة (فسنف) شتر مرغ - سایہ جسکے نیچے مینھ سے بچین -

عَالَة (فسنف) عیول (فضس) درویشی - فقر و فاقہ -

عَالِج (فسنک) علجان کھانے والا اونٹ - تہ بتہ ریت - عوالج (ففسک) جمع -

عَالِط (فسنک) شاعر کیونکہ باتون کو آراستہ کرتا ہے -

عَالِق (فسنک) علقی کھانیوالا اونٹ - کانٹ کھانیوالا اونٹ - عوالق (ففسک) جمع -

ماده

۱ عقف
۲ عقل
۳ عقر
۴ عقل
۵ عکب
۶ عکف
۷ عکل
۸ عکب
۹ عکی

۱۰ علل
۱۱ علل
۱۲ عیل
۱۳ علج
۱۴ علط
۱۵ علق

ماده
علك
علم
علہ
علو
عوم
عمم
عمر
۲۴۲
عمق
عمص

عالك (فسك) کھانا جو چبانے مین سخت ہو۔

عالم (فسك) دانا۔ علام (ضتفسر) جمع۔ ہونٹ چیرنے والا۔

عالم (فسف) مخلوق۔ یا جو کچھ کہ آسمان کے نیچے ہے۔ عالمون (فسفضس) عوالم (فضسك) جمع۔

عالہ (فسك) دبلی پتلی عورت۔ عورت جو مختلف اور کئی ارادے کرے اور کسی کو پورا نکرے۔ شتر مرغ۔

عالی (فسك) بلند۔

عالی الکعب مرد شریف۔

عالیۃ (فسكف) نیزہ کی نوک۔ انی۔ یا نصف نیزہ بھال کیطرف کا۔

عالیۃ الشئ اوپر کی چیز۔ ایک شی چوٹی کی۔

عام (فس) برس۔ اعوام (فسفس) جمع۔ دن۔

عام سنتۃ برس جسمین کال ہو۔

عام سنیم سال دراز۔

عامۃ (فسفف) سوار کا سر جو جنگل مین دور سے دکھائی دے۔ یا پگڑی سمیت سر کہ ظاہر ہو۔ پگڑی کا پیچ۔ مشک یا تونبے کہ جس سے پانی پر تیرتے ہین۔ گیہون یا کٹے ہوے چارا کا ایک گٹھا۔ عائم (فسك) جمع۔

عامۃ (فسقف) بیڑا لکڑیونکا کہ جسپر بیٹھ کر دریا سے پار ہو جائین۔ قیامت۔ جماعت۔ خلاف خاصہ۔ تمام جو چیز ہو۔

عامر (فسك) آباد۔ زیارت کرنے والا۔ عمار (ضتفس) جمع۔ بجو کا بچہ۔ سانپ۔

عامرۃ (فسكف) سانپ۔ عوامر (فضسك) جمع۔ درازی عمر کے سبب سانپ کو کہتے ہین۔

عامص (فسك) ایک قسم کا کھانا ہے۔

عامق (فسك) اونٹ جو عمقی گھاس کھاوے۔

عامل (فسك) کلمہ کہ جسکے سبب دوسرے کلمہ کی حرکت بدل جاوے۔ جیسے جاء زید و غلام زید اول مین جاء عامل ہے اس نے زید کو پیش کیا۔ دوسرے مین غلام عامل ہے

اعث یہہ معلوم ہوا ایسا ہی (عام سنیم) کے معنی ہین اور (عام) کا مادہ (عوم) ہے اور (سنیم) کا مادہ (سنم) ہے

اُس نے زید کو زیر کیا - عوامل
(فتسک) جمع - ہاتھ سے کام کرنے
والا - ہاتھ کا کاریگر - عاملون
(فسکفنس)، عمال (ضتفس)، عملہ
(ففقت) جمع -

عاملة (فسکفت) نیزہ کا سینہ جو
سنان کے قریب ہے -

عامہ (فسک) گمراہی مین سرگشتہ
وسرگردان - راہ بھٹکا ہوا -
عمہ (ضتفت) جمع -

عامی (فسک)
ایکسال کی خشک گھاس -

عامیہ (فسکفت) بہت رونے
پیٹنے والی عورت -

عانٌ (فسنت) لبنی رستی -

عانب (فسک) انگور والا -

عانت (فسک) لڑکی جو گھر مین
دیر تک سنے خاوند رہے -

عانتہ (فسفت) گدہی - گدہی کے
بچون کا ریوڑ - گورخر کا ریوڑ -
عون (ضنس) جمع - موی زہار -
یعنی پشمین پیڑو پر کے بال -

عاند (فسک) راہ سے پھر جا ہوا
اور حد - میلان کرنے والا - عند
(ضتف) جمع - ناحق پر جھگڑنے
والا - حق کو رد کرنے والا - سرکش
نیزہ جو چپ و راست مارا جاوے
پسینا جو بہ نکلے -

عانذة (فسکفت) ٹھوڑہی کی جڑ
کان کی جڑ -

عانس (فسک) لڑکی جو دیر تک
بے خاوند گھر مین بیٹھی رہی ہو -
عوانس (فتسک) عنس (ضس)،
عنس (ضتف)، عنوس (ضنفس)
جمع - مرد جس نے عرصہ تک نکاح
نکیا ہو - خوبصورت موٹا تازہ -
عانسہ (فسکف) مونث یعنی خوبصورت
موٹی تازی عورت -

عانقاء (فسکفسم) جنگلی چوہے کا بل -

عانک (فسک) ریت کا ٹیلا
اوپر سے جما ہوا - ریت کا ٹیلا جو
سخت ہو گیا ہو - تودہ سخت -
چمٹنے والا - ایک چیز کا لازم -
سخت عورت - سرخ -

عانی (فسک) مرد قیدی -
عناۃ (ضفنس) جمع - عانیہ (فسکف)

مادہ

۲ عمی
۳ عمن
۴ عن
۵ عنس
۶ عنن
۷ عنب
۸ عنت

۸ عن
۹ عنذ
۱۰ عنذ
۱۱ عنس
۱۲ عنق
۱۳ عنک
۱۴ عنو
۱۲۱۲
۱۲

عورت قیدی - عوانی (ففسک) جمع -

عَاہَتہ (فسفف) آفت -

عَاہِر (فسک) زنا کار -

عَاہِل (فسک) بزرگ پادشاہ - عورت جسکا خاوند نہو -

عَاہِن (فسک) عاجز - دیر گھر کا پیدا ہوا اونٹ - حاضر مقیم ثابت - لٹرا کاہل - کھجور کا پچھا لٹکا ہوا - اونٹنی کے بچہ دان کی رگ عضو - آدمی کے ہاتھ پانؤن - عواہن (ففسک) جمع -

رمی الکلام علی عواہنہ یعنے اوٹکلیس بات کہدی -

عَائِب (فسک) جما ہوا دودہ گاڑہا -

عَائِث (فسک) شیر -

عَائِج (فسک) ٹھہرا ہوا ٹھہرا ہوا -

عَائِد (فسک) پھیر آنے والا - بیمار کے دیکھنے کو یا عیادت یا ملنے کو آنے والا - عود (ضس) عواد (فستفس) عود (ضتفف) جمع -

عَائِدَة (فسکف) نیکی - عطا - بخشش - مہربانی - فائدہ - نفع -

پھیر آنے والا -

عَائِذ (فسک) ہرنی - گھوڑی - اونٹنی بکری وغیرہ جس نے نزدیک یعنی آج کل مین بچہ دیا ہو - عوذ (ضس) عوذان (ضسفس) جمع

عَائِر (فسک) آنکھہ کا درد - وہ چیز کہ جس سے آنکھہ مین درد ہو جاے آنکھہ مین جو کنکری پڑ جاے - چھوٹا سا آبلہ آنکھہ کے نیچے کے پپوٹے پر تیر اور پتھر جو آ لگے اور اسکے پھینکنے والے کی خبر نہو -

عَائِرَة (فسکف) بہت کہ آنکھہ مین نہ سماوے اور آنکھہ چندہیا جاوے

عَائِرَةُ عَیْنَیْنِ بہت چیز

عَائِس (فسک) اونٹون کو خوب ڈانٹنے والا -

عَائِش (فسک) نیک اور خوش حال مرد -

عَائِص (فسک) بکری جو برسون گابھن نہووے - عوص (ضس) جمع -

عَائِض (فسک) عوض دیا گیا فاعل بمعنے مفعول -

عَائِط (فسک) اونٹنی اور عورت

عوہ
عہر
عہل
عہن
عیب
عیث
عیج
عوذ
۲۴۴
عوص
عیص
عیش
عیس
عیط

کہ پانچ بھی نہو اور برسوں حاملہ نہووے
عوط (ضس)، عیط (کس)، عیط
(فتقس)، عوطط (ضسفت)، عیطات (فتسف)
(فتسفس)، جمع - اونٹنی جسکو نر دبالا
جاوے اور گابھن نہو -
عائف (فسک)، پرندوں وغیرہ
سے فال لینے والا - کھانے
پینے کی چیز کو ناپسند کرنے والا
ننگ رکھنے والا - پانی اور مردار
کی تلاش میں پرندہ گھومنے والا
عائق (فسک)، جو کہ آدمیوں کو
کاموں سے باز رکھے اور تاخیر کا
برانگیختہ کرے - جو تاخیر کرے
ہر چیز سے باز رکھنے والا -
عوق (ضتقف)، جمع -
عائل (فسک)، مائل - ترازو
ہر چیز غالب - درویش - نیازمند
عاجز - محتاج - عالہ (فسنف)،
عیل (ضتقف)، عیلی (ضسفت)، جمع -
عائلہ (فسکف)، خصلت -
جو دشوار ہو -
عائن (فسک)، آب جاری -
ای ۱۲ ...

عائشہ (فسکف)، اموال -
اور انکی نگاہبان -
عائہتہ (فسکف)، فریاد و خروش -
عب (فت)، (ن)، پانی پینا -
ڈول کا کوئیں میں پانی بھرتے
وقت آواز کرنا - ندی میں سے
منھ ڈالکر پانی پینا - یا گھونٹ گھونٹ
پینا یا ایکدم سے پینا - گھاس کا لمبا
اور انبوہ دار ہونا -
عب الشمس پرتو آفتاب -
عب (ضت)، ترنج - آستین کا
مونڈھا - چوبند -
عب (ضس)، پرتو آفتاب -
عب (ضس) ہدف، اسباب
درست کرنا - لشکر کا سامان تیار
کرنا - خوشحالی - بیدار رکھنی -
عب (کس)، بوجھ - بھاری
متاع - بوجھ کی گون - اعباء
(فسفنسم)، جمع -
عباء (فضسم)، خط دار کمبل - احمق
آدمی - موٹا گیندا بھدا - اعبئہ (فسکف)، جمع
عباءة (فضسف)، ایک قسم کا کمبل
عباءات (فضسفس)، جمع

ع ف
ع ق
ع و ق
ع ی ل
ع و ل
۲۴۵
ع و ن
ع ی ن
ع ہ
ع ب
ع ب ا
۱۲

۱ عجب
۲ عبد
۳ عبر
۴ عبرد
۵ عبس
۶ عبق
۷ عبقر

عباثب (کفنس) فخر و فرزوی میں مقابلہ کرنا۔

عباب (ضفنس) بزرگ تر یا بہت پانی کا بڑا نالہ۔ پانی کی پری اور کثرت۔ پانی یا رَو کی لہر کا اوپر چڑھنا ہر چیز کا اول اور اعلا۔

عبابید (ضفسکس) آدمیوں کا گروہ۔ گذرا ہوا گروہ پریشان و متفرق ہر طرف دوڑنے والا۔

عباد (کفنس) بندے عبد کی جمع۔

عبادۃ (کفسف) پرستش۔ بندگی۔ پوجا۔

عبار (فتفنس) اونٹ کہ ہر زمین سے گذر جاوے اور ہمیشہ سفر کرے۔

عبارد (ضفسک) نرم و نازک شاخ۔

عباس (فتفس) شیر۔

عباقار (ضفسفسم) مرد جو تمھارے پاس ہووے۔

عباقری (ضفسفکت) ایک قسم کا فرش۔

عباقیۃ (ضفسکف) مکار خوب عقلمند۔ بلا۔ ایک خار دار درخت جو بڑا چور انے والا۔ نامی چور۔ مکار۔

چیز لازم۔ ایک چیز کا اثر باقی۔ بار و ننگ۔

عباقیس (ضفسکس) چیزوں میں کی باقی رہی ہوئی۔

عباقیل (ضفسکس) بیماری اور محبت باقی رہی ہوئی۔

عبال (ضفنس) ایک قسم کے ورد کوہی کا درخت ہے بڑا جسکا عصا بناتے ہیں اور اسی درخت کا حضرت موسی علیہ السلام کا بھی عصا تھا۔

عبالۃ (ضفسف) دلدار اور تیار اور پورا جوان ہونا۔ گھوڑے کا سخت اور ہاتھ پانوں کا موٹا ہونا

عبالۃ (فتفسف) ثقل و گرانی۔

عبام (ضفس) عاجز۔ تھکا ہوا بھاری جسم کا۔

عبام (ضفس) بہت سا پانی۔

عبامار (ضفسفسم) احمق۔

عبامۃ (ضفسف) احمق ہونا۔

عباہر (ضفسک) اچھا لینا خوش تن۔

عباہل (ضفسک) اپنی حسب خواہش چھوٹے ہوئے اونٹ۔

عَبَایَۃ (ففسف) ایک قسم کا کمبل - ایک گھوڑا ہے - مرد سخت بڑا گران جسم -

عَبَّ (ضفش) اوچھلتا بہنا پانی

عُبَیۡبَۃ (فنقف) پانی کی ایک پیاس

عُبَیۡثَۃ (ضقف) حسب کا گنج ہے - یا بہیا ایک اور درخت ہے عجب (ففت) جمع -

عَبَثَ (فش) (ض) ملانا - عبثہ بنانا -

عَبَثَ (ففت) (س) کھیلنا -

عَبۡثَۃ (فسفف) ایکبار کھیلنا -

عَبِیۡثَۃ (ففقف) دشمن صورت - نیچ آدمی جو کچھ کہے یا دیر کہے - اور اسکا پاس نکرے - عجیر -

عَبۡد (فس) غلام خلاف حر - آدمی یا عبدون (فسکفس) عبید (فکس) اعبد (فسفس) عباد (کفس) عبدان (ضسفس) عبدان (کتفس) معبدۃ (فسفف) معابد (ففک) عبداء (کلتفسم) عبدی (کلتفس) عبد (ضفش) عبد (ففس) اعبوداء (فسقسفسم) جمع - اعابد (ففسک)

جمع الجمع - ایک خوشبودار گھاس ہے - چھوٹا سا پیکان چوڑا -

عَبَدَ (فف) غصہ - سخت کھجلی - عار - پشیمانی - ملامت نفس - حرص انکار -

عَبۡد (فض) غلام -

عَبِد (فک) بڑی غیرت والا -

عَبَدَۃ (ففف) قوت - موٹاپا - زندگانی - خوشبو گھسنے کا پتھر - ننگ و عار -

عَبۡدَل (فسفف) حضرموت کا نام - غلام و مملوک خلاف حر -

عُبُودِیَّۃ (فسکتف) بندگی -

عَبَرَ (فش) (ن) آنسو کا جاری ہونا - خواب کی تعبیر بیان کرنی کلام کی تفسیر بیان کرنی غمگین ہونا

عَبَرَ الۡقَوۡمُ (ن) مر گئے یا اور گذر گیا قوم -

عَبَرَ (فش) (ض ن) جھکے جھکے سو چکر پڑ بنا - پرندہ کو جھڑکنا -

عَبۡر (فس) عِبَارَۃ (کفسف) (ن) خواب کی تعبیر بیان کرنی - کلام کو بیان کرنا -

عَبۡر (فس) عُبُور (ضفس) (ن)

مادہ

عبی

عبب

٢٤٧

عبث

عبج

عبد

عبدل

عبد

عبر

١٢

عبر ۲۴۸

پانی سے پار ہونا۔ مرجانا۔ گذر جانا۔ راہ کو طے کرنا۔

عَبِر (ضنس) جسکے فرزند کی عورت عورت جسکا بچہ مرگیا ہو۔ تیر چلنے والا ابر۔ عقاب۔ آنکھ کی گرمی ہر چیز کی کثرت۔

عِبْرُالْوَادِی وادی کا کنارہ۔

عِبر (کفت) اعتبار۔ آنکھ کی گرمی

اَبُوْعَبْرَۃ بیہودہ بکنے والا۔ تمسخر کرنے والا۔

عُبُر (فک) مرد جسکے آنسو جاری ہوں

عُبْرُ اَسْفَار اونٹنی کہ جس زمین پر گذرنے چلی جائے۔ اونٹنی جو ہمیشہ سفر مین رہے۔ مذکر و مونث واحد و جمع برابر ہے۔

عُبْرَان (ضنفس) مرد جسکے آنسو جاری ہوں۔

عِبْرَانی (کسفسکت) یہودیون کی بولی۔

عُبَب (ضنسف) تمّم کہ ایک قسم کا ترش پھل ہے جسے کھانے مین ڈالتے ہین۔

عُبَیْبَۃ (ضفکتف) ہانڈی جسمین تمّم ڈالا ہو۔

عَبْرَۃ (فسنف) بیان اور تفسیر۔ آنکھ مین ڈبڈبایا ہوا آنسو۔ رونے کی ہچکی۔ غم۔ عبرات (ففس)۔ عبر (کف) جمع۔ آنسو بہانا۔ غمگین ہونا۔

عَبْرَۃ (ضسف) آنکھ کی گرمی ہر چیز بہت۔ گروہ۔

مُعْبَرَۃُ الْوَادِی وادی کا کنارہ اور اسکا ناحیہ۔

عِبْرَۃ (کسف) تعجب۔ نصیحت۔ عبر (کف) جمع۔

عَبِرَۃ (فکف) آنسو بہانے والی عورت

عُبْرُد (ضنسفض) سپید رنگ کی لڑکی تازہ بدن نازک اندام

عَثْبَثُ عُبْرُد باریک گھاس کا نام

عُبْرُود (ضنسفنس) نرم و نازک شاخ۔

عُبْرِی (ضنسکت) بیری کا درخت ساق دار کہ جو ندی کے کنارے پر اوگے بعض کے نزدیک کنارے کی ساق ہے یعنی جھڑبیری

عِبْرِی (کسکت) عِبْرَانی

زبان عبرانی —
عَبرِیٰ (فسف) آنسو بہانے
والی عورت - عباریٰ (ضفسف)
جمع - آنسو بھری آنکھ —
عَبَسٌ (فف) گوبر مینگنی وغیرہ
جو چوپائے کی دُم پر خشک ہو گیا ہو
عَبِسَ (فف) (س) مینگنی وغیرہ
کا جانور کی دُم پر خشک ہونا —
ہاتھ اور بدن پر پسینا کا خشک ہونا
عَبَس (فس) ایک گھاس ہے
فارسی میں شاہ اسپرغم یا سیسنبر اور
مصر میں برنوف کہتے ہیں —
عَبَس (فس)، عُبُوس (ضفس)
(ض) چہرہ کو ترش کرنا —
عُبُسر (فسف) قوی اور تیز رو اونٹنی
عَبَسُور (ضسفس) قوی اور
تیز رو اونٹنی —
عَبَشٌ (فس) بھلائی نیکی —
بیوقوفی - کم فہمی —
عَبَشَۃ (فسف) سستی و غفلت —
عَبِطَ (فس)، (ض) حلال جانور
پر گوشت و جوان کو بے سبب
مار ڈالنا - پوشیدہ و غائب ہونا
ہوا کا روے زمین کو صاف کر دینا
نئے کہنی زمین کو کھودنا بے
سبب کسی پر جھوٹ گڑھنا —
بے سبب و بے کھٹکے اپنے تئیں
لڑائی میں ڈال دینا - خاک اُڑانا
گھوڑے کو اتنا دوڑانا کہ پسینے
پسینے ہو جاوے - نئے اور
ٹھیک کپڑے کو پھاڑنا -
نئے اور درست کپڑے کا پھٹ
جانا - کسی پر بے سبب بلائیں
پہنچنی - موت کا کسی کو بے
سبب اور جوان مار ڈالنا —
عُبطَۃ (فسف) صحیح اور تندرست مرجانا
عَبِطَۃ (فسف) تازگی و تری —
عَبعَابٌ (فسفس) لمبے قد کا
مرد - بڑے حلقے کا تو ندیلا آدمی
سڈول ہاتھ پاؤں کا —
عَبعَبٌ (فسف) جوانی کی تازگی
اور تازگی - پر گوشت جوان -
ڈھیلا ڈھالا کپڑا - اونٹ کی
اُون کی چادر باریک و نازک -
ایک بت - بت خانہ - لمبا آدمی
رنگ - پہاڑی بکرا —

عبج
عبر
عبع
۲۴۵
۲ عبسر
۲ عبش
۳ عبط
۷ عبب
۱۲

عَبْعَبَۃ (فسفف) بکری کی
اون سرخ رنگ ۔ شکست کھانی
اور بھاگ جانا ۔
عَبَق (فف) سختی
عَبِق (فک) عَبَاقَۃ (فسفف)
عَبَاقِیَۃ (ففسکف) (س)
خوشبو ہونا ۔ ایک جگہہ اقامت
کرنی ۔ حریص و مشتاق ہونا ۔
عَبِق (فک) مرد جسکے کئی
دن کی خوشبو لگی ہوئی ہو اور
اب تک اسمین بو باقی ہو ۔
عَبْقَان رَبْقَان بدخو مرد
عَبْقَانَۃ (فسفسف) بدخو عورت
عَبْقَۃ (فسف) مشک مین
گھی کی چکنائی ۔
عَبِقَۃ (فکف) مونث عبق (فک)
یعنی عورت جسکے کئی دن کی
خوشبو لگی ہوئی ہو اور ابھی
تک بو باقی ہو ۔
عَبْقَرَۃ (فسفف) پرگوشت
عورت نازک حسینہ ۔ سراب کا چمکنا
عَبْقَرِی (فسفکت) سردار
قوی اور سخت ۔ ہر چیز بہتر کامل
جو چیز کہ حسن و خوبی اور بھلائی مین
فائق اور غالب تر ہو ۔ جھوٹ
سنے ملاؤ ۔ ایک قسم کا فرش
منقش دیبا کا ظلم سخت و شدید ۔
عَبْقُوس (فسضس) ایک
چھوٹا سا جانور ہے ۔
عَبْقَص (فسفف) عَبْقُوص
(فسضس) ایک چھوٹا سا جانور ہے
عَبْک (فس) (ن) ایک چیز کو
ایک چیز مین ملانا ۔
عَبَکَۃ (ففف) بھنے ہوئے
ستے گیہون وغیرہ کے ستو
دودہ کی مشک کی چکنائی ۔ ہر چیز
سست و سبک ۔ تھکا ہوا دشمن
صورت ۔
عَبِل (فک) پتھر وغیرہ سپید
ہونا سخت ۔
عَبْل (فس) ہر چیز بڑی اور
موٹی ۔ تمام اندام ۔ عبال (کف)
عبلات (فسفس) جمع ۔
عَبْل (فس) (ض) درخت کے
پتے جھاڑنے ۔ تیر مین چوڑا
پیکان لگانا ۔ ایک چیز کو رد کرنا

۱ عبر
۲ عبق
۳ عجفر
عجب
عجب
۱۸

کسی پر گرانی ڈالنی - درخت کا
پت جھڑ ہونا اور کونپلین نکلنی -
لغات اضداد سے ہے -

عَبَلَ الشَّجَرُ اَعْبَلَ جسکے
ڈنڈے نکلے تیار ہون -

عَبَل (فف) ہر باریک پتا جسمین چوڑائی نہو
ارطی کا پھل یا پتی جس سے چمڑے کو پکاتے
ہین - یا گرے ہوئے پتے یا نئے نکلے
ہوے - لغات اضداد سے ہے

عَبلاء (فسفس) سفید پتھر سخت
پشتہ - خوب پیلا اور موٹا درخت -

عبلّہ (فسفت) پوری عورت -

عَبَنّم (کفت) لمبے قد کا جسیم -

عَبَن (فس) بدن کی سختی
اور موٹاپا -

عَبَن (ففت) کرگس - اونٹ
موٹا اور تیار -

عبن (ضض) سانولا مرد تیار
ہاتھ پانون بھرے ہوئے -

عَبَنَاۃ (ففقس) مونث عَبَنّی
یعنے کرگس اور اونٹ موٹا -

عَنْبَل (فسفف) بڑا اور سخت -

عَبَنّہ (ففقت) بمعنی عبن (ففت)

عَفَنّة (ففسف) اونٹ اور اونٹنی
کی طاقت -

عَبَنْجَر (ففسفت) دلدار سخت -

عَبَنقَس (ففسفت) مرد بدخو
نازک بدن لمبے قد کا - جسکی دادی
اور نانی عجمی ہون -

عَبَنقَساء (ففسفقس) شادیان
و خرم -

عَبَنْك (ففقفت) مرد سخت و درشت

عَبَنّی (ففقت) کرگس اور اونٹ
موٹا دلدار - عبنیات (ففقفس) جمع

عَبُو (فس) (ن) چہرے کا
روشن ہونا - اسباب کو آمادہ اور
آراستہ کرنا -

عَبُوثَران (ففسضفس) ایک
خوشبودار گھاس ہے -

عَبُودَة (ضفسف) عبودیۃ
(ضفسکتف) پرستش - بندگی -

عَبُور (ففس) بکری کا بچہ -
عبائر (ففسکس) جمع - ختنہ کیا ہوا
عبر (ضفض) جمع -

اَلشِّعریٰ الْعَبُوْر ایک
ستارہ کا نام ہے کہ جو جوزا کے بعد نکلے

عبس
عبل
عبہل
عبہر
[illegible]
عبی
عبی
عبیث
عتب

عبوس (فسفف) بہت جماعت
عبوس (فقس)، شیر ترش رو
یوم عبوس روز بد کہ اس
سے دانت کھٹے ہو جائیں —
عبول (فقس)، موت —
عبول (ضفقس)، کسی کو موت
آ جانی - رستی ہٹنی —
عبہال (کسقس) بمعنی عبہلہ (فسففف)
عبہر (فسفف)، آدمی پر گوشت و
بزرگ - بھرے قبضہ کی کمان -
ہر چیز یعنی نازک خوش تن —
نرگس - یاسمین - بستان افروز -
عبہرہ (فسففف)، نہایت تیلی
کھال کی عورت گوری چٹی خوبصورت
پر گوشت شانے بازو بھرے
بھرے طاقت دار سڈول اٹھتی جوانی
عبہلۃ (فسففف) چوپایہ کو اسکی
حسب خواہش چھوڑ دینا غصیلا پن
عبی (ضفقف)، عورت جسکا بچہ
نہ مرا ہو —
عبی (ذکت)، حصہ —
عبیثہ (ذکسف)، ایک میٹھی چیز
ہے گوند کی شکل کی جو عرفط کے

درخت سے نکلتی ہے اور اسے
کھاتے ہیں - یا گوند یا اسکا دودھ
پیڑ کا عرق بچھڑا ہوا
عبیثہ (فستکتف)، بزرگ منشی -
فخر و ناز —
عبیث (کتکس)، کھلنڈرا بہت
لہو و لعب کرنے والا - بہت سا
کھیل کود میں لگا ہوا -
عبیث (ذکس)، ایک قسم
کی ریحان —
عبیثہ (ذکسف)، پنیر - ایک قسم کا
کھانا جسمیں گوشت کی جگہہ بدی
ڈالتے ہیں - اور بعض کہتے ہین
کہ وہ آٹے اور گھی اور کھجور کا
بنتا ہے - وہ غلا ہے - نسب کا میل -
جو اور گیہوں ملے ہوے -
جو اسلے گیہون —
عبیثۃ الناس ہر جنس کے
آدمی سے ملے جلے —
عبیثران (فسففس)، دشوار
کام - فتنہ - مکروہ - ایک درخت
بہت کانٹوں والا جو اسکے
کانٹوں میں الجھتا ہے مشکل سے

پھوٹتا ہے۔ اور شدید سے اسکو
تشبیہ دیتے ہیں۔
اُمّ عُبَید خالی جنگل ویران
یا جنگل جسمین بھیڑیا بستا ہو۔
عُبَیدَہ (ضفسفت) اوجھ کا بڑا خانہ
عَبِیر (فکس) بہت لوگوں کے
گروہ۔ زعفران یا خوشبو زعفران
ملی ہوئی۔ سیاہ تیر نے بنا۔
بہت پر والا تیر۔
عَبِیرا (فتفسفم) ایک گھاس ہے
عَبِیط (فکس) موٹا اور نٹ جوان
جسے بغیر علت اور بیماری
کے مار ڈالا ہو۔ عبط (ضفض)
عباط (کفتن) جمع۔ تازہ گوشت
خون اور زعفران تازی۔
نیا کپڑا پھٹا ہوا۔
عَبِیطَۃ (فکسفت) مونث عبیط
عَبِیلَۃ (فکسفت) موٹی تازی
عورت لتھ پتھ۔
عَتّ (فت) (ن) کسی پر باتکو
اعادہ کرنا۔ سوال میں الجھنا۔
اصرار کرنا۔ سرزنش کرنی۔
سانپ کا کاٹنا۔

عِتَاب (کفس) غصہ کرنا۔
ملامت کرنی۔ ایک دوسرے پر
غصے کرنا۔ ناز کرنا۔ غصہ پیدا
کرنا۔ غصہ کو یاد کرنا۔
اُمّ عِتَاب بجو۔
عِتَاک (کفس) کسی کے
ساتھ جنگ کرنا۔
عَتَاد (فقفس) ساز و سامان
سفر و آمادگی۔ جو چیز کہ سفر وغیرہ
کے لئے آمادہ کریں۔ اعتد
(فسقض) جمع۔ بڑا پیالہ۔
عَتَادَہ (فقفسفت) عتاد (فقفس
کس) آمادہ ہونا۔
عِتَار (فقص) ذکر کیر۔
عَتَار (فقفس) دلاور۔ قوی گھوڑا
سخت جگہہ اور خالی۔
عَتَاق (صفقس) پرانی شراب
اچھی۔
عِتَاقُ الطَّیر شکاری پرندہ جانور
عِتَاقُ الخَیل پسندیدہ
گھوڑے چنے ہوئے اصیل
بڑے بڑے۔
عَتَاہَۃ (فقسفت) بے عقلی۔

۲۵۴

۱۲

۵ عتہ
۲ عتب
۲ عتت
۴ عتد
۲۵۴
عتر

اُمراہی ـ مرد گمراہ احمق ـ
عَتَاہِیَہ (ففسکف) کم عقلی ـ
گمراہی ـ گمراہ بیعقل احمق کم مرد ـ
عَتَب (فس) (ض) غصہ کرنا
غصہ ـ ملامت ـ ملامت کرنی ـ
لنگڑاپن ـ چوپائے کا تین پانوں پر
چلنا ـ آدمی کا ایک پانوں
اوٹھا کر چلنا ـ کسی کے دروازے
پر قدم رکہنا ـ
عَتَب (فف) برا کام ـ ناپسند
کام ـ سختی ـ کلمہ کی اونچ نیچ کی
اونگلی کے بیچ کی گھائی ـ یا وسطی
اور بنصر کا بیچ ـ تباہی ـ خرابی ـ
بربط باجے کی کھونٹین ـ
زمین کی سختی ـ
عَتِب (کس) بڑا غصیلا
مغلوب الغضب ـ
عَتَبَان (فسفس) غصہ کرنا
ملامت کرنی ـ آدمی کا ایک
پانوں اوٹھا کر کودنا ـ چوپایہ کا
تین پانوں پر چلنا ـ
اُمّ عِتبان بجو ـ
عَتَبَہ (ففف) دروازے کی
چوکھٹ سر دل ـ سختی ـ نامناسب
کام ـ ناپسند کام ـ عتب (فف)
عَتَبَات (فففس) جمع ـ جورو ـ زوجہ
سیڑہی کا ایک ڈنڈا ـ
عُتْبیٰ (ضسف) خوشنودی ـ رضا ـ
عَتّ (فت) کلام میں سختی ـ
عَتَد (فف) گھوڑا چلنے پر آمادہ
قوی گھوڑا ـ پورا گھوڑا ـ
عَتِد (فک) بمعنی عتد (فف)
عُتُدَہ (ضسف) بمعنی عَتَاد
سامان سفر ـ توشہ ـ بڑا پیالہ ـ
عَتْر (فس) (ض) نیزہ وغیرہ کا
مضبوط ہونا ـ نیزہ کا ہلنا ـ لپکنا ـ
ذکر کو کھڑا کرنا ـ عتیرہ کو قربانی کرنا
عَتْر (فس) ذکر کبیر ـ
عِتْر (کس) اصل چنانچہ کہتے ہین
عَادَ لِعِتْرِہٖ اپنی اصل کیطرف
رجوع کی ـ اور ایک گھاس ہے جو
پراگندہ اوگتی ہے یا چھوٹے
درختوں میں سے ہے ـ بت ـ
ذکر ـ ذبیحہ اور بکری جسے قوم
جاہلیت میں اپنے معبودوں کے
لیئے ماہ رجب میں ذبح کرتے تھے ـ

علامات اعراب ضبط کا ستمہ یعنے ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م مد

بیلچہ وغیرہ کا دستہ - یا چوڑی لکڑی
جو لوہے کے بیلچہ پر چڑھی ہین
اور زمین کھودنے کے وقت
اُسپر پانون سے کہتے ہین یہہ وہ ہتا
عَتَر (فف)، سختی و توانائی -
عَتَرَان (ففس)، نیزے
وغیرہ کا مضبوط ہونا - نیزے کا
ہلنا لچکنا -
عُتْرُب (ضسض)، سماق[12]
عِتْرَة (کسف)، گلوبند کہ مشک و
عنبر وغیرہ سے بنا کر گلے مین
پہنتے ہین - مرد کے بال بچے
اور خاص رشتہ دار یا گھر کے
لوگ - رشتے ناتے والے -
دانت کی تیزی اور اُسکی باریکی
اور صفائی اور آبداری -
مرزنجوش - کھیرے - ککڑی -
کچھ تھوڑا سا مشک خالص -
عَتْرَس (فسفف)، مضبوط
آدمی گٹھیلا تیار گول ہاتھ
پانون کا سڈول - جوڑ سے
جکلے سینے کا - چوپایہ اور
شتر مرغ -

عَتْرَسَان (ضسفف)، مرغا -
عَتْرَسَة (فسفف)، سخت پکڑنا -
ظلم اور سختی کرنی - سخت پکڑنا -
عُتْرُفان (ضسضفس)، مرغ -
ایک گھاس ہے چکنی ربیع کے
موسم مین ہوتی ہے -
عَتْرَفَة (ضسفف)، سختی -
عُتْرُوف (ضسضس)، پلید بدکار
بے باک دلاور کار گذار ستمگار -
سخت مضبوط بدن کا اونٹ -
عِتْرِيس (کسکس)، سخت کثیر
غصیلا آدمی - بھوت پلید - بلا -
سختی -
عِتْرِيف (کسکس)، پلید بدکار -
بے باک دلاور کار گذار ستمگار -
سخت مضبوط بدن کا اونٹ -
عِتْرِيفَة (کسکسف)، مضبوط
اور تیز توانا کم دودہ کی - اصیل
نسلے پاک -
عَتْش (فس) (ض)، خم دینا
دوہرا کرنا -
عَتْص (فس)، دشوار ہونا -
یہہ لفظ مستعمل نہین اسکے اشتقاقات

ماده

[illegible]

۲۵۵

عتش
عتص

۱۲ سماق ایک دوائی ترش کہ صاحب مخزن نے اسکی سندی ترکی اور [illegible]

نہین آسے -

عت — عَتعَتٌ (ضسفس) بھیڑ کا بچہ نر سخت قوی - لمبے قد کا آدمی پورے قد کا - یا لمبا نہ ہو مگر سنے ڈول -

عَتعَتَہ (فسفف) دیوانگی - بھیڑ اور اسکے بچہ کو عَتْ عَتْ کہکر بلانا

عَتِیفٌ (فس) (ن) بال اوگ کھانے

عَتَفٌ (کس) تھوڑی سی رات رات کا ٹکڑا -

عتق — عَتِیقٌ (فس) پرانی شراب اچھی -

عَتُقَ (فس) (ن) کاٹ کھانا - مال کو اچھا کرنا - مال کا اچھا ہونا -

عَتُقَ بَعْدَ اسْتِعْلَاجٍ (ض ک) اچھا ہو گیا چہرہ بعد کھردرے پن کے

وَعَتَقَتِ الْیَمِیْنُ عَلَیْہِ واجب ہو گئی قسم اسپر

وَعَتَقَ الْفَرَسُ بڑھ گیا گھوڑا اوروں سے

وَعَتَقَ الشَّیْءُ پرانی ہو گئی اور ان دونوں معنوں مین باب نصر ینصر سے بھی آتا ہے

عَتِقَ (کس) عَتَاقٌ (فف) عَتَاقَۃٌ (ففسف) آزاد ہو جانا

عَتَّقَتِ الْجَارِیَۃُ جوان ہو گئی لڑکی -

عَتَقَ الرَّجُلُ جوان ہو گیا مرد -

عتک — عَتَکٌ (فف) زمانہ -

عَتَکَتِ الْقَوْسُ عَتْکًا و عُتُوْکًا (ض) پرانے پن کے سبب سرخ ہو گئی کمان -

وَعَتَکَ اللَّبَنُ خوب کھٹا ہو گیا دودہ -

وَعَتَکَ الْبَوْلُ عَلٰی فَخِذِ النَّاقَۃِ اونٹنی کی ران پر پیشاب خشک ہو گیا

وَعَتَکَ یَدَہٗ چھاتی پر ہاتھ کھا

وَعَتَّکَ (فت) حفاظت کرنی - خواہش و میلان کرنا بزرگ اور سردار ہو جانا مضبوط کرنا - پائداری اور ثبات اختیار کرنا - اپنے مقصد و مراد کو مضبوط اور درست کرنا -

عَتْکٌ (فس) (ض) جنگ مین حملہ کرنا -

عَتَکَ الْفَرَسُ گھوڑے نے منھ سے کاٹنے کے لیئے ارادہ کیا -

۲ آیا ہی یا یہہ کہ مفتوح مصدر ہی اور بالکسر اسم ہے ۱۲ مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مدظلہ ۱۲

وَعَتَنَکَ عَلیٰ زَوجِها خاوند کی نافرمانی کی۔
عَتُوک (فعلول) (ض) تنہا سفر کرنا
عَتَکَ (زنک) بدی کیطرف جلدی کرنے والا آدمی۔
عُتُل (فعل) بہت کھانے والا سرکش بدخو جھگڑا جھگڑا۔ سخت تکلیف دینے والا۔ نیز دلدار نیزہ۔
عَتَلَ (فعل) (ض ن) کھینچنا۔ سکیڑنا۔ سمیٹنا۔
عَتِل (فعل) (س) سرعت کرنی۔ دوڑنا۔
عَتَلَۃ (فعلۃ) بڑا ڈھیلا کہ زمین سے اوکھاڑا ہو۔ گدالا کدال۔ برما۔ کلھاڑی۔ ببولا اونٹنی کہ ہرگز حاملہ نہووے۔ سونٹا ڈنڈا ہاتھ مین رکھنے کا بانڈی۔ کمان فارسی۔ عتل (فعل) جمع۔ زیتون جنگلی خودرو۔
عَتَمَ (فعل) (ض) ایک کام مین پڑ گئے بعد باز رہنا ایک کام کا ارادہ کرکے رک رہنا۔

دیر لگانی۔ تھوڑی سی رات گذر جانی۔ اوکھاڑنا۔ اونٹنیون کا عشاء کے وقت دوہا جانا۔
عَتَمَۃ (فعلۃ) شفق کے چھپ جانے کے بعد سے تہائی رات گذرنے تک۔ وقت نماز عشا۔ بقیہ دودہ جو تھن مین اوتر آوے یا وہ دودہ جو عشا کے وقت دوہا جاوے۔ رات کا اندھیرا۔ شام کے وقت چراگاہ سے اونٹون کا اولٹا پھرنا۔
عَتَنَ (فعل) (ض ن) عُتُون (فعول) (ض ن) زور سے لیجانا۔
عُتْوادَۃ (فعلالۃ) ٹھنگنا۔
عُتْوارَۃ (فعلالۃ) تھوڑا سا مشک۔ ٹھنگنے قد کا مرد۔
عَتُوث (فعول) جس مین غصہ اثر نکرے۔
عَتُود (فعول) بیری کا درخت بڑا درخت ریگستانی۔ بھیڑ کا ایک برس کا بچہ۔ اعتدۃ (افعلۃ) وعدان (فعلان) جمع۔
عَتُور (فعول) فرج کہ شہوت کی چپچپاہٹ مین کھلی ہوئی ہو۔

عتک
عتل
عتم
عتن
عتو
مادہ ۲۵
عتر
عتق
عتد
عتر
۱۲۱۲
۱۲

۱ عتر ۲ عتک ۳ عتل ۴ عتم ۵ عتن

عتر (ضفض) جمع -

۱ عتور (ضفضس) (ض) ذکر کو کھڑا کرنا -

۲ عتوک (ضفضس) (ض) اکیلا پھرنا - سفر کرنا - آمادہ ہونا - اقدام کرنا - پیش آنا - فرمان برداری نکرنی - نافرمانی کرنی -

۳ عتول (کسف) جسکو عورتون سے سیری ہو - ہرن -

۴ عتوم (فقتس) اونٹنی جو سویرے رات کے دودہ ندیوے اور دوہی بیجا -

۵ عتون (ففضس) قوی - عتن (ضفض) جمع -

۶ عتہ (فس) دل کا ہاتھ سے جاتا رہنا - بے عقلی -

عتہ (فس) عتہ (ضس) عتاہ (ضفس) (ض) سبک عقل ہونا - عقل کھوئی جانی - مدہوش ہوجانا - عقل جاتی رہنی - ان معانی مین مجہولا مستعمل ہے جسکے تیسرا

۷ عتی (فتقف) بمعنی - عتی (فکت) متکبر - حد سے گذرنے والا -

عتی (فکت) کمینہ و سرکش - اعتاد (فنفنس) جمع -

۸ عتی (فنس) (ض) بزرگ منشی کرنی - حد سے گذرنا -

۹ عتی (ضکت) بڑی عمر کا ہونا کوب نکلجانا - کمر کا دوہرا ہوجانا

عتی (ضکت) عتو (ضفضت) (ن) بزرگ منشی کرنی - سرکشی کرنی - حد سے گذر جانا -

عتیبی (کتکسف) ملامت - ملامت کرنی -

۱۰ عتید (فکس) حاضر و آمادہ -

۱۱ عتیدہ (فکسف) ڈبا جسمین خوشبو رکھین عطردان -

۱۲ عتیرہ (فکسف) قربانی کی بکری جسکو زمانہ جاہلیت مین اپنے بتون کے آگے ماہ رجب مین ذبح کرتے تھے -

۱۳ عتیق (فکس) آزاد - عتق (ضس) عتقاء (ضفقم) جمع - کھجور کا نر درخت کہ جسکی مادہ نہ پہلے - پانی - چربی - شراب - دودہ - ہر چیز مین کا سب سے اچھا - بزرگ - آزاد کیا ہوا - چھٹا ہوا -

۶ عتہ ۷ عتو ۸ عتی ۹ عتی ۱۰ عتب ۱۱ عتد ۱۲ عتر ۱۳ عتق ۱۴ عتک ۱۵ عتل ۱۶ عتم ۱۸

پسندیدہ ۔ چپا ہوا ۔ بڑا لمبی شراب
اچھا خوبصورت نجیب گھوڑا
مرد جسکا چہرہ دکھنے میں اچھا
ہو ۔ جسے دیکھنے کے بعد خوبصورت
اور کمال تک پہنچا ہوا پائیں ۔
عُتُقَہ (فکسعہ) آزاد کی ہوئی
لونڈی ۔ عَتَائِق (فسکعہ) جمع
پُرانی شرابیں ۔
عُتُقِی (فکس) نجیب دن
عُتُل (فکس) مرد تند خادم
عُتَلاء (فسعفسم) جمع آزاد
عَتَکَ (فت) انگور کی بیل کا پیچ کو
کھانا ۔ گھگرہٹ ۔ کھپانا ۔
ساس کا کاٹنا ۔
عُتْمَان ۔ روشنی کا خراب
کرنے والا ہے ۔
عَثَا (فتم) سانپ ۔
عَثَاث (کفس) لگانے میں آواز کا
عَثَابِل (فضعسک) بڑے پیٹ کا
عَثَاب (فقس) جانکلا کی ندی
عَثَان (فضس) غبار ۔ دھواں
عُثُوْ (فضسک) جمع
عَثَثَ (فتعت) کیڑا جو پشمینے میں
ہوتا ہے اور اسکو خراب کر دیتا ہے
عُثَّ (فضت) جمع ۔ بڑا پین
عورت ۔ بیوقوف ۔ سانپ جو خشک
سالی میں بھوک کے سبب تیز
دکھاوے ۔ عَثَاث (کفس) جمع
عُثَّج (فکس) مسافروں کا گروہ
آدمیوں کا گروہ ۔
عَثَج (فس) (فض) ایک چیز کے
گھونٹ گھونٹ پینے پر
ہمیشگی کرنی ۔
عَثَجَہ (فتعف) مسافروں کا
گروہ ۔ رات کا ٹکڑا ۔ آدمیوں کا گروہ
عُثْجَج (فتعف) بہت گروہ
عُثْجُل (فتعف) بڑے پیٹ کا
موٹا بھپہ ۔ توندیلا ۔ بڑی
مشک ۔ بڑا برتن ۔
عَثْجَلَہ (فتعف) بوڑھاپے
یا بیماری کے سبب نشست و
برخاست مشکل ہونی ۔
عَثَر (فس) جنگلی کھیت جو مینھ
سے سیراب ہو ۔
عَثَر (فس) (ن) ٹھوکر کھا
کے گرنا ۔ اوچھلنا ۔

۲۵۹

عثر (فس) (ن) عثور (فضس) ایک چیز کا دانستہ اور بے سمجھنا -
عثر (فس) عثار (کفس)
عثر (فکس) (ن ض س ک) سر کے بل گر پڑنا - منھ کے بل گرنا ٹھوکر کھا گرنا -
عثر (فس) عثاب - جھوٹ بولنے والا - جھوٹا - لپاٹی -
عثرب (ضسفض) درخت انار کی مانند ایک درخت ہی جسکا پتہ سرخ اور پھل ترش ہوتا ہی -
عثرۃ (فسف) ٹھوکر -
عثری (ففکت) جنگلی کھیت کہ جسکو مینھ کا پانی تنہا لا آبالی آدمی دین کا نہ دنیا کا -
عثعث (فسفس) خرابی و فساد - نرم چہرا اور نرم زمین - گھاس کا پشتہ - سختی -
عثاعث (ففسک) جمع -
عثعثۃ (فسفف) حرکت دینی - اقامت کرنی - قادر ہونا - (یا) ہونا - سیلان کرنا - قرار پکڑنا -
عثق (فقت) ایک درخت ہی
عثقبۃ (ففقف) شاہراہ عام - ساحت غلے کی ارزانی
عثک (فف) کھجور کے درخت کے ریشے -
عثکۃ (ففقف) پتلا کیچڑ - ولدل
عثکلۃ (فسفف) جو کہ دو لٹنے مین بھاری اور سست ہو پتنی دت یا ہو وی کو عثکلہ سے زینت دی
عثکول (ضسضس) خوشہ خرما چھوٹی سی شاخ یا بڑی شاخ شاخ کی پھونگل - کھجور - انگور - یا گدری کھجور - عثاکل (ففسک) عثاکیل (ففسکس) جمع مرل
عثکولۃ (ضسضسف) عثکال (کسفس) بمعنی عثکول -
عثکولۃ (ضسضسف) ابریشم کا ایک کپڑا ہوتا ہی کہ ہودے پر ڈال دیتے ہین اور اسکے پھوئے ہوا سے ہلتے ہین - عثاکل (ففسک) جمع -
عثل (کس) اونٹون کا چرانے والا اور خبرگیران -
عثل (فف) بری کے ہنچے

اوپر کی جانب۔

عثکل (فک) ہر چیز میں کی بہت سی سخت پر گوشت۔

عثلبۃ (فسفف) نئے جانے بونٹ جیسے درخت سے چقماق کی آگ نکالنے کو لکڑی لینی یعنی ایسے درخت سے کہ جسکا حال معلوم نہو کہ آیا چقماق سے آگ لیگا یا نہیں۔ بھوبھل میں بھوننا۔ پراگندہ کرنا تفتیش کرنا۔

عثلب الطعام گیہوں کو جو کوب کیا۔

عثلب الماء پانی کو چوس لیا۔

عثلط (ضفک) گاڑھا دودھ۔

عثلول (ضسفس) گھوڑے کی گردن کا بچھا جسپر ایال کے بال اوگتے ہیں۔

عثم (فس) رس، ٹوٹی ہڈی کا کھپچی کے بندھا ہوا ہونا یا خاص ہے ہاتھ کی ہڈی کے لیئے۔ ٹوٹی ہڈی پر کھپچی باندھی نوشتہ دان کو خراب سیا ہوا ہونا۔ زخم کا بغیر اچھے ہوئے کھال سے آنا۔ یعنی بغیر خوب صاف ہوئے انگور آجانا۔ بندھی ہوئی ہڈی۔

عثمان (فسفس) اہرجا کا چوزہ۔ اژدہا کا بچہ۔ سانپ یا سانپ کا بچہ۔

عثمثم (فسفسف) شیر۔ لنبا شیر قوی ہیکل شیر ببر۔

عثمثمۃ (فسفسف) شیر کی یعنی شیر کی مادہ۔

عثمرۃ (فسفف) انگور چوسا ہوا کہ چھلکا ہی چھلکا رہگیا ہو اور عرق نہو۔

عثن (فکس) ایک قسم کی کھجور کی ہری ہے کہ اونٹ کھاتے ہیں اور جسکا نگہبان اور رکھنے والا ہو ان۔ پشم۔

عثن (فف) چھوٹا سا بت۔

عثنان (فسفس) جمع۔ دھواں

عثن (فف، س) کپڑے کا دھواں لگ جانا۔

عثن (فک) دھواں لگا ہوا کھانا یعنی جسمیں دھوئیں کی بو ہو۔

عثن (فس) عثان (ضفس)

٢٦١

مادہ

١ عثن
٢ عثج
٣ عثن
٤ عثو ودی
٥ عثج

عُثُون (ضمتین) (ن) آگ کا دھوان نکالنا چھپانا

چڑھ بیٹھنا

عَثَنْجَج (فسسف) عَثَوْجَج (فسسف) موٹا تیز رو —

عُثْنُون (ضمسقس) ڈاڑھی یا جنسار تک پھیلی ہوئی ڈاڑھی یا چکی ڈاڑھی یا لمبی ڈاڑھی یا اونٹ کی ڈاڑھی — ہوا اور مینہ کا شروع — یا تمام مینہ یا بادل کہ آسمان اور زمین کے بیچ میں پھیلے ہوئے ہوں یعنی جیسے پہاڑ وغیرہ میں بخارات گھدود سے اوٹھکر سب مکانات وغیرہ میں پھیل جاتے ہیں — یا گہرا ابر کہ آسمان اور زمین میں حائل ہو — عَثَانِین (فقسکسر) جمع

عَثْو (فس) (ن) تباہ کرنا فساد اوٹھانا —

عَثَوَاء (فسفسم) بجو بہت بڑا

عَثْوَة (فسنعت) زلف دراز بالون کی لٹ — عُثْیٰ (ضمفسہ) جمع

عَثَوْثَج (فسسف) گٹھیلا تیز رو

عَثْوَل (فسسف) توتلا آدمی نکما ڈھیلا

عَثْوَل (کسسف) توتلا اڑیل

مرد جسکے سر پر بال اور بدن پر زیادہ بہت ہوں

عُثَّال (ضمسس) احمق

عُثُل (ضمتین) جمع کھجور کا درخت جسکا تنہ موٹا ہو

عَثَمْثَم (فسکسف) گھنی ڈاڑھی

عِثْيَان (کسفس) نر بجو

عَثْيَثَة (فسنسف) چھوٹا سا کیڑا جو پشم میں پڑجاتا ہے

عَثْيَر (فسسف) گرد وغبار تکا ریزہ کا زانجے یا پنول سے پھیلا ہو — نشان مخفی

عِثْيَل (کسسف) بجو بہت بڑا

سا آدمی کہ نہ سر میں تیل ڈالے نہ کنگھی کرے نہ بجا اور زینت

و آرایش کرے

[illegible] بجھ نادین —

[illegible] (فکس) آواز دھانی

اونٹنی کو عاج عاج کہکر جہڑکنا۔
سواری کے فنون مین خوب
ماہر ہونا۔ ہوا کا تیز چلنا اور
گرد و غبار برانگیختہ کرنا۔
بجلی کا گرجنا۔
عُجَّابٌ (ضمفس) بڑا انوکہا کام
عُجَاب (ضمتفس) بڑا انوکہا
کام۔ انوکہے پن مین حد
سے گذرنے والا۔
عَجَّاج (فتفس) ہر چیز با شور
فریاد جیسے نہر عجاج یعنی نہر
جسمین بہت شور و شغب ہو۔
عَجَاج (فتس) احمق۔ گرد و
غبار۔ دہوان۔ ہیچ۔ کمینہ۔
اجنبی آدمی۔
عَجَاجَة (فتسف) اوڑتا ہوا
بڑا اگلہ۔ گرد و غبار۔
عُجَاجِير (ضفسکس) آٹے
کی گولیان۔ جو کہ آٹے کی
گولیون کو کہاوے۔
عَجَاجِيل (فتسکس) پنیر
کی چکتی ٹکیہ۔ عجول
(کتفس) کی جمع۔

عَجَّار (فتفس) جو کہ آٹے
کی گولیان کہاوے۔
کشتی گیر جسکے پہلو کو کوئی
زمین سے نہ لگا سکے۔ کشتی گیر
جو لپٹے پانون مین لپیٹ کر
زمین پر پچہاڑ دیوے۔
عِجَارِد (ضفسک) ذکر۔
عُجَارِم (ضفسک) مضبوط
بدن کا آدمی جسکا کیر سخت ہو۔
عَجَارِيّ (فتسکت) بلائین
بڑی سے سرے۔
عَجَارِيفُ الدَّهْر زمانہ کی
سختیان۔ معصہ کی شدت۔
عِجَاز (کفس) اپنے جبس سے
قبضہ شمشیر کو باندہین۔
عِجَازَة (کفسف) چہوٹا سا
تکیہ جسکو عورتین موٹا پا دکہانے
کے لیئے سرین پر باندہتی ہین
پرند کی پانچوین اونگلی۔
عَجَاسَاء (فتسفسم) اونٹونکا
بڑا گلہ۔ رات کا ایک حصہ۔
تاریکی۔ امور۔ موانع۔
عِجَاف (ضفس) ایک قسم کا خرما

۱ عجب
۲ عجج
۳ عجب
۴ عجب
۵ عجب
۶ عجب
۲۶۳
۷ عجرم
۸ عجر
۹ عجرف
۱۰ عجز
۱۱ عجس
۱۲ عجف
۱۲

عُجَاف (کفس) حنظل اندرائن کا پھل - زمانہ -

عُجَال (ضتفس) کھجوریں کہ جلد کھائی جائیں - یا کھجوریں ستو میں ملی ہوئیں - ایک میٹھی حلوا -

عُجَالۃ (ضتفسف)، ماحضر جو چیز کہ سردست میسر آوے اور جھٹ پٹ حاضر و مہیا کیجاوے - ناشتا شکن وہ وہ کہ چرواہا اونٹوں کے دودھ سے پہلے ایک مرتبہ سب اونٹوں سے چراگاہ میں دودھ لیوے -

عَجَالۃ (کفسف) ایک گھاس ہے

عُجَالِط (ضفسک) بمعنے عُجَلِط (ضفک) جما ہوا دودھ گاڑھا - میٹھا ہوا دودھ -

عُجَالِد (ضفسک) یعنی عُجَلِد (ضفک) جما ہوا دودھ گاڑھا

عُجَالِز (ضفسک) جما ہوا دودھ

عَجَاحِم (فتقس) دلدار بوٹی ہچگمیڈر -

عُجَام (ضفس) گٹھلی اور ہر چیز کا دانہ -

عَجَان (فقس) احمق -

عِجَان (کفس) گردن - سرین - ٹھوڑی کا گڑھا - لینا کیر خصیہ سے دُبر تک پہنچے خصیہ اور دُبر کا بیچ - سیون

العُجنۃ (فسکف) عُجِین (ضفس) جمع

عُجَانِیس (فسک) گوہ گردان

عَجَاوۃ (فقسف) بمعنی عجوۃ ماں کا بچے کو دیر کرکے دودھ پلا

عُجَاوۃ (ضتفسف) دودھ جس سے بن ماں کے بچے کو پرورش کریں -

عُجَاہِن (ضتفسک) خارشپت وہ جسکا نسب خالص نہو - وکیل نکاح - خادم - باورچی -

عَجَاہِنۃ (فقسکف) جمع -

عُجَاہِنۃ (ضفسکف) مشاطہ عورت جو دولہن کے میکے میں پیغام لیجاوے - مونث

عُجَاہِین (ضفسک)،

عُجَائِیر (ضفسف) جانوروں کے

۱ عجف
۲ عجل
۳ عجلط
۴ عجلد
۵ عجلز

۶ عجم
۷ عجن
۸ عجنس
۹ عجو
۱۰ عجہن
۱۱ عجہر

ہاتھون کے جوڑ کے اوپر کا پٹھا یا ہاتھ کا یا پانون کا پٹھا یا گھوڑے اور گاے کے سُم کے بیچ کا پٹھا یا ہر چیز کا پٹھا۔ عجی (ضفت) عجی (ضکت) عجایا (ففسف) جمع

عجایة (ففسف) بچے کو بہت دیر مین دودہ پلانا۔

عَجْبٌ (فس) دُم کی جڑ۔ عجوب (ضضس) جمع۔ ہر چیز کی پچھاڑی۔

عُجْبٌ (ضس) خودبینی۔ ناز گردن کشی۔ بزرگ منشی۔ جو کہ عورتون کے ساتھ بیٹھنے کو اور انکے ساتھ بات چیت کرنے کو پسند کرے یا جسکو عورتین بھلی معلوم ہون۔ اُس چیز کو نہ پہچاننا کہ پیش آوے۔ اعجاب (فسفس) جمع۔

عَجِبَ (فف) (س) تعجب مین آنا

عَجَبٌ (فف) ایک چیز وارد کو نہ پہچاننا۔ انوکھا کام۔ مذکر ومونث برابر ہے۔ عجب عاجب عجب عجاب مبالغہ ہے یعنی بہت تعجب

عَجَبٌ مِنَ اللّٰہِ خدا تعالیٰ کی رضامندی ہے۔

عجیاء (فسفسم) عورت جو اپنے جمال یا بدصورتی سے تعجب مین ڈالے۔ لغات اضداد سے ہے اونٹنی جسکی لاغری اور دبلے پن کے سبب اُسکا حلقہ دُبُر اوبھر آیا ہو۔ موٹی اونٹنی گھٹیلی سخت

عُجَّةٌ (ضشق) خاگینہ۔

عَجْدٌ (فس) دانہ مویز یا ناکارہ میوہ

عُجْدٌ (ضس) مویز۔ دانہ انگور۔ یا ایک میوہ ہے مویز کے مشابہ

عَجَدَةٌ (ففف) کوا۔ عجد (فف) جمع

عَجْرٌ (فس) (ن) گردن موڑنی خوف وغیرہ سے گذرجانا۔ گھوڑے کا دوڑنے مین دم اوٹھانا۔ کسی پر تلوار سونتنا۔ گدہے کا کودنا۔ قاضی کا کسیکو ایک کام سے روکنا۔ گڑگڑانا چہارپایہ کا سوار ہونے کے بعد دوسرے چہارپایہ کیطرف سر پھیرنا

عَجَرٌ (فف) ہر چیز کا باہر کو نکلنا

عَجِرَ (فف) (س) سخت ہوجانا۔

۱ع عجب
۲ع عجب

۳ع عج
۴ع عجد
۵ع عجر
۱۲۱۲
۱۲

عجرن
عجرد
عجرن
عجرب
۲۶۶

پر گوشت ہوتا - بڑے پیٹ کا ہونا - توندیلا ہونا -
عُجُر (فک) استوار و درشت -
عُجَرَہ (ضفسم) ہاتھہ کی چھڑی جسکی گرہیں اوبھری ہوئی ہون
عُجْرَہ (ضسف) ہر چیز کی ابھار اور سختی کی جگہہ - رگ اور پٹھے کی گلجھڑی - لکڑی وغیرہ کی گرہ - عیب و نقصان - ہر چیز کہ جسکو شروع کرین اور چھپا دین مشکل اور دشوار کام - عُجَر (ضفس) جمع -
عِجْرَہ (کسف) پگڑی کی بندش
عَجْرَد (فسف) کڑا سخت کیر -
عَجَنْرَد (ففقف) دلاور - ننگا -
عَجْرَفَة (فسفف) کلام مین سختی کام کی شگستگی اور بگاڑ - جلدی سننے باکی - سرعت -
عَجْرَفِيُّ الْمَشْيِ ووقت ادھیرا -
عَجْرَفُ (ففسف) بلیپہ - تنگ کرنے والا -
عَجْرَم (فسفن) سخت مرد مضبوط بدن کا - چوپایہ کے ران اور ذکر کی جڑ کے درمیان مین غدود ن کے اکٹھا ہونے کی جگہہ -
عِجْرِم (کسک) ایک چھوٹا جانور ہی بڑے سخت بدن کا کہ درخت پر رہتا ہی - ٹھنگنا سخت مضبوط موٹا تیار -
عُجْرُم (ضسض) سخت بدن کا - اونٹ - سخت پیدائش کا مرد -
عُجْرُمَة (ضسضف) مونث عجرم (ضسض) ام ایک درخت ہی -
عُجَارِم (ضفسض) جمع -
عَجْرَمَة (فسفف) سو اونٹ - یا دو سو - یا پچاس سے سو تک سرعت کرنا - جلدی کرنی -
عُجْرُور (ضسضس) لکیر جو ہوا سے ریت پر پڑ جاتی ہی - عَجَارِير (ففسکس) جمع -
عُجْرُوز (ضسضس) خط جو ہوا سے ریت پر پڑ جاتا ہی - عَجَارِيز (ففسکس) جمع -
عُجْرُوف (ضسضس) چست و چالاک اونٹنی - ایک چھوٹا سا جانور ہی - یا لمبی چیونٹی یا تیز رو -

ع عجب
ع عجب
ع عجب
ع عجف
۱۲۱۲
۱۲

بہت تند ہوا
عجرفۃ (فسسسف) بہتی عجرفت
عجرفی (فضسکت) گھمنڈ سے
و لا پروائی سختی
عجز (فس) تلوار کا قبضہ ۔ ایک
بیماری ہے کہ جانور وں کی سرین کے
پٹھوں میں ہوتی ہے
عجز (فس) عجزان (فففس) ا
عجوز (فضس) ضعیف ہو جانا
ناتوان ہو جانا ۔ ایک ایسی
چیز کو ترک کر دینا کہ جسکا کرنا
واجب تھا ۔ کاہلی کرنی ۔
عجز (فف) (فس) کلان سرین
ہو جانا
عجز (فس) سرین ۔ ہر ایک چیز
کی جڑ ۔ مذکر و مونث بولا ہے
اعجاز (فسفس) جمع
عجز (فس) کمان کا قبضہ
عجز (فض) سرین ۔ ہر ایک چیز
کی جڑ ۔ مذکر و مونث بولا ہے
عجز (فک) سرین ۔ ہر ایک
چیز کی جڑ ۔
عجزاء (فسففس) بڑے سرین

کی عورت ۔ عقاب چھوٹی دم کا
عقاب جسکی دم میں سفید پر ہوں
عورت جسکی ہیئتی سخت ہو ۔
عجزۃ (فکسف) مرد کا پچھلا بچہ
یعنی جسکے بعد کوئی بچہ نہو
عجس (فس) ایک چیز کمان کا
کمان کا قبضہ [illegible] اسکا
ٹکڑا یا [illegible] کا ٹکڑا [illegible]
کے بیچ کا ٹکڑا
عجس (فس) مصدر ہے روکدینا
ایک شی کو نیچے سے پکڑنا
عجستاء الناقۃ رستے
سے پھیر لانا اونٹنی نشانہ میں
عجمس (فضض) سرین ۔
اعجاس (فسفس) جمع
عجسم (فسسف) رات میں کی
ایک ساعت ۔ صبح کا وقت
عجسمۃ (فسفف) سست ہو جانا
سرعت کرنی
عجعلج (فسفس) ہر جنس
[illegible] اصیل گھوڑا
گھوڑا ۔
عججۃ (فسففف) اونٹ کا [illegible]

عجرفت
عجب
۲۶۷
عجز
عجس
عجسم
عجعج
۱۲۱۲
۱۲

عجف

یا بھاری بوجھ کے سبب سے پڑنا
اونٹنی کو کلمہ عاج سے زجر کرنا
آواز کو بار بار بلند کرنا ۔ لو شعو
وفر یا دکرنی ۔ حرف سینے کو
جیم سے بدلکر بولنا ۔
عَجَفَ (فف) رس ک ، لاغر
ہونا ۔ دُبلا ہونا ۔ لاغری ۔
عَجَفَ (فس) عُجوف (مفضر
رص) با وجود بھوکھ کے اپنے
تئین کھانے سے روکنا تاکہ
دوسرے کو کھلاوے یا اپنے
ساتھ کھانے والے کو پیٹ
بھر کر کھلاوے
وَعَجَفَ نَفْسَہُ عَلَی الْمَرِیْضِ
بیمار کی تیمارداری پر اپنے تئین
صابر رکھنا ۔
وَعَجَفَ نَفْسَہُ عَلیٰ فُلَانٍ
کسی سے اپنا دل اولٹا لیا
اور اس سے سوالمذہ ہکیا ۔
عَجَّفَ (رفف) من عن (
دبلا کرنا ۔ کسی سے جدا ہونا
اور علحدہ رہنا ۔ اپنے تئین
بے دبار کر لینا ۔

عَجْفَاءُ (رسفسم) مونث اعجف
زمین ستے مے خیر و برکت ۔ بنجر زمین
یعنے جسمین کچھہ پیدا نہو یا بیک ہو
عُجَفُ (رسفف) دُبلے جیسے قوم عجفی
عِجْلٌ عُجُولٌ (کس) گوسالہ ۔ بچھڑا ۔
عَجَلٌ (رصفف) دعوت شیر از
ناهفسر ۔ دودھ جسکو چرواہے نے
چراگاہ مین اونٹیون کے دوہنے
سے پہلے دوہ لیا ہو ۔
عَجِلٌ (صفف) شتاب و سریع ۔
عَجُلٌ (رعک) شتاب و سریع ۔
عَجِلَ (رفعف) رس ، سرعت کرنی
گارا یا کالی کیچڑ سڑی ہوئی ۔
عَجْلَانُ (رسفس) تیز رو ۔
سریع ۔ عجالیٰ (رضسف) عجال
(رکھس) جمع ۔ اُمّ عَجْلَانَ ایک
پرند خانہ بدوہ ہے ۔
عَجَلَۃٌ (رففف) گاڑی یا چھکڑا
جسمین بوجھہ لادین ۔ عجل (فف)
اعجال (رسفس) عجال (کس)
جمع ۔ گھرنی جس پر سے ڈول
کھینچتے ہین ۔ کوئین کے عرض
مین پڑی ہوئی لکڑی ۔ کوئین

کی گھیری - لکڑیاں آپس میں بندھی
ہوئیں جن پر اسباب رکھیں -
گارا - کالا گارا - کھجور کے
درخت میں پانی رکھنے کی جگہ
عجلتہ (کسف) بچھڑی - تیل
کی مشک - کوئیں پر کی گھرنی -
توشہ دان - عجل (کف)
عجال (کفس) جمع - ایک
قسم کی گھاس -
عجلتہ (ضسف) یعنی عجل (ضس)
عُجلد (ضفک) جما ہوا دودھ کہ
دہی ہو گیا ہو -
عجلزۃ (کسکف) مضبوط گھوڑی
سخت بدن کی - عجائز (ضفسک) جمع
عجلط (ضفک) جما ہوا دودھ گاڑھا
عجلی (ضسف) کمان - تیر کی
پھینکنے والی - جلد باز عورت
عجالی (فکسف) جمع -
عجم (فس) ڈنگر بے کی جڑ -
چھوٹے چھوٹے اونٹ -
مذکر و مونث برابر ہیں عجوم (ضفس)
جمع - دانا - صاحب تمیز -
عجم (فس) عجوم (ضفس) (ن)

کسی چیز میں دانت گڑانا تے چبانا
یا دانت سے چیز کے کڑے پن
اور نرمی کو دیکھنا -
عجمت عودہ یعنی آزمایا میں
اور امتحان لیا اُسکا -
عجم السیف آزمائش کے
لیئے تلوار کو ہلایا -
عجم (فس) (ن) حروفوں پر
نقطے دینے -
عجم (ضس) غیر عرب -
عجم (فف) عرب کے سوا اور جگہ کا
آدمی - کھجور کی گٹھلی - انگور وغیرہ کا
بیج -
عجمۃ (ففف) ایک گٹھلی - یا ایک
بیج - اونٹ کے بچے پانچ
برس تک کے -
عجم (ضفت) اونٹ جو شورہ
گھاس کے کھانے پر راضی ہوویں
عجماء (فسفسم) چوپایہ -
ریگستان جیسے درخت - عورت
جو صاف اور فصیح بات نکر سکے
گونگی - دن کی نماز -
عجمۃ (ففف) کھجور جو گٹھلی سے

عجب
عجب
عجب
269
عجلط
عجل
عجم
1212
12

ماده
ن عجم
ن عجمض
ن عجم
ن عجن
ض عجب
عجب
عجب
عجب
عجب

اونٹ کے سخت پتھر بڑا جس سے
اونٹنی کو تشبیہ دیویں۔ عجمات
(ففقفس) جمع۔
عجمہ (ضفسف) ریت کا ٹیلا۔
ریت کی کثرت۔ ریگ تودہ کا آخر
عجمیت
عجمجمہ (ففسقف) مضبوط اونٹنی
جو سفر پر قادر ہووے۔
عجمضی (ففسف) ایک
قسم کا خرما مدینہ۔
عجمی (ففکت) جو کہ صاف بات
نکہہ سکے عجم کا رہنے والا اگرچہ
فصیح ہو۔ عجم (فف) جمع۔
عجن (فف) اونٹ کا موٹا ہونا
اونٹنی کے فرج اور دبر کے بیچ کا
سوج جانا۔
عجن (فس)، **عجین** (فکس) (ن ض) گوندھنا خمیر کرنا
اونٹنی کے چلنے میں زمین پر
ہاتھ مارنے ضعف کے سبب
زمین پر ہاتھ ٹیک کر اٹھنا۔
عجن (فکب) موٹا اونٹ
پر گوشت

عجنا (ففسقسم) کم شیر اونٹنی
خوب موٹی۔ اونٹنی جسکے تھنوں
کی جڑیں لٹک کر تھنوں سے
منہ تک پہنچیں ہوں۔ اونٹنی
جسکی فرج سوج گئی ہو۔
عجنہ (فکت) اونٹنی جسکی فرج
سوجی ہوئی ہو۔ میولی اونٹنی
پر گوشت۔
عجنجرۃ (ففسفف) گول بدن
عورت سبک روح۔
عجنس (ففقف) موٹا اونٹ
دلدار خوب مضبوط۔
عجو (فس) (ن) آواز کرنی
بد خو ہونا منہ کھولنا چہرہ کو
سمیٹنا اور تیز ہاک کرنا۔
عجوۃ (ضفسف) وہ دودھ جو یتیم
لڑکے کو پلاویں۔
عجوۃ (ففسف م و ن ح) ماں کا بچے کو
دیر میں دودھ دینا۔ ایک قسم
کی مدینہ کی کھجور۔
عجوجر (ففسف) دلدار پرکار
ہڈی کا مرد۔
عجوز (ففنس) بہت بڑی عمر کی

عورت - تنہا - عجز (ضفس) عجائز
(فقسک) جمع - سوئی - زمین -
خرگوش - شیر - کوان - دریا -
جنگل - مرد دلیر - کاسہ - سوداگر
ڈھال - توبہ - بیل - بھو کھا - کرشر
بڑا پیالہ - دوزخ - جنگ - لڑائی کا
ہتھیار - نیزہ - تپ - شراب - خیمہ
آفتاب کا گردہ - بلا و سختی - عورتکا
کرتہ - دنیا - بھیڑیا - مادہ گرگ -
جھنڈا - کرکس - رعشہ - گھوڑی -
کشتی - آسمان - روغن - گدھا -
سال - آفتاب - خط - بنفشہ -
ترازو کے باٹ - صومعہ - بکری -
راہ - عاجز - گورخر مادین - بچھو -
گھوڑا - چاندی - قبلہ - دیگ -
شراب کی مشک - کمان - چیز کا
بھاؤ - لشکر - کعبہ - کتا - عورت
جوان یا بڈھی - مسافر - مشک
بادشاہ - چولھا - آگ - اونٹنی -
کھجور کا درخت - تلوار کی باڑ -
ولایت - دایان ہاتھ - گناہ
سے پرہیزگاری - ایک قسم کی
خوشبو - بھوکھ - خلافت - عافیت -

ایک ریگستان ہے - ایک درخت ہے
ایک کھانا ہے کہ جسے دریائی
آگ سے بناتے ہین - قبضہ
شمشیر مین ایک میخ ہے -
عجوز (ضفس) (ک س) نہایت
بڑھیا ہونا -
عجز (ضفس) (ن) کسی پہ
غالب آنا -
عجس (ففس) گھرا ابر -
گھٹا - ابر گھرا برستا ہوا -
عجس (ضفس) ایک قسم کی
آہستہ رفتار -
عجوس (کفس) بہت سلیع دشتاب
عجوف (ضفس) باوجود اشتہا
کے کھانا چھوڑ دینا اشتہا رہتے نہین
عجول (کفس) ایک مٹھی بھر
کھجور اور ستو - ستو خرما ملے ہوئے
گوسالہ - بچھڑا - عجاجیل (فکس) جمع
عجولۃ (ففسف) مونث -
عجول (ضصس) عورت جسکا
بچہ مرگیا ہو - اونٹنی جسنے بچہ گم
کیا ہو - خوب دوڑنے والا
عورت اور اونٹنی پریشان -

عجس
عجس

۲۷۱

عجف
عجل

۱۲۱۲
۱۲

اور سرگشتہ ۔ عجل (ضفض)، عجائش فرہنگ جمع ۔ موت ۔ ناشتا شکن ۔ صبح کا ناشتا ۔

عجولۃ (کتقتسف)، مونث عجول

عجومتہ (فضس)، اونٹنی جو سفر پر قادر ہو

عجہۃ (سنف)، علم ۔ خوعادت کی سختی ۔

عجہوم (تسفس)، ایک آبی پرند جانور ہے ۔

عجی (کفت)، آدمی اور اونٹ کا بچہ جس نے اپنی مان کو گم کیا ہو اور بیگانہ دودہ پینے سے پرورش پائی ہو ۔

عجی (فنکت)، بچہ جس نے دیر مین دودہ پایا ہو ۔ لڑکا جس نے بیگانہ دودہ سے پرورش پائی ہو ۔ عجایا (فنسفس)، جمع ۔

عجیب (کفس)، انوکھی چیز ۔ انوکھا کام ۔ عجائب (فنسف)، جمع ۔ یا اسکی کی جمع نادر ہو ۔

عجیبۃ (کسفت)، انوکھا کام عجیب

عجیبہ (ضکتف)، مونث عجی

عجیہ (ضسف)، سوکھا ہوا اچہرا جسکو پکا دین اور کھا دین ۔

عجی (ضفت)، جمع ۔

عجیر (کفس)، آدمی گھوڑا نامرد

عجیز (کفس)، نامرد جو عورت پر قادر نہو وے ۔ سرین ۔

عجیزۃ (کسف)، خاص عورتکا سرین ۔ اور کبھی استعارہ کے طور پر مرد کے سرین پر بھی بولتے ہین ۔

عجیس (کفس)، سانڈ اونٹ جو جفتی نکر سکے ۔ خرما کہ گشن نہ قبول کرے ۔

عجیسا (کفسفسم)، آہستہ رفتار کی ایک قسم ۔ سانڈ جو جفتی نکر سکے

عجیسی (کتکسف)، ایک قسم کی آہستہ رفتار ۔

عجیل (کفس)، سرعت کرنیوالا

عجالی (ضنفسف)، عجال (ضج)، عجیل (ضفس)، ناشتا شکن ۔ یا ماحضر جو قوم کے لیئے بنا دین ۔

عجیلۃ (ضفسف)، سیر سریع ۔ جھپٹ ۔

عجیلی (کسف)، بمعنی عجیلۃ (ضفسف)

عجل ۱ عجم ۲ عجہم ۳ عجہم ۴ عجو ۵

عجب ۱ عجب ۲ عجبی ۳ عجب ۴ عجب ۵ عجب ۶ عجب ۷ عجب ۸

عجین (فکس)، آٹا گندھا ہوا۔
مخنث ۔ عجن (ضفض) جمع ۔
عجینۃ (فکسف) مخنث یا مرد
اور عورت کم شہوت ۔ سست ۔
احمق ۔ گروہ ۔ بڑا گروہ ۔
اُمّ عجیمۃ (کگس) ...
عُدّ (ضت) مہاسے وغیرہ کہ بالا خورکے رخسار پر نکلتے ہین
عدّ (فت) (ن) شمار کرنا ۔
عِدّ (کت) پانی جسکا مادہ منقطع
نہووے جیسا چشمہ کا پانی ۔
اعداد (فسفس) جمع ۔ ہر چیز کی
کثرت ۔ پرانا کوان ہمتا و حریف ۔
عدا (فقس) بمعنی سوا ۔ ایک
فعل ہے استثنا کے لیئے استعمال
کرتے ہین اپنے مابعد کو زیر
کرتا ہے اور اسپر ما بھی داخل
ہوتا ہے جیسے ما عدا ۔
عداء (فتقسم) زور کی دوڑ ۔
عداء (کفسم) ایک ڈگ ۔
چیز کی لنبائی اور چوڑائی ۔ چیز کی
حد و نہایت ۔ دوری ۔ ایک
کام جو تمکو ایک چیز سے پھیر دے
اور روک دے ۔

عَداب (ففس) باریک ریت
برابر بچھا ہوا ۔
عدابۃ (فقسف) بچہ دان ۔
پیڑو یا پیڑو کی جڑ ۔
عِداد (کفس) ہمتا و حریف
بخشش ۔ دیوانگی کا اثر ۔
موت کا وقت ۔ کمان کی آواز ۔
سانپ کے کاٹنے مین ایک
سال کے بعد درد او ٹھہ کھڑا
ہوتا ۔ شمار کیا جانا ۔
عدّار (فتقس) ملاح ۔
عُدار (ضفس) یمن مین ایک
چوپایہ ہے کہ آدمیون سے
جماع کرتا ہے اور نطفہ اسکا کیڑے
ہوتے ہین ۔
عُداف (ضفس) تھوڑا ۔
عِدال (کفس) دو امرون مین
سے ایک کے اختیار کرنے
مین متردد ہونا ۔
عدالۃ (فکفسف) (ک) گواہی
کے لائق ہونا ۔
عدامۃ (فقسف) عدم (ضس)
(ک) احمق ہو جانا ۔

مادہ
عجم
عجب
عدد
عدا
عدب
۲۷۳
علو
علاو
علون
علول
علوم
۱۲

مادہ

عدامش (ضفسک) خشک گھاس بہت سی جو ایک جا جمع ہو —
عداملی (ضفسک) عدملی (ضفسفکت) عداملی (ضفسکت) ہر چیز پرانی اور بسا بخوردہ گوہ —
عدان (فضس) دریا کا کنارہ نہر اور ندی کا کنارہ - زمانہ کے ہر سات برس —
عدان الشئ ایک چیز کا عہد و زمانہ - یا ہر چیز کا بہتر وقت شروع
عدانہ (ففسف) آدمیوں کا گروہ - عدانات (ففسفس) جمع جمبر کے ڈھول کی پیندیکا ٹکڑا —
عداوۃ (ففسف) دشمنی —
عدانم (ففسک) مدینہ میں ایک قسم کا خرما کہ آخر فصل میں پھلتا ہے —
عدبس (ففتف) اونٹ وغیرہ جو قوی اور مضبوط بدن کا ہو — عدابس (ففسک) جمع - بدخو سخت و لدار —
عدنی (ففکت) اچھی خو والا —

یا وہ شخص کہ اسمین کچھ عیب نہو —
عدۃ (کتف) گروہ —
عدۃ کتب کتابوں کا گٹھا —
عدۃ المرأۃ عورت کے حیض دن یا طہر کے دن خاوند کے مرنے سے عورت کے سوگ کے دن —
عدۃ (ضتف) ساز و ساخت - آمادگی - چھوٹا سا آبلہ جو پلکون کے رخسار پر نکلے —
عدۃ (کف) وعدہ کرنا —
عدث (فس) خوی کی نرمی —
عدد (فف) شمار - شمار کیا ہو کسی کی عمر کے سال جو شمار کریں —
عدد (کف) مدت کے بعد سانپ کے کاٹنے میں درد اوٹھنا —
عدر (فف) (س) جگہہ کا بہت پانی والا ہونا —
عدر (فس) دلیری - زور کا فخر
عدرج (ففتف) تیز رو سبک - کوئی - ماہیاں عدرج یعنی اسمین کوئی ہن
عدس (فس) (ض) عدست کرنی - اونٹون کو چرانا - خبر کا

ک ۱ علس
ک ۲ علل
ک ۳ علن
ک ۴ عد
ک ۵ علم
تہام ۲۳
سب
عدب
عدب
عدد
عدت
عدث
عدج
عدد
عدر
عدس

عدس ٹھکٹھا اٹھنا۔ بہت پامال کرنا۔ کوشش کرنی۔ سونپنا۔ چیچک یا سرخباد ا ہوجانا۔ اس معنی میں مجہول مستعمل ہے۔

عدسان عدس (فتس)، عدسان (ففقس)، عداس (کفس)، عدوس (ضفقس) (ض) زمین میں پھرنا۔

عدس (فقت) مشہور۔ اور بیسکون سین ایک کلمہ ہے جس سے خچر کو ڈانٹتے ہیں۔

عدستہ (ففقق) مسور کا ایک مانند سرخ دانہ جو بدن پر نکل آتا ہے۔ یا ایک قسم کی چیچک جو آدمی کو مار ڈالتی ہے وبائی بلا ہے۔

عد عد (فس فس) ایک کلمہ ہے جس سے خچر کو ڈانٹتے ہیں۔

عدعدۃ (فسففف) سرعت۔ رفتار میں سرعت کرنی گھنگرو کی آواز۔

عدف (فس) تھوڑی بخشش چوپایہ کی تھوڑی خورش۔ ہر چیز تھوڑی۔ کھانا۔

عدف (کس) رات کا ٹکڑا۔ آدمیوں کے گروہ۔ ہر چیز کی اصل۔ دس سے پچاس تک مرد۔

عدف (ففت) خس و خاشاک تھوڑا سا چارہ وغیرہ۔

عدف (کف) دس سے پچاس تک مرد۔

عدفۃ (فتسف) ہر چیز کی جڑ اور پیدائش۔

عدفۃ (کسف) دس آدمی سے پچاس تک۔ آدمیوں کا جمع ہونا ہر چیز کا ٹکڑا۔ سینہ بند۔ کپڑے کا پلو۔ درخت کی جڑ جو زمین میں ہو۔

عدف (کف) جمع۔

عدق (فقت) (س) ایک کام کو اپنی غالب رائے پر کرنا۔ عدم تیقن کے ساتھ۔ ٹٹولنا۔ حوض کے کنارہ میں ہاتھ ڈالکر ٹٹولنا۔

عدق (فس) (ض) جمع کرنا اپنی غالب رائے پر کام کرنا۔ کہ جسکا یقین نہ ہو۔ حوض میں کسی چیز کو ٹٹولنا۔

عدقۃ (ففقت) لٹھے کا کانٹا

ماده

[illegible]

جس سے کوئین مین سے ڈول وغیرہ نکالین - عدق رفتہ جمع -

عُدَک (ضش) (ض) تھوڑی سی پشم کو جھاڑنا -

عَدْل (فش) انصاف ضد جور - گواہی کے لایق کہ لوگون کے نزدیک ٹھیک چال چلن رکھتا ہو منصف - مذکر و مونث واحد و جمع برابر ہی - مساوی - ہمتا - مانند - ایک چیز کا مثل ہم جنس ہو یا غیر جنس ہو - اعدال (فشفش) عدلاء (ضفقفسم) جمع - پیمانہ - بدلا - فریضہ - فدیہ - نحویون کی اصطلاح مین اسباب منع صرف سے ایک سبب ہے - گواہ جو کبائر سے پرہیز کرے اور صغائر پر اصرار نہ کرے اور افعال ناقصہ سے جیسے راستہ مین کھانا اور پیشاب کرنا ان امور سے بچے

وُضِعَ فُلَانٌ عَلَی یَدَیْ عَدْلٍ اُس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ جسکی حیات منقطع ہووے یعنی مثل تمیز

کے ہاتھون جا پڑا -

عَدَل (فش) عدول (ضفسر) (ض) کسی کی طرف سے اعراض کرنا - کسی کیطرف پھرنا - مانند و مشابہ کرنا - برابر کرنا - راہ کا کمدار اور کج ہونا - اونٹ کا جفتی سے رک جانا - ساربانکا سانڈ کو روکنا - کسی کے درمیان برابر کرنا - پروردگار کے ساتھ شرک کرنا - دو چیزون مین سے ایک کے اختیار کرنے مین متردد ہونا -

عَدَل (فش) عدولہ (ضفسف) (ض) انصاف کرنا - ہموزن کرنا - سیدھا کرنا - برابر کرنا - کسی کے برابر آنا - کسی کے ہمراہ کجاوہ مین سوار ہونا - کسی کو کسی کے برابر اور مشابہ کرنا

عِدْل (کس) مانند و ہمتا - وزن و قدر مین ایک چیز کا مانند و مثل - گون - اعدال (فسفس) عدول (ضفمس) جمع

عَدَل (فف) دو لخت و تحین بڑی

عَدلَۃ (ضسفف) منصف عورت -
عدلۃ (ففقت) گواہی کی لیاقت رکھنے والا -
عدلۃ (ضففف) یعنی عدلہ (ففقف) -
عَدَم (ففف) نیستی - گم کرنا اور اکثر فقدان مال پر استعمال کرتے ہیں - درویشی -
عُدْم (ضس) درویشی -
عَدِم (فک) درویش و محتاج -
عدماء (فقفضم) جمع -
عَدماء (ضسفض) زمین وریت سپید سر کی بکری کہ تمام بدن کے رنگ سے مخالف ہو -
عَدمل (ضسفس) پرانی اور سالخوردہ چیز - دلدار - پرانا درخت - سوسمار - کرگس تر -
عُدمول (ضسفس) ہٹاک پرانا -
عَدن (فس) (ض ن) اقامت کرنی - ایک جگہ میں ہمیشہ بنا لازم پکڑنا - دراز ہونا -
عدن (فس) (ض) کھات ڈالنا کلہاڑی وغیرہ سے کاٹنا

اور کھا پڑنا -
عَدُوّ (ففضت) دشمن - واحد و جمع اور مونث و مذکر برابر ہیں -
اعداء (فسضم) جمع - اعادی (ففسک) جمع الجمع -
عَدْو (فس) عدو (ضضت) عدوان (ففس) عدی (ففت) (ن) دوڑنا - دوڑنیکا ارادہ کرنا -
عَدْو (فس) عدو (ضضت) عداء (ففسم) عدوان (ضسفس) عدوی (ضسفت) کسی پر ظلم کرنا - حد سے گذر جانا
وعدا اللص علی القماش عدوًا عدوانًا چوری کی -
عَدْوُ الشئی ایک چیز کی درازی اور چوڑائی - ایک چیز کی حد و نہایت
عَدْواء (ضسفم) سخت زمین خشک - وہ جگہ کہ بیٹھنے والا وہاں کا اس لئے آرام سے
جگہ کی درشتی کے
عُدَواء تشغل شغل کے موانع -

۲۷۷

مادہ

عَدَوان (ففقس) بے تحاشا دوڑ۔
عُدوان (ضسفس) ظلم و صریح زیادتی۔
عَدُوب (فضس) بہت سا آتے گئے
عِدوہ (کسفت) بلند جگہہ۔ عداو (کفسقم) عدوات (ففقس) عدیات (ضسفس) جمع۔ وادی کا کنارہ۔ مکان دور۔
عَدوۃ الشئی تپلا سا پتھر جس سے ایک چیز کو ڈھانکین۔ عداو (کفسم) جمع
عدوۃ (فقتف) مونث۔ عَدُو
عَدَوْدی (ففسقت) تیز رو سخت اونٹ۔
عَدوس (ففقس) دلیر عورت
عَدوس السری مرد جو رات کے چلنے پر خوب قادر ہووے
عَدوف (ففقس) خوب چاکنے والا۔ عدف (ضفس) جمع۔ تھوڑی سی چیز چوپایہ کی خورش۔ چوپایہ کا چارہ۔
عَدَولی (ففسکت) کشتیبان ملاح
عدولی (ففسف) پرانا اونچا درخت

عُدوص (فضس) درویش و محتاج جسکے پاس کچھ نہو۔
عُدوی (ضسفت) بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگجاوے جیسے خارش وغیرہ۔ مددگاری۔
عُدوی (ضسفف) خرابی و فسا
عدویۃ (فسکتف) ایک گھاس ہے کہ بعد گذر جانے ایام بہار کے موسم گرما مین اوگتی ہے۔ بکری کے بچے چالیس دن کی گھاس
عَدی (فکت) آگے دوڑنے والے۔ دوڑنیوالے۔ فوج کے لوگ جو لڑنیکے لئے آگے دوڑتے ہین خواہ پیادے ہون خواہ سوار یعنی وہ فوج جو دھاوا کرتی ہے یا پہلے لڑتی ہے جیسے انگریزی فوج مین پہلے لڑنے والے پلٹن کے لوگ ہین پیادے اور دھاوا کرنے والے سوار ہین
عَدی (کفف) کنارہ۔ اعداء (ضسفسم) جمع۔ ندی کا کنارہ۔ ایک لکڑی کہ دو لکڑیون کے درمیان مین ہو۔ ہر تپلا پتھر

بس سے ایک چیز کو ڈھانکین – دوڑنے والے – مسافر لوگ –
عُدیٰ (ضفت) دشمن – اسم جمع ہے –
عِدیٰ (ضفت) عُدوان (ضسفقس) چوری کرنا –
عَدِیتُ لَہٗ (س) دشمن رکھا مین اسکو –
عُدید (فکس) شمار – ہمتا و حریف جوڑ جیسے پہلوانی مین ایک دوسرے کا جوڑ ہوتا ہے – کمان کی آواز –
عَدِیدُ القَوم قوم مین شمار کیا ہوا یعنے قوم مین کا –
عَدِیدُ الشَّیٔ گنتی مین ایک شئے کے برابر –
عَدِیدَۃ (فکسف) حصہ – بخرا –
عَدِیل (فکس) مانند – ہم وزن – عدلاء (ضفقسم) جمع – ہمسر – برابر کا –
عَدِیم (فکس) احمق و دیوانہ – محتاج – درویش –
عَدِینَہ (فکسف) ڈول کے پیندے کے چمڑے کا ٹکڑا – عدائن (فقسک) جمع –

عَذاب (فقس) شکنجہ – تکلیف – دکھ درد – درد جو جان کو پہنچے – اعذبہ (فسکف) جمع –
عَذابٌ عُذَیبِین عذاب کہ جس سے رہائی نہو –
عَذاۃ (فقسف) بمعنے عذاۃ کمینہ کی جڑ یا عورت کی فلان کی دہرن –
عَذاۃ (فقس) اچھی زمین پانی سے دور جسکی آب و ہوا اچھی ہو اور شوریت نہو – عذوات (فقفس) جمع –
عِذار (کقس) پوزی یا تکہ – عذر (ضض) جمع – ڈاڑھی کا خط – چوپایہ کے چہرے پر لٹکتے یا پوزی کا نشان – نئے گھر کا کھانا – ختنہ کا کھانا – کھانا جو ہر نئے امر کی خوشی مین شادی کے طور پر طیار کرتے ہین اور برادری کی دعوت کرکے کھلاتے ہین – چٹیل میدان سخت – ملک عرب کی زمین جو زمین عراق کے متصل ہے –

ماده
ع د و
ع د و
ع د و
ع د ی
ع د ن
ع ذ ب
ع ذ و
ع ذ ر

279

یہ سب معانی اس عذاب کے ہین کہ اصل معنی عذاب کے ایک چیز کو ...

حیا۔ شرم۔ رخسار۔
خَلیعُ العُذار چوپایہ جسکی ڈھاٹی ٹوٹ گئی ہو اور بے قابو ہو یعنے بے روک ہو جاوے۔
عُذاریِ النصل پیکان کے دونون کنارے۔
سَمٌّ عُذاف زہر قاتل۔
عَذافِر (ضفسک) شیر۔ انوکھا اونٹ مضبوط گڑے بدن کا۔
عَذافرہ (ضفسک) ہونٹ
عذافر (ضفسک)
عَذّال (فتقس) بہت ملامت کرنے والا۔ نصیحت کرنے والا۔
عَذالہ (فتقسف) سرین۔
عُذام (فتقس) لپیٹو۔ عذم (ضفص) جمع۔
عذام (ضتقس) ایک قسم کے جھاؤ کے درخت۔ عذامہ (ضتقسف) ایک درخت۔
عَذانہ (فقسف) کون۔
عَذُبَت الاَرض (ک) زمین کی آب و ہوا اچھی ہو گئی۔
عَذِی المکان (س) پانی سے دور ہوا

عذث (فس) (ض) میٹھا اور ہلکا سریع الہضم پچتا ہوا کھانا یا پانی۔ ایک درخت ہے۔
عذب (فس) (ن) پیاس کی شدت سے کھانا نکھانا۔ رکنا۔ روکنا
عذب (فس) کوڑا کرکٹ۔ ولادت کے بعد جو جھلی کہ بچہ دان سے نکلے۔ ایک درخت ہے۔ نوحہ گر عورت کا چیتھڑا جسے بوقت نوحہ باندھ لیتیں ہیں۔ ترازو کی چوٹی جسے پکڑ کر اوٹھاوین۔ ہر ایک چیز کا کنارہ۔ اونٹ کے کیر کا سرا۔ چمڑے کا ٹکڑا جسے پالان کے پیچھے ڈالیں۔
عذب (فک) کائی دار پانی۔
عذبہ (فسف) ایک درخت ہے کہ اونٹ اسکے کھانے سے مرجاتا ہے۔ کائی۔
عذبہ (فقف) کائی۔ پگڑی کا شملہ۔ درخت کی شاخ۔ زبان کی تیزی۔ چابک کا پھندنا۔ تسمے کا سرا۔ عذب (فف) جمع۔
عذبی (ففکت) وہ شخص جسکے

عذر
عذف
عذق
عذل
۸۰
عذم
عذن
عذو
عذب

ننھیال شریف ہو۔
عُنْج عُمافِج بہت ساپانی۔
عَنَج (فس) (ن) پینا۔
عَذَر (فس) (ن ض) بہت عیب اور گناہ والا ہونا۔ گھوڑے کے چہرے پر نکتہ باندھنا۔
عُذْر (ضس) بہانہ۔ اعذار (فسفس) جمع۔ فتحمندی۔ غلبہ۔ کوارپن۔
عَذَّرَیٰ (ضسف) بہانہ کرنا حیلہ کرنا۔ معذور رکھنا۔ ختنہ کرنا۔ کسی پر خون کا غالب آنا۔
عَذْرَاء (فسفس) کواری۔ عذاری (فسفف) (کفسف) عذاروات (فسفسفس) جمع۔ لوہے کی میخ وغیرہ جس سے کسی کو کسی امر کے اقرار کے لیے عذاب کریں۔ دیتا سفتہ۔ کھانے کے سوتی سنبلہ یا جوزا کا برج۔
عُذْرَة (ضسف) بالوں کی جٹا۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال۔ گھوڑے کی چوٹی کے بال۔ بال جنکو سوار ہاتھ میں پکڑ کر سوار ہوتا ہے۔ عذر (ضنف) بچے کی چھنو کا غلاف جسے کاٹتے ہیں۔ گھوڑے کی ایال کے بال۔ فرج زن کے بیچ کا ابھار۔ کوارپن۔ کہکشان کے پیچھے پانچ ستارے ہیں۔ لڑکی کا کوارپن توڑنا۔ ایک ستارہ ہے جب وہ نکلتا ہے تو گرمی شدت پکڑتی ہے۔ نشان گلے کی دکھن۔ گلے کا تھوک نگلتے ہوئے دکھنا۔ گھوڑوں کے نکتے باندھنے کی جگہ۔
ابو عُذْرَة کوارپن توڑنیوالا مرد۔
عِذْرَة (کسف) عذرخواہی۔
عَذِرَة (فکف) پلیدی۔ گھر کا کوڑا کرکٹ۔ قوم کے بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک۔ نشستگاہ۔ چوپال۔ پچھوڑن جو گیہوں میں سے نکلے۔ بناقن۔
عَذَط (فس) اسم عَذْیَطَہ
عَذَف (فس) کھانا۔
عَذْفُوط (فسفس) ایک سپید نازک چھوٹا سا کیڑا ہے جس سے

۲۸۱

مادہ

عذق
عذل
عذلج
عذلط
عذلج
عذلق

خوبصورت لڑکیوں کی اونگلیوں
کو تشبیہ دیتے ہیں۔
عَذْق (فس) کھجور کا درخت پہلا
ہوا۔ اعذق (فسض)، عذق (کس)
جمع۔ مدینہ میں ایک قسم کا خرما ہے۔
عَذَقَ الفحلَ عن الابل
سانڈ کو اونٹنیوں سے دور کیا اور
انکو جمع کیا۔ عذق الشاۃ بکری کی
اُس رنگ کے برخلاف نشان کے
لیئے بال باندہے۔ عذق فلانا بشر
کسی پر تہمت لگائی۔ وعذق البعیر
اونٹ نے پتلی لید کی اور نیز
عذق (فس) کھجور کی
شاخوں کو کاٹنا۔
عذق (کس) کھجور کا خوشہ
انگور کا خوشہ۔ یا انگور کا خوشہ
کہ اُسکے انگور کھائے ہوں۔
اعذاق (فسفس)، عذوق (ضفض)
جمع۔ ہر شاخ کہ اُسمیں چھوٹی چھوٹی
شاخیں ہوں۔ ارجمندی۔
عذق (زفک) عقلمند ہوشیار
مرد تیز زبان۔ طرار۔ تیز بو۔
تند بو۔ خوشبو۔

عذقانۃ (فسفسیف) زبان
دراز عورت۔
عذقۃ (فسف) پشم جو بکری پر
اُس رنگ کے خلاف نشان
اور علامت کے لیئے باندہ دیتے
ہیں۔ نشان۔ علامت۔
عَذْل (فس) ملامت کرنی۔
ایام عذل خوب گرم دن۔
عَذَل (فف) ملامت۔
عیش عذلج عیش سے
زندگی بسر کرنے والا۔
عذلجۃ (فسفف) مشک کو بھرنا
بچہ کی خوراک وغذا اچھی کرنی۔
عذلط (ضفک) گاڑھا دودہ
عذلوج (ضسفس) بچہ جس کی
پرورش خوب پالی ہو۔
عذلوق (ضسفس) ہلکا پھلکا
چالاک تیز فہم لڑکا۔
عذم (فف) (س)، عورت کا خاوند کو
گالیاں دینا جبکہ وہ اُس سے
وطی کا ارادہ کرے۔
عذم (زفک) کٹکھنا اور زور
سے کھانے والا یعنی ٹڈ کو بچھاڑنیوالا۔

عذم (فش) (ن) کاٹنا کرنے ور سے کھانا - دور کرنا - ملامت کرنی

عذنم (ففسف) تخمینی بیماری شیر مری یعنی کھوت کی کثرت -

عذمہر (ففسف) وسیع و کشادہ شہر -

عذو (فش)، عذو (ضفت) شہر کی آب وہوا کا اچھا ہونا -

عذوب (ففنس) وہ کہ اسکے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہووے - رکا ہوا چوپایہ کہ پانی اور چارہ نکھاوے - وہ شخص جو شدت تشنگی سے نہ کھا سکے -

عذوبۃ (ضفسف) (رک) پانی کا پاکیزہ ہونا

عذور (ففقف) فراخ پیٹ کا گدہا بدی مین حد سے گذر جانے والا - بدخو مرد سنگدل - سخت و درشت پادشاہ --

عذوف (ففس) خوب کھانے والا - مزے کے چکھنے والا - چارہ چبانے کا -

عذوفر (ففسف) بمعنی عذافر

(ضفسک) شیر - موٹا تازہ مضبوط اونٹ -

عذی (کس) جنگلی کھیت کہ مینہ کے پانی سے سیراب ہو - ہر شہر کہ جسمین شورہ نہو -

عذیۃ (فکف) بمعنی عذاۃ اور کوڑا کرکٹ -

عذیر (فکس) نئے گھر کے بنانے کا کھانا - ختنہ کی مہمانی کا کھانا کھانا کہ ہر نئے امر کے بعد بطریق شادی کے طیار کرین اور رشتہ دارون کو جمع کرکے کھلاوین

283

عذرخواہ - بہانے باز - جعل کہ عذرخواہی کے لیئے بناوین -

عذر (ضفصجمع) مددگار -

عذیرۃ (فکسف) چوٹ کا زخم ختنہ کی مہمانی -

عذیطہ (فسقف) جو کہ وقت جماع کے حدث کرے - بدی کرنی - یا دخول سے پہلے منزل ہو جاتا - دہوتی مین ہتہ ہو جانا

عذیمۃ (فکسف) ملامت - گزیدگی - خائیدگی - عذایم

٦ عذب
٧ عذفر
٨ عذی
٩ عذود
١٠ عذر
١١ عذط
١٢ عذم

(فتسک) جمع - کھجور جسمین گٹھلی نہو -
عذیوط (کسفس) جو کہ وقت
جماع کے حدث کرے یا قبل
دخول منزل ہو جاوے - عذیوطون
(کسفسفنس) عذائیط (فنسکس)
(عذاویط (ففسکس) جمع -
عذیوط (ضسفس) عذوط
غانۃ (فسف) کمان کے چلے کا پھندا جس سے کمان کے سرمین چلے کو اٹکاتے ہین -

غانِدٌ (فسک) نرخرہ - آواز کا مخرج

غانِیٌ (فسک) مالدار دولتمند -

غانِیۃ (فسکف) عورت جو اپنے حسن و جمال کے سبب زیور سے بے نیاز ہو یا وہ عورت جو اپنے خاوند سے جمع پونجی کے سبب بے نیاز ہو - یا عورت جو اپنے میکے مین ہو اور اسپر گرفتاری نہ واقع ہوئی ہو - یا جوان عورت پاک دامن سہاگن ہو یا بے خاوند ہو - یا بے نیاز عورت کہ جسکی لوگ خواہش کرین اور وہ نہ چاہے پیدا ہو - غوانی (فسفسک) جمع

غاوِیٌ (فسک) ٹیڑھی - گمراہ و ہیدۃ شیطان -

راس غاوٍ چھوٹا سا سر -

غاوِیۃ (فسکف) توشہ دان مشک کہ جسمین پانی ہو -

غائِبٌ (فسک) ناپید پوشیدہ غیب (فسف) غیاب (فسفس) غیب (فف) جمع - جو چیز کہ پوشیدہ و پنہان ہووے -

غایۃ (فسف) زمان اور مکان مین ہر ایک چیز کی نہایت کلان کا نشان اور جھنڈا - غای (فس) جمع

غایۃ (فسف) (ص) جھنڈا کھڑا کرنا

غائِرۃ (فسکف) دوپہر یعنی دن کا بیچ

غائِصٌ (فسک) اچانک ایک چیز پر آنے والا -

غائِصۃ (فسکف) عورت جو جماع کے اشتیاق مین خاوند کو حیض کی خبر نکرے تاکہ وہ پرہیز کرے

غائِطٌ (فسک) گڑھیلی زمین پست فراخ - غیطان (فسفس) اغواط (فسفس) غوط (فس) جمع - آدمی کی پلیدی - گوہ - پاخانہ -

مادہ

غوی
غوی
غوی
غیب
غیی
غیب
غیی
غیی

۲۳۴

۵ غور
۶ غوص
۷ غوط

۱۲

۷

غائط کے لغوی معنی پست زمین کے ہیں کنایۃ

مادہ		
غنک	غمائکۃ (فسکفف) احمق عورت بیعقل -	جبکہ عن صلہ ہو - یا صلہ ہی نہو - ایک
غنل	غمائکۃ (فسکفف) کینہ پوشیدہ - بدی -	چیز کا نہان ہونا - نہ پہچاننا جبکہ
غول	غمائکۃ الحوض جو چیز کہ حوض مین	عن صلہ ہو - ونیز غباوۃ
غب	سے ٹوٹ پھوٹ جائے -	(ففسف) بیوقوفی - حمق -
غبا	غب (کت) ہر چیز کی انتہا - اونٹ کا	غبا الربا سا ونچی اوٹھی ہوئی گرد -
غبو	ایک دن بیچ دیکر پانی پینا یعنے	غباشیر (ففسکس) رات اور دن
غبی	تیسرے دن پانی پینا - تپ کا ایک	کے بیچ کی روشنی -
۴۳۸	دن بیچ دیکر آنا - یعنی تپا -	غبب (فف) مرغے اور گائے
غبب	غب (کت) غبوب (ضفس)	اور آدمی کے گلے کے نیچے کا
غبث	ایک دن بیچ دیکر تپ کا آنا تیسرے	طوق جسکو ہنسلی کہتے ہین -
غبج	دن آنا یعنی تپا - ایک دن بیچ	غبۃ (ضتف) تھوڑی سی معیشت -
غبر	اونٹون کا پانی پر آنا - گوشت کا	غبث (فس) (ن) مسکے اور
	بدبودار ہونا - کسی کے پاس شب	پنیر کو آپسمین خلط ملط کرنا -
	گذاری - کام کا انتہا کو پہنچنا -	غبج الماء (فس) پانی کو
	غب (ضت) دریا چڑھا ہوا اتنا کہ	گلے سے اوتارنا -
	بہتے بہتے جنگلون مین پھیل جاوے	غبجۃ (ضسف) پانی اور شراب
	پست زمین - پانی کے ٹھہرنے	مین کا ایک گھونٹ -
	کی جگہ - اغباب (فسفس)	غبر (ضتف) ایک چیز کا بقیہ -
	غبوب (ضفس) جمع -	استعمال اس لفظ کا غالبا بقیہ
	غبد (فس) (ف) کسی کی	خون حیض مین آتا ہی - بیماری
	طرف قصد کرنا -	اور رات اور ہر چیز کا بقیہ -
	غبا (فف) غباوۃ (ففسف)	غبر (فس) غبور (ضفس) (ن)
	(س ن) احمق ہوجانا - ندیافت کرنا -	درنگ کرنا - باقی رہنا - چلا جانا -

گذر جانا - لغات اضداد سے ہے
ایک شئی کا گرد یلا ہو جانا -
غُبر (فک) خراب زخم - بھریا پھوڑا -
غَبَر (فف) خاک - ایک بیماری ہے جو اونٹ کے شکم میں عارض ہوتی ہے
غَبِر (فف) (س) زخم کا اچھا ہو کر تھوڑے دنوں کے پیچھے پھر بہنے لگنا اور خراب ہو جانا -
غِبر (کس) کینہ -
غُبر (ضس) پستان میں جو دودھ باقی ہو - ہر چیز کا بقیہ اغبار (فسف) جمع
غُبَر (ضف) ایک قسم کی مچھلی -
غَبْراء (فسفسم) زمین - کیک مادین - یا مالی - درخت ناک زمین ایک رنگی گھاس ہے یا اس گھاس کی پھل - نئی چیز یا پرانی یا ناپدید پانا سال قحط خشک سال -
غُبران (ضسفس) ایک نخلات میں دو کھجوریں غباریں (فسکس) جمع
غُبرۃ (ضسف) گرد - دھند لا پن -
غَبَرۃ (ففف) گرد - درخت ناک زمین
غُبیرۃ العینین بڑی بڑی آئی والی سیاہ آنکھوں والی عورت -

غُبرون (ضسفس) ایک پرند جانور ہے - ایک قسم کی چھوٹی چڑیا -
غَبَش (فف) تاریکی - خاکستر گونی
غَبِس (فف) (س) تاریک اور خاکستر رنگ ہونا -
غُبسۃ (ضسف) تاریکی اور خاکستر گونی
غَبَش (فف) رات کا بقیہ یا آخر شب کی تاریکی اغباش (فسفس) جمع
غَبِش (فف) (س) شب کا آخر تاریکی کو پہنچ جانا -
غَبِش (فک) شب تاریک -
غُبشۃ (ضسف) بمعنی غبش (فف)
غَبِص (فف) (س) آنکھ کے میل کا رواں ہونا یعنی چیپڑ کا زیادہ ہونے - آنکھ کے میل کا بہت ہونا اور آنکھ کا اندر کو گھس جانا -
غَبط (فس) کٹھی ٹٹولنے کا ایک مٹھا غبوط (ضض) جمع - رشک -
غَبط (فس) غِبطۃ (کسف) (ضس) (س) رشک کرنا کسی کے حال کی آرزو کرنی بغیر اس بات کے کہ صاحب حال سے اسکا زوال چاہے - بکری کی دم اور

غبج
غبر
غبس
غبش
غبص
غبط
۴۳۹
۱۲

غبط
غبغب
غبق
غبن
غبو
غبط

کو کھہ پر ہاتھہ پھیرنا تا کہ معلوم کرین کہ موٹی ہی یا دبلی پیٹھہ پر ہاتھہ پھیر کر جاننا کہ چربی دار ہی یا نہین —

غِبطَۃ (کسف) شادمانی ہمیت خوش حالی — رشک —

غُبَعطَۃ (ضسف) ایک تسمہ ہی جس سے توشہ دان کے چمڑے کے اطراف کو مضبوط سیتے ہین —

غَبَطی (ففقف) ابر علی الاقبال بہت برسنے والا — مینھہ کی جھڑی —

غَبغَب (فسف) آدمی کے جبڑے کے نیچے کا گوشت کا ٹکڑا لٹکا ہوا — گائے اور مرغ کے گلے کے نیچے کا طوق —

غَبق (فس) غُبُوق (ضضس) (ن) شام کے وقت کی شراب پینی اور پلانی —

غَبقاء (فسقسم) غبوق پینے والی —

غَبقان (فسقس) غبوق پینے والا —

غُبَقَۃ (ففف) رسّی جو ہل یا بالٹی یا پانی کھینچنے وغیرہ کے وقت لکڑی کے سرے بیلون کے گردن کے عرض پر باندہتے ہین

غَبن (فس) دہوکے سے خریدنا — لینے مین کسی شئے کے دہوکا کھانا — غلطی مین ڈالنا — فریب دینا — یا یہ لکین بیع مین مستعمل ہی اور بتحریک رای مین — فریب کھاجاتا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہی — کپڑے کو لپیٹنا — کپڑے کو ٹانکنا تاکہ تنگ ہو جاوے — طعام کو حاجت کے وقت کے لئے اوٹھا رکھنا — چھپا رکھنا — فراموش کرنا — چھوڑ دینا — غلطی کرنی — دہوکا کھانا —

غَبَن (فف) سستی — فراموشی —

غَبَن (فف) غَبانَۃ (فقسف) (س) سست عقل ہو جانا — خبر کو نہ جاننا — سستی عقل —

غَبوَۃ (فسف) حماقت غفلت —

غَبوَۃ (ضفتف) غَبی (فکت) بمعنی غبوۃ (فسف)

غَبُوط (فضس) اونٹنی کہ جب تک اُسکی پشت پر ہاتھہ نہ پھیرو تب تک اُسکی فربہی کو معلوم نہ کر سکو —

غَبوق (فضس) شام کے وقت کی شراب —

غبی (فکت) احمق۔ کم فہم۔ کند ذہن
غبیبۃ (فکسف) صبح کا دودھ جیسے رات کا دودھ دوہتے ہین اور وہی بناتے ہین۔
غبیبۃ (فسسف) تھوڑا سا مینھہ یا مینھہ کا ایک چھینٹا۔ یعنی مینھہ کہ ایک دفعہ زور سے برسکر رہجاوے باقی او تازیانہ کی بہت سی سرزنش۔
غبیبۃ التراب اونچی اوٹھی ہوئی گرد
غبیثۃ (فکسف) اسم غبث پنیر یعنی غبث پنیر اور مسکہ ملانا او غبیثہ پنیر اور مسکے ملے ہوئے کو کہتے ہین
غبیر (فکس) ایک قسم کا خرما۔
غبیراء (ضفسفسم) پینے کا پانی جو مست کردے۔ ایک قسم کی ریگستانی گھاس یا اسکا پھل اور غبیراء اسکا درخت یا بالعکس
غبیس (ضفس) بھیڑیا۔
غبیط (فکس) ایک قسم کا پالان وغیرہ جیسے پالان تختی یا اونٹ کا پالان جسپر ہودہ باندہین یا چھوٹا پالان کہ جسکا قتب اور رحنا ایک ہو۔ غبط (ضفض) جمع۔ زمین نشیب کے پانی کا بہاو اور رستہ زمین ہموار فراخ جسکے کنارے اونچے ہون۔
غبین (فکس) سست عقل والا احمق
غبینۃ (فکسف) نقصانی بیعقلی خرید مین فریب کھانا۔ فریب۔
غت (فت) (ن) کسی کو ایک کام مین رنج دینا جیسے غتہ بالامر
غتاً کسی کو پانی مین غوطہ دینا جیسے غتہ فی الماء کسی کو کلام سے سرزنش کرنا جیسے غتہ بالکلام
پانی کو تھوڑا تھوڑا پینا پیالہ کو منہہ سے جدا کئے بغیر۔ غمگین کرنا گلا گھونٹنا۔ چوپایہ کو تھکا دینا۔ ایک چیز کو ایک دوسرے کے پیچھے لانا۔ خندہ کو پنہان کرنا۔
غترفۃ (فسفف) بزرگ منشی۔ تکبر کرنا غرور کرنا۔
غتل (فک) درخت ناک جگہہ
غتل غتل کہجور کے درخت آپسمین لپٹے ہوئے۔
غتل المکان جگہہ بہت درخت ناک ہو گئی۔
غتم (فس) گرمی کی سختی کہ دم

مادہ
غبب
غبب
غبب
غبب
۴۴۴
۵ غبر
۶ غبس
۷ غبط
۸ غبن
۹ غت
۱۰ غترف
۱۱ غتل
۱۲ غتم
۱۲

مادہ

غ ت م
غ ث ث
غ ث ر
غ ث ر
غ ث م

غ ث ث
غ ث ر
غ ث م

گھبرا دے۔ زور کی دم روکنے والی گرمی
غُتمۃ (ضسفت) عجمیت۔ اغتم
(فسفت) اسم مصدر ہے۔
غُتمیّ (ضسکت) مرد جو صاف
بات نہ کہہ سکے۔ ہکلا۔ گونگا۔
جیسا ضغ غتیم کنایہ ہے مرگ سے
غَثّ (فت) دبلا کم گوشت
غثۃ (فتقف) مونث۔ دبلا گوشت
خراب کلام۔
غثث (فت) غثیث (فکس) (ف مد)
زخم سے پیپ جاری ہونی۔
غُثاء (ضتقسم) بمعنی غثاء (ضفسم)
غُثّاء (ضتسم) کوڑا وغیرہ جسکو
پانی بہا لایا ہو۔ جھاگ۔ درخت کا
پتا خراب اور سڑا ہوا جو سیل کے
جھاگ میں آلودہ اور خراب ہو گیا ہو۔
اغثاء (فسفسم) جمع۔
غثاثۃ (ففسف) غثوثۃ (ضضسف)
(ف مد) گوشت کا دبلا ہونا۔ بات کا
خراب اور فاسد ہونا۔
غثاث (ضفس) ہجو کا علم ہے۔
غثا غثت (ضفسک) شیر۔
غثیثۃ (ضتف) قوت جو دن گذارد سے

غُثَث (فف) شیر۔
غَثْر (فس) غثور (ضفس) (ن)
زمین کا سبز گھاس سے لہرانا۔
غَثَر (فف) کپڑے کا روان۔
کپڑے کے پھٹو۔
غثراء (فسفسم) مونث اغثر (فسف)
یعنی نادان اور کمینی عورت۔ ہجو۔
ہر نوع آدمیوں کا گروہ ملا جلا تیرہ
بہت پشم والا کمبل۔
غِثْرۃ (ککف) کمینہ ہیچ آدمی۔
غُثْرۃ (ضسف) انداتی فراخ سالی۔
غُثْرۃ (ضسف) سیاہی سرخی ملی
جلی۔ تیرگی جو سبزی مائل ہو۔
آدمیوں کا گروہ۔
غثری (ففکت) جنگل جو مینہ
سے سیراب ہو۔
غثغثۃ (فسفف) ہنسے ساز و سامان
شکست جنگ کرتی۔ ایک جگہ میں
قرار پکڑنا۔ کپڑے کو اسکی جواب
سے لپیٹنا۔ دھونا۔
غَثْم (فس) (مض) مال جید اور اچھا
کسی کو ایکبارگی مے ڈالنا۔
غُثْم (ضس) دلی کا ٹکڑا جو کھایا جاوے

مادہ

غثث غثم غثو غثی غدو غدو غدو غدو غدر

غَثَمَہ (فسسف) سیاہی تیرگی مائل یا اسکی مانند ایک اور رنگ —
غَثْمَنَہ (فکفف) اوجھہ کا ہزار خانہ گائے اونٹ وغیرہ کے پیٹ کی وہ چیز کہ جسمیں بہت سوراخ سوراخ بہت سے ہوتے رہین —
غَثْمَرَہ (فسنفت) مال کو تباہ کر دینا
غَثْغَثَ (فکفس) پانی کی سی مین جھاگ آجانی۔ چیراگاہ کو خلط ملط کرنا —
غَثْغَثَر (ففسف) شیر —
غَثْیِ (فس) (مص سمیل) اغثاء سے آنا سیل کا چراگاہ کو یعنی گھاس اور خلط ملط کر دینا۔ دل کا اوپر تلے ہونا۔ مالش کرنا اور متلانا — آسمان کا ابر کو بہم پہنچانا —
غَثْی (فق) غَثْی (فس) (مص) کلام کو خلط ملط کرنا —
غَثَیَتِ الْاَرضُ بِالنَّبَاتِ (س) زمین بہت گھاس والی ہوگئی —
غَثَیان (ففقس) دل کا مالش کرنا متلانا
غَثِیث (فکس) دبلا کم گوشت دبلا گوشت۔ زخم کی پیپ —
غَثِیثَہ (فکسف) زخم کا خون اور پیپ ملی ہوئی۔ اور مردار گوشت —
فساد اور خرابی۔ احمق ہونا۔ تغیر فساد عقل — کھجور جسکی کھجورین پکی نہ ہون اور شیرین نہ ہووین —
غَثِیمَہ (فکسف) ایک کھانا ہے جو ملیدیوں کا طیار کرتے ہین —
غُجُوم (ضضس) غُموج (فضس) کا مقلوب غنج کی جمع یعنی شیر بچہ —
غَدَا (فت) غَدوّ (ففتس) (ن) اونٹ کا وبا کا مارا ہونا —
غَدًا (فس) کل جو آویگی —
غَداء (فقسم) طعام چاشت دوپہر کا کھانا خلاف عشاء —
اَغْذِیَہ (فسکف) جمع —
غَداۃ (ففس) غَدِیَّہ (فسف) بمعنی غُدوۃ (ضسف) غدوات (ففقس) غدیات (ففقس) غُدُو (ضضست) غدایا (ففسف) جمع اور غدایا (ففقس) مستعمل نہین ہوتا مگر عشایا کے ساتھ —
غَدّاد (فکفس) غَدائد (ففسک) حصے
غُدار (ففسک) بروزن قطام عورت کے حق مین گالی ہے موضع

ماده

۱ غدر
۲ غدن
۳ غدفل
۴ غدن
۵ غدب
۶ غلد
۷ غدر

ندا مین استعمال کرتے ہین اور کہتے ہین یا غدار یعنی اے بیوفا عورت
غدار (فتقس) نسے وفا مذکر ومونث برابر غدارۃ (فقسف) مونث
غدار (کفس) چھوڑ دینا او باقی رہنا
غدارۃ (ضفسف) جس چیز کو پیچھے چھوڑین
غداف (فتقس) زاغ سیاہ —
پر ون بہرا کرگس - غدفان (کسر) جمع - سیاہ لینے بال سیاہ بکھہ —
غدافل (ضفسک) جسکی
چرم مین لسیتم بہت ہو —
غدان (کفس) شاخ جسپر کپڑا لٹکاوین
غدانی (ضفسات) نرم و نازک اندام جوان اچھی جوانی نازک —
غدب (ضفت) سخت مرد — گھنگنا بہت پہٹے والا —
غدیۃ (ضسف) آدمی کے زمین گوشت کے نیچے جو او بھاری ہو آئین ایک گوشت کا ٹکڑا کہ دار سخت —
غدرۃ (ضتف) گوشت کی گرہ بدن کی گرہ چربی بہری - ہر گوشت کا ٹکڑا سخت پٹھے کے درمیان ہر بستہ خون جو گوشت امدپست

کے درمیان ہو جیسے غدود - غدد (ضفت) جمع - اونٹون کی وبا جس سے وے مرین - غداد (کفس) جمع - بستر جو بدن پر نکل آوے اور پھوڑے رنگ جو چیز کہ چربی اور گوشت کے درمیان ہو - اونٹون کا گلہ —
غداد (کفس) غدائد (فضسک) جمع —
غدد (فقت) اونٹون کی مرامری —
غدر (فقت) سخت جگہہ جسمین کنکری پتھر بہت ہون - زمین جس مین سوراخ اور دراڑ ہون اور چوپایہ اسمین چل نہ سکین - بڑا پتھر —
رَجُلٌ ثَبْتُ الْغَدَرِ مرد لڑائی وغیرہ مین ثابت قدم اور کہا گیا کہ یہہ واسطے گھوڑے کے ہی اور انسان کے لیے جبکہ اسکی زبان قائم رہے - جس چیز کو پیچھے چھوڑین —
غدر (فقف) (رس) مینھہ کا پانی عنلیہ رات کا تاریک ہو جانا - وحشی وغیرہ کا گلہ سے پیچھے رہجانا — اور مسئلہ عن ہے - زمین کا کنکریلی ہو جانا - بکریون کا گھاس سے چراگاہ مین سیر ہو جانا غلیظی ہے

مادہ

غُدُر (ضض) غُدُران (ضسکس)
(ن ض س) بیوفائی کرنی —
غَدَر (فس) (ض) تالاب
میں سے پانی پینا —
غَدْرَاء (فسفسم) تاریکی —
غَدْر (فس) بیوفائی —
غُدَر (ضف) بیوفا مرد یہ لفظ
اکثر موضع ندا میں بمقام شتم
مستعمل ہوتا ہے اور جمع میں کہتے ہیں
یا آل غُدَر یا دو تیجانہ وغیرہ
کے پیچھے ایک گڑھا کہ جسمیں پانی
کثیف ہوتا ہے — پانی جسے رَو
پیچھے چھوڑ آوے —
غَدْرَاء (فسفسم) تاریکی —
غُدْرَة (ضسف) کسف (کسف) جو چیز کہ جسے
پیچھے چھوڑیں غُدْرَات (ضسفسم جمع)
غَدَرَة (ففف) بمعنی غَدَر (فف)
غَدِرَة (فکف) شب تاریک —
غَدِق (فکف) ارزانی — فراخ
حالی — فارغ البالی نعمت بخشنا
غَدَف (فس) (ن) بہت
از حد سخاوت کرنی —
غُدَف (ضف) شیر —

غُدْفُل (کفس) اونچے قد کا مرد
پورے بدن کا اونٹ بزرگ جثہ —
فراخ زندگانی — پرانا کپڑا —
غُدَافِل (ضفسکس) جمع —
غُدَفْلَة (کفسف) کثیر چنانچہ
رَحْمَةٌ غُدَفْلَةٌ بولتے ہیں یعنے
رحمت کثیر — فراخ چنانچہ مُلَاءَةٌ
غُدَفْلَةٌ بولتے ہیں یعنے چوڑی کملی چادر
غَدْفَلَة (فسفف) ارزانی اور
خوشحالی میں داخل ہونا —
غُدْفُن (کفس) پورے بدنکا —
غَدَق (فف) بہت پانی —
غَدِق (فکف) (س) بہت پانی والا ہونا چشمے کا
غَدَن (فف) دسترس — نیکی —
نرمی — ناز کی سستی — خواب —
دو پیغمبروں کے درمیان کا
زمانہ جسمیں کوئی پیغمبر نہو —
غَدَن (فف) (س) سوجانا
لٹرپڑا اور نرم ہوجانا —
غُدُنَّة (ضضسف) سستی نرمی لٹرپڑا پن
غُدُنَّة (ضضسف) گوشت کا
ٹکڑا سخت کان کی لو کے
نیچے — نرمی — لٹرپڑا پن —

غدر
غدف
غدفل
غدفن
غدق
غدن
۴۴۵

ماده		
اسم کا علم، دلالت، ۱ غذو، ۲ غذن، ۳ غذر، ۴ غذو، ۵ غذر، ۶ غذو	غذو (فس)، غذو (ضفقست) غدوۃ (فسقف) (ن) کسی کے پاس صبح کو آنا — غدوۃ (ضفسقف) صبح یا طلوع فجر اور طلوع شمس کا درمیان — غدودی (فقسقکت) تیز رو — غدور (فقنس) اسے وفا — مذکر و مونث برابر ہے — غدورۃ (فقسات) پیچھے رہتی ہے (اونٹنی) — غذوی (فقات) پیٹ کا بچہ یا خاص بکری کے پیٹ کا بچہ — غذی (فکت)، غذوی (فقکت) منسوب ہے غذا کی طرف — غذی (فکت) (س) چاشت کا کھانا کھانا یا غذی کا صیغہ ہے — غذا (فسقفہ) غذیا (فسرت) مونث غدیان (فسقس) — غدیان (فس) چاشت کا کھانیوالا — غدیر (فکس) تالاب — پانی جسے رو پیچھے چھوڑ آدے — غدر (ضقت) غدران (ضفس) جمع تالاب — غدیر (فکس) بے وفا مرد — غدیرۃ (فکسیف) تھوڑی سی گھاس — غدران (فسقس) جمع اور	زلف گندھی ہوئی مینڈھی — غدائر (فقسک) جمع — اونٹ اور بکری پیچھے رہی ہوئی — ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے کا بناتے ہیں — اونٹنی جسے چرواہے نے پیچھے چھوڑ دیا ہو — تغدر (فت)، تغدد (ضفنس) (ن) کم کر دینا — تغذ (فت) (ن ص) زخم سے پیپ کا روان ہونا — یا سوج جانا اور بڑھ جانا — غذاء (فقسم) خوراک اور پرورش کہ جس سے جسم کی بالیدگی اور آرائش ہو — غذارم (فقسک) بہت پانی — تخمینی پیمانہ — غذامتر (فتفسمت) ایک قسم کی کھاری گھاس — غذام (فس) جمع — غذارم (ضفنسک) بہت پانی — غذالمکم (فقسنک) ہر چیز تر بتر اوپر تلے جمی ہوئی — غذمتر (فسقف) تھوڑا تھوڑا ایک چیز کو خرید لینا — کلام کو آمیختہ کرنا — تغذ تغذۃ (فسقف) کم کرنا — تغذم (فس) (ص) کسی کو

Margin column, lower part: ۱۴۱۳۴ — غذو — غذی — غذا — غذار — غذارم — غذامتر — غذارم — غذامکم — غذمتر — غذغذ — غذم

عمدہ مال ایک مرتبہ دیدینا۔ واقعہ اور حادثہ دشوار کو پہنچ جانا۔

غَذَمَ (فف) غَذْمٌ (ضفس) ایک چیز کو سختی اور دشواری سے کھانا یا بحرص تمام کھانا۔

غَذَمٌ (فف) ایک گھاس ہے۔

غُذُمٌ (ضض) ایک قسم کی ترش گھاس۔

غَذَمَّۃٌ (فسفت) سخن چاوتہ سخت۔

غُذُمَّۃٌ (ضسفت) نہایت تیرگی۔ کچھ تھوڑے سے اونٹ یعنی وہ اور غذمۃ (ففف) بھی آتا ہے۔ غذم (ضف) جمع

غَذْمَرَۃٌ (فسفف) خشم و فریاد اور اضطراب آواز بوقت خصومت سخن و آواز کی آمیزش۔ غذامیر (ففسکس) جمع۔ کلام کو فخر یا خوف کے سبب پوشیدہ رکھنا۔ غصہ پے در پے غصہ کرنا۔ ایک چیز کو جدا کرنا۔ بعض چیز کو بعض کے ساتھ آمیختہ کرنا۔ ایک چیز کو دوسرے میں خلط ملط کرنا۔ آواز کرنی اٹکل سے کام کرنا تخمیناً ایک چیز کو بیچنا۔

غُذْمُرَۃٌ (ضسضف) ملی ہوئی گھاس

غُذَادَہ غُذْوَۃٌ خورش نیز دوسری اسکلو۔

غَذَا البَوْلُ پیشاب منقطع ہو گیا۔ وَغَذَا المَاءُ پانی جاری ہو گیا۔ ونیز غَذْوٌ (فس) سرعت اور شتابی کرنی۔ خون رگ سے جاری ہونا۔ پرورش کرنا۔

غَذَوَانٌ (ففف) تیز رو گھوڑا شادمان۔ مرد درشت۔ زبان دراز نافرمان تیز رو۔ غذوانۃ (ففسف) مونث

غَذِیٌّ (فف) اونٹ کا پیشاب۔

غُذِیَ (ضک) پرورش کی گئی۔

غَذِیٌّ (فکت) بمعنی غذوی (ففکت) یعنی پیٹ میں کا بچہ خواہ آدمی کا یا گائے یا بھینس یا بکری وغیرہ کا یا خاص یا گوسفند۔ بھیڑ کا بچہ۔ غذاء (کفس) جمع۔

غَذِیُّ المَالِ اونٹ کے بچے یا چھوٹے اونٹ۔

غَذِیْذَۃٌ (فکسف) پیپ زخم کا خون۔ زخم کا مردار گوشت۔

غَذِیْرَۃٌ (فکسف) آٹا جس میں ستو ملا کر چلتے ہوئے ٹھیکرے پر سینکیں

غَذِیْمَۃٌ (فکسف) ایک زمین جو غذم گھاس اوگا دے۔

مادہ

غذم

غذمر

غذمر

غذو

غذی

غذی

غذی

ث غذر

ث غذم

۱۲

مادہ	علامات اعراب ضمہ فتحہ کسرہ سکون تشدید مد

غرر
غرو
غرا
غرب
غرد
۱۲

ایستادہ کردن - انداز کردن -
غر (فت) کپڑے کی شکن - پوست
کی لپیٹ - غرور (ضضس) جمع -
غر (فکِ) خوبصورت مرد -
غر (کت) وہ شخص کہ جسے فریب
دیویں - فریب کھا جاوے یعنی
بھولا بھالا - ناآزمودہ کار جوان -
مذکر و مونث برابر ہی - غرۃ (کتف)
مونث بھی ہی - اغرار (ضسفض) جمع
غر (صنت) جو چیز کہ پرندہ بچوں کے
کھانے کے لئے دیوے -
زمین کی دراڑ - چشمہ تاریک و تنگ -
کپڑے کی شکن - پوست کی لپیٹ -
تلوار کی باڑھ - ایک آبی پرندہ ہی -
غر (فت) غرور (ضضس) غرۃ
(کتف) (ن) فریب دینا کسی کو
بیہودہ و باطل امیدوار کرنا - ٹونکا
چرانا - پانی کا زمین میں گھس جانا -
غرغرہ کرنا - پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا -
غرا (فف) سریش - یا وہ چیز
کہ جس سے کسی چیز کو چپکا دیں -
ایک چیز ہی جو مچھلی میں سے
سریش کی مانند نکلتی ہی - گائے کا

بچہ - ہر نیا جنا ہوا - لاغر - اغراء
(ضسفسم) جمع خوبصورتی -
غراء (فقسم) ہوکا آرزو و مشتاق -
غراء (کفسم) مرد جسکے پاس چوپایہ ہو -
غراء (فقسم) غرہ دار گھوڑی -
سخت گرم - مدینہ منورہ - ایک
خوشبودار گھاس ہی یا وہ غریر اور ضفسقسم
ہی - ایک سپید سر کا پرندہ ہے -
مذکر و مونث برابر -
غراب (ضفس) کوا - اغرب (ضسض)
اغربۃ (ضسکف) غربان (کسفس)
غرب (ضس) جمع - ہر ایک چیز کی حد -
تیر کی تیزی - ہر ایک چیز کی تیزی -
اولا - برف - پس سر - گدہی - پیلو
کے پھل کا پہلا خوشہ - سرین کی
جانب اسفل کا ابھار ران کی
جانب اعلیٰ کے متصل - یا باریک
ہڈی استخوان تنگ کے پیچھے -
غربان (کسفس) جمع -
غرابۃ (ضفسف) ہر ایک چیز کا
شروع - ہر چیز کی تیزی -
غرابی (ضفسکت) ایک قسم کا خرما -
غراۃ (فقس) گائے کا بچہ -

ہر بنا چنا ہوا الا یعنی غروری (فسف)
غراد (فغس) ایک قسم کی کھنبی –
غرادہ (فغسف) ایک قسم کی کھنبی –
غرادر (کفس) تیر اور نیزے اور تلوار
کی باڑ – خضاب وغیرہ تھوڑ لیسی
قالب کہ جسمیں پیکان ڈہالین تاکہ
درست ہو جاوے – روش جلیسے

رمینت ثلثۃ اسہم علی غرار واحد
یعنی پھینکے مین تین تیر ایک روش سے
شتابی جیسے اتاہ علی غرار آیا
اسکو جلد – مقدار – بچہ کو چونگا دینا
بہرانا – اونٹنی کا دودہ سوکھکر کم ہونا
غرارہ (فغسف) کام کی ناآزمودگی
ناتجربہ کاری – کام کی ابتدا یعنی
ابتداء کام مین آدمی دہوکا کھاتا ہے
اور غفلت اور بیخبری –
غرارہ (کغسف) گون – غرائر (فغسک) جمع
غراس (کفس) پودہ لگانے کا
وقت – پودہ لگایا ہوا –
غراف (کفس) ایک بزرگ پیمانہ
غراف (فتغس) بہت پانی والی
نہر – گھوڑا فراخ گام کشادہ رو –
غرام (فغس) شیفتگی مشتاقی –

آرزومندی – بدی جو متصل وپیوستہ
ہو – ہلاکی عذاب –
غرامہ (فغسف) قرض جس چیز کا
ادا لازم ہو – نادان –
غران (فتغس) پانی کے بلبلے حباب
غرانق (ضغسک) پوری پیدائش
کا جوان نازک اندام اور عورت
کی صفت مین واقع ہوتی ہے جیسے
امراۃ غرانق –
غرانقہ (ضفسک) پر گوشت عورت جوان
لمتہ غرانقہ کان تک لٹکے ہوئے
بال ہوا سے ہلتے ہوئے –
غراوی (ضغسف) سنگ بزرگ
یا علائی – غراوی (فغسف) جمع –
غرب (فس) آفتاب کے غروب
ہونے کی جگہہ – ہر چیز کا شروع –
ہر چیز کی حد – تلوار کی تیزی – زبان
کی تیزی – ہر ایک چیز کی تیزی گھوڑے
کی رفتار کی تیزی – اول رفتار –
تیزرو گھوڑا – پانی کی مشک یا پانی
ڈہونے والا چوپایہ – بڑا ڈول –
آنکھہ کی رگ کہ جس سے ہمیشہ
آنسو بہا کرین جیسے ناسور –

آنسو بہنے کی جگھہ۔ آنسو گرنے
کی جگھہ۔ دانتون کی تیزی اور اُنکی
آبداری۔ غروب (ضفس) جمع۔
اشک جو آنکھہ مین سے نکلے۔ آب
دہن کے اکٹھے ہونے کی جگھہ۔
پانی کھینچنے کا دن۔ آنکھہ کا کویا
اور دنبالہ یعنی آنکھہ کی پچھاڑی۔
آنکھہ کا ایک آبلہ ریزہ جیسے چلتی
ناخنہ۔ دنبالہ چشم کا ورم۔ شراب
اور اشک کی روانی۔ آب دہن کی
کثرت۔ تھوک اور اُسکی رطوبت۔
دوری۔

اَصَابَہٗ سَہْمُ غَرْبٍ یعنی اُسکو
ایک انگریس تیر آ لگا یعنی جسکا
پھینکنے والا معلوم نہین۔

غَرَبَ (فس) (ن) چھپ جانا۔
غائب ہونا۔ دور دور ہونا۔ چلا جانا۔
ایکسو ہونا۔ شادمانی کرتی ٹھیل
ڈہال کرتی۔ آنسو نکا بہنا۔

غَرْب (ضس) اپنی جگھہ اور راہ سے
وطن سے دوری۔

غَرَب (فف) ایک درخت کا نام ہے
کہ ہرگز پھل نہین رکھتا۔ شراب۔
چاندی۔ یا چاندی کا پیالہ۔ کاسہ۔
بکری کی ایک بیماری ہے۔ شونا۔ پانی
جو ڈول سے حوض اور کوئین مین
ٹپکے اور اُسکی بو متغیر ہووے۔
کیچڑ کی بو۔ گھوڑے کی آنکھہ کی نیلاہٹ۔

غُرُب (ضض) مسافر۔ نادر۔

غَرِبَ (فف) (س) نہایت کالا ہونا۔

غِرْبَال (کسفس) چھلنی۔

غَرْبَۃ (فسفت) دوری۔

غُرْبَۃ (ضسفت) باریک ہو جانا نہان
ہو جانا۔ اپنی جگھہ سے دوری۔
مسافرت۔ دور رہونا۔

غَرْبَلَۃ (فسفف) چھاننا۔ قطع کرنا
قتل کر ڈالنا۔ اور پیس ڈالنا۔

غَرَبِی (فسکت) کچے انگور کی
شراب۔ درخت جسپر آفتاب کے
ڈوبنے کے وقت گرمی پہنچے۔ ایک
قسم کی کہجور۔ ایک سرخ رنگ ہے۔

غِرْبِیب (کسکس) ایک قسم کے
عمدہ انگور۔ بڈہا جو بالون کو خضاب
سے سیاہ رکھے۔ اَسْوَدُ غِرْبِیبٌ
یعنی نہایت سیاہ۔ اور غرابیب سود
مین سود بدل ہے کیونکہ الوان کی

غرب ۱
غربل ۲
غرب ۳
غربل ۴
غرب ۵
۱۲

۴۵۰

تاکید تقدم نہیں آتی اور یہان تاکید واقع ہی

غربیل (کسکس) چھلنی ڈہبری
آہن چین مرد —

غرة (کتف) کام کی ناآزمودگی
غفلت اور بے خبری —

غرة (کف) وعدہ —

غرة (ضتف) پیشانی اسپ کی
سپیدی - ایک درم سے بڑی کیونکہ
یہہ وصف ہی اور کم کو ستارہ پیشانی
کہتے ہین اور برا سمجھتے ہین - غلام
لونڈی - دل - چاندرات - نیا چاند
دانتون کی سپیدی اور انکی چمک -
چنی ہوئی چیز - قوم کا سردار اور
شریف - چاند کی پہلی رات - غرر
(ضتف) جمع - مرد کا چہرہ - انگور کی
پھیلاوٹ کی جلدی -

غرث (فف) (س) بھوکھا ہونا
غرثان (فسفس) بھوکہا - غرثی
(فسف) غراثی (ففسف) غراث
(کفس) جمع - اور غرثی (فسف)
مونث بھی ہی جسکی جمع غرات (کفس) ہی

غرثی الوشاح باریک کمر کی عورت

غرد (فس) بالش سکیے وغیرہ کا

گھر - گھر جسکی چھت کڑیونکی ہو —
ایک قسم کی کھمبی —

غرد (کس) بلند آواز و خوش آواز
مرغ - آواز بلند و خوش - ایک قسم
کی کھمبی - غردة (کسف) غراد (کسن) جمع

غرد (فف) (س) پرندہ کا بلند
آواز سے چہکنا - ایک قسم کی کھمبی

غرد (فک) غرید (کتکس) بلند
آواز اور خوش آواز مرغ —

غردة (کسف) ایک قسم کی کھمبی —

غردقة (فسفف) گرد کا آدمیونکو
ڈہانک لینا - شب کا ہر چیز کو ڈہانک لینا
پردہ وغیرہ کو لٹکانا —

غرر الشہر شروع چاند کی تین راتین

غرر (فف) ہلاکت - خطر - ایک
قسم کی بیع یعنی شئ کو بے ہاتھ
مین آئے بیچین جیسے کہ مچھلی کو
پانی مین اور پرندہ کو ہوا مین —

غرر (فف) غرة (ضتف) غرارة
(ففسف) (س) چہرہ کا چمک
دار ہونا اور سپید ہونا - ناآزمودہ
کار ہو جانا - مفتون ہونا - بعد
آزمائش و امتحان کے میں کرنا -

کام کانا آزمودہ پن۔

غُرز (فس) چمڑے کی رکاب جو پالان پر لگاوین۔ شاخ کا شاخ مین پیوند لگانا۔ گاڑنا چبھونا۔ اَئْتِ مِن غَرْزِ فُلَانِ یعنی اُسکے امر و نہی کو مان۔ اُشْدُدْ بِغَرْزِہٖ یعنی اُسکا دامن مت چھوڑ۔ ونیز (غرز) رکاب مین پانون ڈالنا۔

غَرَز (فت) ایک قسم کی گھاس یا ایک گھاس ہے کوم کی مانند کہ بدترین چراگاہ ہے۔

غرز (فکف) (س) نافرمانی کے بعد سلطان کی اطاعت کی باغی کا مینہ ہے۔

غرز (فس) غِراز (کفس) (ض) اونٹنی کا کم شیر ہونا۔

غرزجلۃ (کسقسف) ہاتھ کی انگلی۔

غَرْس (فس) جما ہوا درخت۔ اغراس (فسفس) غِراس (کفس جمع)

غرس (فس) (ض) زمین مین درخت جمانا بونا۔

غِرس (کس) پانی وغیرہ جو رحم مین سے بچہ کے ساتھ باہر نکلتا ہے۔ پوست جو جنین کے منھ پر ہوتا ہے اگر اُس پوست کو بچہ کے منھ پر جننے کے بعد چھوڑ دین تو فوراً بچہ مرجاے۔ اغراس (فسقس) جمع۔ کمالا کوا۔

غُرش (فس) ایک درخت کا پھل ہے۔

غَرْض (فس) اونٹ کا پیش بند جیسا زین کا تنگ۔ غُرُوض (ضضس) اغراض (فسفس جمع) نہر مین سے نکلی ہوئی گول یا رجبہ۔ غِرضان (کسفس ضسفس) جمع۔ کپڑے کی شکن۔ موٹے آدمی کے بدن کی جھریان کہ بعد دبلے ہو جانیکے پڑجاتی ہیں۔

غرض (فس) (ن) اونٹنی کو غرضہ سے باندہنا۔ باز رکہنا۔ ایک چیز مین اُسکے وقت سے پہلے جلدی کرنی۔ دوہرا ہونا۔ لاغری کے سبب موٹاپے کے بعد بدن کا جھری دار ہو جانا۔

غَرَضَ الْاِنَاءَ (ض) برتن کو بھرا یا نہ بھرا۔ لغات اضداد سے ہے۔

غَرَضَ الْقَوْمَ وہی جگہ کہ اُنمین سے ... لا اور لوگونکو وہی کہلایا۔

غَرَضَ الْ...نَحْل بھیڑئیے کے

1 غرز
2 غرص
3 غرس
4 غرز
5 غرض
12
52

ا نچے کا دودھ وقت سے پہلے چھوڑا دیا۔

غرَضَ الشئ ایک چیز کو تر و تازہ توڑا۔ یا ایک چیز کو تر و تازہ قطع کیا

غرض (فف) تیر کا نشانہ اغراض (فسقس) جمع مقصد مقصد و ارادہ۔ غمناکی۔ شوق۔

غرض (فف) (س) عاجز آنا۔ آرزومند ہو جانا ڈرنا۔

غرض (فک) (ک) تازہ ہو جانا۔

غرضة (ضسفف) اونٹ پیش بند

غرض (ضضض) جمع۔

غرضوف (ضسفسس) چینی ہڈی جسے کھاتے ہیں بمعنے غضروف

غرضوفان (ضسقسقس) دو لکڑیاں جو پالان کے بیچ کی اور پچھاڑی کے لکڑی کے دائیں بائیں باندھتے ہیں۔ غراضیف (فسکس) جمع

غرطمانی (ضسفسکت) خوبصورت جوان

غرغر (کسک) ایک گھاس ہے۔ حبشی مرغی۔ غرغرة (کسکف) ایک گھاس

غرغرة (ضسقف) گھوڑے کی پیشانی کی سپیدی۔ شریف مرد بزرگ مرتبے کا۔

غرغر بالسنان غرغرة حلق میں نیزہ مارا۔

غرغر اللحم گوشت کے بھوننے کے وقت آواز نکلے۔ و نیز غرغرہ غرارہ کرنا۔ استخوان بینی کو توڑنا۔ اور سر شیشہ چیروا ہے کی آواز کی نقل۔ مرگ کے نزدیک ہونا۔ گلا کاٹنا۔ آواز کا گلے میں اور جا نکلا حلق میں آجانا۔ گلے پڑے ہوئے کی آواز۔ دیگ کے جوش کے وقت کی آواز۔ جانور کا بولنا۔

غرغری (ضسفتف) ایک کلمہ ہے جس سے بکری کو دوہنے کے لیے بلاتے ہیں

غرغریات (ضسفکتفس) اچھے اصیل نجیب اونٹ۔

غرف (فس) ایک درخت ہے جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں

غرف (فس) (ن) درخت غرف کو قطع کرنا۔ پیشانی کے بالوں کو کاٹنا۔ پانی کو چلو سے لینا۔ چمڑے کو غرف سے سنوارنا۔ اونٹ کا غرف کھانے سے بیمار ہونا۔

غرف (فف) ایک گھاس یا نیزہ

مادہ
غرض
غرضف
غرطم
غرغر
غرف
۴۵۷
یعنی بعی بکری اور بکرے بکروں وغیرہ کو بلانے میں اور ایک لفظ کی طرح آواز لگانے پہلے یا پیچھے ذرا لگاتے

گھاس تر۔ یا ہر درخت کہ ہمیشہ سبز ہو
شَثّت۔ طُبّاق۔ لَبْتَم۔ غفار جَبَج
شَدن۔ عَیْثَل۔ ہَیْشَر۔ مَرْم۔ اِن
سب درختون کو غرق کہتے ہین
درخت کا پتّا۔

غَرْفَۃ (فسف) ایکبار قطع کرنا
بالونکو کاٹنا۔ پانی کی ایکمرتبہ چلو بھرنی

غَرْفَۃ (کسف) پانی کو ہاتھہ
مین لینے کی ہیات۔

غُرْفَۃ (ضسف) ایک چلو پانی۔
غِراف (کفس) جمع۔ بالاخانہ۔
غُرُفات (ضضفس) غُرَف (ضفس جمع)
بالون کی لٹ۔ اونٹ کے گلے
کی رسی کہ سہل گرہ سے باندہی
گئی ہو۔ ساتوان آسمان۔

غُرْفِیّ (فسکت) مشک جو غرفۃ
سے سنواری ہوئی ہو۔

غَرِقَت مِن اللبن غَرَقاً
(رس) لیا مین سے دودہ سے بقدر
ایک دہبہ دوہنے کے۔ غرق ہونا
اور پانی کا سر سے گذر جانا۔ خوب
جہک کر پانی پینا۔ سنے نیاز ہو جانا
غرق بمعنی اغراق بہی آیا ہے یعنے
ڈبو دینا جیسے وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً۔

غَرِق (فک) ڈوبا ہوا بولتے ہین
اِنَّہُ لَغَرِقُ الصَّوْتِ یعنی ایسی
آواز نکلتی ہے جیسے کوئین مین ڈوبا ہوا

غِرْقَاۃ (کسفف) انڈے کا پتلے
چہلکے کے نکلنا۔ مرغی کا بغیر پتلے
چہلکے کے سپیدی پر ہوتا ہے انڈا دینا۔

غُرْقَۃ (ضسف) دودہ وغیرہ کا
ایک مرتبے کا پینا۔ غُرَق (ضف جمع)

غَرِقَۃ (فکف) خوب سیراب زمین۔

غَرْقَد (فسف) ایک قسم کا درخت
بزرگ یا وہ عوسج ہے جبکہ بڑا ہو جاوے

غَرْقَدَۃ (فسفف) ایک درخت۔ انڈے
کی سپیدی جو زردی پر ہوتی ہے۔

غَرْقَلَۃ (فسقف) ایکبار پانی میں
گرانا۔ انڈے اور خربزہ وغیرہ
کے بیچ کا گندہ ہو جانا۔

غُرْقُم (ضسف) ذکر کی سپیاری حشفہ

غِرْقِیٔ (کسک) پتلا پوست انڈے
کی سپیدی سے چمٹا ہوا یا انڈے کی
سپیدی جسے کہاتے ہین۔

غُرُل (ضک) لینا نیزہ۔ لمبے
اور نرم بدن کا آدمی۔

غُرلۃ (ضسفف) لڑکے کی پچھو کا
غلاف جسکو ختنہ مین کاٹتے ہین -
غُرم الدیۃ جسپر تاوان لازم ہوا -
غُرم (ضفس) جس چیز کا ادا
لازم ہو قرض تاوان -
غُرمول (ضسضس) ذکر یا موٹا
اور نرم ذکر لٹکا ہوا ختنہ نکیا ہوا -
غَرمی (فسفف) بھاری جسم کی
عورت ہتھیر چھہ اور معرفۃ ایک
کلمہ ہے سوگند کے لیئے جیسے اما
غُرن (ففت) ایک پرند جانور ہے
یا عقاب یا ایک پرند جانور عقاب
کے مشابہ - اغران جمع - گیکڑا
غَرن (فک) سست -
غَرلف (کسک) یاسمین -
غُرنقہ (فسفف) آنکھ مین ایک غدہ سا ہے
غَرنوق (ضسضس) ایک آبی جانور
ہے سیاہ یعنی گردن کا اور بعض کہتے
ہین کہ وہ سپید ہوتا ہے - غرانیق
(فضسکس) غرانقۃ (فضسکف) غرانق
(فضسک) جمع - بٹے ہوئے
بالون کی لٹ - ایک درخت ہے -
غرانق (فضسک) جمع - یا نرم گھاس

جو عوسج کی جڑ مین اُگے یا ہر گھاس
نازک جیسی ہوئی -
غِرنیق (ضسفس) کلنگ یا ایک
جانور کلنگ کے مشابہ - جوان
غَرو (فس) تعجب -
غَرو (فس) (ت) چربی کا دلیر چھپا جانا
پوست کو سریس سے چمٹانا اچھا کرنا
غُروب (ضفس) چاند وغیرہ کا ڈوب جانا
غُرور (فضس) دنیا جس چیز سے
کہ غرہ کرین اور یہ وغیرہ سے
فریب دینے والا شیطان -
غَروف (فضس) کوان کہ جسکے
پانی تک ہاتھ پہنچے - بڑا ڈول
یا ڈول بہت پانی لینے والا -
غَروی (فسف) تعجب
دشمنی کی تحریض لالی - اسم ہے اغراء کا -
غَری (فکت) آدمی وغیرہ اچھا خوبصورت
غَری یہ غرا اور فتح غرا ا د ا (فسم)
(س) مشتاق ہونا -
غَری الغد چشمے کا پانی سرد ہو گیا
غَری (ضتف) قوم کی سردار عورت
غِریاق (کسفس) ایک پرند جانور
غَریب (فکس) ہر چیز نادر اور نئی

مادہ		
غرب غرر غرز غرس غرض غرف غرق	مسافر۔ دور ہونے والا۔ غربا (ضفقسم) جمع ۔بیگانہ۔ غریبہ (زفکسف) پکی جو زمین میں گڑی ہوئی ہو۔ غریر (زفکس) فریب دیا ہوا امر باطل میں امیدوار کیا گیا۔ ایک چیز سے تحذیر کرنے والا اور ڈرانے والا۔ خوی نیک۔ ضامن۔ فراغ خاطر کے ساتھ زندگانی۔ غران (ضتقس) جمع۔ ناآزمودہ کار جوان غریرہ (زفکسف) مونث۔ اغراء (زفتفسم) اغرۃ (زفتقف) جمع۔ غریزہ (زفکسف) سرشت۔ غریس (زفکس) بکری۔ غریس غریس ایک کلمہ ہے جس سے بکری کو دوہنے کو بلاتے ہیں۔ غریسہ (زفکسف) نیا اگا ہوا کھجور کا درخت یا لگایا ہوا پودہ تاکہ جگہ پکڑ جاوے۔ غریض (زفکس) تازہ۔ اچھا گانے والا۔ میٹھا پانی۔ سپید۔ ہر چیز تازہ۔ شگوفہ۔ نیا پودہ۔ غریف (زفکس) قے یعنی بالسن نرکل۔ درخت گھاس اور غیفہ۔ نیستان	کے کسی گڑھے کا پانی۔ گھنے پیچ درخت گھن کے کھیں کے ہوں۔ یا گھن کے درخت انبوہ دار۔ بردی اور خانقاہ کے غروب غریف بڑا ڈول بہت پانی لینے والی۔ غریف (کسف) ایک ہلکا پھلکا نرم درخت ہے یا وہ بردی ہے۔ غریفہ (زفکسف) بہت سے درخت آپس میں کٹے ہوئے ہر ایک جنس کے نعل یا نعل کہنہ۔ بالشت بھر کا ٹکڑا پرتلے کا قبضہ شمشیر میں سے لٹکا ہوا چڑا یعنی جس پر سونے کا کام ہو اور گوہر ہوں غریق (زفکس) ڈوبا ہوا غرقی (ضفسف) جمع غرین (کسف) گرد۔ پتلا کیچڑ۔ جھاگ اور کیچڑ جسے سیل بہا لائی ہو اور زمین پر اور گڑھوں میں رکی ہو خشک ہو یا تر۔ ہر سُم دار چوپایہ کی ناک کا پانی۔ پاور جیتنے کا گڑھا کہ جسمیں کیڑے پڑ جائیں۔ شیشہ کے پیندی کی گاد۔ پانی جو جز اور برتن کی تھاہ میں باقی رہا ہو۔ غریم (زفکس) قرضدار۔ قرضخواہ۔ لغات اضداد سے ہے۔

علامات اعراب + ضفکستم ت غ ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید مد

ماده

غرین (فکس) بمعنی غرین (کسفت)
غرین (کسفت) کیچڑ کوڑا جیسے سیل بہا لائی ہو تر ہو یا خشک۔
غز (ننت) اندر کی طرف منھ کی باچھ۔ ترکیوں کا ایک گروہ۔
غزاۃ (فقفس) نشش۔ دشمن میں سے جنگ بہ اسم ہے۔
غزارۃ (ففنسف) غزر (فس)
غزر (ضس) ایک اونٹنی کا دودھ سیل ہو جانا آنکھ کا بہت اشک والا ہو جانا چیز کا زیادہ ہو جانا۔ ہر چیز کی بہتایت۔
غزاز (ضتفس) خویش اور فرزند اور ہمسایہ کے ساتھ احسان کرنیوالا
غزال (فقس) ہرنوٹہ جب چلنے پھرنے لگا ہو یا ہرن کا نیا جنا بچہ جب تک کہ خوب دوڑنے والا ہو جاوے
غزالۃ (کسفف) غزلان (کسفس جمع)
غزال شعبان ایک چھوٹا سا جانور ہے۔
غزالۃ (فقسفف) آفتاب یا آفتاب جس وقت کہ طلوع ہووے یا بلند ہو جاوے یا چشمہ آفتاب جسے جہاں سے نکلے ہرنی
غزالۃ الضحیٰ شروع چاشت

تخمیناً دس بجے سے تین بجے تک۔
غزر (فس) ایک برتن ہے جسے گیاہ و دوخ اور کھجور کے پتے سے بناتے ہیں بہت غزر (ضس) جمع
غزز (فف) (اس) کسی کو اوروں میں سے برگزیدہ اور خالص کرلینا اونٹ پر نظر بد لگنے کے لیے رنگین پشمینہ یا تدبیر جیسے نیلا ڈورا گردن یا بچے کے
غزغز (ضس کمتس) اندر کی طرف منھ کی
غزل (فس) ڈورا یا دھاگا۔
غزل (فس) (ض) کاتنا۔
غزل (فک) جو کہ عورتوں کے ساتھ بات چیت کرے اور عشق بازی کرے۔ ہر چیز سست و نرم ہو۔
غزل (فف) عورتوں کے ساتھ بات چیت عشق بازی۔ سے
غزل (فف) (س) عورتوں سے ساتھ بات چیت کرنی اور عشق بازی کرنی
غزل الکلب مست ہو کر لوٹ آیا کتا ایسا اسی طرح پر ہوتا ہے کہ جب کتا ہرن سے نزدیک پہنچتا ہے تو وہ ڈر کے مارے چیختا ہے اور لوٹ جاتا ہے۔

غرن
غ ر ز
س غ ز ع
س ع ز ف
س غ ز ن
س غ ز ل
ع غ ز ل
س غ ز غ ز
ع غ ز ل
۸۵۷
غزل
۱۲

باب غزن
باب غزو
باب غزر
باب غزز
باب غسب
باب غسق
باب غسل

غَزَنَۃ (فسفت) شہروں میں
کشادہ تر اور پاکیزہ تر جگہہ —
غَزْو (فس) قصد وارادہ —
غَزْو (فس) (ن) خواہش کرنی
کسی چیز کو ڈہونڈہنا اور اسکا ارادہ کرنا
غَزْو (فس) غَزْوَان (ففس) (ن)
غَزَاۃ (ففسف) دشمن کے ساتھ
جنگ کرنی اور انکی غارت کے دریے ہونا
غَزْوِی (فسکت) مرد غزو کیطرف منسوب
غَزْیَد (کسف) سخت آواز والا یا
لغت غزید بروزن سکیت اسکی تصحیف ہی
نرم دیا نرک گہاس یلیہہ راو مہاملہ ہی
غَزِیر (فکس) ہر چیز بہت سی —
غَزِیرَۃ (فکسف) اونٹنی وغیرہ بہت
دودہ دینے والی غزار (کفس) جمع
کوان اور چشمہ بہت پانی والا غزر
قطار روتی ہوئی آنکھ —
غَسَّ فی البلاد غَسًّا (ن)
شہر میں آیا گیا —
وغَسَّ الخطبۃ عیب کیا —
وغَسَّ فلانا فی الماء یانی
مین غوطہ دیا اور نیز غس یلی کو غسن
لکہہ کر جہٹ کتا طعام کہلایا جانا

مجہولاً — چنانچہ کہتے ہین وَاَنَا الْغَسّ
وَاُسْقٰی یعنی کہلایا پلایا جاتا ہون یا
غِسّ (ضت) سست مرد کمینہ
مرد — واحد وجمع برابر ہی —
غَسَاۃ (ففس) کچی کہجورین کہ
ابہی گدری ہوئی ہون غَسی (فف)
غسیات (ففس) جمع —
غُسْبَاس (ضفس) اونٹونکی ایک بیماری ہی
غَسَّاق (فس) سرد — ہر چیز —
غَسَاق (فقس) بمعنی غساق (ففس) (ن)
غَسَّال (فقس) دہوبی —
غُسَالَۃ (ضفسف) ہاتہہ اور منہہ کے
دہوتن کا پانی ٹپکا ہوا پانی — ایک
چیز کے دہونے کا پانی — کپڑا وغیرہ
جو چیز کہ دہوئی جاوے — جو چیز کہ
ایک چیز کے دہونے سے نکلے —
غَسَّان (فقس) جوانی کی تیزی
غِسَان (کفس) پوست کا ٹکڑا
جسے لڑکے پہنین —
غُسَان (ضفس) دل کی جڑ —
غَسَّانی (ففسکت) نیک خوبصورت
غَسَر (فک) مشتبہ اور مخلوط کام —
غَسَر (فکس) سانڈ کا نسے خواہش

اونٹنی پر چڑھنا۔ قرضدار پر سخت گیری کرنی

غشر (فف) جس چیز کو ہوا اور ڈال

یا درخت کے پانی جام میں تہہ بچھ میں ڈالے یعنی گرم پتھر کہ جسمیں کثیف پانی جمع ہوتا ہے

غشغشہ (فسفف) بلی کو دفع کرنے میں مبالغہ کرنا۔ بلی کو غش غش کہنا۔

غشف (فف) تاریکی

غشق (فس) غشقان (ففقفس) (ض) ہلکا مینھہ برسنا۔ پہار پڑتی بوچھار پڑنی۔ دودھ کا چھاتیوں سے ٹپکنا۔ رات کا اندھیاری ہونا۔

غشق (فف) اول شب کی تاریکی۔ ایک قسم کے گیہون۔

غشقان (فقفس) پانی وغیرہ کا بہانا

غشک (فف) اول شب کی تاریکی۔

غشل (فس) (ض) دھونا۔ گھوڑے کو پسینا آجانا۔ اس معنے مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہے۔ مارنا اور پھر دردناک ہونا۔ بہت جماع کرنا۔ سانڈ کا بہت جفتی کرنا۔

غشل (کس) غسل کا پانی سر دھونے کی چیز جیسے خطمی وغیرہ

سانڈ اونٹ جو جفتی بہت کرے اور حاملہ نکرے۔

غشل (ضس) آب غسل خطمی وہ چیز کہ جس سے سر دھوین۔

غشل (ضفس) آب غسل خطمی سر دھونے کی چیز۔

غشلبہ (فسفف) کسی سے ایک چیز زور وظلم سے لینی۔

غشلۃ (کسف) آب غسل ایک خوشبودار درخت آس وغیرہ کے پتے جسے عورتین کنگھی کرنے کے وقت سر مین ڈالتی ہین۔ کل سر دھونے کی چیز جیسے خطمی اور

غشلۃ (ضسف) سانڈ اونٹ اور مرد جو بہت جفتی کرے اور حاملہ نکرے

غسلین (کسکس) کپڑے وغیرہ کا دھوون جو چیز کہ دوزخیون کے گوشت اور پوست مین سے رہتا جیسے کچ لہو پیپ وغیرہ خوب گرم۔ دوزخ مین ایک درخت ہے۔

غشم (فف) سیاہی تاریکی۔ گرد کی آمیزش تیرگی شب کی تاریکی

غشم (فف) (س) شب کا

مادہ

غشر

غشغ

غشف

غشق

غشک

غشل

غشلب

۴۵۹

غشل

غشم

۱۲

مادہ
غسم
غسن
غسن
غسن
غسو

تاریک اور اندھیرا ہوجانا —
غسم (ضفت) ابر کا ٹکڑا —
غسن (فت) (ن) جاننا —
غسن (ضفس) سست اور نرم لٹکا ہوا
غسناۃ (ضسفس) بمعنی غسنتہ (ضسفف)
غسنتہ (فسفف) پانی کو برانگیختہ کرنا
غسنتہ (ضسف) بالوں کا چھتا
پیشانی کے بالوں کی لٹ —
گھوڑے کی ایال زلف وغیرہ —
غسن (ضف) جمع —
غسو (ضفت) (ن) رات کا
تاریک ہوجانا خوب بڑھا ہوجانا —
غسوۃ (فسف) بیر —
غسوس (فعس) کھانے کی چیز جو کچھ ہو
غسوق (ضفس) غسقان
(ففس) (ضں س) آنکھ کا
چندھیا جانا — آنکھ کا تاریک ہونا
آنکھ کا آنسو بھر لانا — پیپ کا
زخم میں سے جاری ہونا —
غسول (فضس) آب غسل —
خطمی وغیرہ جس سے ہاتھ وغیرہ دھوئیں
غسول (فتفس) بمعنی غسول (فضس)
غسولتہ (فسف) پانی کو برانگیختہ کرنا

غسی (فت) (س) آنکھ کا تاریک ہونا —
غسیس (فکس) تر کھجور جو
خراب اور سخت ہوگیا ہو —
غسیل (فکس) دھویا ہوا — مذکر
و مونث برابر ہی — غسیلہ (فکسف)
مونث — غسلاء (ضفقسم) غسلی (ضفسق)
غسالی (ضفسف) جمع — سانڈ اونٹ
اور مرد جو جفتی بہت کھانے اور حاملہ نکرے
غسیل (کتکس) سانڈ اونٹ اور
مرد جو جفتی بہت کھائے اور حاملہ نکرسکے —
غش [12] (ضت) شست — کینہ
فریب دینے والا — خیانت کرنے والا
غشون (ضضس) جمع —
غش (فت) بزرگ ناف والا مرد
غش (کت) ملاؤ — کمینہ — باطن
میں کچھ اور ظاہر میں کچھ اور کرنا
تغشیش کا اسم ہی —
غش (کت) (ن) غرض کے
ساتھ نصیحت کرنی — پند خالص
نہ دینی — جو کہ دل میں ہی اسکے خلاف
ظاہر کرنا — خیانت کرنی —
غشا [13] (کفسم) دل کے اوپر کی
جھلی — زین پوش — تلوار وغیرہ کا غلاف —

علامات اعراب ض+ فکستم تغیے ص ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید مد

غشارب (ضفسکف) مرد دلاور
باتھو میں چالاک اور رسا۔
غشاش (کفس) شروع تاریکی
آخر تاریکی
شرب غشاش تھوڑی سی
چیز پینے کی یا شراب ناگوار۔
لقیتہ غشاشا جلدی میں مین
نے اُس سے ملاقات کی یا غروب
آفتاب کے نزدیک یا رات کیوقت
غشانتہ (ضفسف) درخت کے
کاٹنے کے بعد درخت کی جڑ جو
پھر پھوٹ آئی ہو۔
غشایتہ (ضفسف و کفسف) پوشش۔پردہ
غشب (فس) ستم۔
غشرب (فقتف) شیر۔
غشش (ففت) گدلا ملا ہوا۔
غشقل (فسنف) لونڈی۔
غشق (فس) (ن) نرم چیز کو کاٹنا
غشم (فس) ستم۔
غشم (کفت، لس) قطران میں
کچھ گھٹا اور سب کا سب صحیح
اور ستقیم کے بدن پر گرانا او ملنا
لکڑہارے کا رات کو تے فکرو

نے تامل ہر تر و خشک
کو کہ دستیاب ہووے کاٹنا۔
غشمرة (فسفف) اسم + جور و ستم
آواز۔ غشامر (فقسک) جمع غشمرۃ
پیش آنا۔ اٹکل سے اور غنیمہ
مضبوطی سے کام کرنا ستم کرنا۔
حق و باطل میں خودرائی کرنی کام
میں تامے یا کانہ داخل ہونا۔
غشمریتہ (فسفکتف) جور و ستم۔
غشمشم (ففسف) خود سے
مرد دلیر چست و چالاک جیوٹکا۔
غشمشمة (ففسفف) دلیری
کام میں رسائی اور چالاکی۔
غشمشمیتہ (ففسفکتف)
بمعنی غشمشمة (ففسفف)
غشمیرة (کسکس) سختی۔
غشن (فس) (ن) ہاتھ کی
لکڑی اور تلوار سے مارنا۔
غشو (فس) بیر کے آنا
غشو (فس) (ن) کسی نزدیک
غشواء (فسفم) بھیڑ سپیدی
جسکا چہرہ ڈھانک لیوے۔
یعنی چہرہ سپید ہو سپید سر کی گھوڑی

مادہ
۱۶۴
غشقل
غشق
غشم
غشمر
غشمشم
غشن
غشو
۱۲

مادہ:
۱ غشو
۲ غشم
۳ غشی
۴ غص
۵ غصب
۶ غصص

۷ غصلب
۸ غصلج
۹ غصلف
۱۰ غصن
۱۱ غضض

غشوۃ (ضسف) غشاوۃ (ضفسف) پردہ۔ پوشش۔
غشوم (فقس) ستمگار۔ ظالم۔
غشی (فس) غشیان (فقفس) (رس) بیہوش ہوجانا۔ اس معنی میں مجہولاً اور علی کے ساتھ آتا ہے۔
کسی کو ایک کام کا آدبانا۔
غشی بالسوط کوڑے سے مارا۔
غشیہ فلان کسی کے نزدیک آیا۔ یا کسی کے پاس سکے اوپر سے آیا۔
غشی فلانۃ فلانی عورت سے جماع کیا۔ جماع کے لئیے دبالیا۔
غشیۃ (فسف) بیہوشی۔
غشیۃ (ضسف) پوشش۔ پردہ۔
غصان (فقفس) جسکے گلے مین کچھ اٹک جاوے۔
غصب (فس) جو کہ جور و ستم کی راہ سے لیجاوے۔
غصب (فس) (ض) ایک چیز کو جور و ستم کی راہ سے لینا۔ کسی پر غلبہ کرنا۔
غصب الجلد پوست کے پشم اور بال بغیر دباغت چھیلے اور اکھاڑے۔

غصۃ (ضتف) غم جو گلا بند کردے۔
غصص (ضفف) جمع۔ جو چیز کہ گلے کے عرض مین اٹک رہے۔
غصص (ففف) (رس ف) گلے مین کھانا وغیرہ اٹک رہنا۔
غصصص (فسفف) ایک گھاس ہے۔
غصلب (ضسف) اونچے قد کا مضطرب الخلقۃ۔
غصلجۃ (فسفف) گوشت مین نمک اور مصالح ڈالنا اور اسے خوب پکانا۔
غصلفۃ (فسفف) بمعنی غصلجہ (فسفف)
غصن (ضس) ٹھنی کہ ایک ٹھنی پر نکلے۔ غصون (ضضس)، اغصان (فسفس)، غصنۃ (فکف) جمع
غصن (فس) کسی کو اسکی حاجت سے روکدینا۔ شاخ کو اپنی طرف کھینچنا اور اسے قطع کرنا۔
ایک چیز کو پکڑنا۔ خوشہ کا بہت پھیلنا
غصنۃ (ضسف) چھوٹی سی شاخ
غض (فت) تازہ۔ نازک شگوفہ نیا جنا ہوا گائے کا بچہ۔ غضاض (کفس) جمع۔ تازہ روخندان۔ جوانی
غضض (فت) غضاضۃ (کفس)

غضاضٌ (ففس) غضاضتہ (ففسف) (ص) آنکھ نیچی کر لینی - مکروہ چیز کی برداشت کرنی کسیکا مرتبہ کم ہوجانا اور اُسکا اپنے مرتبے سے گرجانا - آواز کو پست کرنا - ٹہنی کا ٹوٹکر لٹکا رہنا - کم کرنا -

غضٌ (فکب) اونٹ جسکے پیٹ مین غضا کھانے کے سبب درد ہو - غضیتہ (فکفت) مونث غضایا (ففسف) جمع

غضابٌ (کفس) کنک جو آنکھ مین گرجاتا ہے - ایک بیماری ہے چیچک - چیچک زدہ ہونا -

غضائر (ضفسک) بمعنی غضبر (ضفک) - غضابی (ضفسکت) جو کہ معاشرت اور مخالفت مین تیرہ دمکدر ہو -

غضاۃ (ففس) ایک درخت ہے جسکو طاق کہتے ہین غضا (فف) جمع

غضار (ففس) پاکیزہ مٹی خوشبودار سبز چکنی والی - ٹھیکری جو نظر بد کے دفع کے لئے اپنے پاس رکھتے ہین - سبز ٹھیکری -

غضارِث (ضفسک) بمعنی غضرب

غضارۃ (ففسف) اچھی خوشبودار مٹی چکنی والی - نعمت - فراخی - فراغت - ارزانی - کشادگی -

۱۰ غضاضٌ (ففس) ناک جو چیز کہ چہرہ سے ناک کے متصل ہے یا ناک اور پیشانی کے بال اوگنے کی جگہ کا بیچ یعنی ماتھا - یا سر کا آگا اور جو کچھ کہ چہرہ مین سے اُسکے نزدیک ہے یا ناک کے سرے کا کنارہ

غضاضتہ (ففسف) خواری - کمی

غضاضتہ (ففسف) غضوضتہ (ضفسف) (ف س) تازہ رو ہو جانا

۱۱ غضافر (ضفسک) شیر -

۱۲ غضانٌ (کفس) اونٹنی کا ناتمام بچہ ڈالدینا -

۱۳ غضائیتہ (ففسف) اچھے چھٹے ہوئے اونٹون کا گلہ -

۱۴ غضبٌ (فف) غصہ خلاف خوشنودی

غضب (فف) (س) غصہ کرنا جب اس لفظ کے صلہ مین علیٰ یا لام آوے جیسے غضبَ علیہ وَ بہ غضباً جاننا چاہئے کہ مغضوب علیہ زندہ ہے اور جب اسکے صلہ مین ب آوے جیسے غضبَ بہ

ماده

غضض

غضغض

غضب

غضب

غضب

غضی

غضغض

۴۶۳

۵ غفر

۹ غفر

۱۰ غضنفر

۱۱ غضنفر

۱۲ غضن

۱۳ غضی

۱۴ غضب

۱۲

مادہ
۱ غضب
۲ غضم
۳ غضر
۴ غضرف
۵ غضف
۶ غضف
۷ غضرب
۸ غضن
۱۲
۴۶۸

تو جاننا چاہیئے کہ مردہ ہے —
غَضُب (ضفضب) بڑا غصہ کرنے والا۔ جلد غصے ہونے والا یعنی جسکی ناک پر غصہ دھرا رہے —
غضب (ففک) خشمناک غصیلا۔
غضب (فس) بیل شیر بہت سخت
غضبان (ففس) خشمناک غصیلا۔ غضبی (فسف) غضبانة (فسفسف) مونث غضاب (بالکسر) غضبی (فسف) غضابی (فسف) جمع
غضبة (فسف) بڑی بکری۔ پہاڑی کا بچہ ڈھال کی مانند ایک چیز ہی اونٹ کے چمڑے کی ایک گوشت کا ٹکڑا جو آنکھ کے حلقے یا اوپر کے پپوٹے میں آوے گے مچھلی کی کھال کا ٹکڑا۔ بیل کے دونوں سینگوں کے درمیان کی کھال کا ٹکڑا —
غضبة (ضفضف) غضبة (فضتف) بمعنے غضب (ضفضت)
غضبیر (ضفک) اکھڑ سخت —
غضبی (فسف) بہت اونٹ کا گلہ
غضاضة (ضفتف) خواری۔ کمی —

غَضَر بالمال (س) تنگی کے پیچھے فراخ حال ہوگیا۔
غضر (فس) (ن) کسی کو درویشی اور تنگی کے بعد توانگر اور فراخ حال کردینا۔
غضر (فس) (ض) کسی سے پھر جانا۔ یہ جبکہ عن صلہ ہو۔ کسی کو روکنا اور بند کردینا۔ ایک شی کو قطع کرنا۔ ان دونوں معنوں میں بغیر صلہ کے آتا ہے۔ کسی کی طرف میلان کرنا۔ جبکہ صلہ علی ہو۔ کسی لیئے کسی چیز میں سے کچھ جدا کرنا۔ یہ جبکہ لام صلہ ہو —
غضرا (ففسفم) زندگانی کا اچھا پن۔ زمین پاکیزہ سبز رنگ کی جسکا پانی پاس ہو کہ تھوڑا سا کھودتے میں نکل آوے زمین جسمیں اچھی مٹی ہو۔ زمین کہ جب تک آسے کھودیں کھجور کا درخت اسمیں نہ اوگے۔ سبز مٹی —
غضرب (فسف) بہت پانی اور گھاس والی جگہہ —
غضرة (فسف) ایک گھاس ہے

مادہ

غَضْرَةُ النَّاصِيَةِ مبارک جانور
یعنی جو جانور کہ لہتا ہو۔
غَضْرَم (فَعْلَل) بہت خاک والی
جگہہ نرم چکنے والی۔ اچھی سرخ
مٹی مین سے ایک خشک سیلا
پھٹا ہوا۔ یا جگہہ کہ نرم پتھر اور
گچ کے مشابہ ہو۔
غَضْرَمَس خوش وخرم زندگانی
غُضْرُوف (فُعْلُول) چلپنی ہڈی
غَضَسٌ (فَعَل) ایک گھاس
ہے یا وہ کریلہ ہے۔
غَضْغَضَة (فَعْلَلَة) ایک چیز کو
کم کرنا پانی کو کم کرنا۔ پانی کا
کم ہونا۔ لازم اور متعدی دونون آتا ہی
غَضَفٌ (فَعَل) کان کا لٹکنا
ایک قسم کا ہندی درخت ہی کہ
کھجور کی مانند شاخ ہوتا ہی۔
غَضَف (فَعَل) (س) کانکو
لٹکنا اور سست کردینا سست
گرش ہوجانا۔
غَضَفَ اللَّیل اندھیرا ہوگئی رات
غَضَفَ الکلب (ض) کتے
نے کانون کو لٹکا دیا۔

وغَضَفَ العود غَضْفًا لکڑی کو توڑ ڈالنا +
وغَضَفَ الاتان چلنے
لگی گدھی۔ ونیز غضف (فعل)
گدھی کا گوز لگانا۔
غَضَف (فَعَل) ایک پرندہ جانور ہی
غُضْفُر (فُعْلُل) سنگخوار مرغ یعنی کونج
غُضُف (فُعُل) جمع۔
غَضَنْفَر (فَعَنْلَل) سخت بدن کا مرد بد خو
غَضْفَرَة (فَعْلَلَة) بھاری ہوجانا
غَضَن (فَعَل) کپڑے کی تہ
کی شکن۔ کھال کی جھری جیسے
بدن پر بڑھاپے مین پڑجاتی ہی
گلجھڑی۔ زرہ کی شکن غُضُون جمع
غَضْن (فَعْل) (ض) روک دینا
باز رکھنا۔ منع کرنا۔
وغَضَنَت النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا
اونٹنی نے بچہ نا تمام ڈالدیا۔
غَضَنُ العَین آنکھہ کے باہر
کی جھری سی کھال۔
غَضَنْفَر (فَعَنْلَل) شیر۔ مرد کڑے
بدن کا اور کڑی خو کا۔
غَضْو (فَعْل) (ن) رات کا
اندھیاری ہوجانا۔ ڈھانک لینا

غضف
غضنفر
غضف
غضنفر
غضن
غضنفر

۴۶۹

۷ غضف
۸ غضنفر
۹ غضن
۱۰ غضنفر
۱۱ غضو

۱۲

مادہ | علامات اعراب ضمّہ فتحہ کسرہ سکون تشدید

غضب
غضر
غضی
غضف
غضی
غطط

خاموش ہونا - دل میں کہنا -
غضوب (فعس) شیر خشمناک
غصیلا - مذکر و مونث برابر ہے -
بدذات خبیث سانپ - عورت اور
اونٹنی جو چیختی ہوئی اور ترش رو ہو -
غضنور (ففعت) شیر -
غضور (فسف) چکنی مٹی چپکنے
والی - ایک درخت ہے -
غضورۃ (فضفف) غصہ کرنا -
غضون الاذن کانکی سلوٹین
غضوی (ففکت) غضاۃ کی
طرف منسوب ہے -
غضی (فس) (ض) خوشحال ہو جانا
غضی (فف) (س) اونٹ کے
غضا کھانے سے پیٹ میں درد ہونا
غضی (فف) اسم بیشہ و جنگل -
غضیاء (فسفسم) زمین جسمین
درخت غضا بہت ہون -
غضیر (فکس) ہر چیز سبز - نازک نرم
غضیض (فکس) تازہ - نرم
شگوفہ - جھکائی ہوئی آنکھ - ناقص
و خوار اغضۃ (فکفت) جمع -
غضیضۃ (فکسف) خواری کمی

غضیی (فسفت) سو اونٹ -
غطّ (فت) غطیط (فکس) (ض)
اونٹ کا بڑبڑانا اور سوتے ہوئے کے خراٹے
غطّہ فی الماءِ غطًّا (ض ن)
غوطہ دیا اسکو پانی میں -
غطاء (کفسم) پوشش -
غطاط (ففس) سنگخوار مرغ
یا اسکی ایک قسم کہ اسکے پیٹ اور
پیٹھ کا رنگ دھندلا ہو اور بازو اندر سے
سرخ سیاہ ہو - غطاطۃ (ففسف) ایک
غطاط (کفس) آپسمین ایک
دوسرے کو غوطہ دینا -
غطاط (ضفس) صبح کا شروع -
پچھلی رات کی سیاہی سحر کی تاریکی
غطامط (ضفسک) آواز -
غطایۃ (کفسف) جو چیز کہ عورتین
کپڑون کے نیچے پہنتی ہین -
جیسے انگیا وغیرہ -
غطر (فس) ناز سے چلنے والا
چلنے میں ہاتھ ہلانے والا -
غطراف (کسفس) سردار بزرگ
جوانمرد - سخی جوان -
غطرس (کسکس) ظالم ستمگار

مغرور - غطارس (فقسک) غطارس (فقسکس) جمع -

غطرسته (فسففف) اپنے تئیں اوروں پر فضیلت دینی - اقران اور امثال پر دست درازی کرنی - بزرگ منشی کرنی - کسی کو غصہ کر دینا -

غطرشته (فسففف) بزرگ منشی کرنی -

وغطرش اللیل بصرہ رات نے اُسکی آنکھ کو اندھیاری کر دی -

وغطرش بصرہ اُسکی آنکھ تاریک ہو گئی - لازم و متعدی آتا ہے -

غطرفة (فسففف) بزرگ منشی کرنی اور بازی کرنی -

غطروف (ضسفس کسفس) بکھی - باز کا چوزہ -

غطروف (کسفس) عقلمند ہوشیار جوان دانا -

غطریس (کسکس) بمعنی غطرس (کسکسک)

غطریف (کسکس) سردار بزرگ جوانمرد سخی جوان غطارفہ (فقسکف) جمع - بکھی - باز کا چوزہ خوبصورت -

غطس فی الماء (ض) پانی میں غوطہ دیا اور غوطہ لگایا -

غطس فی الاناء برتن میں منھ ڈالکر پانی پیا -

غطش (فف) آنکھ کا کم سوجھ ہو جانا اور آنسو بہنے ہمیشہ یا اکثر -

غطش (فس) (ض) شب کا تاریک ہونا - رات کا اندھیاری ہونا

غطش (فس) غطشان (ففقس) (ض) بیماری یا پیری کے سبب آہستہ چلنا -

غطغط (ضسضس) ایک کلمہ ہے کہ جس سے کسی گھر فتنہ و شور و شر کے وقت جماعت کے ساتھ رہنے کے لئے کہتے ہیں -

غطغط (ضسفس) بھیڑ بکری کا بچہ مادین غطاغط (ضفسک) جمع

غطغطة (فسففف) دریا کی موج ہنڈیا کی کھدبداہٹ جبکہ جوش آوے اور نیند کے خراٹے - مرغ سنگخوار کی آواز کے قریب قریب نقل اُتارنی

غطف (فف) فراخی زندگانی بھوؤں کی درازی اور اُسکا دوہرا پن - ابروؤں کے بالوں کی زیادتی -

غطل (فس) (ن) ایک کا گہرا ہونا

۶ غطرس
۷ غطرش
۸ غطرف
۹ غطس
۱۰ غطش
غطغط
غطف
سالہا
۹ غطط
۱۰ غطف
۱۱ غطل

۱۲

ماده: غطل، غطلس، غطم، غطمس، غطمط

غطلت اللیل (س) خوب اندہیری ہوگئی رات۔

غطلس (ققف) بھیڑیا اور ابو الغطلس کنیت ہی بھیڑئیے کی۔

غطم (کفت) بڑا دریا بہت پانی والا۔ فراخ خو کریم الاخلاق مرد بہت گو۔

غطامہ (کسفسم) پے در پے آنے والی موج۔

غطمش (ققف) کم سوجھ بڑا ظالم اکھڑ شیر۔

غطمشة (فسفف) ایک چیز کو ستم و قہر سے لینا۔

غطمطة (فسفف) اضطراب موج دریا کا شور۔ ہانڈی کی کھدبداہٹ رَو کا نالہ میں جوش و خروش۔

غطمطیط (فسفکس) آواز۔ بہت پانی والا دریا کہ جس میں بڑی بڑی موجیں ہوں۔

غطور (س) غطو (ضضت) (ن) راتکا تاریک ہونا۔ پانی کا چڑھ آنا اور زیادہ ہونا۔ ایک چیز کو ڈہانک لینا اور گھیر لینا۔

غطوان (ففقس) نعمت۔ مال کی کثرت زیادتی۔

غطوش (ففقس) سختی اور لڑائی میں بہت آگے چلنے والا۔ اور بڑے بڑے پانوں رکھنے والا۔

غطوشط (ففسف) بڑی لہروالا اور بہت پانی والا دریا۔

غطی الشباب غطیا (ض) جوانی سے پر ہوگیا۔

غطت الناقة (ض) گئی اونٹنی

وغطی الشیء علیه ڈہانپ لیا اسکو اور چھا گئی اسپر۔

وغطت الشجرة (ض) درخت کی ٹہنیاں خوب بڑہیں اور پھیل گئیں

غطیر (کسفت و ضسفت) ٹھگنا سخت بدن کا یا ظاہر و نمایاں گانٹھ سا گٹھیلا۔

غطیلة (فسقف) مال و حشم کا فراخ اور افزوں ہونا۔ گائے کی تجارت شروع کرنی۔ باتیں جیتیں کرنیمیں شور و خروش کا بلند ہو جانا

غطیم (فکس) غطمطم (ففسف) بڑا دریا بہت پانی والا۔

غف (فت) سوکھا ہوا پتا۔

غطع، غطف، غطمط، غطی، غظظ، غطل، غغم، غفف

۱۸۸

غفاۃ (فتحہ) سپیدی جو سیاہی چشم پر آجاوے ناخنہ۔ پھلی۔

غفّار (فتقس) بڑا آمرزگار۔ بڑی مغفرت کرنے والا۔ صفات خدائے تعالیٰ میں سے ہے۔

غفار (ضمس) گردن کے بال گدی کے پیچھے کے بال۔ رخسار کے بال۔ ساق اور پیشانی کے زرد بال۔

غفارۃ (کفسف) خود کی زرہ کہ ٹوپی کے نیچے پہنتے ہیں۔ یا زرہ کا ٹکڑا کہ ہتھیار بند مرد جنگ کے وقت چہرہ پر ڈال لیتا ہے۔ رومال جسے عورتیں اوڑھنی کے نیچے ڈال لیتی ہیں تاکہ اوڑھنی میلی چکنی نہ ہو جاوے۔ کپڑا جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹیں تاکہ چلہ اس سے چڑھا دیں۔ ایک ابر کا ٹکڑا جو ایک اور ابر کے ٹکڑے پر چھایا ہوا ہو۔ پہاڑ کی چوٹی۔

غفارات الشیء چیز کا وقت۔

غفۃ (ضتف) قوت جس سے دن گذر جاوے اور اسقدر چارہ وغیرہ جس سے جیتا رہے قدرت لایموت۔ چوہا۔ گھاس وغیرہ جیسے چٹ پٹ اور ٹٹ شتہ میں ہر جاوے

غفص س ع — غفر (فس) پیٹ۔ کپڑے کا روآں۔ بھیڑ کا بچہ کو بھی۔ اغفار

غفع س ع — (فسفس) غفرۃ (کفف) غفور

غفغف س ع — (ضمنس) جمع۔ چاند کی ایک منزل ہے اور وہ منزل تین ستارے ہیں چھوٹے۔ ایک چیز گون کی مانند

غفر س ع — پنڈلی کے زرد بال عورتکی پیشانی

س ا — غفر (فس) (ض) ایک امر کو مناسب چیز سے آراستہ کرنا۔ ڈھانک لینا۔ چھپا دینا

۴۶۹

غفر (فس) غفرۃ (کسف) غفور (ضمض) غفران (ضسقس) غفیر (فکس) غفیرۃ (فکسف) (ض) بخشنا اور گناہ کو چھپا لینا۔

وغفر المریض مریض کی بیماری پھر آئی

وغفر العاشق عاشق کو غم و ملال پھر ہو گیا۔

وغفر الجرح زخم پھر تازہ ہو گیا

وغفر الجلب السوق آمدنی غلہ وغیرہ نے بازار کو ارزان کر دیا

غفر (فف) چھوٹی گھاس۔ گردن

مادہ
۱ غفر
۲ غفش
۳ غفق
۴ غفل
۵ غفلق

گے بال۔ گدی کے پیچھے کے
بال۔ پنڈلی کے زرد بال۔ عورتکی
پیشانی کے بال۔ رخسار کے بال
غَفَر (فت) (س) کپڑے کا
رُوان لے آنا۔ مریض کی بیماری کا
پھر آنا۔ زخم کا تازہ ہونا۔
غُفُر (کس) گائے کا بچہ۔
ایک چھوٹا سا جانور ہے۔
غُفْر (ضس) پہاڑی بھیڑ کا بچہ۔
اَغْفَرُ القفا مرد جسکی گردن پر بال ہوں
غَفْرَۃ (ضسف) ایک چیز کی پوشش
غَفْرَۃُ الامر کام کے سنوار۔
غَفْرَاءُ القفا عورت جسکی گردن پر بال ہوں
غَفَش (فت) آنکھ کا چیپڑ۔
غَفِق (فتس) میٹھ جو سخت ہو۔
غَفَق (فتس) (ص) ہوا کا کشتی میں
سے نکلنا۔ مارنا۔ اونٹوں کا
ہر ساعت پانی پر آنا۔ گدھے کا
بار بار گدھی پر چڑھنا۔ قوم کا ایک
نیند سونا۔ ایک چیز پر ہجوم کرنا۔
اچانک غیبت سے پھر آنا۔
غَفْقَۃ (فسف) ایک نیند سونا۔
غُفْل (ضس) جسکی بھلائی برائی
کچھ امید نہ کوئی ڈر ہو۔ تیر قمار اور راہ
وغیرہ نشان علامت و نشان زمین
جسمیں کچھ نشان عمارت نہو۔
اور کسائی کے نزدیک غُفْل وہ
زمین ہے کہ جسپر مینھ نہ برسا ہو۔ نے
داغ چوپایہ۔ جوئے کا تیر کہ جس سے
کچھ ملے نہ کچھ دینا پڑے۔ مرد کہ
شرف آبائی نرکھے۔ شعر جسکا
قائل معلوم نہو۔ گمنام شاعر۔
اونٹ کی پشم اون۔
رَجُل غُفْل ناآزمودہ کار مرد۔
ناقۃ غُفْل ناآزمودہ کی اونٹنی۔
اغفال (فسفس) جمع۔
غَفْل (فت) زیادہ۔ بہتی۔ بلند
زندگانی کی فراخی بیخبری۔ فروگذاشت
غُفْلان (ضسفس) غفلت۔ بیخبری۔
غَفْلَۃ (فسف) بیخبری۔ فروگذاشت
اسم مصدر ہے غَفْلَۃ (فسف) مصدر
چوپایہ کو نہ داغ کرنا۔
غَفْلَقَۃ (ففسفف) بدزبان بدکردار
عورت۔ اور اگر عین مہملہ ہو تو بمعنی
افصح کے آتا ہے۔
غَفُو (فتس) بلند پشتہ کہ جسپر پانی نجا سکے

غفو (فس) غفو (ضفت) (ن) سو جانا ـ پانی پر آنا ـ
غفور (فعس) آمرزگار ـ غفر (ضنس) جمع ـ باری تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے یعنی اپنے بندوں کے گناہ کا چھپانیوالا ـ
غفعل (ضنس) اونٹنی جو بتانت دعزیت کے سبب کسی چیز سے نفرت کرے
غفول (ضنس) غفلۃ (ستف) ایک چیز کو چھوڑ دینا اور اسکو فراموش کرنا
غفی (دف) جو چیز کہ گیہوں میں سے نکلے اور دور کیجاے یعنی بناوں جیسے بھس کا ملا دانہ ـ گیہوں کا بھس ـ کوڑا کرکٹ جیسے پانی بہا لایا ہو ـ کھجور کے مول کی ایک آفت ہے غبار کی مانند جم جاتی ہے تو کھجور پک نہیں سکتی ـ ہر چیز کہ اونٹوں میں سے نکالدیں ـ ہر چیز ردی و خراب ـ
غفی (فقٌ) (ض) دانہ تلخہ کو گندم میں سے دور کرنا ـ گیہوں کو کاسے کے دانہ اور بھس کے تنکوں سے پاک صاف کرنا ـ

غفیۃ (فسف) پشتہ بلند جسپر پانی نچا سکے
غفیتہ (فسف) (س) سو جانا ـ
غفیر (فکس) گردن کے بال گردن کے پیچھے کے بال رخسار کے بال ـ شیب کے سبب چنانچہ کہتے ہیں جاؤا جما غفیر آے یعنی آئے سب کے سب کیا شریف کیا وضیع
غفیرہ (فکسف) پوشش اور کہتے ہیں ما بہ غفیرۃ یعنے وہ کسی کے گناہ نہیں بخشتا ہے اور نہ کسی کے گناہ سے درگذر کرتا ہے
غفیرۃ الشی شئی کا سبزہ زار ـ
غفیقہ (فکسف) سبز اور تازہ ساگ ـ
غق (فت) غقیق (فکس) (ض) جوش کرنا اور آواز نکالنا مرغ کا چرغنا اور آواز کرنا ـ کوے کی آواز کی نقل جبکہ اسکی آواز بھاری ہو جاے
غق الماء پانی کی آواز جبکہ کشادہ سے تنگ جگہ میں آجاے
غقاق (فقس) بمعنی غقوق (فقس)
غق غق (کس کس) جوش کی آواز کی نقل ـ
غقغقۃ (فسفف) چرغ کا چرغنا آواز کرنا
غقفقۃ (فقفف) پہاڑی چمگیدڑ ـ

مادہ

۱۴

مادہ: ۱۵ غقق ۱۶ غلل ۱۷ غلو ۱۸ غلب ۱۹ غلط ۲۰ غلظ ۲۱ بہر · غلاف · غلل · غلم · غلل · غلی

غَقْوَق (فضس) عورت جسکی کُس مین سے وقت جماع کے آواز نکلے۔

غَقِیق (فکس) پانی کی آواز جبکہ تنگ جگہ مین داخل ہووے۔

غُلّ (ضت) پیاس یا سختی و پیار کی جلن شکم کی سوزش۔ گلوبند طوق۔ ہر چیز کہ ایک چیز کا گرداگرد گھیر لیوے۔ اَغلال (فسکف) جمع۔

غَلّ (فت) (ن) ایک چیز مین داخل ہونا۔ ایک چیز مین داخل کیا جانا۔ غلالہ (کفسف) کو پہنانا تیل کو بالون کی جڑ مین پہنچانا۔ آنکھ سے نگاہ کا میل کر جانا۔

غِلّ (کت) کینہ۔ اونٹ کا پیاسا ہو جانا۔ کینہ رکھنا۔ دل کینہ ور ہو جانا۔

غُلاثم (ضفسم) ایک قسم کی چھوٹی سی مچھلی۔ اَغلثہ (فسکف) جمع۔ تیر کا بہت دور پھینکنے والا۔

غَلاء (کفسم) مہنگی کہ ہو رہن تیر پھینکنے مین ہاتھ کو نہایت اونچا اوٹھانا اور تیر کو نہایت قوت سے پھینکنا۔

غَلاّب (فتفس) بہت زبردست غالب مرد۔

غِلاب (کفس) آپسمین غلبہ ڈھونڈھنا۔ کسی پر غالب آنا۔

غِلاط (کفس) غلطی مین ڈالنا۔ ایک دوسرے کو غلطی دینی۔

غُلاظ (ضفس) دلدار سخت۔

غِلاظت (کفسف)، غِلَظ (کف) بمعنے غلظت (کسف)۔

غِلاف (کفس) شیشہ اور تلوار وغیرہ کی پوشش۔ غُلُف (ضض) غُلْف (ضسف) جمع۔

غُلالت (ففسف) بکریونکی ایک بیماری ہے۔

غِلالہ (کفسف) چھوٹا سا تکیہ جسے عورتین اپنے سرین پر بڑا دکھانے کے لیئے باندھتی ہین۔ میخ جو حلقہ کے دونون سرون کو جمع کرے۔ انگیا یا فتوحی جسے کپڑے اور زرہ کے نیچے پہنتے ہین۔

غُلام (ضفس) لڑکا۔ اور ہند لغات الکنداد سے ہے۔ یا وقت ولادت سے آمد جوانی تک۔ اَغلمہ (فسکف) غِلمہ (کسف) غِلمان (کسفس) جمع۔ غُلامہ (ضفسف) مونث غلیم۔

غَلاّن (فتفس) اونٹ خوب پیاسا۔

غُلانیہ (ففسکف) گرانی و جوشش۔

نون اسمیں زائد ہے ۔ غَلْبیٰ

غَلَبَ (ضس) غَلَبَۃ (فقفت) غَلَبی (ضفضتف) غُلُبّی (کگکتف) غَلَبَۃ (ضفضتف) (فقتف) غَلابِیَۃ (فقسکف) (ضق) غالب ہونا ۔

غَلِبَ (فکف) موٹی گردن والا ہوا

غَلْبَاءُ (فسفسم) مرغزار جسمیں بہت درخت گھچ تیچ ہوں ۔ (غُلْب جمع ۔ پشتہ بزرگ بڑا ٹیلا ۔

غُلَیْبَۃ (ضفضتق) غلبہ ۔ مرد جس کی ناک پر غصہ و ہرا را ہے یعنی زود خشم ۔

غَلِتَ (فف) غلط کرنا ۔ یا لفظ غلت بالتاء حساب میں مستعمل ہوتا ہے اور غلط بالطاء قول میں ہے ۔

غَلَّۃ (فقتف) اناج نقدی وغیرہ کی آمدنی ۔ کرایہ مکان کی آمد ۔ غلام کی مزدوری ۔ زمین کا حاصل ۔

غَلَّات (فقتس) جمع ۔

غَلِّیْتُ (فس) ان بیچ کو فسخ کردیا ۔

غُلَّۃ (ضتف) پیاس ۔ پیاس کی سوزش اور سختی ۔ شکم کی سوزش ۔ انگیا جو زرہ کے نیچے پہنتے ہیں ۔

غَلَسَۃ (فسنفت) اول شب ۔

غَلْتَۃ (ضسف) غلط اسم مصدر ہے ۔

غَلَثَ (فس) (ض) چقماق کا آگ نہ دینا ۔ خلط ملط کرنا ۔ جمع کرنا ۔ مشک کو اخلاط سے سنوارنا ۔

غَلِثَ (فک) بڑا جنگی مرد لڑنیوالا دیوانہ جسکو کھانے پینے سے نشانہ ہوتا ہو جسکو خواب کے غلبہ سے سستی اور میلان ہو ۔

غَلِثَتِ الزَّنْدُ غَلَثًا (فف) (س) چقماق نے آگ نہ دی ۔

غَلِثَ الذِّئْبُ بِالْغَنَمِ فُلَانٍ بھیڑیے نے فلانکے ریوڑ کو لازم پکڑ لیا ۔

فُلَانٌ غَلِثَ بِفُلَانٍ فلانا فلانے کا ہو رہا ۔ و نیز غَلْث جنگ و کارزار کی سختی ۔

غَلْثَیٰ (فسنف) ایک تلخ درخت ہے ۔

غَلِجَ (ضفض) اچھی جوانی ۔

غَلَجَ (فس) برابر جانا گھوڑے کا ۔

غَلَسٌ (فقت) آخر شب کی تاریکی ۔

غَلْصٌ (فف) (ن) حلقوم کا سرا کاٹنا ۔

غَلْصَمَۃ (فسفف) سر اور گردن کے درمیان کے گوشت کا ٹکڑا گلے کے سرے کا ابھار سرخ

مادہ

غلب

غلت

غلث

غلس

غلج

غلص

۴۷۳

۱۲

ماده
۱ غلصم
۲ غلط
۳ غلظ
۴ غلّ
۵ غلف
غلفق
غلقم
غلقص

گلا یا گلے کا سرا زبان کی جڑ اور رگون سمیت - یا زبان کی جڑ - سردار لوگ - گروہ - جماعت مجمع -
غلصمہ (فسقفف) غلصمہ کاٹنا - حلقوم پکڑنا - گلا گھونٹنا -
قاطبۃ (فسکف) سب کے سب جا و۔ قاطبۃً یعنے سب کے سب آئے یہہ لفظ ترکیب مین حال ہی واقع ہوا کرتا ہے۔

قاطرٌ (فسک) خون سیاوشان۔ اونٹ جس کا پیشاب ٹپکتا رہے۔ ٹپکتا ہوا۔ درخت مشلم۔

قاططٌ (فسک) مہنگا بھاؤ۔

قاطعٌ (فسک) قینچی کپڑا اور چمڑا وغیرہ جس سے کاٹین۔ کھٹا دودہ جو مونہہ جھلجھلا دے۔

قاطنٌ (فسک) خادم۔ باشندہ۔ قطان (ضتفس) قاطنۃ (فسکف) قطین (فکس) جمع۔

قاعٌ (فس) پست زمین ہموار نرم جو پہاڑ و لشتہ سے دور ہو۔ قیع قیعۃ قیعان (کسفس) اقواع (فسفس) اقوع (فضف) جمع۔ مدینہ مین ایک پشتہ ہے۔ قاع البقیع۔

قاعبٌ (فسک) بھیڑیا آواز سمیت۔

قاعۃ الدار (فسف) گھر کے درمیان کی کشادگی۔

قاعدٌ (فسک) خرما کا نیا پودہ جس نے تنہ پکڑا ہو یا خرما بن کہ جس پر ہاتھ پہونچے گون دانہ سے پُر۔ عورت جو حیض اور جننے اور بچہ اور خاوند سے رک گئی ہو۔ قواعد جمع۔ خوارج مین کا ایک گروہ۔ قعد جمع۔ ایک جماعت کہ جس کا دیوان نہو۔ ایک گروہ جو جنگ پر نجاوے۔ پلیدی۔ سستی۔ چوپایہ کے ہاتھہ و پانون مین ایک گرانی ہے۔

قاعدۃ الملک جاے تختگاہ۔

قاعفٌ (فسک) سخت اور زور کا مینہہ۔

قاعلۃ (فسکف) لنبا اونچا پہاڑ۔ قواعل جمع۔

قافٌ (فس) حروف معجمہ سے ایک حرف۔ ایک پہاڑ زمین کے گرد اگرد کہ وہ زمرد کا ہے کوئی ایسا

ماده

۱ قیض
۲ قضب
۳ قضی
۴ قطط
۵ قطب
۶ قطب
۷ قطر
۸ قطط
۹ قطع
۱۰ قطن

۵۷ ه

۱۱ قوع
۱۲ قعب
۱۳ قوع
۱۴ قعد
۱۵ القعد
۱۶ قعف
۱۷ قعل
۱۸ قوف
۱۲

شتہر نہین کہ اوسکی ایک رگ اوسمین نہو اوسپر ایک فرشتہ رہتا ہے جب اللہ جلشانہٗ ایک قوم کو ہلاک کیا چاہتا ہے تو اوس فرشتہ کو حکم کر دیتا ہے وہ فرشتہ اوس رگ کو ہلا دیتا ہے اور زمین پھٹ جاتی ہے اور وہ قوم اوسمین دھس جاتی ہے یا قاف نام قرآن کا ہے یعنے

قافزہ رفسکف، تیز رو گھوڑے جو دوڑنے کے وقت دوڑین —

قافل[2] رفسک، سفر سے پھرنے والا — قفال رضتفس، جمع لوست خشک — مرد جسکا ہاتھہ اور پوست خشک ہو — ایک شخص کا نام —

قافلہ[3] رفسکف، سفر سے پھرا ہوا گروہ — گروہ سفر کو جانے والا پھر آنے کی خواہش سے اسکو بھی تفاؤلاً قافلہ کہتے ہین —

قافور[4] رفسفس، شگوفہ خرما کا غلاف

قافیہ[5] رفسکف، گردن کا پچھا — آخر کلمہ بیت کا کہ جسکا اعادہ واجب ہوتا ہے یا حرف اخیر یا حرف اخیر اور ساکن اوسکے پاس کا مع حرکت ماقبل ساکن کے یا حرف کہ بناء قصیدہ کی اوسپر ہو

قاق[6] رفس، بیوقوف مرد سبک روح

قاق[7] رفس، قیق رکس، خوب لنبا مرد

قاء قاء[8] رفسفس، عراق کے کوون کی آواز

قاقز[9] رفسضت، پانی کے کوزے قاقزہ رفسفتف، ایک کوزہ —

قاقلہ[10] رفسضف، ایک ہند کے درخت کا پھل ہے خوشبودار کہ ہندی مین اوسے الایچی کہتے ہین اور دو طرح کی ہوتی ہے چھوٹی اور بڑی —

قاقلی[11] رفسفتف، ایک گھاس ہے کھاری مزہ کی اشنان کی مانند کہ اوسے اونٹ چرتا ہے —

قاقوزہ[12] **قاقزہ** رفسفتف، بمعنے قازوزہ رفسضسف، یعنے تشت —

قال[13] رفس، بولنے والا کہنے والا گلی — یا لکڑی جو گلی پر مارتے ہین یعنے ڈنڈا قیلان رکسفس، جمع — ابتدا

قالب[14] رفسک، غورہ خرما سرخ کالبد — بکری جسکا رنگ اوسکی مان کے رنگ کے برخلاف ہو —

قالب[15] رفسفس، کالبد اس معنی مین اکثر لام مفتوح ہوتا ہے —

قالص[16] رفسک، پانی اونچا چڑھنے والا

---

1 قفز
2 قفل
3 القفا
4 قفز
5 قفو
6 قوق
7 القفا
8 قاء
9 قفز
10 قفل

11 القفا
12 قفز
13 قول
14 قلب
15 القفا
16 قلص

١٨

ناری قالص بولتے ہین ۔ گم ہوگیا ہوا سایہ ظل قالص بولتے ہین ۔

قالصة رفسکف ہو نحظہ کھنچا ہوا سکڑا ہوا شعنۃ قالصۃ بولتے ہین ۔

قالم رفسک بے عورت مرد ۔ عورت بے خاوند ۔ قلمۃ جمع ۔

قامة رفسف کوئین کا چرخ مع تمام اوسکے آلات کے قیم رکف جمع انسان کا قد

قامح رفسک سر اوٹھائے ہوئے اونٹ جو کہ پانی پینے سے باز رہا ہو مذکر و مؤنث قمح جمع ۔ پانی کو کسی علت و بیماری کے سبب ناپسند رکھنے والا ۔ نہایت پیاسا اونٹ جو بہت پیاس سے سست ہو ۔

قامع رفسک گھوڑا جسکا کوئی زانو ورم کر لایا ہو ۔

قاموس رفسفس دریا کا بیچ ماںجدھار ۔ بہت پانی والا دریا ۔ دریا مین بہت گہری جگھہ ۔

قامه رفسک زمین پر بیٹھ جانے والا اونٹ ۔ یا اونٹ سر اونچا رکھنے والا ۔ قمۃ جمع ۔

قان رفس ایک درخت جسکی کمانین بناتے ہین

قانب رفسک آواز سمیت بھیڑیا ۔ سریع و شتاب فراخی و ارزانی ۔

قانز رفسک شکاری ۔

قانتة الطير رفسکف پرندہ کے پیٹ کی چیز ۔ اوجھڑی ۔

قانص رفسک شکاری ۔

قانصة رفسکف مرغ کے پیٹ کے اندر کی چیز ۔ اوجھڑی قوانص رفسک جمع

قانع رفسک سوال مین ذلت و خواری کرنے والا ۔ جو کہ اپنے نصیبہ پر راضی ہو ضد معنی اخیر مین زیادہ مشہور ہے ۔ ایک جگھہ سے دوسری جگھہ جانے والا ۔

قانم رفسک خراب اخروٹ ۔

قانون رفسفس ہر چیز کی اصل اور اوسکا مقیاس قوانین رفسکس جمع بعض کہتے ہین کہ یہہ لفظ عربی نہین ہے

قانی رفسک نہایت سرخ احمر قانی بولتے ہین ۔

قانی رفسک ۔ **قان** رفسک نہایت سرخ

قاوی رفسک پکڑنے والا ۔

قاویة رفسکف انڈا ۔ تھوڑے مینہہ والا سال ۔ ایک باغ ہے

مادہ
۱ قلص
۲ قلم
۳ قمت
۴ قمح
۵ قمع
۶ قمس
۷ قمص
۸ قمن
۹ قنب
۱۰ قنت

۵۸۱

۱۱ قنص
۱۲ قنفص
۱۳ ایضاً
۱۴ قنع
۱۵ قنم
۱۶ قنن
۱۷ قنی
۱۸ ایضاً
۱۹ قوی
۲۰ ایضاً

مادہ
قوہ
قہر
قوہ
قہو
قاءی
قوب
قوث
قود
الغن
قیل
ایضاً
قوت
قول
قوم
ایضاً
ایضاً
قتب

قاہ رفس، نازاور ارزانی و فراخی کے ساتھ زندگانی۔

قاہرۃ رفسکف، مصر کی دار الخلافت
شتابزدگی۔ ہر چیز کا اول۔ شانہ اور گردن کے درمیان کا گوشت۔ سر سینہ۔ سینہ

قاہی رفسکت، فراخ حال مرد نہایت پلا ہوا

قاہی رفسک، مرد جو گھر اور کنبہ میں فراخ حال ہو۔ خوش زندگانی۔ تیز ذہن تیز رو۔

قاءی رفس رف، اقرار کر کر اپنے اوپر حق خصم ثابت کر لینا۔

قائبۃ رفسکف، پرندہ کا انڈا۔

قائث رفسک، بمعنی قوت۔ شیر

قائد رفسک، چوپایہ وغیرہ کا کھینچنے والا۔ قواد رضتفس، قود رضتف،

قادۃ رفسف، جمع۔ امیر لشکر۔ پہاڑ کی ناک۔ پہاڑ جو زمین پر لنبا ہو یعنی زمین۔ اعظم فلکجان الحرث ایک ستارہ ہے یعنے بنات النعش صغریٰ میں کا اول اور دوسرا عناق رفس، ہے اور اوسکی جانب پر صیدق ہے اور وہ سہی رضتف، ہے اور تیسرا حور رفف، ہے

قائدۃ رفسکف، لنبا پشتہ زمین پر پھیلا ہوا۔

قائل رفسک، دوپہر کو سونے والا قیل رضتف، قیال رضتفس، جمع۔

قائلۃ رفسکف، دوپہر۔

قائف رفسک، کھوج پہچانے والا قافۃ جمع

قائل رفسک، کہنے والا قول رضتف، قیل رضتف، قالۃ قؤل جمع۔

قائم رفسک، کھڑا ہوا مرد۔ قوم رضتف، قیم رضتف، قوام رضتفس، قیام رضتفس، جمع

قائم السیف تلوار کا قبضہ۔

قائمۃ رفسکف، چوپایہ کے چار ہاتھ پانوں میں سے ایک قوائم رجمع۔ کتاب کا ایک ورق۔ تلوار کا قبضہ۔ آنکھ جسکی بینائی جاتی رہی ہو اور ڈھیلا سلامت رہا ہو عین قائمۃ بولتے ہیں۔

قتب رفت، مرد اور سانڈ جو اصیل نجیب اور جفتی میں ماہر ہو۔ کرتے کے گریبان کا ٹکڑا۔ سوراخ چرخ کر جسمین چرخ کی لکڑی ہوتی ہے یا شگاف چرخ کے درمیان۔ لکڑی جو ڈول کے چرخ کے درمیان میں ہوتی ہے۔ قوم کا سردار۔ بادشاہ سے نائب۔ خلیفہ۔ دونوں ران کے جانب اعلا کا مابین یا سرین کا مابین

لگام جو بہت سخت اور تیز ہو - اور کہتے
ہین علیک بالقب الاکبر ای بالرأس الاکبر
(ص ن) خشک ہو جانا - قطع کرنا -
قَبّ (فت) **قبیب** (فکیس) (ض ع)
آلیسین مارنے سے شیر کے فا عین یا
کی آواز سنی جانی - شیر کے دانتون
کا آواز کرنا جب او سنے ایک دوسر پر مارا
قَتَب (کت) دو شرین کے درمیان ع
بابر نکلی ہوئی ہڈی - قوم کا بڑا اور بزرگ -
قَبَ (فس) تلوار کی آواز کی نقل
کہ جب مضروب پر پڑے -
قُبَاعم (فس) (ف) طعام کھانا - پانی
پیسے پر شکم ہونا - پانی کو بہت پینا -
قَبَا (فف) ایک گھاس ہے -
قَبَا (فف) (س) ایک چیز کو
پراگندہ کرنا - اور کھولنا -
قَبَاء (فتفس) **قَبّ** (فت) کا مونث
قب (ضت) جمع خیل قب بولتے
ہین یعنے دبلی کمر کے گھوڑے -
قَبَاة (فسف) یعنے قباة (فسف)
قُبَاب (کفس) ایک قسم کی مچھلی
جا جیان بصرہ کی راہ مین نجد مین ایک جگہہ
قُبَاب (ضفس) تلوار وغیرہ خوب
قطع کرنے والی - تیزی اور موٹی ناک
مدینہ مین ایک قلعہ ہے -
قَبَابَ (فتفس) شیر - آذربیجان مین ایک جگہہ
قُبَاة (فسف) ایک گھاس ہے
جو بلد کے بچار ہمن ہے
قُبَاتر (ضفسک) بجھنگا -
قُبَّاتر (ضفسک) یعنے قبتر
قُبَاح (فس) ساق اور ان سے لگی
قُبَاح (فتفس) ریچھ
قُبَاذنیہ (ضفسکف) پرانے
خراب گیہون - حنطة قباذنیہ
بولتے ہین -
قَبَّار (فتفس) شکار کو پھندے میں
سے نکالنے کے لیئے اکٹھے آئے ہوئے
گروہ - رات کو شکاری کا چراغ -
قَبَاض (فتفس) پنجہ سے پکڑنے
والا - جلد ہانکنے والا -
قَبَاضة (فتفعف) جلد چلنا -
قُبَّاضة (فتفسف) جلد ہانکنے والا
قُبَّاط (ضتفس) **قبیطی** (ضتفسف)
قُبَیطَاء (ضفسفس) یعنی قبیط (ضتفس)
قُبَاع (فتفس) بزدل سور
قَبَاع (فتفس) آئینہ فراخ - خارپشت

ماده
[illegible]
٥٧٩
[illegible]

احمق مرد۔ ایک بڑا پیمانہ ہے۔ حارث بن عبد اللہ والی بصرہ کا لقب
ابن ضبیۃ جاہلی کا لقب اسلیئے کہ
اپنے زمانہ میں سب سے زیادہ احمق تھا۔
قباعی (ضفسکت) بڑے سر کا مرد
قباقب (ضفسک) بہت باتیں
کرنے والا مرد۔ سال آئندہ۔ بیخ جو
اکھڑ مرد۔ ایک جگہہ ہے۔ ثغر میں ایک
نہر ہے۔ زمین جزیرہ میں۔ شی نعلک کا ایک تاگا
قبال النعل (کفس) جوتی کے
آگے کا تسمہ جو انگلیوں کے درمیان
میں ہوتا ہے۔ قصیری قبال ایک
خبیث سانپ ہے اور یہہ قول ناقع
قبالہ میں دوبارہ یعنی بالیقین قبیلہ قبیل دیکھ
قبال الشبر (کفس) سانپ۔
قبالۃ (ففسف) کام کی قبولیت
اسم ہے تقبل سے اور اسی سے
ہے یہہ قول القبالۃ للاحسک اور
بولتے ہیں نحن فی قبالۃ ای ذمی
عرافتہ یعنی ہم لوگ شناخت میں ہیں
قبالۃ (کفسف) دائی ہونا۔
قبالۃ (کفسف) (ن) رات کا پیش آنا
قبالۃ (ففسف) (ن س) دائی پنا کرنا

قبالۃ (ضفسف) رو برو
قبان (ضتس) حمار قبان ایک قسم کی
ٹڈی گھاس کی۔ قبان بھی ایک قسم کی
قبان (فت) کپان کہ ایک پلڑے
کی ترازو ہوتی ہے۔ امانت دار
عبد اللہ بن احمد محدث کا دادا۔
قبایۃ (ضفسف) ہموار جنگل۔
قبب (ففف) (س) شکم کا باریک
ہو جانا۔ کوکھ اور شکم کی باریکی اور لاغری
قبۃ (ضفت) گول بنائی ہوئی عمارت
گنبد۔ قبب قباب جمع۔ قبۂ جالینوس
مصر میں ہے۔ قبۃ الرحمۃ اسکندریہ
میں ہے۔ قبۃ الاسلام بصرہ۔
قبۃ الحمار بغداد میں ہے۔
قبۃ الشاۃ (کتف) بکری
کے اوجھہ کا نزار خانہ
قبۃ (کف) بڑا شکنبہ بزغالہ یا بکری
بچہ کا یا شیرخوارہ کا جبکہ بڑا ہو جائے
قبتر (ضسفس) ٹھنگنے قد کا۔
قبث (فس) ایک چیز کو نیچے سے پکڑنا
قبثر (فسف) نیچ۔ کمینہ۔ گمنام
قبج (فس) کبک کا معرب فارسی کا
لفظ ہے اسلیئے کہ قاف اور جیم کلام

عرب سے کسی کلمہ مین جمع نہین ہوسکتے
قبجہ ایک مذکر و مونث برابر جیسا حمامۃ
اور یعقوب کے نزدیک خالص مذکر ہے
جیسا ظلیم یعنے نر شتر مرغ۔
قبح[۱] (ضس) قبوح (ضفس) قبوحۃ
(ضفسف) قباح (ضفس) قباحۃ
(ففسف) بڑا بھونڈا ہوجانا۔
قبح[۲] (ضس) زشتی ضد حسن۔
قبحا لہ و شقحالہ (ضسفسف) اتباع
سے ہین یا دونون ایک معنی مین
آسکتے ہین یعنی زشتی ہو جیو اور سیر۔
قبر[۳] (فس) گور۔ قبور (ضفس) جمع۔
قبر[۴] (فس) مقبر (فسف) کسیکو گور مین کرنا
قبر[۵] (کس) کیڑا کھائی ہوئی جگہہ اگر لکڑی مین ہے
قبر[۶] (ضفف) ایک قسم کا انگور لنبا سفید
اچھا جیّد۔ ایک قسم پرندون مین کی جسے چکاوک کہتے ہین قبرۃ (ضفقف) ایک
قبر[۷] (ضتف) چکاوک قبرۃ ایک قبار جمع
قبار[۸] (ضسف) بمعنی قبر (ضتف)
قبراۃ[۹] (کتفس) مذکر قبرۃ (ضفسف) تصغیر
قبرس[۱۰] (ضفف) سب سے بہتر اور جیّد تانبا
قبری[۱۱] (کتفس) ناک۔ بڑی ناک والا
قبز[۱۲] (کس) ٹھگنا مرد خوب بخیل۔

قبس[۱۳] (کس) ایک چیز کی اصل و طینت۔
قبس[۱۴] (فف) شعلہ۔ آگ کی چنگاری
قبس[۱۵] (فف) قباسۃ (ففسف)
نر کا تیز جفتی والا ہونا۔
قبس[۱۶] (فک) سانڈ جلد حاملہ کر دینے والا
قبس[۱۷] (فس) (ض) آگ لینی۔
فائدہ لینا۔ فائدہ دینا۔
قبشور[۱۸] (ضسفس) عورت جسے
حیض نہ آتا ہو۔
قبص[۱۹] (فف) بند کرنا۔ درد
جگر جو نہار منہہ خرما کھانے
ہونے لگتا ہے۔ پیٹ کا درد۔
قبص[۲۰] (فس) (ض) انگلیون کے سرے
سے پکڑنا۔ کسیکو سیری سے پہلے پینے سے
روکنا۔ سانڈ کا مادہ پر چڑھنا۔ کھینچنا
گھوڑے وغیرہ کا سبک ہونا۔ اور شادمانی کرنی
قبص[۲۱] (ففف) ناقہ کے رحم کا منضم اور
پیوستہ ہوجانا۔ ٹڈی کا درخت پر گرنا
اور مجتمع ہوجانا۔ سر کا اونگ کلہ زنگ لوند
لنبا ہونا۔ یا سبک ہونا۔ نشاط کرنا
خرما کھانے سے درد پیدا کر لینا۔
قبص[۲۲] (فک) شادمان و خوش و
خورم۔ ہلکا چالاک۔ چھوٹی رسی غیر دراز

مادہ
۲ قبح
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ قبر
۶ ایضاً
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ ایضاً
۱۲ قبز

۱۳ قبر
۱۴ قبس
۱۴ قبس
۱۵ ایضاً
۱۶ ایضاً
۱۷ ایضاً
۱۸ ایضاً
۱۹ قبش
۲۰ قبص
۲۱ ایضاً
۲۲ ایضاً
۲۳ ایضاً

۱ قبص
۲ ایضاً
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ قبض
۶ ایضاً
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۸۲ ۵
۱۱ قبط
۱۲ ایضاً
۱۳ قبع
۱۴ ایضاً
۱۵ ایضاً
۱۶ ایضاً
۱۷ ایضاً
۱۸ ...

قبص (کس) بہت عدد آدمیون کا۔ ایک چیز کی اصل وطینت۔ بہت ریت کے جمع ہو آنے کی جگہہ۔

قبصار (فسفس) بڑی گول کھوڑی اونچی نکلی ہوئی۔

قبصۃ (فسفہ) ٹڈی۔ گیہون بمقدار ایک لپ۔ جو چیز کہ ادنگلیون کے سرے سے پکڑی جاوے۔

قبصی (کلتف) تیز و سخت دوڑ۔

قبض (فس) (ض) پنجہ سے پکڑنا۔ ایک چیز کو ہاتھہ مین پکڑنا اور روک رکھنا ایک چیز سے اپنے ہاتھہ کو روک لینا۔ مرجانا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے۔ انقباض خلاف بسط۔ سکڑا ہوا کر دینا۔ پرندہ وغیرہ کا جلدی سے اڑجانا۔ جلدی ہانکنا اور بولتے ہین صار الشی فی قبضک اے فی ملکک یعنے ہوگئی چیز تیرے ملک مین۔

قبص (فف) پنجہ سے پکڑا ہوا۔

قبضی (فنتف) ایک جانور ہے جو جھوئے کے مشابہ ہے۔

قبضۃ (ضسفہ) ہر چیز کی ایک مشت مٹھی مین لیا ہوا۔ کہتے ہین صار الشی فی قبضتک ای فی ملکک یعنے ہوگئی چیز تیری ملک مین۔

قبضۃ (ضفف) پکڑنے والا۔ جلد جلد کر دینے والا۔ خوب خبر لینے والا۔ چرواہا بکریون کا۔

قبضی (کلتف) ایک قسم کی دوڑ۔

قبط (فس) (ن) ہاتھہ سے ایک چیز کو اکٹھا کرنا۔

قبطیۃ (ضسکت) سپید کتان کے کپڑے۔

قبع (فس) آواز و فریاد۔ ہاتھی کی آواز۔

قبع (فس)، **قباع** (فف) سور کا ناک جھاڑنا۔ دہان توشہ دان کو اندر کر کے اوسمین سے پانی پینا۔ یا توشہ دان کے گوشہ کو منہہ مین کر کر اوسمین سے پانی پینا۔ سر کو سجدہ مین پست کرنا۔

قبع (ضفف) خار پشت۔ ایک چھوٹا سا دریائی جانور ہے۔

قبع (ضس) بڑی تُرہی جسکو نشہ سے بجاتے ہین۔

قبعۃ (ضفف) ایک چھوٹا پرندہ ہے چڑیا سے بہت چھوٹا کہ ہمیشہ چوہے کے سوراخ کے پاس رہتا ہے۔ اور جب کسی سے ڈرتا ہے تو اوسمین گھس جاتا ہے۔ قبعۃ طلعۃ عورت

جو کبھی پوشیدہ ہو جاوے اور کبھی ظاہر یا ابن قبعثہ یعنے ای مرد احمق حمق کے ساتھ وصف ہے۔

قبعثہ (فتفف) ایک کیڑے کا نگر ابریشم کے شبابہ

قبعثاۃ (ففففس) مونث قبعثی (ففففا) یادینون کی فرج کی ایک بیماری ہے

قبعثر (ففسف) بزرگ جثہ مرد۔

قبعثری (ففسعفف) بزرگ جثہ کا اونٹ۔ دبلا کیا ہوا اونٹ کا بچہ۔ ایک دریائی جانور ہے۔ بزرگ جثہ سخت بدن کا مرد۔ ایک شاعر کا نام اسمین الف تانیث کا ہے نہ الحاق کا بلکہ ایک قسم ثالث ہے قباعث جمع

قبعثی (ففسف) بڑے پاؤن کا مرد۔ بڑے شکم کا اونٹ

قبعرور (ففسفس) ناکارہ و خراب خرما

قبعکہ (فسفف) رفتار مین پاؤن کی ایک دوسرے کے آگے دہ آمدگی اور دونون ایڑی کے درمیان کی دوری یا سستی اور ضعف کے ساتھ ایک رفتار ہے

قبقاب (فسففس) خوب جھوٹھ بولنے والا۔ غرانے والا اونٹ جوش و خروش کرتا ہوا۔ عورت کی کس۔ یا فراخ و وسیع کس بہت پانی والی۔ لکڑی کی جوتی یعنے کھڑاون مہرہ جس سے کپڑے کو جلا اور صاف کرتے ہیں بہت بات کرنے والا مرد یا بیہودہ بولنے والا۔ سانڈ کے دانت کی آواز

قبقب (فسف) شکم۔

قبقب (کسک) دریائی سیپ

قبقبہ (فسفف) سانڈ کے دانت کی آواز۔ گھوڑے اور شیر کے شکم کی آواز غرانا اور خروش کرنا۔ اونٹ کا آواز کرنا۔ احمق ہو جانا۔

قبل (فس) پہلے نقیض بعد۔

قبل (فس) **قبول** (ضض) باد صبا کا چلنا

قبل (فس) (ف) جوتی کا تسمہ بنانا یا جوتی پر تسمہ باندھنا۔

قبل (ضس) قصد۔ طرف۔

قبل (ضف) آگے کا عضو خلاف دبر مقدم و پیشگاہ نشانہ۔ پہاڑ کا چہرہ یا جز یا کمر۔ زمان و موسم کا اول۔

قبل (ففف) زمین کی بلندی جو آگے دکھائی دیوے۔ یا ہر ٹیلے کا سر یا ہر پہاڑ کا سر۔ یا ریگ تو دون کے جمع ہونے کی جگہہ۔ راہ روشن کا بیچ ایک قسم کا مہرہ جس سے عورتین مردون کو

قبج
قبعث
قبعثر
ایضاً
قبعث
قبع
قبعل
قبب
ایضاً
ایضاً
۵۸۳
ایضاً
قبل
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
۱۲۰

سلہ قبل ۲
سلہ القاف
سلہ القاف
سلہ القاف
سلہ القاف
سلہ القاف
۱۲

اپنے لبس مین کر رکھتی ہین۔ اور اوسے گھوڑے کی گردن پر بھی باندہ دیتے ہین تاکہ نظر بد نہ لگے۔ جادو۔ ہاتھی دانت کا ایک مہرہ ہے کہ عورتون اور گھوڑون کی گردن پر باندہ دیتے ہین۔ آشکارا۔ ایک پہاڑ ہے دومتہ الجندل کے نزدیک ایک خبکل ہے

قبل (فف) (ن س) آنکھہ کا کج ہونا اور اوسکی سیاہی کا ناک پر آجانا۔ خوبصورتی بچہ کے نکالنے مین دائی جنائی کے ہاتھہ کی نرمکی۔ دونون پانون کے آگے کا نکلاپن اور ایڑیون کا گھسا پن۔ آنکھہ کی سیاہی کا ناک کی طرف آجانا۔ یا قبل مانند حول ہے کہ آنکھہ کی کجی کو کہتے ہین یا وہ حول سے بہتر ہے۔ یا ایک آنکھہ کی سیاہی کا دوسرے پر چڑہا دو۔ آنکھہ کی سیاہی کا ناک کی جڑ پر ہونا یا گوشۂ چشم پر ہونا یا ابرو پر ہونا یا ایک آنکھہ کی نگاہ کا دوسری آنکھہ کی نگاہ پر چڑہ آنا۔ پانی پینے کے وقت اونٹ کے سر پر پانی گرنا۔ بکری کے چہرہ پر سینگ کا جھک آنا۔ بے اندیشۂ کلام کرنا۔ لوگون سے پہلے ہلال کو دیکھنا۔ یا ہر چیز کو پہلے ہی پہل دیکھنا

قبل (کف) نزدیک چنانچہ لی قبل م۔ فلان حق کہتے ہین یعنے میرا فلانے کے پاس حق ہے۔ طاقت اور بولتے ہین لا اکلمک الی عشر من ذی قبل یعنے تجھہ سے اوس مقدمہ مین کلام نکرونگا کہ جسمین از سر نو شروع کرون کلام کو یا تجھہ سے آیندہ دنون مین دس دن تک کلام نہ کرونگا۔ آشکارا و نمایان رأیتہ قبلا بولتے ہین

قبل (ضف) ایک جگہہ ہے۔ آشکارا و نمایان و عیان و روبرو۔

قبلای (فسفسم) بکری جسکے سینگ چہرہ پر جھک آئے ہون۔

قبلۃ (فسف) ایک قسم کا مہرہ جس سے عورتین مردون کو اپنے لبس مین کر رکھتی ہین اور اوسے گھوڑے کی گردن پر بھی باندھتے ہین نظر بد کی دفع کے لیے۔ منتر۔

قبلۃ (کسف) وہ جہت کہ جس طرف نماز مین منہہ کرتے ہین۔ جہت کعبۂ شریف۔ ہر چیز کہ جسے منہہ کے آگے کر لیوین۔ اور بولتے ہین ما لہ فی ہذا الامر قبلۃ ولا دبرۃ یعنے اوسکے لیے اس امر مین کوئی وجہہ اور کوئی

راہ نہین - اور کہتے ہین مثل این قبلتک یعنے کہان سے ہے تیری جہت - و جعلوا بیوتکم قبلۃ یعنی بناؤ اپنے گھرون کو ایک دوسرے کے مقابل -

قبلۃ (بضم ف) بوسہ - وہ چیز کہ جس سے جادوگر ایک کا دل دوسرے کی طرف مایل کردے - ایک نشان ہے جو بکری کے کان کے آگے کر دیتے ہین ضمہ نیت

قباتہ (بفتحات) منکہ کا دمڑکہ - گول ریگ تودہ قبل جمع کھانسی -

قبلش (بفتحتین) سبز ذکر -

قبنۃ (بضم ف) حاجت و نیاز مین دوڑنا - سرعت کرنا -

قبنجر (بفتح ف) بڑے پیٹ کا مرد -

قبو (فتح ف) (ن) ایک چیز کو انگلیون سے جمع کرنا - عمارت کو اونچا بنانا - زعفران کو چننا -

قبوب (بضم ف) قوم کا خصومت مین آواز و فریاد کرنا - گوشت اور پوست اور خرما کا خشک اور مرجھایا ہوا ہو جانا زخم کا خشک اور بے آب ہو جانا -

قبودہ (بفتح ف) دو ہونٹھ کے درمیان کی پیوستگی - حرف کو ملانا -

قبور (بفتح ف) پست زمین و نرم - کھجور کا درخت جلد پھل لانے والا یا خرما بن کہ جسکا پھل اوسکی شاخ مین رہا ہو

قبوص (بفتح ف) مضبوط پیدایش کا گھوڑا - بہت تیز و تند گھوڑا کہ جب اوسے دوڑائین تو نوک سم کے سوا زمین کو نہ لگے

قبوع (بضم ف) خارپشت کا پوست مین سر کر لینا - گریبان مین سر کر لینا - یارون سے پیچھے رہ جانا - زمین خدا مین جانا -

قبول (بضم ف) دائی - باد صبا یا وہ ہوا جو کعبہ شریف کے دروازہ کے مقابل چلتی ہے یا وہ ہوا جو نفوس و طبائع کے مقبول ہو - حسن و جمال ہیئات - لباس - عفو وغیرہ کی قبولیت ڈول کو ساقی سے لینا -

قبول (بفتح ف) آگے آنا - قبول کرنا لینا - لیجانا - ایک چیز پر جمت جانا اور اوسکو لازم پکڑنا - شروع کرنا -

قبوت (بضم ف) ملک خدا اور زمین پروردگار مین چلا جانا -

قبی (بسکون) بمعنی قلب جو یسیٰ مین ہے

قبی (بضم ف) جو کہ پے درپے روزہ رکھے اتنا کہ دبلا اور زار نزار ہو جاوے

مادہ

قبب

قبث

قبلث

قبتب

قبجب

قبعب

قبب

قبعب

قبرب

قبجب

۵۸۵

قبع

قبن

قبن

قبو

قبب

۱۲

قبیب (فکس) خشک و تر پنیر ملا ہوا۔
قبیح (فکس) بُرا بھونڈا۔ قباح (کفس) قباحی (ففضس) قبحی (فسف) جمع۔ استخوان بازو کی جانب کہ کہنی کے قریب ہے ساق اور ران کے پیوند کی جگہہ۔
قبیحہ (فکسف) بُرا بھونڈا قباح (ففسک) و قباح (کفس) جمع۔
قبیحہ الشخب اونٹنی فراخ سوراخ پستان کی
قبیش (فکس) ساند سبک جفتی کرنے والا کہ جلد حاملہ کردے۔ یہہ مثل اسی سے ہے لَقوَۃٌ صَادَفَت قَبِیسًا یا یون کہتے ہین اُمّ لَقوَۃٌ وَ اَبٌ قَبِیس یہہ مثل اون دو شخص کے حق مین کہتے ہین جو ہمدم ہمقدم ہم مشرب ہون۔ لقوۃ (فسف) اوس ناقہ کو کہتے ہین جو جلد حمل قبول کرے۔
قبیصہ (فکسف) جمع کی ہوئی جا کنکریون کا تودہ۔ جو چیز کہ انگلیون کے سرے سے پکڑی جاوے۔ موصل کے جانب شرق ایک گانون ہے۔ چند صحابی کا نام۔
قبیط (ضفس تشدید) کہ ایک حلوا ہے۔
قبیعہ (فکسف) تلوار چھری وغیرہ کا بند۔ یا وہ چیز چاندی یا لوہے کی جو قبضہ کے سرے پر ہوتی ہے یا جو چیز کہ قبضہ کے دونون شارب کے نیچے ہے۔ سور کی ناک کا سوراخ یادہ قبیعہ (فتکف) ہے۔

قبیل (فکس) دائی جنائی۔ ضامن کارگزار یا قوم کا سردار۔ عورت کا خاوند آدمیون کی جماعت تین گروہ سے لیکر جہان تک زیادہ ہوے مختلف گروہون مین سے جیسے روم اور زنگ اور عرب یا ایک اصل و حسب کے گروہون کی یا ایک جد کے گروہون کی قبل (ضفس) جمع۔ ظاہر و آشکار و عیان و روبرو۔ قبیل وہ دھاگا کہ جسکو کاتنے والا کاتنے کے وقت سامنے کو لاوے اور دبیر وہ جو پیچھے لیجاوے۔ عربون کی طاعت و فرمانبرداری اور دبیر عربون کی نافرمانی قمار مین مطلب پر پہنچنا اور دبیر (فکس) مطلب پہ نپہنچنا۔ جوتی کی نوک کی پیچیدگی کا انگوٹھے کی طرف ہونا اور دبیر (فکس) اوسکا یعنی جوتی کی نوک کا خنصر کی طرف ہونا۔ دھاگا جسے بٹنے کے وقت سینہ کی طرف سے آگے لادین اور دبیر وہ کہ جسے بٹنے مین پیچھے لیجاوین

یا قبیل باطن فتل اور دبیر ظاہر فتل یا قبیل وہ دھاگا جو اندر کو لپٹا ہوا تکلے مین ہے اور دبیر وہ ہے جو تکلے کے اوپر لپٹا ہوا ہے یا قبیل دھاگے کی اول تافتگی اور دبیر دھاگے کی آخر تافتگی یا قبیل پنبہ اور دبیر کتان۔ یا قبیل کان کے نیچے کا سرا اور دبیر اوسکا اوپر کا سرا۔ اور بعضے کہتے ہین ما یعرف قبیلاً من دبیر یعنے وہ گوسپند مقابلہ اور گوسپند مدابرہ مین تمیز نہین کرتا یا مقبل اور مدبر مین تمیز نہین کرتا یا ماں کے نسب مین اور باپ کے نسب مین تمیز نہین کرتا قبیل ایک شخص کا نام۔

قَبِیلَۃ (فسکف) یک پدری فرزندون کا گروہ۔ گلہ کا ایک ٹکڑا جو دوسرے ٹکڑے کے ساتھ جمع ہو گیا ہو۔ قبائل جمع۔ لگام کا تسمہ۔ کوئین کے سر کا بڑا پتھر۔ حصین بن مرداس کے گھوڑے کا نام۔

قُبَّین (ضکس) اپنے کامون مین سرعت کرنے والا۔ تیز رو۔

قَتّ (فت) اسپست تر یا اسپست خشک قتۃ (فتقف) ایک۔

قَتّ (فت ن) قطع کرنا۔ کم کرنا۔ آمادہ و مہیا کرنا۔ تھوڑا تھوڑا جمع کرنا کسی کے پیچھے چلنا۔ چغل خوری کرنی جھوٹھ بولنا۔ کسی کے پیچھے پوشیدہ جانا تاکہ اوسکا ارادہ معلوم کرے۔ چیر واہے کا ہیام ارے اونٹ کے پیشاب کو سونگھنا اور ہیام اونٹون کی ایک بیماری ہے تیل کو پھول مین رکھنا تاکہ خوشبو ہو جاوے

قَتَّات (فتفس) چغل خور مرد یا بات کا چور مرد چغل خوری کرے یا نہ کرے۔

قَتَاد (فقفس) ایک درخت کانٹون دار ہے سخت۔ اقتاد (فسفس) اقتد (فسفس) قتود (ضفس) جمع اسی سے ہے یہ مثل ومن دونہ خرط القتاد۔

قَتَادَۃ (ففسف) قتاد (ففس) کا ایک درخت۔ دو صحابی ہین۔ ایک تابعی۔ بکر بن وائل کے گھوڑے کا نام

قُتَادِیَّۃ (ضفکتف) قتاد کھانے والا اونٹ

قُتَار (ضفس) عود کی بو یا ہانڈی کے مصالح کی بو۔ بجھے ہوئے کی بو۔ جلی ہوئی ہڈی کی بو

قِتَال (کفس) بیان۔ تن جسم کا بقیہ توانائی

قِتَال (کفس) ایک شخص کا نام۔ اور باب مفاعلۃ کا مصدر ہے یعنے آپسمین لڑنا۔

۱ قبل
۲ قبن
۳ قت
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ قتد
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ قتر

۵۸۷

۱۰ قتل
۱۱ ایضاً
۱۲

قتال رکفس، قیتال رکسفس، کشت خون اور آپسمین کارزار کرنا۔

قتام رففس، گرد۔

قتان رففس، گرد و غبار۔

قتانتہ رففسف، کم طعام ہو جانا کم کھانے والا ہونا۔

قتایدہ رضفسکف، ایک لشیہ سے یا سرا یا ایک پہاڑ کے اوپر ایک سرا یا ہر شیتہ کوئی ہو۔

قتب رفک، تنگ دل مرد جلد غصہ مین آنے والا۔

قتب رفس، کسیکو بھنی ہوئی ہڈی کا طعام دینا۔ چوپایہ کی پشت پر خوگیر کھنا۔

قتب رکس، انتری۔ پانی بھرنے والی کا ساز و سامان۔ جو چیز کہ پیٹ مین سے گول ہے۔ خوگیر جیسے پالان کے نیچے چوپایہ کی پشت پر رکھتے ہین یا چھوٹا خوگیر کوہان شتر کے مقدار۔ پالان یا چھوٹا پالان اقتاب رفسفس، جمع

قتبہ رکسف، روده۔

قتد رفف، پالان کی لکڑی اقتاد رفسفس، قتود رضفس، جمع۔ اور قتاد کھانے سے درد شکم ہونا۔

قتدہ رفکف، اونٹ جنکے پیٹ مین قتاد کھانے سے درد ہو۔

قتر رفس، قوت جو دن گذار دے۔

قتر رفس، الن ض، کسیکو قوت روز گذار دینا۔

قتر رفف، قدر۔

قتر رفس، رس ن ض، خوشبودار دہوان کرنا۔ ہانڈی کے مصالح کی بو بلند اور منتشر ہو جانی۔

قتر رضس، کنارہ و جانب اقتار رفسفس، جمع

قتر رفک، مرد متکبر۔

قتر رکس، پیکان تیر کی ایک قسم یا چھوٹا تیر۔ یا نے جسے نشانہ پر پھینکیں

قترہ رفسف، گرد و غبار۔

قترہ رففف، گرد و غبار۔ قتر جمع۔

قترہ رضسف، کاخہ صیاد کہ ایک قسم کا شکاریون کا جال ہے۔ مینگنی کا تودہ۔ یا کنکریون کا تودہ

قترد رفسف، بہت بھیڑ بکری والا مرد

قتردہ رفسفف، علیہ قتردۃ مال بولتے ہین یعنے اوسپر مال بہت ہے گھی کے دودہ اور پنیر کا بہت ہونا۔

قتع رکس، شہد کا چھتا جو کم گہرے غار مین ہو۔

قتع رففف، چھوٹا سا سرخ کیڑا

588

لکڑی کھانے والا- قنعۃ ایک یا وہ نمک ہے

قنعۃ رضفف، خوار وحقیر-

قنقتۃ رفسفف، چغل خوری کرنی

قتل رفس، قتلۃ رکسف، (ن) مارڈالنا- قتل الرجل بولتے ہیں اور جبکہ کسیکو عشق اور جن نے قتل کیا ہو تو اقتتل بولتے ہیں- بدن پر مارنا- ایک چیز کو خوب جاننا- قتل الشئے خبرا بولتے ہیں- شراب کو پانی مین ملانا- قتلہ قتلۃ سوء بری طرح سے اوسکو قتل کیا- قتل الانسان ما اکفرہ کلمۂ لعنت ہے

قتل رکس، جنگ کرنے والا دشمن- مقاتل- وہ جگہ کہ اوسپر مارنے سے آدمی مرجاوے- اقتال جمع دوست ضد- مانند ومثل وہمتا- چچا کا بیٹا دلیر- بدی وفساد کا دانا-

قتلۃ رکسف، مارنے کی ہئیات وصورت

قتمۃ رضسف، خاکستری رنگ کی ایک قسم- بدمزہ اور بدبو ایک گھاس

قتمیۃ رفسف، بری بو

قتن رفف، ایک چھوٹی مچھلی جسکے متقدار کی

قتو رفس، قتاء رفض، (ن) خدمت کرنی یا بادشاہ کی خدمت کرنی

قتویۃ رفضسف، خوگیر سمیت اونٹ

قتوت رفضس، چغل خور مرد یا بات کا چور چغل خور ہو یا نہو-

قتور رفضس، نفقہ عیال پر تنگ کرنے والا- کمینہ مرد نہایت بخیل-

قتور رضضس، قتر رفس، ایک چیز کو اوپر تلے رکھنا- زرہ کو میخ دوز کرنا- ایک چیز کو لازم پکڑنا- عیال پر نفقہ کو تنگ کرنا-

قتوع رضضس، ذلیل وحقیر ہو جانا

قتول رفضس، بہت قتل کرنے والا بہت کشت وخون قتل قتل جمع مارڈالنے والی عورت-

قتول رکسفت، جگہ پر پڑا ہوا سست بدن کا لٹکا ہوا-

قتوم رضضس، غبار کا بلند ہو جانا

قتون رضضس، مچھلی کا خشک ہونا اور اوسکی تری کا جاتا رہنا-

قتیبی رکتکسف، چغل خوری- چغل خور مرد یا بات کا چور-

قتیر رفکس، بڑہاپا یا بڑہاپے کا شروع- زرہ کی میخون کا سر-

قتیل رفکس، مارڈالا ہوا اندکردشوت

مادہ
١ قنع
٢ قنعت
٣ قنقت
٤ قتل
٥ ایضا
٦ ایضا
٧ قتلت
٨ ایضا
٩ قتم
١٠ قتمت
١٠ قتن
١١ قتب
٥٨٩
١١ قتت
١٢ قتر
١٣ ایضا
١٤ قتع
١٥ قتل
١٦ ایضا
١٧ قتم
١٨ قتن
١٩ قتت
٢٠ قتر
٢١ قتل
١٢

قیلی جمع - اعلام میں سے ہے -
قتیم رضفس، مرگ و ہلاک چنانچہ آئرزدہ
حیاض کی رکفس، قیتم رضفس، الو ہے ہندی مین
قتین رکس، سپید رلیشم جوش دیا
ہوا - عورت یا خوبصورت عورت یا اچھی
مرد یا ذلیل و خوار مرد ضد - کم طعام مرد
یا بے طعام - نیزہ - باریک سنان - کہنہ - پرانا -
قت رفت، ایک گھاس ہے -
قت رفت، رن، کھینچنا - ہانکنا - ادہار لینا
قثار رفتس، لکڑی گھیرنے والا -
قثاء رلتفس، لکڑی - کھیرا - قثاءۃ ایک
قثا رفف، رس، ایسی چیز کو کھانا کہ
چبانے کے وقت اوسکی آواز ہو -
قثاث رضفس، رخت -
قثاث رفتفس، چیل خور -
قثاثۃ رفقسف، گروہ -
قثاد رفضک، پیراہن وغیرہ کے دامن
قثد رفس، رن، کھیرا کھانا -
قثرۃ رفعف، گھر کا رخت ہے، قثیرۃ رتعیف
قثرد رفسف، گھر کا رخت و متاع -
بہت بھیڑ بکری اور اونکے بچہ والا مرد
بہت رخت و متاع والا مرد - قثم کے
ٹکڑے - وہ رخت و متاع کہ جسے کوچ
کے وقت نہ اوٹھا لیجا دین -
قثرد رکسک، انگور کی ٹہنیاں سبیل اور وہ
جو خشک ہو گئی ہو - آدمیوں کی انبوہی
قثرد رضسص، قثارد رضفسک،
بمعنے قثرد یعنے گھر کا رخت و متاع -
قثرد رضفکسہ قثارد رضفسک بہت
بھیڑ بکری اور اونکے بچہ والا مرد - بہت
رخت و متاع والا مرد -
قثع رضس، ٹیڑھی تری جسکو
بجاتے ہین یعنے بھونپو -
قثقثۃ رفسفف، پیمانہ کو تمام و کامل
بھرنا اوکھاڑنے کے لیئے میخ کو ہلانا -
قثم رفس، پلیدی کی آلایش سرین پر
خشک ہو گئی ہوئی - پیخال مرغ کی
آلایش رض، کسیکو ایکبار گی اچھا اور
جید مال دینا - بہت مال کو جمع کرنا -
قثم رضعف، بہت بخشش والا مرد -
بہت خیر والا مرد - نیکی کا جمع کرنے والا
زن و فرزند کا جمع کرنیوالا - بدی و شر کا جمع
کرنے والا فند سنر گفتار - ایک صحابی کا نام
قثم رفس، قثامۃ رفقسف،
خاکستر گون ہونا -
قثمۃ رضسف، خاکستر گونی - پلیدی و پیخال آلودگی

٥٩٠

قتیمۃ (صفف) قثم (رفف) (س ک) آلودہ ہونا
قثو (رفس) دھنیا جسے فارسی میں کشنیز
کہتے ہیں۔ مال وغیرہ کو جمع کرنا۔ کھیر الگڑی کھانا
قثول (رکسفت) تھکا ہوا مرد۔ سست
گوشت کا لٹکا ہوا۔ توتلا عاجز بیان۔ خرما
کا دلالہ خوشہ۔ گوشت استخوان سمیت کا بڑا ٹکڑا
قثوم (رفضس) نیکی کا جمع کرنے والا۔
عیال کو جمع کرنے والا۔ بہت خیر والا مرد۔
قثوی (رفسف) جمع ہو آنا۔
قثی (رفس رض) مال وغیرہ کو جمع
کرنا۔ ککڑی کھانا۔
قثیثۃ (رفکسف) گروہ۔
قثیثی (رکتکسف) مال کو جمع کرنا۔
قججقجۃ (رفسغف) ایک کھیل ہے
جسے عظم وضاح بھی کہتے ہیں۔
قح (رضت) بخیلی اور جوانمردی سے
خالص۔ ہر چیز سے سادہ آدمی وغیرہ
بد خو اکھڑ۔ بے مغز خربوزہ۔ نہ پکا ہوا خربوزہ
قحاب (رضفس) اونٹ اور
گھوڑے اور آدمی کی کھانسی
قحاح (ضفس) سادہ مرد بے ملاو قحاح
کام کی اصل اور خالص اور بے ملاوٹ کا
قحادر (فتفس) املا دو نیر بہائی اور بیچے

قحارۃ (رفسف) عمر کی انتہا۔ فرتوت کی
قحاریۃ (ضفسکف) بڑی عمر کا بڑا انا
اونٹ جسمیں کچھ طاقت باقی ہو۔
بڑے جثہ کا مرد خشمناک۔ بہت
کھانے پینے والا ٹھٹکنا۔
قحاز (ضفس) بکری کی ایک
بیماری ہے۔ اونٹ کی کھانسی۔
قحازۃ (ضتف) ایک جال ہے
جس سے پرندوں کا شکار کرتے ہیں
قحاف (ضفس) سیلاب جو سبکو بہا لیجائے
قحافۃ (ضفسف) ہر چیز کہ جسے تم لیجاتے ہو
قحال (ضفس) بکریوں کی ایک بیماری ہے
قحامۃ (رفسف) بڑی عمر کا۔
قحب (رفس) بڑی عمر کا مرد۔
کھانسی کا مارا۔
قحاب (ضفس) زن و مرد کا کھانسی
کا مارا ہو جانا۔ کسیکے ساتھ بات کرنی
قحبۃ (رفسف) نہایت بوڑھی کھانسی
کی ماری۔ مرد کے سبب خراب ہیٹ کی
زنا کار۔ کبھی کار او کہتے ہیں یہ قحبۃ
اتی سعال سے یعنی اسکو کھانسی ہے
قحثہ (کف) سخت و سخت ہونا۔
بے شرم ہونا۔

ماده
[illegible]
۵۹۱
[illegible]

قحث ۱ رفس، رف ایک چیز کو اوسکے آخر سے شروع کرنا۔
قحثرة رفسعفف، پراگندہ و پریشان کرنا۔
قحد رفس، رف ۳ اونٹ کا کوہان نکل آنا اور بزرگ ہونا۔
قحدة رفسعف، بزرگ کوہان کی ناقہ۔
قحدة رففف، کوہان کی جڑ یا کوہان یا اوسکی کوکھ کا درمیان قحاد قحد رفسعض، جمع۔
قحر رفس، نہایت بڈھا۔ بڑی عمر کا اونٹ کہ جسمین کچھ تھوڑی سی قوت کا بقیہ ہو۔ اقحر رفسعض، اقحور رضنسعفس، جمع۔ اسکا مؤنث ناب اور شارف آتا ہے نہ قحرة تا کے ساتھہ۔
قحز رفس، کود جانا رف، بے آرامی کرنی۔ چوبدستی سے مارنا۔ زمین پر پچھاڑ دینا۔
قحز رنس، قحوز رضضس، قحزان رففعس، رف ۳ کتے کا پیشاب کرنا پھیر دیا جانا مجہولاً مستعمل ہے۔
قحزة رسعفف، چوبدستی۔ پچھاڑ دینا۔ مارنا۔
قحزنة رفسعفف، پچھیر دینا۔
قحزنة رفسعفف، چوبدستی یا موٹی چھڑی۔ قحازن جمع۔ مارنے، مارنے، پچھاڑ دینا۔

قحزی رففس، جان کو دنے والا۔
قحس رفس، لات مارنی۔ جلد گذر جانا۔ گھر جھاڑنا۔ دوڑنا۔
قحط رفس، خشک سال۔ ضرب سخت
قحط رفس، رف ۲ ب، قحوط رضضس، سال کا خشک ہوجانا۔ مینہہ کا رک رہنا
قحط رفف، رس، قحط زدہ ہوجانا
قحط رفکسہ، سال سخت۔ ضرب سخت
قحط رضنس، ایک گھاس ہے۔
قحطرة رفسعفف، کمان پر چلہ چڑہانا عورت سے جماع کرنا۔
قحطی رفسکت، بہت کھانے والا
قحطبة رفسعفف، زمین پر پچھاڑ دینا۔ مارنا
قحف رفس، سر کی کھوپڑی کاٹنی یا توڑنی یا اوسپر مارنا۔ کسیکی کھوپڑی پر چوٹ لگنی۔ جو چیز کہ کاسہ مین ہے اوسکو کھالینا۔ برتن مین جو کچھہ ہو اوسکو باہر نکالنا۔ اسکہ وغیرہ کو کھینچنا۔ گیہون کو ہوا مین اوڑانا۔ لیجانا جو کچھہ ہو۔
قحف رکس، سر کی کھوپڑی جو چیز کہ سر کی کھوپڑی مین ہے شکستہ اور جدا ہوجاوے اور یا اوسکو

مادہ
قحث
قحثر
قحد
ایضاً
ایضاً
ایضاً
قحر
ایضاً
قحز
۵۹۲
قحزن
قحس
قحط
قحطر
قحطب
قحف
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً

قحف نہیں کہتے تا وقتیکہ اوسمین سے کچھہ شکستہ اور جدا نہیں ہو لیتی اقحاف قحوف قحفۃ جمع - قدح - یا بڑے پیالہ کا آدہا جبکہ شکستہ اور رخنہ دار ہو جاوے لکڑی کا کاسہ کھوپڑی کے مشابہہ گویا کہ آدہا پیالہ ہے اور بوسہ لیتے ہین مالہ قدح ولا قحف یعنے نہ اوسکے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا یعنے اوسکے پاس کچھہ نہیں ہے - شریرین کی جانب اور یہہ مثل ہجو افلس مین ضارب قحف استہ یعنے وہ مسکین اور بیر جاماندہ ہے - اور یہہ مثل زماہ باقحاف راسہ اوسوقت کہتے ہین کہ جب کسیکو اوسپر بلا اور سختی لاوے تاکہ اوسے خاموش کرین یا اوسکو عاجز و حقیر و تباہ کیا ہو یا اوسکو اوسکے ارادہ اور حاجت سے روکا ہو - خوب پینا -

قحفا ر رفسفسم ، زور کا بگولا جو ہر چیز کو اوڑا لیجاوے -

قحفزۃ رفسفف ، اکڑی اور سخت تاکسیکو کہنی - شتابی سے چلنا - توشہ دان اچھی طرح پر پر کرنا -

قحفلیز رفسفکس ، عورت کی کُس -

قحقاح رفسفس ، سخت منزل -

قحقح رضفسض ، گروا گرو ڈبر کی ہڈی -

قحقیح رفسفف ، آواز کا گلے مین پھرنا - بندر کی ہنسی -

قحل رفکسہ بمعنے قحل -

قحل رفس ، خشک بدن کا بڈھا جسکا پوست استخوان پر خشک ہو گیا ہو -

قحل رفف ارس ، پوست کا کسی کے استخوان پر خشک ہو جانا خشک اندام ہونا

قحلزہ رفسفف ، ٹھنگنے مرد کی رفتار کلام کو سخت طور پر لانا - کلام مین درشتی اور سختی کرنی -

قحم رفسر ، خوب بڈھا پیرانا قحمۃ موش ایک شخص کا نام - جنگل طے کرنا کسی کے پاس پہنچنا -

قحم الطریق رفسس ، راہ کی دشواریان

قحم الشہر مہینے کی پچھلی تین راتین

قحمۃ رضسف ، جاسے بلا کت تنگ سال سخت خشک سال - ایک کام مین بے اندیشہ ناگہان داخل ہونا -

قحو رفس ، رف ، مال لینا -

قحوان رضفسس ، بابونہ -

قحوتہ رضفسف ، قحاحتہ رفضفف

ماده
۱ قحف
۲ قحقف
۳ قحفلن
۴ قحفیح
۵ ایضاً
۶ ایضاً
۷ قحمل
۸ ایضاً
۹ ایضاً

۱۰ قحلز
۱۱ قحم
۱۲ ایضاً
۱۳ ایضاً
۱۴ قحو
۱۵ ایضاً
۱۶ قحح
۱۲

مادہ
۱ قحر
۲ قحز
۳ قحف
۴ قحل
۵ قحم
۶ القا
۷ الفا
۸ قحخ
۹ قحط

[illegible]

سادہ بے ملاؤ ہو جانا۔ موٹا پر مغز ہونا
قحورۃ (ضفسف) بڑے جثہ کا مرد غصہ
بہت کھانے پینے والا ٹھنگنا۔
قحوز (ضفس) مرد کا مردہ کی طرح
گر پڑنا۔ تیر کو پھینکنا اور اوسکا منھہ
سکے آگے گر پڑنا۔
قحوف (ضفس) بہت سے چمچے
قحول (ضفس) کسیکا پوست استخوان
پر خشک ہونا اس معنی مین مجہولاً
مستعمل ہوتا ہے۔
قحوم (فضس) بڈھا بڑی عمر کا فرتوت
جلد چلنے والا چرخ۔
قحوم (ضفس) اپنے تئین بے اندیشہ
ایک کام مین ڈال دینا۔
قحومۃ (ضفسف) بڑی عمر کا۔
قحیح (فکس) پانی پینے کی ایک قسم
کہ یہہ عَبّ اور جرع سے بڑھ کر ہے
قحیط (فکس) خوب خشک سال
اور سخت۔ ضرب سخت۔
قحیز (فس) (ف) خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا
قحزۃ (فسف) بمعنے قحز۔
قد (فس) تحقیق و بدرستی یہہ حرف
دو طرح پر ہے ایک حرفیہ اور ایک

اسمیہ اسمیہ دو طرح پر ہے ایک تو
اسم فعل بمعنے لیکفی کے یعنے البتہ
کفایت کرتا ہے اور دوسرا اسم بمعنے
حَسْب کے اور یہہ اکثر مبنی علی السکون
مستعمل ہوتا ہے۔ اور حرفیہ خاص ہے
فعل متصرف خبری مثبت سے جو کہ جازم
او ناصب اور حرف تنفیس سے مجرد
اور خالی ہو اور اسکے چھہ معنی ہین
توقع۔ معنی ماضی کو معنی حال سے قریب
کر دینے کے لیئے۔ تحقیق۔ نفی۔ تقلیل۔ تکثیر
قد (فت) ہر چیز لبنی۔ بھیڑ کے بچہ
کا پوست۔ اور یہہ مثل ما تجعل قدک
الی ادیمک یعنے کونسی چیز تجکو برانگیختہ
کرتی ہے اسپر کہ اپنے امر صغیر کو
عظیم کرے اوس شخص کے حق مین
بولتے ہین کہ اپنے طور سے تجاوز
کرے اور جو کہ چیز حقیر کو چیز خطیر و
گرانمایہ پر قیاس کرے۔ تازیانہ یعنے
کوڑا۔ قدر و اندازہ۔ قد وقامت مرد اور اوسکا
ڈیل ڈول **اقدر** (فضت) **قداد** (کفس)
اقدۃ (فکتف) **قدود** (ضفس) جمع
قد (فت) (ن) طول مین چیز
سے کاٹنا۔ طول مین ایک چیز کو چیرنا

مسافت و بیابان کو قطع کرنا۔ کلام کو
قطع کرنا۔ پیٹ کا درد آگین ہونا اس
معنی میں مجہولاً مستعمل ہے۔
قدر (کت) ایک چمڑے کا باسن ہے
تازیانہ یعنے کوڑا۔ بغیر سنوارے ہوئے
پوست کا تسمہ۔ اقد (فضت) جمع۔
قدّ (ضت) ایک دریائی مچھلی ہے۔
قدی (کک) طعام خوش مزہ و خوشبو۔
قداة (فقس) ہانڈی کی خوشبو۔
قدّاح (تفقس) پیالہ بنانے والا۔
چقماق کا لوہا۔ پتھر یا آتش زنہ کی لکڑی
تازی گھاس کی اطراف۔ اپت گھاس
کے نئے پودے۔
قداحة (کفسف) پیالہ بنانے کا پیشہ
قدّاحة (تفسف) پتھر یا لکڑی
جس میں سے آگ نکلے۔
قداحش (ضفسک) دلاور مرد
بدخو بیباک۔ شیر بیشہ۔
قداد (فقس) خارپشت۔ جنگلی چوہا۔
قداد (ضفس) پیٹ کا درد۔
قدار (ضفس) میانہ مرد۔ باورچی
سانڈ اونٹ۔ ہانڈی پکانے والا
خوان سالار۔ بزرگ اور بڑا سانپ

ناقہ کا کونچ کاٹنے والا۔ قدار بن عمرو
بن ضیعہ نبی ربیعہ کا سردار و قدیس۔
قدارة (فقسف) آمادہ کرنا۔ وقت معین کرنا
قداس (ضفس) مضبوط۔ اور نحوی
بزرگی میں۔ چاندی کا دانہ موتی
کے مشابہہ۔ پتھر جسے حوض میں
پانی کے گرنے کی جگہہ پر قایم کردیتے
ہین یا پتھر جو اونٹوں کے حوض میں
ڈالیں اور پانی کو اوس سے اندازہ
کر کے تقسیم کریں۔
قداف (ضفس) بڑا پیالہ مٹی کا گھڑا
قدام (ضفس) پیرانا دیرینہ۔
قدام (ضتفس) آگے خلاف
وراء قدیدیمة قدیدیم قدیدمۃ تصغیر۔
سانڈ اونٹ۔ شرف میں آدمیوں کا
سردار۔ بادشاہ اور قوم کا سردار۔
قدامة (فقسف) **قدم** (کف)
پیرانا ہو جانا۔
قدامی الجیش (ضفسف) تھوڑی
سی جماعت جو لشکر کے آگے آگے چلے
قدة (کف) بمعنے قدوة۔
قدة (کف) آگ کا افروختہ ہونا
قدة (فف) ایک قسم کا سانپ۔ قدات جمع

مادہ
قدر
الیضاً
قدر
الیضاً
الیضاً
قدح
الیضاً
الیضاً
الیضاً
قدحش
قدر
الیضاً
۵۹۵
قدر
الیضاً
قدس
قدف
قدم
الیضاً
الیضاً
الیضاً
قدو
وقد
قذی

قدۃ (کتقف) قسمہ ۔ روش و راہ ۔ بنی کلاب کا ایک پانی ہے ۔ آدمیون کا ایک گروہ کہ اونمین سے ہر ایک کی راہ و روش اور ارادہ الگ الگ ہو ۔
قدح (فعف) پیالہ جو دو شخص کو سیر کر دے یا عام ہے ۔ اقداح جمع
قدح (کنس) پرانا تراشا ہوا تیر پر اور پیکان نہ رکھتا ہوا ۔ قمار کا تیر قداح اقدح (فسبض) اقادیح (فغنکسر) جمع ۔ غنی کا ایک گھوڑا ہے ۔
قدح (فس) (فتم) کسی کے نسب مین طعن کرنا ۔ تیر مین پیکان کی جڑ سے شگاف کرنا ۔ آتش زنہ سے آگ نکالنی ۔ آتش زنہ پر چقماق مارنی تا کہ آگ دیوے ۔ شوربا کو چمچہ سے اوٹھانا ۔ آنکھ کا گڑھے مین اندر کو گھس جانا ۔ دانت اور لکڑی کو کیڑے کا کھا جانا ۔ خراب ہو گئے ہوئے پانی کو آنکھ سے نکالنا ۔ چشمہ اور آنکھ کا پانی سوکھ جانا ۔
قدحۃ (فسعف) ایکبار آتش زنہ پر چقماق مارنی
قدحۃ (ضسف) شوربا وغیرہ ایک چمچا بھر
قدحۃ (کسعف) آتش زنہ سے آگ نکالنی ۔ کام کی اندیشیدگی ۔ جگہ
قدحرۃ (کتقفسف) قندحرۃ (مکشفسف) محفوظ عرب مین بولتے ہین فرہتوا لقندحرۃ و بقندحرۃ یعنے الیسی محفوظ جگہہ گئے کہ کسی کا ہاتھ اون تک نہین پہنچ سکتا اور کوئی اونپر قادر نہین ہو سکتا ۔
قدر (فس) ایک چیز کا اندازہ ۔ پالان کا پیچ ۔ زین کا پیچ گندھے کا سرا توانائی توانگری ۔ فراخی ۔
قدر (فعف) (ض) خدا تعالیٰ کا اندازہ کرنا ۔ خدا تعالیٰ کا حکم دینا ۔ کپڑے کو اندازہ کرنا ۔ حدیث مین ہے اذا غم علیکم الہلال فاقدروا لہ یعنے جب تم پر ہلال ابر کے سبب رمضان مین نہ معلوم ہو تو تیس دن پورے کر لو ۔ گوشت کو پکانا ۔ ننگ و عار کرنا ۔ بزرگ و معظم رکھنا ۔ بزرگی کے ساتھ صفت کرنا ۔ ایک چیز کو ایک چیز پر اندازہ کرنا ۔
قدر (فس) (ن) انجام کو دیکھنا ۔
قدر (فس) قدرۃ (ضسف) قدار (فغس) قدارۃ (فغسف) قدور (ضضس) قدورۃ (ضضسف) قدران (کسعفس) سکنا طاقت رکھنی

ماده
۱ قدد
۲ قدح
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ ایضاً
۷ ایضاً
۸ قدح
۹ قدر
۱۰ ایضاً
۱۱ ایضاً
۱۲ ایضاً

ایک چیز پر قادر ہونا۔
قدر (کس) ہانڈی مؤنث کبھی مذکر بھی آتا ہے قدور جمع قدیر تصغیر۔
قدر (فعف) فرمان وحکم۔ خدا تعالے کا بندہ پر اندازہ کیا ہوا حکم۔ ایک چیز کا اندازہ توانائی اقدار جمع۔ گردن کی کوتاہی (س) کوتاہ گردن ہو جانا۔
قدار (فسفم) میانہ گوش۔
قدرۃ (ففف) چھوٹا شیشہ کم قدرۃ نخلک یعنے کسقدر ہین تیرے کھجور کے درخت اور بولتے ہین غرس علی القدرۃ یعنے وہ لگاوے ایک حد معین کے یعنے دو درختون کے درمیان حد معین اور فاصلہ مقرر پر درخت کھجور وغیرہ کو لگانا۔
قدریۃ (ففکت) جو کہ حکم خداوند تعالی اور اوسکے قدر کے منکر ہین۔
قدس (فس) پاکی۔ بیت المقدس نجد مین ایک بڑا پہاڑ ہے جبرئیل علیہ السلام کا نام مبارک۔
قدس الاسود۔ قدس الابیض دو پہاڑ ہین (ن) پاک ہونا۔
قدس (ففف) طشت دستہ دار۔

قدس (ضض) بمعنے قدس (ضف)
قدش (ضف) ایک چھوٹا پیالہ عمر کے مشابہ ہے۔
قدع (فس) (ف) روک دینا۔ گھوڑے کی لگام کھینچنا۔ گھوڑے کو باگ مارنی۔ چھوڑ دینا ترک کر دینا۔ سانڈ کی ناک کو نیزہ سے زخمی کرنا اور یہہ غیر کریم سانڈ کے ساتھہ معاملہ کرتے ہین۔ تھوڑا تھوڑا پینا۔
قدع (ک) گھوڑا بدچشم خوفناک کھاری پانی جو پیاس نجاوے بہت گریہ وزاری کرنے والا مرد۔
قدع (فف) (س) آنکھہ کا سست ہو جانا۔ آنکھہ کی بینائی کا سست ہو جانا سال کا نزدیک ہونا بولتے ہین قدعت لی الخمسون یعنے مین پچاس برس کے قریب پہنچ گیا۔ عورت کا کم سخن اور شرمگین ہو جانا۔ گھوڑے کا بدچشم ہونا۔
قدعۃ (کسف) چھوٹا سینہ بند۔
قدعۃ (فکف) کم سخن عورت و شرمگین۔
قدف (فس) خرمابن کی شاخ کی جڑ کہ اوسکے اطراف بریدہ ہون پانی گرانا۔ حوض مین سے پانی مٹھی مین لینا۔

مادہ
۱ قدس
۲ ایضا
۳ ایضا
۴ ایضا
۵ ایضا
۶ قدع
۷ ایضا
۸ ایضا
۹ ایضا
۱۰ ایضا

۵۹۷

۱۱ قدع
۱۲ ایضا
۱۳ ایضا
۱۴ ایضا
۱۵ ایضا
۱۶ قدف

قدم[1] (فس) ایک سرخ کپڑا ہے۔
قدم[2] (فس) (ان س) بہت پیشی کرنی
قدم[3] (کس) پرانا پن۔۔
قدم[4] (ضس) دلیر۔۔
قدم[5] (فف) کام میں سبقت و جرأت وہ شخص کہ جسکا خیر و نیکی میں ایک مرتبہ ہو قدمۃ مؤنث۔ پانون کا آگا اس معنی میں مونث مستعمل ہوتا ہے۔
اقدام (فسفس) جمع لث و اشر۔ دلیر واحد جمع مذکر و مونث برابر۔ وفی الحدیث حتی یضع رب العزۃ فیہا قدمہ یعنی لاوے خدا تعالیٰ بدون کو دوزخ میں اور بد لوگ الہیہ کے قدم ہین دوزخ کے لیئے جیسا نیک لوگ قدم ہین جنت کے لیئے۔ ایک قبیلہ ہے
قدم[6] (فس) قدوم (ضفس) قدوم (کے) آگے آنا۔
قدم[7] (ضف) آگے آگے چلنا
قدم[8] (فک) بڑا اجری دلاور جنگ وغیرہ مین پیش آنے والا۔ خوب سخت سنگستان
قدم[9] (کف) کام مین پیشی و سبقت پرانا پن ضد حدوث۔
قدمی[10] (ضفکت) کپڑا قدم موضع کی طرف منسوب۔

قدمۃ[11] (ضسف) کام مین پیشی و سبقت و جرأت۔ ایک چیز کا اثر ناز سے چلنا۔ ناز سے چلتا پن۔
قدمۃ[12] (فکف) خوب سنگستان۔
قدموس[13] (ضسضس) پرانا۔ بڑا بادشاہ۔ بڑے جثہ کا اونٹ۔
قدمیتہ[14] (فضکتف) ایک قسم کا پوست سرخ
قدمیتہ[15] (ضفکتف) بمعنی قدم (ضف)
قدن[16] (فس) (ان) ایک چیز کا کافی ہونا۔ کافی۔
قدو[17] (فس) (ان) طعام کا خوشبو اور خوش مزہ ہونا۔ نزدیک ہونا سفر سے پھر آنا۔
قدو[18] (کس) اصل کہ اوس سے شاخین نکلتی ہین
قدوس[19] (فضس) پیش آنے والا جرأت کرنے والا۔
قدوس[20] (ضتضس) پاک و مبارک باری تعالیٰ کے نامون سے ایک نام ہر کلمہ جو فعول کے وزن پر آتا ہے وہ بالفتح ہے مگر قدوس اور سبوح اور ذروح اور فروج کہ یہ بضم فا ہین۔
قدوۃ[21] (ضسف) پیشوا۔ راہ جاری
قدوح[22] (فضس) لکھی۔ کوان جس بین

ماده
1 قدم
2 ایضاً
3 ایضاً
4 ایضاً
5 ایضاً
6 ایضاً
7 ایضاً
8 ایضاً
9 ایضاً
10 ایضاً
11 ایضاً
ماده
12 ایضاً
13 قدموس
14 قدمیتہ
15 ایضاً
16 قدن
17 قدو
18 ایضاً
19 قدوس
20 ایضاً
21 قدوۃ
22 قدوح

سے ہاتھ سے پانی لیوین۔
قدوع رفضس) آواز و فریاد سے رُکا ہوا۔ گھوڑا جسکو باگ سے مارنے کی حاجت پڑے تاکہ رُک رہے۔
ایک چیز ایک چیز پر ریزان۔ خوار و ذلیل مرد۔ ہانکا ہوا اور ترک کیا ہوا
قدوم رفضس) بڑا جری و دلیر اور بہت پیش آنے والا۔ تیشہ مؤنث قدائم و قدم جمع۔ حلب مین ایک گانو نعمان مین ایک جگہہ مدینہ مین ایک پہاڑ۔ سرات مین ایک پشتہ۔ ایک موضع ہے جہان حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کیا۔ بلاد روم کے ایک پہاڑ مین ایک پشتہ ہے یمن مین ایک قلعہ
قدوم رضمس) قدمان رکسف) سفر سے پھیر آنا
قدوی رفسف) استقامت و پایداری
قدی رفکت) خوش مزہ اور خوشبودار کھانا طعام قدی بولتے ہین۔
قدی رکفس) اندازہ و مقدار۔
قدی رفس) رض) قحط زدہ قوم کا جنگل مین سے آنا۔
قدی رفف) قداوہ رفسف) رس گوشت کا خوشبودار و بامزہ ہونا۔

قدیان رففس) گھوڑے کا دوڑنا۔ سُرعت کرنا۔ گوشت کا خوشبودار و بامزہ ہونا
قدیتہ رکسف) روش۔
قدیتہ رکتف) تحفہ و ہدیہ۔
قدیح رفکس) شوربا یا وہ چیز کھانے کی جو ہانڈی کی پیندی مین رہجاوے اور چمچے سے اوٹھانا دشوار ہو۔
قدید رفکس) پارہ کیا ہوا یا چیرا ہوا گوشت یا گوشت طول مین قطع کیا ہوا خشک کیا ہوا۔ پُرانا کپڑا۔
قدید رضفس) چھوٹا کنبل خطدار۔ ایک شخص کا نام۔ ایک وادی ہے قیس غاضری کے گھوڑے کا نام حجاز مین ایک چشمہ ہے۔
قدیدون رکستفن) اہل حرفہ لشکر کے پیچھے چلنے والے جیسے پارہ دوز جراح کاسہ گر آہنگر درزی وغیرہ
قدیر رفکس) توانا۔ ہانڈی کا پختہ
قدیس رفکس) تازہ دودہ یا جیسا ہو
قدیم رفکس) پُرانا قدما و قدامی رضفسف) قدایم رففسک) جمع
قدیم رکتکس) بادشاہ و سردار شرف مین آدمیونکا سردار۔

مادہ
۱ قدع
۲ قدم
۳ ایضاً
۴ قدو
۵ ایضاً
۶ قدی
۷ ایضاً
۸ قدو
۹ قدی
۱۰ ایضاً
۵۹۹
۱۱ ایضاً
۱۲ قدح
۱۳ قدد
۱۴ ایضاً
۱۵ ایضاً
۱۶ قدر
۱۷ قدس
۱۸ قدم
۱۹ ایضاً
۱۲

١ قذذ
٢ ایضاً
٣ ایضاً
٤ قذف
٥ ایضاً
٦ قذل
٧ قذل
٨ قذذ
٩ ایضاً
١٠ قذم

٤٠٠

١١ قذر
١٢ ایضاً
١٣ ایضاً
١٤ ایضاً
١٥ ایضاً
١٦ ایضاً
١٧ قذف
١٨ قذع
١٩ ایضاً

قذ (فت) تیر پر پر چپٹانا۔ تیر کے کنارے قطع کرنا۔ اور اوسکو گول ہموار کرنا۔ پتھر اور ڈھیلے پھینکنا۔ دونون کان کی پچھاڑی پر مارنا۔

قذاذات (ضفسفس) مرغ وغیرہ کے پر کاٹنے مین سے جو کچھ گر پڑے۔

قذاذہ (ضفسفس) سونے اور چاندی وغیرہ کا تراشہ ریزہ۔

قذاف (کفس) جو چیز کہ پنجہ مین لیوین کف کے بمقدار اور پھر اوسے پھینکدین یا وہ چیز کہ اوسے ہاتھ مین اوٹھا سکو اور پھینکدو۔ رفتار کی تیزی۔ قاذف اونٹنی۔

قذاف (فتفس) ترازو۔ سواری گوپھن کہ جس سے لڑکے کسی چیز کو دور پھینکین۔ جو چیز کہ اوس سے ایک چیز کو دور پھینکین قذافہ (فتفسف) ایک۔ یا کوشش قرب کہ جسمین فتور نہو اور قرب تمام رات کا چلنا کہ اوسکے صبح ہوتے پانی پر پہنچین۔

قذال (ففس) پس سر۔ گھوڑے کی پیشانی کے پیچھے سر دوالی کے باندھنے کی جگہہ اور وہ دو ہوتے ہین۔

قذل (ضض) اقذلۃ (فسکف) جمع

قذائل (ضفسک) وسیع و فراخ۔

قذان (ضتفس) سر کے دونون جانبون کی سپیدی یا اوسکے بالون کی سپیدی۔ ایک کلمہ ہے جسے لڑکے کھیل کے وقت بولتے ہین۔

قذہ (ضتف) تیر کا پر قذذ (ضفس) جمع۔ پسّو۔ قذان جمع۔ عورت کی فرج کا کنارہ۔ آدمی کا کان۔ گھوڑے کا کان۔ ایک کلمہ ہے جسے لڑکے کھیل مین کہتے ہین۔

قذحمہ (کفسف) پوشیدگی۔ پردہ۔

قذر (فس) پلید۔

قذر (کس)، **قذر** (ففف) (ن) کسیکو پلید سمجھنا۔ کسی چیز سے کراہت رکھنی۔

قذر (فک)، **قذر** (فض)، **قذر** (فف) پلیدی خلاف نظافت۔

قذر (فف)، **قذارۃ** (ففسف) (س) پلید ہوجانا۔

قذرۃ (ضفف) پاک۔ ملامت و لوم سے دور۔

قذروف (ضسفس) عیب قذاریف جمع۔

قذع (فف) فحش و پلید زبانی۔

قذع (فس) (ف) گالی دینی کسیکو نامناسب اور بری بات کہنی۔ چوب دستی سے مارنا

قذعل (ضسفس) کمینہ — نیچ ذلیل و خوار و بے قدر۔

قذعل (کعس) بمعنے قذعل (ضسفس)

قذعمل (ضفسفف) موٹا مادہ بدن کا اونٹ

قذعملۃ (ضفسفعف) پست قد عورت نیچ کمینی قذعلیم (ضفسک) تصغیر۔ موٹا اونٹ بدن کا خوشنما تھوڑی چیز سستی و ضعف

قذف (فس) ندی کا کنارہ۔ نالہ کا کنارہ۔ قذفات قذاف جمع (ن) پتھر پھینکنا۔ زن محصنہ کو زنا کی تہمت لگانی اور فحش کی گالی دینی۔ قے کرنی۔

قذف (ضس) کرانہ و جانب۔

قذف (ضض) قاذف اونٹنی۔

قذف (فف) دور آدمی کو دور کرنے والا۔ وہ جگہہ کہ جہان پھسلیں۔ جانب۔

قذفۃ (ضسف) کنگورہ جو ہیر کہ سر کوہ مین سے باہر نکل آئی ہو قذاف (کفس) قذف (ضضف) قاذوف (ضضفس) جمع۔

قذل (فف) عیب۔

قذل (فس) (ن) ڈھول مارنی پھر جانا۔ جور کرنا۔ کسی کے پیچھے جانا یا عیب کرنا۔ کام مین کوشش کرنی۔

قذم (ضعض) پست کوتاہ نیچے گھسی ہوئی۔

قذم (فس) (ن) ایکبارگی کسی کو مال نیک دینا۔

قذم (ضعف) بہت بخشنے والا سردار ایکبارگی مال جید دینے والا۔

قذم (کعف) بڑا تیز رو۔ سخت و توانا بڑی سمجھ والا سردار۔ بہت بخشنے والا

قذمۃ (ضسفہ) پانی پینا۔

قذمور (ضسفس) چاندی کا خوان

قذور (فضس) مردون سے کنارہ کش عورت۔ بلندیون سے پاکیزہ و دور کنارہ قبول کرنے والا مرد۔ جو کہ اپنی خوئی کے سبب آدمیون مین نہ ملے۔ اونٹنی جو کہ ایک گوشہ مین اونٹون سے جدا بیٹھے۔ ایک عورت کا نام۔

قذی (فف) کوڑا کرکٹ۔ آنکھہ کا کرکرہ۔ کوڑا جو شراب مین پڑ جاوے۔ پیپ و خون جو ناقہ وغیرہ کے رحم مین سے جننے کے آگے پیچھے آوے بولتے ہین یغضی علی القذی یعنے وہ خواری

مادہ
۱ قذعل
۲ ایضاً
۳ قذعمل
۴ ایضاً
۵ قذف
۶ ایضاً
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ قذل

۱۱ ایضاً
۱۲ قذم
۱۳ ایضاً
۱۴ ایضاً
۱۵ ایضاً
۱۶ ایضاً
۱۷ قذمر
۱۸ قذر
۱۹ قذی

وستم مین خاموش ہو رہتا ہے —
قذی (فف) قذیان (ففقس) (ض) آنکھہ مین کرکرہ پڑ جانا —
قذی (کف) باریک خاک اقذاء (فسنفسم) قذی (ضکت) جمع —
قذی العین (ہر) جسکی آنکھہ مین کرکرہ پڑ گیا ہو
قذی (فس) قذیان (ضففس) قذی (ضکت) قذی (ضف) (ض) آنکھہ کا کرکرہ اور میل کو باہر ڈالدینا — کسیکو آدمیون کا گروہ پیش آنا — بکری کا نرچا ہنے کے وقت بچہ دان مین سے سفید پانی ڈالنا —
کل ذکر یمذی وکل انثی تقذی یعنے ہر نر جماع چاہنے کے وقت مذی ڈالتا ہے اور ہر مادین قذی —
قذیۃ (فکف) کرکرہ پڑی آنکھہ —
قذیتہ (فکتف) بمعنی قذیتہ (فکف)
قذلیف (فکس) ابر جو آنکھہ کے آگے ظاہر اور نمایان ہووے — منزل دور —
قذلفیۃ (فکسف) ڈالا ہوا جھینکا ہوا جسکو جس سے تہمت اور قذف کرین
قذلفی (فکتف) سنگ اندازی — دشنام دہی
قر (فت) مردون کی ایک سواری ہے ہودہ — مرغی کا بچہ — سردون یوم القر

بولتے ہین اور جو اضافت کے ساتھہ بولین اور کہین یوم القر تو اوس سے مراد ہے ذی الحجہ کا گیارہوان دن کہ اوسمین حاجی لوگ منی مین قرار پکڑتے ہین — قر الثوب کپڑے کی شکن —
قر (فت) (ن) جاڑے کا مارا ہونا — اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہے — دیگ مین سرد پانی ڈال دینا تاکہ اوسکا جوش دب جاے یا دیگ سنجلے —
قر (فت) (ض) پہلی دفعہ پانی پینا (اونٹ کا) اور اوسکا سیراب نہونا — مرغی کا آواز سے رک رہنا — کسی کے کان مین بات ڈالدینی یا اوس سے بھید کہدینا — کسی پر آب سرد گرانا — اور بولتے ہین المرأۃ تقر لما یصنع بہا یعنے عورت بوسہ لینے والے اور خواہش رکہنے والے کو روکتی نہین —
قر (ضت) جاڑا عام یا موسم زمستان کا جاڑا — جاے آرام و جاے قرار —
قرء (فس) حیض — حیض سے پاکی ضد دو حیض کا درمیان حیض کا آخر ہونا وقت حیض — وقت پاکی عورت — وقت — قافیہ شعر — اقراء قروء

(حاشیہ: قذی — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً — قذلف — ایضاً — ایضاً — قر — ۶۰۱ — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً)

اَقرُوٌ جمع یا جو بمعنی طہر ہے اوسکی جمع
قُرُوءٌ ہے اور جو بمعنی حیض ہے اوسکی جمع اقراء
قُرء رفس) **قرارۃ** رکفسف) **قِران**
رضسفس) ران فم قرآن پڑھنا کسی پر
سلام پہنچانا - ناقہ کا حاملہ ہونا - جمع کرنا
ایک چیز کو ایک چیز مین جمع کرنا -
حاملہ کا بچہ دینا -
قرّاء رفتقسم) قرآن اچھا پڑھنے والا -
قرّاؤن رفتقسفسن) جمع -
قرّاء رفتقسم) پارسا - عبادت کرنے
والا - **قرّاؤن** رضتفسفسن) قرادی
رفتفسک) جمع -
قرارۃ رکفسف) مرگامرگی یعنے وبا -
قراث رضفس) امین مین ایک پہاڑ
ہے قرائث المؤمن مومن کی دانائی
اور دریافت قرابۃ الشئے جو چیز کہ
شئے کے مرتبہ کے قریب ہو -
قراب رفقس) نزدیک -
قراب رکفس) تلوار کا میان - یا
غلاف کہ جسمین تلوار مع میان کے
رہے - قراب الشئے جو چیز کہ شئے
کے مرتبہ کے قریب ہو -
قرابۃ رضفسف) مانند - شبیہ

رشتہ دار - نزدیک - دانائی - دریافت
قرابۃ المؤمن مومن کی دانائی اور دریافت
قرابۃ الشئے جو چیز کہ ایک شئے کے قریب ہم مرتبہ
قرابۃ رکفسف) اوسقدر پانی وغیرہ
کہ قدح اور باسن کو پر کردے - رات
کو چلنا صبح کے وقت پانی پر آجانے
کے لئے - اونٹون کا رات کو سیر کرنا
تا کہ صبح ہوتے پانی پر آوین -
قرابۃ رفتسف) نزدیکی - رشتہ داری
قرابات جمع - نزدیک ہو جانا -
قرابی رضفسف) بولتے ہین جاؤ
قرابی یعنے نزدیک نزدیک آنے -
قراثا رضفسفس) بمعنے قیمر یثاء -
چھوہارہ شیرین و یا مرہ کی ایک قسم ہے
قراح رفقس) پاکیزہ پانی صاف
بغیر ملاو کسی چیز کے - آب شیرین
سرد - خالص - ہر چیز خالص بے ملاو
زمین جسمین گھاس اور پانی نہو
اقرحۃ جمع - یا وہ زمین کہ کھیتی اور
درختون کے لگانے کے واسطے
ہو - بغداد مین چار محال ہین -
قراحی رضفسک) جسنے کہ
بود و باش قریہ کی اختیار کی ہو اور کبھی

مادہ
سع قرب
سع الیضاً
سع الیضاً
سع الیضاً
سع قرب
سع الیضاً
سع الیضاً
سع الیضاً
سع الیضاً
سع الیضاً

سع الیضاً
سع الیضاً
سع قرح
سع قرح
سع الیضاً

باویہ کی طرف نہ جاوے۔ اور بولتے ہین انتَ قراحی (ضفسکت) من الامر یعنے تو کام سے خارج اور باہر ہے جو کہ لڑنے والون کے ساتھ جنگ گاہ مین حاضر ہو۔

قراحیتان (ضفنسکتففس) دونون پہلو گوگہہ۔

قراد (ضفنس) پستان کا سرا۔ گھوڑے کے سہر ذکر کا سوراخ۔ چیچڑی جانور ہے جسے کلّی بھی بولتے ہین قردان جمع۔ دو محدث کا نام۔

قرادِ (ضتفس) بندر نچانے والا۔

قرار (ضفس) **قرور** (ضفس) آنکھ کا خنک ہونا۔ گریہ کا منقطع ہو جانا یا اوس چیز کو دیکھنا کہ جسکی آرزو تھی۔

قرار (ضفس) آرامگاہ۔ پست زمین ہموار۔ گوسپند یا بھیڑ بکری چھوٹی عمر کی۔ ایک قبیلہ ہے یمن مین۔ روم مین ایک جگہہ ہے۔

قرار (ضفس) **قرور** (ضفس) **قررت** (ضس) ثبات و قرار و آرام پکڑنا۔

قرارہ (ضفسف) آرامگاہ۔ پست زمین ہموار۔ گوسپند یا بھیڑ یا خاص بکری چھوٹی عمر کی۔ پست قد مرد۔ پست زمین۔ ہموار گول زمین۔

پانی جو ہانڈی مین طعام کے پیچھے ڈالدین تاکہ ہانڈی جلنے نہ پاوے۔

قراشہ (ضفسف) شوربا وغیرہ جو ہانڈی کی پیندی مین لگا رہجاوے۔

قراری (ضفسک) درزی۔ نیلی بجانے والا۔ شہر باش مرد کہ کبھی سے احسان نہ چاہے۔ یا ہر پیشہ والا۔

قراریط (ضفسکس) انبلی کا دانہ۔

قراسیتہ (ضفکیف) عجیب و غریب اونٹ مضبوط بدن کا۔

قراشیم (ضفسک) بمعنی قرشام (کسفس)

قراشیما (ضفکسم) ایک گھاس ہے۔

قراشیم (ضفسک) ایک قسم کی مٹی گھاس ہے پھل اوسکا جیسے دو طباق اوپر تلے رکھے ہوئے اوسمین پہلے ایک چھوٹا کیڑا سپید پیدا ہوتا ہے اور وہ چیچڑی یعنے کلّی ہو جاتا ہے۔

قراشمیتہ (ضفسکف) ایک۔

قراص (ضتفس) بابونہ قراصۃ ایک ایک تر گھاس ہے موسم بہار کی۔ اسپرگ ایک گھاس ہے۔ نہایت سرخ۔ احمر قُرّاص بولتے ہین۔

قراض (ضکفس) زعفر کے مال سے

شرکت پر تجارت کرنی۔

قراضب (ضفسک) جو کہ جو چیز پاوے کھا جاوے کچھ نہ چھوڑے۔

قراضۃ (ضفسف) چاندی اور سونے کے ٹکڑے جو تراشنے کے وقت گر پڑیں۔

قراط (کفس) چراغ یا اوسکی ناک جہاں بتی رکھتے ہیں۔

قراطب (ضفسک) بہت قطع کرنے والا۔

قراظ (فت) قرظ بیچنے والا۔

قراع (فتفس) ایک پرندہ ہے کہ سخت لکڑی کو اپنی چونچ سے کھود کر اوسمین جگھہ پکڑتا ہے قراعات (فتفسفس) جمع۔ غزالہ سکونی نامی ایک شخص کے گھوڑے کا نام۔ ہر ایک چیز ٹھوس و سخت۔

قراعۃ (ضتفسف) کون۔ تھوڑی سی گھاس۔

قراف (کفس) آپسمین ملجانا خلط ملط ہوجانا۔ عورت سے مباشرت کرنی گناہ کا مرتکب ہونا۔

قرافۃ (ضفسف) درخت کا پوست۔

قرافص (ضفسک) چست و چالاک و دلدار۔

قرافضۃ (ففکف) چور لوگ۔

قراقر (ضفک) خوش آواز بانگنے والا اونٹون کا۔

قراقرۃ (ضفسکف) بہت بات کرنے والی عورت۔ پھیپھڑے کی مانند ایک چیز ہے جو اونٹ بوقت مستی منہہ سے باہر نکالتا ہے۔ نجد میں ایک پانی ہے

قراقری (ضفسفکت) خوش آواز بانگنے والا اونٹون کا۔

قراقف (ضفسک) بلند آواز مرغا۔

قرام (کفس) چوپایہ کی ناک کاٹنے کی جگہہ۔ سرخ پردہ بانقش و نگار۔ یا ابریشم رنگین کا نگارین کپڑا۔ یا پتلا ہلکا باریک پردہ۔

قرامۃ (ضفسف) اونٹ کی ناک مین سے پوست کا ٹکڑا کاٹا ہوا لٹکتا چھوڑا ہوا۔ جلی ہوئی روٹی جو تنور مین رہجاوے۔ عیب۔ اونٹ کے سینہ کی بیچ کی ایک چیز جو بشکل سم ہے۔

قرامص (ضفسک) زبان کو جھلجھلا دینے والا دودہ۔

قرامطۃ (ففسکف) آدمیون کا ایک گروہ قرمطی اوسمین سے ایک

قران (ضسم) شیشہ و آبگینہ۔

قران (کفس) حج اور عمرہ کو اکٹھا کرنا۔ ابسار افدار طالب کے درمیان

۱ قرقر ۲ ایضاً ۳ فرط ۴ ... ۵ ... ۶ ... ۷ ایضاً ۸ قرف ۹ ایضاً ۱۰ قرنفص ۱۱ ایضاً

۶۰۵

۱۲ قرقر ۱۳ ایضاً ۱۴ ایضاً ۱۵ قرقف ۱۶ قرم ۱۷ ایضاً ۱۸ قرمص ۱۹ قرمط ۲۰ قرن ۲۱ ایضاً

مادہ: قرد، قرن، ایضاً، قرنی، قرنو، قرب، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، ایضاً، قربج

جمع کرنا۔ دو ستارون کا ایک برج مین اکٹھا آنا۔ دو خرما کو اکٹھا کھانا۔ آپسمین یار و رفیق ہونا۔

قران (ضسمس) حبتی۔

قرانی (ضفسف) نزدیک۔

قرانیا (ففسکفسم) ایک پہاڑی درخت ہے جسکا پھل زیتون کے مانند ہوتا ہے

قرانیس (ففسکس) سیل کا شروع یا سیل کا شروع سیل آور دسیت۔

قراہیار (ففسکس) چھوٹی عمر کی بکریان۔

قرب (ففف) (رس) رات کو چلنا صبح کے وقت پانی پر آنے کے لیے تم مین اور پانی کے درمیان مین سوا ایک رات کے مسافت نہو۔ اور جب تم مین اور پانی مین دو دن ہون تو پہلا دن کہ جسمین تم پانی تلاش کرو وہ قرب (ففف) ہے اور دوسرا طلق۔ گویا ان جسکا پانی نزدیک ہو سر آئین کیا۔

قرب (ضس) کوکھ۔ یا کوکھ کے نیچے سے تنگ تک۔ پیٹ کی نرم جگہ۔ اقراب (ضسفس) جمع۔

قرب (ضس) قربان (ضسمس) نزدیک ہوجانا۔ کوکھ کا درد کین ہونا۔

قرب (فس) (رن) میان مین تلوار کرنی یا تلوار کا میان بنانا۔ مہمان کو گوشت اقراب کھلانا۔

قرب البصباص قرب (ففف) یا کوشش کہ جسمین کچھ فتور نہو۔ قرب تمام رات کا چلنا کہ صبح ہوتے ہوئے پانی پر پہنچ جاوین۔

قربان (ففس) وہ برتن جو پری کے قریب پہنچا ہو۔ قربی (فسف) مؤنث۔ قراب (کفس) جمع۔

قربان (ضسفس) جس چیز سے کہ خداوند تعالے کا قرب ڈہونڈھین بادشاہ کا خاص ہمنشین و مصاحب قرابین جمع۔ سجد مین ایک نالہ ہے۔

قربان (کسف) جماع کا کنایہ۔

قربۃ (کسف) دودہ کی مشک۔ مشک یا ایک جانب کی سی ہوئی۔ قرب (کف) قربات (کسفس) جمع۔

قربۃ (ضسف) رشتہ داری نزدیکی۔ ایک نالہ ہے۔

قربۃ (ففف) پانی وغیرہ جو برتن کو پری پر پہنچا وے۔

قربج (ضسف) شراب فروش کی دوکان

قرنبز (ضسفض) فریب دینے والا۔
حیلہ ساز۔ کربز کا معرب۔
قرنشتوش (فسففس) اسباب خانہ
قرنوق (ضسفض) ساگ بیچنے والے کی
دوکان یا شراب فروش کی دکان۔ بصرہ کا نام
قرنوب السیح (ففسض) زمین کی بلندی
قرنوش (ففضس) زمین کی بلندی
قرانیس جمع۔
قری (فسفت) نزدیکی۔ رشتہ داری۔ ببالہ
سنے پاس ایک پانی ہے قادوسین سے بعض
قرت (ففت) برف منجمد دبستہ پانی ہنگر
ہنیار کا غم یا غصہ کے سبب بدل جانا
قرۃ (ضتفف) ہر چیز کہ ہانڈی کی پیندی
میں شوربا وغیرہ لگا رہ جاوے۔ پنیر
ایک دفعہ چنانچہ کہتے ہیں رمت الناقۃ
ببولہا قرۃ یعنے ناقہ نے ایک
دفعہ پیشاب ڈالا۔
قرۃ العین (ضتفف) ترہ تیرک آدمی
جس چیز سے کہ آنکھ میں خنکی حاصل
ہووے۔ ایک شخص کا نام۔
قرۃ (فتفف) سرد و خنک رات۔
لیلۃ قرۃ بولتے ہیں۔
قرۃ (فتفف) قرر و (ضض) آنکھ

اور دل کا خنک ہونا۔ گریہ کا منقطع
ہونا یا اوس چیز کو دیکھنا کہ اوسکی
اوسے آرزو تھی۔
قرۃ (کتفف) جاڑا۔ جاڑے کی خنکی
اور عرب میں بولتے ہیں ذہبت قرتہا
یعنے گیا وہ وقت اور ٹل گیا کہ جسمیں
اوسکو علۃ اور مرض لاحق ہوتا تھا
ہا ضمیر راجع ہے علۃ کی طرف۔
قرۃ (کفف) بکریوں کا گلہ۔ مرد عیال
گرانی۔ پیر سال خوردہ۔ بیماری کا وقت
بکریاں۔ بہت سے اونٹ۔ بردباری
اور وقار۔ بردبار ہو جانا۔ آہستگی کرنی
قرتان (فسفس) صبح و شام۔
قرث (فس) چھوٹا سا کوزہ۔
قرث (ففف) (ضس) ایک کام میں
سیخ دیکھنا۔ کمانا و کسب کرنا۔ کسی پر
کام کا دشوار ہونا۔ کام کا کسی کو
مشقت میں ڈالدینا۔
قرثع (فسفف) بے باک عورت
کم شرم۔ احمق۔ شترمرغ۔ شتر ایک
جانور ہے خشکی۔ ایک دریائی جانور ہے
چھوٹا غلافدار۔ کمینہ مرد۔ ایک آنکھ
میں سرمہ لگی ہوئی عورت۔ پیراہن

مادہ
۲۰۷

یا چادر اولٹی پہنے ہوئے — چوپایہ جسکی
پشم جھڑ گئی ہو — ایک شخص کا نام جو پہلے قبیلہ تغلب
مین تھا پھر قبیلہ اوس مین شامل ہوا جو کہ بڑا اسوال
کرنے والا تھا چنانچہ سوال مین ضرب المثل
قہر (کاف) قہر کی شکستہ ایک قسم کا پشمین کپڑا سرخ برغوثی ہی کے مانند اور کبہی اوسمین پشم کو خلط کرتے ہین —

قہز (فس) کودنا —

قہزب (فسف) ٹہنگنا —

قہطر (کسف) بہت آز و فریاد والا کمینہ —

قہقاہ (کسفس) رات کی شروعی جسکے پانی برآدن اور قریب در آسمان اور سہل ہو —

قہقاب (ضفعس) سخت پتہر —

قہقاع (کسفس) بچہ کا ہنسنا —

قہقب (فسف) دلاور سالخوردہ سے لمبے قد کا مرد خوار و حریص — بادنجان —

قہقث (فسف) دلاور سالخوردہ

قہقر (فسف) بہت کہانا ترتیب سے برتنون مین رکہا ہوا جسمین کہ یہ چیز گہسین — نہایت کالا کوا —

قہقر (فسفت) بڑی عمر کا لوگ بہنچتے سیتر

قہقر (فسفت) ایک چہوٹا پودا ہے سرخ شوخ خرمانین پر — شکم

قہقرہ (فسفف) گیہوں کہ بعد سبزی کے سیاہ ہو وے — اولٹا چلنا —

قہقری (فسفس) بہت کہانا کہ ترتیب سے برتنون مین رکہا ہوا — ایک قسم کا اولٹا چلنا —

[illegible]

قہقز (فسف) سیاہ —
قہقزۃ (فسففہ) مؤنث — بزرگ
اونٹ بزرگ اصل کا قہقز (فسففف) جمع
قہقزیتہ (فسفکتف) ہنسنے تند کی عورت
قہقم (فسفت) جو کہ حلق کو ہر چیز نگل جاوے
قہقور (فسفس) ایک لمبی بنا ہے
کہ لڑکے کنکریوں سے بناتے ہیں —
قہقہہ (فسففہ) زور کی ہنسی اور زور
ہنسنے میں آواز کا پھرانا — ایک قسم
کی رفتار — ہقہقہ کا مقلوب ہے —
قہل (فس) قہول (فضس) پوست
کا استخوان پر خشک ہونا یا خاص کثرت
عبادت سے پوست کا ہڈی پر خشک ہو جانا
قہل (فس) (س) جسم کو آلودہ رکھنا
اور نہ دھونا — پانی سے پاک اور پاکیزہ
نہ کرنا — سخاوت کو کم کرنا یا کسی کو تھوڑا گننا
(ف) کسی کی نعمت و نیکوئی کی ناشکری
کرنی کسی کو درشتی اور بدی کے ساتھ سراہنا
قہم (فنف) (س) اشتہار طعام کم ہونی
قہمد (فسف) بد اصل کمینہ بیچ —
قہمزۃ (فسففہ) مرد اور عورت پستہ قد
بزرگ جثہ کی ناقہ گران رفتار — کودنا
قہمزی (فسففس) شادمانی خوشی

زدگی — گھوڑے کی پویہ دویدگی —
قہنبان (فسففس) لمبا کبڑا یا لمبا
قہنب (فففت) لمبا کبڑا یا لمبا —
قہوان (ففس) دلدار سینگ کا
بوک بڑی عمر کا —
قہوبۃ (ففسف) شاخہ پیکان یا چھوٹا تیر
قہوۃ (فسف) شراب مضبوط شاخ
بے ملا دودھ — اچھی بو یا بری —
قہوس (فسف) لمبا — ریگستانی
بوک لمبا اور دلدار سینگ والا — لقب
ایک نر اونٹ کا نام —
قہوبۃ (فسففہ) دوڑنا —
قہی (فقف) (س) کھانے کی رغبت
نہ کرنی اور اسکو ناخوش و ناپسند کرنا —
قہیبۃ (فکسفہ) ایک پرند ہے —
قہیرۃ (فکسفہ) بمعنے قاہرہ —
قہیز (فکس) ریشم —
قہیقران (فنفسکفس) ایک چھوٹا کبڑا ہے
قی (فکت) خالی زمین — بے آب و گیاہ زمین
قیار (فسف) (س) قے — قے آور دارو —
قیاد (فس) مہار لگام وغیرہ
جس سے کھینچتے ہیں —
قیادۃ (فسف) قیدودہ (فسففسف)

ماده
قہقز
ایضاً
ایضاً
قہقم
قہقر
قہقہہ
قہل
ایضاً
قہم
قہمد

716

قہمز
ایضاً
ایضاً
ایضاً
قہو
ایضاً
قہب
قہر
قہی
قیب
قیر
ایضاً
قیء
قیب

چوپایہ وغیرہ کو آگے سے کھینچنا۔
قیّار (فتغس) قیر بیچنے والا۔ قیار بن
حیان ثوری جریر کا شاگرد۔ ضابی
بن حارث کے اونٹ یا اوسکے
گھوڑے کا نام۔ بنو عجل کا ایک کوان ہے
واسط کے پاس۔
قیاس (کغس) ایک چیز کے اندازہ
کرنے مین کسی سے برابر اور مقابلہ کرنا
دو چیز اور دو کام کے درمیان اندازہ کرنا
قیّاس (فتغس) دوڑنے والا گھوڑا۔
قیاصۃ الحول کوان کنارہ کا
پھٹا ہو اور اندر کا گرداگرد ویران ہو گیا ہوا
قیاض (کغس) برابر و مساوی
قیاظ (کغس) قیوط (ضغس) (ض)
گرمی کو گرما تک کافی ہونا جیسا مشاہرہ کرنا ماہانہ دینا
قیاق (کغس) لینے قد کا۔
قیان (ضغس) لینے قد کا۔
قیّام (فتغس) بمعنے قیوم۔
قیام الامر بمعنے قوام الامر۔
قیامۃ (کغفہ) حشر کا دن۔
قیب (کس) مقدار و اندازہ۔
قیت (کس) قیتہ (کسغ) قوت
(ضغس) بمعنے قوت (ضس)

قیح (فس) (ض) زخم کا پیپ کر لانا۔
پیپ بے ملاؤ خون کے۔
قیخ (فغسف) بلند مرتفع۔
قیخمان (فسففس) قوم کا بزرگ معظم
جسکی رائے پر اعتماد کرین۔
قید (فس) بند اقیاد (فسفس) قیود
(ضفس) جمع۔ تسمہ جس سے پالان
کے دونون بازوون اور دنبالہ کو گھیر
لین اور کبھی اوس سے قتب کے
دونون مرقوہ کو باندھتے ہین۔ تسمہ
کہ پالان کے سرون کو گھیرے۔ مقدار
بنی تغلب کا ایک مشہور گھوڑا ہے
اندازہ کرنا۔ اونٹ جو تابعدار ہو گیا ہو
بعیرٌ قیدٌ بولتے ہین۔ قید السیف
تسمہ کا ٹکڑا لنا جو پرتلہ کی جڑ مین ہوتا
ہے اور تلوار کی پکڑ و دستے دبلے ہوئے
ہوتی ہے۔ قید الاسنان دانتون
کی جڑ۔ وحشی جانور۔ قید الفرس
ایک داغ ہے جو اونٹ کی گردن پر
رکھتے ہین۔ قید الاوابد گھوڑا کہ
دوڑنے مین پکڑ سے
قید (کس) مقدار و اندازہ۔
قیدر (فلت) وہ شخص کہ جب اوسے

ماده
قیب
قیب
قیث
قیس
قیص
قیض
قیظ
قیق
قین
قوم

الیضاً
الیضاً
قوت
قوت
قیح
قیخم
الیضاً
قید
الیضاً
الیضاً

سلہ قہر
سلہ قود
سلہ قدم
سلہ الیفنا
سلہ الیفنا
سلہ قذر
سلہ قذم
سلہ قیر
سلہ الیفنا
سلہ قرط

قید کرو تو تمہارے ساتھہ نرمی اور مسابلہ کرے ـ چوپایہ جو کہینچنے مین تمہاری تابعداری کرے بمعنے قیدر فس ۔

قیدحور رفسفقس، بدخو مرد ـ

قیدود رفسفنس، دراز پشت اور لمبی گردن کی اونٹنی ـ قیادید رفقسک، جمع دراز پشت اور گردن کی گدہی مادین یعنی ہر چیز لمبی قیاوید رفقسک، جمع ـ

قیدوم الشئی، چیز کا اگا اور اوسکا صدر ایسا ہی قیدام الشئی ہے ـ

قیدوم الجبل، پہاڑ کی ناک سے آگے نکلی ہوئی ہو ـ قیدوم رفسفل، قیدام رفسفس، آگے ـ

قیدار بن اسمعیل علیہ السلام عرب کا باپ ـ

قیذحور رفسفقس، بدخو مرد ـ

قیر رکس، ایک کالی چیز کہ کشتی اور خم وغیرہ مین ملین تاکہ پانی نہ رسے اور بعض کہتے ہین کہ وہ ایک گوند ہے ایک کالا روغن جو خارشتی اونٹون پر ملتے ہین یا رال ہے ـ

قیر رفکت، تیر انداز ماہر جو کہ اوسمین بہت ہوشیار اور حاذق ہو ـ

قیراط رکسفس، آدہا دانگ وزن اسکا بحسب بلاد مختلف ہے مگر مکہ مین دینار کے چوبیس ٹکڑون مین چار ٹکڑے عراق مین ایک دینار کے دس ٹکڑون مین کے آدہے اصل اس لفظ کی قراط ہے قراریط رفقسک، جمع ـ

قیروان رفسفقس، کاروان کا معرب ہے مغرب مین ایک شہر ہے ـ

قیروان رفسفقس، گہوڑون کا گروہ ـ قفل یا دروازہ کی بلی ـ معظم لشکر

قیروطی رفسفکت، ایک مرہم ہے کہتے ہین کہ اوس سے روغن گل سرخ اور اکلیل الملک اور زعفران اور کافور اور موم سے بناتے ہین ـ

قیس رفس، ذکر ـ بنی مضر مین ایک قبیلہ کے باپ کا لقب اور نام اوسکا الیاس بن مضر ہے اور اوسے قیس عیلان بہی کہتے ہین اور اوسکے بہائی کو الیاس بن مضر بن نزار کہتے ہین چند صحابیون کا نام ـ قیس بن ابی حازم ایک تابعی ہے جو زمانہ جاہلیت مین تہا اور پہر مسلمان ہوگیا اور پیغامبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کے طرف آیا تاکہ بیعت کرے جب پہنچا تو دیکہا کہ آپ نے وفات پائی ـ ایک اور تابعی بصرہ کا

کیش کا معرب۔ سختی۔ بہو کہہ۔
قیشؑ رکس) اندازہ۔
قیسؑ رفس) قیاس رکفس) رمن) ایک چیز کو دوسرے غیر پر اندازہ کرنا۔ ناپنا۔ جلنا
قیسبؑ رفسفہ) کہاری گہاس کا ایک درخت ہے۔
قیسبانؑ رفسففس) سخت وکرکرا اور
قیسریؑ رفسفکت) بزرگ مرد۔ بڑی عمر کا۔ ایک قسم کا گوہ کرداں۔ بڑی عمر کا بڑا اونٹ قیاسر رففسک)
قیاسرۃ رففسکف) جمع۔
قیصؑ رفس رمن) دانت کا جڑ سے گر پڑنا۔ بیٹ کا حرکت کرنا۔ آدہو گرنے والا اونٹ جمل وقیص بولتے ہین اقیاص رفسفس) قیوص رفضفس) جمع
قیصانتہؑ رفسففہ) ایک گول مچھلی ہے زرد رنگ کی۔
قیصرؑ رفسفہ) بادشاہ روم کا لقب۔
قیصومؑ رفسفس) ایک گہاس ہے اور وہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک نر دوسری مادین۔
قیضؑ رفس) انڈے کے باہر کا خشک پوست یا چہنہ۔ پانی جو انڈے میں سے نکلے۔ جو چیز کہ دوسری کی جگہہ مین آوسے۔ بدل یا مانند۔ برابر۔ کوئین کا بہت پانی والا ہو جانا۔ مبادلہ کرنا۔ ایک چیز کا مانند ومثل الانا۔ چیز ناایک مورت کی تصویر کے مانند تصویر لکہنی کوئین کا نیچے کو دہنس جانا۔
قیضؑ رفکک) کنگہی کہ جس سے گہوڑے کی گردن کے گرد ہے کے گرد داغ کرتے ہین۔
قیضبہؑ رفسفہ) ریزہ استخوان
قیضؑ رکف) جمع۔
قیضیہؑ رفتکف) بمعنی قیض فتک)
قیطونؑ رفسفس) گنجینہ یعنی خزانہ کا کوٹہا۔ بڑے گہر مین چہوٹا گہر۔
قیظؑ رفس) موسم گرمی کی گرمی اور وہ طلوع ثریا کے وقت سے طلوع سہیل کے وقت تک اقیاظ رفسفس) قیوظ رفضفس) جمع رفس) دن کا سخت گرم ہونا۔ تابستان مین ایک جگہہ اقامت کرنی۔
قیظیؑ رفسکت) موسم گرمی مین بچہ جو پیدا ہوا ہو۔ تابستانی بچہ۔ ایک صحابی ہیں
قیعؑ رفس) رمن) شتر کا آواز کرنا۔

قعر
الفا
قعم
قعن
قفن
قفط
بقق
الفا
قعب
قیق
ق و د
۲۰۷

قیعار (فسفس) بمعنی قیعر (فسف)
قیعر (فسف) مرد جو کلام کے وقت منھ چباوے
قیعم (فسف) اگر یعنی بلی — ولد اور اونٹ کسالی خورد و بڑا ہونا —
قیعون (فسفس) ایک گھاس ہے
قیفال (فسفس) رگ ہے رو کے معرب ہے
قیفط (فسف) بہت جماع کرنیوالا مرد —
قیق (فس) مرغی کی آواز جبکہ مرغ کو جفتی کے لیے بلا دے —
قیق (کس) احمق جلدباز — پہاڑ جو زمین کے گردا گرد اور دنیا کا محیط ہے
قیقاب (فسفس) کپڑے کے جلادینے کا مہرہ
قیقاۃ (فسفف) سخت زمین عراقی (فغسک) قیاقی (فغسک) قیق (کف) جمع — تیلیا کے مشابہ ایک کوزہ ہے
قیقاۃ (کسفس) بمعنی قیقاۃ —
قیقب (فسفف) زین — لکڑی جس سے زین بناتے ہیں ابن درید کہتا ہے کہ اوسے آزاد درخت کہتے ہیں — ایک قسم ہے جس سے زین کے دونوں کوہوں کو لپیٹتے ہیں — یا کا ٹکڑا جسکے دریا میں قاس کا نام ہو

قیقبان (فسففس) زین — لکڑی جس سے زین بناتے ہیں —
قیقۃ (کسفف) انڈے کے اندر کا پتلا سا پوست قیقض کے نیچے —
قیقی (کسفس) انڈے کی سفیدی — انڈے کی سفیدی پر پتلا پوست چمٹا ہوا —
قیل (فس) دوپہر کو سونے والا اونٹنی جسے دوپہر کو دوہیں — لغت یمن میں بمعنے سردار — گروہ عاد کے ایک شخص کا نام یا دشاہ یا بادشاہ کلان سے کمتر اقوال (فسفف) اقیال (فسف) مقاول (ففکف) مقاولۃ (ففکفف) جمع
قیل (فس) قائلۃ (فسکف) قیلولۃ (فسضف) (ض) دوپہر کو سونا — دوپہر کو شراب پینی — معاملہ بیع فسخ کردینا —
قیل (کس) جواب
قیمۃ (کسف) ہر ایک چیز کا مول قیم (کف) جمع — قیمۃ الانسان آدمی کا قد اور کہتے ہیں مالہ قیمۃ نہیں ہے اوسکی کچھ قیمت نہیں ہے اور جس شخص کے حق میں کہتے ہیں کہ کسی چیز پر قرار نہ پکڑے اور کسی چیز کے بدلے نہ بکے
قیمۃ (فسکف) درست و معتدل —

قیموٹولیا رفسفسکعف) سنگ رخام سپید چمکدار کے تختے ۔
قین رفس) غلام قیان رکغس) جمع لوہار بنیا ۔ لوہار ۔ اقیان رفسفس) قیون رضغس) جمع ۔ سبب ۔ ترض) لوہار کا لوہے کو اچھا اور درست کرنا ۔ ایک چیز کو جمع کرنا اور اسکو اچھا کرنا ۔ برتن کے شگاف کی اصلاح کرنی ۔ پیدا کرنا ۔
قیناب رفسفس) بمعنی قاب ۔
قینان رفسفس) چوپایہ کے ہاتھہ پاؤن مین قید کی جگہہ یا خاص ہے اونٹ کے لیئے ۔ انوش بن شیث علیہ السلام کے بیٹے کا نام ۔
قینۃ رفسعت) گانے والی لونڈی یا عام ہے ۔ ابو عمر کہتا ہے کہ عرب کے نزدیک ہر غلام قین ہے اور لونڈی قینۃ ہے ۔ کوکن ۔ یا کون کے پاس پشت کا مہرہ یا دونون سرین کا مابین کہ گڑھا کا دہان ہے ۔ گھوڑے مین ایک گڑھا ہے اسفل سرین کے مابین ران کے متصل ۔ مشاطہ عورت ۔
قینر رفسعت) گانے یعنی ناچ ۔
قینقاع رفسفس) یہودیون کا ایک گروہ کہ مدینہ مین تھے ۔
قیور رفضت) بہت قے کرنے والا ۔
قیوء رفضس) بہت قے کرنے والا ۔ قے لانے والی دارو ۔
قیود رفضس) گھوڑا جو کھینچنے مین خوار و تابعدار ہو گیا ہو ۔
قیور رفتضس) گمنام نسب کا غیر معلوم ۔
قیول رفضس) وزدہ جو دوپہر کو پہونچے ۔
قیول رفغس) کہنے والا ۔
قیولۃ رفضفسۃ) ناقہ جسے بند رکہین تاکہ اوسے دوپہر مین دوہین اور دودہ پہوین ۔
قیوم رفتفس) بے مانند و بے ہمتا باری تعالی کے نامون مین سے ایک نام ۔
قیہل رفسفت) صورت اور چہرہ اور دیدار ۔ ایک شخص کا نام ۔
قیئ رفس) رض) منکلے سے گرانا یعنی قے کرنی ۔ اور بولتے ہین ثوب یقیئ الصبغ یعنے کپڑا اگلے دیتا ہے قے کیئے دیتا ہے رنگ کو یعنے نہایت گہرے رنگ کا ہے ۔

تمام شد

باب الکاف

کاثٌ رفسم سست و بزدل ـ
کائۃ رفسفنم کئی رفس کیاءۃ رفسفنم بمعنے کاءو ـ
کابٌ رفس غم شکستگی ـ اندوہ وغم کے سبب بدحالی رس غمگین ہونا غم کے سبب بدحال ہونا ـ
کاوباءٌ رفسفسم بمعنے کئیب رنگ اندوہ وغم ـ
کائبۃ رفسفنم کآبتہ رفسفنم بمعنے کاب رفس ـ
کابح رفسکم جس سے کہ فال بد لیتے ہین اوس مین سے کوئی آگے آنے والا ـ کوابح رففسکم جمع ـ
کابد رفسکم ایک چیز کے لیئے رنج کشی
کابر رفسکم بزرگ ـ
کابسٌ رفسکم دوڑنے والا ـ عابسٌ کابسٌ بطور اتباع کے بولتے ہین ـ کابس بن ربیعہ ایک تابعی ہے جو رسول اللہ علیہ وسلم کے ہمشکل تہا ـ

کابنۃ رفسکفنم مادہ خرگوش سبکی ناک کی نوک لب پر اوتر آئی ہو ارنبۃ کابنۃ بولتے ہین ـ
کابلیٌ رفسفکتم ٹہٹکنے قد کا ـ
کابوسٌ رفسفسم سوتے مرد کو جو چیز رات کو دبا دے اور وہ اوس حالت مین حرکت نہین کر سکتا اور صرع کا مقدمہ ہے ـ ایک قسم کا جماع کرنا ـ
کابولٌ رفسفسم جال کی رسی ـ
کابیٌ رفسکم بلند و مرتفع ـ منہ کے بل گرپڑا ہوا ـ خاک ریزان و حدان ـ
کاتبٌ رفسکم لکہنے والا ـ دانا ـ
کاتفٌ رفسکم ناخوش اور ناپسند کہنے والا ـ
کاتمٌ رفسکم درز سینے والا درزی چہپا ہوا بہید نا شہ ـ کافتہ لکڑی کی کمان یا سوفار نکی ہوئی کمان ـ
کاتمۃ رفسفکنم نچری ہوئی لکڑی کی کمان یا سوفار نکی ہوئی کمان ـ

مادہ
۱ کئی
۲ ایضا
۳ کاب
۴ ایضا
۵ ایضا
۶ کبح
۷ کبد
۸ کبر
۹ کبس

۱۰ ایضا
۱۱ کبل
۱۲ کبب
۱۳ کبل
۱۴ کبی
۱۵ کتب
۱۶ کتف
۱۷ کتم
۱۸ ایضا

کاثئہ (فس) جو چیز کہ کہیتی کاتتے وقت دالوں گرے ہوئے سے اُگ آوے۔

کاثیمہ (فسکف) گہوڑے کی جاے عشانہ کا ۔ اگثاب جمع۔

کاثر (فسکس) بہت۔

کاثعۃ (فسکف) سرخ ہو مختصر یا دلدار خون سے بہرا۔ کاثعۃ یا لثعۃ بولتے ہین یعنے دلدار ہو مختصر۔

کاکثیرہ (فسکف) سخت اور درشت کنبی۔

کاثئ (فس) (زن) بیوقوفی کا زیادہ ہونا۔

کاح (فس) پہاڑ کا چہرہ۔ پہاڑ کی جڑ۔ اکیاح (فسفس) کیوح (ضفس) جمع۔

کاحتہ (فسفت) بلند شعلہ کی آگ۔ بمعنے کثیرۃ۔

کاحص (فسک) اپنے پانون سے مارنے والا۔ محو ہونے والا نشان۔ کو احص (فکس) جمع۔ اطلال کو احص بولتے ہین یعنے گہر کے نشان محو اور پست۔

کاخط (فسک) بغیر سینہ کا خشک بیابان۔ عام کاخط بولتے ہین۔

کاخ (فسک) بمعنے کرخ۔

کاخرۃ (فسکف) حلقہ کون سے نیچے۔

کادر (فس) (اف) غمگین ہو جانا۔ غم کے سبب سے تنگ دل اور بدحال ہونا۔

کادو (فسفس) سختی سے جور و ستم اندوہ و غم سے بیر ہیز۔ اندہیری رات دشوار گذار گہاٹی ہے۔

کادس (فسک) فال بد جو چہینکنے والے وغیرہ کی چہینک سے لیتے ہین آہو کہ پشت کے پیچہے سے نکل جاتی اور ایسے شوم جانتے ہین کوادس جمع۔

کادی (فسکسہ) بمعنے کاذی یعنے بعض لوگ کاذی کو کادی بولتے ہین۔

کاذیتہ (فسکف) زمانہ کی سختی زمین خشکی گہاس دیر مین نکلے صیغہ نعت ہے کدو۔

کاذان (فسفس) بمعنی کوذان (فسفس)

کاذب (فسک) جہوٹہ بولنے والا۔ کذبہ (ضفس) جمع ہے۔ اونٹنی جو حفتی کیجاوے اور دم اٹہاوے اور حاملہ نہووے۔

کاذبۃ (فسکف) جہوٹہ یہہ لفظ ایک اسم ہے کہ مصدر کے موضع مین کہا جاتا ہے جیسا عاقبۃ اور عاقبۃ

کاذۃ (فسفس) گوشت کے کنارہ کا گو

مادہ
[illegible]
کد
کذ
کذب
کدر
کدس
کدی
کرخ
کہخ
کاد
کدی
کرس
کدی
کود
کرز
کوز

ران سے کے متصل یا دوران سے کے اوپر کا
گوشت کا ٹکڑا اور وے دو ہین۔
کاذی رفسک ایک قسم کا درخت
کہ اوسکے پھول کا روغن بناتے
ہین۔ دہنے کا ذی۔
کاذی رفسکت ایک روغن ہے
ایک خوشبودار گہاس ہے سرخ
ہر چیز۔ ایک گھاس کثیر الوجود کہ بلاد
عمان اور یمن اور ہند اور دکہن اور
بنگالہ مین بہت پائی جاتی ہے
ہندی مین اوسے کیوڑا کہتے ہین
پہول اوسکا سفید کہی کے چہتے
کے مشابہ خوشبودار ہوتا ہے۔
کار رفس پیہون کی بہری گستیان
پائی ہین بڑی ہو گئین کارہ رفسف ایک
کارہ رفسف کپڑون کا پشتارہ۔
کارۃ القصار دہوبی کا کپڑون کا پشتارہ
جو ایک کپڑے مین جمع کیے گئے ہین
کارث رفسک غم واندوہ مین
ڈالنے والا امر۔
کارح رفسک آدمیون کا حلق
کارحۃ رفسکف آدمی کا حلق
کارع رفسک پانی مین داخل ہونے والا

کار تمات رفسکفس لب آب
پر کہجور کے درخت۔
کاش رفسک جامہ پوش ولباس ور
کاس رفس شراب پینے والا پیالہ
یا شراب سمیت پیالہ نوشت ہے
شراب اکوس رفسفس کؤوس
رفسفس کاسات رفسفس
کیاس رفسفس جمع۔
کاسد رفسک نارائج متاع۔
بازار نارائج۔
کاسدہ رفسکف نارائج سلعۃ
کاسدۃ بولتے ہین۔
کاسر رفسک توڑنے والا کسر رصنتف جمع عقاب
کاسرۃ رفسکف توڑنے والی
کواسر رفک کسر رصنتف جمع۔
کاسع رفسک ناقہ وغیرہ کہ دم کو
دونون پاؤن کے درمیان سے لائی ہو
کاسف رفسک خوفناک اور
نہایت برا دن یوم کاسف۔
کاسف البال رفسک بدحال مرد
کاسف الوجہ رفسک ترش رو
کاسور رفسس گانون کا ساکن
نیچے والا کنجر دا۔

کاشِن (فس) کہانا کہانا
کاشِح (فسک) پوشیدہ دشمنی رکہنے والا - جو کہ دوستی سے دور ہو -
کاشِد (فسک) بسیار ورزش کوشش سے عیال کے لئے بہت کمانے والا - صلۂ رحم کرنیوالا رشتہ دارون مین آمیزش کرنیوالا کُشَّد (ضضت) جمع -
کاشِر (فسک) ایک قسم کا جماع کرنا -
کاشِفَة (فسکف) آشکارا - برہنہ کرنا -
کاشِم (فسک) ایک گہاس جسے سیالیوس اور انجدان رومی کہتے ہین -
کاصّ (فس) مرد جو کہانے اور پینے پر یا شراب پر خوب صابر ہو -
کاص (فس) (ف) کسیکو ذلیل و خوار کردینا - کسیکو مقہور و مغلوب کرنا ایک چیز کو بہت کہانا یا کہانا یا بہت پینا -
کاظِم (فسک) خاموش - غصہ کا نگلنے والا کُظَّم جمع - بعیر کاظم و ابل کُظُوم بولتے ہین جبکہ وے جگالی نکرین -
کاظِیَة (فسکف) زمین خشک -
کائِع (فت) بزدل - سست -
کاعّ (فس) بمعنے کائع کاعة جمع -
کاعِب (فسک) انار پستان لڑکی - پستان اونچی اوٹھہ آئی ہوئی ثُندی کاعب بولتے ہین -
کاعِی (فسک) شکست کہایا ہوا -
کاغَد (فسف) یہہ لفظ معرب ہے
کاغَذ (فسف) کاغذ فارسی لفظ ہے -
کاعِی (فسک) شکست کہایا ہوا -
کاف (فس) ایک حرف حروف ہجا مین سے ہے مذکر و مونث جیسے کہ اور حروف ہین حرف جارکہ تشبیہ کے لئے آتا ہے جیسا زَیدٌ کَالأَسَدِ یعنے زید مثل شیر کے ہے - اور بعض کے نزدیک تعلیل کے لئے آتا ہے اور وَیکَاَنَّہٗ بمعنے عجب یعنے تعجب کرتا ہون اور بمعنے استعلاء - جہت کا مبادرت کے لئے آتا ہے بشرطیکہ او سے ما متصل ہووے - اور بمعنے تاکید اور وہ زاید ہوتا ہے جیسا لَیسَ کَمِثلِہٖ شَیٌٔ اور کبہی اسم کے موقع مین واقع ہوتا ہے اور بہ سبب ہم معنے ہونے مثل کے مابعد کو جر کرتا ہے اور اوس پر حرف جر بہی داخل ہوتا ہے اور سیبویہ کے نزدیک اس کاف

ماده: کشن - کشح - کشد - کشر - کشف - کشم - کصص - کظم - کظی - کعع - کعب - کعی - کغد - کغذ - کعی - کوف

۵۱ کفف
۵۲ کفی
۵۳ کفف
۵۴ کفر
۵۵ ایضاً
۵۶ ایضاً
۵۷ کفل

کا استعمال بے ضرورت درست نہین
ضمیر خطاب منصوب اور مجرور مذکر کے
لئے مفتوح ہوتا ہے اور مونث کے
لئے مکسور - حرف خطاب اسم اشارہ
کے ساتھہ بہی اور بعض اسماء افعال
کے ساتھہ بہی آتا ہے جیسا حَیَّہَلَکَ
اور رُوَیْدَکَ اور جب اَرَأَیْتَ کے سات
آتا ہے تو اوسکا اَخْبِرْنِی کے معنی آتے
ہین -

کَافٌّ (فت) اونٹ جسکے دانت بڑہاپے
کے سبب تمام گہس گئے ہون اور
چہوٹے ہو گئے ہون مذکر و مونث
برابر -

کَافٍ (فسک) کافی - کارگذار واحد و جمع برابر

کَافَّۃً (فسف) سب جَاءَ النَّاسُ کَافَّۃً
بولتے ہین یعنے سبکے سب آدمی آئے
اور اسپر الف ولام داخل نہین ہوتا -
جَاءَتِ الْکَافَّۃُ نہین بولتے اور نہہ
مضاف ہوتا ہے -

کَافِرٌ (فسک) میلان اور اعتقاد نکرنے
والا - خلاف مومن - خدا ے تعالیٰ
کی نعمت کا ناشکر - کُفَّار کَفَرَۃ کِفَار
جمع شب تاریک - دریا - بڑا نالہ -
بڑی نہر - ابر تاریک - کسان کہیتی بونے
والا - زرہ - جسنے زرہ کے اوپر کپڑا پہنا
ہو - شگوفہ خرما کا غلاف - زمین جو
آدمیون سے دور ہو - زمین ہموار -
زمین نشیب پامال کی ہوئی - گہاس
تاریکی یا اول شب کی تاریکی - سلاح بند
مرد اور اسی معنے مین سے ہے یہہ
حدیث اَلَا لَا تَرْجِعُوا بَعْدِیْ کُفَّارًا
یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ یعنے آپس
مین پیچہے میرے جنگ و جدال
مت کریو یا اسکے یہہ معنے کہ لوگون
کو بعد میرے کفر کی طرف منسوب
مت کریو کہ کفر لازم آوے -

کَافِرَۃٌ (فسکف) مونث کافر کَوَافِر
جمع

کَافِرَتَانِ (فسکفس) دو سرین
یا دو ران کے اوپر کا گوشت -

کَافِلٌ (فسک) قبول کرنے والا -
کسی کے تعہد اور تیمار کا پذیرندہ -
جو کہ کچہہ نہ کہاوے یا پے در پے روزہ
رکہے - جو کہ اپنے ساتہہ قول و قرار
اور عہد و پیمان کرے کہ روزہ مین کوئی
بات نہ بولیگا اور کوئی حرف زبان سے نہ نکالیگا

علامات اعراب + ضفکسنتم یعنے ضم فتحہ کسرہ سکون تشدید مد

کُفل جمع - ضامن کُفال کُفلاء جمع
کافور (فسفس) خرما وغیرہ کا شگوفہ
یا اوسکا غلاف - ایک خوشبودار گھاس
ہے کہ پھول اوسکا گل ریحان کے مانند ہوتا
ہے - خوشہ انگور کے نکلنے کی جگہہ کی
گرہ کو افیر (ففسکس) کوافر (ففسک)
جمع - بہشت مین ایک چشمہ ہے - ایک
درخت کا گوند ہے خوشبودار کہ اور چین
کے پہاڑون مین ہوتا ہے اور بعض
کہتے ہین کہ وہ درخت صرف سراندیب
مین اگتا ہے اور یہہ درخت نہایت بڑا
ہوتا ہے کہ سو سوار یا اس سے بھی زیادہ
کو اپنے سایہ کے نیچے کرلیتا ہے اور
ہمیشہ سبز اور بغیر شگوفہ اور بغیر پھل
کے ہوتا ہے اور لکڑی اوسکی سپید
اور ہلکی اور چیتا اور سانپ ہمیشہ
اوسکے نیچے رہتے ہین اور یہہ گوند
چند اقسام کا ہوتا ہے ایک ریاحی
ریاح کی طرف منسوب کہ ایک
بادشاہ کا نام ہے کہ اوسکا پہلے اوسی
نے پایا اور وہ سفید سرخی مائل ہوتا
ہے اور مصطگی کے مشابہہ - اور دوسرا
قیصوری اور یہہ خوب سفید اور

صاف اور جوف درخت مین پایا جاتا
ہے اور ان دونون کو جو دانہ بھی
کہتے ہین اور کافور موئی چوب جوف
درخت کے ریزون کے جوش دینے
سے حاصل ہوتا ہے اور یہہ تیرہ رنگ
اور ناصاف ہوتا ہے -
کافۃ (فسک) لشکر کا سردار -
کاکاء (فسفسم) بزدل مرد خرد شان
حریص تنگ دل - چور کی دوڑ -
کاکنج (فسف) فارسی مین اوسے
عروس در پردہ کہتے ہین اور وہ
ایک درخت کا گوند ہے کہ ہرات کے
پہاڑون مین پیدا ہوتا ہے -
کالّ (فس) قرض جو تمہارا ہے
دوسرے پر اوس قرض کے
بدلے جو اوسکا ہے کسی اور پر
بیچنا یا خریدنا - کالۃ (فسف)
کُئولۃ (ضفسف) بمعنے کالٔ -
کالب (فسک) کتون کا ایک گروہ
سگبان -
کالح (فسک) سپید - ترش
روئی مین دانتون کو کھول دینے
والا - ترش روئی - زمانہ سخت

ماده
کفر
کفر
ککو
ککنج
ککل
کلب
کلح

۷۲۷

ماده

کلد
کلا
کلح
کمد
کمل
کمہ
کان
کنب

دُہتر کا کالح بولتے ہین -

کالد (فسک) بُرا ناخوش ذ بنج کالد بولتے ہین -

کالی (فسک) بیعانہ - نسیہ -
بیع کالی بالکالی کہ جیسے بیع الدین بالدین اور بیع النسیئۃ بالنسیئۃ کہتے ہین اور یہہ اسطرح پر ہے کہ ایک شخص دوسرے کو مثلاً سٹو روپیہ ایک اناج کے بدلہ جو معین و معلوم ہے دیوے کہ ایک برس کے بعد مین تجھہ سے اناج لے لونگا پس جب کہ اناج کا وقت آوے تو جس پر مشتری کا اناج آتا ہے وہ مشتری سے کہے کہ وہ اناج جو تیرا مجھہ پر آتا ہے اوسے تو میرے ہاتھہ دو سٹو روپیہ کے بدلے بیچ ڈال پس یہہ بیع الکالی بالکالی ہے اور یہہ شرع مین منع ہے ہان اگر مشتری اناج اپنے قبضہ مین لاوے اور پھر اوسے بیچ ڈالے تو یہہ درست ہے اور اس صورت مین بیع کالی بالکالی نہین ہے -

کامخ (مسف) آبکامہ کہ اوسکا سالن بناتے ہین فارسی لفظ ہے اور معرب ہے اور کبھی اس لفظ سے آدمی کے پاخانہ سے بھی کنایہ کرتے ہین صحاح مین ہے کہ ایک اعرابی کے آگے روٹی اور کامخ دہرا گیا اوسنے کامخ کو نہ پہنچانا کہ یہہ کیا چیز ہے تب اوس سے کہا گیا کہ کامخ ہے اوسنے کہا کہ ہان مین جانتا یہہ کامخ ہے مگر یہہ بتاؤ کہ تم مین سے کسکا ہے یعنے تم مین سے اسے کسنے ہگا ہے -

کامد (فسک) دل کا درد مند غمگین -

کامل (فسک) تمام کملۃ (ففف) بحر عروض کی بحرون مین سے ایک بحر کہ جسمین چھہ متفاعلن سے بیت تمام ہوتی ہے -

کامہ (فسک) خود رائے و سرگشتہ -

کان (فس) (ف) سخت ہو جانا عورت کا کانت (فسفک) المرأۃ یعنے سخت و درشت ہو گئی عورت

کانب (فسک) ستبر شکم مرد -

کانس (فسک) کناس مین داخل ہونے والے ہرن -

کانع (فسک) تسمہ سے ہاتھہ پانو بندہا ہوا قیدی انشیر کانع

بولتے ہین ۔ ناک چہرہ پر پھیلی ہوئی ۔
اَلفُ کانِع بولتے ہین ۔
کانِعَۃٌ رفسکف، مؤنث کانِع کو انِع جمع
کانِفَۃٌ رفسکف، بانع دغا جبر ۔
کانِم رفسک، ایک قسم کے حبشی ۔
کانُون رضسض، بھٹی ۔ سالنہ کانون
رومی دو مہینون کا نام جنکو کانون
اول اور کانون ثانی کہتے ہین جاڑے
کے مہینون کے درمیان کے گران
ثقیل مرد جسکی صحبت کو ناپسند کرین ۔
کاوِیَاءُ رفسکفسم، اونٹ کے
داغ کا لوہا ۔
کاہِلٌ رفسک، مرد کہ کہل ہو گیا ہو
کندھے کا سرا ۔ چوپایہ کے کندھے
کے کنارہ کی نکلی ہوئی ہڈی یا عام ہے
یا کندھا کہ سر پشت کا تہائی حصہ ہے
گردن کے متصل چھہ مہرون کے
مشتمل یا دو شانون کا مابین یا گردن
کی جڑ پیٹھہ کی طرف سے کواہل جمع
قوم کا عمدہ اور سردار ۔
کاہِن رفسک، فال گو کہان کہنہ
جمع ۔ کوشش کرنے والا ۔ جو کہ دوسرے
کے کام اور حاجت کا متکفل ہو ۔

کائی رفس، رفع کسیکو کلام مین ریخ دینا
کائِع رفسک، ایک چیز سے ڈرنے
اور بزدل ہونے والا ۔
کائِن رفسک، کائِن رفتک،
بمعنے چند یعنے کتنا یہہ لفظ بمعنی کم
استفہامی اور بمعنے کم خبری آتا ہے اور
یہہ کاف تشبیہ اور اَیّ تنوین دار سے
مرکب ہے اور یہہ کم کے پانچ چیزون
مین موافق ہے ابہام مین تمیز کی طرف
محتاج ہونے مین ۔ مبنی ہونے مین
لزوم تصدیر مین افادہ تکثیر مین ۔
کائِنَۃٌ رفسکف، نئی پیدا چیز اسکی جمع
کَبٌّ رفت، کسیکو منہہ کے بل
ڈالدینا ۔ اولٹ دینا ۔ گران ہونا ۔
درخت کَبٌ رضت، مین سے آگ
بجھانی ۔ دھاگے کا گولہ بنانا ۔
کَبَثٌ رضت، کڑوی گھاس
کھاری مزہ کی ۔
کَبَا رکفس، کوڑا کیوان تثنیہ اکبار
جمع ۔ گوبر کی جگہہ ۔ خاک روبی
زمین پر پڑی ہوئی ۔
کَبَاءٌ رکفسم، لکڑی جسکا دہوان خوشبودار
ہو ایک قسم دسکی کبیٰ جمع ۔

سنی
عنف
عنن
عنن
عنوی
عمہل
سنف
علہی
سرع
حع
۷۲۹
کان
کین
کبب
کبث
کبو
کبار

مادہ

کبا — کبر — الیضاً — الیضاً — کبت — کبد — الیضاً — کبر — الیضاً — الیضاً — کبب — الیضاً — الیضاً — کبع — الیضاً — الیضاً — کبن — الیضاً — کبت — الیضاً — الیضاً — کبت — الیضاً

کُبّار (ضفسم) اونچا اور موٹا ہوا۔
کُبَاب (زففس) قسمہ جس سے
مشک کی وزرین سیوین۔ کٹا ہوا
گوشت بھنا ہوا۔
کُبَاب (ضفس) بہت سے اونٹون یا بکریان
کا گلہ۔ اوپر تل جما ہوا ریت۔ خاک
جمٹا ہوا گارا۔ نمناک خاک۔
کَبَابَہ (ففسف) ایک دار و نیے
جو چین مین پیدا ہوتی ہے کبابہ چینی
کے نام سے مشہور ہے۔
کَبَاث (ففس) پیلو درخت کا پھل
کہ خوب پک گیا ہو۔
کُبَاد (ضفس) درد جگر۔
کَبَاد (کفس) ایک کام کا رنج کھینچنا
اور سختی دیکھنا۔
کُبَار (ضفس) بزرگ۔
کُبَّار (ضتفس) بہت بزرگ۔ بڑا
کُبَارَوَان (ضتففس) جمع۔
کَبَّار (کتفس) البلہ کر کہنا۔ ایک
چیز کو بزرگ و بڑا کر دینا۔ بزرگ گننا۔
کسیکو بزرگی کے ساتھ صفت کرنا۔
کُبَاس (ضفس) بڑے سر کا جو کچھ ہو
دلاور کر بڑے سر کا۔ کبڑے کے
نیچے سر کیا ہوا مرد سویا ہوا۔
کِبَاسَہ (کفسف) خوشہ خرما۔
کُبَاص (ضفس) اونٹ گدہا وغیرہ
جو قوی و توانا ہو کام پر۔
کُبَاصَہ (ضفسف) بمعنی کباص (ضفس)
کُبَان (ضفس) ایک قسم کا طعام
کہ چینے اناج کا تیار کرتے ہین یمنی
لغت ہے اونٹ کی بیماری ہے۔
کَبْت (فس) (ض) زمین پر پچھاڑ دینا
یا منہہ کے بل گرا دینا۔ توڑنا۔ پھیر دینا
دشمن کو غصہ اور تندی سے پھیر دینا
رسوا کرنا۔ خوار کرنا۔
کُبَّتَہ (ضتفف) آدمیون کا گروہ۔
گھوڑون کا گروہ۔ سوت کی لگری۔
کُبَب جمع۔ بڑا اونٹ۔ گرانی۔
کَبَّتَہ (فتفف) قصد۔ جنگ مین دشمن
پر سخت حملہ۔ سختی۔ دو پہاڑ کے
درمیان کا صدمہ۔ جاڑے کی سختی۔
جنگ مین یکبارگی دخول۔ یکبارگی
روان شدگی۔ انبوہی۔ گھوڑے
کی سرعت کے ساتھہ دوڑ کی۔ یکبارگی
آمد جاڑے کی۔ نشیب مین تیر پھینکنا۔
کَبْث (فسم) (ضم) گوشت کا مزہ اور

بو بدل جانا۔ غمگین کر دینا۔

کبح (فس ف) چوپایہ کا لگام کھینچنا تاکہ چلنے سے رک رہے۔ تلوار سے مارنا کسیکو اوسکی حاجت سے پھیر دینا۔

کبح (ضس) ایک قسم کا پنیر سیاہ رنگ کا یا وہ رحبین ہے۔

کبد (فس) جگر اکباد (فسفس) کبود (ضضس) جمع۔ آسمان کا بیچ۔

کبد (ففم) (ض س) کسیکے جگر پر مارنا قصد کرنا۔ کسی کے جگر پر چوٹ پہنچنی جاڑے کا قوم پر دشوار ہو جانا اور اونکو تنگ کرنا جگر کا بیمار اور دردمند ہونا اس معنی مین مجہولا استعمل ہوتا ہے۔

کبد (ففم) پیٹ کی بزرگی۔ سختی اور دشواری۔ آسمان وزمین کا بیچ۔ ریگ تودہ کا بیچ۔ آسمان کا بیچ۔

کبد (ففت) (س) جگر کا دردناک ہو جانا

کبد (فک) جگر اکباد (فسفس) کبود (ضضس) جمع۔ پیٹ۔ پیٹ کے اندر کی سب چیز۔ ایک چیز کا بیچ اور اوسکی وہ چیز کہ جہان سے وہ بڑی ہے پہلو۔ علاقہ کمان کے دو طرفون کا بیچ کمان مین میان مین سے بقدر ایک گز کے یا کمان کا وہ بیچ

کبداء (فسفسم) آسمان کا بیچ۔ چکی جس ہاتھ سے پھیرین۔ کمان جسکا قبضہ کف دست کو پھیر دے۔ موٹی کمر کی عورت۔ گران رفتار۔ ریگ تودہ بڑی کمر کا۔

کبر (کس) ایک چیز کی وہ جگہ جہان سے وہ بڑی ہے۔ بزرگی۔ بڑا گناہ۔ عظمت وبزرگ منشی اور شرافت مین رفعت اور بلندی۔

کبر (ففم) ایک روئیدگی ہے اور عوام اوسے کبار (ضفس) کہتے ہین۔ نقارہ۔ کبار (کفس) اکبار (فسفس) جمع۔ ایک بڑا پہاڑ ہے۔

کبر (فس) کسی سے زیادہ اور بڑا ہونا عمر مین

کبر (کف) (س) بڑی عمر کا ہونا۔

کبر القوم (ضس) قوم کا بڑا اور بزرگ تر یا وہ قوم مین سب سے زیادہ نسب مین پست تر ہے۔

کبرۃ القوم (کسفم) قوم مین سب سے بڑا یا اوسمین جد اعلی سے بہت قریب ہو

کبرۃ القوم (ضسفس) اکبر القوم (ضسفم) کبرۃ القوم (ضسفم) بمعنے کبرۃ القوم (کسفم)

ماده

صحیح

ع

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ع ایضاً

ص

۷۳۱

ص ایضاً

ص ایضاً

ص ایضاً

ص ایضاً

ص ایضاً

ص ایضاً

مادہ

سه کبر
ع۲ه الف
ع۳ه کبرت
ع۴ه کبرتل
ع۵ه کبر
سه الف
ع۷ه کبرت
ع۸ه کبسل
ع۹ه الف

کُبرَۃُ وُلِدِ اَلْاَبَوِیَّہ یعنے بیٹون مین سب سے بڑا بیٹا واحد و جمع و مذکر و مونث اس مین برابر ہے —

کَبِیرَۃ رکسفہ بڑا اور عظیم گناہ —

کِبرِیت رفسفف گندھک ملنی

کُبرتَل رفضسفف نرگوہ گردان — بچہ گوہ گردان یا گوہ گردان کہ ایک جانور ہوتا ہے جو گوہ یا گوبر کو گولی بناکر لڑھکا کر لے جاتا ہے —

کُبرٰی رضسفہ مونث اکبر رفسف کبر ضفف جمع

کِبریَاء رکسکفسم بزرگ منشی — بزرگی و عظمت

کِبرِیت رکسکس گندھک کہ ایک پتھر ہے جسمین آگ لگ جاتی ہے یا ایک معدنی جوہر ہے اور وہ ایک بخار ہوتا ہے دخانی کہ بعض اوسمین کا زمین کے نیچے منجمد ہو جاتا ہے اور بعض شگافون مین سے نکلتا ہے اور کنارون مین بستہ ہو جاتا ہے اور کہتے ہین کہ کہان اوسکی وادی النمل مین ہے تبت کے نیچے اور بعض کہتے ہین کہ ایک جاری چشمہ ہے جسمین بستہ ہو جاتا ہے گندھک ہو جاتا ہے اور وہ کئی طرح کا ہے

۲۴۲

سُرخ زرد سیاہ — یاقوت سُرخ — سونا یعنی زر —

کَبس رکس خاک کہ جس سے کوئین اور ندی کو آتئین — بزرگ بڑا سر — جڑ — ایک چیز کی اصل — مٹی کا گہر

کِبس رضسف سخت و شدید پہاڑ بہت سے جبال کبس رضتف لوہے مین

کَبس رفس رض کوئین اور ندی کو خاک سے اٹنا — گریبان مین سر نیچے کر لینا — سر کو کپڑے کے نیچے پوشیدہ کرنا — پہاڑ کی جڑ مین گہس جانا — پہاڑ کے نیچے داخل ہونا — گہر مین اچانک داخل ہونا — ایک کام مین احتیاط کرنی — ایکبارگی جماع کرنا یا عام — ایک چیز مین داخل ہونا — چھپ جانا —

کَبش رفس نر بکرا اور یہ چار برس سے شروع ہوتا ہے — اکبش رفسفض کباش رکفس اکباش رفسفم جمع — قوم کا مہتر اور اونکا سردار —

کَبعَج رضنعف دریائی اونٹ اور اسی سبب بدصورت عورت کو کہتے ہین یا وجہ الکبعج —

کبح (فس) (رفا) قطع کرنا۔ دراہم و دنانیر کو پرکھنا۔ اور بے عیب کو الگ بچا کرنا۔ کسیکو ایک کام سے روکنا

اَلبِعْمَّاءَۃ (فسفس) ایک گوشت کا ٹکڑا جو عورت کی فرج مین نکل آتا ہے

کبکاتِب (فسف) ایک سخت خرما ہے۔ موٹا

کبکاثم (فسفسف) موٹی عورت

کبکبث (کسک) ایک گڑھے مین تیر اندازی۔ ایک کھیل ہے۔

کبکب (عنسض) گول بدن کا پیدایش کا گٹھیلا۔

کبکبۃ (عسفف) ایک گڑھے مین تیر اندازی۔ گروہ۔ کسیکو منہہ کے بل گرا دینا۔

کبکتۃ (کسکف) ایک گڑھے مین تیر انداز ی

کبلبۃ (ضسضف) گھوڑون وغیرہ کے گروہ آپسمین پیوست و متصل۔

کبکوب (ضسفس) آپسمین ملا ہوا اور پیوستہ گروہ

کبکوبۃ (ضسفف) بمعنی کبکوب (ضسفس)

کبل (فس) قید و بند۔ یا دلدار اور بڑی بند کبول (ضفس) جمع۔ لب دلو یا لب دلو کے نزدیک چمڑا

جو اولٹ دیا گیا ہو۔ بہت پشم والی پوستین (ض) قید خانہ وغیرہ مین کسیکو بند کرنا۔ ادا سے دین مین اپنے قرض دار کو مہلت دینی۔

کبل (ففہ) پوستین کوتاہ۔

کبن (فس) (ض) کبون (ضفس) گھوڑے کا نرم اور سست دوڑنا یا دوڑنے مین کوتاہی کرنی۔ کپڑے کو اندر وار لپیٹ کر سینا۔ کسی کے ہدیہ کو روکنا اپنی خیر و نیکی ہمسایہ سے غیر کیطرف پھیرنا۔ کسیکو ناپید اور محو کرنا۔ لب دلو کو لپٹنا۔ موٹا ہونا۔ ایک چیز کی طرف سے بددل ہوجانا اور پھر جانا۔ اوپر نیچے کے اگلے دانت غار دہن مین داخل ہونے۔ ہرن کا زمین مین چمٹنا۔ لب لو کا لپیٹ۔ سکون آرام

کبن (ضفست) اکھڑ مرد جسمین کمینی خو پڑی ہوئی ہون یا نہایت بخیل مرد کہ بخل کے سبب آنکھ نہین اوٹھاتا۔

کبن الدلو (فسفتس) ڈول کا کنارہ اولٹا سیا ہوا۔

کبنۃ (ضسفف) عرلون کا ایک کھیل ہے

کبنۃ (ضفتف) بمعنی کبن۔ نان خشک

ص ۷۹۵
ع ... ۱ ... ۲ ... ۳ ... ۴ الضاً ... ۵ الضاً ... ۶ الضاً ... ۷ الضاً ... ۸ الضاً ... ۹ الضاً
۷۳۴
۱۰ الضاً ... ۱۱ الضاً ... ۱۲ کبل ... ۱۳ الضاً ... ۱۴ کبن ... ۱۵ الضاً ... ۱۶ الضاً ... ۱۷ الضاً ... ۱۸ الضاً

مادہ
۱ کبو
۲ الغا
۳ ایضا
۴ کبع
۵ کبج
۶ کبل
۷ کبث
۸ کبد
۹ ایضا
۱۰ کبر
۷۳۴
۱۱ کبب
۱۲ ایضا
۱۳ کبت
۱۴ ایضا
۱۵ کتب

کبو رفس، کبو رضفت، (ن) منہہ کے بل گر پڑنا۔ آتش زنہ کا بے آگ ہو جانا۔ چنگاری کا بلند ہو جانا۔ گھوڑے کا دوڑنے کے سبب ہانپنے لگنا۔ کوزہ مین جو کچھہ پانی ہو اوسکو بہانا۔ جہاڑو دینی۔ گہاس کا مرجہا جانا۔ غبار کا بلند ہو جانا۔

کبوۃ رفسف، منہہ کے بل گر پڑنا آتش زنہ کا بے آگ ہو جانا چنگاری کا بلند ہو جانا۔ گھوڑے کا دوڑنے سبب ہانپنے لگنا۔ کوزہ چقماق ہے جسمین سے آگ نکلے اوسکا بے آتش ہو جانا۔ گرد۔ دھند بلا کراہت کے سبب توقف اور بار الستادگی

کبوۃ رضسف، اکو سوز یعنی جسمین بو جلاوین۔

کبوتل رفسف، ایک قسم کی ہڈی۔

کبوع رضفس، خوارکی و فروتنی

کبولاد رفضسفسم، تباہہ کہ ایک قسم کا کھانا ہے۔

کبیث رفکس، بوے اور مزہ کا بدلا ہوا گوشت۔

کبیداء رضفسم، آسمان کا بیچ

کبیدات السماء رضسفس، آسمان کا بیچ۔

کبیر رفکس، بزرگ کبیرۃ موئث کبار رکف، کبوداء رفسفس، جمع۔

کبیس رفکس، ایک قسم کا خرما۔ ایک زیور ہے بیچ کا خالی خوشبو سے بھرا۔ ایکسال جسے عام کبیش کہتے ہین منجمون کے حساب مین ایک زیادتی ہے کہ شباط مہینے مین اعتبار کرتے ہین پس شباط اونتیس ۲۹ دن تک پہنچتا ہے۔

کبیسۃ رفکسف، سال کی کم آمد یعنے سال مین سے جو ایک دن چوری جاوے اور ایسا ہر چار سال کے بعد ہوتا ہے

کبت رفت، مرد اور عورت کم گوشت

کبت رفت، رض، اونٹ کا نرم آواز کرنا۔ کسیکو غمگین کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔ نئی ٹھلیا کا جوش مارنا جبکہ اوسمین پانی گرایا جاوے۔ کانا پہوسی کرنی۔ کسی سے بہید کہنا۔ گنتا۔

کتاب رکفس، لکہا ہوا۔ خط کتب رضض، کتب رضس، جمع۔

جسمیں لکھیں - دوات - تورات - فریضہ - حکم و اندازہ -

کُتّاب (ضتفس) لکھنے والے - دانایاں کاتب کی جمع - چھوٹا تیر گول سر کا کہ جس سے لڑکے تیر اندازی سیکھیں کتاتیب (فنکس) جمع -

کتابت (کفسف) کتاب (کفس) **کتب** (فس) (ن) لکھنا دو تسموں میں سے مشک کی درز کو سینا - فرج ناقہ کو تسمہ سے سینا اور اوسکو جمع کرنا یا فرج ناقہ کو حلقۂ آہن وغیرہ سے استوار اور مضبوط باندھنا تاکہ سانڈ جفتی نہ کر سکے - غیر بچہ بر ناقہ کو مہار لگانا یعنے اوسکے ناک کے دونوں سوراخ بند کرنے تاکہ بیشاب کو نہ سونگھے اور بچہ سے نہ پہچانے - جاننا - سر مشک کو سر بند سے باندھنا

کُتاع (ضفس) کوئی یعنی آحد لیتے ہیں

کتاف (کفس) رسی جس سے ہاتھ کو اونٹ کے باندھ دیتے ہیں کتف جمع -

کِتاف (کفس) کندھے کی جگہ کا درد

کتّاف (فتفس) شانہ کو سینکنے والا

کتال (ففس) گوشت - نفس حاجت کہ جسے جاری کر دو - طعام

لباس جسکی اصلاح کی ہو - معاش کی تنگی اور بدی - بدن کی درشتی و سختی - مؤنث -

کَتّان (فتفس) ایک گھاس ہے بقدر ایک گز کے ساق اور پتا اوسکا باریک اور پھول اوسکا لاجوردی اور اوسکے پوست کو روئی کی طرح کاتتے ہیں اسکا کپڑا گرمی اور سردی اور خشکی میں معتدل ہے اور بدن سے نہیں چمٹتا - کائی جسکو پانی کی رو بہا لائی ہو - پانی کا جھاگ -

کُتّان (ضتفس) ایک چھوٹا سا جانور شرح کا کاٹنے والا -

کُتبہ (ضسف) تسمہ جس سے سیویں وہ چیز کہ جس سے اونٹنی کی فرج کو جمع کر دیں تاکہ کشن اوس سے جفتی نہ کرنے پاوے - موزہ اور مشک وغیرہ کی درز سی ہوئی -

کِتبہ (کسف) اوس کتاب کو لکھنا چاہنا کہ جسکو تم لکھ رہے ہو -

کَتّعہ (فتفف) زمین کا سبزہ ساگ وغیرہ

کُتّعہ (ضتفف) ناکارہ اونٹ بڑے سب سے بری خراب بھیڑیں -

مادہ
[illegible]

ع کتب
[illegible]

کُنُش (فس) کنگری بہت خراش

کدخ پسے کم تر

کَشْح (فس، رف) خوب سیر ہوکر کھانا کھانا – ہوا کا کسی پر گرد و خاک کو ڈالدینا – یا ہوا کا کسی سے کپڑا اوتار لینا – اور کھینچنا – جو کچھہ زمین پر تھا اوسکو اوڑا لیجانا – پست پر چوٹ لگنی اور اوسمین اثر کردینا –

کَتَد (رفف) ایک ستارہ ہے – آدمی اور گھوڑے کی دونون کندہون کے جمع ہونے کی جگہہ یا کندھے یا کندھے سے پشت تک کا درمیان

اکتاد (فس) اکتود (فس) جمع

کُتُد (فکسم) آدمی اور گھوڑے کے دونون کندھون کے جمع ہونے کی جگہہ یا کندہ یا کندہے سے پشت تک کا درمیان

کُتُر (فس) گنا ہوا اندازہ – ہر چیز کا اندازہ – مستون کی رفتار کے مانند ایک رفتار – چھوٹا ہودہ – کھلیان کی جگہہ کی دیوار – بلند کوہان –

کُتُر (کس) ایک بنا ہے گنبد کے مشابہہ کوہان کو اوس سے تشبیہہ دیتے ہین یا کوہان –

کُتْرَة (فسف) اونچا بلند کوہان –

کِتْع (کف) پارہ و ریزہ کتع (ضف) جمع

کَتَع (فس، رف) لیجانا اسکا صلہ ب ہے کام مین چستی اور شتابی کرنی کام کے سبب منقبض اور چین بجبین ہونا ضد – بھاگ جانا قسم کھانی کسے کا دوڑنا –

کُتَع (ضف) ناکامرد – کام مین چست و چالاک – مرد چین بجبین اور منقبض ہوا کار ست – رسا مرد خوب ماہر مرد – راہ کا پہچاننے والا – لومڑی کا بچہ یا بہت بڑا ذیلا بچہ لومڑی کا – کمینہ اور ذلیل و خوار مرد – رسوا – بھیڑیا –

کُتْعَان (کسفش) کُتَع (ضف) جمع –

کُتَعَاء (فسفسم) لونڈی اور یہہ لفظ مؤنث کی تاکید کے واسطے آتا ہے اسکے معنی وہ ہین جو جمعاء کے معنی ہین یعنے سب چنانچہ کہتے ہین ہذہ الملک جمعاء کتعاء یعنے یہہ چیز تیرے لیئے سب کی سب ہے لیکن کتعاء جمعاء پر مقدم نہین ہوتا یعنے یہہ کہنا ہذہ لک کتعاء جمعاء درست نہین اور نہ اکیلا بغیر جمعاء کے استعمال کرتے ہین

یعنے زدن نہین بولینگے ہذہ لک کتعاؤ
اسلیئے کہ کتعا (ضفسم) جمع اور (فسفسم) کا تابع ہے اور تابع نہ متبوع سے مقدم ہوتا ہے اور نہ اوسکے بغیر آتا ہے
کتعة (فسفہ) ٹکڑا۔ ایک چیز کا ریزہ **کتاع** (کفس) جمع ـــ
کتعة (ضسف) شیشہ کا کنارہ ـ چھوٹا ڈول **کتع** (ضف) جمع ـــ
کتف (کف) کندہے کی جگہہ **کتفة** اکتاف جمع ـــ
کتف (کس) بمعنے کتف (فک)
کتف (فعف) درد شانہ کے سبب چوپایہ کا لنگڑا پن (س) چوڑے شانہ کا ہو جانا۔ گھوڑے کے سر شانہ مین کشادگی پیدا ہونی ـ
کتف (فض) کام مین نرمی اور آہستگی کرنی ـ زین کا شانہ ستون مین زخم کر دینا۔ گھوڑے کے اعالی شانہ کا چلنے مین بلند ہونا۔ پرندہ کا دونون بازوؤن کو پیٹھ پر ملا کر اوڑنا۔ پالان کے دو کنارون کو دوسرے پر باندہنا۔ دونون ہاتھون کو پیچھے باندہ دینا۔ شانہ پر مارنا ـــ آہستہ چلنا یا شانہ ہلانے ہوئے چلنا ـ ایک کام کو ناپسند کہنا ـ برتن کو لوہے کے پترے سے پیوند دینا ـ کودتے ہوئے چلنا ـ
کتف (کس) **کتفان** (کسفس) دونون بازوؤن کو پشت پر ملا کر پرندہ کا اوڑنا ـــ
کتفاء (فسفسم) مونث اکتف (فسف) یعنے گھوڑی یا اونٹنی یا اور کوئی چوپایہ مادین درد شانہ کے سبب لنگڑی
کتفان (ضسفس) و (کسفس) ٹڈی جو اوڑنے لگی ہو ـــ
کتفانة (ضسفسفہ) یا کا لقفہ (فسکف) ایک کہتے ہین کہ سب سے پہلی ٹڈی کا نام بعد پیدایش کے سردہ ہے پھر دبا پھر غوغا پھر کتفان (ضسفس) ہے ـــ
کتفان (ففس) شتاب روی ـ
کتکات (ضفس) بہت بولنے والا مرد
کتکت (فسف) شراب کی آواز
کتکت (ضسض) کتکتی (ضسضف) ایک کھیل ہے ـــ
کتکتة (فسفف) نرم چلنا یا قدم

پاس پاس کہکر دوڑنا ـ نرم ہہنسنا کہ ٹھہٹہا سے کم ہے ـ

کتل رفف ، بدن کی سختی رس ، چمٹ جانا ـ لیسدار ہو جانا ـ

کتل رفس ، کسیکو بند کرنا اور روکنا

کتلہ رضسف ، خرما اور کھجور وغیرہ جو ایک ہاتھ پر جمع کیا گیا ہو ـ گوشت کا ایک ٹکڑا ـ

کتم رفس ، نیل کا پتّا ـ

کتم رفف ، ایک گہاس ہے جسے وسمہ کہتے ہین حنا مین ملا کر یا اوسکے بغیر اوس سے خضاب کرتے ہین اوسکا رنگ دیر تک رہتا ہے اور جب اوسکی جڑ کو جوش دیوین تو لکھنے کی سیاہی بن جاتی ہے ـ

کتمان رضفس ، وسمہ کی گہاس ـ

کتمہ رفسف ، کلمہ اور بات ـ

کتمہ رکسف ، ایک چیز کی پہان دنت

کتمہ رضسف ، بھید کا چھپانے والا مرد ـ ہر چیز کا خوب نگاہ رکہنے والا

کتن رفس ، چپا لہ ـ

کتن رفف ، میل اور میل ـ کھجور کے درخت کی جڑ کی خاک ـ

کتن رفف ، رس ، گہر مین دہوان لگ جانا ـ لب کا سیاہی پکڑ لینا چسپان ہونا ـ ریمناک ہو جانا ـ

کتن رفک ، پیالہ ـ چرکین اور ریمناک مشک سقا کے کتن رنگہ بولتے ہین ـ

کتنہ رکسف ، ایک خشبودار درخت ہے

کتو رفس ، قدم پاس پاس رکھنا ـ

کتوع رضفس ، دور چلا جانا ملک مین اور بولتے ہین کتعت فی المخازی یعنے تجکو گالی گفتار کافی نہین ہے اور کتعت فی المحامد یعنی تجکو مدح کافی نہین ہے

کتول الارض رفقس ، زمین کے پشتے ـ جو کچھہ زمین مین سے اونچا اوبھر آیا ہو ـ

کتوم رفقس ، بھید کا نگاہ رکھنے والا اونٹنی جو حاملہ ہونے کے وقت دم نہ اوٹھاوے اور اوسکا حمل ہو وے ناقہ جو سوار ہونے کے وقت آواز نکرے

کتم رضفض ، جمع ـ نا شگافتہ لکڑی کی کمان یا سوفار نہ کی ہوئی کمان یا وہ کمان کہ تیر پھینکنے کے وقت آواز نہ کرے ـ

ماده

کتیب (فکس) اسیاہوا - سرندی کہ مشک
کتیبتہ (فکسف) لشکر یا جمع ہوگئے ہوئے گہوڑون کا گروہ یا لوٹنے والے
گہوڑون کا گروہ ستّو سے لیکر تہا تک
کتائب (ففسک) جمع —
کتیت (فکس) ہانڈی کے جوشش کی آواز - نبیذ اور شیرہ کے جوشش کی
آواز - جوان اونٹ کی آواز یا اوسکی
پھیلی آواز اور بہ کشیش سے بھرکر
ہے - خشمناک مرد کے سینہ مین سے
بسبب شدت خشم کے جو آواز جوش
اونٹ کی آواز کے مشابہ نکلے —
بخیل مرد - نرم اور آہستہ رفتار - سرعت
مین پاس پاس قدم رکہنے —
کتیتہ (فکسف) تبابہ کا ایک حلوا ہے
کتیع (فکس) کمینہ کوئی بمعنی احد
یعنے کسے - سالتمام حول کتیع
بولتے ہین —
کتیف (فکس) چہوٹی تلوار - کوہے
کا ٹکڑا چوڑا کتف (ضمس) جمع —
کتیفتہ (فکسف) لوہے کا ٹکڑا جس
دروازہ بند کرتے ہین اور وہ لنبا اور
چوڑا ہوتا ہے اور کبھی اس سے تختہ کے

مانند چوڑا کر دیتے ہین - کینہ - دشمن
آدمیون کا ایک گروہ - لوہارون کی
سنسی جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین
کتیلہ (فکسف) کہجور کا درخت جسپر
کسی کا ہاتھ نہ پہنچے —
کتیم (فکس) چہری ہوئی لکڑی کی کمان
سوفار نہ کی ہوئی قوس کتیم بولتے
ہین - اونٹ جو سوار ہوتے وقت
آواز نکرے یا عام ہے - درز جو کشادہ
نہووے اور ادسمین سے پانی نہ رسے
مشک جسمین سے پانی باہر نہ آوے
کث (فت) انبوہ گہچ پیچ - کث
اللحیتہ گہن اور گہچ پیچ ڈاڑہی والا
لنبا مرد اور یہی الدہ چہوٹی اور لنبیو ان
ڈاڑہی والا - کثاث (کفس) جمع —
کثت (فت) (ان) پاخانہ پہرنا -
کثث (ضمس) بہت قوم کثث
بولتے ہین —
کثا (فعہ) ایہقان گہاس کی جسم
یا غیراوکے مانند ایک درخت ہے —
کثاء (ففسم) گہن کی ڈاڑہی
ملحیتہ کثاء بولتے ہین —
کثار (فس) پانی مینہ کے اوپر دودہ کا

۷۳۶

مادہ

آجانا اور آب خالص بہہ جانا- ہانڈی کا جھاگ لے آنا- ہانڈی پر سے جھاگ اوٹھانا- گھاس کا اوگنا یا اوسکا سخت اور دلدار اور لنبا اور پیچیدہ ہونا- ڈاڑہی کا لنبا اور بہت ہو جانا- بالون اور اونٹ کی پشم کا اوگنا-

کثاث رکفس، تیر وغیرہ-

کثاث رضفس، بہت-

کثاث رضتفس، بے پیکان اور بے پر کا تیر-

کثاۃ رفعفس، ترہ تیزک یا جنگلی ترہ تیزک- ایہقان گھاس-

کثاۃ رفسف، ترہ تیزک یا جنگلی ترہ تیزک- کثاۃ اللبن چکنائی جو دودہ پر جمع ہوتی ہے یا ہانڈی کا جھاگ-

کثاثاء رفسفسم، بہت خاک ڈالی زمین-

کثاثۃ رفسف، کثوثۃ رضسف، کثث رفعف، ڈاڑہی کا بہت چھوٹا اور انبوہ دار اور لپٹوان اور کوتاہ ہونا-

کثار رضفس، بہت- گروہ بہت-

کثار رکفس، بہت- گروہ بہت-

کثافۃ رفسفت، رک، دلدار ہونا- بہت ہونا- لپٹنا- دلداری-

کثب رفعف، نزدیکی-

کثب رفس، ران، کسی پر حملہ کرنا ترکش کو اوندہا کر دینا- اونٹنیون کا کم شیر ہو جانا- جمع کرنا- جمع ہونا- بہانا ایک چیز میں داخل ہونا-

کثباء رفسفسم، خاک-

کثبۃ رضسف، تہوڑا سا پانی اور دودہ- یا ایک گہونٹ کے بقدر جو برتن میں باقی ہو- یا پانی اور شراب بقدر کاسہ کی پیری کے- تہوڑا سا طعام اور شراب اور خاک وغیرہ- دودہ کا ایک دبار دوہنا- کثب رضفت، جمع ہر چیز جو کمی کے پیچھے اکٹھی اگئی ہو- دو پہاڑ کے درمیان ہموار زمین پست-

کثثۃ رکتف، گہن کی ڈاڑہی-

کثج رفس، بمقدار کفایت کہانا- بہت سا طعام ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لے جانا-

کثح رفس، ہارف، سُرین کہول دینا- ہوا کا کسی پر خاک ڈالنا- مال میں سے جتنا چاہنا لے جانا- جمع کرنا پراگندہ کرنا ضد-

کثحۃ رفسف، آدمیون میں سے

تحتہ دراسا گروہ کثحم رضسفض، اللحیۃ
چھوٹی گھونگر والی داڑھی والامرد —
کثحمتہ رضسفف، خشک چارہ گھاس شکستہ
اور ریزہ — دلدار اور چھوٹی اور گھونگر والی
داڑھی لحیۃ کثحمۃ بولتے ہین —
کثر رنس، بہت — کھجور کے درخت
کی چربی یا شگوفہ یا اوسکا پھل —
کثر رضس، بہتایت — چیز کا بہت
اور اوسکا معظم چنانچہ کہتے ہین —
الحمد للہ علی القل والکثر یعنے خدا کا
شکر تھوڑے اور بہت پر —
کثر رفس، رن، کسی پر بہتایت
مین غالب ہونا —
کثیرہ رفعلف، بہتایت —
کثرۃ رفسف، رک، بہت ہونا —
کثری رضسعف، نبیذ کو بہت پینا —
کثری رفسعف، جدیس اور طسم کا
ایک بت تھا کہ نہشل بن الحسین اوسکو
توڑ تاڑ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
ساتھ ہو لیا اور شرف اسلام سے مشرف ہوا
کثع رفس، کثوع رضضس، (ف)
ہونٹھ کا سرخ ہونا یا اوسکے خون کا زیادہ
ہونا اتنا کہ اولٹ جانے کے قریب ہو گیا ہو

کثعب رفسف، بڑی عورت بڑی
اور دلدار کس کی — بڑی اور دلدار کس
کثعۃ رفسف، جھاگ کہ ہانڈی پر
سے گرادے — دودھ کی ملائی —
کثعۃ رضسف، اوپر والے ہونٹھ
کے بیچ کا ایک فرق ہے نیچے والے سے
کثعۃ رفعف، کیچڑ گارہ —
کثعم رفسف، دلدار کس کی عورت
چیتا جانور یا ایک اور جانور ہے
چیتے سے چھوٹا —
کثف رفس، گروہ —
کثکث رفسف، خاک — پتھر کا
ریزہ اور ٹوٹا ہوا —
کثکثۃ رفسعف، بہت اور گھنی
اور چھوٹی اور لپٹوان داڑھی والا ہونا
کثکثی رضسعف، ایک کھیل ہے
کہ خاک سے کھیلتے ہین —
کثل رفس، گیہون کا ڈھیر —
آدمیون کا گروہ —
کثم رفعف، نزدیکی —
کثم رفعف، رس، قریب ہونا —
تاخیر اور مہلت کرنی —
کثم رفس، رن، لکڑی کو منہہ مین لینا

مادہ
کثح
کثر
الفنا
الفنا
الفنا
الفنا
کثع
کثعب
کثع
کثعم
کثف
کثکث
الفنا
الفنا
کثل
کثم
الفنا
الفنا
کثن

اور توڑنا۔ ترکش کو اوندھا کر دینا۔ کسیکو ایک کام سے روک دینا۔ ایک چیز کو جمع کرلانا۔ قدم کے انگوٹھے پر چلنا۔

کَثْعَمَۃٌ (ففغف) شراب وغیرہ سے سیر اور پر شکم عورت۔

کَثَّۃٌ (فکف) سخت اور درشت گھنی

کَثْعَبٌ (فسفف) سخت و شدید اسمین کبھی نون کو ثا پر مقدم کرتے ہین۔

کَثْنَۃٌ (فسف) ایک چیز ہے کہ آس اور بید کی شاخون سے اوسے جوڑا بناتے ہین اور اوسپر ریاحین ترتیب سے رکھتے ہین۔

کُثْوٌ (فس) جمع ہو آئی ہوئی خاک تھوڑا سا دودھ۔ سنگ خوار پرندہ یعنے کونج۔

کُثُوعٌ (ضفضس) دودھ کا ملائی اور چکنائی اوپر چالینا۔ اونٹون وغیرہ کا شکم نرم ہونا اور بہت نکلنا۔

کَثِیبٌ (فکس) تودہ ریگ۔ **اَکْثِبَۃٌ** (فکف) **کُثُبٌ** (ضضف) **کُثْبَانٌ** جمع (ضفضس)

کَثِیثٌ (فکس) انبوہ اور گدار۔ کَثِیْثُ اللِّحْیَۃِ گھنی داڑھی والا۔

کَثِیرٌ (فکس) بہت۔

کَثِیرَاءُ (فکسفم) قتاد کا گوند ہے یا ایک رطوبت کہ ایک قسم کے درخت سے جو لبنان اور بیروت پہاڑ مین اُگتا ہے حاصل ہوتا ہے۔

کَثِیفٌ (فکس) دلدار۔ ابر۔ پانی۔ ایک اسم جو لشکر کی صفت پڑتا ہے۔

کَجٌّ (فت) بچہ کے کھیلنے کا۔

کُجَّۃٌ (ضتف) لڑکون کا ایک کھیل ہے کہ کپڑے وغیرہ سے گیند کی مانند بناتے ہین ہندی مین اوسے گیند کہتے ہین

کُجْکُعَۃٌ (فسفف) ایک کھیل ہے کہ جسے اُسْتُ الکَلْبَۃِ کہتے ہین۔

کُحٌّ (ضت) خالص عرب عَرَبِیٌّ کُحٌّ بولتے ہین کُحَّۃٌ (ضتف) مؤنث۔

کُحَالٌ (ککس) سرمہ کا پتھر سرمہ منتر اور جادو کا منکا۔

کَحَبٌ (فس) انگور کا سبز ترش دانہ کحبۃ ایک سکون (ف) کسی کی کون سہلانا۔

کَحَتٌ (فس) (ف) کسیکے لئے دونون ہاتھ سے مال اوٹھانا۔

مادہ

کحثلۃ (فسفف) پیٹ کی بڑائی - بڑ پیٹا ہونا -

کحکح (ضبض) بہت برسون کی عورتین بڑھیان -

کحص (فس) ایک گھاس ہے جسکا دانہ عین الجراد کے مشابہ ہوتا ہے -

کحط (فس) قحط یعنے خشک سال مینہ کا خشک ہونا اور رک رہنا -

کحکح (ضبض) نہایت بدہا - پرانی برسون کی اونٹنی -

کحل (فس) آسمان کا نام - سال کی سختی اور قحط - قحط کی سختی اور اسکی شدت اور مثل مین ہے باءت عرار بکحل اور یہہ مثل اوس وقت کہتے ہین کہ جب قاتل مقتول کے بدلے قتل کیا جاوے -

کحل (فس) (فن) آنکہہ مین سرمہ لگانا

کحل (فس) (ف) سال کا سخت ہونا - قوم کو سال قحط پہونچنے اور اونکو ضرر پہونچانا - اور بولتے ہین کحلت الارض بالنبات یعنے زمین نے اپنی گرد سبزی کو دکہایا یعنے اوسکے گرد سبزی اوگنے لگی -

کحل (ضس) بہت مال - سرمہ کا پتھر - سرمہ - جو چیز کہ آنکہہ مین آنکہہ کے اچہے ہو جانے کے لیے لگاوین ایک ساگ ہے اکحال جمع -

کحل کحیلۃ ایک کلمہ ہے جس سے بہیڑ کو ڈانٹتے ہین جیسے اسکے شونوسویدۃ یعنے کالی کلوٹی کحل السودان بشامہ کہ ایک درخت ہے جسکی شاخ سے مسواک اور پتے سے خضاب کرتے ہین - کحل فارسی انزروت کا ایک گوند ہے - کحل خولان حضض اور وہ ایک کڑوی دوا ہے یعنے رسوت -

کحل (فف) (س) آنکہہ کا خلقی سرمگون ہونا - پلکون کے اگنے کی جگہہ کا سیاہ گون ہونا اسی سے ہے یہہ قول (ع) لیس التکحل فی العینین کالکحل

کحل (فک) سرمہ لگی ہوئی آنکہہ -

کحلاء (فسفم) سرمگین آنکہہ آنکہہ جسکی سیاہی نہایت سیاہ ہو سرمگین آنکہہ کی عورت - سپید بدن کی بکری سیاہ آنکہہ کی - ایک گہاس ہے جسے شہد کی

نگہی کہاتی ہے اور نگاہ رکہتی ہے یا ایک
ریگستانی گہاس ہے کہ اچہا شگوفہ
رکہتی ہے۔ ایک اور گہاس جسے
لسان الثور کہتے ہین ہندی مین
گاوزبان۔ ایک پرندہ ہے۔

تحلتہ (فسف) ایک منتر کا منکا
جس سے نظر بد کو دفع کرین اور
جس سے عورتین خاوندون کو بند کر
رکہتی ہین اور عورتون سے آسانکا
اسم۔

تحمتہ (فسف) آنکہہ یمنی
لغت ہے۔

تحوص (ضفس) **تحص**
(فس) (ف) پاؤنسے کہودنا نشان کا
محو و ناپدید ہونا۔ محو و ناپدید کر دینا
شتر مرغ کا زمین مین چلا جانا اور
غائب ہو جانا کہ دکہائی نہ دیوے۔

تحوف (ضفس) اعضا **تحف**
(فس) واحد۔

تحی (فس) (ف) تباہ و خراب کرنا۔

تحیل (ضفس) رال یا قطران
کہ خارشتی اونٹون پر ملتے ہین۔

تحیل (فکس) سرمہ گین آنکہہ
سرمہ پڑی آنکہہ تحیلتہ مؤنث تحائل
تحلی اجمع۔

تحیلاثہ (فکسفم) لسان الثور
گہاس یعنے گاؤزبان۔

تخ تخ (کسکس) ایک کلمہ ہے
جس سے بچے کو ایک چیز سے جسکے
ہاتہہ مین لینے کا ارادہ رکہتا ہے
روکتے ہین اور ایسا ہی اس لفظ
سے اوسکو ایک چیز ناپاک مین
ہی جانے سے بہی ڈانٹتے ہین۔

تخ تخ (فس فس) **تخ تخ** (فکفک)
تخ تخ (فکفک) **تخ تخ** (فت فت)
تخ تخ (فت فت) یعنے **تخ تخ** (فس فس)
کہتے ہین یہہ کلمات عجمی ہین۔

تخ تخہ (فسفف) بچہ کو تخ تخ کہہ کر
روکنا۔

تخم (فس) (ف) کسی کو اوسکی جگہہ
سے دفع کرنا۔

تخیخ (فکس) سوتے مین خرّاٹے
لینا خرخر کرنا۔

کد (فک) بغیر بو کا مشک مشک
کد بولتے ہین۔

کد (فت) سر کی کنگہی۔ ایک

ا و م
٧٠ تحی
٧١ تحیل
٧٢ تحیل
٧٣ تحیلاثہ
٧٤ تخ تخ
٧٥ تخ تخ
٧٦ تخ تخہ
٧٧ الف
٧٨ الف
٧٩ تخیخ
٨٠ الف
سہ ٢
١١ الف
١٢ سنم
١٣ سنخ
١٤ کد
١٥ کد

چیز کہ جس مین کسی چیز کو کوٹتین جیسے
اوکہلی وغیرہ — (ن) کسیکو رنج
دینا — کسی سے ایک کام کی کد
چاہنی — ایک چیز کو کہینچنا بستہہ
یا ہتی — کسیکو تعب و مشقت مین
ڈالنا — شدت اور کام کی سختی —
رنج — ایک چیز کے دوستے مین
اصرار کرنا — او نگلی سے اشارہ کرنا

کَدَّ (فس) (فس) **کَدُور**
(ضض) گہاس کا پالا مارا جانا اور
مرجہانا یا گہاس کا بغیر پانی کے
رہنا اور نہ بڑہنا —
(ن) جاڑے کا کہیت کو زمین پر
ٹہیرا دینا —

کَدُّ بر (ففف) (س) کو کا آواز کرنے
لگنا گویا کہ آواز کرنے مین قی کرتا ہے
ساگ کا جہوٹا اور بغیر پہولا ہوا رہنا
اور خراب ہو جانا —

کِدَاٰبر (کفسم) روکنا قطع کرنا —

کُدَاٰکَہ (ففس) گل اور طعام و سا
سخراب جمع کی ہوئی ڈہیر لگی ہوئی

کُدَّاْ (ضفس) صلیان گہاس
کا کاٹنا — صلیان گہاس کی
ہوئی —

کُدَاْدَة (ضفسف) روغن گی گاد جو
پنڈی مین تہ رہے — دیگ کی پنڈی
مین جو طعام وغیرہ بچ رہے —

کُدَازَة (ضفسف) —

کَدَر (ففت) **کُدُور** (ضض)
کُدُورَة (ضفسف) **کُدْرَة**
(ضسف) (س ک ن)
یہہ بہی بولتے ہین کدر عیشہ نقیض
صفا عیشہ اور اسی سے ہے
خذ ما صفا و دع ما کدر —

کُدَاٰرَة (ضفسف) طعام وغیرہ
جو ہانڈی کی پنڈی مین باقی رہے
یا روغن کا تلچہٹ گاد —

کَہْدَآرِی (ففسکت) پتلا ابر —

کُدَاس (ضتسف) کہلیان
کٹا ہوا غلہ جمع کر لیا ہوا —

کُدَّاس (ضضفس) کٹی ہوئی
برف جمع کی ہوئی — چوپایہ کی چہینک
چوپایہ کا چہینکنا —

کُدَاسَة (ضفسف) ایک
چیز کہ جسکو جمع کرین اور سکے بعض کو
بعض پر رکہین —

مادہ

کُدَاسِش (فتقف) سختی کرنے والا — مرجہا یا ہوا کرنے والا —

کُدَاھِم (ضعف) اصل المرعی اور وہ ایک گہاس ہے زمین پر ٹوٹی گری پڑی ہوئی اور جب مینہہ برستا ہے تو ظاہر ہوتی ہے بڈہا مرد سال خوردہ —

کُدَاھَتہ (ضفسف) ایک چیز جسکو کہایا ہو، اور اوسکا بقیہ —

کُدَانٌ (کفس) بستی کے پریشان پہوسڑے جو گرہ پر رہجاوین —

کُدَانَتہ (فضسف) کمینہ پن — تنج پنا —

کُدَایَتہ (صفسف) طعام اور شراب جمع کیا ہوا ڈہیر لگا ہوا —

کَدَبٌ (فس) سپیدی جو نو جوان کے ناخن پر ظاہر ہو جاتی ہے گذبة ایک — ابن عباس نے آیت مین وَجَاءُو عَلَى قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ ہو بدال مہملہ سے پڑہا ہے یعنے خون جو سپیدی مائل ہو

کُدْبٌ (ضس) کَدِبٌ (فکس)

کَدَبٌ (فف) بمعنی کَدِبٌ —

کَدَّة (کتف) سخت و درشت زمین —

کَدَحَ (فف) (س) بقدر کفایت شراب پینی —

کَدَحَ (فس) خراشش کدوح (ضض) جمع — اہل لغت کے نزدیک کدح بہ نسبت خدشے کے بڑہ کر ہے (ف) ایک کام مین اپنی ذات کے لیے کوشش کرنی نیک ہو یا بد منہہ چہیلدینا یا کسی طور پر اوسکو معیوب اور خراب کر دینا — اپنے اہل و عیال کے لیے کسب اور کمائی کرنی — سر کے بالون مین کنگہی کرنی —

کُدْدَة (فضفف) کہانا وغیرہ جو کچہہ کہ تہ دیگ مین بچ رہے —

کُدَّدَة (ضفضف) بمعنی کَدَدَة (قطف) —

کُدُرٌ (ضفت) موٹا گول بدن کا

کَدَرٌ (فف) تیرگی ہر ایک چیز کی —

کُدَرٌ (ضفض) سخت دلدار گدہا جماعت گدہ جو بولتے ہین —

کُدَرٌ (فک) دہندلا

مادہ

کدرۃ (ضسف) تیرگی یہہ لفظ خاص ہے رنگ کے واسطے۔

کدرۃ (ففف) حوض کا کیچڑ جو تہا مین جمی ہوئی ہو۔ کائی وغیرہ جو پانی پر جم جاتی ہے۔ ہلکا پتلا ابر۔ ڈہیلے کا بڑا انگڑا۔ کہیتی مین سے کٹا ہوا ایک دستہ کدر جمع۔

کدری (ضسکت) ہلکا ابر۔ ایک قسم کا سنخوار تیرہ رنگ پیٹہہ کا ابلق گلے کا زرد۔

کدس (ضس) کہلیان اکداس جمع۔

کدش (فس) کداس (کغس)

کدسان (ففس) (ض) چہینکنا کسیکو زمین پر پچہاڑ دینا گرانبار کا جلدی سے چلنا۔ کوتکنا۔ ایک چیز کو جمع کر لانا۔

کدسۃ (ضسف) چوپایہ کی چہینک چوپایہ کا چہینکنا اور کبھی آدمیون مین بہی استعمال کرتے ہین۔

کدش (فس) (ض) جہیلنا کسیکو تلوار اور نیزہ سے مارنا اور زخمی کرنا۔ کسیکو زور سے دفع کرنا ہانکنا۔ کسیکو قطع کرنا۔ کسیکو پیچہے سے ہانکنا اور دور کرنا۔ اپنے عیال کے لیے مشقت و رنج سے کمائی کرنی۔ کسیکی خیر و احسان پر پہونچنا۔ اور یہہ قول آکدش بخیر یعنے اوس مین سے کچہہ خبر دے اور آگاہ کرے۔

کدع (فس) (ف) دفع کرنا اور ہانکنا۔

کدعۃ (ضسف) ذلیل و خوار۔

کدف (ففف) پاؤن کی سخت جگہہ پر پڑنے کی آواز۔ یا وہ آواز کہ جسے تم بغیر کسی چیز کے سنو۔

کدکاۃ (کسفس) ہنسنے مین حد سے گذر جانا۔

کدکدۃ (فسفف) ہتہوڑے وغیرہ کی آواز۔ ہنسنے مین حد سے گذر جانا۔ صیقل گر کا مصقلہ کو تلوار پہ مارنا۔ بوجہاون کی طرح گرانبار چلنا۔ نرم دوڑنا۔ زور سے ہانکنا۔

کدم (ضف) ایک قسم کی سیاہ اٹہہ سی سبز سر کی۔

کدم (فس) (ض) دانت سی کاٹنا یا

انگلے دانتون سے کاٹنا۔ لوہے
سے کاٹنا۔ لوہے سے زخمی
کرنا۔ یا لوہے سے اوسپر نشان
کرنا۔ شکار کو ہانکنا۔ ایک چیز کو
ڈھونڈھنا۔

کُدَیحہ (فسف) داغ و نشان۔

کُدَیمہ (ضکضف) دلدار سخت بکری

کَدِیشہ (ففضف) حرکت و جنبش۔

کُدَیمہ (ضفضف) درشت و سخت مرد۔

کَدَن (فس) کپڑے کا پٹکا بنانا
اور اوسکو باندھنا۔

کُدُن (کس) ایک کپڑا ہے کہ
اوس سے پردہ بناتے ہین یا
نہالین جیسے عورت ہودہ مین اپنے
نیچے بچھاوے۔ ہودہ وغیرہ کہ عورتین
اوس پر سوار ہوتی ہین۔ پالان
چمڑے کا ہاون اور وہ پوست یا چمڑہ
ہے دباغت کیا ہوا کہ اوسمین دوائین
وغیرہ کو کوٹتے ہین کُدُون (ضفض) جمع

کَدَن (فقف) دھندلا (س)
ہونٹ کے ہونٹھ کا آلودہ ہونا۔
صلیان گھاس کی شاخون کا چر لیا جانا
اور اوسکی جڑ کا باقی رہنا۔

کَدَن (ثاب) چربی کو ہان کا
اونٹ چربی اور گوشت و الابعیرۃ
کدن بولتے ہین۔ کدنۃ ہونث
(فکضف)۔

کَدِنہ (کسف) کوہان۔ چربی۔
گوشت۔ مرد کی قوم۔

کَدْو (فس) **کُدُوّ** (ضفضت)
(ن) دیکھے زمین گھاس کا دیر مین نکلنا
آرض کادیۃ بولتے ہین۔

کُدُود (ضفس) چاہ و دشوار
آب یعنے کوان جس مین سے پانی
دشواری سے نکلے۔

کُدُور (ضفس) (ن) پانی کو بہانا

کُدُورہ (ضفضف) تیرگی یہہ
لفظ مستعمل ہوتا ہے پانی اور
آنکھہ مین۔

کَدْہ (فس) ایک کوفت جو پتھر
وغیرہ سے پہونچے کہ سخت اثر
کرے **کُدُوہ** (ضفس) جمع
ایک آواز ہے کہ دندون کو
اوس سے ڈرا بیٹھتے ہین (مد)
توڑنا۔ سر کے بالون کو کنگھی سے
جدا کرنا۔ غلبہ۔

کدہ (فس) کدہ وہ (ضضس) منہہ کا چھیلنا

کدا (فف) (س) ہڈی گلے مین اٹک جانی - بدہضمی کے سبب اونٹ کے بچہ کے معدہ کا خراب ہوجانا - انگلیون کے ناخن کا زمین کہودنے سے کند ہو جانا - کہتے کے بچہ کا کدی زدہ ہونا -

کدی (فف) دودہ خرما کے ساتہہ کہ جس سے لڑکیون کو موٹا کرتے ہین - ایک قسم کے کتے کے بچہ کی بیماری -

کدی (فکت) بغیر بو کا مشک مشک کدی بو لیے ہین -

کدی (فس) (فض) کم خیر ہوجانا یا سخاوت کم کرنا - کسیکو روکنا اور مشغول رکہنا - کسی کے منہہ کو چھیل دینا - کسیکا بو یا ہوا خراب ہو جانا -

کدیاء (ضفسفم) بمعنے کدیہ (فسف) -

کدیہ (ضسف) زمانہ کی سختی - سخت زمین - بڑا پتہر کہ دار سخت کدی جمع (ضفتت) - اور بولتے ہین ضبٌّ کُدَیّۃ وضِبابٌ کُدیً اور یہہ نام سوسمار کا اسواسطے ہوا کہ کدیۃ کے کہودنے کی بہت مشتاق ہوتی ہے - سخت ڈہیلا وغیرہ پتہر کے بیچ - گل اور طعام اور شراب جمع کی ہوئی تہہ لگی ہوئی -

کدید (فکس) نمک جوش نہ کیا ہوا - نمک کی آواز جبکہ ہانڈی مین پڑا ہو - شکم فراخ زمین سخت و درشت زمین - کٹی ہوئی پامال زمین -

کدیر (فکس) جو کہ تیرگی رکہتا ہو

کدیراء (ضفسفم) دودہ اور خرما جو عورتونکو موٹا کرے

کدیون (کسف) خاک ریزہ گوبر وغیرہ کا ٹکڑا کہ اوس پر روغن کی گاد ڈالکر زرہ وغیرہ کو اوس سے جلا دیوین

کذّ (فت) (ض) سخت ہو جانا -

کذا (ففس) ایسا چنانچہ کہتے ہین فعلتُ کذا یعنے کیا مین نے ایسا - اور اتنا کے معنے مین بہی ہے

۱۰ ... ۱۱ کدن ۱۲ کدنو ۱۳ کذو

عدو مین مستعمل ہوتا ہے چنانچہ کہتے ہین لی عِنْدَہٗ کَذَا وَ کَذَا یعنی میرے اوس پر اتنے درہم ہین

کَذّابٌ (فتقفس) جہوٹہہ بولنے والا۔

کِذّابٌ (فتقفس) جہوٹہہ۔

کِذَابٌ (کتقفس) خوب انکار کرنا۔ کسیکو دروغ گو کہنا اور کہنا کہ تونے جہوٹہہ کہا۔ ارادہ سے رُک رہنا۔ ناقہ کا دودہ جاتا رہنا۔ کسیکو کسی سے پہیر دینا۔ وحشی جانور کا ایک دو قدم چلنا اور ٹہیرنا تاکہ دیکہے کہ پیچہے کون ہے۔

کِذَابٌ (کفس) آپس مین ایک دوسرے کو دروغ گو بنانا یا آپس مین جہوٹہہ بولنا۔

کَذّانٌ (فتقفس) ایک نرم پتہر ڈہیلے کی مانند۔

کَذِبٌ (فک) جہوٹہہ

کِذْبٌ (کک) **کَذِبٌ** (کس) **کِذْبَۃٌ** (کسف) **کِذَابٌ** (کفس) **کِذّابٌ** (کتقفس) (ض) جہوٹہہ بولنا

جہوٹ کی راہ سے آگاہی دی جانی مجہولاً مستعمل ہوتا ہے ناقہ کا کاذب ہوجانا۔ واجب ہونا اور اسی سے ہے یہہ قول کَذَبَ عَلَیْکَ الْغُسْلُ یعنے غسل تجہہ پر واجب ہوا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہہ قول ثَلٰثَۃُ اَسْفَارٍ کَذَبْنَ عَلَیْکُمُ الْحَجُّ وَ الْعُمْرَۃُ وَ الْجِہَادُ یعنے تین سفر ہین کہ تمپر واجب ہین حج اور عمرہ اور جہاد اور ایسا ہی یہہ بہی حضرت عمرؓ کا قول ہے جب کہ ایک شخص نے آپکے آگے نقرس بیماری کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کَذَبَتْکَ الظَّہَائِرُ یعنے واجب ہے تجہہ پر دوپہر کے وقت ہوب مین ننگے پاؤن پہرنا اور یہہ ایک کلمہ ہے کہ جسکو عرب معنی اغرا مین اور برانگیختگی مین بولتے ہین۔

کَذْبَانٌ (فسفس) جہوٹہہ بولنے والا

کُذْبَانٌ (ضسفس) جہوٹہہ۔

کُذُبَۃٌ (ضسف) جہوٹ بولنے والا۔

کُذُبْذُبٌ (ضسضض) جہوٹہہ بولنے والا

[illegible]

عدد مین مستعمل ہوتا ہے چنانچہ
کہتے ہین لی عشرۃ کذا دِ ہما یعنی
میرے اوس پر اتنے درہم ہین
کَذَّابٌ (فتتفس) جہوٹہہ
بولنے والا۔
کِذَّابٌ (فتتفس) جہوٹہہ۔
کِذَّابٌ (کتقس) خوب انکار
کرنا۔ کسیکو دروغ گو کہنا
اور کہنا کہ تو نے جہوٹہہ کہا۔
ارادہ سے جہک رہنا۔ ناقہ کا
دودہ جاتا رہنا۔ کسیکو کسی سے
پہیر دینا۔ وحشی جانور کا ایک
دو قدم چلنا اور ٹہیرنا تاکہ دیکہے
کہ پیچہے کون ہے۔
کِذَابٌ (کفس) آپس مین
ایک دوسرے کو دروغ گو بتانا
یا آپس مین جہوٹہہ بولنا۔
کَذَّانٌ (فتتفس) ایک نرم پتہر
ڈہیلے کی مانند۔
کَذَبٌ (فک) جہوٹہہ
کَذِبٌ (فک) **کِذْبٌ** (کس)
کِذْبَۃٌ (کسف) **کِذَابٌ** (کفس)
کِذَّابٌ (کتقس) (ض) جہوٹہہ بولنا

جہوٹ کی راہ سے آگاہی دی
جانی مجہولاً مستعمل ہوتا ہے
ناقہ کا کاذب ہو جانا۔ واجب
ہونا اور اسی سے ہے یہہ قول
کَذَبَ عَلَیْکَ الغُسْلُ یعنے غسل تجہ
پر واجب ہوا۔ اور حضرت عمر رضی
اللہ عنہ کا یہہ قول ثَلٰثَۃُ اَسْفَارٍ کَذَبْنَ
عَلَیْکُمُ الحَجُّ وَالعُمْرَۃُ وَالجِہَادُ یعنے تین
سفر ہین کہ تمپر واجب ہین حج اور
عمرہ اور جہاد اور ایسا ہی یہہ بہی
حضرت عمرؓ کا قول ہے جب کہ
ایک شخص نے آپکے آگے نقرس
بیماری کی شکایت کی تو آپ نے
فرمایا کَذَبَتْکَ الظَّہَائِرُ یعنے واجب
ہے تجہہ پر دوپہر کے وقت دہوپ
مین ننگے پاؤن پہرنا اور یہہ
ایک کلمہ ہے کہ جسکو عرب معنی
اغرا مین اور برانگیختگی
مین بولتے ہین۔
کَذْبَانٌ (فسفس) جہوٹہہ بولنے والا
کُذْبَانٌ (ضسفس) جہوٹہہ۔
کُذُبَۃٌ (ضسف) جہوٹ بولنے والا
کُذُبْذُبٌ (ضسضس) جہوٹہہ بولنے والا

علامات اعراب ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م مد

کُنْدْزَبان (ضسفسفس) جہوٹہ بولنے والا۔

کُنْذِنی (ضسف) جہوٹہ۔

کُنْدُج (ففف) کندہ کہ گہرا اور رہنے کی جگہہ کو کہتے ہین معرب ہے۔

کُنْدُج (ففف) (ت) ہوا کا کسی پر خاک اور کنکریان ڈالنی۔

کُذکُنْدَہ (فسفف) نہایت گہری سخت

کُنْذُوب (ففس) جہوٹہ بولنے والا

کُنْذُوبَہ (فضسفت) جہوٹہ بولنے والا نفس کُنْذُوبَہ بولتے ہین کُذُب بضم جمع

کُرّ (ضت) طعام قلیل کا پیمانہ کہ اہل عراق کا ہے اکرار جمع چہہ گدہون کا بوجہہ اور وہ ساٹہہ قفیز یا چالیس اردب ہین — چادر۔

کُرّ (فت) پوست خرما یا اوسکے پتے کی رسے کہ جس سے کچہہ باندہین رسی کہ جس سے کہ درخت پر چڑہین یا موٹی رسی یا عام ہے۔ پالان کی رسی جس سے اوسکے دو حلقے باندہے جاتے ہین اکرار (فسفس) جمع — بادبان کی رسی کُرُور جمع سکوان — نرم زمین مین چہوٹا کوان جسمین پانی نزدیک ہو یا وہ جگہہ کہ اوس مین پانی کو جمع کرین تاکہ پانی روشن اور صاف ہو جاوے کِرَاز جمع — رومال جس پر نماز پڑہین اگر بزرگ ہو جمع

کُرّ (فت) کرور (منفس)

کَرِیر (فکس) (ن) کسی پر حملہ کرنا — میل کرنا — مہربانی کرنی — پہر جانا — گلے گہٹتے ہوئے کا آواز کرنا — پہیر دینا۔

کَرّ (فک) سونی والا ودوڑنے والا کَرِیتَہ (فکفت) مونث —

کِرَاء (کفس) اجورہ دار کی مزدوری — چوپایہ وغیرہ کو مزدوری پر دینا۔

کَرَاب (ففس) اَحَدٌ یعنی کسی یعنی کوئی —

کِرَاب (کفس) زمین کو بونے کے لئے گاہنا۔

کَرَابِیسِی (ففکسکس) کرباس کیطرف منسوب خلاف قیاس اور حسب قیاس کرباسی —

کَرَاث (ففس) ایک ترکاری خرت

مادہ

۱ کسب
۲ الرضی
۳ کسج
۴ کسج
۵ کسذ
۶ کسذ
۷ الرفیح
۸ کسر

۹ الف
۱۰ الف
۱۱ کری
۱۲ کرا
۱۳ کرب
۱۴ الف
۱۵ کربس
۱۶ کرث

کہ طائف کے پہاڑون مین اوگتا ہے

کُرَاتْ (ضتقفس) ایک قسم کا ساگ گندنا۔

کُرَّاثَار (ففضسم) اچھے خرمے کا سبز دانہ کچا۔

کُرَاخَتہ (ففسف) لوہے کا ٹکڑا۔

کُرَادح (ضفسک) ٹہنگنا۔

کَرَّار (فتقفس) پہرنے والا۔ حملہ کرنے والا۔ مہربانی کرنے والا۔

کَرَّار (ففس) ایک جادو کا منکا ہے جس سے عورتین مردون کو روک رکھتی ہین چنانچہ ایک ساحرہ کہتی ہے یا کَرَّار کُرِّیہ یا ہَمْزَۃ اِہْمِزِیہ اِنْ اَقْبَلَ فَسُرِّیہِ وَاِنْ اَدْبَرَ فَکُرِّیہ۔

کَرَارِجَہ (ففسکف) ایک چھوٹی مچھلی ہے سبز رنگ کی۔

کَرَاز (فتقفس) بوک جس پر چرواہا خرچی لادے۔

کُرَاز (ضفس) شیشہ۔ تنگ سر کا کوزہ کِرزان جمع۔

کُرَّاز (ضتفس) تنگ سر کوزہ۔ شیشہ۔

کُرَّاسَہ (ضتفسف) اجزا کتاب مین کا ایک جزکراس (ضتفس) کراریس (ففکس) جمع

کَرَاشِی یا **کَرَاشْ** (فتفکس) ایک چھوٹا سیاہ جانور ہے۔

کَرَاحَضْ (کفس) سناٹہ یا سانڈہ نطفہ جسے مادہ رحم مین ستہ گرادے قبول کر لینے کے بعد۔ رحم کے حلقے کرض یا کرضہ واحد اور بعض کہتے ہین کہ اسکا واحد ندارد۔ اعلائے کمان کے رکھنے کی سوفار اور چلہ کی جگہ ہے۔ ناقہ کا مدت مقررہ سے پہلے جننا۔ کرنفض بنانا ناقہ کا رحم مین سے آب گابن کو قبول کر لینے کے بعد گرا دینا۔

کُرَاع (فضس) بکری اور گائے کے ساق کی باریک جگہ اور یہہ ایسا ہے جیسا گھوڑے اور اونٹ کا وظیف ہے مؤنث ہے اَکْرُع (فسض) اَکَارِع (ففسک) جمع اسی لفظ سے ہے یہہ مثل اُعْطِیَ الْعَبْدُ کُرَاعًا فَطَلَبَ ذِرَاعًا۔ یعنی دیا گیا بندہ کراع پھر اوس نے طلب کیا ذراع اسلئے کہ ذراع ہاتھ مین ہوتا ہے اور یہہ کراع

وفضل ہوتا ہے کہ وہ پاؤن مین ہوتا ہے لمبا پشتہ ۔ پتھریلی زمین جلی ہوئی مین سے اونچا ہوتا آیا ہوا کرانان (کفس) جمع ۔ ہر ایک چیز کا کنارہ ۔ آدمی مین جو چیز زانو سے نیچے ہوتی ہے ۔ گھوڑون کا ایک گروہ ۔

کراث (فتقس) جو کہ پیچ لوگون اور کمینون کو دوست رکھے جو کہ اپنے اونٹون کو مینھہ کا پانی پلاوے ۔

کراہم (فتفس) خوب سخی جوانمرد بامروت کرامتہ (فتفسف) مونث

کراہمون (فتفسف) جمع ۔

کراہم (فتفس) جوانمرد کراہمان (ففسفس) جمع ۔

کرامت (ففسف) خم کا سرپوش بزرگی دانشمندی اکرام کا مصدر ہے اور بولتے ہین افعل کذا کرامتہ لک یعنے اس کام کو تیرے کرام کے لیے مین کرتا ہون اور ایسا ہی بولتے ہین افعل کذا کرامتہ (ضسف) وکرمہ (فسف) وکرامتہ عین (فسعفس) وکرامات (ففسف) ۔

کرامتہ (ففسف) کرہم (فقف) کرمتہ (ففسف) جوانمرد اور بامروت ہونا ۔ ابر کا بہت مینھہ والا ہونا ۔ اور بولتے ہین کرم کرنا یعنے ہمیشہ رکھے اللہ واسطے تیرے کرم ۔ زمین کا طاقت دیا جانا پھر اوسکا خوب اگانے لگنا ۔

کرامیتہ (ففسکتف) ایک فرقہ ہے جو باری تعالے کی جوہریت اور عرش پر اوسکے مستقر ہونیکا اعتقاد رکھتے ہین ۔

کران (کفس) رباب یا چنگ ۔

کراہتہ (ففسف) سخت زمین درشتت ۔ سختی (ک) ناپسند ہونا ۔

کراہین (ففسک) بمعنی کراہت بولتے ہین اتیتک کراہین ان تغضب کراہتہ ان تغضب ۔

کرب (فس) سانس رد کینے والا غم کروب (فضس) جمع ۔ (ن) غم کا کسی پر دشوار اور سخت ہوجانا ۔ غمگین کرنا ۔ ڈول پر کرب باندھنا ۔ بٹنا ۔ قید کا قیدی پر تنگ کرنا ۔ پھیر دینا ۔ زمین کو بوئے

مادہ

[illegible]

سکے لیے گاہنا۔

کرب (ضس) نزدیک ۔ مانند۔ مقدار بولتے ہین ہذہ ابل مائۃ او کرب یعنے یہہ سو اونٹ ہین یا اونکی مانند اور اوسکے قریب۔

کرب (فف) شاخ خرما کی جڑ جو تنہ سے ملصق ۔ رسی کہ ڈول کے دستہ سے باندہین تا کہ بڑی رسی نہ گلے اور خراب نہو (س) کسی کے ڈول کی رسی کا منقطع اور تمام اور آخر ہونا اور رسی کا۔

کرباس (کسفس) روئی کا کپڑا سپید کرباس کا معرب کرابیس جمع۔

کربال (کسفس) دہنے کی کمان۔

کربان (فسفس) برتن جو پر ہونے کے نزدیک پہونچ گیا ہو۔

کربۃ (فسف) وادی مین پانی جانے کی جگہہ وادی کا آب راہہ کراب جمع اور مثل ہے الکراب علی البقر یا الکلاب علی البقر یہہ مثل آدمی کی اور اوسکے صناعت مین تخلیہ کردینے مین بولی جاتی ہے اسکے یہہ معنی ہین چہوڑ تو مرد کو اور اوسکے پیشہ کو یعنی اوسکو اوسکے پیشہ پر چہوڑ کہ اوس مین کچہہ دخل ندو۔

کربتہ (ضسف) دم رکنے والا غم

کربتہ (ففف) چہت کی کڑی جس مین ستون کا سرا گہسا دین

کربج (ضسف) دوکان یا کوتجر کی دوکان کا رخت و متاع۔

کربختہ (فسفف) زمین پر پچہاڑ دینا یا بہاری باندہنا۔ ایکقسم کا دوڑنا کہ وخۃ سے کم۔

کربدۃ (فسفف) دوڑنیمن کوشش کرنی۔ خوب دوڑنا۔

کربز (کسک) اخت والوان نے اسکے معنی کی کچہہ تفسیر نہین کی اور صاحب قاموس کے نزدیک یہہ کربز آخر مین زا کے ساتہہ ہے بڑی گگڑی کے معنی۔

کربز (کسک) بڑی ککڑی۔

کربشۃ (فسفف) قیدی کی رفتار۔

کربسۃ (فسقف) قیدی کی رفتار ایکچیز کو پکڑ لینا اور اوسکو باندہنا چوپایہ کا کودنے کے لیے اپنے پاؤن کو جمع کرنا۔

ماده

کربحتہ (ففف) کسیکو زمین پر پچھاڑنا — ایک چیز کو تلوار سے کاٹنا — پاؤن کو آپس مین گہولنا —

کربل (فسف) ایک گہاس جسکا پہول سرخ چمکدار اور روشن ہوتا ہے —

کربلانہ (فففسم) ایک موضع جہان امام ہمام جناب امام حسین بن علی علیہما السلام شہید ہوئے —

کربلتہ (فسفف) پاؤنکی سستی مٹی مین چلنا — پانی مین گہسنا — ملنا — ملانا — گیہون کا پاکیزہ کرنا اور اونکو ہوا مین اوڑانا —

کرۃ (فتقف) ایکبار — ایک حملہ کرات (فتقفس) جمع — صبح اور شام وہما کرتان — (فتقفسک) —

کرۃ (ضتتف) مینگنی کا ٹکڑا یا گندہ مینگنی کہ جس سے زرہ کو جلا دیتے ہین —

کرۃ (ضفف) گیند کرین (ضفکس) کری (فکت) کریا (ضنف) کرات (ضفغس) جمع

کرتحتہ (فسفف) زمین پر پچھاڑ دینا —

کرتع (فسف) لہنگنا —

کرتعتہ (فسفف) بیہودہ اور بے مطلب اور لا یعنی کام مین پڑنا —

کرتم (کسک) کلہاڑی —

کرتوم (ضضس) پہلو ان چمکدار سخت پتھر — اونچی زمین بنی —

کرث (فس) (ان ص) کسیپر غم کا دشوار ہونا

کرتامرۃ (فسفنف) بالون وغیرہ کا انبوہ ہونا اور اوپر تلے جم کر بیٹھنا —

کرثی (کسف) ابر جو اونچا گیا ہوا اور پرتل جم کر بیٹھا ہوا — انڈے کے باہر کا پوست —

کرثنیتہ (کسکف) گہاس جمع ہوئی ہوئی انبوہ اور آپسمین لپٹی ہوئی

کربج (صتنف) گردہ پتہ جو ہو رسے کا بچہ اور جو پایہ کا معرب ہے —

کرج (فعت) (س) روٹی کا خراب ہوجانا اور اوسمین گرمتہ پڑجانی

کرجی (فتتکس) مخنث —

کرح (فس) پارسا ترسا ایون کا گہر

اکراح (فسفس) جمع

کرد (فس) کردنیا اوسکی فارسی ہے معرب ہے (ان) ہانکنا دفع کرنا دشمن کو — قطع کرنا چنانچہ شاعر عرب کرد منو بولتے ہین یعنے موجہ قطع کی میری

۷۵۵

مادہ

کُرد (ضس) ایک گروہ ہے کراد جمع

کَرّاد (کسف) جلد دوڑنے والا -

کَرْدآر (کسفس) عمارت اور اشجار وغیرہ - خاک سے اٹھا ہوا مکان جملک سے منقول -

کُرْدح (کسک) نہایت ٹھرہا -

کُرْدحس درشت وسخت مرد -

کُرْدحار (فسفقسم) ایک قسم کی رفتار

کَرْدَحہ (فسفف) سرعت کی دوڑ زمین پر چہار زہ دینا - ٹھنگنے کا دوڑنا - گدہے کا دوڑنا -

کَرْدَسَہ (فسفف) قید - ایک فسار جیسے قیدم پاس پاس کہتے ہیں قید یونکی طرح - گہوڑونکا گلہ گلہ کرنا - زور سے دفع کرنا ہانکنا - ہاتہ اور پاؤنکا سکوڑا جانا اس معنی میں مجہولاً مستعمل ہوتا ہے ؁

کُرْدُم (فسف) ٹھنگنے قد کا - دلاور

کَرْدَمہ (فسفف) ٹھنگنوں کیطرح دوڑنا - قوم کا جمع کرلانا اور انکو آمادہ ومستعد کرنا -

کُرْدُوس (ضسضس) گہوڑونکا بڑا گلہ - عف و کَرادِیس جمع -

کُرْدُوسَہ (ضسفف) گہوڑونکا بڑا گلہ - بدن کی جوڑ کی ہر دوگانٹہ ہڈی جیسے دو شانون کی دو زانو نکی وغیرہ کُرْدُوس (ضسفس) جمع بہر ہڈی گوشت بہری -

کُرْدُوم (ضسفس) ٹھنگنا -

کُرْدِیَتہ (کسکسف) خرما کا تودہ اور بڑا ڈہیر - خرما کا برتن - خرما کہ اپنے برتن کے کنارہ اور پیندی مین رہ جاوے کَرادِید کَرادِد (ففسکس) جمع -

کِرْدِیتہ (فسکتف) خرما کہ اپنے برتن کے کنارون مین رہجاوے

کُرْز (ضس) چرواہے کا خرجینہ

کَرَزَہ (کففف) ؟

کُرَّز (ضتف) کمینہ نیچ - خبیث حاذق - جو کہ کلام مین عاجز وفرومانده ہو - چرخ اور باز جسکو باندہا ہو تاکہ پر جہاڑ دے - یا ہر پرندہ کہ دوسرے سال مین داخل ہوا ہو کَرارِز (فقسکف) جمع

کَرَّز (فتف) بنیر کہانے پر ہمیشگی کرنا

کَرَزَم (فسفف) کلہاڑی - چہوٹی ناک کا غضروف -

کِرْزِم (فسکس) بہت کہانے والا

کَرْزَمَہ (فسفف) ہر چیز کو کہانا -

مادہ

کرزن (فسف) کلہا جرا۔

کرزی (فسکت) کمینہ خبیث۔

کرزیم (کسکس) کلہاڑی سخت۔

کرزین (کسکس) کلہاڑی یا بڑی کلہاڑی تحرازین (ففسکس) ۔

کرش (کس) آدمیون کے گھر اکھٹے آپسمین ملے ہوئے۔ آدمیون کا گروہ اگر اس جمع اکارہ جمع الجمع۔ بہیڑ کے بچون کا کتہرون کے دڑبے کے مانند گہر جو نرا کہہ وغیرہ سے ملا ہوا۔ گوبر اور مشاب تہ بہ تہ جما یا ہوا۔ ہر ایک چیز کی اصل اور کہتے ہین قلدة ذات کرسو (کسفس) او ذات اگر اسپن (فغفسا) جبکہ بار مین بعض کو بعض کے ساتھ منضم کرین اور ایسا ہی اگر اس القلدة والشیح بولتے ہین۔

کرسافة (کسفسف) آنکھ کی تری اور دسکی تاریکی۔

کرسعة (ضسفف) آدمیونکا گروہ۔

کرشتہ (فسفف) دوڑنا۔

کرسوع (ضسفض) پر تلوار کا من مارنا۔

کرخسف (فسفض) اردی دوات کا صوف۔

کرسفتہ (فسفف) چوپایہ کے پاؤن کا پٹھا کاٹنا۔ اونٹ پر تنگ باندہنا۔

کرشفی (ضسفکت) ایک قسم کا سپید شہد ہے۔

کرسمتہ (فسفف) خاموش ہو جانا کچہ نہ بولنا۔ آنکھ بند کرلینی۔ سر جھکا لینا۔

کرشنعہ (فسفف) ایک چیز تاقوت ہے جسکے دانہ کو گاوداند کہتے ہو علاقت مین ہوتا ہے گول قریب چینے کی برابر دو ہتھ بلے رنگ کا خمی مایل کرد و ابت بعد جہانج او مین ہوتی ہے اوسے کہاتے ہین۔ ایکہ گہاس جسے کشی کہتے ہین۔

کرسوع (ضسفض) چہوٹی انگلی کیطرف سے ہڈی نکلی ہوئی یا چہوٹی ہڈی خردگاہ کی چوپایہ اور بکری وغیرہ کے بند و مٹ کے پاس۔

کرسوعة (ضسفسف) آدمیون کا گروہ۔

کرسوف (ضفضفس) زروئی۔

کرسی (فسکت) تخت علم و دانش۔ دانشمند۔ باری تعالی کی ملک اور قدرت اور تدبیر کرسی (فقسکت) جمع سطریہ مین ایک کون ہے وہان حضرت عیسی علیہ السلام نے حواریون کو جمع کرکے اطراف و نواح مین روانہ فرمایا

کرش (فس) کگفا اور ازرق کے درمیان ایک شہر ہے (ض) ایک چیز کو دوسری مین داخل کرنا اسی سے ہے یہہ قول اوس شخص کا کہ جسکو کسی ایک امر کی تکلیف دوان وجدتنی ذات کرشی فا کرشش اصل اسکی یہہ ہے کہ ایک شخص نے بکری کے اعضا جدا کرکے اونکو اوسکے کرشش مین پکانے کے لیے داخل کیا تو اوس سے کسی نے کہا کہ اسکا سربھی اسمین داخل کر تو اوس نے یہہ جواب دیا یعنے اگرچہ مین سرکے داخل کرنے کی شکنب مین کوئی راہ پاؤن تو اوسمین داخل کرون۔

کرشن (کس) ہوگا لی کرنے والا چوپایہ کا اوچھہ جیسا آدمی کا معدہ مونث ہے کرشش (ضفس) تجمع سمرد کے اہل و عیال اور چھوٹے چھوٹے فرزند آدمیون کا گروہ قریبون بلشد کا ٹکڑا یا پشتہ۔ دیار بنی ابی بکر بن کلاب کا ایک پہاڑ ہے۔ چراگاہ کی ایک گہاس ہے سب سے زیادہ خوشگوار۔

کرشن (ففف) (سن) کہال کا سکڑجانا۔ مرد کا تنہائی کے پیچھے یا گروہ ہونا۔

کرشاء (فغفسم) بزرگ شکم کی عورت۔ گوشت بھرا پاؤن تلوے کا ہموار۔ چوچی ادنگی گدہی یا ادنٹنی بڑی کوکھ کی بڑی تھنون والی۔ دور گہڑاؤ کا بچہ دان۔ بسطام بن قیس کا گھوڑا

کرشافتہ (کففف) بمعنی شگفتہ۔

کرشب (کسکت) بمعنی قرشب (کسکت)

کرشفتہ (فسففف) سخت زمین

۷۵۸

کرشت (فسفت) رخسارہ۔ چہرہ
کرشم (فسفس) بدصورت
بدشکل
کرشیون (کسکتفس) اور واسط
سکندر شہر وا سطے اسلئے کہ ملک
حجاج نے جب اوسے بنایا تو
عبد الملک کو لکھا کہ مین نے ایک
شہر بنایا […] کرش […]
مین […] دو شہرون کے
درمیان مین بنایا ہے […] اور اسکا
نام واسط کہا ہے
کرشمہ (فسفسم) کا رسا ایکطرف
[…] حملہ کرنا
کرفض (فسض) کسی کی عزت
[…] مین طعن کرنا
کرط (کسن) آدمی […] کے
حسب مین طعن کرنے والا
کرطشہ (فسفسم) […] گول
چھوٹی لکڑی […] سے سوفار
تیر کی جڑ مین […]
کرسع (فسفس) […] منہہ کا یا پانی
[…] کے پاؤن کے ساق کی
[…] کی باریکی۔ کمینہ آدمی طبیعت کا

دوفی […] مکان اور جگہ […]
[…] اس […] برابر […]
رکے کا تیز شہوت ہونا
کرصع کھانے پر جرأت کرنی
کرملع زمین پتھریلی جلی ہوئی
مین داخل ہونا […] تمین
خوشبو ملنی […]
کرسح (فسفس) […] لگنا
[…] پاؤن […] لگنا
یا باریک کلائی کا ہونا۔ عورت
کا […] کی […]
[…] آدمی کا […] ہو جانا […] پیشین
ساق کا باریک ہو جانا […]
[…] کرسع (ضمس)
[…] مین پتھریلی جلی ہوئی زمین
مین داخل ہونا […] تمین
خوشبو ملنی
کرشع (فس) کرشع
(ضفس) منہہ سے ایک چیز
مین […] پانی لینا اور پینا
کرعتہ (کسعد) تیز شہوت
لڑکی
کرف (فس) (انفض)

گدہے کا مادین سے پیشاب کو سونگھنا اور سر اونچا کرنا اور اوس حال مین ہونٹھون کو پہرانا۔

کرفاسیہ (فسفف) بالون وغیرہ کا زیادہ ہونا اور اوسکا اور پیرتی تبنا۔ سرقہم کا خلط ملط ہونا۔ ہانڈی کا جوشش سے جہاگ نکالنا۔

کرفش (ضعف) اجمود یعنے اجوائن یہہ بہت فایدہ مند اور کثیر المنافع۔

کرفیس (ضسفض) ایروی۔

کرفئة (فسفف) عشیمی کی مثال قینچی کے مانند ملنا اور اونٹ کو قید کرنا اور اوسیر تنگ باندہنا۔

کرشعی (کسکس) اونچا چڑہا ہوا اور اوپر تلے جما ہوا۔ اوس کے باہر کا پوست۔

کرفته (کسعف) اوسنچے تہ بتہ جمے ہوئے ابر کے ٹکڑے۔ درخت شغلی کہ ایک درخت ہے جسکا پتا چار کنارہ تیز رکھتا ہے ایسے کہ ہر ایک کنارہ کے ٹکڑے سے ذبح کر سکتے ہین اور اوسکا پھل جبشی کے سر

مشابہ ہوتا ہے۔

کرکرۂ (فکسا) مرغ۔

کرکرۂ (فستف) عربون کا ایک کھیل ہے۔

کرکرۂ (ضسفض) ایک خوشبودار گھاس ہے۔

کرگدن (ففتف) ہند کا ایک جانور ہے بہینس کی شکل کا فارسی مین اوسے کرگدن کہتے ہین اور ہندی مین گینڈا اوسکے پوست پر کوئی چیز کارگر نہین ہوتی ہے کھال اوسکی بہت اچھی اور جید ہوتی ہے اپنی ناک پر ایک بڑا سینگ رکھتا ہے ہاتھی کا دشمن ہے اور بہت قوی ہے ہاتھی کو اپنے سینگ پر اوٹھا لیتا ہے اور اوسکے بہشت مین ممکن نہین کہ ہاتھی رہیگا۔

کرکر (فسف) اونٹ اور بیل اور بوک کے ڈکر کا غلاف بیلقان کے پاس نوشیروان کا بنایا ہوا ایک شہر ہے بغداد اور نقص کے درمیان ایک گانون ہے

کَرکَرَۃ (فسفف) ہنسی کا قہقہا ۔ دانہ کو کوٹنا اور اوسکو توڑنا ۔ ہنسنا ۔ شکست کہانی ۔ ہوا کا ابر کو حرکت دینا ۔ مرغی کو آواز دینا ۔ ایک چیز کو جمع کرانا ۔ دور کرنا ۔ بند کرنا ۔ چکی پھرانی کرنی یا ایک چیز کو پھیرانا ۔

کِرکِرَۃ (کسکف) اونٹ کا پایچہ ان سُم اور وہ ایک گول گوشت ہے سخت اوسکے سینہ کے درمیان یا ہر چوپایہ ذی خف کا سینہ ۔ آدمیون کا ایک گروہ ۔ عمرو بن لغوبے کے والد کا نام ۔

کَرکَسَۃ (فسفف) قیدی اور اسیر کرنا ۔ ایک چیز کو پھیر دینا اور اوسکی تردید کرنی ۔

کُرکُم (ضسضض) زعفران ۔ مصدر کے ۔ زعفران کا ایک ٹکڑا ۔

کُرکُمَان (ضسضفس) زرقا ۔

کُرکِیّ (ضسکت) کلنگ جانور ۔

کَرَاکِیّ (ففسکت) جمع ۔

کُرکِیّ (ضسف) تخنث ۔

کُرکُدَۃ (کسکسف) خرما کا بڑا لوٹا ۔

کَرم (فس) انگور ۔

کَرمَۃ (فسفم) ایک حسین یعنی ہی زمین جو کنکریون سے پاکیزہ ہو ۔ گلوبندون میں سے ایک قسم کی زرگری ۔

کَرُومٌ (ففضس) کرم کی جمع ۔

کَرَمٌ (خفف) جوانمردی اور سخاوت ۔ مردمی اور عزیزی ضد لوم ۔ مرد جوانمرد بامروت واحد و جمع و مذکر و مونث ۔ ایک موضع ہے ۔

کِرمَان (فسفس) ایک اقلیم ہے فارس اور سجستان کے درمیان ایک شہر ہے غزنتہ اور مکران کے درمیان ۔

کُرمَۃ (فسفف) گول سرین کی تندی یعنے اوبھار ۔

کَرِیمَۃ (کسفف) جوانمرد سخی عورت ۔

کَرمَشَۃ (فسفف) کسیکو زمین پر پچھاڑ دینا ۔

کَرمَدَۃ (فسفف) کسی کے آثار نشان کے پیچھے دوڑنا ۔

کِرنَاس (کسفس) روئی کا کپڑا یعنے روئی کا بنا ہوا کرباس

مین لغت ہے۔

کرناف (کسفس) شاخ خرما کی جڑ کہ کاٹنے کے بعد تنہ پر بچا رہے

کرنافۃ (کسفسف) ایک کرنیف

(ففسکس) جمع۔

کرنب (ضسض) چکندر یا اوسکی شیرین تر ایک قسم قنبیط سے بہت ترو تازہ کہ بہت سخت تر ہے۔

اور جنگلی کرنب (ضسض) کڑوا ہوتا ہے

کرنبۃ (فسفف) مہمان کو کرنیب کہلانی کہ ایک قسم کا طعام ہے - دودھ کے ساتھ خرما کہانا۔

کرنفۃ (ضسفف) باریک اندام اور دبلا آدمی ہو یا اونٹ۔

کرنفۃ (فسفف) تلوار سے قطع کرنا - کسیکو چوب دستی سے مارنا

کرانیف (ففسکس) کو قطع کرنا۔

کرنیب (کسکس) ایک قسم کا طعام کہ دودہ اور خرما سے بناتے ہین

کرنیفۃ (کسکسف) دلدار ناک۔

کرو (فس) (ن) زمین کھودنی لکڑی وغیرہ سے کوئین کو بنانا - ایک چیز کو بار ہا کرنا - چوپایہ کا دوڑنا - چوپایہ کا چلنے مین ہاتھہ یا ٹون کو ناہموار ڈالدینا - گیند سے کہیلنا عورت کا ایک قسم کا خرامان چال چلنا۔

کرو (کس) کرایہ کو دینا کسی چیز کو

کرواء (فسضم) باریک ساق کی عورت دلدار ذراع کی۔

کروان (ففسر) ایک چوپنہ کہ ایک طائر ہے - شوات کہ ایک طائر ہے

کروانیۃ (فسفسف) مؤنث

کراوین (ففسکس) کروان (کسفس) جمع مثل ہے اجبن مین کیڑدان وہ نامرد ہے زیادہ کروان سے بہی۔

کروب (ضضس) نزدیک ہونا - کرابہ کہانا - غروب ہونے کے نزدیک ہونا آفتاب کا۔ اور بولتے ہین کرب حیواۃ النار آگ کا بجہہ جانے کے قریب پہونچ جانا - ناقہ کو لادنا - نخلہ سے بیخ شاخ لینی اور زمین کرب مین بیج لگانا - کریب کے بجنے کی آواز نکلنی۔

کَرْوَۃ (کسف) مزدوری — کرایہ کو دینا۔

کَرُوز (ضفض) ایک چیز مین داخل ہونا۔ پوشیدہ ہو جانا۔ کسی کیطرف پناہ لیجانی۔ کسی کی طرف میلان کرنا۔ سانڈ کا پیشاب کو سونگہنا۔

کَرَوَّس (ففتتف) آدمی اور شیر بزرگ سر کا۔ سخت سر والا۔ بڑے سم کا سخت پانون والا اونٹ

کَرَوِیَا (فسففس) ایک بیج ہے جسے فارسی مین زیرۂ رومی اور شاہ زیرہ کہتے ہین۔

کُرْہ (فس) ناپسند و ناخوش و ناخواست چیز۔ سختی۔ مشقت۔ سخت سر کا اونٹ۔ نجف سے چہہ میل پر ایک موضع ہے۔

کَرْہ (فس) سختی و مشقت۔

کَرِہَ (فک) ناپسندیدہ و ناخوش و ناخواست۔

کَرْہ (فس) کَرَاہَۃ (ففسف) کَرَاہِیَۃ (ففسکف) (س) کسی چیز کو ناپسند رکہنا۔

کَرَہْیٰ (فسف) پس گردن کا اوپر کا گڑہا۔ سر سمیت چہرہ۔

کَرَیٰ (ففف) خواب۔ شتر مرغ که ایک پرندہ ہے اور جب اسے شکار کرتے ہین تو کہتے ہین اَطْرِقْ کَرَیٰ اِنَّ النَّعَامَ فِی الْقُرَیٰ تو وہ یہہ سنکر زمین مین چمٹ جاتا ہے اور گردن جہکانے لگتا ہے پس اوس پر کپڑا ڈالکر پکڑ لیا جاتا ہے — اور یہہ اوس شخص کے حق مین بہی کہتے ہین کہ جو اپنے آپ سے خوش ہو اور اپنے اندر اتراوے یا اوس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ جو نرم اور لطیف باتین کہا جاوے اور اون سے فریب مین آجاوے اور غرض ان باتون سے فریب ہو (س) سونا آرام کرنا — زور سے دوڑنا۔ نہر کہودنی ناقہ کا دوڑنے مین مڑے ہوئے اور بغیر سیدہے کے پاؤن کو ڈالنا — عورت کا باریک ساق ہو جانا — دونون ساقون کے

میان کی کشادگی یا اوسکی باریکی
رنش وسنت کی دلداری ـ
کُری (فکت) سونے والا مرد
دوڑنے والا ـ کرایہ کو دینے والا
ـ گدہے کا خبر گران ـ کرایہ کو لینے
والا ـ ہر چیز بہت ـ ایک قسم کی
... اور درخت کہ جاے
... مین اوگین یا عام ہے ـ
کریشہ (فکفرت) ایک دو نون ...
کُرّی (ضس) (ض) نہر کہودنی
کریاس (کسفس) سنڈاس
جس ... لیعنے موری زمین
... (ففسکس) جمع
کریش (فکس) نہایت اندوہ
مند مرد ـ نان پز کی لکڑی کہ جسپر
سے روٹی کو گول کرتے ہین ـ
کہیتی کی زمین لگاہی ہوئی ـ
کی گرہ ـــ
کریتہ (فکسف) سختی ـ بلا کرائب
(فففسک) جمع ـ
کریت (فکس) تمام و کامل ـ
کریش (فکس) جو کراموز زمین
... ل ہو ـ ... فراندہ ... النہا الامن

کریثار (ففکسفم) خرما کا سبز دانہ
اچہا اچہا خرما کا سبز دانہ کچا ـ
کرتیر (فکس) سینہ کی آواز
گلے گہٹتے ہوئے آواز کی مشابہ
ہوتی ہے یا گلے گہٹتے ہوے کی
آواز ـ آواز کی گرانی ـ گلے کا
رکاو ـ اور بیٹہہ جانا جو گرد و غبار
سے حاصل ہو
کریبج (ففکک) ابہی کا رجستہ (ففسکک)
کریز (فکس) پنیر ـ
کریص (فکس) اطر قوت یا
حمیض سے ملا ہوا پنیر یا بے
ملاو پنیر ـ ذخیرہ ـ تر بستہ گہاس
دودہ مین پکی ہوئی ـ خشک کی
ہوئی یخنی رکہی ہوئی تاکہ موسم
گرمی مین کہاوین یا خرما سے ملا ہوا
پنیر ـ وہ جگہہ کہ جہان پنیر بناوین
(ض) خرما کے ساتہہ پنیر کو ملانا ـ
کوٹنا ـ
کریض (فکس) ایک قسم کا پنیر
یا وہ صاد مہملہ سے ہے ـ
کریع (فکس) نہر مین سے ہاتہہ
سے لیکر پانی پینے والا ـ

کریتم (فمفس) سختی۔
کریتم (فکس) جوانمرد بامروت
کریم (ضففم) کرام (کفس)
جمع۔ معاف کرنے والا گناہ سے
درگذر کرنے والا۔
بہت اور پاکیزہ ازق رزق
کریم بولتے ہین۔ آسان و
سہل و نرم کلام۔
کریمان (فکسفس) حج اور جہاد
اسی سے ہے خیر الناس مؤمن
بین کریمین یا یعنے اسکے یہ ہین
کہ سب سے بہتر آدمی وہ ہے جو
دو گھوڑے کے درمیان ہو کہ او نیز جہاد
کرے یا درمیان دو اونٹون کے
کہ جنپر وہ آپ کشتی کرے ابوان کریمان
یعنے ما اور باپ دونو مومن۔
کریمتہ (فکسف) جوانمرد سخاوت
بامروت۔ کرائم۔ (ففسکم)
جمع۔ کریمتک تمہاری ناک یا
ہر عضو شریف جیسے کان
اور ہاتھ۔
کریمتان (فکسفف) دو آنکھ
کرینتہ (فکسف) گانے والی عورت

کران (کفس) جمع۔
کریہ (فکس) ناپسند و ناخوش
رکھا ہوا۔ نہ چاہا ہوا۔ شیر بیشہ
کریہتہ (فکسف) سخت لڑائی
یا لڑائی کی سختی۔ حادثہ بلا۔
کریہتہ السیف تلوار کی تیزی
جسے ناپسند رکھین۔
کز (فت) مرد تند کتر (فدت)
جمع۔ بڑا اور بھونڈا چہرہ اور
ترش یعنے چڑھا ہوا چہرہ۔
کز الیدین بخیل مرد۔ سونا
سخت و ہے بکر بولتے ہین۔
کزاز (ضتقس) ایک بیماری
جو سردی سے پیدا
ہوجاوے یا جاڑے کے
سبب لرزہ اور
ترنجیدگی۔
کزازۃ (ففف) کزوزۃ۔
(ضفسف) (ض) خشک ہونا۔
سکڑ جانا۔ تند مزہ ہوجانا۔ بخیل
و کم خیر ہونا۔ کزاز زدہ ہونا اس
معنی مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہے۔
ایک چیز کو تنگ کرنا۔ قدم کواپنے

مادہ
۵۸ ایضاً
۵۹ کز
۶۰ ایضاً
۶۱ ایضاً

مادہ
کزب
کزبر
کزز
کزم

نزدیک رکھنا۔

کَزْبٌ (ضس) تیں کی کھلی ایک درخت ہے۔

کَزَبٌ (ضس) پاؤنکی پیٹھہ کی ہڈیون کی چھوٹائی اور اونکا سکڑا ہوا ہونا اور یہہ عیب ہے۔

کُزْبُرَةٌ (ضسفف) دھنیا کہ ایک قسم کا ہانڈی کا مصالحہ ہے وہ بستانی اور بستانی ہے۔

کَزَّ (فتف) کمان جو خمیدگی مین خشک چوب ہو۔ سخت آواز والی گہرنی۔

کُزُزٌ (ضف) بخیل۔

کَزَمٌ (فف) بخیلی۔ (س) ایک قسم کا زاور سے کہانا۔ ناک کی کوتاہی اونگلیون کی کوتاہی۔ گہوڑے کے ہونٹھہ کی دلداری اور کوتاہی

کَزْمٌ (فس) (ض) کسی چیز کو اگلے دانتوں سے توڑنا۔ جو چیز کہ دانت کے اندر تھی اوسکو کہانے کے لئے نکالنا۔

کُزُّمٌ (ضک) بزدل مرد خوفناک۔

کُزُّمٌ (ضفف) بلبل یا چڑیا کا بچہ یا ایک چھوٹا سا پرندہ چڑیا کے مشابہ۔

کَزْمَارٌ (فسفسم) چھوٹی اونگلی والا ہاتہہ یہہ کزمار بولتے ہین

کَزْمَازَکٌ (فسفسف) درخت کز کا پہل کہ جسے حب الاثل بہی کہتے ہین فارسی لغت ہے اور کز ایک درخت ہے جو اکثر پانی کے کنارون پر اگتا ہے۔

کَزْنَتَہ (فسف) جمع ہوگئی ہوئی چربی یہہ کزنتہ بولتے ہین۔

کَزُوْمٌ (فضس) اونٹنی جسکے سارے دانت بڑہاپے سے گرا دیئے ہون۔

کُزِّیٌّ (ضس) (ن) اپنے آزاد کیئے ہوسکے پر بہلائی کرتی۔

کَسٌّ (فت) زور سے کوٹنا۔

کُسٌّ (ضت) عورت کی فرج یہہ کلام عرب مین سے نہین بلکہ گڑھ لیا ہے۔

کَسْأٌ (فس) (ف) کسی کے پیچھے چلنا۔ چوپایہ کو پیچھے سے ہانکنا اور چوپایہ کے پیچھے سے ہانکنا۔

قوم کا خصومت مین غالب ہونا۔ کسیکو تلوار سے مارنا۔

کسر من اللیل (فس) رات مین کا ٹکڑا۔

کسابر (ففسم) بزرگی آبائی بزرگی مرتبہ کی بلندی۔

کساتر (کفسم) کنبل۔ اکسیتہ اکسیتہ جمع ــ وہ وہ ملائی جما ہوا کساتر مجددہ وہ لباس جسمین خطوط مختلفہ ہون۔

کساثب (ففس) بھیڑیا۔

کساخب (فتقس) کمائی کرنے

کساح (ضفس) اونٹون کی ایک بیماری ہے۔

کساحتہ (ضفسف) کوڑا۔ برف جھاڑ دی گئی ہوئی۔ ہاتھ اور پاؤن کا شل ہوجانا لنگڑا پن

کساحتہ (ففسف) ہاتھ اور پاؤن سے شل ہوجانا۔

کساد (فغس) کسود (ضفس) بن ک ناراتج ہوجانا۔ متاع وغیرہ کی نارواجی۔

کسار (ضفس) ایک چیز کا ریزہ ریزہ ہونا ٹوٹا ہوا۔

کسارة (ضفسف) بمعنی کسار (ضفس) ہے۔

کسب (فس) (ضں) کمائی کرنی۔ ایک چیز کو جمع کر لانا۔ روزی ڈھونڈھنی یا روزی پر پہنچ جانا کسیکو مال کما دینا۔

کسب (ضس) تیل کی کھلی جو کیلی ہو خشک کرنے کو پھیلائی ہوئی۔

کسبتہ (کسف) کمائی کرنی۔ کمائی کی بہات۔

کسبج (ضسف) تیل کی کھلی معرب کسبہ۔

کستبر (ضسف) عاج کا دستانہ کنگن کی مانند کسابر (ففسک) جمع

کستبرة (ضتتضف) دہنیا۔

کست (ضس) قسط کہ ایک دوا ہے۔

کستج (ضسف) پشتارہ کا بند یوست خرما کی مانند۔

کستیج (ضسکس) کستی اور وہ ایک رسی ہوتی ہے گندہ پرکار کر اوسے ذمی لوگ اپنے لباس

سے اسے گرنا یا ندھے بین —

کسیح (فس) عجز و درماندگی —

کسح (ف) گہر مین جہاڑو دینی جہاڑنا — ہوا کا زمین کو صاف کردینا اور اوس پر سے خاک کو اڑا لیجانا — زمین کو جہاڑنا —

کسیح (فک) وہ شخص کہ اوس سے مدد چاہین اور وہ اعانت نکرے —

کسحان (فسفض) شل جگہہ پر پڑا جس سے ہلا نجاوسے —

کسحتہ (فسفف) خوفناک پوشیدہ چلا جانا —

کسد (ضس) قسط کہ ایک دوا ہے

کسر (فس) بازو کی ہڈی کہنی کے نزدیک اوسے کسر قبیح کہتے ہین — عضو کا ٹکڑا یا پورا عضو یا آدہی ہڈی گوشت سمیت — گہر کی جانب زمین سے متصل — گہر کا نیچے والا ٹکڑا یا خیمہ کا نیچے والا ٹکڑا کہ زمین پر لپٹا ہوا ہو — جانب و ناحیہ

اکسار (فسفض) کسور (ضفض) جمع — علم حساب مین وہ ٹکڑا جو پورے حصہ کو نہ پہنچے

تہوڑی چیز اور بے مزہ (ض) توڑنا — آنکہہ بند کرلینی چنانچہ کسر مین طرفہ بولتے ہین اونٹون کی خبر گیری کرنی —

کسر (کس) کسر انقحر اور جنگل کے دونون جانبین جنکے درمیان مرغزار ہو —

کسر (ففف) طاقت سے زیادہ چیز چنانچہ کہتے ہین اصابہ کسر تم کسر یعنی اوسکو پہونچی ایک ایسی چیز کہ جسکی طاقت نہ رکہے

کسر (فس) کسور (ضفض) (ن) پرندہ کا اوترنے کیوقت پرونکو سکوڑنا جمع کرنا اسی لفظ سے بولتے ہین عقاب کاسر — متاع کو ایک ایک کرکے پہٹکل پہٹکل بیچنا — تکیہ کو دوہرا کرکے اوسپر سہارا لگانا —

کسر (ضض) بولتے ہین ارض ذات کسر بلندی اور پستی والی زمین

کسرات (ففف) عرب مین بولتے ہین رجل ذو کسرات و ہزرات یعنی مرد جو ہر چیز مین کمزور ہو

ماده

کسرة (کسفت) ایک چیز مین کا ٹوٹا
ہوا ٹکڑا کسر (کف) جمع ـ
کسرٰی (کسفس) بادشاہ
فارس کا لقب خسرو کا معرب
یعنے بادشاہون کا بادشاہ ـ
بہت شوکت والا فراخ و وسیع
ملک والا اکاسرة کساسرة اکاسر
کسور (ضفض) جمع برخلاف
قیاس اور بر حسب قیاس کسرون
جیسے عیسٰی کی جمع عیسون ـ
کسری (کسکت) کسروی
(کسفکت) کسرٰی کی طرف منسوب ـ
کسس (ففف) دانت کی چھوٹائی
یا کم لنبائی کوتاہی یا دانت کا دانت
کی جڑ مین چھپیدہ رہنا ـ
کسط (فس) قسط
کسطال (فسفس) غبار ـ
کسطان (ضفض) غبار ـ
کسطل (فسف) غبار ـ
کسع (ففف) تتنة اسپ کے
گرد اگرد کی سپیدی اور تتنة لٹکے
ہوئے بالون کو کہتے ہین جو گھوڑے
اور گدہے وغیرہ کے سم کے اوپر
ہاتھہ اور پاؤن کے جوڑ پر سپید ہوتے
کسعی (ضفض) رود کی کے رہنے والے
اور یہہ شعر ـ ندمت ندامة
الکسعی لما ٭ رات عیناه ما صنعت
یداه ٭ اوسکی ندامت کی اصل
یہہ ہے کہ اوس نے ایک درخت
نبع کی کہ جس سے کمان بناتے
ہین پرورش کی اور بہت مدت تک
اوسکا خبرگیران رہا یہان تک
کہ جب وہ کمان بنانے کے
قابل ہو گیا تو اوس مین سے
اوس نے ایک کمان بنائی
اور رات کے وقت اوس نے
ایک وحشی پر تیر مارا اور وہ اوس
مین کارگر ہوا اور اس نے یہہ
خیال کر کے کہ تیر نے خطا کی اور
اوسمین نہ لگا کمان کو توڑ ڈالا
جب صبح ہوئی تو دیکھا کہ شکار مرا
پڑا ہے پس کمان توٹنے پر
نہایت نادم ہوا یا اوس نے اوس
درخت مین سے ایک کمان
اور پانچ تیر بنائے تھے اور ایک
قترة مین رات کو گھات لگا کر بیٹھا

مادہ

لا کر

کسع

الفا

یہان تک کہ خران وحشی کا ایک
گلہ اوسکے پاس سے ہو کر گذرا
تو اوس نے ایک کے اونمین
سے تیر مارا اور وہ اوس مین سے
پار نکل کر پہاڑ سے جا ٹکرایا اور
آگ جو جھڑی تو اس نے جانا کہ
تیر نہ لگا یہہ خیال کر دوسرا اپنے کا
تیسرا چوتہا پانچون کے پانچون پہینکدے
اور یہہ خیال کرتا گیا کہ ہر ایک خطا
کر جاتا ہے اور وے شکار مین
سے پار ہو ہو کر پہاڑ مین ٹکرا کر
آگ جہاڑتے تہے پس اوس

نے کمان کے ٹکڑے ٹکڑے
کر دے جب صبح ہوئی تو دیکھا
کہ گدہے پچہڑے پڑے ہوئے
ہین اور تیر خون مین لتہڑے ہوئے
ہین تب تو نہایت نادم ہوا اور
اوس جوش ندامت مین اپنا انگوٹہا
کاٹ ڈالا اور یہہ شعر پڑہا شعر
نَدِمْتُ نَدَامَةً لَوْ اَنَّ نَفْسِی ٭ تُطَاوِعُنِی لَقَطَعْتُ خَمْسِی ٭ تَبَیَّنَ لِی سَفَاهُ
الرَّاْیِ مِنِّی لَعَمْرُ اَبِیْکَ حِیْنَ قَطَعْتُ
قَوْسِی کہ جسکا یہہ مضمون ہے کہ مجہکو
ایسی ندامت حاصل ہوئی کہ اگر
میرا نفس میرا کہنا مانتا تو مین اپنی
پانچون اونگلیان کاٹ ڈالتا اور
مجہپر اپنی بیعقلی کہل گئی تیرے
باپ کی عمر کی قسم جبکہ مین نے اپنی کمان توڑ ڈالی

کَسْعٌ (فس) (ف) کسیکا پچہلا
ہاتہہ یا پانون کے آگے سے دبانا
اور اوسکو ہانکنا ۔ ناقہ اور ہرنی کا
اپنی دم کو دونون پاؤن مین
لانا ۔ ناقہ کی پستان پر سرد پانی
چہڑکنا تاکہ دودہ اوتار لاوے
اور اس سے یہہ خیال کرتے ہین
کہ سال آیندہ مین دودہ بہت
دے گی ۔ کسیکو بات کے پیچہے
ایک بات سے آزردہ کرنا ۔

کُسْعَةٌ (ضسف) ہر ایک چیز کے
چہرہ مین سپید نقطہ ۔ چہوٹے
چہوٹے پر سفید عقاب وغیرہ
کے دم کے نیچے جمع ہو گئی ہوئی

کُسَعٌ (ضفف) جمع گدہون کے
بچے ۔ گدہے اور گائے کام اور
خدمت کے لئے ۔ غلام ۔ سخاوت
و دہش یا بخشش و انعام

چھ پایہ کہ کسیکو دودہ سکے لیئے انعام
دیوین —
کسحوم (ضفضس) گداگیری لغت
کسف (فس) (ض) قطع کرنا
پارہ کرنا - اصطلاح عروض مین یہہ
ہے کہ حرف متحرک کو کہ آخر کا جزو ہے
گرا دینا اس سبب سے مفعولات
مفعولن ہوتا ہے معنی کشف ہے
کسف کسوف (ضفس) (ض) آفتاب اور چاند کو گہن لگنا
خداوند تعالے کا چاند اور آفتاب کو
گہن لگا دینا لیکن اصح اور احسن یہہ ہے
کہ قمر مین خسف اور شمس مین کسف
استعمال کرتے ہین - حال کسی کا
برا ہوجانا - ترش روی ہونا -
آنکھہ کو نگونسار کرنا - اور یہہ مثل
اکسفا و امسا گا شخص بخیل اور
ترش روی کے حق مین کہتے ہین
یعنے ترش روی بخیلی سمیت -
کسکستہ (فسفف) ہر ایک چہوٹا
سا پانی یا وہ شین معجمہ سے ہے
کسکستہ (کسکف) ہر چیز مین کا
ٹکڑا - کسس جمع -

اکساسس (فسفس) کسوس
(ضفضس) جمع الجمع -
کسکاش (فسفس) ٹھنگنے قد کا
سخت اور دلدار -
کسکر (فسف) ایک شہرستان یعنی
صوبہ ہے کہ جسکا شہر واسط ہے
اوسکا خراج اصفہان کے برابر ہے
یعنے ایک کرور بیس لاکہہ مثقال ہے
کسکستہ (فسفف) دور سے کوشنا
بنی تمیم کا کسکسہ (فسفف) وہ یہہ
ہوتا ہے کہ بنی تمیم سین کو حالت وقف
مین کاف ضمیر مونث کے ساتھ ملا
کردیتے ہین چنانچہ اکرمتک اور بک
مین اکرمتکس اور بکس کہتے ہین
کسل (فف) (س) بے انزال
جماع کرنا - اعتزال کرنا یعنے جماع مین
منی بچہ دان سے باہر نکالنی اور
اور فرزند کی خواہش نکرنی -
سستی اور کاہلی کرنی -
کسل (کس) دہنے کی کمان کا
چلہ جب اوس مین سے اوتارلے
کسل (فک) سست و کاہل ندکر -
کسلان (فسفس) سست

کسالی (ضفسف کفسف) (ففسف) کسلی (فسف) جمع کسلانہ (فسعف) مونث —

کسلتہ (فلسف) مونث کسل الکف

کسم (فس) خشک گہاس بہت ایک جگہ ہے۔ عیال کے واسطے رنج اور سختی نہ کہینچی — کسب کرنا — کار زار کو برپا اور قایم رکہنا — ہاتہ سے توڑنا۔ کمنا۔ ایک چیز خشک کو پاکیزہ کرنا —

کسماتہ (فسفف) قدم پاس پاس رکہہ کر چلنا —

کسو (فس) (ن) کپڑا پہنانا —

کسور الشی (ضفضسو) ایک چیز کا دنبالہ —

کسو الشی (فسض) ایک چیز کا دنبالہ اگر جمع اور بولتے ہین ترکیب کسی گردن کے بل گرا

کسوب (فضس) کمائی کرنے والا اور بولتے ہین تاکہ کسوب یعنے نہیں ہے اوسکے واسطے کچہہ چیز —

کسوة (ضسف) پہننے کے لایق کپڑا — لباس —

کسی (فتطس) (کس) (کسفسم) جمع

کسوة (کسف) پہننے کے لایق کپڑا — لباس —

کسور (ضفس) آخر ہر ذات انگسور بولتے ہین یعنے زمین بلندی اور پستی والی —

کسور (فضس) ولدار کو ہان والا اونٹ یا اونٹ کو بچہ اوسکا سے کے بعد دم کو خم کرے —

کسور الاودیة (ضفضفف) نالون کے خم اور اونکے شعبے ملحد دار دو —

کسول (فضس) سست — نازپروردہ لڑکی کہ اپنی مجلس سے باہر نجاوے یہہ اوسکی خوبی ہے۔

کسوم (ففس) اسے زمین بالا کی اور رسا اور اومین گذر جانے —

کسا (ففف) (س) کپڑا پہننا —

کسی (ضفس) ہر ایک چیز کا موخر — اور یا کسین — سرین کا موخر — اکسار (فسعفم)

کُسِیحٌ (فکس) اپنی جگھہ پر پڑا ہوا کہ ہل نہ سکے لنگڑا۔ عاجز۔ و درماندہ۔

کُسِیحٌ (ضفض) اپنی جگھہ پڑا ہوا جس سے ہلا نجاوے۔

کُسْیَدٌ (فکس) ناراج۔ دون کم رتبہ

کَسِیرٌ (فکس) ٹوٹا ہوا کسری (فسفس) کسارٰی (ففض) جمع۔ ٹوٹے بدن کی ناقہ۔ ناقۂ کسیرہ بولتے ہین۔

کُسَیْسٌ (فکس) بنید خرما۔ گوشت جسے جلتے پتھر پر خشک کرین اور زاد سفر کے واسطے کوٹ کر رکھین۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔

کَسِیلیٰ (لتکسف) معرب ہے ایک لکڑی ہے رونا س کے مشابہ سیاہ سرخی مایل تخم اوسکا حب الرشاد کی مانند ہوتا ہے اور بعض کہتے ہین ایک درخت کا پوست ہے سلیخہ کے مشابہ سیاہ بدن کا منہ تاکرنے والا۔

کُشٌّ (ضت) وہ چیز کہ جس سے خرما بن کو گشنی دیوین۔

کَشَّاثٌ (فس) (ف) انگوٹھی وغیرہ کہانی۔ گوشت کو اتنا ہونا کہ خشک ہوجاے۔ ایک چیز کا پوست اوکھاڑنا۔ کسیکو تلوار سے مارنا۔ تلوار سے کاٹنا عورت سے جماع کرنا۔

کَشَارٌ (فس) کُشَارٌ (ضفضم) (س) طعام سے پرشکم ہونا۔ مشک کا پوست آپس سے جدا ہونا ہاتھہ پھٹ جانا یا ہاتھہ کے پوست کا موٹا اور سخت ہوجانا اور سکڑ جانا۔

کُشَاثِرَةٌ (ضسف) عیب۔

کَشَاحٌ (کفس) پہلو کا داغ۔

کَشَاطٌ (کفس) پوست اوتارا ہوا اور کبھی گوشت اوس سے پوشیدہ رکھتے ہین۔ برہنہ ہونا۔

کَشَافٌ (کفس) ناقہ کا ہر سال بچہ جننا اور یہہ جننا سب مین برا اور خراب ہے یا جنتے ہی حاملہ ہونا اور اصمعی لکھتا ہے کہ جب مبالغہ ناقہ پر دو برس پیہ رپے چڑھی اور وہ بچہ دیتی رہی تو اسے کشاف کہتے ہین اور اوس ناقہ کو کشوف کہتے ہین (ص) ناقہ کا کشوف ہوجانا

مادہ [illegible]

ناقہ کا ہر سال بچہ دینا۔ ناقہ کا حمل کے
ساتھ جفتی کیا جانا۔ رسوا کرنا۔
سختی پہونچنی۔
کُشَامِر (ضفسک) بدصورت بدشکل
آدمی۔
کُشُبّ (فس) ایک موضع ہے
یا ایک پہاڑ۔ گوشت وغیرہ بہت کھانا
کُشْتُقَّہ (ضسضف) پیشانی یا بالون کا ایک چتا
کَشَحٌ (ففف) تہیگاہ کی بیماری کہ داغ
کرنے سے اچھی ہوجاوے یا
پہلو کا درد جسے ذات الجنب کہتے ہیں
کَشْحٌ (فس) تہیگاہ یعنے کوکھ بولتی
ہین طوی عنی کشحہ یعنے مجھکو الگ
کردیا و طوی کشحہ علے الامر
یعنے اسکو چھپایا اور دل مین رکھا
سفید پوتھ جسے مورچہ کہتے ہین
کشوح (ضضس) جمع (ف) کشح
زدہ ہونا۔ کشح کے سبب پہلو کا
داغ کیا جانا اس معنی مین مجہول
مستعمل ہے۔ کسی کے ساتھ دشمنی
کرنی۔ کسی کیطرف سے دلمین
دشمنی رکھنی۔ قوم کو پراگندہ کردینا
چھپایہ کا دم کو پاؤن کے درمیان لانا

گھر مین جھاڑو دینی۔ پانی پر سے
قوم کا متفرق و پراگندہ ہوجانا۔
کُشْحَانٌ (ضسف) قرمساق جو کہ
اپنی جورو کے حق مین بے غیرت ہو
کَشْحَنَہٌ (فسفف) کسیکو کشحان کہنا
کَشَدٌ (فف) بمعنی کاشد کشد
(ضض) جمع۔
کَشْدٌ (فس) ایک دانہ ہے جسے
کھاتے ہین۔ (ض) ایک چیز کو
دانتون سے کاٹنا۔ ناقہ کو تین
انگلیون سے دوہنا۔
کَشْرٌ (فس) ایک قسم جماع کی
جرشش کے پہاڑون مین سے
ایک پہاڑ۔ اونٹ اور شیر کے
دانت سپید کرنے یعنی اون کا
دانتون کو کھولنا۔ آہستہ سے
ہنسنا۔ مرد کا مسکرانا۔ دانت
ظاہر کرنے۔
کَشَرٌ (فف) خشک روٹی۔
انگور کا خوشہ جسکے پھل کھالئے
ہون (س) بھاگ جانا۔
کِشْرَۃٌ (کسف) آہستہ سے
ہنسی۔ دانتون کی آشکار کردگی۔

کشط (فس) (ن) برہنہ کرنا
چوپایہ کی پشت پر سے جھول اوتارنا
یعنی۔ اونٹ کا پوست اوتارنا۔
کشطۃ (ففف) پوست اوتارے
ہوئے اونٹوں کے مالک۔
کشع (فعت) اندوہ وملال کے
سبب سے بے قراری و بے آرامی
(ن) قوم کا مقتول سے الگ ہونا
اور پریشان کرنا۔
کشعفج (ففعف) کشعطج
(ففسفف) موٹا دلدار رسا جسکو
ذمی سوا بے زنار کے کپڑوں کے
اوپر باندھتے ہین۔
کشف (فس) (ن) آشکارا
کرنا۔ کشادہ اور برہنہ کرنا۔
بدی اور ضرر کو دفع کرنا۔
کشف (ففت) (س) شکست
کہاتی۔ پیشانی کے بال اوپر آگے
ہوئے۔ اوپر کیبالونکا اگنا۔
پیشانی کے بالونکا مڑجانا اتنا کہ
دائرہ کے مشابہ ہو۔ گھومڑے
سے مغزہ کی پیچیدگی۔
کشفاء (فسفس) پیشانی جسکے
بال دائرہ کی مانند پھر گئے ہون۔
کشفۃ (ففف) پیشانی کے
اوپر بال اوگنے کی جگہہ۔
کشغۃ (ضفف) پیشانی کے آگے نیا بال
اوپر اوگے ہوئے اور اونکی جگہ
کشک (ضس) نہر کا پانی یا نہر
کا پانی سرکہ یا دودہ کے ساتھہ
جوش دیا ہوا۔
کشکشۃ (فسفف) سانپ کے
پوست کی آواز۔ سانپ کے
پوست مین سے آواز نکالنی۔
بھاگ جانا۔ لغت بنی طی یا ربیعہ
مین شین کو کاف ضمیر مونث سے
بدلنا جیسا علیک اور بک علیش
(ففسک) اور بش (کک)
کہتے ہین یا شین کو کاف مجرور
کے بعد زیادہ کرنا جیسا علیکش
چشمہ وغیرہ کا سارا پانی کہینچ لینا۔
کشم (فس) (ض) ایک اور
جانور چیتے کی ہمشکل۔ جڑ سے
ناک کاٹ ڈالنی۔
کشم (ففت) پیدائش اور حسب
مین نقصان۔

کشمختہ (فسفف) ایک پاکیزہ ساگ ہے نرم کہ جسکو لاح بہی کہتے ہین

کشم (کسف) خراسان مین ایک گانون ہے اور اوسے کاشمر بہی کہتے ہین ۔ ترکستان مین ایک شہر ہے

کشمرہ (کسفف) کسی کی ناک توڑ ڈالنی ۔ رونے پر آمادہ ہوجانا ۔

کشمش (کسکس) مویز کہ ایک قسم کا انگور ہے بے دانہ اور انگور سے بہت نرم یہہ قبض مین بہت قلیل تر ہے اور خروج مین بہت

کشملخ (ضسفف) کشمختہ (فسفف) ساگ ہے ۔

کشمیر (کسکس) ترکستان مین ایک شہر ہے

کشنی (ضسف) معرب کشنہ کہ گاودانہ اور حب البقر بہی اوسے کہتے ہین ۔

کشو (فس) (ن) دانتون سے کاٹنا ۔ ایک چیز کو منہہ سے کہینچنا ۔

کشوث (ففس) ایک گہاس ہے سوت کی ڈوری کے مشابہ کہ درخت پر لپٹی ہے اور اوسکی جڑ زمین مین نہین ہوتی ۔

کشوتی (ففسفف) یعنی کشوث (ففس) ۔

کشوح (ففس) سارہ تلوارن مین سے ایک کا نام جسکو بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے تحفے کے لیے بہیجا تہا ۔

کشود (ففس) ناقہ کہ تین اونگلیون سے دوہی جاوے ۔ ناقہ جسکی پستان کے سوراخ تنگ ہون ۔ ناقہ پستان کی کوتاہ سر والی ۔ عیال کے لیے کوشش سے کمائی کرنے والا صلہ رحم کرنے والا کشد (ضفر)

کشوف (ففس) ہر سال حاملہ ہونے والی ناقہ ۔ ناقہ جو پے در پے جفتی کی ہوئی ۔

کشہ (فتف) پیشانی یا بالونکا ایک جہنٹا ۔

کشیتہ (ضسف) سوسمار کے پیٹ کی چربی یا اوسکے دم کے جڑ کی چربی اور یہہ قول اطعم اخاک کشیتۃ الضب یا تو یہہ غمخواری پر [illegible] ہے یا استہزا

کَشِیش (فکس) اونٹ کی پہلی آواز کہ کتیت سے کمتر ہوتی ہے — شراب کی جوشش کی آواز — چقماق کی آواز اوس مین سے آگ نکلنے کے وقت (ض) سانپ کے پوست مین سے نکلنے کے وقت اوسکے پوست کی آواز نکلنی اونٹ کا کشیش آواز بولنا جب ذرا اور کچھ آواز اوسکی بلند ہوتی ہے تو اوسے **کتیت** (فکس) کہتے ہین جب ذرا اور صاف اور بلند ہوتی ہے تو اوسے ہدیر کہتے ہین اور جب اور آواز صاف ہوتی ہے تو اوسے قرقرۃ (فففف) کہتے ہین — گاجے کا آواز کرنا —

کَشِیشُ الافعی (فکس) سانپ کے پوست کی آواز —

کَشِیشِیّ (فکسکس) بہنا ہوا گوشت جو طعام سے سیرشکم ہو —

کَصّ (فت) نرم و باریک آواز — (ض) باریک آواز نکالنی — پانی کا جمع ہونا —

کُصُوم (ضفس) منہہ پہیر لینا — پیٹھہ پہیرنی — جس جگہہ سے آیا تہا وہان پہر جانا اور اپنے سابے مقصد کو نہ پہونچنا — کسیکو جور و ستم اور سختی سے ہانکنا —

کَصِیَ (فس) (ض) عزت اور بزرگی کے بعد کمینہ اور خسیس ہوجانا —

کَصِیر (فکس) ٹہنگنے قد کا

کَصِیص (فکس) نرم و باریک آواز — لرزہ — خوف و بیم — ٹڈی کی آواز — لوگون کا پانی پر انبوہی کرنی — حرکت کرنا جہہ و رنج سے اپنے اوپر لپیٹنا اور چین بجبین ہونا اور سکڑ جانا اور اضطراب کرنا —

کُصِیصَۃ (فکسف) گروہ — دام آہو کی رسی یا عام —

کَضَل (فس) (ن) دور ڈالنا پہینکدینا —

کَضکَضَۃ (فسفف) اشتاروی

کَظّ (فت) مرد جو کام سے رنج دیکہا ہوا اور سختی کہنچا ہوا اور اوس سے بوجہل اور عاجز

مادہ

کضل

کضض

کظظ

ماده

کظ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً

کسیکو امتلاء شکم کا زحمت دینا۔
پیٹ کو پُر کرنا اتنا کہ دم لینے
کی طاقت نہ رہے۔
کظاظ (کفس) سختی و ماندگی
۔ درازی ۔ ملازمت ۔ دشمنی ۔
جنگ مین خوب مشقت اور
رنج اوٹھانا۔
کظاظ (ففس) کظاظۃ
(ففسف) کسیکو ایک امر کا رنج
دینا اور اوسکو گرانبار کرنا اور
اندوہگین کر دینا۔
کظامہ (کفس) ہر ایک چیز کا سرا۔
کظامۃ (کفسف) نالی کا دہانہ
۔ عورتونکا مخرج پیشاب ۔ کوئین
کے پہلو مین ایک کوآن کہ بہتا
آب رہا ہو ایک ہو بطن زمین
مین کہ اوس سے ایک کا پانی
دوسرے مین چلا جاوے ۔
سر دوش ترازو کا حلقہ کہ
جسپر ڈورا باندہتے ہین ۔
ایک تسمہ ہے کہ کمان کے
اوپر والے گوشہ مین باندہتے
ہین ۔ وہ میخ جو ترازو کے
کاشتے کے مقابل ہوتی ہے ۔
یا وہ حلقہ جو کاشتے کے اوپر ہے
جس مین ڈورا باندہتے ہین ۔
رسی جس سے اونٹ کی ناک
باندہتے ہین ۔ پٹھا جسے سر تیر پر لپیٹین
یا تیر مین پر کی جگہہ ۔
کظیظۃ (کفیفہ) سیری اور شکم
کی پُری طعام سے ۔ امتلاء
طعام کی زحمت و تکلیف تخمہ ۔
کظر (کفس) پٹھا کہ جسے سوفار
تیر کی جڑ مین لپیٹین ۔
کظر (فس) (ن) کمان کا کظر بنانا
آتش زنہ مین چقماق مارنے کی
جگہہ رخنہ کرنا ۔
کظر (فس) فرج کا کنارہ اور
اوسکا گوشت ۔ گردہ کی چربی ۔
حیوان کے اندر گردہ کی جگہہ جب
اوسمین سے گردہ نکال لین ۔
گوشہ کمان کی لکڑی ۔ گوشہ کمان
کی چھوٹی لکڑی جسپر گردن کا دہان
کظرۃ (فعلۃ) حیوان کے اندر
گردہ کی جگہہ جب اوس مین سے
گردہ نکال لین ۔

علامات اعراب فیفکستم یعنے ض ضمہ و فتحہ ک کسرہ ش سکون ت تشدید ہ

ماده

کفنا فطئیتہ (فقفف) مشک کا پر کرتے وقت دراز ہونا۔ مشک کا پر ہو جانا

کفطا کفظ (فت فت) مرد سخت دشوار خو والا۔

کظم (فف) گلا یا منہہ یا سانس کے نکلنے کی جگہہ اکظام (فسفس) جمع

کظم (فس) (ن) غصہ کو کھا نا دروازہ پر قفل لگانا۔ نہر کا بند کرنا روزن کو بند کرنا۔ اونٹ کا جوگالی سے رک رہنا۔

کفلطو (فس) (ا) انگوشت کا سخت ہو جانا اور زیادہ ہو رہنا پیدا اور گھسا ہوا ہونا حقا بنظا کنظا ان تینون کے ایک معنی ہین یعنی لوہہ

کظوب (فففس) (ن) خوب موٹا ہونا۔

کظوم (فففس) اچھ پایہ جو جوگالی نکر

کظوم (ضفس) خاموش ہو جانا مجہولاً مستعمل ہوتا ہے۔

کنظیط (فکس) ایک کام سے رنجیدہ اور اندوہ کشیدہ۔

کظیم (فکس) غمگین مرد۔ غصہ کھا جانے والا۔ غصہ۔

کظیمہ (فکسف) کوئین کے پہلو مین ایک کوان کہ جنکا آب راہہ ایک ہو توشہ دان۔

کلع (فت) بزول۔ سست کلع الوجہہ سبک رخسار مرد۔

کعاب (فقس) لڑکی جو پستان نکال لائی ہو۔

کعام (فس) اونٹ کا پیتھوبند یعنے وہ چیز کہ جس سے اوسکے گرداگرد دہان کو باندہتے ہین

کعانب (فففس) شیر۔

کعانب الراس سر کا ٹہسا ہین اور اوسکی آگندگی سر مین ایک گرہ ہے۔

کعب (فس) پستان۔

کعب (فس) ہڈی کا ہر ایک بند۔ ٹخنا۔ پشت پاسے کی بلند ہڈی کہ تراب کے باندہنے کی جگہہ ہے اکعب (فسض) کعوب (ضفس) کعاب (کفس) جمع۔ نرد شیر کا کہیل کعب (ضس) کعاب (کفس) کعبات

كعب
كعب الف
كعبر
كعب الف
كعب الف
كعبس
كعبر
كعبرت
كعب الف
كعب الف

(فسفس) جمع - نیزہ اور سینے اور علم کی گرہ کا اور بہار معروف (ضفضس) جمع - گہی میں کا کچہہ تہوڑا سا - دودہ مین سے تہوڑا سا ایک حبہ کے بقدر - اہل حساب کی ایک اصطلاح - آبائی بزرگی - بزرگی چند آدمیون کے نام (ف) برتن کو پر کرنا - پستان کا نکلنا -

كَعْبَة (فسف) کعب کہ جس سے نرد کہیلتے ہین - بیت الحرام زادہ اللہ تشریفاً و تعظیماً یہہ نام اسکا اوسکے مربع ہونے کے سبب ہوا - ہر وارہ یعنے بالاخانہ جسمین کہڑکی بنی ہو - ہر چار گوشون کا گہر -

كُعْبَة (ضسف) لڑکی کا کوارا پن -

كُعْبُورَة (ضسفسف) ہر چیز جمع کی ہوئی -

كَعْبَرَة (فسفف) بجمیہ عورت سخت بدن کی سخت مزاج کی کڑی - اوف ہہ قطع کرنا - تلوار سے کاٹنا یا رہ پارہ کرنا -

كُعْبُرَة (ضسفف) درخت گندم کی نلی کی گرہ - گیہون کے چہلکے جنہیں کہلیان گاہتے وقت دور کرین ہر چیز جمع ہو گئی ہوئی - انگوٹہے کی طرف سے ساق دست کی ہڈی - گوشت کا ٹکڑا - سخت سر والا - سخت گرہ والی ہڈی - کعابر (ففسک) جمع - بیخ سر یعنے سر کی جڑ - ٹہہا ہوا سرین - اونٹ کا سرگین اوسکی دم مین خشک ہو گیا ہوا

كَعْبَشَة (فسفف) ایک چیز کو بکر کے - باندہنا - یا درن کو کودنے وغیرہ کے لئے جمع کرنا - چہوٹے چہوٹے قدم سے قیدی کے مانند چلنا -

كُعْبُورَة (ضسفسف) ہر چیز جمع کی ہوئی -

كَعِت (فس) ٹہنگنے قد کا مرد -

كَعِتَة (فسف) مونث کعت یعنے ٹہنگنے قد کی عورت -

كُعْتَة (ضسف) شیشہ کا سرپوش -

كُعَتّ (ضسفف) ایک پرندہ ہے چڑیا کی مانند -

كُعْتُرَة (ضسفف) ستون کی مانند جہکتے ہوے خم کہاتے ہوے

چلنا۔ زور سے دوڑنا۔ رفتار
میں سرعت کرنی۔
کعثب (فسف) گوشت بھری
کس۔ دلدار۔ دلدار کس والی
کعد (فس) جوال کہ ایک قسم کا
پشم کا بنا ہوا ظرف ہے۔
کعذب (فسعت) کمینہ ہیچ مرد
بے مروت۔
کعذبتہ (فسففف) بمعنے کعذب
(فسف)۔
کعذبتہ (فسففف) غورہ آب یعنے
پانی کا بلبلا۔
کعدۃ (فسف) شیشہ کا سرپوش
کعر (فس) (ف) بچہ کا بہت کھانے کے
سبب پر شکم ہونا۔
کعر (فف) (س) بچہ کا پر شکم ہونا
اور موٹا ہو جانا۔ اونٹ کے کوہان
میں چربی کی گرہ بندہ جانا۔
کعر (فس) کانٹے کا ایک درخت
ہے سکے ہوئے شست پتے کا۔
کعر (فک) بہت موٹا پیٹ گوشت
کعبرۃ (فسف) گوشت کی گرہ۔
یا چربی بھری بدن کی گرہ غدود کے مانند

کعتر (فس) (ف) اونگلیوں سے
ایک چیز کو جمع کرنا سمیٹنا۔
کعش (فس) ہاتھ اور پاؤں
کی اونگلی کی ہڈی۔ اونگلیوں کے
تین جوڑوں میں سے بیچ جوڑ کی
ہڈی۔ ایسا ہی بکری اور گائے
وغیرہ کے ہاتھ اور پاؤں کی ہڈی یا
ہاتھ اور پاؤں کے جوڑ کی ہڈی
کعاش (الفس) جمع۔
کعشبتہ (فسففف) دوڑنا بھاگ
جانا۔ سرعت سے دوڑتے ہوئے
چلنا یا آہستہ چلنا یا مستوں کی رفتار
پر چلنا۔
کعثم (فسف) گورخر کا اسم (فعنسک) جمع
کعسمتہ (فسففف) بھاگتے ہوئے
پیٹھ پھیرنی۔
کعسوم (ضسفنس) گدھا کا اسم
(ففنسکس) جمع۔
کعص (فس) (ف) کھانا۔
کعطل (فسف) شیر یا تندہ یعنی
شیر ہاتھ کو لمبا کھینچنے والا اور انگڑائی
لینے والا۔
کعطلتہ (فسففف) زور سے دوڑنا

مادہ
کعسب ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً
کعس ۔ ایضاً ۔ ایضاً
۱۰۲
ایضاً ۔ ایضاً ۔ کعس ۔ کعسم ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ کعص ۔ کعطل ۔ ایضاً

ماده

آہستہ دوڑنا فسد — ہاتہہ کو لنبا کہینچنا اور انگڑائی لینی —

کعظلۃ (فسفف) بمعنی کعطلۃ ہے۔

کعاک (فس) کاک کہ خشک روٹی یا روٹی خشک آٹے کی بغیر دودہ اور روغن کی پکی ہوئی ہوتی ہے معرب کاک۔

کعکبۃ (ضسفتف) بالون کا حلقہ کرکے باندہنا یعنے بالون کو چار اڑکر بہت دیکر ایک کو دوسرے مین گوندہنا تاکہ سب کے سب ایک کعکب ہوجاوین — ایک قسم کی کنگہی

کعکبیۃ (ضسفکتف) ایک قسم کی کنگہی

کعکت (فسفس) بزدل سست

کعکعۃ (فسقف) کسیکو بند کرنا اور اوسکے ارادہ سے روکنا —

کعل (فس) پہاڑ — ہر حیوان کا گوبر سوکہنے کے بعد — میل کچیل کہ بوک کے خصیہ مین چمٹا ہوا ہو — بونا مرد کالے رنگ کا — کمینہ ناکس چرواہا — آپسمین چپٹے ہوے خرمے — بخیل وممسک مالدار —

کعلب (ضنف) بونا کالے رنگ کا

کعم (فس) (ف) اونٹ کے گرد اگرد دہن کو باندہ دینا تاکہ کاٹنے یا نہ کہا وے — برتن کے سر کو باندہنا —

کعم (کس) سلاح دان — ہر چیز کہ اوسمین کچہہ رکہین — کعام (کفس) جمع —

کعم (فف) کعوم (ضعفس) عورت کا بوسہ لینا اور اوسکے منہ کو بوسہ کے وقت اپنے منہ مین پکڑنا

کعنب (فسف) مرد — کعانب (فتفسکسا) جمع

کعنکع (ففعف) دیو — یا بائی ہتہ

کعب (فس) (ان) بزدل ہونا —

کعوب (ضعفس)

کعوبۃ (ضفسعف) کعابۃ (کفسف) (ض ن) لڑکی کی پستان نکلنی لڑکی کا انار پستان ہوجانا —

کعورۃ (فسف) بڑی ناک والا

کعوع (ضفس) بزدل ہوجانا — سست ہوجانا —

کعوم الطریق (ضفسفکف) راہ کے دہانے

کعیت (ضفس) ہزار دستان

مادہ

کعتان (کسفس) اتج —

کعیص الفار (فکس) چوہے کی آواز —

کعیص الفرخ چوزہ کی آواز —

کعیط (فکس) ٹخنے قدم کا گوشت بہرا ہوا —

کعیم (فکس) اونٹ جسکے دہانکا گرداگرد بند ہا ہوا ہو —

کف (فت) پنجہ | **کف** (فضت) **کفوف** (ضفضس) **کف** (ضت) جمع — خرقہ — دست گاہ — نعمت — کف الکلب اور کف السبع اور کف الضبع اور کف القرد اور کف الاسد اور کف الذئب اور کف الاجذم یا کف الجذما اور کف مریم اور کف عایشہ گہاس کے نام ہین (ن) کپڑے کو دوبارہ ایک دوسرے پر سینا — اندہا ہو جانا اس معنی مین معروف و مجہول مستعمل ہوتا ہے — برتن کو بہت پر کرنا — پنجی سے یا ؤن کو باندہنا — روکنا — ٹہیرا دینا — پہیر دینا — ہانکنا — اصطلاح عروض مین ساتوین حرف کو جو ساکن ہے گرا دینا جیسا فاعلاتن اور مفاعیلن مین نون ساکن کو گرا دین تو فاعلات اور مفاعیل باقی رہ جاتا ہے —

کفح (کس) نالہ کا شکم —

کفؤ (فس) ہمتا اور مانند —

کفر (ف) پہیر دینا پیروی کرنی کسیکو اوس جہت سے کہ جسطرف اوسکی توجہ تہی پہیر دینا — برتن کو اوندہا کرنا اور اوسکو خم دینا تاکہ جو کچہ اوسمین ہے گر پڑے — بکریون کا گلہ مین داخل ہونا کسیکو ہانکنا — قوم کا پہر جانا اور پیٹہ پہیر لینی اور شکست کہانی — اپنے ارادہ سے پہر جانا —

کفاتر (ففسم) مانند و برابر طاقت — خیمہ کی پچہاڑی ایک پردہ ہے اوپر سے نیچے تک یا ہو خر خیمہ مین ایک ٹکڑا کپڑے کا یا دو ٹکڑے کہ ایک دوسرے پر سی کر مؤخر مین سی دیتے ہین یا کنبل کہ خیمہ پر مؤخر مین ایسا کہ زمین تک لٹکتا رہے اور اوس سے

ملجاوے - پاداش دینی - کسی کی
مانند ہونا - نگہبانی کرنی -

کفاۃ (فسف) اسی سال کے
خرماین کے پہل - ایسا ہی زمین
مین اسی سال کی کہیتی - اونٹون
مین اسی سال کا بیاپ یا ایک سال
کے گذر جانے کے بعد بیاپ یا اس
سے زیادہ اور بولتے ہین منحتہ
کفارۃ غنمہ یعنے کسیکو ایک سال
کے لیے بکری اور اوسکا دودہ
اوسکا بچہ اور اوسکی پشم دی
تاکہ منافع مذکورہ سے منتفع ہووے
اور پہر اوسکو پھیر دے -

کفاءۃ (ففف) پاداش - ہمتا
اور مانند -

کفات (کفس) ایک چیز کے
جمع کرلانے کی جگہہ - اچانک -
مرجانا -

کفات (فتفس) شیر بیشہ -

کفاح (کفس) بہت چیز - عورت کے
بوسہ لینا - کسی کے روبرو ہونا -
کسی کے ساتہہ جنگ و قتال کرنا -
برا امور کا خود مرتکب ہونا -

کفار (فتفس) ناشکر - بیلان
اور اعتقاد نکرنے والا - کسان
کہیتی بونے والا -

کفارۃ (فتفسف) جو چیز کہ
جس سے گناہ کو ناچیز کرین صدقہ
اور روزہ وغیرہ سے -

کفارزی (ضفکست) اجر کان والا

کفاش (کفس) بدن پر کپڑا
گہوارہ اوسکا لڑکے کے دست بند
اور پاے بند کے کپڑون سے
تنگ مرے -

کفاف (کفس) اندازہ -
مانند - روزی اور قوت دن
گذار دینے والا بے پرواہ کر دینے
والا اور مانگنے سے باز رکہنے والا

کفاف الشی (ففس فتفس)
ہر ایک چیز کو دبا لینا - ہر چیز کا انتہا
اور اوسکا کنارہ -

کفاف السیف (ففس فتفس)
تلوار کی باڑہ -

کفاف (ففسک) عرب مین
بولتے ہین دعنی کفاف یعنے مجہسے
تو الگ اور مین تجہسے الگ ہٹا ہوا

اور تو مجھسے دور رہ اور مین تجھسے
دور رہتا ہون —

کفایته (ففـف) کسی کی کارگذاری
کرنی — ایک چیز کا کفایت کر جانا —
ایک قسم کی بیع جسے بیع الکفایته کہتے
ہین وہ یہہ ہے کہ ایک چیز کو خریدنا
اور اوسکی قیمت کو ایک شخص پر
حوالہ کرنا کہ اوس پر پہلے سے آتی تہی

کفت (ضف) گہوڑا کہ بہمہ تن
کودے اور اوس پر سواری
دشوار ہووے اور سکے کودنے
کے سبب فرس کفت بولتے ہین

کفت (فس) **کفات** (کفس)
کفیت (کس) **کفتان** (فففسر)
پرندہ کا اوڑنے مین سرعت کرنا —
دوڑنا اور منقبض اور سکڑا ہوا ہونا

کفت (فس) تیز رو مرد ہلکا پہلکا
باریک بدن کا — چہوٹی ہانڈی —
مرگ و موت — روکہی روٹی بے
سالن کی (ض) کسیکو اوسطرف سے
کہ جسطرف اوس نے موہنہ کیا تہا
پہیر دینا — ایک چیز کو اپنے مین لگا
لینا — پنجہ سے پکڑنا — ایک چیز کو اپنے

اور پر ہو جانا — تیز ہانکنا — نگاہ رکہنا
جمع کرنا — آخر قوم کا اول قوم سے
لاحق ہو جانا — مار ڈالنا — اور ہلاک کرنا

کفت (کس) مضبوط چہولی
کہ کسی چیز کو ضایع نکرے —

کفته (کتف) ترازو کا پلہ —
شکاری کا جال — دف کی لکڑی
ہر ایک گول چیز — گڑہا جسمین پانی
جمع ہووے — جو چیز کہ بن دندان
سے فروہشتہ اور رستہ کی ہو کفف
(کیف) کفاف (کفس) جمع —

کفته (فتف) عرب مین بولتے
ہین لقیته کفته بکفته یعنے مین نے
اوسکی نہایت قربت اور مواجہت
کے ساتہ ملاقات کی اتنا کہ ہاتہ
سے ہاتہ جا لگا یا یہہ کہ ہمنے ملاقات
کی اور ایک دوسرے کو اوسنے
اور کوچ کرنے سے روکا یہہ دو
اسم ہین کہ دونون کو ایک کر کے
مبنی فتحہ پر پہتے ہین جیسے خمسته
عشر اور اس معنی مین یون بہی
لقیته کفته لکفته عن کفته بولتے ہین

کفته (ضتف) ہر ایک چیز جو ایک

چیز پر زائد ہو — ہر ایک چیز کا کنارہ کپڑے کے اوپر کا کنارہ جس مین رؤان نہو — ہر ایک چیز کا حاشیہ —

کففف (ضفف) جمع **کفاف** اکفہ جمع الجمع — درخت کا منتہا اور جو شئی — آدمیون کی انبوہی — بہت عدد — آدمیون کی جماعت یا نزدیک مکان کے آدمی — ایک پتہر جسکے گردا گرد مٹی اور گوبر وغیرہ رکہتے ہین اور اوسمین پنیر پکاتے ہین — ہرن کے شکار کا جال — لمبا ریگ تودہ گول

کفۃ القمیص دامن پیراہن کی لپیٹ۔ کفۃ الرمل ریگ کا دامن اور اوسکا کنارہ —

کفۃ الدرع (زرہ کا دامن اور کنارہ — کفۃ الغیم ابر کا کنارہ اور اوسکا طرہ —

کفۃ اللیل رات اور دن کا ملتقا بوقت صبح یا بوقت شام

کفتہ (فسف) گورستان مدینہ کا نام اسلئے کہ اپنے مین آدمیون کو لے لیتا ہے یا اسلئے کہ اونکو جلد گلا دیتا ہے اسواسطے کہ شورہ ...

کفتتہ (ضفف) بمعنی کفت

کفح (فس) برہنہ کرنا — چوب دستی سے مارنا — لگام کہینچنا لگام کو چوپایہ کے منہہ پر مارنا — ایک دوسرے کے منہہ پر تلوار مارنی منہہ کی طرف منہہ کرنا — اچانک بوسہ لینا

کفح (فف) (س) شرمندہ ہوجانا — بزدل ہوجانا —

کفخ (فس) (ف) کسی کو چوب دستی سے مارنا کسی کے سر پر چوب دستی مارنی —

کفخۃ (فسف جمع ہو آیا ہوا اسکے ...

کفر (کس) گہر کی تاریکی —

کفر (ضس) قیر جسے کشتی وغیرہ پر ملین — (ن) میلان اور اعتقاد نکرنا — ناشکری کرنی ضد ایمان —

کفر (فف) عقاب — اونچا پہاڑ شگوفہ خرما کا غلاف —

کفر (فس) زمین جو آدمیون سے دور دست ہو — گور — خاک — گاؤن — ٹہوس لکڑی سخت چہوٹی یا چوب دستی چہوٹی — پارسیون کی اپنے بادشاہ کی تعظیم — رات کی

سیاہی اور اوسکی تاریکی ۔ گہر کی تاریکی ۔ کفر سلو ٹنا اور کفر تعقاب دو موضع ہین لوٹنا اور تعقاب کی طرف منسوب کرو وشخص ہے ۔

(ض) فروگرفتن یعنے ایک چیز کو دبا لینا ۔ ایک چیز کو پوشیدہ وپنہان کرنا

کفر (فک) بڑا پہاڑ یا پہاڑ کا پشتہ

کفرة (فسف) تاریکی ۔

کفرانی (ففسف) ایک نام مرد محقق

کفرّی (ضفستف) خرما کا شگوفہ یا اوسکا غلاف ۔

کفرین (کلتکس) عقلمند اور ہوشیار مرد ۔

کفش (فف) پاؤن کی ٹیڑہ ایسی کہ پاؤن کے سرے ایکدوسرے کی طرف پہیرے ۔ چھوٹی اونگلی کیطرف سے پشت پائے پر راہ چلنا ۔ سینہ کی کجی ۔

کفشار (فسفسم) موئنث انکفش (فسف)

کفف (ففف) قوت جس سے دن گذر جاوے اور سبے پرواہ کر دے ۔ نقش کے دائرے ہاتہہ پر رنگ ملنا انسکفاف کا اسم ہے ۔

کفف (کف) نقش کے دائرے کہ دولہن کے ہاتہہ مین کر دیتے ہین ۔ گویا ہے کہ جنمین چشمین ہون

کفکفة (فسفف) ٹہرا دینا پہیر دینا

کفل (فس) (ن) کسی کی ضمانت دینی ۔ برابر افر علی الاقعال ورہنا

کفل (فس) **کفول** (ضض)

کفالة (فقسف) (ف ن ک س) کسیکا ضامن ہو جانا ۔

کفل (کس) حصہ ۔ ہر چیز کا ایک گنا یعنے اوسکے برابر ۔ بیل کی گردن کا لتہ پارہ کہ جوئی کے نیچے ہوتا ہے ۔ پشم کہ پشم گرانے کے پیچھے نکل آوے ۔ جو کہ چوپایہ پر نہ بیٹہہ سکے ۔ جو کہ موخر حرب مین گریز کا مستعد ہووے ۔ ہمتا و مانند ۔ جو کہ آدمیون سے جنگ کے لئے اولجھے ۔ کنبل وغیرہ جسے کوہان کے گرد لپیٹین تا کہ اوس پر سوار ہو وین یا کنبل کہ اوسکے دونون طرف کو گرہ دیکر

مادہ

شترمرغ کے کندہے کے متصل سے
سرین تک پہیلاتے ہین—
کفل (فف) سرین یا پس سرین
یا دوران کا بیچ اکفال (فسفس) جمع
کفن (فف) مردہ کا کپڑا سلے
نمک کہانا طعام کفن بولتے ہین—
کفن (فس) (ض) روٹی کو
گرم راکہہ مین پوشیدہ اور پنہان
کرنا۔ صوف کو کاتنا—مردہ کو کفن پہنانا
کفنۃ (فسف) ایک درخت ہے
کفنۃ (ضسف) اچہی زمین کہ ہر
چیز کو اگاوے—ایک درخت—
کفو (ضفس) ہمتا اور مانند کفاء
اکفاء جمع—
کفور (ضفس) مانند و ہمتا
اکفار (فسفس) جمع—
کفور (ضفس) **کفران** (ضسفس)
مسلمان اور اعتقاد نکرنا—ناشکری
کرنی ضد ایمان—
کفور (ففس) حق نہ پہچاننے
والا—مسلمان اور اعتقاد نکرنے والا
کفر (ضض) جمع—
کفوف (ففس) اونٹنی جسکے
دانت بڑھاپے کے سبب گہس گئے
ہون اور چہوٹے ہوگئے ہون—
کفوف (ضفس) (ن) ناقہ کا
بڈہی ہوکر اوسکے تمام دانت گہس
جانے اور چہوٹے ہوجانے—
کفیٔ (ضف) ہمتا و مانند—
کفی (فکت) کافی—بہنہ—
کفی (فس) کافی—
کفیۃ (فسف) قوت کافی جس سے
دن کٹ جاوے کفی (ضف) جمع
کفیت (فکس) تیز رو مرد ہلکا ایک
بدن کا—ایک مضبوط جہولی جو کسی چیز کو
ضایع نکرے—زندگانی کا رزق تیار
کفیح (فکس) ہمتا و مانند—عورت
کا خاوند—ہمخوابہ—اچانک آنے والا—
کفیل (فکس) ہمتا و مانند—
ضامن کفیل (فکس) کفلاء (فسفس) جمع
کفی (فکس) مانند و ہمتا—تالہ کا
شکم کفی اللون جسکا رنگ بدل گیا ہو
کفیۃ (فکسف) مانند و ہمتا—
کل (فت) چہری کی پشت—
تلوار کی پشت—دلیل—جور و ستم—
سختی—غم و اندوہ—یتیم—جسکے نہ باپ ہو

نہ بیٹا - گران جان مرد بے خیر - مرد کے اہل وعیال - گرانی کلول (ضفس) جمع - زبان اور تلوار اور بینائی وغیرہ جو کند ہو (ان) تہک جانا - بے فرزند و بے پدر ہو جانا -

کَلٌ (فت) **کلتہ** (کتف) **کلالتہ** (ففف) **کلول** (ضفس) **کلولتہ** (ضفف) (ن) بینائی اور زبان اور تلوار وغیرہ کا کند ہو جانا

کُلٌ (ضت) سب لفظ اوسکا واحد ہے اور معنی اسکے جمع کے ہین جمیع اجزار کا اسم ہے مذکر و مؤنث برابر یا کُلتہ مؤنث - اور کبہی بعض کے معنی مین بہی آتا ہے مندا اور بولتے ہین ہُوَ العالمُ کلُّ العالم یعنے وہ بدرجہ کمال عالم ہے اور علم مین حد نہایت کو پہونچا ہے

کلاً (ضفس) عرب مین بولتے ہین لقیتہٗ رأسہم کلاہٗ یعنے مین نے آغاز جوانی اور ایام نشاط مین ملاقات کی اور بولتے ہین غنمہٗ حمرٌ اثر الکلاء یعنے دبلی بکریان اور ایسا ہی حمر الکلی

کلاءٌ (ففس) گہاس تر ہو یا خشک

کلاءٌ (ففسم) (س) زمین کا بہت گہاس والی ہو جانا -

کلاءٌ (فتفسم) کشتی کا لنگرگاہ - کشتی کے کنارہ پر آنے کی جگہ - نالہ کا کنارہ - نہر کا کنارہ مذکر و مؤنث

کلا (کفس) دونون لفظ اثنان کی تاکید کے لئے آتا ہے یہ اسم مفرد ہے نہ تثنیہ -

کلاءٌ (فس) **کلاءٌ** (ففس) **کلاءتہ** (کفف) نگہبانی کرنی - تازیانہ سے مارنا - دین کا ادا نکی کرنا اور پیچہے رہ جانا - زمین کا گہاس بہرا ہونا - ایک چیز کو باربار دیکہنا اور اوسمین نگاہ پہرانی - کسی کی عمر منقطع ہو جانی -

کلاءٌ (فس) (ن) ناقہ کا گہاس کو چرنا -

کَلَبٌ (کفس) دیوانگی کے سبب عقل کا جاتا رہنا -

مُعَرن (بفتح) نیزہ جسکی لکڑی پر پھال رکھی گئی ہو۔

مُعَرنفظ (بفتح) شرمگاہ۔

مُعَرور (بفتح) جسکی شروع تپ کی کپکپی آپہنچی ہو۔

مُعَرور (بفتح) جاڑے کا مارا ہوا جسکو تغیر مستقل پہنچے۔

مُعَرورۃ (بفتح) عورت جسکے دودہ کو نظر لگے۔ شتر کش ناک۔ خارشتی اونٹ۔

مُعَرورک (بفتح) ہیت جو اپسمین گھسا ہوا ہو۔ مرد گٹھیلے بدنکا۔

مَعروف (بفتح) مشہور اور پہچانا ہوا۔ خلاف منکر۔ بھلائی۔ ہتھیلی کے زخم والا۔ خدا کی تابعداری۔

مُعَروق (بفتح) پانی کی رگ دار شراب

مُعَروق العِظام کم گوشت مرد۔

مُعَروک (بفتح) پانی جسپر ازدحام اور انبوہ ہووے۔

مُعَروکۃ (بفتح) زمین جسپر انبوہ ہو۔ زمین چوپایونکی پامال کی ہوئی اتنی کہ

بے نباتات اور خراب ہو جاوے

مُعَرَّی (بفتح) گس جسکے دربیان کے گوشت زائد سے بچے کا کنگرہ پتلا ہو کر اوسکے کنارہ پر جمپٹ گیا ہو۔ اسم جسپر عامل نہ داخل ہوا ہو جیسا مبتدا بیت جو ترفیل اور اذالہ اور سانح سے سالم ہو۔

مُعَرِّی (بفتح) عورتون مین سے جو کچھ برہنہ رہے جیسا ہاتھ پانو اور چہرہ اور رخسار۔ معاری (بفتح) جمع۔ وہ جگہہ کہ کچھ نہ اوگاوے۔

مَعز (بفتح) بز۔ خلاف ضأن یہہ اسم ذوات الشعر یعنی بالون والے کے لیئے ہی خواہ نر ہون یا مادین ان مین سے جو مذکر ہی اوسکو تیس کہتے ہین اور مادین کو عنز اور ضأن ذوات الاصواف کے لیئے اسم ہی نر ہون خواہ مادین انہین سے جو نر ہی اوسے کبش کہتے ہین اور مادین کو نعجہ اور غنم اسم جنس ہی سب کو ضأن اور معز کو شامل ہی۔ مَعز مُعزی المعزی و ضائنت الضائن بز کو بکری سے جدا کرنا۔

مُعز (بفتح) معیز (بکس) معاز (بکسر)

ان لمعنے معز (فس)۔
معزز (فف) درشتی و سختی۔ زمین سخت
(س) سخت ہو جانا۔ بہت بزور لووالا ہونا
معزاء (فسفسم) سخت زمین بہت
پتھروں بھری۔ معز (ضس) جمع۔
معزاب (کسفس) جو کہ اپنی
مواشی کو دور چرادے۔
معزابۃ (کسفسف) مرد بے جورو
اپنے چوپایہ کو آدمیوں سے دور لے
جانے والا۔ بہت غائب ہونے والا
عورت جسکی بے خاوندی بار کھینچ گئی ہو
معزاز المرض شدید المرض مرد۔
معزال (کسفس) اکیلا چرواہا۔
جو کہ چوپایوں کو چراگاہ میں گوشہ میں
لیجاوے۔ سفر سے ناحیہ میں اوترنے
والا۔ مرد بے نیزہ۔ معازیل (فقسکس)
جمع خستگی کے سبب جو کہ قمار بازو
سے الگ ہے۔ سست مرد احمق۔
معزب (ضسک) گیاہ عازب کا طالب
جو کہ گیاہ عازب کو پہنچ گیا ہو۔
معزب (ضفقف) جسکو گھر سے دور کر دیا ہو
معزبۃ (کسفف) لونڈی مرد کی جورو
معزبۃ (ضفقفف) مرد کی جورو۔

معزق (کسف) زمین کھودنے کا
آلہ جیسا تیشہ اور کلند وغیرہ یا اوس
سے بڑا۔ ایک آلہ ہی جس سے
گیہوں کو ہوا میں صاف کرتے ہیں
معازق (فقسک) جمع۔
معزقۃ (کسفف) بمعنی معزق (کسف)
معزل (کسف) یکسو و کنارہ۔
معزم (ضفقک) افسونگر۔
معزوزۃ (ضسفسف) سخت و درشت
زمین جسپر مینہ پڑا ہو۔ سخت زمین۔
معزہل (ضفسف) اچھی خورش والا۔
معزہلۃ (ضفسفف) اونٹ مہمل
چھوڑے ہوئے۔
معزی (کسف) بز۔ خلاف ضأن
سیبویہ کے نزدیک یہہ لفظ مذکر ہے اور
فراء کہتا ہی کہ مونث ہی۔
معزی (کسک) بخیل جو جمع کرے
نہ آپ کھاوے نہ دوسرے کو دیوے۔
معس (فس) دودہ (ف) ایک
چیز کو سخت ملنا۔ جوان لڑکی سے
جماع کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ نیزہ مارنا۔
معنشاء (کسفسم) کواری قریب البلوغ
معساۃ (فسفس) سزاوار۔

ماده
ن مو
ی الف
ن ز ب
الف
ع ز
ع ل
ع ز ب
الف
الف
الف
ع ز ق
الف
۳۰۱۱

علامات اعراب فتحہ کسرہ ضمہ ـ ضمہ فتحہ کسرہ سکون تشدید مد

ماده

۱۱۲۴

معشاج (کسفنس) اونٹ جو چلنے
مین گردن لبنی کرے ـ
معسّر (کسفف) مرد جو قرضدار پر
تنگ گیری کرے ـ
معسر (فسک) درویش تنگدست ـ
معسرة (فسفف) دشواری ـ
معسف (کسف) ظالم مرد بے راه ـ
معسلط (فقسقف) خلط ملط کلام
اور نادرست ـ
معسم (فسک) حرص کی جگهہ ـ
معسور (فسفس) دشواری ضد میسور
معسیة (فسکف) اونٹنی جسمین شک
ہو کہ آیا شیر دار ہی یا نہین ـ
معش (ففت) غرض و مطلب ـ
معش (فس) (ف) نرم نرم ملنا ـ
معشاب (کسفنس) گیاه ناک زمین
معشار (کسفس) دسوان حصہ ـ
ناقہ جسکا دوده کم ہو گیا ہو ـ
معشبة (فسکف) زمین جسکی گیاه
ناکی ظاہر او رہین ہو ـ
معشبة (ففقف) کهردری زمین ـ
معشر (فسفف) آدمیونکا گروه ـ
معاشر (فسک) جمع ـ جورو فرزند ـ
مرد کے کینہ کے لوگ ـ آدمی ـ
جن ـ و انس دس ـ
معشر (فقک) جسکی اونٹنیون نے
بچہ جنا ہو عشار اونٹون والا ہونا ـ
معشش الطیور پرند جانورون
کے گهر کی جگهہ ـ
معشف (فسک) جسکے آگے
ایسی چیز پیش آوے کہ جو اوسکے
مطبوع و مرغوب ہو اور اوسے نہ کها
یا اونٹ جسنے پہلے ہی پهل جنگل
سے لاوین اور اسپست اور خرما
کی گٹهلی اور جو نہ کهاوے ـ
معشق (فسف) بمعنی عشق ـ
معشوق (فسفس) دوست رکها
ہوا معشوقة (فسفسف) مونث ـ
معص (ففف) چهٹا ہوا اور برگزیده
اونٹ بزرگ ـ پانو کے پٹهے کا مڑ جانا
اور لپٹ جانا گویا کہ پٹها کوتاه ہو جاتا
ہی اور پانو کج ہو جاتا ہی تو اوسے
ہاتهہ سے درست کرتے ہین ـ یا کثرت
رفتار کے سبب پٹهے کا درد یا بہت
گهوڑا دوڑانے کے سبب طرف جسم
کی شکستگی یا لات مارنے یا کسی اور چیز

۱۴

ماده

عصر
عصل
عصب
عصر
ایضا
ایضا
ایضا
ایضا
ایضا
ایضا
عصف

کے سبب۔ بدن کے جوڑ کا پھر جانا
مڑجانا۔ لپٹ جانا اور ہاتھہ یا پانو کا
جیسے کہ دکھنے لگے۔ کودتے ہوئے
چلنا۔ ناز سے چلنا۔ اونگلیونکا پھر جانا۔
مَعْصَار (کسفنس) وہ چیز کہ جسمین
اوس چیز کو رکھین کہ جسے نچوڑین۔
مَعْصَال (کسفنس) ٹیڑہے سر کی
لکڑی جس سے درخت کی شاخون
کو پکڑین۔ چوگان۔
مُعَصِّب (ضفتتک) سردار جس نے
کہ بھوک کے مارے کمر باندہ لی ہو۔
نیازمند مرد۔ وہ شخص کہ جسکے اونٹ
خشک سالی کے سبب مر گئے ہون۔
مَعْصَر (کسفس) جسمین شیرہ انگور نچوڑین
فارسی مین اوسے چرخشت کہتے ہین۔
مُعْتَصِر (ضسفک) عرب مین بولتے ہین
کریمُ المُعْتَصِر اوس شخص کے
لیئے جو وقت سوال کے سخی ہو۔
مُعْصِر (ضسک) لڑکی جو بلوغ اور حیض
کے نزدیک ہو۔ معاصر (ففسک)
معاصیر (ففسکس) جمع۔
مُعْتَصَر (ضسفتف) جای پناہ۔ جای رہائی
مُعْصِرات (ضسکفس) ابر یا ابر برسنے

والا یا بہت مینہہ کا ابر یا ابر تند ہوا کا
اوٹھانے والا۔
مَعْصَرَة (فسفف) نچوڑنے کی جگہہ۔
مِعْصَرَة (کسفف) بمعنی مِعصر (کسف)
مُعْصِف (ضسک) تیز ہوا۔ بہت
کھیت اور گیاہ ناک جگہہ۔
مُعْصِفَة (ضسکف) تیز ہوا۔
مُعَصْفَر (ضفسف) رنگین جامہ۔
مِعْصَل (کسف) جو کہ قرضدار کو سخت
پکڑنے والا ہو۔
مُعَصِّل (ضفتک) جو چیز کہ ڈالنے کے
وقت دوہری ہو جاوے۔ تیر جو ہوا
مین لپٹا ہوا جاوے۔ تیر بے ڈھنگا
مِعْصَم (کسف) ہاتھہ مین کنگن کی جگہہ
ایک کلمہ ہے جس سے بھیڑ کو دوہنے
کے لیئے بلاتے ہین مِعْصَمْ مِعْصَمْ کر کے
مَعْصُوب (فسفس) بہت بھوکا۔ لطیف
تلوار۔ سخت گوشت والا۔ اجزاء شعر
مین سے وہ جزو کہ جسکے پانچوین حرف
متحرک کو ساکن کرین پس مفاعلتن
کو مفاعیلن کیطرف پھیر دین جیسے
نکالا ہوا ہو۔ مَعْصُوبُ الخَلْق اچھی
مضبوط پیدائش کا مرد۔

مادہ
۱ عضب
۲ عضر
۳ عضم
۴ عضل
۵ معض
۶ ایضاً
۷ عضد
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ ایضاً
۱۲ ایضاً
۱۱۲۳
۱۳ ایضاً
۱۴ عضض
۱۵ عضل
۱۶ ایضاً
۱۷ ایضاً
۱۸ ایضاً
۱۹ عضب
۲۰ عضہ
۲۱ معط
۲۲ ایضاً
۲۳ ایضاً

مَعضُوبَۃ (فسفسف) اچھی پیدائش کی عورت لڑکی۔

مَعضُور (فسفس) نچوڑا ہوا۔

مَعضُوم (فسفس) عرب کے ناموں میں سے ہے

مِعضِیل (کسکس) چوگان۔

مَعِض (فکس) (س ف) خشمناک ہونا۔ کام کا کسی پر دشوار ہونا۔

مَعِض (فک) جو کہ کام سے خشمناک ہو۔ جسپر کام دشوار ہووے۔

مِعضَاد (کسفس) بازوبند چھری جس سے قصائی ہڈی کاٹے تسمہ وغیرہ جسے بازو پر باندھیں۔ تلوار جسسے درخت کاٹنے کے سبب خوار و ذلیل رکھیں

مُعَضِّد (ضفتک) غورہ خرما کہ ایک جانب سے پکنے کے قریب ہو۔

مُعَضَّد (ضفتف) کپڑا کہ جسکے بازو پر نشان ہو۔

مِعضَد (کسف) درخت کاٹنے والی دراتی۔ بازو بند۔ تلوار جسسے درخت کاٹنے کے سبب خوار و ذلیل رکھیں

مِعضَدَۃ (کسفف) درہونکی ہمیانی

مُعَضِّدَۃ (ضفتکف) یعنی مُعَضِّد

مُعَضَّدَۃ (ضفتفف) بازو پر داغ

گرے ہوئے اونٹ۔

مُعَضعَض (ضفسف) گدہا جسے اور گدہوں نے کاٹا ہو۔

مُعضِل (ضسک) عورت جسپر بچہ جننا دشوار ہو عقلمند مرد۔ سخت شدید القبح۔ امر جس سے باہر ہو سکیں قوی اور مضبوط پیدائش کا مرد۔

مُعَضِّل (ضفتک) بلا۔ دشواری سے جننے والی۔ معاضیل (فسکس) جمع۔

مُعضِلات (ضسکفس) سختیاں۔ مشکل اور دشوار مسئلے۔

مُعَضِّلَۃ (ضفتکف) بلا۔ دشواری سے جننے والی۔

مَعضُوب (فسضس) سُست اور گہہ پر تہکا ہوا پڑا مرد۔

مُعَضَّہَۃ (ضفتفف) بہت عضاہ والی زمین

مَعِط (فک) بال گرا ہوا بھیڑیا۔

مَعط (فس) (ف) عورت کا بچہ ڈال دینا۔ گوز مارنا۔ کسی کے حق کو دیر تک دبائے رکھنا۔ لینا کھینچنا۔ تلوار میان میں سے سونتی۔ جماع کرنا۔ بالوں کا اکھاڑنا۔ بدن کا بے بال ہونا۔

مَعَط (ففت) (س) بھیڑئے کا پلید

مادہ
عطو
معط
عطش
عطل
عطب
عطر
ایضا
عطس
ایضا
ایضا

۱۱۳۳

عطش
ایضا
عطف
ایضا
عطل
ایضا
ایضا
عطن
عطف
عطن

اور بہت فریبی اور خبیث ہونا۔ یا اوسکا
کم بالون والا اور گرے ہوئے
بالون والا ہونا۔
معطاء[۱] (کسفقسم) بہت بخشش دینے
والا مذکر اور مونث برابر۔ معاطیٰ (فسک
معاطی (فسکت) جمع۔
معطاء (فسفقسم) بے گیاہ زمین۔
عورت۔ اندوہ وغم۔
معطار (کسفقس) عطر۔ بہت عطر
والا۔ مذکر و مونث۔ اونٹنی سخت اور
خوبصورت۔ برگزیدہ اونٹنی۔
معطال (کسفس) بے زیور عورت۔
عورت جسکی بے زیور رہنے کی عادت ہو۔
معطب (ضسک) مرد جو عیال پر تنگ گیر ہو
معطر (ضسک) سخت اونٹنی خوبصورت
معطر (ضفتف) خوشبوناک۔ معطرۃ
(ضفتقف) مونث۔
معطرۃ (ضسکف) اصیل ونجیب اونٹنی
معطرات (ضسکفس) جمع۔ روشن بالون
والی اچھی موٹی اونٹنیان۔
معطس (فسک) خاک۔
معطش[۱۰] (ضفتف) مرد جسکی ناک
خاک آلودہ ہووے۔

معطش[۱۱] (ضفتک) جو چیز کہ اپنی شدت
بو سے چھینک اوٹھاوے۔
معطش[۱۲] (فسف) اونٹون کی پیاس کا
وقت۔ معاطش (فسک) جمع۔
معطش[۱۳] (ضفتف) بلند کیا ہوا۔
معطف[۱۴] (کسف) چادر۔ تلوار۔
معطفۃ[۱۵] (ضفتقف) کج کی ہوئی کمان۔
اونٹنیان بچہ پر مہربان کی ہوئیں۔
معطل[۱۶] (ضفتف) ناکارہ مردہ زمین۔
معطل[۱۷] (ضفتک) جو کہ صانع عزوجل
کو انکار کرے اور شرائع کو باطل
جانیں۔ معطلون (ضفتکفس) جمع۔
معطلۃ[۱۸] (ضفتقف) بے چرواہے کا
اونٹ۔ بیر معطلۃ کوان جو اپنے
لوگون سے خالی ہو۔
معطن[۱۹] (فسک) اونٹون اور بکری کی
خوابگاہ پانی کی پیاس۔ معاطن (فسفک) جمع
معطوفۃ[۲۰] (فسفس) ایک عربی
کمان ہے نشانون کے لیے بناتے
ہین اوسکے گوشے بہت خم دیے جاتے ہین
معطوک[۲۱] (فسفس) دباغت کے
لیئے دباغ مین رکھا ہوا پوست۔
خراب وناکارہ پوستا۔

معطیر (کسکس) آمرخ اونٹنی کہ اوسکا پسینا خوشبودار ہو۔ بہت عطر جلانے والا مرد ہو یا عورت۔ خوشبوناک۔

معظمۃ (ضسفف) سخت سختی۔

معظوم (فسفس) اونٹ کا بچہ جسکی زبان مین ہڈی ٹوٹ گئی ہو اور اوسکے سبب دودہ نہ پی سکے۔

معظوہۃ (فسفسف) عورت جو ذکر کلان کی مشتاق ہو۔

معطئلۃ (ضسفکت) درخت ناک جگہہ

معفاج (کسفس) لکڑی جس پر دہوبی کپڑے کو دہونیکے وقت مارے۔ بدفعل مرد

معفاص (کسفس) نہایت بدخولڑکی

معفاق الزیارۃ بہت زیارت کرنے والا کہ ہمیشہ آمدورفت رکھے۔

معفج (کسف) احمق جو اپنے فعل اور قول کو ضبط نکر سکے اور کلام بیہودہ بولے۔ اور ناکارہ کلام کرے۔ چوب دستی مارنے کا آلہ۔

معفجۃ (کسفف) معفاج (کسفس) بمعنے معفج (کسف)

معفس (فسف) ہڈیکا جوڑ۔

معفص (ضفسف) بازو سے رنگا کپڑا

معفور (فسفس) بازار غیر رائج۔

معفورۃ (فسفسف) زمین جسکا چارہ کہا چکے ہون۔ بازار غیر رائج۔

معفوس (فسفس) قیدی مرد۔ ہر چیز کہ خوار و ذلیل و حقیر ہووے۔

معفون (فسفس) گوشت جسکا بو اور مزہ بدل گیا ہو۔

معفی (ضفسک) بازو ہمنشین کہ احسان کا متعرض نہو۔

معق (فس) گہراؤ۔ دور و دراز جنگل کا کنارہ۔ عمق کا مقلوب۔ امعاق (فسفس) جمع۔ اماعق (فضسک) اماعیق (ففسکس) جمع الجمع۔ نہایت تیز شراب۔ بے گہاس زمین۔ دوری معدہ کی تباہی وخرابی۔ بدخوئی (ف) پانی کی رو کا سب کو بہالیجانا۔

معقاب (کسفس) چہوٹا سا گہر جسمین موزا اور کہانا وغیرہ رکہین جسکی ہر بیٹی کے پیچھے بیٹی جننے کی عادت ہو۔

معقاد (کسفس) منکون سمیت ڈورا جیسے لڑکون کی گردنمین ڈالتے ہین

معقار (کسفس) زمین جو چوپایہ کی

مادہ
عطر
عطم
عظم
عظم
الضا
عظو
الضا
عطل
عفج
عفص
عفق
عفج
الضا
عفس
عفص
عفر
الضا
عفس
عفن
عفو
معق
عقب
عقد
عقر

ماده

۱ عقص
۲ عقب
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ عقد
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ عقر

۱۱ ایضاً
۱۲ عقرب
۱۳ ایضاً
۱۴ ایضاً
۱۵ عقص
۱۶ عقل

پشت کو زخمی کرے۔
معقاص[۱] (کسفنس) بدخلق لڑکیون مین سب سے بدتر شیرہے سینگ کی بکری
معقب[۲] (کسفت) ستارہ جو ستارے کے پیچھے طلوع کرے۔
معقب[۳] (ضفتک) ہر چیز پیچھے آنے والی
معقب[۴] (ضفتقف) جو کہ شتر انجانہ مین سے اوس شخص کے داخل ہونے کے پیچھے نکلے جو اوس سے بزرگ ہو۔
معقبات[۵] (ضفتففس) رات اور دن کے فرشتے کہ ایک گروہ دوسرے کے پیچھے آوے سبحان اللہ سبحان اللہ جو ایک دوسرے کے بعد نکلے۔ اونٹ حوض پر ایک دوسرے کے پیچھے کھڑے ہووے تا کہ نوبت بنوبت پانی پیوین تو جب ایک پانی پی کر پھرے سے دوسرا اوسکی جگہہ پر آوے نرہو یا مادہ۔
معقد[۶] (فسنک) گرہ کے باندہنے کی جگہہ۔ ایک قسم کی چادر۔ معاقد (فضسنک) جمع۔ اور یہہ قول ہو مہتی معقد الازار یعنی وہ مجہہ سے قریب المنزلۃ ہی۔
معقد[۷] (ضفتک) جادوگر۔ فریب دینے والا۔ دہوکا دینے والا

معقد[۸] (ضفتقت) کلام جو پوشیدہ اور بعید ہو خلاف واضح۔
معقدۃ[۹] (ضفتقفف) قسم جو فعل مستقبل پر کھائی ہوا اور اوسکی حانث پر بالاتفاق کفارہ ہی۔ گرہ بندہا ہوا دہاگا۔
معقر[۱۰] (کسفف) زین جو چوپایہ کی پشت کو زخمی کردے۔ مرد جو اونٹ کو باندہ دینے سے زخمی کردے۔
معقر[۱۱] (ضنسف) زین اور پالان جو چوپایہ کو پشت ریش کردے۔ بہت پانی اور زمین والا مرد۔ باسامان مرد۔
معقرب[۱۲] (ضفسفت) مکان جسمین بچھو بہت ہون۔ کج اور خمیدہ۔ معقرب الخلق سخت قوی گرد اندام۔ مرد گار قوی
معقربۃ[۱۳] (ضفسفف) زمین جسمین بچھو بہت ہون۔
معقرۃ[۱۴] (فسفف) زمین جس میں بچھو بہت ہون۔
معقص[۱۵] (کسفف) ٹیڑہا تیر یا ٹوٹا ہوا تیر کہ جسکا دنبال اوسمین رہگیا ہو پس اوسے نکال کر درست کرکے پھر اوسکی جگہہ جڑین۔
معقل[۱۶] (فسنک) جاے پناہ۔

معقلہ (فسفف) خونبہا۔ تاوان۔
معقم (فسک) گرہ کی جگہہ۔
مُعقُود (فسفس) گھر جسمین گرہین خمیدہ ہون جیسا دروازہ وغیرہ۔
مُعقُودۃ الفقرا مضبوط پیٹہہ کی ناقہ۔
مُعقُور (فسفس) خستہ اور مجروح۔ زخمی۔ کونچ کٹا ہوا۔
مُعقُوف (فسفس) بڑہاپے کے سبب کبڑی پیٹہہ کا بڈہا۔
مُعقُوفۃ الرِّجل علت عقاب کے سبب خمیدہ پانو کی بکری۔
مُعقُول (فسفس) سمجہا ہوا۔ ارکان شعر مین سے ایک رکن کا لقب کہ جسکا پانچوان حرف متحرک گر گیا ہو۔
مُعقُومۃ (فسفسف) بندہا ہوا رحم کہ آب منی کو قبول نکرے۔
مُعقّی (ضفقتک) پرند جو دور اور بلند ہون اور ایک چیز کے گرد پہرین۔
معکّ (زفک) کسی کے حق وقرض کو دیر تک رکھنے والا۔ نہایت خصومت والا مرد۔ احمق۔
معکّ (فسک) ایک چیز کو خاک مین ملنا جنگ وپیکار مین کسی کو پریشان اور علامت کرنا۔ کسی کے قرض کو دیر تک رکہنا۔
معکّ (کفت) بڑی خصومت والا مرد۔ کوڑا چاہنے والا گھوڑا کہ کبھی چلے اور کبھی ٹھہر رہے تا کہ کوڑا کہاوے۔
مُعکار (کسفسم) موٹے اونٹ۔ یا بہت سے اونٹ کہ ایک کا ایک کی دُم سے لگا ہوا ہو۔
مُعکاد (کسفس) مضبوط پیدائیش کی سخت اونٹنی۔
معکد (فسک) جائے پناہ۔
معکم (کسف) گوشت کا گٹھیلا۔ جسم دار۔
مُعکّنۃ (ضفقفف) لڑکی جسکا پیٹ شکن دار ہووے۔
معکود (فسفس) مقیم۔ ایک جگہہ کو لازم پکڑنے والا۔ قوت دینے والا۔ قید خانہ مین قید کیا ہوا مرد۔ طعام پیوستہ وآمادہ۔
معکوش (فسفس) گم نسار۔ جمع کیا ہوا۔
معکوف (فسفس) بند کیا ہوا۔ روک رکھا ہوا۔ کنگھی کئے ہوئے بال جو رہنے دیے گئے ہون۔
مُعکوکار (فسفسفسم) گرد وغبار۔ آواز وشور۔ شر وفساد۔
مُعکوکۃ (فسفسف) بند کئے ہوئے اونٹ۔
مَعکوکۃ المال بہت سے اونٹ۔

ماده
عقف ۱۱۳۷
عقم
عقو
عقل
عکف
عکد
عکم
عکن
عکر
عکش
عکف
عکک

معلی لسر (فسفف) ابل کی منگی گی بہت سے اونٹ۔

معل (ضفت) بیمار۔ علیل۔

معل (فک) کام مین جلدی کرنیوالا

معل (فش) (ف) کسی کو اوسکی حاجت سے گھبرا دینا۔ اور جلدی کرانی اور اوس سے اوکھاڑ دینا۔ کسی کے عیب بیان کرنے مین جلد نکلنا گدہے کو خصی کرنا۔ ایک چیز کا اوچک لینا۔ کام مین سرعت کرنی۔ قطع کرنا۔ خراب و تباہ کرنا۔ سرعت سے چلنا۔ لکڑی کا چیرنا۔ جلد کھینچ لینا۔ ناقہ کی کس مین سے بچہ کو نکال لینا۔

۱۱۳۸

معلات (فسفس) قدر و مرتبہ کی بزرگی اور بزرگی اختیار کرنی۔ قدر و منزلت کی بلندی۔ معالی (فسفس) جمع

معلاق (کسفس) جو چیز کہ ایک چیز اوسپر لٹکا دین سرہان۔ معلاقان ڈول وغیرہ کے دو تسمہ کہ اون سے اوسکو لٹکاتے ہین۔ بڑا جھگڑالو مرد کہ حجت کرنے لگے۔

معلاش (ضفقاس) عکلبہ بنانیوالا مرد

معلبۃ (ضسکف) کثیف ناقہ میلی کچیلی۔

معلبۃ (ضفقفف) کثیف ناقہ میلی کچیلی۔

معلس (ضفقف) مجرب۔

معلستہ (ضفقفف) اونٹنی جو نر اونٹ کے مشابہ ہو۔

معلط (فسف) گردن شتر پر داغ کی جگہہ

معلط (ضفقف) مضبوط بدن کا مرد سفر پر قوی خبیث طبیعت کا مرد۔ عقلمند ہوشیار تیز فہم۔

معلف (فسف) چارہ کی جگہہ۔ لکڑی وغیرہ کا چوپایہ کا علف دان۔ چھوٹے ستارے پھرنے والے۔

معلف (کسف) چارہ کی جگہہ۔ لکڑی وغیرہ کا چوپایہ کا علف دان۔

معلفۃ (ضفقفف) موٹی بکری۔

معلق (فسف) چھوٹی سوسمار۔

معالق (فسکف) جمع

معلق (ضفقف) راہ۔ ایک لکڑی جسپر کوئین کی گھرنی لٹکاوین۔ کوئین کی گھرنی۔ ڈول کی رسی۔ بڑا ڈول۔ ڈول کی گھرنی کا تیر جسپر گھرنی پہرے۔ یا رسی جو گھرنی مین لٹکی ہوئی ہو۔ درخواست۔ دوستی۔

معلقۃ (ضفقفف) عورت جسکا خاوند

گم ہوگیا ہووے۔
معلنکس (ضفسک) خشک گھاس بہت جمع ہو آئی ہوئی۔ اوپر تلے جما ہوا ریت موٹے بال گھنے کے نہایت گا۔ متردد
معلکم (ضفسف) اونٹ وغیرہ مضبوط کا
معلہم (فسفت) نشان کہ راہ پر بناویں۔ برابر زمین کہ جسمیں سوار علامت راہ کے اور کچھ نہ ہووے۔
معلم الشئی وہ چیز کہ جس سے چیز پر راہ لیجاویں کہ فلانی جگہ ہے۔
معلنجم (فسفسک) تہ بتہ ریت۔
معلندد (ضفسک) بغیر پانی اور گھاس کی زمین۔
معلندد (ضفسف) چارہ حیلہ۔ چنانچہ کہتے ہیں مالی عنہ معلندد یعنی میرے لیئے اوس سے کچھ چارہ اور حیلہ نہیں ہے۔ راہ سبیل چارہ حیلہ۔
معلنکش (ضفسک) بمعنی معلنکس (ضفسک) گھنے بال۔
معلوب (فسفس) فراخ رستہ۔ پامال کیا ہوا۔ تلوار جسکے قبضہ کو اونٹ کی گردن کے پٹھے سے لپٹایا ہو۔
معلوط (فسفتف) اونٹ کی گردن کا

داغ کرنے کی جگہہ۔
[11] معلوقہ (فسفسف) موٹی بکری۔
[12] معلوق (فسفس) جسکے حلق مین جونک چمٹ گئی ہو۔
[13] معلوق (ضفسفس) جس سے کسی چیز کو لٹکا دین۔
[14] معلہج (ضفسف) احمق کمینہ۔ نیچ
[15] معلہز (ضفسف) آدہا گلا ہوا گوشت۔
[16] معلہزۃ (ضفسفف) دُبلی بکری۔
[17] معلہص (ضفسف) آدہا گلا گوشت۔
[18] معلی (ضفتک) جو کہ بکری اور اونٹنی کے دوہنے کے لیئے داہنی طرف سے آوے
[19] معلی (ضفتف) تیر قمار مین کا ساتوان
[20] معم (ضفت) جسکے باپ کے بھائی بہت سے ہون یا بزرگ چچون والا مرد۔
[21] معم خیر وہ شخص کہ جسکے رای اور بخشش سبکو شامل ہو اور جس نے اپنی رای اور بخشش سے سبکو گھیر لیا۔
[22] معم مخول جسکے چچا اور ماموں کریم اور سخی ہون۔
[23] معمد (ضفسف) لمبے قد کا۔
[24] معمد (ضفتف) جو کہ عشق کے سبب بیخود اور شکستہ دل ہو۔ خیمہ ستون سے

ماده
۳۹۱۱
علق
الفا
علج
علہز
الفا
علہص
علم
الفا
عمم
الکنی
الفا

مادہ
عمر — عمرط — معمع — الف — الف — الف — عمم — عمر — عمل — عمی — بہ ا

سید یا کہڑا ہوا۔ ایک قسم کا نقش و نگار۔

معمر (فسفف) بہت گھاس والی منزل۔

معمرط (ضفقسک) چور کہ جو چیز پاوے چورا لیجاوے۔

معمع (فسفف) عورت زمانہ جسکے سوا ہو مالدار کو اپنے مال مین سے کسی کو کچھہ ندیوے۔ تیز ذہن عورت روشن رای والی گویا کہ آگ کا پرکالہ ہے۔ عرب مین بولتے ہین ہو ذو معمع یعنی وہ کامون پر صابر و شکیبا ہے اور اونپر مشقت کرنے والا ہے۔

معمعان (فسففس) گرمی کی شدت۔ نہایت گرم۔

معمعانی (فسففسکت) نہایت گرم۔

معمعة (فسففف) نیستان وغیرہ کی آواز جبکہ جلنے لگے۔ معرکہ مین دلیرون کی آواز۔ دہوپ اور گرمی مین ہونا اور اوسمین سیر کرنا۔ کام شتاب کرنا۔ بات مین لفظ مع بہت کہنا۔ جنگ کرنی۔ مینہہ کا زمین کو صاف کرنا۔

معمعی (فسففکت) وہ مرد کہ جسکو غالب دیکھے اوسکا یار ہو جاوے۔ درہم جسپر لفظ مع مع کا لکھا ہوا ہو۔

معمم (ضفتقف) سوا گردن کے سفید سر کا گھوڑا۔ یا گھوڑا جسکی پیشانی کی سفیدی پیشانی کے بالون کے اوگنے کی جگہہ تک اوتر آوے۔ گھوڑا جسکے کان اور پیشانی کے بال اور اوسکا گرداگرد سفید ہو گیا ہو۔

معمود (فسفس) عشق کے سبب سے شکستہ دل۔

معمور (فسضس) آباد ان۔

معمول (فسضس) پانی دودہ اور شہد اور برف ملا ہوا۔

معمی (ضفتقف) شعر مین کلام پوشیدہ۔

معن (کفت) جو شخص کہ بیفایدہ اور بے مقصود کام مین داخل ہووے اور ہر چیز مین پیش آوے اور داخل ہووے۔

معنة (کفتقف) مونث خطیب۔

معن (فس) لینا۔ چھوٹا۔ تھوڑا۔ بہت۔ سہل آسان۔ ہر ایک چیز کہ جس سے کوئی نفع ہو۔ چمڑا۔ پانی گھوڑے کا دور چلا جانا۔ پانی کو روان و جاری کرنا۔ گھاس کا سیراب ہونا اور بالیدگی کی نہایت کو پہنچ جانا۔ خواری و ذلت کو قبول کرنا۔

شکر ہونا۔ نعمت کا شکر نہ کرنا۔

مُعناق (کسفس) اچھی روش کا گھوڑا

معانیق (ففسکس) جمع۔

مُعنان (ضسفس) نالہ میں کے پانی میں کی روشین۔

مُعنتِب (ضفتک) موزہ لانے والا۔

مُعنتِّ (ضفتف) گاڑھا دار قطران یعنے قد کا مرد۔

مُعنتہ (ضسف) تھوڑی چیز۔

مُعنتہ (ضسف) پیوندگی ہوئی ہڈی پھر ٹوٹ گئی ہوئی۔

مُعنِج (کسف) کام میں پیش آنے والا۔

مُعنجِد (ضسف) تیز خشم غضبناک۔

مُعندِب (ضفسک) خشمناک۔

مُعنَّز (ضفتف) چھوٹے سر والا۔

مُعنَّز الوجہ جسکے چہرہ پر گوشت کم ہو۔

مُعنّز اللحیہ جسکی ڈاڑھی بوک کی سی ہو

مُعنَق (ضسنک) سخت اور بلند زمین جسکے گرد اگرد نرم زمین ہو۔

مُعنقات (ضفتفس) یعنے پہاڑ۔

مُعنقة (فسفف) پتھر کا ٹکڑا جو خمیدہ اور مائل ہو۔ شہر جس میں تنگی سال کے باعث جائے اقامت نہو۔

مُعنقة (کسفف) گردن بند۔ چھوٹا پہاڑ ریگ تودہ کے آگے معانیق (ففسکس) جمع۔

مُعنقة (ضفتفف) ایک چھوٹا جانور ہے۔

مُعنقة (ضسکف) دیدبان کی جا جو بلند

مُعنک (کسف) قفل یا دروازہ کی بلی

مُعنَّم (ضفتف) خضاب اور رنگ کی ہوئی انگلی۔

مُعنوَّن (ضفتفس) سخن کھینچا ہوا۔

مُعنوشة (فسفف) یعنی یہ لفظ صفت عنق کی ہوتا ہے چنانچہ عنق [illegible] معنوشہ کہتے ہیں یعنی لمبی گردن۔

مُعنون (فسفس) دیوانہ۔

مَعنَی الکِتاب کتاب اور خط کی علامت ونشان۔

مَعنَی الکلام مراد کلام۔

مَعنِیّ (ضفتس) کوہان چڑہا ہوا اونٹ و ریک قیدی رہا ہوا (ضسکت) رنجیدہ

مُعو (فسس) پکا ہوا رطب یا غورہ کہ رطب ہونے کو پہنچ گیا ہو۔ مُعوة (فسف) ایک اونٹ کے ہونٹھ کے پیچھے کا شگاف۔

مُعوان (کسفس) خوب مددگار۔

عود — عوذ — عوذ — ایضاً — عوذ — عوز — ایضاً — عوش — عوض

بالون کا بہت مددگار-

مُعَوَّة (ضسف) آدہا خشک رطب-

مُعَوَّج (ضفس) تیز رو گھوڑا- فرس معوج بولتے ہین-

مُعَوَّذ (ضفتف) گھوڑے وغیرہ مین گردن بند کی جگہہ- ناقہ جو ہمیشہ ایک جگہہ رہے اور جگہہ سے نہ ٹلے اونٹ کی چراگاہ گھرون کے گرد گھاس جو کاٹنے کی جریا زمین سخت و درشت مین اوگی ہوی ہے جگہہ اونٹ اوس تک نہ پہنچ سکے-

مُعَوَّد (ضفس) عبادت کیا ہوا بیمار-

مُعَوِّد الحکما (معاویہ بن مالک کا لقب-

مُعَوِّذتان (ضفتکفضس) قرآن شریف کی دونون سورتین اخیر کی-

مُعَوِّر (ضسک) چور اور قطاع الطریق سے خوفناک جگہہ-

مُعَوَّز (کسف) پرانا کپڑا ہر وقتی کا- معاوز (فضسک) جمع-

مُعَوِّز (ضسک) درویش- نیاز مند-

مُعَوَّشہ (فضسف) زندگانی-

مُعَوَّضۃ (فضسف) عوضی چیز-

مُعَوِّق (ضسک) نیند بہرا مرد نیند مین سر ہلانے والا-

مُعَوِّق (ضفتک) درنگ کرنے والا-

مِعْوَل (کسف) لوہا جس سے پہاڑ کھودین- کودال- معاول (فضسک) جمع-

مُعْوِل (ضفس) مغلوب الصبر-

مُعَوَّل (ضسف) جسپر گریہ و زاری کرین-

مُعَوَّل (ضفتف) مدد چاہا گیا جسپر بوجھہ رکھا گیا کسی پر تکیہ اور اعتماد کرنا-

مُعَوَّنۃ (ضسفف) مددگاری مددگری-

مَعُونۃ (فضسف) مددگاری معون (فضس) جمع-

مَعْہَد (فسف) وہ منزل کہ جسکی طرف ہمیشہ پھر آوین جہان نسے گئے ہون-

مُعَہَّدۃ (ضفتفف) زمین جسپر کہ جا بجا مینہہ برسا ہو-

مَعْہُود (فسضس) جگہہ جسپر پہلا مینہہ پڑا ہو- دیکھا اور پہچانا ہوا- عہد کیا گیا

مِعًی (کس) مِعَی (کف) انتڑی امعاء (فسفس) جمع- اسی لفظ سے ہی یہہ حدیث اِنَّ الْمُؤْمِنَ یَأْکُلُ فِی مِعًی وَاحِدٍ- وَالْکَافِرُ یَأْکُلُ فِی سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ مومن وجہ واحد سے کھاتا ہی اور وہ وجہ واحد وجہ حلال ہی- اور کافر چند وجوہ سے کھاتا ہی اور وہ کچھہ پروا نہین کرتا

کہ کیا کھایا اور کہاں سے کھایا اور عرب میں بولتے ہیں ہم مثل المعی فی الکرش یعنی وے نیکو حالی اور ارزانی میں ہیں۔ ہر آب راہہ کہ زمین پست میں دوسرے آب راہہ کی طرف جاوے یا دو سخت زمین میں نرم زمین قعر میں پانی ٹھہرنے کی جگہہ۔

مِعَی اَلْفار ایک قسم کا خراب خرما۔

مُعیاص (کسفس) جو کہ تم سے اوس چیز میں سختی کرے کہ جو تم اوس سے چاہتے ہو۔

مُعیان (کسفس) قوم کے لیئے پانی اور گھاس ڈھونڈھنے والا۔ بد النظر بد نگاہ نے والا مرد۔

مَعیب (زکس) عیب۔ عیبناک۔

مُعَید مُبدی تابع کیا ہوا اور ادب دیا ہوا۔ مرد جس نے بار ہا کفار سے جنگ کی ہو اور آزمودہ کار ہو۔

مُعَیدی (رفسکت) التصغیر مَعدی اور یہہ قول اونکا تسمع بالمعیدی خیر من ان تراہ ایک مثل ہے اوس شخص کے حق میں کہتے ہیں کہ جو بزرگی اور خوش نامی میں مشہور ہو

لیکن ظاہر اوسکا خراب ہو کہ اوسے ذلیل اور خوار کرتا ہو۔ اصل اس مثل کی یہہ ہے کہ شقۃ بن ضمرۃ منذر بن ماء السماء کے پاس آیا اور منذر اوسے خوبصورت سنتا تھا پس جب منذر کے پاس آیا تو اوس نے اوسکی ہیأت کو مکروہ جانکر یہہ مثل کہی تب شقہ نے جواب دیا کہ المرء باصغریہ القلب واللسان یعنی آدمی دو چھوٹی چیز سے آدمی ہے دل سے اور زبان سے نہ حسن ظاہری سے۔

مُعید (فنکس) بادین نئی جننے والی

مَعیش (زکس) جینا۔

مَعیشۃ (زکسف) کھانے پینے کی چیز جس سے زندگانی کریں۔ زندگانی کا مادہ اور ہر چیز کہ جس کے سبب یا اوس میں زیست اور زندگانی ہو۔ معائش (رفسنک) جمع۔ زندگانی۔ جینا۔

مَعیشۃ الضنک۔ عذاب قبر۔

مَعیص (زکس) اگنے کی جگہہ۔

مَعیق (زکس) بہت گہراؤ کی نہر۔

معیقۃ (زکسفت) مونث۔ بیر معیقۃ بولتے ہیں بہت گہرا کنواں۔

مادہ

۱۱۴۲

معق

علامات اعراب ضفکستم یعنے ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م

مادہ

عیل
عیف
عین
عیب
عبش

معیل (فکس) حاجتمند کر دینا اور درماندہ اور عاجز کر دینا۔
معیل (فکس) شیر۔ بھیڑیا۔ بہت عیال دار مرد۔
معیلۃ (فکسف) بہت عیالدار عورت
معین (فکس) نظر کیا ہوا اور دیکھا ہوا۔ جاری صاف و پاک پانی
معینش (ضفتقف) ایک خانہ گاو زری آنکھ کی مانند جو چار خانوں سے منقش ہو۔ نر بیل پیشانی کے بیچ کا سیاہ۔ سانڈ بیل جسے ترکی میں بوقا کہتے ہیں
معیوب (ضفتس) عیبناک۔
معیور (فسضسفف) بمعنی اعیار و عیار
معیون (فسغنس) بمعنی معین و لیس
معیش (ضسکعن) تنگ سے ہوئے اونٹ
مغاث (فس)، مغیب (فکس)، ناپدید ہونا۔
مغالبۃ (ضفنسفف) اچانک آدبا لینا۔
مغاث (ضفنس) اسم مفعول اغاث بغوث سے۔ ایک درخت ہے اوسکی جڑ اور ریشہ میں سے دو جو کے بقدر دست آور اور قے لانے والی ہے۔
مغادات (ضفنسفس) کسی کے پاس
یا مراد یعنی صبح کرنی۔
مغادرۃ (ضفنسفف) باقی رکھنا چھوڑنا۔
مغادلۃ (ضفنسفف) آپس میں سبقت کرنی۔ ہلاک کرنا۔
مغاذ (ضفست) اونٹ جو پانی سے کراہت رکھے۔
مغار (فقس) غار۔
مغار (ضفقس) بٹی ہوئی رسّی۔
مغار (ضفست) کم شیر ناقہ۔ مغار (فقست) جمع بخیل و ممسک ہاتھ۔
مغاراۃ (ضفسفس) پیدر پے کرنا۔ جنگ و پیکار میں کسی کے ساتھ جھگڑنا۔
مغارۃ (ضفستف) ناقہ کا کم شیر ہونا۔ ہر چیز کی کمی۔ کم شیر ہونا۔ قمری کا اپنی مادہ کو منھ سے خورش دینا۔ بازار کا ناراج ہونا۔
مغارضۃ (ضفسفف) اونٹ کو پانی صبح کے وقت لانا۔
مغارف (فسک) تیز گھوڑے۔
مغازۃ (ضفستف) شتابی کرنی۔
مغاز (ضفسک) جو ایک چیز کو دے اور اوس سے زیادہ واپس لیوے۔
مغازل (فسک) خزمن کوبی کے موسل

مادہ

مغازلۃ (ضفسففف) عورتون کے ساتھہ بات چیت کرنی اور عشق بازی کرنی۔ چالیس کے نزدیک ہوجانا۔

مغازی (ضفسک) غازیون کے بیان اوصاف اور مناقب۔

مغاش (ضفست) مشقت کرنیوالا چنانچہ کہتے ہین جاء مغاشین یعنی مشقت کرتے ہوئے آئے۔

مغاص (ضفس) پانی کے نیچے گھسنا۔ پانی مین نیچے گھسنے کی جگہہ اور اوس مین پھرنا۔ بالای ساق۔

مغاضبۃ (ضفسفف) آپسمین غضبہ کرنا آپسمین ایک دوسرےکو خشمناکی کرنا۔

مغاضنۃ (ضفسفف) آنکھہ بند کر لینی۔ آنکھہ کی شکنین دکھانی۔

مغاطۃ (ضفستف) آپس مین ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

مغافصۃ (ضفسفف) اچانک پکڑ لینا۔ کسی کی غفلت مین آجانا۔

مغال (ضفس) ہلاک کرنا۔

مغال (ضفس) دودہ پینے والا بچہ

مغالاۃ (ضفسفس) مول کرنا اور پھر اوسمین اوسکی حد سے گذرجانا مہنگا خریدنا۔ تیر پھینکنے مین ہاتھہ کو اونچا اوٹھانا یا تیر کو نہایت قوت سے دور پھینکنا

مغالبۃ (ضفسفف) آپسمین غلبہ ڈھونڈھنا۔ کسی پر غلبہ کرنا۔

مغالۃ (ضفسف) بدی۔ شر۔ کھوٹ دغل۔ بدی جو کسی کے حق مین کسی کے آگے کہین۔

مغالث (ضفسک) خوب لڑویہ۔

مغالطۃ (ضفسفف) غلطی مین ڈالنا۔ ایک دوسرے کو غلطی دینی۔

مغالظۃ (ضفسفف) آپسمین دشمنی کرنی۔ کینہ۔ دشمنی۔

مغالقۃ (ضفسفف) دوڑ نے مین شرط لگانی۔

مغامۃ (ضفستف) ایکدوسرےکو غمگین کرنا۔

مغامر (ضفسک) بےخوف وخطر اور بےباکانہ اپنے تئین سختی اور ازدحام مین ڈالنے والا۔

مغامرۃ (ضفسفف) بغیر خوف و بیم ایکدوسرےکے ساتھہ اٹک جانا۔

مغامسۃ (ضفسفف) ایک دوسرے کو پانی مین نیچے گھسالینا اور جنگ کے درمیان اپنے تئین ڈالدینا۔

١٣ غلب
١٤ غلث
١٥ غلط
١٦ غلظ
١٧ غلق
١٨ غم
١٩ غمر
٢٠ ایضا
٢١ غمس
١٢

ماده

غوث
غيي
غيب
غير
غيظ
غيظ
غبب
غبر
غبب
غبط
غبن

مغاوث (ضفسک) آہا یعنی جھیلین۔
مغایاۃ (ضفسفس) تلوار کا سر پر سایہ ڈالنا۔
مُغایبۃ (ضفسفت) کسی کے پیچھے بات چیت کرنی۔ خلاف مُحاذیۃ۔
مُغایرۃ (ضفسفت) خرید و فروخت مین معارضہ کرنا اور اوسمین مبادلہ کرنا۔
مغایظہ (ضفسفف) کلام پریشان۔ کلام پریشان کہنا۔
مُغایظۃ (ضفسفف) غصہ مین لانا۔
مغبّ (ضکت) شیر۔
مُغبار (کسفس) اونٹنی جو اوس مہینوں کے پیچھے کہ اوسکے ساتھ جنی ہو بہت دودھ والی ہو جاوے۔ کھجور کا درخت جسپر غبار چھا ہوا ہو۔
مُغبّر (ضفتف) بکری جسے ایک دن بیچ کرکے دوہین۔
مُغبِطۃ (ضسفف) زمین جو انبوہی گیاہ کے سبب پوشیدہ ہو۔
مغبن (فسف) بغل۔ ران کی جڑ۔
مغابن (فسک) جمع۔
مغبور (ضسفس) ایک قسم کا گوند کہ درخت عُرفط اور رِمث یا ثمام سے نکلے

مغبون (ضسفس) ہشت عقل۔ خرید و فروخت مین فریب کھایا ہوا نقصان پہنچا ہوا۔
مغبیّۃ (ضسفف) بقوطہ اسا بر والا ابر۔
مغتاذ (ضسفس) غصہ کا بھرا۔
مغتال (ضسفس) پر گوشت بازو نازک۔ موٹا بڑے جثہ کا لڑکا۔
مغتبق (ضسفف) غبوق کے پینے کی جگہہ۔ غبوق پینی۔
مغتزل (ضسفف) ایک باریک رسی ہے۔
مغتسل (ضسفف) مردہ کے دہونے کی جگہہ۔ آب غسل۔ جای غسل۔
مغتلمۃ (ضسفکف) تیز شہوت عورت۔
مُغتمر (ضسفک) مست و مدہوش۔ کھجور کا درخت بہت پانی پینے والا۔ پوست سمیت گیہون۔
مغث (فس) (ف) ایک چیز کو پانی مین ملنا اور گھسنا تاکہ کھلجاوے۔ کسی کی آبرو عزت کو خراب اور رسوا کرنا اور اوسمین عیب بیان کرنا۔ بد ہونا۔ کشتی کرنی۔ نرم اور ہلکا مارنا۔ پانی مین ڈوبا دینا۔ بیہودہ کام کرنا۔
مغث (زک) نہایت مشقت کرنیوالا

اور قوی زور سے زمین پر دے مارنیوالا۔
مغشر (کسف) بمعنی مغشور (ضسفس)
مغشری (ضفسک) لبریز پانی۔
مغشریۃ (ضفسکف) سبز گھاس بھری ہوئی زمین
مغشم (ضفسک) حق تلف کرنے والا۔ ستمگار۔
مغشمش (ضفسف) خراب بنا ہوا کپڑا۔ درشت گیہون جو صاف اور چھنے ہوں۔
مغشور (ضسفس) شلغم کی مانند ایک چیز ہے شہد کی مانند شیرین گندہ بو جو درخت عرفط اور رمث اور عشر سے نکلتی ہے اور اوسے کھاتے ہیں مغاثیر (فکسکس جمع)
مغشوم (ضسفس) شئی مخلوط جو تیز ہو
مغج (فس) (ف) دوڑنا۔ چلنا۔
مغد (فس) نازک۔ گوشت بھرا اونٹ۔ ہر ایک چیز ڈلدار اور لبنی۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہہ۔ بڑا ڈول لفاح کہ ایک قسم کی سونگھنے کی چیز ہے بڑی۔ بادنجان۔ ایک میوہ ہے ککڑی کی مانند۔ تیغنب درخت کا میوہ توڑا ہوا۔ (ف) ناز و نعمت میں پالنا۔ ناز و کامرانی میں زندگانی بسر کرنی۔ اونٹ کے بچہ کا ماں کے دودھ کو چوسنا۔

چوسنا۔ بدن کا موٹا اور پُر گوشت ہونا۔ گھاس وغیرہ کا لمبا ہونا۔ جماع کرنا پیشانی اسپ کی سپیدی سے بالون کا اوکھڑا ہونا۔
مغدر (ضکت) دبا مارا ہوا اونٹ۔ بہت غصہ والا یا ہمیشہ غصہ میں رہنے والا۔
مغدآ و مرآجا عرب میں بولتے ہیں ما ترک مین ابیہ مغدآ و مرآجا یعنی اوس نے اپنے باپ کی کچھہ میراث بہت چھوڑی
مغدار (کسفس) مرد یا عورت بہت غصہ والی یا ہمیشہ غصہ میں رہنے والی
مغدر (ضسف) بیوفا اور اکثر دشنام دیے وقت کہتے ہیں یا مغدر۔
مغدرۃ (ضسفف) تاریک رات۔
مغدف (کسف) کشتی کا چپو۔ ملاح
مغدود (ضسفس) وبا مارا اونٹ۔
مغدودن (ضسفسفس) نرم دوہرا ہونے والا درخت۔ جوان نازک۔
مغذم (ضسفک) سردار۔ مرتکب امور جو کہ ایک لیوے اور دوسرے کو دیوے اور جو کسی کے لیئے اوسکے حق کو چھوڑ دے یا اہل حقوق کے لیئے ہبہ کرے یا وہ جو اپنی قوم پر

مادہ
۱ غشر
۲ غشر
۳ غشر
۴ غشم
۵ غشم
۶ غشو
۷ غشم
۸ غمج
۹ غمد
۱۰ غمد
۱۱ غمد
۱۲ غمد
۱۱۴۷
۱۳ غدر
۱۴ ایضا
۱۵ غدف
۱۶ غدد
۱۷ غدن
۱۸ غذم
۱۹

لا مون — ۵ الفا — ۵ غ ب — ۵ الف — ۵ ۵ الفا — ۵ ۵ الفا — ث ۵ — ۴

ظلم اور عدل سے جو چاہے حکم کرے
اور کوئی اوسکا حکم رد نکر سکے۔
مُغذَرْ (فس) (ن) جاتا۔ دوڑتا۔
سرعت کرنی۔
مُغْفَر (ففت) ایک سرخ رنگ ہی غیر خالص
یا دھندلی سرخی سپیدی ملی ہوئی۔
مَغْرَبْ (فسک) آفتاب کے غروب
ہونے کی جگہہ۔
مُغَرِّبْ (ضفتک) مغرب کی طرف
جانے والا۔ مغربون (ضفتکضس) علم حدیث
مین وہ لوگ ہین کہ جنکے نسب مین حبش یا کسی اور نسل کا اختلاط ہوا ہو

مُغرَّبْ (ضنسف) سپیدہ دم سپید
یا ہر چیز کہ ایک چیز سے زیادہ سپید ہو
۔ ہر چیز جو سپید کنارون کی ہو۔
مُغْرِبْ (ضسک) غریب ونادر چیز
لانے والا۔ اَلْعَنْقَاءُ الْمُغْرِبُ و
عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ و مُغْرِبَۃٌ اور عَنْقَاءُ
مُغْرِبٌ ایک جانور ہی معروف الاسم
مجہول الجسم یا الفاظ بے معانی مین
سے ہی یا ایک جانور ہی پرواز مین
بزرگ یہہ جانور ہاتھی کو اوچک لیجاتا تھا
جیسا چیل چوہے کو اوچک لیجاتی ہی
اور زمانہ قدیم مین لوگون مین موجود تھا

یہان تک کہ ایک روز وہ ایک دولہن کو
زیور سمیت اوچک لیگیا تب اوسپر حنظلہ
نبی علیہ السلام نے بددعا کی تو اللہ جل
شانہ نے اوسکو بعض جزائر بحر محیط مین
پھینکدیا یہہ جانور دو ہزار برس جیتا ہے
اوسکا چہرہ ریش دار آدمی کا سا چہرہ ہوتا
ہی اسمین ہر ایک خوبصورت جانور کی
مشابہت پائی جاتی ہی۔ ربیع الابرار
مین لکھا ہی کہ اللہ تعالی اسنے حضرت موسی
علیہ السلام کے زمانہ مین ایک پرندہ پیدا کیا
اوسکا نام عنقا اوسکے چار پنکھہ اور
آدمی کا سا چہرہ ہی اللہ جل شانہ نے
حضرت موسی علیہ السلام کو وحی بھیجی کہ
مین نے دو طائر پیدا کیے ہین اور اونکا
رزق وحوش بنایا ہی جو بیت المقدس
کے گرد رہتے ہین پس اون دونون
نر و مادہ سے بہت سی نسل ہوئی
جب حضرت موسی علیہ السلام نے وفات
پائی تو نجد اور حجاز مین نقل کر آئی اور
ہمیشہ وحوش کو کھاتے رہے اور بچون
کو اوچک اوچک لیجانے لگے تب
حضرت خالد بن سنان عبسی نے قبل
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اونپر بددعا کی

پس جب سے اوسکی نسل منقطع ہو گئی
سختی ۔ عورت جو سفر کو جاوے اور
اوسکی خبر پھر نہ آوے ۔
مَغرِبان (فسکفس) آفتاب کے
غروب ہونے کی جگہہ ۔ مُغَیرِبان
(ضفسکفس) تصغیر ۔ مغیربانات
(ضفسکفسفس) جمع ۔ عرب مین بولتے
ہین لقیتہ مَغرِبَ الشّمس و مُغَیرِبہا
و مُغَیرِبانہا و مُغَیرِباناتہا ای عند غروبہا
مَغرِبیہ (ضفسکف) غیر شہر کی خبر ۔
مَغرَبِل (ضفسف) نیچ کمینہ سوجا
ہوا کشتہ ۔ ملک چلا جانے والا ۔
مَغرَۃ (فسف) گل سرخ ۔ فائدہ مند
مینہہ یا ہلکا کم مینہہ یا سست ۔
مُغرَۃ (ضسف) بمعنی مغرہ (فف)
مُغرِد (ضفتک) صیغہ نعت تغرید کا بعید
مُغرِز (ضسک) بز ناک رودبار ۔
مُغرِزۃ (ضفکتف) انڈا دینے کے
لئے ٹڈی دم کو زمین مین گھسانے والی ۔
مُغرِز (ضسکف) جو چیز کہ دودھ
بڑھا دیوے ۔ ایک گھاس جسکا پتا
سپندان کے پتے کے مشابہ ہوتا
ہی دودھ کو بڑھاتا ہی گلے کو بہت

اچھا مزہ کا لگتا ہی ۔
مَغرِض (ضسک) سینہ شتر کا نیچا
جانب شکم اسفل اضلاع ۔ معارض
(فسک) جمع ۔
مُغرِف (سف) تیز رو سوار ۔
مَغرَفۃ (کسفف) چمچہ ۔
مُغرَق (ضتف) غرق کیا ہوا ۔
چاندی سے سنواری ہوئی لگام ۔
مُغرَم (ضسف) شیفتہ و دوستی غرض
اور تاوان کا گرفتار ۔ ایک چیز کا حریص
اور مشتاق جس چیز کا ادا لازم ہو سکا وا
مِغرَد (فسفت) تیر یا نیزہ ۔
مَغروۃ (فسفس) سریش سے
چپٹی ہوئی کمان ۔
مَغرود (فسفس) ایک قسم کی کھمبی
مغارید (فسکس) جمع
مُغرودار (ضسفس) کھمبی بھری مین
مَغرور (فسفس) فریب کھایا ہوا اسفرلغتہ
مَغروسہ (فسفسف) آمیزش و اختلاط
مَغروش (فسفس) منہہ کا پانی ۔
مُغرِز (ضکت) گاے جسپر حمل دشوار ہو
مُغزِر (ضسف) بہت دودھ والی
لونڈیون والا ۔ بہت لونڈیون والا ۔

مادہ
غرب
[illegible]
۱۱۴۹
[illegible]

مادہ

مُغَازِلۃ (ضسکف) عورتون کے ساتھ بات چیت کرنی۔
مِغْزَل (کسف) تکلا۔
مُغْزِل (ضسک) بچہ سمیت ہرنی۔
مَغْزَی الکلام کلام کی مراد۔
مُغْزِیَۃ (ضسکف) عورت کہ جسکے خاوند نے دشمن کے ساتھ جنگ کی ہو۔ اونٹنی کہ جسکی مدت حمل جو ایک سال ہے گذر گئی ہو۔
مَغَس (فس) (ف) نیزہ مارنا اور اوسے گہسنا۔ انتڑی ٹوٹتا ہوا ہوجانا
مَغَش (فف) انتڑی ٹوٹتا ہوا ہوجانا
مُغَشِّش (ضفتک) ترخرما خراب ہو گیا ہو
مُغْتَسَل (ضسف) مردہ دہونے کی جگہہ۔ مغاسل (فسک) جمع۔
مِغْسَل (کسف) جو چیز کہ جس سے کچھ دہوئین۔ مرد اور سانڈ جو بہت جفتی کرے اور حاملہ نکرے۔
مُغْسِلَۃ (ضسفف) مدینہ مین ایک جنگل ہے جہان کپڑے دہوتے ہین۔
مَغْسُول (فسضس) دہویا ہوا۔
مِغْشَم (کسف) خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔

مَغْشُوش (فسضس) کہوٹا غیر اینچ
مَغَاص (فف) سپید اونٹ بزرگ سید الیش کے یعنی اصیل و نجیب یہہ لفظ جمع ہے اسکا واحد اس لفظ سے نہین آیا۔ امغاص (فسفس) جمع جبکہ ایک شخص مریض ہو تو اوسوقت کہتے ہین فلان مَغِصٌ من المغص۔
مَغْص (فس) پیٹ کا ایک درد ہے اور وہ اکثر باریک انتڑیون مین ہوتا ہے۔ باریک انتڑیون مین درد ہونا۔ اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے۔
مُغْضِب (ضسک) اندہیری رات۔
مَغْضَبَۃ (فسفف) بمعنی غضب۔
مَغَضَّۃ (ففتف) کمی۔
مَغْط (فس) (ف) تیرانداز کا کمان کو زور سے کہینچنا۔ ایک چیز کو لمبا کہینچنا یا نرم چیز کا کہینچنا جیسے انتڑی ہے۔
مُغْضِف (ضسک) اندہیری رات۔ ہر چیز سست اور لٹ پڑی۔
مَغْضُوّ (فسضس) بمعنی مغضور (فسضس)
مُغْطَغِطَۃ (ضفسفف) سخت جوش مارنے والی دیگ۔
مِغْفَر (کسف) خود کی زرہ جیسے ٹوپی

کے نیچے پہنتے ہین ۔ زرہ کا ٹکڑا جسے ہتھیار بند لڑائی مین اپنے چہرہ پر ڈال لیتا ہی ۔ ایک قسم کا رمث اور شلم اور طلح وغیرہ یا شلم کی مانند ہی شہد جیسی میٹھی چیز اور عشر اور رمث سے نکلتی ہی ۔ مغافر (فنسک) مغافیر (فنسکس) جمع ۔

مُغفر (ضسفن) مغفور (ضکمنسفنس) مغفار (کسفنس) مغفیر (کسکس) شلم کی مانند ایک چیز ہی شہد جیسی شیرین کہ یز اور عشر اور رمث سے نکلتی ہی ۔

مغفر (ضنسک) بمعنی مغفرة (ضنسکف)

مَغفرة (فنسکف) گناہون کو چھپا لینا اور بخشدینا ۔

مُغفرة (ضنسکف) نرکوہی مادہ بچہ سمیت مغفرات (ضسکعنس) جمع ۔

مغفق (فنسک) جای بازگشت ۔

مُغفل (ضفنقف) نادان کند ذہن ۔

مُغفلة (فنسفف) نچلے ہونٹھ کے نیچے کے تھوڑے سے بال یا اوسکے دونون کنارو نکے ۔

مغفورا (کرفنسفسم) مغافر ناک زمین یعنی جسمین مغافر بہت ہون ۔

مُغِل (ضنس) دودھ جو حاملہ بچہ کو پلاوے

مغل (فنس) مغالة (فنسف) (ف) جھوٹ گھڑتا ۔ اور بادشاہ کے آگے کسی کے حق مین برا کہتا یا عام ہی

مغل (نفف) (فنس) خاک بھری گھاس کھانے سے چوپایہ کا درد گین شکم ہونا ۔ عورت کا حمل کے ساتھہ بچہ کو دودھ پلانا ۔ آنکھہ کا خراب ہونا

مغل (ضکت) خیانت کرنے والا ۔

مُغِل الاصبغ خیانت کرنے والا ۔

مغلار (کسفسم) تیر کہ جس سے دور انداز ی اور بلند ی کی تحقیق کرتے ہین ۔

مغلاة (کسفنس) ہلکا تیر سریع اور چالاک اونٹنی ۔

مغلاط (کسفنس) بہت غلط بولنے والا ۔ بہت غلطی کرنے والا ۔

مغلاق (کسفنس) قفل یا دروازہ کی ہلی

مغلب (فنسف) مغلبة (فنسفف) غالب ہونا ۔

مغلب (ضفنقف) مغلوب ۔ شاعر جید کو کہ جسکے لئے اقران پر غلبہ ہو ضد ۔

مغلة (فنسف) خاک ملے چارہ کھانے سے چوپایہ کے پیٹ کا درد خرابی

ماده

غفر

الیضا

الیضا

غفق

غفل

الیضا

غفر

غفل

الیضا

الیضا

غلس

الیضا

١١٥١

غلو

الغا

غلط

غلق

غلب

الغا

مغل

١٢

ماده: مغل، غلصم، غلط، غلغل، غلف، غلق، غلم، غلو، غلی، غمج، غمد، غمر، غمز، غمض، غمل، غمی

دیتا ہی۔ بکری بھیڑ جو ایک سال میں دو بار بچے دیوے۔ مغال (کفنس) جمع۔
مُغلِۃ (فکف) چوپایہ جسکے پیٹ مین خاک ملی گھاس کھانے سے درد ہو۔
مغلنج (کسف) ہموار اور یکسان جانے والا گھوڑا۔ گدہا اپنی مادہ کو زور سے ہنکانے والا۔
مغلصمات (ضفسفنس) کرع ن ہندی ہوئین۔
مغلطۃ (فسقف) یعنی اغلوطہ (ضفسفنس)
مُغلظۃ (ضفتقف) خونبہا تیس حقہ اور تیس جذعۃ اور چالیس ثنیہ ان سب کا مجموعہ سو دیت مغلظۃ ہی اور موکد قسم۔
مغلغلۃ (ضفسفف) پیغام اور کتاب کہ ایک شہر سے دوسرے شہر مین لیجاوین۔
مغلق (کسفت) قمار کے تیر دہ مین سے ایک تیر۔ یا مضعف قمار مین ساتوان تیر۔ مغالیق (فضسکس) مغالق (فضسک) جمع۔ یا مغالق (فضسک) تیرہا سے فایز۔
مغلق (ضسفف) دروازہ بند کیا ہوا۔
مُغلنبی (ضسفسک) زور آور اور غالب دبا لینے والا مرد۔

مغلندث (ضفسفسک) بہت تاریک۔
مغلنطف (ضفسفسک) نہایت تاریک۔
مغلوبۃ (فسفسف) پاس پاس اور آپس مین لپٹے ہوئے درخت۔
مغلوث (فسفس) جو ملے گیہون یا خاک اور ہر چیز ملے ہوئے گیہون۔ مشک جو خرما سے سنواری ہوئی ہو یا غورہ خرما سے۔
مغلوق (ضفسفس) قفل یا دروازہ کی سکی۔
مغلوق (فسفس) دروازہ بند کیا ہوا۔ پوست جو غلقہ سے سنوارا ہوا ہو۔
مغلول (فسفس) پیاسا طوق لگا ہوا۔
مغلیم (کسکس) تیز شہوت مرد۔
مغلیمۃ (کسکسف) تیز شہوت عورت۔
مغمج (ضفقف) پانی جو شیرین ہو۔
مغمد (ضفسف) میان مین رکھی تلوار۔
مغمر (ضفقسک) اپنے تئین سختی اور ازدحام ڈالنے والا احمق۔
مغمز (فسف) جاے طعن جاے عیب جاے طمع۔
مغمض (فسف) سخت مغاک۔ مغامض (فغسک) جمع۔
مغمضات (ضفتکفس) گناہ جنکا مرد

جان بوجھکر ارتکاب کرے۔

مُغَمغَمۃ (ضفسفف) سست کام ناکارہ خراب۔ گوشت کو نرم چبانا۔ کلام کو واضح نکہنا۔ برتن مین سے کتے کا زبان سے پانی پینا۔ کپڑے کا اطراف سے لپیٹنا۔ کپڑے کا دہونا۔ نانخورش کو چرب سے تر کرنا۔ ملانا۔ کام کا آمیختہ اور مشتبہ ہونا۔

مُغْمَر (ضفتک) بہت پانی والا دریا۔

مُغْمُور (ضسفس) بہت کیا ہوا۔

مَغْمُوصٌ عَلَیہ جوکہ دین و ملت مین مطعون ہو

مَغْمُوق (ضسفس) غورہ خرما جو پختگی کے قریب پہنچا ہو۔ غمقہ مارا ہوا اونٹ کہ ایک بیماری ہے۔

مَغْمُول (ضسفس) جسپر کچھ ڈہانک دین تاکہ پسینا آوے۔ اوپر تلے بیٹھی ہوئی گھاس ایک دوسریکو ڈہاکے ہوئے۔ گمنام بیقدر مرد۔ ترکیا ہوا پوست تاکہ پشم کو گرادے

مَغْمُوم (ضسفس) زکام کا مارا۔ ہلال جو ابر مین گھس گئی ہو یا ہلال جسکے گرداگرد ابر یا لہ بنا دے۔

مُغْمیٰ عَلَیہ (ضسکت) بیہوش

مُغْمیٰ عَلَیہ (ضسکف) بیہوش

مُغَنٍّ (ضکت) بہت علف والا وادی

مِغْنَاج (کسقس) کرشمہ وناز والی عورت

مِغْنَطِیس (کسفکس) لوہا کھینچنے والا پتھر

مَغْنَم (فسفف) مال جو کفار کی جنگ سے حاصل ہو۔ بے مشقت ایک چیز کا حصول۔

مُغْنُوظ (ضسفس) بڑا غمگین۔

مَغْنیٰ (فسف) جای۔ منزل جس مین اوسکے لوگ بے نیاز اور غنی ہوئے اور پھر اوس سے کوچ کر گئے باشندون اور لوگون سمیت جگہہ۔

مَغَانی (فسک) جمع۔ چارہ تدبیر حیلہ کیفیت

مَغْنِیطِیس (فسکس) مَغْنَاطِیس (فسفسکس) بمعنی مِغْنَطِیس (کسفکس)

مُغُوّ (ضن) (ان) بلی کا آواز نکالنا۔

مَغْوَاۃ (فسفس) وہ جگہہ کہ اوس مین راہ گم کرین۔

مُغْوَاۃ (ضفتفس) وہ جگہہ کہ جسمین راہ بھول جاوین۔ ایک گڑہا کھدا ہوا۔ مغویات (ضفتفس) جمع۔

مُغْوَار (کسفس) بڑا غارت گر لوٹنے والا لشکر۔

ماده
نغغ
نغمس
نغم
نغمص
نغمق
نغمل
نغمم
نغمی
نغنج
نغنط
نغنم

غنطس
غنم
غنظ
غنی
غنطس
مغو
غوی
ایضا
غور

١٢

ماده

غوث
غوش
غوص
غول
غوی
غیب
غیث
غیر
غیل

مغوثہ (ضفسف) فریادرسی۔
مغوش (ضفقف) کھجور کا درخت چھوٹا کانٹا دور کیا ہوا۔
مغوصّة (ضفتکف) عورت جو خاوند سے حیض کا بہانہ کرے۔
مغول (کسف) چھری کی سیخ جسے لکڑی اور کوڑے کے درمیان میں رکھتے ہیں ہندی میں اوسے گپتی کہتے ہیں۔ یا مشمل کے مشابہ ایک تلوار ہی مگر اوس سے بہت باریک اور لمبی۔ ایک لمبا پیکان ہی یا ایک تلوار ہی باریک گردنلی لمبی۔
مغوی (فسنک) تہی شکم۔
مغی (فس) جھولی کی نرمی اور لڑاپن کسی کی ایک چیز کے ساتھ تعریف کرنی کہ وہ اوس میں نہیں ہے ہزل کی راہ سے ہو یا جد کی راہ سے
مغیار (کسفس) بہت رشک کرنے والا ہو۔ مغایر (فقسکس) جمع
مغیاش (کسفس) درخت کی شاخوں کا آپس میں لپٹا ہوا ہونا۔ دار سایہ افگن ہونا۔
مغیبة (ضکسف) عورت جسکا خاوند غائب ہو۔
مغیث (فکس) مینہ کی شدت سے زمین پر گر پڑی ہوئی گھاس۔
مغیثة (فکسف) زمین جس پر مینہ پہنچا ہو
مغیر (فکس) دودھ جس میں خون کی سرخی ہو۔
مغیرة (فکسف) پانی دی ہوئی زمین
مغیل (ضکس) عورت جو بچہ کو غیل دودھ پلاوے۔
مغیل (ضسک) بمعنی مغیل (ضکس)
مغیل (ضسف) غیل پینے والا۔
مغیل (ضفقف) مرد ثابت در غیل جنگل میں ٹھہرنے والا اور بیچ میں گھسنے والا
مغیوثة (فسفسف) زمین باران رسیدہ
مغیورة (فسفسف) پانی دی ہوئی زمین
مغیوظ (فسفس) غیم کا مارا اونٹ۔
مفاد (ضفس) مفیی (ضکس) لا یؤمّر مفاد علی مفیی بولتے ہیں یعنی نہ سردار کیا جاوے غلام اوپر اصیل عربی کے۔
مفال (ضفسک) خاک فئال کا تقسیم کرنے والا۔
مفاتحة (ضفسفف) جماع کرنا تقاضا کرنا

مُفاتکہ (ضفسفف) سامنے روبرو
جنگ کرنی - ایک چیز مین زور سے
گر پڑنا جیسے کھانے وغیرہ مین -
آپسمین ایک کام مین واقع ہونا -
کسی کو ایک کام پر ہمیشہ رکھا جاتا دیتا
مَفاتیح (فقسنکس) موٹی اونٹنی -
مفاتیحات (فقسکسفس) جمع -
مُفاج (ضفست) دوڑ ڈالنے والا
یا نور کا - کشادہ پانوں چلنے والا -
مُفاجاۃ (ضفسفس) کسی پر اچانک
آجانا اور اوسکو گرفتار کر لینا -
مِفاجۃ (فقسف) احمق مرد -
مُفاجی (ضفسک) شیر -
مفاحصۃ (ضفسفف) ایک دوسرے کے
عیب اور بھید کی تفتیش کرنی -
مفاخذۃ (ضفسفف) ہم زانو ہونا -
مفاخرۃ (ضفسفف) فخر مین مقابلہ
اور برابری کرنی -
مفاخزۃ (ضفسفف) فخر مین برابری کرنی
مفادر (کفس) سیخ جسپر کباب لگا کر
جس سے آگ کرتے ہین مفائد جمع
مفائد (کسمس) مفائدۃ (مفسفف)
یعنی مفائد (کسفف)

مُفاداۃ (ضفسفس) جان خریدنی
جان چھوڑائی کسی کو دینی -
مفازۃ (ضفسفف) زمین جسمین چوہے
بہت ہون -
مُفارخ (ضفسک) پرندہ کے چوزہ
باہر لانے کی جاہین -
مفارزۃ (ضفسفف) دو شریک کا
ایک دوسرے سے جدا ہونا -
مفارش (فقسک) بچھانے کی
چیزین اور کہتے ہین - ہو کریم
المفارش جبکہ ایک شخص بزرگ
بزرگ عورتون سے بیاہ کرے -
مفارصۃ (ضفسفف) آپسمین پانی
کو نوبت بنوبت مقرر کر لینا -
مفارطۃ (ضفسفف) ایک چیز کو
پانا اور اوسپر پہنچنا پیشدستی کرنی -
مفارقۃ (ضفسفف) جدائی کرنی
آپس سے جدا ہونا -
مفارکۃ (ضفسفف) ایک دوسرے سے
سے ہاتھ اوٹھا لینا اور چھوڑ دینا
اور ایک دوسرے کا ظلم کو چھوڑ دینا -
مفازۃ (فقسف) رہائی جای
پناہ - جای ہلاک و مرگ ضد بغیر پانی کا

مادہ
فتک
فتیح
فتج
فجأ
فجہ
فجی
فحص
فخذ
فخر
فخز
فدر

ایضا
فدی
فأر
فرخ
فرز
فرش
فرص
فرط
فرق
فرک
فوز

ماده

١١٥٢

جنگل۔ مفاوز (ففسک) جمع۔
مُفازِع (ضفسک) خوفناک وبیمناک
مُفاشغتہ (ضفسقف) ناقہ کا بچہ
ذبح کرکر اوسکے آگے دوسرا بچہ ڈالکر
اوسے اوسپر مہربان کرنا۔
مُفاشقۃ (ضفسقف) کسی کو اچانک پکڑ لینا
مُفاصِل (ففسک) سخت کنکریان
جمع ہوآئین ہوئین۔ دو پہاڑ کے
درمیان جو ریگستان سنگریزہ ناک ہو
پانی اسکا بہت صاف اور سرد ہوتا ہی۔
مُفاصّ (ضفس) مستوی برابر چند بنت
مُفاضّ (فضر) سخن در پیوستہ۔
مُفاضۃ (ضفسقف) زرہ فراخ بڑی
اور بزرگ شکم عورت۔
مُفاضِح (ففسک) برتن جن مین انگور
وغیرہ کے دوشاب کو پکین۔
مُفاضلۃ (ضفسقف) آپسمین ایک
دوسرے پر افزون آنا فضیلت مین یعنی
فضیلت مین مقابلہ کرنا۔
مُفاطنۃ (ضفسقف) آپسمین
زیرکی کرنی۔ کلام کو کسی پہ پھیر دینا۔
مُفاغمۃ (ضفسفف) بوسہ دینا۔
مُفاقمۃ (ضفسفف) جماع کرنا۔

مفاکہۃ (ضفسقف) کسی کے ساتھہ
لاغ اور خوشطبعی کرنی۔
مُفالذۃ (ضفسقف) ایک دوسرے
پر بات ڈالنی کہتے ہین ہُوَ ذُو مُطارحۃ
وَمُفالَذَۃٍ یعنی یُفالِذُ النِّساءَ یعنی
عورتون سے بات چیت کرتا ہی۔
مُفأم (کسمس) اونٹ جسکا سر
شانہ چربی بھرا ہو۔
مُفأم (ضفسف) پالان فراخ اور
وسیع کیا ہوا۔
مُفأم (ضفسقف) بمعنی مفأم (ضفسف)
مُفاناۃ (ضفسفس) آپسمین نرمی
کرنی۔ صلح کرنی۔ آرام دینا۔
مُفاندۃ (ضفسفف) کسی سے ایک
کام چاہنا۔
مُفانِق (ضفسک) اچھی زندگانی
ناز ونعمت کے ساتھہ۔
مُفانکۃ (ضفسفف) ایک طعام کو
پیوستہ کھانا اور تنگ نہ رہنا اور
اوس سے نہ رکنا۔
مُفاوضۃ (ضفسفف) باتکو بیان کرنا۔
مُفاوضۃ (ضفسفف) ہر ایک چیز
مین برابر کی شرکت کام اور کلام وغیرہ

مین آپسمین برابری کرنی ۔
مُفاہاة (مفسفعس) کسی کے ساتھ ہم سخن ہونا اور نازو فخر کرنا ۔
مُفاہر (مفسک) آدمی کے سینہ کا گوشت
مُفالیشة (مفسفف) آپسمین ایک دوسرے پر فخر کرنا جنگ مین بہادری اور جھوٹے ڈراوے کرنے یا لات مارنی
مُفایلہ (مفسکف) فال کھیل کھیلنا ۔
مِفتاح (مکسفس) کنجی ہر چیز کہ اوس سے ایک چیز کھولین ۔ مفاتح (مفسک) مفاتیح (مفسکس) جمع ۔ ایک نشان جو اونٹ کی ران اور گردن مین کر دیتے ہین ۔ مفاتح (مفسک) مفاتیح (مفسکس) جمع ۔
مُفتاد (مسفف) گرم راکھہ مین روٹی کی جگہہ ۔
مُفتح (مکسفس) ریگستان کی راہ ۔
مُنفتح (مکسفس) بہی ۔
مُفترس (مسفک) شیر ۔
مُفترشة الظہر پھیلا ہوا پشتہ جسکی پشت ہموار ہو ۔
مُفتضح (مسفک) رسوا نمایان ۔
مُفتعل (مسفف) کار عظیم و دشوار ۔

مُفتق القمیص کرتہ کا جاک شگاف
مُفتل (مفقف) سخت بٹا ہوا لپیٹا
مُفتن (مسفف) فتنہ مین ڈالا ہوا ۔
مُفتن (مفقف) سخت مفتون ۔
مُفتوت (مسعس) بازو کا شکستہ کیا ہوا ۔ کوٹا ہوا ۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا اونگلیوں سے توڑا ہوا ۔ بکھرا ہوا ۔
مَفتون (مسعس) آزمایش و فتنہ مین پڑا ہوا ۔ دیوانہ ۔ عقل و مال جاتا رہا ہوا ۔ آگ مین داخل کیا ہوا دینار ۔
مُفتی (مسک) فتوی دینے والا ۔
مَفتة (مفقف) بہتایت ۔ زیادتی مہربانی چنانچہ کہتے ہین کثیر المفتة یعنی بہت مہربانی والا ۔
مُفج (مسکت) قبیہ دار سہم اور یہہ محمود ہے ۔
مُفج (مسن) احمق ہونا ۔
مِفجر (مسک) فجر کے وقت سے
مُنفجر (مسعف) ہموار زمین جسمین نالہ روانہ ہووین ۔ مفاجر (مفسک) جمع ۔
مُفجرة (مسفف) پانی رسنے کی جگہہ ۔ ہموار زمین جسمین نالہ روان ہووین ۔ مفاجر (مفسک) جمع ۔
مُفحص (مسف) سنگخوار جانور کا گھر

1157

فعل ۔ فزع ۔ فتل ۔ فتن ۔ فتو ۔ فتی ۔ فتح ۔ فجر ۔ فحص

مادہ

[illegible]

۱۱۵۸

مُفحَمْ (ضسف) جو کہ جواب مین عاجز ہو۔ جو کہ شعر گوئی پر قادر نہو۔

مَفخَرَۃ (فسفف) وہ چیز کہ جس سے نازکرین۔ مایۂ ناز بزرگی۔

مُفَدِّر (ضنسک) قاطع باہ طعام۔

مُفَدِّرَۃ (فسفف) کھانا جو شہوت جماع کو زائل کردے اور قطع باہ کا سبب ہو۔ جگہہ جو بزکوہی سے پر ہو۔

مِفدَع (کسف) توڑنے کا آلہ۔

مُفَدَّم (ضتسف) خوب چھپاسے رنگ کا کپڑا یا سرخ کپڑا جو نہایت سرخ ہو۔ چھاگل سرپوش کی ہی۔

مُفدَمِتر (ضفقفف) چھینکا نہین گامز

مُفَدُوح (ضفضس) قرض کا گرانبار۔

مُفذ (ضنکت) کہمی جسنے ایک بچہ جنا ہو

مُفذاذ (کسفس) بکری جسکی ایک بچہ جننے کی عادت ہو۔

مَفَرّ (فت) گریز۔

مِفَرّ (کفت) جلد اور خوب بھاگنے والا گھوڑا یا گھوڑا جو یہہ صلاحیت رکھے کہ اوسپر چڑھکر بھاگ جاوین۔

مُفرات (ضکتفس) ایام جو اخبار کو آشکار کردین۔

مُفراح (کسفس) خوب شادمان۔

مُفرَاد (کسفس) اونٹنی جو چراگاہ مین تنہا ہو۔

مُفرِخ (ضنسک) بچہ دار مرغی اچھا تیرانداز کہ ایک دن اچانک اوسکی مہارت بدل جاوے۔

مُفرَح (ضسف) مقتول جو جنگل مین دو گانو سے دور پایا جاوے۔ جو اسلام لایا ہو اور کسی کے ساتھہ اوس نے مؤالات نہ پیدا کی ہو۔

مُفرَح (ضفتف) کنگھی جسکی کہنی اوسکی بغل سے دور ہو۔

مُفرَح (ضسف) نیاز مند محتاج مغلوب جسکا نسب نہ پہچانا جاوے اور اوس نے کسی سے مؤالات نہ کی ہو مقتول جو دو گانو کے درمیان یا دور دست جنگل مین پایا جاوے۔

مُفرِح (ضفتک) شادمان یقوی دل دارو۔ دلاور

مُفرِخ (ضنسک) چوزہ دار مرغ۔

مُفرِد (ضنسک) عورت اور بکری جو ایک بچہ جنتی ہو۔

مُفرَد (ضفتک) فقیہ۔ کنارہ اختیار

کرنے والا خدا تعالیٰ کے امر و نہی
کی نجا قتعلت سکے لیئے لوگون سے
گوشہ گیری کرنے والا۔ جو کہ خود
باقی رہا ہو اور مال اور لذتین اوسکی
ہلاک ہو گئی ہون۔ سوار جسکے ساتھ
اونٹ کے سوا اور کوئی نہو۔
مفرد (ضفتف) سونے کا دانہ کہ ٹکڑے
میں پرو دیا ہوا یا پوت وغیرہ فاصلہ کیا ہوا
مُفرِدخ (ضفسف) لواریر کار
نازک مرد۔ نرم بدنکا خوش زندگانی مرد
مفردش (ضفقس) سینہ فراخ
مُفرش (کسف) شادگونہ کی مانند
ایک چیز ہی جسے کجاوے پر بچھاتے
ہین اور اوسپر بیٹھتے ہین۔
مُفرش (ضفتف) بے کوہان کا شتر
مفرش (ضفتک) پتے پھیلا ہوا کھیت
مُفرشۃ (ضفتکف) سر کی چوٹ
کہ ہڈی لگ کر پھٹ گئی ہو اور ریزہ
ریزہ نہ ہو گئی ہو۔
مفرشۃ (کسفف) شادگونہ کی مانند
ایک چیز ہی مفرش سے چھوٹی
جسے کجاوے پر بچھاتے ہین اور
اوس پر بیٹھتے ہین۔

مفرص (کسفت) مقراض جس سے
لوہا چاندی سونا تراشین۔
مفرض (کسفت) لوہا کہ جس سے
رخنہ کرین اور قطع کرین۔
مفرضخ (ضفسفت) سست و ناتوان مرد
مُفرط (کسفف) فراموش کیا ہوا
اول۔ آگے سے چھوڑا ہوا ہراول
مفرطح (ضفسف) چوڑا چپٹا چنانچہ
کہتے ہین راس مفرطح یعنی سر چوڑا
مُفرطحۃ (ضفسفف) ہاکار موزے
مُفرع (کسف) جو کہ فتنہ و فساد
سے لوگون کو روکے اور اونکے
درمیان صلح کرا دے مفارع (ضفسک) جمع
مفرع (ضسک) پہاڑ سے اوترنے اللا
مُفرع الکتف چوڑے شانہ کا مرد
مَفرِق (ضسف) سر کی مانگ۔ دو
راہ کا سرا مفارق (ضفسک) جمع
مُفرق (ضسک) کم گوشت مرد
موٹا۔ مند۔ ناقہ جسکا بچہ مرگیا ہو۔
مُفرِق النعم ظربان کہ ایک جانور
ہے گندہ بلی کی مانند اسلیئے کہ جب
وہ گوز مارتا ہی تو اونٹ اوسکی بو
سے بھاگ جاتے ہین۔

مادہ
[illegible]
١١٥٩
١٠ ذرد
١١ زرع
١٢ ذلم
١٥ فرع
١٦ ایضاً
١٧ ایضاً
١٨ زق
١٩ ایضاً
٢٠ ایضاً

ماده

فرق
فرقم
فرک
فرک
فرکح
فرض
فرق
فرک
فره
ایضا
فره
ایضا

1160

مُفَرِّقَۃٌ (ضسکف) بمعنی مفرق (ضسف)

مُفَرقَم (ضفسف) دیر مین بڈھا ہونے والا۔ بد غذا اور بد خوار۔

مُفَرِّک (ضفتف) مرد جسکو عورتین دشمن اور ناپسند رکھین۔

مُفَرِّکَۃ (ضفتفف) عورت جسے مرد دشمن اور ناپسند رکھین۔

مُفَرکَح (ضفسف) بمعنی فرکاح (کسفس) جسکے سرین اوٹھے ہون۔

مَفرُوض (فسضس) واجب اور فرض کیا ہوا۔ خدا کا فرمایا ہوا۔ سوفار کیا ہوا تیر۔ ہر چیز رخنہ کی ہوئی۔ منقطع محدود

مَفرُوق (فسضس) ہر چیز پراگندہ۔

مَفرُوک (فسضس) ملا ہوا۔ چرا ہوا اور پچھٹا ہوا گندہ سے کا اونٹ جسکے اور سے ہو تھن سکے اندر کا پچھا پھٹا ہوا ہو سکے رنگ کی جو چیز ہو۔

مُفرِہ (ضسک) ناقہ زیرک بچہ جننے والی

مُفرِہَۃ (ضسکف) بمعنی مفرہ (ضسک)

مُفَرِّہَۃ (ضفتف) ناقہ اچھا اور زیرک بچہ جننے والی۔

مَفزَع (فسف) جای پناہ۔ مذکر اور مونث واحد و جمع برابر ہی۔

مِفزَع (کسف) دلیر۔ بزدل۔ ضد۔

مَفزَعَۃ (فسفف) جای پناہ۔ وہ چیز کہ اوس سے یا اوسکے لئے ڈر کیا جاوے

مَفسَا (فسف) کون۔ مثل ہی کہ اقرب مخساة من مفساة یعنی کیا نزدیک منہہ ہی اوسکا اوسکی کون سے

مَفسَدَة (فسفف) بڑی خرابی و تباہی خلاف مصلحت

مِفسَو (کسف) وہ شخص کہ گویا اوسکا سرین رفتار کے وقت درد کرتا ہی۔

مَفسُول (فسضس) فرومایہ بیمروت۔

مُفشِغ (ضسک) کم خیر مرد سیر

مُفَشِّغ (ضفتک) جو کہ اپنے ساتھی کو امر مکروہ سے مقابلہ کرے۔ جو کہ گھوڑے کو باگ مارے اور اوسپر قہر کرے

مِفشَل (کسف) ہو وہ کا پردہ جو کہ اپنی غیر قوم مین نکاح کرے تاکہ دُبلے بچہ نہ پیدا ہون۔

مُفصِح (ضسک) ... سرہا و الاد لبان

مِفصَد (کسف) نشتر۔

مِفصَل (کسف) زبان۔

مَفصِل (فسک) عضو کا جوڑ۔ دو ہڈیونکی جای پیوستگی مفاصل (فف سک) جمع

مُفَصَّلُ القُرْآن سورۂ حجرات سے آخر قرآن تک بقول اصح یا سورۂ جاثیہ سے یا سورۂ قتال سے یا سورہ ق سے یا سورہ صافات سے یا سورہ صف سے یا تبارک الذی یا انا فتحنا سے یا سبح اسم سے یا سورہ ضحیٰ سے آخر قرآن تک۔ موتیوں کا ہار جسکے دونوں طرف کے درمیان میں پوت پروئی ہوئی ہو

مُفْضَاۃ (ضسفف) عورت جسکی قُبُل و دُبُر ایک ہو گئی ہو۔

مِفْضَاج (کسفس) موٹا پکا نرم بدن کا

مُفْضَاض (کسفس) یعنی مفضۃ (کفقف)

مِفْضَال (کسفس) بہت فضل وجود والا مرد۔ مِفْضَالَۃ (کسفسف) مونث۔

مِفْضَۃ (کفقف) ڈھیلے کوٹنے کی موگری

مِفْضَحَۃ (کسفف) پتھر جس پر غورہ خرما توڑیں سوراخ وکشادہ ڈول۔

مُفَضْفِغ (کسف) جو کہ بتکلف فصاحت کرے اور غلطی کرے۔

مُفْضِل (کسف) بہت فضل والا مرد

عورتکا یا دروزہ کپڑا میلا کچیلا جسے پہنکر کام کاج میں مشغول ہوتی ہے یا عام کپڑا

مِفْضَل (ضفقف) بہت فضل والا مرد۔

مِفْضَلَۃ (کسفف) ہے آستین کا یا دروزہ کپڑا کہ عورتیں کام کاج اور خدمت کے وقت پہنتی ہیں۔

مَفْضُوخ (فسضس) غورہ خرما شکستہ

مَفْطَح (ضفقف) چوڑا سر۔

مُفْطِر (ضفسک) افطار کرنے والا روزہ کھولنے والا مَفَاطِیر (فسکس جمع)

مَفْطُوم (فسضس) دودھ سے چھڑایا ہوا بچہ۔ مذکر مَفْطُومَۃ (فسضسف) مونث

مُفْظِع (ضفسک) نہایت زشت و فظیع امر۔ امر جو زشتی میں حد سے گذر گیا ہو۔

مُفَعَّاۃ (ضفقف) داغ جو افعی کی شکل کا ہو۔ ناقہ جو افعی کی شکل کا داغ کی گئی ہو۔

مُفْعَاۃ (ضسفس فتقس) افعی بھری ہوئی زمین۔

مُفَعًّی (ضفقف) اونٹ جو افعی کی شکل کا داغ کیا گیا ہو۔

مَفْغَرَۃ (فسقف) زمین فراخ وکشادہ پہاڑ کا گڑھا جو کہف سے چھوٹا ہو۔

مُفْعَم (ضسف) سرکی ٹیڑہی

ماده

1161

ماده

۱۱۶۲

لکڑی شکاری کے پھندے مین جو پرندہ پر لپٹ جاتی ہے۔

مِفقاص (کسففس) گرز آہنی کے سر پر ایک لوہا انار کے مشابہ کہ اوس سے ایک چیز کو توڑتے ہین۔

مُفقر (ضفقتف) تلوار جسکی پشت پر پست اور ہموار خراش ہون سخت کھردری تلوار۔ مرد جو ہر کام کو کافی ہو۔

مُفقِع (ضفقتف) محتاجی اور مفلسی جو خاک مین ملادے۔

مُفقَّع (ضفقتف) نوک دار موزہ۔

مُفقعة (ضفقتکف) ایک پرندہ سیاہ دم کی جڑ کا سپید۔

مِفقلہ (کسففف) چھاج۔ سوپ۔

مَفقود (فسضفس) گم کیا ہوا کہتے ہین مات غیر مفقود یعنی وہ مرگیا اور لوگ اوسکے مرنے سے بے پروا ہین۔

مُفقِّرة (ضفتکف) سیل جو زمین کو چیر ڈالے۔

مَفکول (فسضفس) لرزہ چڑہا ہوا۔

مِفکہ (کسکسف) ناقہ جسکا دودہ گاڑہا اور ولدار ہو۔

مُفل (ضسک) مُفلیة (ضسکف) گھوڑی دودہ چڑہائے ہوئے بچہ سمیت۔

مِفلاق (کسفس) کم مایہ کمینہ ناکس۔

مُفلّج (ضفقتف) نامضبوط کام مرد جسکے اگلے دانت کشادہ ہون۔

مُفلطح (ضفسف) چوڑا سر ست۔

مُفلّس اللّون وہ چیز کہ جسکے پوست پر پیسون کے سے نشان ہون۔

مُفلّعة (ضفقتف) توشہ دان چمڑے کے چند ٹکڑون سے سیا ہوا۔

مُفلفل (ضفسف) منقش کہ گرا فلفل کے نقش کا۔ شراب جو زبان جلبجلا دے۔ نہایت گھونگریالے بال۔ خوب سنوارا ہوا پوست مصالح دار گوشت۔

مُفلّق (ضفقتف) خشک کیا ہوا شفتالو اور اوسمین سے دانہ باہر نکالا ہوا۔

مَفلقة (فسفف) بلا و سختی۔

مُفلِک (ضفتک) گول پستان والی لڑکی۔

مُفلّل (ضفقتف) شکستہ رخنہ دار۔

مَفلوج (فسضفس) فالج کا مارا۔

مَفلوذ (فسضفس) پولادی تلوار۔

مَفلوق (فسضفس) فلقہ واقع کیا ہوا اور شق۔

مَفلول (فسضفس) رخنہ دار تلوار۔

مُفلہد (ضفسف) یعنی فلہد (فسف)

مُفن (کفت) مردکہ عجائب لائے اور غرائب

پیش کرے۔
مُفناۃ (فسفس) زمین جو اور رہنے
والون کے موافق ہو۔
مُفناق (کسفس) لاڈ کی پلی نازک
بدن لڑکی۔
مُفنتہ (کفتقف) مونث مفن کہنت)
مفنتح (کسف) جو کہ دشمن کو بہت
توڑے اور ذلیل و خوار کرے۔
مفنّد (ضسک) جو کہ بڑہاپے کے
سبب سست عقل و رای ہو۔
مفنشّح (ضفسک) گرا پڑا سویا ہوا۔
مفنشل (ضفسک) پراگندہ اور
پریشان کرنے والا۔ بیباک مرد چنانچہ
کہتے ہین اتانا مُفنشلاً بتحیۃ ای مُفنشاً
مفنشی (ضفسک) بیباک یا تہدید
کرنے والا۔ چنانچہ کہتے ہین جاء
مُفنشاً بتحیۃ یعنی بیباکانہ یا تہدید کرتا ہوا آیا
مُفنّع (فسفت) مرد جو نیک مشہور ہو۔
مُفننۃ (ضفتقف) بڈہی عورت بد خو
اوٹنی کہ پہلے عشرا معلوم ہووے
اور پھر کشوف نکل آوے
مفنون (فسضس) فنین کا مارا اونٹ
مُفواۃ (ضفتفس) وناس بہری زمین

مفواد (کسفس) بہت فائدہ دینے والا
مفؤد (فسفس) بہنا ہوا گوشت
گرم راکھہ پر روٹی پکی ہوئی۔ بزدل۔
دل پر چوٹ کہایا ہوا۔
مفوّدحۃ (فضسقف) بکری جسکے
دونون سینگ سپید ہے اور متصل ہون
مفوّف (ضفتقف) تپلی چادر
جسمین سپید خطوط ہون۔
مفوّق (ضفتقف) کھانے اور پینے
کی چیز جو تھوڑی تھوڑی لیوین۔
مُفوّہ (ضفتقف) خوب بولنے والا۔
نہایت حریص بہت کھانے والا خوشبو
ملی ہوئی شراب۔ روشن اور کشادہ
بات۔ فُوّہ سے رنگا ہوا کپڑا۔
مفوّی (ضفتقف) روناس سے رنگا ہوا کپڑا
مُفہوت (فسضس) درماندہ و سرگشتہ مرد
مُفیاۃ (فسفف) جہان کہ سایہ پہنچے
مفیص (فکس) جائے گریز۔
جائے باز گشت۔
مفیق (ضکس) اونٹنی دودہنی کے
درمیان ہین دودہ جمع کرنے والی۔
مفالیق (فسکس) جمع عجیبات
بیان کرنے والا شاعر۔

ماده
قنی
قنق
فنن
فنح
مولة [۲۲] (ضسف) مکڑی مُؤْل (ضس) جمع۔

مئولة [۲۳] (ضفسف) مألة (ففف) مولا اور گنہگار ہو جانا اور عرب مین بولتے ہین جاء امرٌ ما مألی لہ ما ألا و ما ألة غفلت وبیخبری پر کام کا آپہنچنا کہ اوسکے لئے آمادہ اور مستعد نہ تھے اور اوسے نہین جانتے تھے۔

مَوْلِد (فسک) جننے کا وقت۔ جننے کی جگہہ۔

مُوْلِد (ضسک) والدہ مَوَالِیْد (ففسکس) مَوَالِدُ (ففسک) جمع۔

مُوَلَّد (ضفتف) بنایا ہوا گڑھا ہوا۔

مُوَلِّدَہ (ضفتکف) دائی جنائی۔

مُوَلَّدَۃ (ضفتف) آپس مین ایک دوسرے کو فریب دینا۔ خلاف نہانی ظاہر کرنا۔ کلام کو کنایہ سے کہنا۔

مُوَلَّع (ضفتف) ابلق۔

مَوْلُوْج (فسضس) سختی دیکھا ہوا مرد۔ مرد جسکے دانت مین درد ہو۔

مَوْلُوْد (فسضس) جنا ہوا۔ مولودۃ مؤنث۔

مَوْلُوِیَّۃ (فسفکتف) ہمتا ہی سے ا[illegible] کے ساتھہ مشابہت۔

مَوْلَہ (فسف) مکڑی۔ جنگل کی طرف رہا کیا ہوا۔

مُوَلَّہ (ضفتف) جنگل کی طرف روان کیا ہوا۔

مَوْلٰی (فسف) خداوند۔ غلام۔ آزاد کرنے والا۔ آزاد کیا ہوا۔ ہمنشین۔ قریب نزدیک رشتہ دار جیسا چچا وغیرہ کا بیٹا۔ دوست و ہمسایہ۔ ہم سوگند۔ مُوَلِّی اوسکی طرف منسوب بیٹا۔ باپ کا بھائی۔ مہمانی مین آنے والا۔ شریک۔ بھانجا۔ یار و مددگار۔ صاحب۔ رفیق پرورش کرنے والا۔ نعمت دینے والا۔ نعمت دیا گیا۔ مہربان۔ پیرو۔ داماد۔ بہنوئی۔ خسر یعنے سسرا۔

مُوْم (ضس) شمع۔ شہد کا روغن۔ جولاہہ کا ایک اوزار ہے کہ جس مین دھاگے کو رکھکر بنتا ہے۔ موچیون کا ایک اوزار ہے۔ برسام۔ بہت زور کی اور سخت چیچک۔

مُوْم (فس) (ن) چیچک اور برسام زدہ ہونا مجہولاً مستعمل ہوتا ہے۔

مَوَامِی (فسفسم) بیابان مَوَامِی جمع۔

مَوْمَاۃ (فسفس) بیابان۔

مُؤَمَّد (ضفتف) وہ مشک کہ جسمین ایک پیاس کے لائق پانی ہو۔

مُؤَمَّر (ضفتف) امارت دیا ہوا۔ تیز کیا ہوا۔ داغ دیا ہوا مسلط کیا ہوا۔

مُؤَمَّرَۃ (ضفتف) بھال والا نیزہ۔ قناۃ مؤمّرۃ بولتے ہین۔

موحش (ضفت) اونٹ جسنے ابھی
ریاضت نہ پائی ہو۔
مومسۃ (فسکف) فاجرہ عورت
مومسات موامیس جمع۔
مؤمل (ضفتف) گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں
مین سے آٹھوین کا نام جو دس ہوتے ہین
مومومت (فسضس) پہچانی ہوئی
اور اندازہ کی ہوئی چیز۔
مون (فس) مؤنۃ (فضسف) نفقہ
اور کفالت عیال پر قیام اختیار کرنا اور
اونکا بوجھ اوٹھانا۔
مؤنث (ضفتک) مادہ جننے والی عورت
مؤنث (ضفتف) مخنث۔ ایک خوشبو
ہے جس سے کپڑے کو رنگین کرین مثل
زعفران وغیرہ خلاف ذکورۃ کہ وہ مشک
اور کافور وغیرہ ہوتا ہے۔
مؤنس (ضسک) انس دینے والا۔
نام روز پنجشنبہ۔
مؤنسات (ضسکفس) سارے ہتھیار
- پانیزہ اور خود اور برگستوان کہ ایک
پوشش ہے کہ روز جنگ مین پہنتے ہین
اور گھوڑے کو بھی پہنچاتے ہین۔ ایک
لوہے کا ٹکڑا کہ اوس سے کنارہ خود کو

زرہ کے حلقوں سے ملا کر باندھ لیتے
ہین۔ ڈھال۔
مونع (فسک) پکا ہوا۔
مؤنف (ضفتف) تیز نوک نصل
مؤنف (ضفتف) کہتے ہین۔
مؤنفۃ (ضفتفف) بکری گھاس کو
طلب کی ہوئی غنم مؤنفۃ بولتے ہین
مؤنل الاصابع (ضسفک) مرد
جس کی اونگلیان دلدار سر کی اور
کوتاہ ہون۔
موور (فضس) آواز والی بلی۔
مؤور (فضس) چمڑا دباغت کیا ہوا
ادیم مؤور بولتے ہین۔
موودۃ (فسضف) چھوٹی لڑکی
جیتی گاڑ دی گئی۔
١٧ موہ (فس) (ن) مل جانا خلط ملط
ہونا۔ پانی پلانا۔
١٨ موہ (فس) میہ (فس) موۃ (ضفس)
ماہۃ (فسف) میہۃ (فسف) (س ج ض)
کوئین مین پانی نکلنا۔ کوئین کا بہت
پانی والا ہو جانا۔ کشتی مین پانی داخل ہونا
١٩ مؤہب (ضسک) قادر و مستعد۔
مؤہب (ضسف) آمادہ و تیار

١٢٧٠

طعامٌ مَوْہبٌ ۔

۱ مُوْہَب (فسک) بخشش ۔

۲ مُوْہبَۃ (فسفف) بخشش ۔ ابر کبھر جگہہ بڑے چھوٹا آبگیر یعنی تالاب ۔ پہاڑ میں ایک گڑھا جس میں پانی جمع ہووے ۔ مَوَاہب جمع ۔

۳ مَوْہِبۃ (فسکف) بخشش ۔

۴ مُوْہَۃ (ضسف) چہرہ کی آب و رونق خوبی ۔ نیکی ۔ چمکداری ۔ چہرہ کی آب کی چمک ۔

۵ مُوَہِّز (ضفقف) پانوں کے نیچے خوب پامال کرنے والا ۔

۶ مُوَہَّصُ الخلق (ضفتقفض) بمعنی موہص الخلق ۔

۷ مَوْہِن (فسک) مقدار نیم شب یا رات کا بڑا حصہ ۔

۸ مُوْہَوصُ الْخَلْق (فسض) ایسا مرد کہ گویا اوسکی ہڈیان ایک دوسرے مین داخل اور گھسی ہوئی ہون ۔

۹ مِسْوَہِیّ (کفکت) ہائہ کیطرف منسوب ہے ۔

۱۰ مُوْنَبات (ضسکفس) رسوائیان ۔

۱۱ مُوْنِبَۃ (فسکف) رسوائی و ننگ و شرم

۱۲ مُوَیَد (ضسف) قوت دیا ہوا ۔

۱۳ مُوَیِد (ضسک) کار بزرگ ۔ دشواری مآئِد جمع ۔

۱۴ مُوَیَّد (ضفقف) قوت دیا ہوا ۔ و بکسر یا ۔ قوت دینے والا اور اسکی تصغیر بھی بکسر یا آتی ہے ۔

۱۵ مَوْئِل (فسک) رہائی ۔ جای پناہ سیل کے ٹھہرنے کی جگہہ ۔

۱۶ مُؤَبِّل (ضفتک) چوپایہ کا مالک ۔

۱۷ مُؤْمِیَۃ (ضسفف) دولتمند عورت بی شوہر

۱۸ مَہّ (فت) (س) اونٹ کے ساتھ نرمی کرنی ۔

۱۹ مَہَار (ففسم) کجی ۔ پیالہ وغیرہ کا عیب ۔

۲۰ مَہابٌ (فس) جای ترس و ہیبت

۲۱ مَہَابَۃ (ففسف) خوف و پرہیز و بزرگی ۔ ڈرنا ۔

۲۲ مُہَابَذۃ (ضفسفف) بمعنی اہباذ ۔

۲۳ مَہات (فس) آفتاب ۔ گاو دشتی بلور مَہَا (فف) مَہَوَات (ففس) مَہَیات جمع ۔

۲۴ مَہَاۃ (ضفس) رحم ناقہ مین نر کا نطفہ مُہیٰ جمع ۔

۲۵ مُہَاتات (ضفسفس) دینا بخشنا ۔

۲۶ مُہَاتَرۃ (ضفسفف) باطل کے

۱۲۷۱

ساتھہ دشنام دینی —

۱ مُہَاتکہ (ضفسفف) آپس مین تاریکی شب مین چلنا —

۲ مُہَاجاۃ (ضفسفس) آپس مین ایک دوسرے کی ہجو کرنی —

۳ مُہَاجرۃ (ضفسفف) ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف جانا اسی لفظ سے ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مُہَاجَرَۃ مکّہ سے مدینہ کی طرف۔ آپ مدینہ مین پیر کے دن ربیع الاول کی بارھوین تاریخ کو رونق افروز ہوئے پس جب سے تاریخ شروع ہوئی اور پھر دو مہینے اوپر ہٹا کر محرم کے پہلے دن جمعرات سے شروع کی گئی۔ ایک جگہہ سے دوسری جگہہ کی دوستی پراگندہ ہو جانا —

۴ مُہَاجزۃ (ضفسفف) آپسمین بھید کہنا —

۵ مُہَاجلۃ (ضفسفف) ہجّل زمین مین چلنا۔ آپس مین پانی بہانا اور پانی پلانے مین مفاخرت کرنی —

۶ مِہَاد (کفس) گہوارہ۔ زمین — بستر۔ بچھانے کی چیز فرش اَمْہِدَۃ مُہُد جمع —

۷ مُہَاداۃ (ضفسفس) دو شخصون کے سہارے سے چلنا دونون کے بیچ مین کندھے پر ہاتھہ ٹیک کر —

۸ مُہَادنۃ (ضفسفف) آپس مین صلح کرنی —

۹ مُہَاذبۃ (ضفسفف) آدمی وغیرہ کا دوڑنا —

۱۰ مُہَاذیب (ضفسکف) تیز رو اور سریع اونٹ بہت سے —

۱۱ مِہَار (کفس) لکڑی جو اونٹ بختی کی ناک مین ڈالتے ہین۔ رسّی جس سے اونٹ کو کھینچتے ہین —

۱۲ مُہَاراۃ (ضفسفس) آپسمین مسخراپن کرنا —

۱۳ مُہَارّۃ (ضفستف) کتّے کا کسی کے مونھہ کے سامنے بھونکنا —

۱۴ مُہَارش العنان (ضفسک) سبک عنان گھوڑا

۱۵ مُہَارشۃ (ضفسفف) کتّون کو ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا —

۱۶ مَہَازِل (فَفَسک) خشک سالیان —

۱۷ مُہَازلۃ (ضفسفف) بیہودگی اور بازی کرنی —

۱۸ مُہَاشاۃ (ضفسفس) آپس مین تمسخر کرنا —

۱۹ مُہَاصَاۃ (ضفسفس) پیٹھہ توڑنی شکست کرنا —

۲۰ مُہَاصِری (ضفسفک) ایک یمنی چادر ہے —

۲۱ مُہَاضاۃ (ضفسفس) احمق سمجھنا — سبک و حقیر سمجھنا —

مُہَافاۃ (ضفسفس) اپنی دوستی مائل کرنا
مُہَاکاۃ (ضفسفس) کسیکی عقل کو سبک سمجھنا۔
مَہَال (ففس) جائی خوفناک۔
مُہَال (ضفس) بمعنی مہیل۔
مُہَالاۃ (ضفسفس) ڈرانا۔
مُہَالَۃ (ضفستف) اجیر سے ماہانہ ٹھہرالینا
مُہَالسۃ (ضفسفف) آپسمین بھید کہنا۔
مُہَامرۃ (ضفسفف) لے جانا۔ ایک چیزمین سے زیادہ لینا۔
مُہَامسۃ (ضفسفف) آپسمین بھید کہنا۔
مُہَاشۃ (ضفسفف) آپسمین شتابی کرنی۔
مَہَانۃ (ففسف) رسوائی وخواری سبک داشت۔ ذلت وضعف۔ ذلیل وخوار ہوجانا۔
مُہَانخۃ (ضفسفف) عورت کے ساتھ عشقبازی کرنی۔
مُہَانفۃ (ضفسفف) براہ تمسخر ہنسنا۔ آپس مین بازی کرنی۔
مُہَاواۃ (ضفسفس) مدارات وصلح کرنی۔ آپس مین جھگڑنا۔ سختی سیر۔
مَہَاوۃ (ففسف) گھی کا پانی ملا ہونا۔
مُہَاودۃ (ضفسفف) آپس مین عند کرنا۔ صلح کرنی۔ ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ آپس مین پھرجانا۔

مُہَاوشۃ (ضفسفف) آپس مین ایک دوسرے کو ملانا۔
مُہَاونۃ (ضفسفف) نرمی کرنی۔
مَہَاہ (ففس) ترمی وتازگی۔ خوبی سہل نرم۔ مثل مین ہے کُلُّ شَیْءٍ مَہَہٌ وَمَہَاہٌ مَا خَلَا النِّسَاءَ وَذِکْرَہُنَّ یعنی ہر چیز سہل وآسان ہے اوسکا مرد متحمل ہوسکتا ہے مگر عورتین
مُہَایاۃ (ضفسفس) ایک کام جس پر آمادگی اور موافقت ورسازداری کرین۔
مُہَائِت (ضفسک) بہت لینے والا۔
مُہَایشۃ (ضفسفف) عطا مین آپس مین زیادتی کرنی۔
مُہَایجۃ (ضفسفف) برانگیختہ کرنا غصہ کرنا۔ جنگ وکشت وخون کرنا۔
مُہَایطۃ (ضفسفف) آواز وفریاد کرنی نزدیک ہونا۔ دور ہونا۔
مِہْیَاب (کسفس) کسنے کے وقت خوب تیز ہونے والا اور آواز کرنے والا اونٹ۔
مُہْبَج (ضفقف) گران جان۔
مُہَبْرَج (ضفسف) خراب فاسد حلیہ مختلف الفن۔ ناراست وبی درست۔
مُہْبِع (ضسک) خداوند مُہْبَع۔
مَہْبِل (فسک) بچہ دان۔ یا اوس مین

۱۲۶۳

ذکر کی راہ یا اوسکی نہایت یا اوسکا دہانہ یا اوس مین بچہ کی جگہہ یا زمین اور سُرین مین بچہ گرنے کی جگہہ - سر کوہ سے شُعب کی طرف اوترنے والا -

مُہَبَّل (ضفقف) گران وزن جسکو ہَبَلّنگ تنک کہین - گوشت ناک مرد سوجے ہوئے بدن کا -

مَہبُوت (فنضس) بُزدل مرد ہوش اوڑا ہوا -

مَہبُوش (فنضس) کمایا ہوا -

مَہبُوط (فنضس) بیماری کے سبب لاغر -

مِہَتّ (کفت) بہت بات کہنے والا ہلکا -

مُہتَبِل (ضسفک) جھوٹ بولنے والا -

مُہتَجَنَة (ضسففف) بمعنی ہَاجِنَة -

مُہتَجُون (ضسفضس) ہجو کیے گئے -

مُہتَلَسُ العقل (ضسففض) بمعنی عقل رفتہ -

مُہتَلِک (ضسفک) وہ شخص کہ اوسکا ایک کام پر ارادہ ہووے اور آدمی اوسے تنگ کرین آب و علف کا ڈھونڈھنے والا کہ اوسنے راہ گم کیا ہو مُہتَلِکُون جمع -

مُہتَمِل (ضسفک) غماز و سخن چین -

مَہج (فس) بچہ کا دودھ چوسنا - جماع کرنا - بیماری کے بعد اچھے چہرہ والا ہونا -

مُہجَة (ضسف) جان - خون - یا دل کا خون -

مِہجَر (کسک) گرامی نژاد - خوبصورت ہر ایک چیز اچھی اور جید - اپنے غیر پر فاضل تر اور بہتر - اچھی چربی کا اونٹ - خوش رفتار - اونٹ جو رفتار اور دوری مین زیادہ ہووے - عَدَدٌ مُہجِر بہت عدد - ہاجرہ کے وقت آنے والا - بہت لنبا خرما کا درخت شاخون کا پھیلا ہوا -

مُہَجَّرَة (ضففف) خرما کا درخت لنب شاخون کا پھیلا ہوا رسوائی و فحش -

مُہجَرَات (ضسففس) جمع -

مَہجَع (کسف) احمق و غافل -

مَہجِل (فسک) بچہ دان کی راہ - پانی کی راہ

مُہَجَّلَة (ضسففت) عورت جسکی کس کی دو راہ ایک ہو گئی ہون -

مُہَجَّنَة (ضففف) ناقہ جسے اوسکی اصالت و نجابت کے سبب سے اصل شتر دن سے روکین نخلہ جو پہلے ہی پھل لایا ہو -

مُہجِنَة (فسکف) گروہ بے خبر -

مَہجَنی (فسفف) گروہ بے خبر -

مُہجَنی (فسضف) گروہ بے خبر -

مَہجُو (فسضت) ہجو کیا ہوا -

ماده: ۱ ہبل ۲ ہبت ۳ ہبش ۴ ہبط ۵ ہتت ۶ ہتبل ۷ ہجن ۸ ہجو ۹ ہلس ۱۰ ہلک ۱۱ ہتمل ۱۲ مہج ۱۳ ایضاً

مہجور (فسضس) کلام پریشان ۔
جدا رہا ہوا ۔ کشن شتر جسکی گردن کو
پانون پر باندہ دیا ہو ۔
۱ مہجوس (فسضس) دور مشتبہہ شوریدہ
۲ مہجوم (فسضس) بیت مہجوم یعنی خیمہ
جسکے چوبین اور ستون طنابون کے کھول
دینے سے جمع ہو گئے ہون ۔
۳ مہد (فس) گہوارہ ۔ زمین مہود
(ضضض) جمع (ف) بچھانا کسب کرنا
۔ کام کرنا ۔
۵ مہد (ضس) زمین بلند یا زمین پست
ہموار نرم مہدۃ امہاد جمع ۔
۶ مہد (فکت) بہت کلام والا مرد ۔
۷ مہدار (کسضسم) بہت تحفہ لانے والا
۸ مہداج (کسف) نالان ناقہ ۔
بانگ فریاد والی ناقہ ۔
۹ مہدب (ضفقف) پردہ یعنی [illegible]
۱۰ مہدۃ (ضسف) بمعنی مہد ۔
۱۱ مہدر (ضفتک) آواز والا اونٹ ۔
اسی سے ہے یہ مثل کا المہدر فی العنۃ یعنے
مانند اونٹ آواز کرنے والے کے بیچ خطیرہ
کے اور وہ ایک نرسانڈ ہوتا ہے کہ اوسے
خطیرہ مین بند کرتے ہین تا کہ جفتی نکرسے

اور وہ آواز و فریاد کرتا ہے اور یہ اوس
شخص کے حق مین کہتے ہین کہ فریاد کرتا
ہے اور کسی کام پر نہووے ۔
۱۲ مہذرۃ (فسففف) اگلے دانت چھوٹے ۔
۱۳ مہذفۃ (ضسکف) گوشت بھری عورت ۔
۱۴ مہذن (ضسک) گھوڑا جو اپنے
تنگ کو نہان رکھے ۔
۱۵ مہذوم (فسضس) جما ہوا دودھ
گاڑھا ہو گیا ہوا ۔
۱۶ مہذومۃ (فسضسف) زمین جس
پر ہلکا مینہہ پڑا ہو ۔
۱۷ مہذی (کسف) جس مین کہ تحفہ
رکھہ کر لاوین جیسا طباق وغیرہ کہ تحفہ
کے ساتھہ ہووے ۔ بہت تحفہ لانے
والا مذکر و مؤنث ۔
۱۸ مہذیۃ (فسکتف) دولھن ۔
۱۹ مہذار (کسفس) مہذارۃ (کسفسف)
مذکر و مؤنث بمعنی مہذار ۔
۲۰ مہذار (کسفس) بیہودہ بکنے والا ۔
۲۱ مہذب (ضفتف) پاکیزہ خو والا مرد ۔
۲۲ مہذر (کسف) بیہودہ بکنے والا مرد
۲۳ مہذف (ضسک) شتاب رو اور تیز مرد ۔
۲۴ مہذم (کسف) شمشیر بران ۔

۱۲۷۵

1 مَہر (فس) عورت کا مہر مُہُور (ضضس)
جمع (ف) مہر کرنا ـ مہر دینا (ف) ـ
2 مُہر (فس) مُہُور (ضضس) مہار (فس)
مَہَارۃ (ففسف) ایک چیز مین زیرک و سیانا
ہونا ـ ایک چیز مین استادی کرنی ـ
3 مُہر (ضس) سینہ کے بیچ مین ایک ہڈی
ہے یا اوسکے جانب اعلا مین ـ حنظل کا
پھل مَہرۃ جمع ـ گھوڑے کا بچہ ـ
گھوڑے وغیرہ کا پہلا بچہ مِہار مِہارۃ
جمع مُہرۃ مونث مُہر مُہرات جمع ـ
4 مُہَرّأ (ضففثس) گوشت وغیرہ جو پکا یا ہو ـ
5 مِہراس (کسفس) ہاون اور جاز کہ
جس سے گیہون کوٹتے ہین ـ پتھر کا کاسہ
جس سے وضو کرتے ہین مَہَاریس جمع ـ
بہت کھانے والا اونٹ گران جسم ـ
وہ شخص کہ رات کو نہ ڈرے اور رات کا
خوف اوسکو شب روی سے منع نکرے
6 مِہراع (کسفس) شیر ـ
7 مِہران (کسفس) خوب تیرنے والا ـ
8 مِہرث (کسف) کسانون کی ایک لکڑی
ہے جس سے زمین گاہتے ہین ـ
9 مُہرِب (ضسک) ڈرتا ہوا ـ
10 مُہرۃ (ضسف) سینہ کے بیچ مین ایک
ہڈی ہے یا اوسکے جانب اعلا مین ـ
ایک مہرہ جس سے عورتین مردون کو
محبت و دوستی مین مبتلا کر لیتی ہین
ـ استخوان سینہ کا بند مضبوط آپس مین
ملا ہوا یا پہلو کی چپنی ہڈی شاید کہ یہ
لفظ فارسی ہے ـ
11 مِہرۃ (کسف) روش نیکو ـ
12 مُہَرَّتۃ (ضفثفف) فراخ دہن کتے
کِلَابٌ مُہَرَّتۃ بولتے ہین ـ
13 مِہرج (کسف) بہت قدم والا گھوڑا
خوب چلنے والا ـ
14 مُہرزق (ضفسف) قیدی ـ
15 مُہرِع (ضسک) شیر ـ
16 مُہرق (ضسف) کاغذ کا صفحہ اور
اوسکا روی ـ مہرہ معرب ہے مَہَارِق
جمع ـ چکنا اور چمکدار جنگل ـ
17 مِہرقان (کسفس) دریا یا وہ جگہ
کہ جہان اوس مین پانی روان ہووے ـ
18 مُہرم (ضسف) بہت ضعیف اور
بڑی عمر کا ہو جانا ـ
19 مُہرمۃ (ضسفف) بڑھاپا ـ بڑھاپے کا
سبب ـ بہت ضعیف اور بڑی عمر کا ہوجانا ـ
20 مُہرنفۃ (ضفسف) سست آواز والی

۱۲۶۷

عورت پست گریہ والی۔
مُهْرُوتُ الفم فراخ دہن۔
مُهْرُود (فسضس) زرد رنگ کپڑا۔
مُهْرُوذ (فسضس) شہر بنایا ہوا۔
مُهْرُورَق (ضسضسک) ریزان منہ ہے
مُهْرُوز (فسضس) جرانزدہ اونٹ
مُهْرُوزَة مؤنث۔
مُهْرُوع (فسضس) دیوانہ زمین
مین پڑا ہوا یا مرد کوشش یا ناتوانی کے سبب
زمین پر پڑا ہوا۔
مَهْرِیَّة (فسکتف) اونٹ جو مہرہ بن
حیدان کی طرف منسوب ہین مَہارِیّ مَہار
جمع۔ ایک سرخ گیہون ہے۔
مَهْز (فس) (ف) دور کرنا۔
مِهْزَاق (کسف) بہت ہنسنے والی عورت
عورت جو ایک جگہہ قرار نہ پکڑے۔
مِهْزَام (کسفس) بنیسٹی یعنی ایک
لکڑی جسکے سر پر آگ سجڑ کا کر لڑکے اوس
سے بازی کرتے ہین۔ آگ کریدنے کی
لکڑی ہے۔ چھوٹی چوب دستی۔
مُهْزِر (کسف) مرد نقصان کا مارا ہوا
اور مغبون ہر ایک چیز مین۔
مَهْزَرَق (ضفسف) قید جی۔

مِهْزَع (کسف) کوبہ جو کہ ہر درخت
کو توڑے۔ بڑا دانت والا پکڑنے والا شیر
مُهْزُول (فسضس) لاغر مَہازِیل
(ففسکس) جمع۔
مَهْش (فس) جلانا۔ چھیلنا۔
مِهْشَاء (فسفسم) ناقہ جلد دبلی ہونے والی
مِهْشَار (کسفس) ناقہ جو خواہش کے
ساتھ سانڈ کے آگے آوے۔ اول ہی جفتی
مین حاملہ ہوجانے والی ناقہ خلاف کا جن۔
مِهْشَام (کسفس) ناقہ جلد لاغر ہونے والی
مُهْشُور (فسضس) ناقہ جبکار بچہ ختنہ
مَهْضَاء (فسفسم) بغیر گھاس کی زمین
مِهْضَار (کسفس) مِہضِیر
(کسکس) شیر۔
مِهْضَر (کسف) شیر۔
مِهْضَل (ضسف) دلدار سخت
بدن کا گدھا۔
مِهْضَم (کسف) شیر۔
مُهْضَهَضَة (ضفسکف) رات کے
پھرنے والے چور کی آنکھ۔
مُهْضَم (ضفتف) باریک اور نازک کمر
مُهَضَّمَة (ضفتقف) قصبہ مہضمہ
بولتے ہین یعنی نے لطیف۔

مُهضهضة (ضفسکف) ہمسایون کی ستانے والی عورت۔

مُهطع (ضسک) جوکہ فروتنی اور عاجزی سے کسی کو دیکھے اور اوس سے آنکھہ نہ اوٹھاوے یا کسی کی طرف خاموش جانے والا کہ جسکو اوس نے آواز دی ہے اور پکارا ہے پیدا الشیی سیدہی گردن والا اونٹ۔

مُهطولة (فضسف) زمین جسپر مینھہ پی درپی برسا ہو۔

مَهَع (فف) چہرہ کے رنگ کا بدل جانا۔ چہرہ کا عوارض دشوار سے رنگ برنگ ہونا۔

مُهفهفة (ضفتف) بمعنی مُهفهَفَة

مُهفَّك (ضفتف) کام مین خطا کرنے والا مرد۔ کام کا بگاڑنے والا۔

مَهفوت (فسفس) سرگشتہ و متحیر۔

مُهفهفة (ضفسفف) باریک پیٹ کی لڑکی سبک روح دبلی کمر کی۔

مَهَق (فف) پانی کی سبزی۔

مُهقار (فسفسم) سبز پانی کا چشمہ۔

مَهك (فس) زور سے گھسنا۔ ایک چیز مین سرعت کرنی۔ عورت کو جماع مین دہکا دینا اور نرم کر دینا۔

مَهَك (فف) (س) نر کا مادہ نکرنا۔

مَهلكة الشباب (ضسف) جوانی کی بُری اور ابتلا۔

مَهْكَر (فسف) تعجب کی جگہہ۔

مَهْكَرة (فسفف) جاے تعجب۔

مَهكوك (فسفس) پسا ہوا۔ جوکہ پاخانہ اور گوز کو ضبط نکر سکے۔ دلیر کام مین شوخی و بے باکی۔

مَهْل (فس) ٹھہر مذکر و مؤنث واحد و تثنیہ و جمع برابر چنانچہ کہتے ہین مَهْلاً یَا رَجُلُ وَیَا رَجُلانِ وَیَا رِجَالُ وَیَا امْرَءَة اور جب تم سے کہین مَهْلاً تو جواب مین لاَ مَهْلَ وَاللہِ کہو گے اور لاَ مَهْلاً وَاللہِ نکہو گے۔ آرامش اور آہستگی اور نرمی اور زمان و وقت۔ مردہ کی پیپ اور بولتے ہین رُزِقَ مَهْلاً یعنی عطاؤن کا مرتکب ہوا اور اوسکو مہلت دی گئی اور شتاب مواخذہ ہوا اونٹون کو خضخاض ملنی اور وہ ایک قسم کا قطران ہے (ن) بھیڑون کا نرم اور آہستہ چلنا۔

مُهْل (ضس) تانبا اور کہان کا جوہر جوکچھہ ہو جیسے سونا چاندی تانبا لوہا وغیرہ۔ کانسے تانبے لوہے کا پگھلا ہوا۔ تیلی قطران۔ روغن زیت یا اوس کی تلچہٹ۔ روغن زیت پتلا۔ راکھہ اور چنگاری

کہ روٹی مین سے جھڑ رہے ۔ زہر ۔ زرداب ۔ مردہ کی پیپ ۔

مُہل (فف) (س) خیر او نیکی مین پیش آنا ۔ مرد کے اسلاف متقدمین ۔

مہلّب (ضفتف) بمعنی ہلیب ۔

مُہلۃ (ضسف) پتلی قطران ۔ آمادگی ۔ آرامش ۔ آہستگی ۔ زمان و ہی امہال کا حاصل بالمصدر ہے ۔

مُہلۃ (ضفف) مردہ کی پیپ ۔

مہلل (ضفتف) لاغر و خمیدہ اونٹ ۔

مُہللۃ (ضفتف) لاغر و خمیدہ اونٹ ۔

مَہلکۃ (فسفف) دشت و بیابان ۔ مرجانا ۔ نیست ہونا ۔

مہلوث (فسضس) اوکھڑے ہوے بالوں کا

مُہلوسۃ (فسضسف) دُبلی گس کی عورت گویا کہ اوسکا گوشت صاف اوس اوتار لیا گیا ہے ۔

مُہتم (ضکت) امر شدید ۔

مِہمار (کسفس) بہت بولنے والا مرد ۔

مِہماز (کسفس) بمعنی مِہمز (کسف) ۔

مَہمۃ (ففتف) قصد ۔ بولتے ہین لا مَہمۃ یعنی ہین اوسکا قصد نہین رکھتا اور اوس سے نہین کرتا ۔ کسی کو ایک

کام کا غمگین کرنا ۔

مِہمر (کسف) بہت بولنے والا مرد ۔

مِہمز (کسف) لوہے کی میخ کہ سوا اس کے پاشنہ موزہ پر ہوتی ہے کہ سبب اسپ توسن کے تھیگا دیر مارتا ہے مَہامز مہامیز جمع ۔

مِہمزۃ (کسفف) تازیانہ ۔ کوڑا ۔ یا سندان ۔ چوب دستی ۔ یا عصا کہ جسکے سر پر لوہا لگا ہوتا ہے کہ جس سے گدھے کو ہانکتے ہین ۔

مُہمّق (ضفتف) ستو لیسے ہوئے ۔

مُہمل (ضسف) لفظ کہ اوسے استعمال نکرین ۔

مُہملج (ضفسف) اچھا چلنے والا گھوڑا ۔ تابعدار و منقاد ۔

مُہموسۃ (فسضسف) چند حروف ہین جو ان تین کلمون مین جمع ہین ۔ (حثہ شخص فسکت) ۔

مہموص الفؤاد شوریدہ دل مرد ۔

مہموک المعدین (فسضس) گھوڑا جسکے دو نون مَعَدّ واگذاشتہ اور فروہشتہ ہون ۔

مَہمہ (فسف) دور دست جنگل ۔ خالی

مادہ

ویران زمین مَہَامِہ جمع۔

مُہْمَہَۃ (فسفف) کسی کو مَہ مَہ کہنا یعنی کسی کو ٹھہرا رکھنا۔ کسی کو سفر سے روکنا۔

مَہْن (فس) مَہنۃ (فسف) کسی کی خدمت کرنی۔ مارنا۔ رنج دینا۔ اونٹ کو بھرنے کے وقت دوہنا۔ کپڑے کو کھینچنا۔ عورت سے جماع کرنا۔

مَہْنَا (فسفسم) جو چیز کہ بے مشقت ہاتھ لگے۔

مِہْنَب (کسف) نہایت نادان مرد۔

مِہْنَۃ (کسف) مُہْنَۃ (فسف) مَہَنَۃ (ففف) مَہِنَۃ (فکف) خدمت اور کام میں ہوشیاری و عقلمندی۔

مُہَنَّد (ضفتقف) تلوار جسے ہندی لوہے سے بنایا ہو۔

مُہَنْدِز (ضفسک) کاریز اور بنا اور زمین میں اندازہ کرنے والا یہی لفظ ہے کہ اسمیں زا کو سین سے بدل کر مُہَنْدِس (ضفسک) کہتے ہیں اسلئے کہ کلام عرب میں کوئی ایسا لفظ نہیں کہ جس میں زا کے ماقبل دال ہو۔

مُہَنْدِس (ضفسک) مُہَنْدِز کہ زا کو سین سے بدل لیا ہے۔

مُہْنَدِم (ضفسف) ایک چیز یا اندازہ و اندام۔

مَہْنُوع (فسفس) ہنوع داغ کیا ہوا اونٹ۔

مَہْنُون (فسفس) رولایا ہوا مرد۔

مَہْو (فس) خرمائے تر۔ موتی۔ سپید کنکری۔ جاڑا۔ پتلے موتھ کی تلوار اور ہلکی بڑے جوہر کی۔ پتلا دودھ یا پانی بھرا (ف) زور سے مارنا۔

مَہْوَاۃ (فسفس) آسمان و زمین کا میان و دو پہاڑ وغیرہ کے درمیان ایک گڑھا۔

مِہْوَاع (کسفس) جنگ میں شورش و آواز۔

مُہْوَأَن (ضسفف) فراخ جنگل۔ خوبی و عادت۔ رات کا کچھ ٹکڑا۔

مَہْوُب (فسفس) مرد کہ جس سے خوف کریں۔ شیر۔ جای ترس و سہمگین۔

مُہَوْبَرَۃ (ضفسفف) بہت گوشت والی ناقہ اُذُنٌ مُہَوْبَرَۃٌ بہت بالوں والے یا پشمناک کان۔

مَہْوَۃ (فسف) نُطْفَۃٌ مَہْوَۃٌ یعنے رقیق و پتلا نطفہ

مُہَوَّد (ضفتقف) غِنَاءٌ مُہَوَّدٌ یعنے نرم و آہستہ راگ۔

مُہَوَّس (ضفتقف) دیوانہ۔

مِہْوَع (کسف) جنگ میں شورش و آواز۔

مہوک (فضس) نرم کمان۔
مہوی (فسف) دو پہاڑ وغیرہ کے درمیان ایک گڑھا۔
مہوی (فسکت) چاہا ہوا۔
مُہوئن (ضسفکت) جاے دور۔ یا زمین پست ہموار۔
مہہ (فف) (س) نرم ہو جانا۔ سیر نرم۔ نرمی۔ لڑ بڑا پن۔ آہستگی۔ زمان۔ امید۔
مہہ (فس) ٹھہار رہ یہ اسم فعل ہے یعنی اسم ہے بمعنی فعل پس اگر وصل کرو گے تو اس کو تنوین دینی چاہیے چنانچہ کہین گے مہ مہٍ۔
مہی (فس) گھوڑے کی رسّی کا لنبا کر دینا۔ کسی کو پانی دینا۔ خنجر کو تیز اور پتلے موںہہ کا کرنا۔ ض
مہیاف (کسف) جلد پیاسی ہونے والی ناقہ۔ لنبی گردن والا اونٹ۔ سریع العطش آدمی یا نہایت پیاسا۔
مہیبۃ (فسفف) سبب خوف و ترس
مہید (فکس) بے ملاؤ مسکہ۔
مہیدیۃ (ضفسکف) حال۔
مہیدئۃ (ضفسکف) پہلا حال۔

مہیرۃ (فکسف) آزاد عورت بجاے کی والی
مہیص (فکس) پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہہ مہائص جمع۔
مہیع (فسف) فراخ روشن راہ۔
مہیق (فکس) پانون کی مالش کا نشان۔ زمین دور۔
مہیک (فکس) سانڈ کہ حاملہ نکرے۔
مہیل (فکس) خوفناک جگہہ۔ ریت اور خاک وغیرہ گرایا ہوا۔
مہیم (فکس) کلمۂ استفہام ہے یعنے کیا ہے تیرا اور کام تیرا اور کیا چیز حادث ہوئی تجھکو۔
مہیمن (ضفسک) گواہ۔ نگاہبان جو کہ خوف و ترس سے دوسرے کو بیخوف کرے۔ امین کہ کسی کا حق ضائع نکرے۔ مؤتمن کہ خوف کو دفع کرے اور سب معانی مین صفات باری تعالی کی ایک صفت ہے یہ لفظ اصل مین مُاَمِن ہے دوسرے ہمزہ ساکن کو یاسے بدلا اور پہلے کو ہاسے مُہَیمِن ہو گیا۔
مہین (فکس) ذلیل و خوار۔ سست۔ زبان جھلا دینے والا دودم۔ کم عقل و کم تمیز۔ سانڈ کہ حاملہ نکرے

مادہ
١ مہوک
٢ مہوی
٣ مہوی
۴ مہوئن
۵ مہہ
٦ مہہ
٧ مہی
٨ مہیاف
٩ مہیبۃ
١٠ مہید
١١ مہیدیۃ
١٢ مہیدئۃ
١٣ مہیرۃ
١۴ مہیص

١٥ مہیع
١٦ مہیق
١٧ مہیک
١٨ مہیل
١٩ مہیم
٢٠ مہیمن
٢١ مہین

مادہ

۱۲۸۲

مہناء (ضففسم) جمع ۔

مہیوم (فسضفس) بیمار اونٹ ۔

میاحۃ (کفسف) شفاعت کرنی ۔

میاداۃ (ضفسفس) دست بدست جزا دینی ۔

میار (فتف) خوار بار یعنی قوت لایموت لانے والا ۔ ایک جگہہ سے دوسری جگہہ غلہ کھینچنے والا ۔

میار (کفس) دشمنی کرنی ۔ تباہی وخرابی ڈالدینی ۔ آدمی کے درمیان فتنہ اوٹھانا ۔

میاس (فتفس) نازسے چلنے والا ۔ شیر نازسے چلنے والا ۔ بھیڑیا ۔

میاسرۃ (ضفسفف) بائین طرف لینا ۔ نرم وآسان وتابعدار کرنا ۔ آپس مین آسان پکڑنا اور نرمی کرنی ۔

میاط (کفس) دور کرنا ۔ زجر کرنا ۔ قسم کھانا ۔ اولٹے پانون پھرنا ۔ گھاٹ پرسے پھیرنے کے وقت ہانکنا ۔

میاط (فتفس) بہت کھیلنے والا بیہودہ کام کرنے والا ۔

میاغطۃ (ضفسفف) کسی کو یعاط کہنا اور آواز مارنا ۔

میاکید (ففسکس) تسمے جن سے کوہہ زین کو باندھین ۔

میامنۃ (ضفسفف) یمن مین آنا ۔ داہین طرف لینا ۔ داہین ہاتھ کی طرف لے جانا ۔

میان (فتفت) جھوٹ بولنے والا ۔

میان (کفس) اندیشہ سے ایک کام کرنا ۔

میبۃ (فسف) ایک دارو ہے کہ بہی اور شراب سے بناتے ہین یا دوشاب سے می بہ کا معرب ہے ۔

میبر (کسف) سوزن دان جسمین سوئی رکھین ۔ سخن چینی ۔ دو شخصون مین فساد ڈالدینا ۔ وہ چیز کہ جس سے درخت خرما کو کشنے دیوین ۔ تپلا ریت رقیق ۔ مآبر جمع ۔

میبرۃ (کسفف) مقل اور نبق درخت مین سے جو جو چیز کہ پہلے اوگے ۔ سوزندان جس مین سوئی رکھین مآبر جمع سخن چینی دو شخصون کے درمیان فساد ڈالدینا ۔

میبل (کسف) دلدار عصا ۔

میبل (فسف) بنے ہوئے تسمے لکڑی پر بندھے ہوئے جس سے چوپایہ ہانکین ۔

میبلۃ (فسفف) درہ وتازیانہ ۔

مَیِّت (فتک) مردہ اَمْوَات (فسفس) مَوْتیٰ (فسف) مَیِّتُوْن جمع مَیِّتَة مَیْتَة (فسف) مَیْتٌ (فس) مؤنث۔

مَیْت (فس) مردہ یا میت مردہ اور مَیِّت (فتک) مرنے والا کہ ابھی نہ مرا ہو اَمْوَات مَوْتیٰ مَیِّتُوْن جمع۔

مِیْتَار (کسفسم) بہت عطا کرنے والا مرد اور پاداش دینے والا۔ آبادان اور روشن راہ۔ گھوڑے دوڑانے کے میدان کی حد۔ راہون کے اکٹھے ہونے کی جگہہ۔ جانب و مقابل۔

مُتَّاق (کسفس) بدن کی طرف دوڑنے والا۔ جوان گھوڑا پر نشاط۔

مُتْمَان (کسفس) عورت جس کو عادت ہو کہ سب بچے اوندھے جنے۔

مِتْبَة (کسف) بمعنی اِتْب۔

مَیْتَة (فسف) مردار۔

مِیْتَة (کسف) ایک قسم کا مرنا بولتے ہین مَاتَ مِیْتَةً حَسَنَةً یعنی اچھی طرح کی موت مرا۔

مِتْخَة (کسفف) چوبدستی۔

مِتْدَ (کسف) جس سے میخ ٹھوکین۔

مِتْدَة (کسفف) جس سے میخ ٹھوکین۔

۱۱ مَیْتُوْن (فسضس) بچہ جس کے پانون پیٹ سے پہلے نکلین۔

۱۲ مَیْث (فس) (ض) پانی مین ایک چیز کا گھسنا۔

۱۴ مَیِّث (فتک) نرم۔

۱۵ مِیْثَار (کسفسم) ڈھیلے کوٹنے کی موگری۔ لوہار کا ہتوڑا۔

۱۶ مَیْثَاء (فسفسم) نرم زمین مِیَث (کس کف) جمع۔

۱۷ مِیْثَاق (کسفس) عہد و پیمان۔ استواری مَوَاثِق جمع۔ مَوَاثِیْق (ففنکس) جمع۔ مَیَاثِق (ففنک) مَیَاثِیْق (ففنکس) جمع۔

۱۸ مِیْثَب (کسف) چھوٹا کنبل کہ اپنے مین لپیٹین۔ نرم و ہموار زمین چھوٹی سی نہر۔ زمین بلند مَآثِب جمع۔ کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔

۱۹ مِیْثَرَة (کسفف) کپڑا کہ جس پر اور کپڑے پہنین۔ تکیہ کے مانند کہ زین کے آگے ہوتا ہے یا زین کا نمدہ مَوَاثِر مَیَاثِر جمع۔ درندہ کا پوست۔ حریر و دیبا کا ایک مرکب۔

۲۰ مِنْثَرَة (کسفف) بمعنی میثرہ (کسف)

میثم (کسف) اونٹ کا سُم نہایت صاف کرنے والا زمین کو۔
میج [۲] (فس) (ض) مخلوط ہونا۔
میجار [۳] (کسفس) چوگان۔
میجمۃ [۴] (کسفف) کمربند۔
میجنۃ [۵] (کسفف) دہوبی کی موگری مَوَاجِن جمع۔
میح [۶] (فس) منفعت۔ مسواک ایک قسم کی نیک رفتار۔ بطک کی رفتار۔ (ض) میح (فس) مٹکتے چلنا۔ کوئیں کی تھاہ مین پانی کی کمی کے سبب ڈول کو بھرنا۔ مسواک کرنی۔ مسواک سے آب دہن نکالنا۔ شفاعت چاہنی۔ شفاعت کرنی۔

۱۲۹۴

میخ [۷] (کس) خرمابن جسمین گٹھلی سخت ہوئی ہو۔ یا خرمابن جس مین گٹھلی نہ پڑی ہو۔
میخاد [۸] (کسفس) ایک ایک۔
میخاف [۹] (کسفس) ناقہ کہ اپنی خوابگاہ نہ جاوے۔
میخوحۃ [۱۰] (فسضف) ایک قسم کی اچھی رفتار۔
میخ [۱۱] (فس) (ض) مٹک کر چلنا۔

مُنخار [۱۲] (کسفس) بہت درنگ کرنے والا۔ درخت خرما جسکا پھل آخر سرما تک یا اوس پھل کے کاٹنے کے آخر ایام تک باقی رہے۔
میخط [۱۳] (کسف) داخل ہونے والا۔
مید [۱۴] (فس) بمعنی بید یعنی غیر۔
مید [۱۵] (فس) مَیَدَان (فففس) (ض) خم کھانا۔ میل کرنا۔ بڑھنا پھولنا۔ افزون ہونا۔ سراب یعنی کوراب کا مضطرب ہونا یعنے تلملانا۔ حرکت کرنا۔ ناز سے چلنا۔ راہ سے میلان کر جانا۔ جھکنا۔ زیارت کرنی۔ قوم کے لئے خوار بار یعنی قوت لایموت لانی۔ طعام دینا۔ کسی کا جی متلانا۔ یا سر مین درد ہونا مستی کے سبب یا سیر ہونے کے سبب۔ گندم کا نمی اور تری کے سبب متغیر ہونا۔
میداء [۱۶] (کسفم) مقابل اور آمنے سامنے۔ برابر و مقابل۔ مِیدَاءُ الشَّیءِ ایک چیز کی حد و نہایت۔ ایک چیز کا قیاس اور اندازہ۔ مِیدَاءُ الطَّرِیقِ راہ کے دو کنارے۔ راہ کی دوری۔
میدا [۱۷] (فسف) عرب مین بولتے ہین فَعَلَہٗ مَیْدَا ذٰلِکَ یعنے کیا اوس کام

مادہ

١٢٨٥

کو اوسکے لیئے۔ مقابل۔

میدان (فسفس) جنگل۔ روی زمین بے عمارت۔ گھوڑا دوڑانے اور چوگان کھیلنے کا میدان مَیَادِین (ففسکس) جمع۔ فراخ اچھی زندگانی۔

میدۃ (فسفت) طعام۔ خوان طعام سے چنا ہوا۔

میدع (کسف) پرانا کپڑا۔ جامہ محنت۔ جامہ دان۔ کپڑا کہ جس سے کپڑے کو گرد و غبار سے نگاہ رکھین مَوَادِع جمع۔ اور بولتے ہین مَاکَا مِیدَعٌ یعنے اوسکے لیئے کچہ چیز نہین کہ اوسکے کام کو کافی ہووے۔ کلام اندوہ اور غم لانے والا اسلیئے کہ اوس سے شرم کرتے ہین اور اچھا نہین خیال کرتے جیساکہ پرانا کپڑا۔

میدع (فسف) ایک چھوٹی مچھلی ہے دریائی۔

مئذنۃ (کسفف) آذان کہنے کی جگہہ۔ منارہ۔ صومعہ۔

میدی (کسف) نہایت۔

میدی (فسکت) ہرن جسکا پھندے مین ہاتھہ پھنس گیا ہو اور جسکا پانون پھنس گیا ہو اوسے مرجل کہتے ہین۔

ہاتھہ کٹا ہوا مرد۔

میذ (کس) ہند کی ایک گروہ۔

میر (فس) (ضس) عیال کے لیئے خوار بار لانا۔ دوا کا پانی مین بھگونا اور گھسنا۔ پشم کو دھنکنا۔

مئر (فک) مفسد و فتنہ انگیز۔ شور و سخت کام۔

مئر (کف) مفسد و فتنہ انگیز۔

مئر (کفت) بہت جماع کرنے والا۔

میراص (کسفس) عورت جو جماع کے وقت حدث کرے۔

میران (کسفس) وحوش کے رہنے کی جگہہ مَآرِین جمع۔

مئرۃ (کسف) کینہ۔ دشمنی۔ سخن چینی۔ مِئَر جمع۔

میرۃ (کسف) ایک شہر سے دوسرے شہر مین غلہ لانا۔

میرکۃ (کسفف) پالان کے آگے کا تکیہ اونٹ جب جھک جاتا ہے تو اوسپر پانون رکھہ لیتا ہے۔

میز (فس) جدا کرنا بعض چیز کو بعض سے فضیلت دینی۔ ایک جگہہ سے دوسری جگہہ جانا۔

میز (کس) سخت پیچھے والا مرد۔

میزاب (کسفس) ناودان یعنی پرنالہ

مادہ

ودن — ازر — مسی — یفا — دبر — ومق — دسن — رسا — دیم — ۱۲۸۹

فارسی لفظ ہے ہمزہ اور بدون ہمزہ بھی معرب ہے ۔ مَآزِیب (فمسکس) مَیَازِیب (ففسکس) جمع اَرْزَبَ الْمَاءُ (فکک) سے مشتق ہے یا فارسی لفظ کا معرب ہے یعنی بمیزاب راہ ۔

مِیزَان (کسفس) ترازو ۔ اندازہ ۔ عدل ۔ بولتے ہین اِسْتِقَامَ مِیزَانُ النَّہَارِ یعنی دن آدھا ہوا ۔ پڑ گیا اصل اسکی مِوزان تھی واو کو کسرہ ماقبل کے سبب یا سے بدل لیا ۔

مِئْزَر (کسف) چادر ۔ مَآزِر (فسک) جمع ۔

مَیْس (فس) مَیَسَان (ففسس) ناز سے چلنا ۔ بیبا کی کرنا ۔ کسی کے مرض کا زیادہ کر دینا ۔

مَیْس (فس) ایک بڑا درخت ہے ۔ ایک قسم کی مویز ۔ ایک قسم کا انگور کہ ایک تنہ پر قائم ہو ۔

مِیْشَاب (کسفس) خوبصورت آدمی کا بچہ ۔

مِیْشَاق (کسفس) پرندہ کہ اوڑانے مین باز و آپس مین مارے مَیَاشِیق (فسکس) مَآسِیق (فسکس) جمع ۔

مِیْشَان (کسفس) خواب آلودہ ۔ بہت خواب والا ۔

مَیْسَان (فسفس) ناز سے چلنے والا ۔ جوزا مین کا ایک ستارہ ہے یا روشن ستارہ مَیَاسِین جمع ۔ مَیْسَانِیّ اور مَیْسَانِیّ (فسففسکت) اوسکی طرف منسوب ہین لَیْلَۃُ الْبَدْرِ کا نام ۔ دو ستارہ مقبعہ مین کے ایک ستارہ کا نام ۔

مَیْشَانَۃُ الضُّحٰی (کسفت) چاشت کے وقت بہت سونے والی عورت یہ عورتون کے لیئے خوبی ہے ۔

مَیْشَر (ضفقف) ایک کھانا ہے جو انڈے اور گوشت سے بناتے ہین ۔

مَیْسِر (فسک) جوا کھیلنا ۔ قمار یا ذبح کرنے کا اونٹ جس پر جوا کھیلتے ہین کَانُوْا اِذَا اَرَادُوْا اَنْ یَّیْسِرُوْا اشْتَرَوْا جَزُوْرًا نَسِیْئَۃً وَنَحَرُوْہُ قَبْلَ اَنْ یَّیْسِرُوْا وَقَسَمُوْہُ ثَمَانِیَۃً وَّعِشْرِیْنَ قِسْمًا اَوْ عَشْرَۃَ اَقْسَامٍ فَاِذَا خَرَجَ وَاحِدٌ بِاسْمِ رَجُلٍ رَجُلٍ ظَہَرَ فَوْزُ مَنْ خَرَجَ لَہُمْ ذَوَاتُ الْاَنْصِبَاءِ وَغُرْمُ مَنْ خَرَجَ لَہُ الْغُفْلُ یا میسر یعنی نرد یا ہر قمار ۔

مَیْسَرَۃ (فسفف) بائین طرف ۔ توانگری ۔ آسانی ۔ فراخی ۔

مِیْسَم (کسف) داغ کا لوہا ۔ خوبی و زیبائی مَیَاسِم مَوَاسِم (ففسک) جمع ۔

مَیْسُور (فسضس) آسان کیا ہوا یا

ماده

آسان ہونا مصدر ہے بروزن مفعول۔

[1] میسُوسن (فسفف) عورتون کے ایک سر دھونے کی چیز۔

[2] میسُون (فسفس) خوش قد اور اچھے چہرہ والا۔

[3] میش (فس) (ض) پشم کا بالون کے ساتھ ملانا۔ بھیڑ کے دودھ کو بکری کے دودھ کے ساتھ ملانا۔ خبر مین سے کچھ پوشیدہ رکھنا اور کچھ آشکار کر دینا۔ پستان کا دودھ آدھا دوہنا۔ ہر ایک چیز کا ملانا۔

[4] میشار (کسفس) ارّہ۔ گرہ جو دم ملخ کے سر مین ہے مَآشِیر جمع مَوَاشِیر جمع الجمع۔

[5] مَیشتر (فسف) ملک مین پھرنا اور گذرنا۔

[6] مِیشیر (کسکس) صاحب نشاط اسمین مذکر و مؤنث برابر ہے نَاقَۃٌ مِیشِیرٌ ایسی اونٹنی کو کہتے ہین۔

[7] مِیضَاۃ (فسفف) ہاتھ اور منھ دھونے کی جگہ۔ آب وضو۔ چلمچی۔

[8] مِیضَانۃ (فسفف) خشک کدو بیج کا خالی۔ ایک برتن ادکی شکل کا۔

[9] مِیضَنۃ (فسفف) بڑا خیمہ یا کیا گون۔ مَوَاضِین جمع۔

[10] مَیط (فس) کوئی چیز۔ زیادتی یا سختی قوت۔ جور و ستم کرنا حکم مین سرزنش کرنی۔

[11] مَیط (فس) مَیَطان (ففف) (ض) کنارہ اختیار کرنا۔ اور دور ہونا۔ دور کرنا۔ پھیر دینا۔ جانا۔ دفع کرنا۔ ہانک دینا۔

[12] مَیِط (فتک) زیادہ اور افزون۔

[13] مَیّط (فک) زیادہ اور افزون۔

[14] مِیطَار (کسفسم) پشت زمین بلند و مرتفع زمینون کے درمیان۔

[15] مِیطَان (کسفس) غایت۔ گھوڑدوڑ کے میدان کی اول غایت کہ گھوڑے وہان سے دوڑاتے ہین اور مِیتَاء (کسفسم) اور مِیدَاء اوس کا آخر۔

[16] مَیع (فس) ایک چیز کا زمین پر روان اور پتلا ہونا جیسے گھی مسکہ وغیرہ کا۔ پگھلنا۔ ایک چیز گری ہوئی کا چلنا جیسے پانی روغن وغیرہ کا۔

[17] مِیعَاد (کسفس) جائے وعدہ۔ وعدہ گاہ وعدہ دینا۔

[18] مِیعَاس (کسفس) نرم زمین رتیلی زمین کہ پامال نہ کی گئی ہو۔ نرم ریت

ماده

١٢٨٤

ــ راه خند ـ

مَیْعَۃ (فسف) ایک اچھا خوشبودار عطر ہے یا ایک درخت کا گوند ہے کہ روم مین پیدا ہوتا ہے یا تر و تازہ گھاس کی چکنائی ہے کہ اوسے تھوڑے سے پانی مین کوٹ کر نچوڑ کر نکال لیتے ہین یا سفرجل درخت کا گوند ہے یا درخت سیب کے مشابہ ایک درخت اوسکا پھل سفید اور چار مغز سے بہت بڑا اور اوسے کھاتے ہین اور اوسکے لُب خستہ کو کہ چکنائی ہے مَیْعَہ سائلہ کہتے ہین اوس درخت کے پوست کو مَیْعَہ یابسہ (تسیف) کہتے ہین اور مَیْعَہ سائلہ اکثر مغشوش ہوتا ہے ـ شادمانی ـ گھوڑے کی پہلی رفتار ـ اول جوانی ـ اول وزر ـ

مَیْعَرۃ (فسفف) میقات اور کام کا وقت کام کی جگہہ ـ جاے وعدہ ـ وعدہ گاہ ـ

مِیْغَا (کسفس) تنور کا سرپوش آتشدان کہ نان واسع کے لیے بناتے ہین ـ اینٹ پکانے کا گھر ـ بلند اوبھر آئی ہوئی زمین ـ چڑھنے والا

مِیْفَاۃ (کسفس) بلند اوبھر آئی ہوئی زمین ـ

مِیْفَاض (کسفس) شتاب رو شتر ماده ـ

مِیْفَاق (کسفس) بمعنی تَوْفِیق (فسف)

مِیْفَر (کسف) خادم یا کبوتر وحیا لاک ـ

مَیْفَعَۃ (فسفف) زمین بلند ـ

مَیْفُوح (فسفض) جسکے یافوخ پر چوٹ لگی ہو ـ یا فوخ پر مارا ہوا ـ

مُیُق (ضک) رونے مین ہچکی بندھ جانے والا مثل ہے اَنْتَ تَئِقٌ وَاَنَا مَئِقٌ فَکَیْفَ نَتَّفِقُ

مِیْقَاب (کسفس) مرد پانی بہت پینے والا ـ احمق عورت ـ یا احمق فرزند ـ جننے والی عورت یا فراخ کُس ـ

مِیْقَات (کسفس) کام کا وقت ـ کام کی جگہہ ـ حج اور عمرہ کے لیے احرام باندھنے کی جگہہ ـ

مِیْقَاد (کسفس) جلد آگ لینے والی آتش زنہ

مِیْقَار (کسفس) خرما کا درخت پھل بہت مَوَاقِیْر جمع ـ

مِیْقَاف (کسفس) بمعنی مِیْقَف ـ

مِیْقَان (کسفس) وہ شخص کہ جو سُننے اوسے یقین کر لے مِیْقَانَہ مؤنث ـ

مِیْقَب (کسف) ایک راہ جسکے رکبہ کہتے ہین

مَیْقَع (فسف) ایک قسم کی سوجن اونٹ کے بچون کو عارض ہوتی ہے اور اونکو مار ڈالتی ہے

مِیْقَعَۃ (کسفف) دھوبی کی لکڑی جس سے کپڑا کوٹتا ہے ـ ہتھوڑا ـ باز کی کرسی یا اونکے نشیمن ـ سنگ فسان ـ دراز ـ سوہان ـ

مِیْقَف (کسف) ایک لکڑی جس سے

ہانڈی کو حرکت دیوین — اور جوش سے باز رکھین شاید کہ وہ ڈوئی ہے —

مِئکال[1] (کسف) کھانا کھانے کا آلہ جیسے چمچہ وغیرہ

مِسکع[2] (کسف) مشک درست —

مِسکعۃ[3] (کسفف) ہل کا لوہا مسکع جمع —

مِئکلۃ[4] (کسفف) پیالہ جو تین آدمیون کو سیر کر دے — چھوٹی ہانڈی — جو چیز کہ اوسمین کھاوین — خوراک قلیل یعنی قوت لایموت —

مِیل[5] (کس) سرمہ کی سلائی — تختہ خاک کا قلم — جراح کی سلائی — زمین پر منتہائے ارمی بصر کی مقدار یا منارہ راہ کا نشان یا مسافت زمین متراخیہ بی حد — کوس کا ایک تہائی اور وہ ایک لاکھ انگشت ہے چار ہزار انگشت کم یا چار ہزار دراع ہے یا نو ہزار یا بارہ ہزار باعتبار اختلاف کے کہ فرسخ مین ہے اَمیال مُیُول جمع — مشرح تابعیہ کی بیٹی —

مَیِّل[6] (فتک) مول (فکت) بہت مالدار مرد

مَیِّل[7] (کفت) سریع و شتاب رو —

مَیَل[8] (فف) پیدائش کی کجی اور خمیدگی بنا کی کجی (س) پیدائش مین کج ہونا —

مَیل[9] (فس) ممال (ففس) ممیل (فکس) مَیلان (ففعس) میلولۃ (فسفعف) (ض) پھر جانا — خم کھانا — پھیر دینا — خم دینا

عرب مین بولتے ہین وَ ہُوَ لا یَمِیلُ عَلَیہِ المَرُ بِعَہِ یعنی وہ اوس سے بہت قوی ہے —

مَیل[10] (فس) میلان (فتفس) (ض) راہ سے پھر جانا اس صورت مین اسکا صلہ عن آتا ہے — جور و ستم کرنا اسصورت مین اس کا صلہ علیٰ آتا ہے —

مُلَّاۃ[11] (کسفس) چھوٹی سی اجی زمین نوحہ کے وقت کمر مین باندھ لیتے ہین —

مِیلاد[12] (کسفس) وقت ولادت یعنی جننے کا وقت —

مِیلاد[13] (کسفس) عورت نہایت اندوہ مند فرزند کے موت پر ناصبر سخت ہوا — ناقہ جو بچہ کے گم کرنے پر جو اوسکے ساتھ پیدا ہوا اندوہناک ہو یا بچہ کے لیے سخت والہ ہو —

مِئلَب[14] (کسف) شتاب چلنے والا —

مِیلۃ[15] (کسف) وقت و زمان میل جمع —

مَیلع[16] (فسف) اونٹ اور گھوڑا تیز رو — بی رو ئیدگی کا بیابان — لمبا — مضطرب اور جھومتا چلنے والا —

مَیلق[17] (فسف) تیز رو شتاب رو —

مِئلق[18] (کسف) احمق — جو مرد کہ کبھی دیوانہ ہو جاوے — اور کبھی ہوش مین آ جاوے

مِیم[19] (کس) حروف ہجا مین سے ایک حرف —

ماده

۱ اکل
۲ سکع
۳ ایضاً
۴ اکل
۵ میل
۶ میل
۷ میل
۸ میل
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً

۱۲۸۹

۱۱ الو
۱۲ ولد
۱۳ ولد
۱۴ الب
۱۵ میل
۱۶ ملع
۱۷ ملق
۱۸ الق
۱۹ میم

ماده

۱۲۹۰

مُتَیَمِّم (کفت) دلیل۔ راہ نما۔ وہ اونٹ جو قافلہ کے سب اونٹون سے آگے چلے
مِیَمَّۃ اسکی مؤنث۔
مُیَمَّم (ضفتف) مطلب پہ فتح پانے والا۔
مَیمَن جو کہ برکت وافزائش کو لاوے۔
مَیمَنَۃ (فسقف) برکت ونیکبختی سوہی راست خلاف مَیسَرَۃ۔
مَیمُوم (فسفس) دریا مین پھینکا ہوا۔
مَیمُون (فسضس) مبارک ونیک بخت
مَیَامِین (ففکس) جمع۔ مرد کا ذکر۔
مِیمِی (کس کس) بکری اور ہرن کی بولی کہ بڑا بہار مقدار اور دراز ہوتی ہے۔
مَین (فس) جھوٹ میون (ضضس) جمع (ض) جھوٹ بولنا۔ زمین کو گاہنا۔
مِینَا (کسف) کشتی کے کنارہ پر آنے کی جگہہ۔ آبگینہ یعنی شیشہ بلور وغیرہ کا کشتی کا ہرایک لنگرگاہ۔
مِینَاء (کسفم) شیشہ کا گلاس۔
مِینَاث (کسفس) وہ عورت کہ جسکو مادہ جننے کی عادت ہو۔ بمعنی آنیثہ۔ شمشیر کند۔ مخنث۔
مِینَاثَہ (کسفف) شمشیر کند۔
مِینَۃ (کفکت) نشانی۔
مُیُوج (ضضس) آئینۂ زانو یعنے گھٹنے کی چپنی کا پوست اور استخوان کے درمیان حرکت کرنا۔
مَیُوس (ففس) ناز سے چلنے والا۔ سخن چینی۔
مُیُول (ضضس) غروب کی طرف مائل ہونا۔ آفتاب کا بیچ آسمان میں سے اوسکا ڈھلنا۔ بیچ راہ مین چلنا۔
مَیُون (فضس) جھوٹ بولنے والا۔
مُوسَوِی (کفکت) ماتہ کیطرف منسوب ہے۔
مَیَہ (فس) (ض) تلوار وغیرہ پر سونے کا ملمع کرنا۔ کوئین کا بہت پانی والا ہوجانا۔
مَیھَۃ (فتقفف) بہت پانی والا کوان۔
مَیِّد (فکس) نازک ونازپروردہ۔
مُیَسِّر (فکس) دشوار کام۔ گائیدہ۔
مُیَیِّر (کسف) بڑا جماع کرنے والا۔ سوزن دان جس مین سوئی رکھین۔ سخن چینی۔ دو شخصون مین فساد ڈالنا۔ وہ چیز کہ جس سے درخت خرما کو کشتی دیوین۔ پتلا ریت رقیق مانند آب۔ جمع۔

تمام شد باب المیم

باب النون

نَادٌ (فس) بلا و سختی و رنج ـ

نَابٌ (فس) پشتہ نبیّ (فسکک) جمع ـ کچلی مؤنث ہے اَنْیُبٌ (فسض) اَنْیَاب (فسفس) نُیُوبٌ (ضض) اَنَابِیْبُ (فکفکس) جمع ـ قوم کا سردار ـ بڑی عمر کی اونٹنی اَنْیَاب نُیُوب نِیب جمع ـ

نَابِتَۃٌ (فسکف) اونٹون اور فرزندون مین سے جوان نوخاستہ نَوَابِت جمع ـ

نَابِجَۃٌ (فسکف) بلا ـ رنج ـ ایک طعام ہے کہ زمانۂ جاہلیت مین اونٹ کی پشم کو دودھ مین ڈال کر گھولتے تھے ـ

نَابِخَۃٌ (فسکف) بات کہنے والا ـ بزرگ نفس ـ دور دست زمین نَوَابِخ جمع ـ

نَابِغَۃٌ (فسکف) بزرگ شان والا مرد ـ اسمین تا مبالغہ کے لیئے ہے ـ شاعر غرا نوابغ جمع ـ

نَابِکٌ (فسک) بلند جگہہ ـ نَوَابِک جمع ـ

نَابِلٌ (فسکف) تیر بنانے والا ـ صاحب تیر ـ تیر انداز ـ نُبَّلٌ (ضتف) جمع ـ تیر اندازی اور کام مین ہوشیار اور عقلمند اسی سے ہے یہ مثل ثَارَ حَابِلُہُم عَلیٰ نَابِلِہِم یعنی اونھون نے اپنے اوپر آتش بلا بھڑکائی ـ اور بولتے ہین ہُوَ نَابِلٌ وَابْنُ نَابِلٍ یعنی وہ زیرک و ہوشیار ہے ـ اور زیرک و ہوشیار کا بیٹا ـ

نَابِہٌ (فسک) نام آور و گرامی نُبَّہٌ جمع ـ کار بزرگ ـ

نَابِیٌ (فسک) بلند جگہہ ـ خمیدہ ـ دوسری جگہہ سے آنے والا ـ

نَابِیَۃٌ (فسکف) کمان کہ چلہ سے دور اور الگ رہے ـ

1291

نَاتٌ (فس) (ض) آدمی ـ

نَأْتٌ (فس) نَئِیْتٌ (فکس) رونا یا رونا جانین یعنی نالہ بہت بلند ہو ـ کسی پر حسد لے جانا ـ

نَأْتَۃٌ (فتس) شیر ـ نالہ و فغان والا مرد ـ

نَاتِرَۃٌ (فسکف) کمان کہ چلہ کو سختی کے سبب پارہ کرے ـ

نَاتِقٌ (فسک) چیرنے والا ـ بلند کرنے والا ـ بچھانے والا ـ

چقماق جلد آگ بھڑکانے والی —
جلد حمل قبول کرنے والی ناقہ —
گھوڑا جو اپنی رفتار مین سوار کو
بہت ہلاوے — بہت بچہ والی
عورت —

ناتی (فسک) (ف) بلند اوبھر
آنے والا — بلند

ناٰث (فس) دور ہونا — کوشش
کرنی —

ناثر (فسک) بکری جسکی ناک مین
سے کیڑے کے مانند نکلے —

ناج (فتس) شیر —

ناج (ففک) سستی سے کھانا —

ناجح (فسک) سخت رفتار — سہل
اور آسان کام — فتحمند مرد —

ناجخ (فسک) کھانسنے والا — بہت
شور والا دریا — کنارے پر پانی کے
اضطراب کی آواز —

ناجذ (فسک) سب سے پچھلا دانت
نواجذ جمع — اور وہ آدمیون کے
چار ہوتے ہین اور اونھین بلوغ کے
دانت بھی کہتے ہین اسلیئے کہ بلوغ اور
کمال عقل کے بعد نکلتے ہین — عرب مین
بولتے ہین ضحک حتی بدت نواجذہٗ
یعنی ہنسا یہان تک کہ اوسکی کچلیان
ظاہر ہوگئین نواجذ گھوڑے کے لیئے
سبھی ہوتے ہین ذوات خف کے لیئے
انیاب کہلاتے ہین اور صوانع و ذوات
ظلف کے لیے یا نواجذ کچلیان ہین یا انت
کہ کچلیون کے متصل ہین یا نواجذ سب
دانت اور بولتے ہین عض علی ناجذہٖ
یعنی کمال بلوغ کو پہنچ گیا —

ناجر (فسک) ہر مہینا کہ گرمی مین
اونٹ کی پیاس کیوقت آوے —

ناجز (فسک) نقد و حاضر و آمادہ —

ناجس (فسک) بمعنی نجیس (فکس)

ناجش (فسک) جو کہ شکار کو صیاد
کی طرف بھگاوے —

ناجع (فسک) گھاس اور بنکی کا
ڈھونڈھنے والا —

ناجل (فسک) گھوڑا وغیرہ
گرامی نسل — مرد کا باپ —

ناجود (فسفس) شراب — شراب
کا برتن — بڑا پیالہ — زعفران — خون —

ناجیہ (فسکف) تیز رو ناقہ —

ناخ (فسک) نحوی مرد نخاۃ

(ضفس) جمع —

ناحاۃ (فسفس) کنارہ —

ناحران (فسکفس) زنخ مین دو رگین ہین — سینہ اسپ کی دو رگین —

ناحرتان (فسکفس) ٹھوڑی مین دو رگین ہین — سینہ اسپ کی دو رگین یا پہلوی سینہ اسپ مین دو ہڈی کہ اون کو واھنتان بھی کہتے ہین — دو ترقوہ یعنی گردن کی ہنسلی —

ناحز (فسک) سخت کھانسنے والا اونٹ — نحاز کا مارا اونٹ — اونٹ کے پانچوین سُم کا کہ سینہ مین ہوتا ہے اوسکی کہنی سے لگنا —

ناحس (فسک) سال قحط —

ناحص (فسک) وحشی گدھی نہ جننے والی —

ناحط (فسک) بہت کھانسنے والا —

ناحل (فسک) بیماری یا سفر کے سبب دُبلا ناحلۃ مؤنث — ہلکے بدن کا اونٹ — پتلی باریک تلوار نوحل جمع —

ناحیۃ (فسکف) کنارہ نواحی (ففسک) جمع

ناخداۃ (فسفضس) ناخدای یعنی ناوکا مالک نواخذۃ جمع یہ لفظ فارسی ہے پھر اسے معرب کرکر اس سے مشتق کہنے لگے چنانچہ کہتے ہین تنخذ یعنے ناوخدا ہوگیا —

ناخر (فسک) پرانا گلا ہوا ریزہ ریزہ ہوگیا ہوا — خالی ہڈی کہ ہوا چلنے سے اوس مین آواز نکلے ناخرۃ مؤنث — حملہ کرنے والا سؤر نخر (ضفض) جمع — بمعنی کسی یعنی کوئی —

ناخس (فسک) اونٹ کے بغل کی تنگی — اونٹ کے بن دُم کی کھجلی جوان بز کوہی — گھوڑے کی دونون رانون کے نیچے جائرہ اور نائلہ کے درمیان ایک ائرہ ہے اور یہ مکروہ ہے —

ناخص (فسک) نہایت بڈھا دبلا بڑھاپے کے سبب سکڑے ہوئے پوست کا —

ناخع (فسک) دانا —

ناخل الصدر (فسک) نصیحت کرنے والا —

ناد (فست) لیس لہ ناد یعنے اوسکے لیے رزق نہین ہے —

ناد (فس) (ف) کینہ — زہاب —

مادہ: ۱ نحو — ۲ نحر — ۳ نحر — ۴ نحز — ۵ نحس — ۶ نحص — ۷ نحط — ۸ نحل — ۱۲۹۲ — ۹ نخو — ۱۰ نخر — ۱۱ نخس — ۱۲ نخص — ۱۳ نخع — ۱۴ نخل — ۱۵ نود — ۱۶ نأد

[illegible]

ندر — ۲ ایضاً — ۳ ندم — ۴ ندی — ۵ ایضاً — ۶ ایضاً — ۷ نذر

۱۲۹۸

برا چاہنا - زمین مین سے پانی کا رِسنا - کسی کو بلا اور رنج پہنچنا -

نَادِر (فسک) اکیلا غریب و تنہا نوادر جمع -

نَادِرَةُ الزمان (فسکف) زمانہ کا اکیلا - یگانہ -

نَادِم (فسک) پشیمان ندام (کفس) ندام (ضتفس) جمع -

نَادِی (فسک) دن کی مجلس یا مجلس جبکہ اوسمین مجتمع ہو وین -

نَادِیَاتُ الشَّیٔ (فسکفس) چیز کے اوائل -

نَادِیَۃ (فسکف) خرما بن جو پانی سے دور ہو - اونٹ پانی کی دو نوبت چرنے والا - حادثہ نوادی (ففسک) جمع -

نَاذِر (فسک) نذر کرنے والا -

نَار (فس) آگ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی آتا ہے انوار (فسفس) نیران (کسفس) نیرۃ (کفف) انورۃ (فسکف) نور (ضس) نیار (کفس) جمع چوپایہ کا نشان - عقل و رای -

نَارْجِیل (فسکس) ایک ہندی پھل ہے کہ جوز ہندی بھی اوسے کہتے ہین نارجیلۃ ایک - اسکا درخت درخت خرما کے مانند لنبا ہوتا ہے اور سات برس پیچھے پھل لاتا ہے اور خوشہ درخت مین ۳۰ سے ۴۰ تک اچھے پھل ہوتے ہین اور درخت اوسکا کبھی پھل سے فارغ نہین ہوتا اسکا عرق شیرین اور لذیذ دودھ کے مانند ہوتا ہے اور اوسے اطواق کہتے ہین اور اوسکے شروع طلوع ثمر مین اگر اوسکی شاخ یا پھل کو کاٹ کر اوسپر کوزہ لگا دیوین تو اوسکا عرق اوسمین ایک رطل سے پانچ رطل تک جمع ہو آتا ہے اوسے سندی کہتے ہین دو تین پہر تک شیرین رہتا ہے نارجیل بحری ایک غلاف دار پھل ہے مانند غلاف نارجیل اوسکا نبت معلوم نہین ہے اور اوسے دریا سے لاتے ہین

نَارَجِیل (فسکب) نارجیل -

نَارَنْج (فسفس) نارنگ کا معرب

کہ ایک پھل ہے —

نازِح (فسک) دور و بعید —
کنوان پانی نکالا ہوا —

نازِع (فسک) اونٹ جو جای اقامت
اور چراگاہ کا آرزومند ہو — مذکر و
مونث — غریب نزاع (ضتفس)
جمع —

نازِعة (فسکف) ستارہ یا کمان اسی
لفظ سے ہے قول اللہ جل شانہ تعالےٰ
والنّازعاتِ غرقًا یعنی ستارے
کہ افق سے طلوع کرتے ہین پھر غائب
ہوجاتے ہین یا کمانین جو تیراندازون
کے ہاتھون مین ہین جو فی سبیل اللہ
لڑتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ نازعات
سے مراد ملائکہ ہین جو نزع ارواح کرتے ہین

نازِلة (فسکف) زمانہ کی سختی —
بلا سخت —

نازِہُ النفس (فسک) پرہیزگار
کہ اکیلا رہے اور اپنے اور اپنے مال
سے بیوت کی محافظت نکرے اور اپنے
مال اور گھر کو اورون سے نہ آلودہ کرے —

نازِیة (فسکف) تیزی — سرد —
جو ڑا پیالہ بہت گھراؤ کا —

ناسٌ (فس) جو چیز کہ بالاخانہ
مین لٹکتی ہووے —

الناسُ (فتقس) آدمی اور پریان
مین کے مرد انس (فسفک) جمع

ناسِئة (فستقف) نام عصا کہ قلت آب کے
سبب نام اوسکا ہوا یا جو شخص وہین
سے کشتی کرتا ہے وہ اوسے نکالدیتا ہے
خبزہ ناسئہ بولتے ہین یعنی خشک
روٹی —

ناسِع (فسک) دراز اور بلند اور
اوبھری ہوئی گردن — ختنہ کی
ہوئی عورت —

ناسِک (فسک) عابد نساک
(ضتفس) جمع —

ناسِکة (فسکف) سبز زمین نیچے
مینھ پہنچی ہوئی —

ناسِلة (فسکف) فخذ ناسلہ
بولتے ہین یعنی کم گوشت ران —

ناسِم (فسک) بیمار جو مرگ کے
نزدیک پہنچا ہو —

ناسُور (فسضس) زخم جاری
کہ اکثر آنکھ کے کونے مین اور حوالی
مقعد مین اور بن دندان مین پیدا

ماده
نزح
٢ نزع
٣ ایضاً
٤ نزل
٥ نزہ
٦ نزو
٧ نوس
٨ ایضاً

نسا
نسع
نسک
ایضاً
١٣ نسل
١٤ نسم
١٥ نسر

ہوجاتا ہے ایک خراب رگ ہے کہ جاری ہونے کے پیچھے تھمتی نہین نواسیر جمع کہتے ہین کہ اگر زیبق مصعد کو ناسور پر چھڑکین تو اچھا ہوجاتا ہے یا خارشت کی راکھ کو ۔

ناشئ (فنک) (ف) موٹا و ہم نساۃ جمع (ففف) یعنی وے موٹے ہین ـــ فراموش کرنے والا ۔

ناش (فس) گھیر لینا ۔ پکڑ لینا ۔ زور سے پکڑنا ۔ حملہ کرنا ۔ کام مین تاخیر کرنی پیچھے چھوڑ دینا ـــ اوٹھنا ۔

ناشب (فسک) تیر والا مرد ـــ

ناشبۃ المحال (فسکف) پانی کھینچنے کی گھرنی ـــ

ناشر (فسک) پریشان ۔ جو کہ مرنے کے بعد زندہ ہوجاوے ۔

ناشرہ (فسکف) بازو کے اندر اور باہر کا پٹھا ـــ بازو ـــ یا رگ بازو پہنچے کے اندر کا پٹھا یا باہر کا نواشر (ففسک) جمع ـــ زمین کہ خشک ہوگئی ہوئی گھاس کو اوگاوے ـــ

ناشز (فسک) اونچی اور ابھری ہوئی کودنے والی رگ بیماری کے سبب ـــ خوف کے سبب دل ٹھکانے سے گیا ہوا ـــ

ناشص (فسک) ناموافق ـــ غضبناک ـــ

ناشط (فسک) شادمان و خرسند ـــ جنگلی بیل کہ ادھر اودھر پھرے ـــ راہ کہ بڑی راہ کے چپ و راست سے نکلے ـــ نواشط جمع ـــ

ناشطات (فسکفس) ستارے کہ ایک برج سے دوسرے برج مین جاوین یا فرشتے کہ مومنون کی جان آسانی اور سہولت سے قبض کرین یا مومن کی جانین کہ مرگ کے وقت خرسند و شادمان نکلین ـــــ

ناشع (فسک) اونچا اور ابھرا ہوا ۔

ناشلۃ (فسکف) فخذ ہم ناشلۃ جمع کم گوشت ران ـــ

ناشی (فسک) لڑکا اور لڑکی کہ حد صغر سے گذر گئے ہون مذکر و مونث نشأ (فس) جمع ـــ ابر کہ پہلے ہی پہل نمایان ہووے ـــ جو چیز کہ رات کو پیدا اور حادث ہووے ناشئۃ

علامات اعراب ضفکستم یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م مد

جمع یا ناشیۃ مصدر ہے فاعلۃ کے وزن پر۔
ناشیۃ (فسکف) اول روز۔ اول شب۔ یا رات کی پہلی ساعت یا ہر ساعت کہ شب زندہ اوس مین عبادت کرے یا تمام شب۔ یا سونے کے بعد اوٹھنا۔
ناصاۃ (فسفس) پیشانی کے بال۔
ناصب (فسک) ہم ناصِب یعنی غم یا رنج یعنی غم جس مین رنج ہو اور یہ قول ایسا ہے کہ جیسا لیل نائم یعنی رات کہ جسمین سوتے ہین یا غم صاحب رنج جیسا لابن یا تامر بولتے ہین یعنی صاحب شیر یا صاحب تمر۔ عیش ناصب یا رنج و تکلیف زندگانی۔
ناصح (فسک) نصیحت کرنے والا نصح (ضفک) نصاح (ضتفس) جمع۔ درزی۔ شہد خالص بے ملاؤ۔
ناصح الجیب صاف دل مرد امانتدار
ناصحی (فسکت) درزی۔
ناصر (فسک) مددگار۔ رہائی دینے والا۔ نصار (ضتفس) انصار (فسفس) نصر (ضس) نصر (فس)

جمع۔ وادی کی طرف پانی لیجانے والی نہر نواصر جمع۔ بڑا پشتہ ایک کوس کا لنبا۔ پانی کہ دور سے آوے اور سیلون کی مدد کرے۔
ناصع (فسک) ہر چیز خالص۔ روشن و صاف۔
ناصف (فسک) چاکر نصف (فف) جمع۔
ناصفۃ (فسکف) آب رو نواصف جمع۔ یا بڑا پتھر کہ آب راہ اور وادی مین ہوتا ہے۔
ناصل (فسک) ڈاڑھی خضاب سے باہر آئی ہوئی۔
ناصیۃ (فسکف) پیشانی کے بال
نواصی (ففسکس) جمع ابل ناصیۃ اونٹ جو چراگاہ مین اونچے نکلے ہوئے ہوں۔
ناض (فست) وہ درم دینار ہے کہ بعد متاع کے عین ہوجاوے اور بعض کہتے ہین کہ ناض مال صامت کو کہتے ہین امر ناض کا رہ ممکن۔
ناضب (فسک) دور۔
ناضج (فسک) پکا ہوا گوشت۔

مادہ
۱ نشئ
۲ نصی
۳ نصب
۴ نصح
۵ نصاحی
۶ نصر
۷ نصع
1297
۸ نصف
۹ نصا
۱۰ نصل
۱۱ نصو
۱۲ نضض
۱۳ نضب
۱۴ نضج

پکا ہوا میوہ۔
ناضحؔ (فسک) آب کش اونٹ
ناضحة (فسکف) مؤنث نواضح
(ففسک) جمع۔
ناضرؔ (فسک) تازہ چہرہ باآب۔
اچھا۔ نہایت سبز اور ناضر کو بطور
مبالغہ کے ہر رنگ مین لاتے ہین۔
کہتے ہین اخضر (فسف) ناضر (فسک)
اور احمر ناضر اور اصفر ناضر۔
کائی۔
ناضفؔ (فسک) گوز مارنے والا۔
ناطبؔ (فسک) پالونہ یعنی جس سے چیز
کو صاف کرین۔
ناطح (فسک) پرندہ اور وحش جو سامنے
کہ آگے آوے۔ رنج و سختی نواطح
جمع۔ نطح اور ناطح برج حمل مین دو
ستارے ہین منازل قمر کے کہ دونون
اوسکی شاخ ہین عرب مین بولتے ہین
ما لہ ناطح (فسک) ولا خابط یعنے
اوسکے ہان نہ بکری ہے نہ اونٹ۔
ناطر (فسک) انگور و خرما کا باغبان
لفظ عجمی ہے نطار (ضتفس) نطراء
(ضففسم) نطرة (ففف) جمع۔

ناطس (فسک) جاسوس۔
ناطع (فسک) بیاض ناطع سپیدی
خالص۔
ناطف (فسک) شکرینہ کہ ایک قسم کا
حلوا ہوتا ہے۔
ناطفی (فسکت) شکرینہ بیچنے والا
کہ ایک قسم کا حلوا ہے۔
ناطق (فسک) بولنے والا۔ عرب
مین بولتے ہین ما لہ ناطق ولا صامت
یعنی نہ اوسکے پاس کوئی حیوان ہے کوئی
اور مال ہے
ناطقہ (فسکف) ہتی گاہ۔
سخن گوئی۔
ناطل (فسکن) پانی اور دودھ
کا ایک گھونٹ۔ شیرہ۔ فضلہ جو پیمانہ
مین باقی رہے۔ خمر۔ شراب کا پیمانہ
۔ عرب مین بولتے ہین ما ظفرت بناطل
یعنی کوئی چیز دستیاب نہوئی۔
ناطور (فسضس) انگور وغیرہ کا
باغبان نواطیر جمع لفظ عجمی ہے۔
ناظر (فسک) آنکھ یا آنکھ کا سیاہ
نقطہ یا آنکھ کی پتلی۔ یا آب بینائی
کی رگ۔ ناک کی طرف ایک رگ ہے

کہ اوس سے آنسو کھلتا ہے اور وہ دونو
جانب مین دو ہوتے ہین - ایک ہڈی
ہے کہ پیشانی سے ناک کے نتھنون تک
نیچے اوترتی ہے باغبان - دیدبان
و نگاہبان - شدید الناظر تہمت سے
پاک کہ بری چشم سے نظر کرے -
ناظِرَة (فسکف) آنکھ -
ناظِم (فسک) مچھلی اور سوہما لے
نظام دار -
ناطُور (فسضس) باغبان -
ناظُورَة (فسضسف) سردار کہ ہر
امر مین اوسکے منتظر ہون واحد جمع
مذکر و مونث -
ناعِجَة (فسکف) تیز رو ناقہ -
ناعِجَة (فسکف) نرم زمین - سپید
اونٹنی تیز رو - ناقہ کہ جسپر سوار
ہو کر میش وحشی کو شکار کرین -
ناعِس (فسک) خواب آلود لیکن
یہ نعسان سے اعلی ہے
ناعِصَة (فسکف) مددگار -
ناعِط (فسک) مسافر دور دست -
جو کہ لقمہ کو دو نصف کاٹ کر آدھا
تو کھا جاوے اور دوسرے آدھے کو

کثرت اور فراخی کے سبب ڈالدے
یا کھانا کھانے مین بے ادبی اور
عدم مروت کے سبب - نعظ
(ضض) -
ناغِفَة (فسکف) لٹکا ہوا کان
اَخَذَ نَاغِفَةُ الْقُلَّةِ پہاڑ کی چوٹی مین
سہل راہ پر گیا -
ناغِقَان (فسکفس) جوزا مین
کے دو تارے ہین -
ناعِل (فسک) بہت نعل والا -
یا نعل - سخت سم حافر ناعل بولتے
ہین - گورخر -
ناعِم (فسک) نازک و نرم کھال
یا کپڑا -
ناعِمَة (فسکف) اچھی زندگانی کی
عورت - اچھی خورش کی عورت -
- مرغزار -
ناعُور (فسضس) چکی کا پہلو
ایک رگ جسکا خون نہ تھمے -
ناعُورَة (فسضسف) دولاب یا
اوسکا کوزہ جو اوسمین بندھا رہتا ہے
- ایک قسم کا ڈول کہ جس سے پانی
بھرتے ہین نواعیر جمع -

ناظم ... نعل ... نعم

١٢٩٩

ماده | علامات اعراب ضفکستم یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م..

نعظ ۔ نعی ۔ نغض ۔ نغف ۔ نوف ۔ نفج ۔ نفخ

ناعوظ (فنضس) جو کہ ذکر کو
نعوظ مین لاوے ۔
ناعی (فسک) بُری خبر دینے والا
ناعیۃ (فسکف) مؤنث ۔
ناغض (فسک)(ف) ابر ایک دوسرے
کے پیچھے حرکت کرنے والا ۔
ناغف (فس)(س) کوشش کرنی ۔
بحث مند ہونا ۔
ناف (فف) کھانا ۔ سیر ہو کر
پینا ۔ ایک چیز کو مکروہ اور ناپسند
رکھنا ۔

۱۳۰۰

نافج (فسک) سخت و درشت آواز ۔
نافجہ (فسکف) بہت مینھ والا ابر
۔ پہلو کی چھوٹی ہڈی ۔ لڑکی اسلیے
کہ اپنے باپ کے مال کو اپنے مہر سے زیادہ
کرتی ہے ۔ ہوا جو پہلے پہل سخت
چلے نوافج (ففسک) جمع ۔
نافخ (فسک) بولتے ہین ما بالدار
نافخ ضرمۃ یعنی گھر مین کوئی نہین ۔
نافذ (فسک) ہر امر مین درگذرنے
والا اور رسا ۔ راہ سلوک رواں ۔
نافر (فسک) بھاگنے والا نفرت
کرنے والا مذکر و مؤنث نفر (فس)
جمع ۔ غالب ۔ شاۃ نافر
پراگندہ بکریاں ۔
نافرۃ (فسکف) مرد کے اقارب و
رشتہ دار ۔
نافس (فسک) بدچشم ۔ قمار کے
تیرون مین سے پانچوان تیر ۔
نافض (فسک) تپ لرزہ یلفظ
مذکر ہے ۔
نافطۃ (فسکف) بھیڑ مادین سے
گوسپند کہ بار بار پیشاب کرے ۔
بمعنی نُفَیطۃ ۔
نافع (فسک) فائدہ مند ۔
نافقاء (فسکفسم) جنگلی چوہے کے
سوراخون مین سے ایک سوراخ کہ
اوسے پوشیدہ رکھتا ہے اور دوسرے
کو ظاہر کرتا ہے کہتے ہین کہ جب قاصعاء
سے آتے ہین تو نافقاء کی طرف سے
نکل کر بھاگ جاتا ہے نوافق جمع ۔
نافلۃ (فسکف) غنیمت ۔ عطیہ ۔
عبادت کہ واجب نہین ہے نوافل
(ففسک) جمع ۔ نبیرہ یعنی پوتا
یا نواسا ۔
نافۃ (فسک) تھکا ہوا ۔

نفج ۔ نفخ ۔ نفذ ۔ نفر ۔ نفس ۔ نفض ۔ نفط ۔ نفع ۔ نفق ۔ نفل ۔ نفہ

ناق (فس) انگوٹھے کے گوشت
کی جڑ مین ایک چیز شگاف کے مانند۔
خنصر اونگلی کے نیچے گوشت کے ٹکڑے
کی جڑ۔ بازو کا آگا۔ پنجہ کا گٹا۔
ہر جگہہ جو شگاف کے مانند ہو جیسے کہنی
کا شکم۔ دمغزہ کی جڑ۔ آبلہ جو ہاتھ
مین نکل آوے۔
ناقبة (فسکف) زخم کہ پہلو پر نکل آوے
یا ایک بیماری ہے جو پہلو کے بستر پر دیر
تک رہنے سے پیدا ہوتی ہے۔
ناقة (فسف) اونٹنی ناق نیاق
ناقات انواق (فسفس) نوق
(ضس) جمع۔ جمع قلة انوق
(فضس) اور کبھی اسے بدل کر اونوق
(فسض) بھی کہتے ہین اور واو کو
یا سے بدل کر اینق بھی کہتے ہین۔
انانق نیاقات (کفسفس) جمع الجمع
انیق (ضسض) کی تصغیر انینقات
(ضفسکفس) لیکن برحسب قیاس
چاہیئے کہ اینیق (ضنفسک) آوے۔
چند ستارہ ہین کہ بشکل ناقہ واقع
ہوئے ہین۔
ناقر (فسکت) تیر جو نشانہ پر جا لگے۔

ناقرة (فسکف) بلا و سختی۔
حجت۔ مصیبت و رنج۔ کلام
کی مراجعت یعنی کلام کو ایک دوسرے
پر رد کرنا۔
ناقز (فسک) ناکارہ بخشش۔
ناقس (فسک) کھٹی شراب
ترش۔
ناقط (فسک) بمعنی نقیط۔
ناقع (فسک) سم ناقع یعنی
زہر قاتل سمیت مین ثابت و بالغ
و مجتمع۔ دم ناقع خون تازہ
ماء ناقع خوش گوار پانی۔
ناقلة (فسکف) جگہہ بجگہہ پھرانے
والے آدمی خلاف قطان نواقل
(ففسک) جمع۔
نواقل الدہر (ففسک) زمانہ
کی حالتین جو ایک حال سے دوسرے
حال کی طرف پھرین۔ خراج
و باج جو ایک گانون سے دوسرے
گانون مین لے جاوین۔ قبائل
جو ایک قوم سے دوسری قوم
مین جاوین۔
ناقم (فسک) عمان مین ایک قسم کے

ن ق ر
ن ق س
ن ق ه
1302
ن ك ب
ن ك ز
ن ك س
ن ك ف
ن ك ل

خرما کا نام — عتاب کرنے والا — سزا دینے والا —

ناقور (فسضس) صور جس مین پھونکین —

ناقوس (فسضس) ترسایون کی لکڑی کہ اپنی نماز کے وقت بجاتے ہین اور وہ دو ہوتی ہین ایک ناقوس کہ لنبی ہوتی ہے دوسرے نیل کہ چھوٹی ہوتی ہے —

ناقہ (فسک) بیماری سے اچھا ہو گیا ہوا — نقہ (ضتف) جمع — بمعنی نقہ —

ناکب (فسک) اونٹ جسکی کہنی پھر جاوے اور پہلو سے گھسے اور زخمی کر دے —

ناکز (فسک) کم پانی کا کوان کہ جسکا پانی منقطع ہو گیا ہو نواکز (ففسک) نکز (ضضس) جمع —

ناکس (فسک) سر نیچے جھکانے والا نواکس جمع —

ناکف (فسک) ایک کام سے ننگ و عیب رکھنے والا —

ناکل (فسک) ڈرنے والا — سست ضعیف دل — امور مین قاصر — سوگند سے رکا ہوا —

نال (فس) (فس) بخشش — مرد سخی بہت بخشش والا نالان (فسفسک) تثنیہ انوال (فسفس) جمع —

نال (فس) **نالان** (ففضس) نئیل (فکس) چلنا — اس رفتار سے چلنا کہ گویا پشت پر بوجھ ہے — گھوڑے یا کفتار کا ہلتے ہوئے چلنا — کسی پر رشک لے جانا اور برا چاہنا — اور بولتے ہین نال ان تفعل لائق ہے کہ تو کر —

نالۃ (فسف) حرم کا گرداگرد یا مکہ کا میدان اور ساحت —

نالۃ الدار (فسف) (ف) گھر کے درمیان کی کشادگی —

نام (فس) رونا یا نأم زجر کے مانند ہے با آواز خفی یا آواز سست و ضعیف — کمان اور شیر کا آواز دینا —

نامۃ (فستف) حس و حرکت — حیات نفس — زندگانی —

نامۃ (فسف) آگ یا آواز اور بولتے ہین اسکن اللہ نامتہ یعنے

خدای تعالی اوسکو مار ڈالیو اور ناٰمۃ (ففسف) بھی بولتے ہین۔

ناٰمّۃ (فسف) فرج کی کشادگی۔

ناٰمرہ (فسکف) جال جسمین بکری کو باندھ کر بھیڑیے کا شکار کرتے ہین یا ایک چنگل دار لوہا ہے کہ جسمین گوشت کے ٹکڑے لگا کر بھیڑیے کا شکار کرتے ہین۔

ناٰمصۃ (فسکف) عورت دوسری عورت کے سر اور پیشانی کے بال زینت اور آرایش کے لیے چننے والی۔

ناٰمل (فسک) سخن چین۔

ناٰمُلۃ (فسفف) قیدی کی رفتار و قیدی کا چلنا۔

ناٰملۃ (فسکف) پامال کی ہوئی راہ بہت تیار ہی و مسلوک۔

ناٰمُور (فسضس) خون۔

ناٰمُورۃ (فسضسف) بھیڑیے کا جال جسمین اوسے شکار کرتے ہین۔

ناٰمُوس (فسضس) صاحب راز کہ نہانی امر پر آگاہ ہو یا خبر کا صاحب راز۔ جبرئیل علیہ السلام کا نام۔ دانا مرد کام مین ماہر۔ لطیف المدخل صیاد کا کازہ اور راوس کا جال۔ سخن چین مرد۔ مکر و حیلہ نہانی۔ خوابگاہ شیر۔

ناٰمُوسۃ (فسضسف) خوابگاہ شیر۔

ناٰمیۃ (فسکف) خدای تعالی کی آفرینش۔ خوشہ دار انگور کی شاخ۔

ناٰنار (فسفس) آنکھ کے ڈھیلے کو بہت پھیرنے والا۔ عاجز و درماندہ۔ بزدل۔ مرد سست و ضعیف۔

نَغْس[9] (فس) رائے کی ترچی اور سستی۔ بازار کی بے رونقی اور گھٹاؤ۔

نُعَاس[10] (فس) نعاس (ضفس) (ف) سوجانا اونگھنا۔

نَعْسَان[11] (ففس) خواب آلود یعنے اونگھنے والا۔

نَعْش[12] (فس) زندگانی۔ مردہ سمیت جنازہ اور بغیر مردہ وہ اسلیے کو سریر بولتے ہین۔ ایک چیز ہے محفہ کے مانند کہ بادشاہ کو جب بیمار ہوتا ہے تو اوسمین اوٹھاتے ہین۔ ایک لکڑی ہے کہ اوسکے سر پر لتہ باندہ کر شترمرغ کو شکار کرتے ہین۔ بَنَاتُ نَعْش کُبرىٰ اور بَنَاتُ نَعْش صغریٰ شمال اور جنوب مین سات ستارہ ہین انمین سے تین کو بنات کہتے ہین اور چار کو نعش اور ایک کو اونمین سے ابن نعش کہتے ہین (ف) اوٹھانا درویشی اور تنگ دستی کے بعد کسی کے حال کو اچھا کرنا۔ مردہ کو

مہ ١٣

نیکی کے ساتھہ یاد کرنا۔ آنکھہ کو اوٹھانا اور بلند دیکھنا۔

نغص[۱] (فس) (ف) ٹنڈی کا زمین کی گھاس کو کھانا۔

نغص[۲] (فف) خمیدگی و برگندگی۔

نغض[۳] (فس) بولتے ہین ما نغضت ہنبہ مسّیاً یعنی میرے ہاتھہ مین اوس سے کچھہ نہ آیا۔

نغض[۴] (ضس) ایک ریگستانی درخت ہے خاردار کہ اوس سے مسواک بناتے ہین اور اوس کے پوست سے پوست سنوارتے ہین۔

نغظ[۵] (فک) (کس) جماع کی حریص۔

نغظ[۶] (فس) نغوظ (ضفس) ذکر کا کھڑا ہونا۔

نغف (فس) جاے بلند ہموار کہ پہاڑ کے اسفل ہو۔ بلند جگہہ اسفل رودبار کی۔ ریت کی مقدم اور باریک جگہہ نِغَاف جمع نِعَاف۔

نغف[۷] بطور تاکید کے بولتے ہین۔

نغفة (فسف) جوتی کا تسمہ کہ پشت پاے پر قدم کی جانب جیب ہوتا ہے۔

نغفة[۹] (ففف) گوشت کا بند خراب و تباہ ہوگیا ہوا۔ پوست کا ٹکڑا کہ پالان کے نیچے لٹکا دین یا جو چیز کہ پوشش پالان سے زائد ہو اور اوسکے اطراف مین تسمہ کے ٹکڑے لٹکاتے ہین تاکہ حرکت کرے۔ غبغب مرغ کا تاج اور اوسکے زیر زنخ کے بال۔

نغق[۱۰] (فس) نعیق (فکس) نعاق (ضفس) نعقان (ففس) (ف) چرواہے کا اپنی بکریون کو للکارنا اور اونکو منع کرنا۔ کوے کا آواز کرنا۔

نعل[۱۱] (فف) (س ف) جوتی پہنی

نعل[۱۲] (فس) جوتی وغیرہ جو پاؤن مین پہنین۔ وہ چیز کہ جس سے سم ستور کو گھسنے سے نگاہ رکھتے ہین نعال (کفس) جمع۔ لوہے کا ٹکڑا تلوار کے میان کے اسفل مین۔ سخت و درشت زمین کہ کنکریان اوسمین چمکین اور کچھہ چیز نہ اگاوے۔ پٹھا جسے گوشۂ کمان مین لگا دین یا چمڑا کہ ساری پشت کمان کو اوس سے

ماده

نعم ۱
[illegible] الف ۲
[illegible] الف ۳
[illegible] الف ۴
[illegible] الف ۵
[illegible] الف ۶
[illegible] الف ۷
[illegible] الف ۸
[illegible] الف ۹

۱۳۷۶

پلیٹین۔ نہایت ذلیل وخوار مرد۔
جورو۔ ہل کا لوہا کہ جس سے زمین
کاہین۔ ایک مچھلی ہے بڑے سر کی
جوتی وینی۔ چوپایہ کے پانؤن
مین نعل باندہنا نعلۃ (فسف)
جوتی وغیرہ کہ پلے افزار ہو۔
نعم (ضس) نازکی و نرمی ۔ بہلائی
خلاف بؤس (ضس) انعم (ضسف) جمع
نَعَم (فف) اونٹ اور بکری یا
خاص اونٹ۔ اور بعض کہتے ہین
کہ وہ بمعنی مال رعیہ ہے یعنے چرنے
والا مال یہہ لفظ اکثر ابل پر اطلاق
کیا جاتا ہے فراو کہتا ہے کہ یہہ
لفظ مذکر ہے مونث اوسکو نہ کہنا
چاہیئے انعام (فسفم) نعمان (فسف)
جمع اور لفظ انعام (فسفس) مذکر
بھی ہے اور مؤنث بھی اناعیم
(ففسکس) جمع الجمع۔
نعم (ففکس) ہان یہہ لفظ وعدہ
ہے اور تصدیق ہے اور جواب
استفہام ہے۔
نعم (فف) بولتے ہین نَعَمَ اللّٰہ
بک عَیناً یعنے خداوند تعالےٰ نے
تیرے محبوب کی آنکھہ تیری طرف
خنک کرے یا تیری آنکھہ تیرے
محبوب کی طرف خنک کرے (س)
سبز اور تازہ اور نرم ہو جانا۔
نعم (فس) (ف) برہنہ پانو آنا۔
نعم عَیْن یعنے مین اس امر کو تیری
آنکھہ کخنک کرنے کے لیئے اور تیرے
اکرام کے لیئے کرتا ہون۔
نعم (کسف) اچہا ہے بئس (کسف)
برا ہے یہہ دونون لفظ فعل ماضی
ہین مگر ان مین اور افعال کی مانند
تصرفات جاری نہین ہوتے۔ نعم
مین چار لغت ہین نَعِمَ سَمِعَ کے وزن
پر اور نِعْمَ بکسر نون مع سکون العین
اور نَعْمَ بفتح نون مع سکون العین
اور نَعْمَ بفتح نون مع سکون العین
اور نِعِمَ بکسرتین اور کبہی نعم پر ما بہی داخل
ہوتا ہے اور نعما کہتے ہین۔
نعائم (فسفم) نعمت وشادمانی۔
اچہی قدرت۔ بہلائی جو کسی کے حق مین
کی جاوے۔
نعمۃ (فسف) فراخی زندگانی آسودگی
نَعْمَۃ عَیْنٍ بمعنی نُعْمَ عَیْن۔

نعمۃ العیش (ضسف) وہ چیز کہ جس سے آنکھ کی خنکی حاصل ہو — نعمۃ عین (ضسف) بمعنی نعم عین —

نعمۃ (کسف) قدرت — اچھی قدرت — نیکی — ناز — مال — منت — سرور — شادمانی — آسودگی — تن آسانی — جو بھلائی کہ کسی کے حق میں کیجاوے نِعَم انعم نعمات جمع — نعمۃ عین بمعنی نعم عین

نعمی (ضسف) نعمت — تن آسانی — فراخی — اچھی دست قدرت بھلائی جو کسی کے حق میں کیجاوے نعمی عین بمعنی نعم عین —

نعناع (فسفس) پودینہ —

نعنع (فسف) پودینہ —

نعنع (ضسفض) پودینہ — لنبا مرد مضطرب الخلقۃ — لنبی باریک اور لٹکی ہوئی فرج —

نعنعۃ (ضسفضف) پرندہ کا چینہ دان

نعنعۃ (فسفف) زبان کی کندی یا زبان سے نع کی جگہہ میں نع نکلنا — گھوڑے کا ذکر کا قوت کے پیچھے سست ہوجانا —

نعو (فس) ناک کے پیچھے کا ایک دائرہ — خرماے تر — اونٹ کے اوپر کے مونہہ کی پھٹن — گھوڑے کے دنبالہ سم کی پھٹن — گھوڑے کے مؤخر سم کی کشادگی —

نعوب (ففس) تیز رو شتر مادہ نعب (ضض) جمع —

نعور (ففس) سرد ہوا کہ اچانک گرمی میں آجاوے یا برعکس — رگ نعور رگ کہ جسمین سے خون جوش کرے نعرۃ نعور فصد دور و دراز —

نعوس (ففس) شیرناک ناقہ

نعوف (فضس) لٹکا ہوا کان

نعومۃ (ضضسف) س ر ن ض ک ح — نرم و نازک ہوجانا — منزل ناعمۃ یعنے ایک منزل کہ آسودگی سے رہے —

نعی (فکت) خبر مرگ — خبر مرگ لانیوالا — مرگ کی خبر دینے والا —

نعی (فس) خبر مرگ —

نعی (فس) نعی (فکت) نعیان (فسفس) (ف) خبر مرگ دینی — کسی کے آگے اوسکے گناہ آشکارا کرنے

ماده: نعم — ایضاً — ایضاً — ایضاً — نعنع — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً — نعو — نعب — نعر

1377

نعس — نعف — نعم — نعی — ایضاً — ایضاً

مادہ

۱ نعب
۲ نعت
۳ نعر
۴ نعل
۵ نعم
۶ نعر
۷ نغر
۸ نغش
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ نغض

۱۲ نغب
۱۳ ایضاً
۱۴ ایضاً
۱۵ نغبق
۱۶ ایضاً
۱۷ ایضاً
۱۸ ایضاً
۱۹ نغبل
۲۰ نغت
۲۱ نغر
۲۲ ایضاً
۲۳ ایضاً
۲۴ ایضاً

نَعِیبٌ[1] (فکس) کوے کی آواز۔

نَعِیتٌ[2] (فکس) خوب سبقت کرنیوالا گھوڑا۔

نَعِیرٌ[3] (فکس) جنگ و بدی فغان و فریاد۔ نَعِیرُ النَّجْمِ جو کہ دور آہنگ اور بلند فکر ہو۔

نُعَیْلَةٌ[4] (ضفسف) تصغیر نَعْلٌ۔

نَعِیمٌ[5] (فکس) نعمت۔ تن آسانی فراخی۔ مال۔ نَعِیمُ اللّٰہِ خداوند تعالیٰ کی بخشش اور عطیہ۔ نَعِیمٌ رَعِیْنٌ بمعنی نَعِمْ رَعِیْن۔

نَعَّارٌ[6] (فتفس) زخم کہ جس سے کہ خون روان ہو۔

نُغَارَةٌ[7] (ضتفس) قوم کے درمیان شروفساد اوٹھانے والے۔

نُغَاشٌ[8] (ضفس) خوب چھوٹا یعنے ٹھنگنا۔

نُغَاشَةٌ[9] (ضفسف) ایک پرندہ ہے۔

نُغَاشِیٌّ[10] (ضفسکت) خوب چھوٹا یعنے ٹھنگنا۔

نَغَّاضٌ[11] فتفس) دلدار اور شکن دار۔ ابر کہ ایک دوسرے کے پیچھے حرکت کرے۔

نَغْبٌ[12] (فس) تھوک کو حلق مین نگلجانا۔

نَغْبَةٌ[13] (فسف) چھوٹا۔ پانی وغیرہ کا ایک گھونٹ۔ نُغَبٌ جمع۔ امر قبیح

نَغْبَةٌ[14] (فسف) ایک بار بہہ کہا ہونا۔ لوگون کے طعام کا بے سالن ہوجانا

نُغْبُقٌ[15] (ضسض) احمق۔

نَغْبَقَةٌ[16] (فسف) چوپایہ کے پیٹ کی آواز یا ذکر کی آواز جب غلاف مین حرکت کرے اور وہ آواز سنی جاوے

نُغْبُوقٌ[17] (ضسضس) ایک پرندہ ہے

نُغْبُوقَةٌ[18] (ضسضسف) بمعنی نَغْبَقَةٌ

نُغْبُولٌ[19] (ضسضس) ایک پرندہ ہے۔ ایک گھاس ہے۔

نَغْتٌ[20] (فس) شر و فساد سخت علی الاتصال بال کہینچے۔

نَغَرٌ[21] (فف) نَغَرَانٌ (ففس) (س ک) غصیلا ہونا۔ ناقہ کا اپنی بچھاڑی کو سمیٹ کر گذرجانا۔ ہانڈی کا جوش کرنا۔ بچہ کے گلے کو ملنا۔ بہت پانی پینا۔

نَغِرٌ[22] (فک) غصیلا۔

نَغَرٌ[23] (فف) آب نمکین اور کھاری کا چشمہ

نُغَرٌ[24] (ضف) بلبل۔ چڑیا کا بچہ۔ ایک قسم کے گدہے یا نر گدہے۔ نُغَرَةٌ

ایک نغران (کسفس) جمع نغیر (ضفس) تفغیر
نغرة[1] (فکف) غیرت مند عورت۔
نغرقة[2] (ضسفف) پیچیدہ اور بٹے ہوئے بالون کا جتا۔
نغز[3] (فس) (ف) شر و فساد ڈالنا بچہ کو نرم ملنا۔
نغش[4] (فس) نغشان (ففففس) (ف) مضطرب ہوجانا۔ کانپنا اپنی جگہہ پر حرکت کرنا۔ عرب مین بولتے ہین ہُوَ یَنْغَشُ اِلَیہِ یعنے وہ اوسکی طرف میل کرتا ہے۔
نغص[5] (فک) شراب نَغِصٌ یعنے شراب کہ کھانے والون پر منقطع اور ختم ہوجاوے قبل اسکے کہ سیراب ہوان۔
نغص[6] (فف) تمام مراد پر نہ پہنچنا۔ اونٹ کو حوض پر وارد کرنا اور اوسکو بن سیراب ہوئے پہیرنا اور دوسری جگہہ پر لانا۔ اونٹون کا سیراب نہونا۔ شراب پینے والون پر شراب کا منقطع ہوجانا اور اونکا اوس سے سیراب نہونا۔
نغض[7] (فس) جسکا سر چلنے مین کانپے اور حرکت کرے۔ شترمرغ یا شترمرغ کا گلہ۔ اونٹون کو حوض پر لانا اور پانی پینے کے پیچھے دونون اونٹون مین سے قوی کو نکال ضعیف کو اوسکی جگہہ پر حوض مین داخل کرنا۔
نغض[8] (ضس) شانہ کی چپنی ہڈی یا ہر جاگہہ کی ہلتی ہوئی۔
نغض[9] (ضستف) تحالی نُغَّض — کوئین کی گھرنی کہ بڑی ہووے۔
نغض[10] (فس) نغوض (ضففس) نغضان (ففففس) نغض (فف) (ف) حرکت کرنا۔ مضطرب ہونا۔ حرکت دینی۔
نغض[11] (فس) نغوض (ضفس) (ف) اونٹ کے پالان کا ڈگدار ہوجانا۔ بچہ کے دانت کا کہ گر پڑنے کے قریب ہے ڈگدار ہونا۔ تہ بہ تہ جمے ہوئے ابر کا حرکت کرنا۔
نغضل[12] (فسسف) بہارنی بوجہ والا چوپایہ۔
نغط[13] (ضض) لنبے قد کا آدمی۔
نغطلة[14] (فسف) آہستہ دوڑنا چلنے مین چپ و راست خم کہانا اور میلان کرنا۔
نغف[15] (فف) کیڑا جو اونٹ اور بکری

ماده
١ نغر
٢ نغرق
٣ نغز
٤ نغش
٥ نغص
٦ ایضاً
٧ نغض
٨ ایضاً
٩ ایضاً
١٠ ایضاً
١١ ایضاً
١٢ نغضل
١٣ نغط
١٤ نغطل
١٥ نغف

کے ناک مین ہوتا ہے نغفۃ (فففف) ایک یا خستہ خرما کا سپید کیڑا۔ یا ایک سپید کیڑا ہے باریک۔ ناک کا خشک پانی وغیرہ جو ناک مین سے نکالتے ہین اور اسی سبب سے حقیر و خوار کو یا نغفۃ کہتے ہین۔ اونٹ کی ناک کے کیڑے بہت ہونے

نغفۃ[۱] (ففف) رخسارہ مین ایک ہڈی ہے۔

نغل[۲] (فس) پوست جو دباغت مین خراب ہوگیا ہو۔ حرام کا جنا عامی لغت ہے۔

نغل[۳] (فک) حرام کا جنا نغلۃ مونث

نغل[۴] (فت) (س) پوست کا دباغت سے خراب و تباہ ہوجانا۔ زخم کا خراب ہوجانا۔ نیت کا برا ہونا۔ کینہ ور ہوجانا۔ قوم کے درمیان تباہی ڈالنی۔ سخن چینی کرنی۔

نغلۃ[۵] (ضسف) پوست کی تباہی اور خرابی۔

نغلۃ[۶] (فکف) جوزۃ نغلۃ جو خراب و تباہ ہوگیا ہو۔

نغم[۷] (فف) سخن آہستہ نغمۃ ایک

نغم[۸] (فس) (ف) سانس نکالنا۔ آہستہ گانا۔ شراب کو نگل جانا۔

نغمۃ[۹] (فسف) آواز

نغمۃ[۱۰] (ضسف) گھونٹ نغم جمع۔

نغنغ[۱۱] (ضسض) احمق سست

نغنغۃ (ضسضف) مونث۔ کس اطراف مین گوشت کی بھری ہوئی۔ تالو اور شوارب تالوے گلو کے درمیان ایک جگہہ۔ کان کی لو کے اوپر تندی یعنے ابھار۔ گوشت کا گردن شتر کے اوپر کا جو جوگال کرنے مین حرکت کرے نغانغ (ففسک) جمع۔

نغنغۃ[۱۲] (ضسضف) اونٹ کے اعلاے گردن کا ٹکڑا جو جوگالی کرنے مین حرکت کرے

نغنغۃ[۱۳] (فسفف) نغنغ (ضسض) کا دردگین ہونا یعنی نغنغ (ضسض) مین درد ہونا۔ دردگین نغنغ (ضسض) کا علاج کیا جانا اس معنے مین مجہولا مستعمل ہے

نغو[۱۴] (فس) (ف) کلام کو آہستہ کہنا۔

نغوۃ[۱۵] (فسف) آواز۔

نغوص[۱۶] (ففس) بزرگ کوہان کی ناقہ۔

نغولۃ[۱۷] (ضضسف) انجیر کا خراب تباہ ہوجانا

نغف[۱]
نغل[۲]
ایضاً[۳]
ایضاً[۴]
ایضاً[۵]
ایضاً[۶]
نغم[۷]
ایضاً[۸]
ایضاً[۹]
ایضاً[۱۰]
نغنغ[۱۱]
۱۳۰۰
ایضاً[۱۲]
ایضاً[۱۳]
نغو[۱۴]
ایضاً[۱۵]
نغص[۱۶]
نغل[۱۷]

نغی (فس) سخن نرم گفتنی۔
نغیة (فسف) آواز پہلی خبر کہ ابھی ثابت و محقق نہوئی ہو۔ سخن خوش۔
نغیق (فکس) ناقہ کہ بار بار آواز کرے نغیق الغراب کوے کی آواز۔ کوے کا آواز کرنا یا نغیق تو امر خیر مین استعمال کرتے ہین اور نعیب امر شر مین۔
نغیل (فکس) حرام کا جنا نغیلة مؤنث
نفت (فت) (ن) زمین مین بیج بونا۔ سفوف کھانا۔ یا دوا کو سفوف کرنا
نفار (ضفسم) علف کے ٹکڑے۔ پراگندہ اوگی ہوئی گھاس۔ سبزہ زار مجتمع جو علف زار بزرگ سے الگ اور جدا ہو نفارة ایک۔
نفاة (ففس) خراب و ناکارہ چیز بقیہ۔ ہانکا ہوا دور کیا ہوا۔
نفاث (فتفس) پھونک مارنیوالا اَلنَّفَّاثَاتِ فِی الْعُقَدِ جادوگر عورتین۔
نفاثة (ضفسف) سانس جو دردمند سینہ کا دہن سے مارتا ہے۔ ریزہ مسواک وغیرہ جو منہ سے پھونک کر نیچے گرا دین۔

نفاج (فتفس) متکبر اور ناز کرنے والا اوس چیز پہ جو اوسکے پاس نہین ہے۔
نفاجة (ضسفف) کیڑ یکا جو بغل۔
نفاجة (کفسف) چو گوشہ کپڑا جو آستین کے نیچے سیتے ہین۔
نفاح (فتفس) بہت نفع والا۔ خلقت پر انعام دینے والا۔ تیز بوی والا۔
نفاخ (ضفس) پیٹ کی سوجن
نفاخ (فتفس) ورم کہ بیماری سے پیدا ہووے۔
نفاخة (فتفسف) پانی کا بلبلہ۔ ایک چھوٹی سی چیز ہے مچھلی کے پیٹ مین پھولی ہوئی اور اوپر کی
نفاد (ففس) نفد (فب) نیست و نابود ہو جانا اور جاتا رہنا۔
نفاذ (فتفس) ہر امر مین گذر جانے والا اور رسا۔
نفاذ (ففس) (س) ایک چیز کا ایک چیز سے گذرنا اور اوس سے رہا ہونا۔
نفار (فتفس) عرب کا ایک

مادہ
۱ نغی
۲ ایضاً
۳ نغق
۴ نغل
۵ نفت
۶ نفر
۷ نفی
۸ نفث
۹ ایضاً
۱۰ نفج
۱۱ ایضاً
۱۲ ایضاً
۱۲۸۱
۱۳ نفح
۱۴ نفخ
۱۵ ایضاً
۱۶ ایضاً
۱۷ نفد
۱۸ نفذ
۱۹ ایضاً
۲۰ نفر

کھیں ہے کہ اونمیں آپس مین
کو دے ہین —
نِفارٌ (کغس) نفور (ضمفس) نفیر (فکس) لوگون کا کام کے لیئے جانا اور سب کا اوس مین پیش آنا
نِفارَۃ (ضفقف) فرمان — جو چیز کہ زبردست زیردست سے لیوین یا جو چیز کہ حاکم کسی سے لے لیوے
نِفاریۃ (نفکس) اجڑیان —
نِفاسٌ (کفس) عورت کا زچہ پن اور زچہ پن کے چالیس دن ہین اور امام شافعی کے نزدیک ساٹھ دن اور اوسکے اقل کے جمہور فقہا کے نزدیک کوئی حد معین نہین ہے — اور ثوری کے نزدیک تین دن ہین — ایک چیز مین رغبت کرنی — ہم نفسی کرنی
نِفاسٌ (کفس) نفاسۃ (ضفقف) عورت کا زچہ پن ہونا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے —
نَفاسۃ (نفسف) نفاس (کفس) نفس (نفف) اگرانمایہ ہوجانا —

نُفاشٌ (ضفقفس) رات کے چرنے واسلے اونٹ —
نُفاصٌ (ضفقس) گوسپند کی ایک بیماری ہے کہ جسکے سبب بار بار پیشاب کرتی ہے اور آخر کو مرجاتی ہے — پتہ میوہ وغیرہ جو جھاڑنے سے گر پڑے — بے توشگی — تنگدستی —
نُفاضٌ (فقس) تپ کی لرزش — بے توشگی — تنگدستی — اسی سے ہے یہہ مثل النفاض یقطر الجلب یعنی جب خشک سالی اور تنگدستی آتی ہے تو اونٹون کو قطار قطار بیع بیع مین لیجاتے ہین —
نِفاضٌ (کفس) لڑکون کا ایک قسم کے آزار — کپڑا — ایک فرش ہے کہ جس پہ سمر وغیرہ کے پتے ڈالتے ہین نفض جمع — پتا جو اوس پہ گرایا جاوے —
نُفاضۃ (ضفسف) مسواک کا ریشہ اور ریزہ جو منہہ مین رہ جاوے — پتا وغیرہ جو جھاڑنے سے گر پڑے
نَفّاطٌ (فتفس) ایک جگہہ کہ وہان سے نفط آتا ہے — ایک قسم کا چراغ

کہ جس سے اور چراغ روشن کرین
- ایک تانبے کا باسن ہے کہ جس
مین لفظ کو ڈالین -
نُفَاطِ (فضکس) متفرق گھاس
موسم بہار کی نُفْطَوَرَۃ بالضم ایک -
نُفَائِع (ففس) سود مندی -
نُفَائِع (فتفس) بہت نفع والا مرد
- ایک شخص کا نام - مدینہ کے نزدیک
ایک پشتہ ہے -
نُفَائِع (ففعن) بہت نفع والا
نَفَاق (ففس) بیچ کا رائج و
روان ہوجانا - بازار کا رونق
اور رواج پکڑنا -
نِفَاق (کفس) دورو دلی کرنی
یعنے کفر چھپانا - اور ایمان ظاہر کرنا
- دورویی -
نَفَانِف الدَّار (فقسک) گھر کا
گرداگرد نَفَانِفُ الکَبِدِ جگر کا گرداگرد
نَفَانِف (ففسک) زمین سے
کرنے والے اونٹ - دبلے اونٹ
- وے لوگ کہ سنگ اندازی کریں
خواہ اونکے پیچھے کوئی شے نکروہ
ہو خواہ دشمن ہو -

نَفَتَ (فس) (ن) آنے ٹھکا اوپر
پانی گرانے سے پھول جانا -
نَفَتَ (فس) نفتان (ففعس)
(ن) غصیلا ہوجانا یا غصہ کے
مارے سوج جانا - ہانڈی کا
جوش مارنا - جھاگ مارنا ہانڈی
کا - ہانڈیکے جوانب مین شور با
چپک رہنا -
نَفَثَ (فس) (ن) پھونک مارنا
نَفَثُ الشَّیطَان (فس) شعر
نَفَجَ (فس) (ن) خرگوش کا کودنا
اور دوڑتے ہوئے اوٹھنا - بچہ کا
انڈے سے باہر نکلنا - نئی نکلی
ہوئی پستان کا کرتے کو اوٹھانا -
اور بلند کرنا - ہوا کا سخت چلنا
مال کو زیادہ کرنا -
نَفَجَ (ضفض) بھاری بوجھ والے
اِمْرَأَۃٌ نَفَجُ الحَقِیبَۃِ - ڈلدار سرین
کی عورت - بڑے سرین والی عورت
نُفْجَۃ (ضسف) کپڑے کا جو بغل
نَفَحَ (فف) نَفْحَۃ نَفْحَۃ دن -
بادبند نیت -
نَفَحَ (فس) نفاح (ضفض) نَفَحَان

ماده
[illegible]
نفخ

(ف) بوے خوش کا پہیلنا۔ رگ
مین سے خون کا جوش مارنا۔ کسیکو
دور سے تلوار مارنا۔ کسیکو کچہہ دینا
۔ زلف کو حرکت دینی۔ ناقہ وغیرہ
کا پانو مارنا۔ ہوا کا چلنا۔

نفحہ (فسف) ہوا۔ ہوا کا ایک بار
چلنا۔ عطیہ وبخشش۔ عذاب کا
ایک ٹکڑا۔ خالص دودہ۔

نفخ (ضض) مرد جوانی سے پر۔
نفخ (فس) (ف) پہونکنا۔ گوز
مارنا۔ چاشت کا بلند ہونا۔ پیدا
کرنا۔ ناز۔ بزرگ منشی۔

نفخاء (فسفم) بلند زمین۔
نرم خاک کا پشتہ۔ استخوان خاک کا۔

نفخہ (فسف) پیٹ کی سوجن۔
ایک بار پہونکنا۔

نفذ (فف) ایک چیز کی روانی
اور اوسکا نفاذ۔

نفذ (فس) (ن) قوم سے
درگذر کرنا اور اختلاف اختیار
کرنا۔ بمعنی نفوذ۔

نفر (فف) آدمی۔ آدمیون
کا گروہ تین سے دس تک۔
انفار جمع۔

نفر (فس) قوم جو تمہارے ساتہہ
بہاگین یا ایک کام مین پیش آوین
یا جنگ مین ایک دوسرے سے بہاگین
۔ آدمیون کا گروہ تین سے دس تک
عرب مین بولتے ہین لقیتہ قبل کل
صیح ونفر یعنے مین نے پہلے ہی پہلے اسکو
دیکہا۔ جنگ منافرت مین کسیپر غالب
ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ غلبہ کرنا۔

نفر (فس) نفران (فففس) (ن)
بہاگنا اور نفرت کرنی اور کود جانا۔
بہگا دینا۔

نفر (فس) نفور (ضضس) (ن)
حاجیون کا منی سے گروہ گروہ پہرنا۔

نفر (کس) عفر نفر بولتے ہین
اتباع مین سے ہے۔

نفرار (فسف) ایک موضع ہے۔

نفرہ (فسف) ایک قوم جو ایک
کام کے لئے سجا وین۔ ایک گروہ
جو کسی کے ساتہہ بہاگین۔ مرد کے بستر
قریب کہ اوسکی حمایت اور رعایت
کے خشمناک ہون۔ آدمیون کا
تین سے دس تک گروہ۔

نفرۃ (ضسف) حکم و فرمان - جو چیز
کہ نظر بد کے دفع کے لیے لٹکا دیوین
نفرۃ (ضفف) بمعنی نفرۃ (ضسف)
نفرج (کسک) بزدل -
نفرجۃ (فسفف) بات بہت کہنی -
نفرجۃ (کسکف) نفراج (کسفس)
نفراجۃ (کسفسف) نفرجاء (کسکفم)
بزدل -
نفریۃ (کسکف) عرب مین عِفریۃٌ
نِفریۃٌ عِفریتٌ نِفریتٌ عِفاریۃٌ
نِفاریۃٌ عِفریتۃٌ نِفریتۃٌ بطور
اتباع کے بولتے ہین -
نفریج (کسکس) بہت بولنے والا
بیہودہ بکنے والا -
نفس (فس) جان - خون - تن
نظر بد - نزدیک چنانچہ عرب مین بولتے
ہین تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی
نفسک یعنے جو چیز کہ میرے پاس
ہے اوسکو تو جانتا ہے اور جو تیرے
پاس ہے اوسکی مجھکو خبر نہین -
ہر ایک چیز کا عین و ذات - جیسے درخت
اور برگ سلم وغیرہ جس سے پوست
سنوارتے ہین بقدر ایک دباغ
کے یا عام ہے - دل کا قصد و ارادہ
- ننگ و عار و عیب - قوت و جلادت
- عقوبت - بزرگی - غلبہ - مبارکی -
نفس (فف) سانس اَنفَاس
جمع - گہونٹ اَنفَاس جمع - سخن راست
- اور اس قول مین لَا تَسُبُّوا الرِّيحَ
فَاِنَّهَا مِن نَفَسِ الرَّحمَانِ نفس
بمعنے تنفیس ہے یعنے آسایش دینی
اور غم سے رہائی بخشنی - پس اس
قول کا یہہ ترجمہ ہے کہ ہوا کو گالی
مت دو کہ وہ غم کو دور کرتی ہے
اور ابر اور مینہ کو لاتی ہے اور
خشک سالی کو دفع کرتی ہے اور
ایسی قول مین وَاجِدُ نَفَسَ رَبِّكُم
مِن قِبَلِ اليَمَنِ نفس بمعنی نصرت
اور مددگاری اور جگہہ دینے
کے ہے کہ اہل مدینہ سے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئی
اور وہ یمانی تھی - کام کی فراخی
اور کشادگی اور وسعت -
سیرابی - شرابٌ غیرُ ذی نفس
کہ یہہ شراب بو اور رنگ کی بدلی
ہوئی جب کوئی چکھے سانس نہ لیوے

مادہ
ع نفر
ع ایضاً
ع نفرج
ع ایضاً
ع ایضاً
ع ایضاً
ع نفرج
ع [illegible]
ع نفس
ع ایضاً

نَفُسَ (ففت) نفاستہ (ففسفا) (س) ایک چیز پر اوسکے عزیز ہونے کے سبب بخیلی کرنی حسد کرنا — کسی پر ایک چیز کو دریغ رکھنا اور اوسکے تئین اوسکو اہل نہ شمار کرنا —

نُفَسَاءُ (ضفضسم) زچہ عورت نُفَسَاوَانِ تثنیہ نِفَاس نُفَس نُفَّس اور نُفَسَاوَات جمع فُعَلَاءُ وزن کے سوا نُفَسَاءُ اور عُشَرَاءُ اسکے فِعَال کے وزن پر جمع نہیں آتی —

نَفْشَۃ (ضسف) جہلت وزبان

نَفَشَ (فس)(ن) ایکچیز کو ادنگلیون سے پراگندہ کرنا پشم اور روئی کو دہنکنا — رات کو بغیر چرواہے کے اونٹ اور بکری کا چرنا

نَفَشٌ (فف) ارزانی — پشم — اِبِلٌ نَفَشٌ رات کے چرنے والے اونٹ نفش سوا رات کے نہیں ہوتا اور ہمل رات اور دن مین دونون مین ہوتا ہے —

نَفَصَ (فس)(ن) بات کو شتاب کہنا

نُفْصَۃ (ضسف) ایک سخت خون

نُفَض (کس) شہد کی کہی کی مینگن یا اوسکا مرا ہوا کیڑا کہ شہد کی جگہہ پڑ گیا ہو یا کیڑے پڑا شہد کہ جس سے خانہ زنبور دن کو آس کے ساتہہ پلیٹتے ہین تاکہ اوسمین زنبور آوین اور شہد بناوین —

نَفَضٌ (فف) ایضًا اور میوہ درخت کے نیچے پڑا ہو یا وہ جو جہاڑنے سے گرے — انگور کا دانہ کہ بعض اوسکا بعض مین ملایا جاوے

نَفَضَ (فس)(ن) مکان مین جو کچہہ ہے اوسکو دیکہنا تاکہ پہچان لیوے — کپڑے اور درخت کو جہاڑنا — اونٹ کا بچے جننا — عورت اور ناقہ کا بہت فرزند والا ہونا — توشہ قوم کا ختم ہو جانا — کہیت کا خوشہ باندہنے لگنا — غورہ انگور کا باہر نکلنا اور بعض کا رنگ سے جاتا رہنا — بلانا — تپ لرزہ کا کسی کو جہرجہری لگانا — دائین بائین دیکہنا —

نُفَضَاءُ (ضففسم) تپ کا لرزہ — منہ کہ کہین پڑے اور کہین نہین

نُفْضَۃ (ضسف) تپ کا لرزہ — منہ کہ کہین پڑے اور کہین نہین —

علاماتِ اعراب ضفکسم یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون تشدید م

مادہ
ص نفض
ص ۱۳ الیضاً
ص ۱۴ الیضاً
ص نفط
ص الیضاً
ص الیضاً
ص الیضاً
ص الیضاً
ص الیضاً
ص نفع
ص الیضاً
۱۳۸۵
ص ۵۱۲ الیضاً
ص ۵۱۳ نفق
ص ۵۱۴ نفق
ص ۵۱۵ الیضاً
ص ۵۱۶ الیضاً

نُفَضَة (ففف) گروہ جیسے دشمن
اور خوف کی تجسس کے لئے ہر ایک
جانب بھیجین نافض کی جمع ۔
نُفَضِی (ففف) حرکت و لرزہ ۔
نُقَضِی (کسف) نُفیضیٰ (کسکسف)
بمعنی نُفضیٰ (ففف) ۔
نَفَطَ (فس) (ن) خشمناک ہو جانا
یا غصے کے مارے جوش کرنا ۔
نَفْط (فس) نَفَط (ف ف) نَفیط (کس)
(ن) ہاتھ کا کام سے زخم کر آنا یا
گٹے پڑ جانے ۔
نِفْط (کس) ایک روغن ہے کہ
ولایت شیروان کی بعض زمینوں
مین حاصل ہوتا ہے سفید اور سیاہ
ہوتا ہے اور اونمین کا اچھا سفید ہے
نَفْطَة (فسف) چیچک ۔ آبلہ ۔
نِفْطَة (کسف) چیچک ۔ آبلہ ۔
نَقَطَة (نسفف) نہایت خشمناک
نَفْع (فس) سود ۔ (ن) انفع کرنا
ضد ضرر ۔
نَفْعَة (فسف) ہاتھ کی لکڑی
نَفَعَات جمع ۔
نِفْعَة (کسف) چمڑا کہ درمیان
سے چیر کر توشہ دان کی دو جانب
مین سیوین اور اوسکے ہر ایک
ٹکڑے کو نِفْعَة کہتے ہین نِفَع جمع ۔
نَفْغ (فس) نُفوغ (ضفس)
(ن) ہاتھ کا آبلہ ناک ہو جانا
اور کام کی سختی کے سبب سست
اور تنگ ہو جانا ۔
نَفَق (فف) زمین باریک
راہ کہ ایک جگہ کی طرف جا وسے
جنگلی چوہے کا سوراخ اسی لفظ
سے ہے یہہ مثل شتمل ڈریفس کر
نفقہ یہہ مثل اوس شخص کے
حق مین کہتے ہین جو کام کا تدارک
نہین جانتا ۔ (س) توشہ کا
تبر جانا اور نیست ہونا یا کم ہونا
جنگلی چوہے کا نافقا (سوراخ) مین سے
باہر نکل جانا ۔
نَفَقُ الجَرْی (کفت) گھوڑا
جلد تھک جانے والا اور جری کو
منقطع کرنے والا ۔
نَفَقَة (ففف) ابر روزینہ
ورم وغیرہ سے نفاق (کفس)
نَفَقَات (ففس) الجمع ۔

نفقۃ[1] (ضفضف) جنگلی چوہے کے سوراخون مین ایک پوشیدہ سوراخ
نفکۃ[2] (ففضف) نکمہ کہ استخوان زنخ کے یا کان کے پیچھے کی اصل ہے
نفل[3] (فس) (ن) کسیکو غنیمت اور عطیہ دینا - سوگند کہانی - عطیہ - عبادت کہ واجب نہین ہے جارہ
نفل[4] (فف) غنیمت وہبہ انفال نفال جمع - ایک گہاس ہے سب ساگون مین سے بہت اچہی اوسکا پہول زرد خوشبو دار ہے اور گہوڑون کو موٹا کرتی ہے -
نفل[5] (ضفس) چاند کی تین رات کہ غرار کے پیچہے آتی ہین یعنے چوتہی پانچوین چہٹی -
نفنانف[6] (فسفس) دو پہاڑ کا بیچ
نفنف (فسف) جَو یعنے خالی جگہہ - دو پہاڑ کا بیچ - پہاڑ کا کنارہ بنائی ہوئی دیوار کے مشابہ ہموار - کوئین کے لب سے اوسکی تہاہ تک - پہاڑ کا موہنہ کہ اوس مین سے کچہہ بلند ہو گیا ہو کچہہ نیچے - سر دیوار سے اوسکے بائین اور

جڑ تک - زمین و آسمان کا بیچ جنگل
نفو[8] (فس) (ن) یکسو کرنا -
نفوۃ[9] (فسف) نفار (ففس) نفایۃ (ففسف) نفاذہ (ضفسفا) ہانکا ہوا اور دور کیا ہوا -
نفوت[10] (ففس) جوش کرتی ہوئی ہانڈی -
نفوح[11] (ففس) ناقہ جسکا دودہ بغیر دوہنے کے روان ہووے - کمان تیر کو دور پہینکنے والی -
نفوذ[12] (ففس) شخص جو ہر کام مین رسا اور گذرنے والا ہو -
نفوذ[13] (ضضس) (ن) تیر کا گذر جانا اوس جگہہ سے کہ جہان لگے یا سر تیر کا باہر نکلنا دوسری طرف سے اور رسا اوسکا اندر رہنا - خط اور فرمان کا کسی کی طرف جانا - ہاے وصل کو حرکت دینا کہ ضمیر کے لیے ہے قافیہ مطلق مین -
نفور[14] (ففس) بہاگنے والا نفرت کرنے والا مذکر و مونث برابر -
نفور[15] (ضضس) اڑنا اور دور ہوجانا - آنکہہ وغیرہ کا سوج جانا -

مادہ
۱ نفق
۲ نفک
۳ نفل
۴ ایضا
۵ ایضا
۶ نفنف
۷ ایضا
۸ نفو
۹ ایضا
۱۰ نفت
۱۱ نفح

۱۲ نفذ
۱۳ ایضا
۱۴ نفر
۱۵ ایضا

نَفُورَۃٌ (ضمضسفت) فرمان - قریب و رشتہ دار مرد کہ جسکے سبب خشمناک ہون -

نَفُوشٌ (ضمضس) ارزانی مین داخل ہونا - جسکو کہاتا ہے اوس چیز کی طرف متوجہ ہونا - رات کو بغیر چرواہے کے اونٹ اور بکری کا چرنا

نَفُوخٌ (ضمضس) (ن) بیماری سے اچہا ہونا -

نَفُوضٌ (فضس) عورت اور ناقہ بہت بچہ والی -

نَفُوعٌ (فضس) بہت نفع والا مرد نفع (ضس) جمع -

نَفُوقٌ (ضمضس) چوپایہ اور مرد کا مرجانا - زخم کا اوکہڑے ہوئے پوست کا ہونا -

نَفُوۃٌ (ضمضس) (ف) قوت اور دلیری کے بعد سست اور بزدل ہوجانا - کرے پن اور درشتی کے بعد ذلیل اور رام ہوجانا -

نَفْہٌ (فس) (ف) تہک جانا -

نُفِیٌّ (ضمضد) دسترخوان -

نَفِیٌّ (فتتف) ایک دسترخوان کی مانند ہوتا ہے کہ اوس پر ستو کو چہانتے ہین کفافی جمع -

نَفْیٌ (فس) وعدہ ید (ض) الخلاف اور دور کرنا - دور ہوجانا - سیل کا آب اور دکو اوٹہانا - ایک چیز کا انکار کرنا - ہوا کا خاک اور گرد کو اوڑانا - پر رکہنے کے لیئے درہم کو ناخن سے اوڑانا - ابر کا پانی بہانا

نَفِیٌّ (فکت) جہاگ کہ جوش کرتی ہوئی ہانڈی ڈالے - پانی جو ڈول کی رسی سے ٹپکے - کنکری وغیرہ کہ چوپایہ کے سم سے پراگندہ ہووے - برگ خرما کی سپر - خاک اور گرد جو ہوا کے سبب درختون کی جڑون مین جمع ہوگئی ہو - ہر ایک چیز خراب و ناکارہ - جس چیز کو منہ پہیر کے - ایک گروہ جو بہاری لشکر سے جدا ہوجاوے -

نَفَیَانٌ (ففس) خاک اور گرد جو درختون کی جڑ مین ہوا سے جمع ہوجاتی ہے - مینہ کا رشاش اور مینہ کے قطرے جو اوڑین -

نَفِیَّۃٌ (فکتف) گول دسترخوان

۱۳۸۹

کہ برگ خرما کا بناتے ہین - برگ خرما
کا دستر خوان کہ اوسپر پنیر خشک
کرتے ہین -
نفیۃ[1] (ضسف) دستر خوان -
نفیۃ[2] (فسف) برگ خرما کا دستر خوان
کہ اوس پر پنیر خشک کرتے ہین -
نفیث[3] (فکس) خون جو زخم
سے روان ہووے -
نفیثۃ[4] (فکسف) ایک آش ہے
آٹے وغیرہ کی کہ پانی یا دودہ
کی بناتے ہین سخینۃ سے بہت
دلدار -
نفیج[5] (فتکس) بیگانہ مرد کہ قوم
مین داخل ہووے اور اونکے
ساتہہ صلح کرے یا بیگانہ شخص
کہ قوم مین داخل ہووے اور
نہ صلح کرے فساد نُفُج جمع -
نفیجۃ[6] (فکسف) کمان -
نفیج[7] (فتکس) مرد جو کام مین
داخل ہووے اور ہر چیز مین ہوشیار
ہووے اور دخل کرے -
نفیحۃ[8] (فکسف) کمان تیر دور
پہینکنے والی - نبع لکڑی کا ریزہ -

نفیخ[9] (فکس) جسکو آگ پہونکنے
کی خدمت ہو -
نفیذ[10] (فکس) کار روان و مُطاع
نفیر[11] (فکس) آدمیون کا گروہ تین
سے دس تک - قوم جو ایک کام کے
لئے آگے جاوین اور کسی سے بہاگین
یا جنگ مین آپس سے بہاگین -
نفیز[12] (فکس) مسکہ کہ شیر زنہ زمین
پراگندہ ہووے -
نفیزۃ[13] (فکسف) بمعنی نفیز -
نفیس[14] (فکس) گرانمایہ و مرغوب
و نیکو از ہر چیزے - بہت مال -
نفیش[15] (فکس) رخت و متاع جو
جو زمین پر پراگندہ ہو -
نفیص[16] (فکس) میٹہا پانی اور اچہا
نفیضۃ[17] (فکسف) بمعنی نفضۃ (نفض
نفیط[18] (فکس) بہیڑ بادین کا ناک
پہاڑنا یا چہینکنا - ہانڈی کا جوش کرنا
- ہانڈی کہولتی ہوئی کا جہاگ پہینکنا -
بچہ کا آواز کرنا - ایسی بات کہنی کہ سمجہہ
مین نہ آوے - گوز مارنا -
نفیطۃ[19] (فکسف) ہتہیلی جسمین کام
کے سبب گٹے پڑ گئے ہوان -

مادہ
١ نفی
٢ نفا
٣ نفث
٤ نفث
٥ نفج
٦ نفج
٧ نفج
٨ نفح
٩ نفخ
١٠ نفذ
١١ نفر
۱۳۹۰

نقیعۃ[1] (فکسف) اسو د مندی۔
نقیف[2] (فکس) پالان شتر کا تنگ یا ایک گہاس ہے۔
نقا[3] (فف) ریگ تودہ باریک تودہ پست محدب اَنقَاء نُقِیّ جمع۔ بازو کی ہڈی یا ہر گودے دار ہڈی۔
نقاء[4] (فقسم) پاکیزہ۔ پاکیزگی۔
نقاب[5] (کفس) خوب دانا مرد آزمودہ کار۔ زمین سخت مین راہ۔ عورتون کا روی بند۔ شکم اسی لفظ سے ہے یہہ مثل فرخان فی نقاب یہہ مثل دو شخص ہم شکل اور شبیہ کے حق مین کہتے ہین۔ کسی کے ساتہہ نگاہ دو چار ہونی۔ پانی پر بے طلب انبوہی اور اژدحام کرنا۔
نقابۃ[6] (کفسف) نقیبی کرنی۔ ملک خدا مین پہرنا۔ خبرون کی جستجو اور تفتیش کرنی یا خبر دینی۔ موزہ کو پیوند لگانا۔ کسیکو خواری اور بدبختی پہنچنی
نقابۃ[7] (ففسف) نقیب ہو جانا۔ اس سے پیچہے کہ نقیب نہ تہا۔
نقاۃ[8] (ففس) ایک چیز کا برگزیدہ گیہون مین سے پاک و صاف کرنے کے وقت جو چیز کہ دور کرین۔
نقاث[9] (ففس) گفتار۔
نقاخ[10] (ضتفس) پس گردن کے بالا مین کان کی طرف ہڈی نکلی ہوئی۔ کان کے سرے کی بلندی
نقاخ[11] (ضفس) اچہا پانی ٹہنڈا روشن۔ عافیت و آرام مین خواب
نقاد[12] (فتفس) گوسپند کا چرواہا۔ درہون کا پرکہنے والا۔
نقار[13] (کفس) کلام کو ایک دوسرے پر رد کرنا۔
نقارۃ[14] (ضفسف) اوسقدر کہ پرندہ ایک منقار مین چگے
نقاز[15] (فتفس) چہوٹی چڑیا ایک اور پرندہ ہے۔
نقاز[16] (ضفس) چوپایہ کی ایک بیماری ہے طاعون کے مشابہ کہ اوسکے پیدا ہونے سے اوچہلتا ہے یہانتک کہ مرجاتا ہے۔
نقاشۃ[17] (کفسف) لقب گذاشتگی یعنے لقب رکہنا۔
نقاش[18] (فتفس) نقش و نگار کرنے والا۔

مادہ: نقع، ١ع نقف، ٢ع نقو، ٣ع نقی، ٤ع نقب، ٥ع نقب، ٦ع نقب، ٧ع نقو، ٨ع نقث، ٩ع نقخ، ١٠ع نقخ، ١١ع نقد، ١٢ع نقر، ١٣ع نقر، ١٤ع نقز، ١٥ع نقز، ١٦ع الفنا نقز، ١٧ع الفنا نقب، ١٨ع نقش

١٣ نقش
٢ نقص
٣ نقض
٤ ایضاً
٥ ایضاً
٦ نقط
٧ نقع
٨ ایضاً
٩ نقف
١٠ ایضاً
١١ ایضاً
١٢ نقق
١٣ نقل
١٤ ایضاً
١٥ نقو
١٦ ایضاً
١٧ ایضاً
١٨ ایضاً
١٩ ایضاً

نقاشتہ[١] (کفسف) نگارش و نقاشی

نقاصتہ[٢] (ففسف) پانی وغیرہ کا خوش اور میٹھا ہو جانا۔

نقاض[٣] (فتفس) بھاری بوجھ کہ پشت کو لاغر کر دے یا گراں کرے اتنا کہ اوسکین سے آواز نکلے

نقاضی[٤] (ضتفس) ایک گھاس ہے

نقاضتہ[٥] (ضفسف) رسی اور بال اور ریشم کا بٹ کھولا ہوا۔

نقاط[٦] (فتفس) حرف پر نقطے کرنے والا۔

نقاع[٧] (فتفس) فضائل جو شخص اپنے مین نہین رکھتا اونکو بہت ظاہر کرنے والا۔

نقاعتہ[٨] (ضفسف) پانی کہ جسمین کچھ بھگو دین۔

نقاف[٩] (کفس) دور اندیش مرد ہوشیار یعنی نِقَاب بولتے ہین فی نِقَاف و اجراءِ نقاب پاچہ

نقاف[١٠] (فتفس) دور اندیش مرد کام کا انجام دیکھنے والا یا مانگنے والا ہول کر دینے والا یا سوال پر حریص نَقَافَۃ مونث

- یا چور جس چیز پر قادر ہو لیجا وے

نقاف[١١] (کتفس) ایک دوسرے کے سر پر تلوار مارنی۔ ایک دوسرے کا سر توڑنا۔

نقاقتر[١٢] (فتفسف) مینڈک۔

نقال[١٣] (کفس) جلد جلد پانوون کا اوٹھانے والا ہو جانا گھوڑے کا۔ اونٹ کا ایک بار اور دو بار پانی اور چارہ کھانا بغیر کسی کے چرانے کے۔

نقال[١٤] (فتفس) گھوڑا کہ پانون کو جلد جلد اوٹھاوے۔

نقاوۃ[١٥] (ضفسف) ایک کھاری گھاس ہے کہ جس سے کپڑا دھوتے ہین نَقَاوَیٰ جمع۔

نقاوۃ[١٦] (ففسف) نقاء (ففسم) نقارۃ (ففسف) نقاوۃ (ضفسف) (س ک) پاکیزہ ہو جانا۔

نقاوۃ الشی[١٧] (ضفسفس) ایک چیز کا برگزیدہ نُقًا نُقَا جمع۔

نقاوۃ الشی[١٨] (ففسف) ایک چیز کا برگزیدہ۔

نقایتہ الشی[١٩] (ضفسفت) ایک چیز کا برگزیدہ نَقًا یا نُقَاء جمع نُقَایَۃ الطعام

خراب وناکارہ گیہون جو چیز کہ اوس
گیہون مین سے دور کرتے ہین ۔
نَقْبٌ (فس) سوراخ ۔ زخم کہ پہلو
پر نکلے ۔ کہجلی اور خارش ۔ یا کہجلی کے
سبب پراگندہ ٹکڑے ۔ پہاڑ کی
راہ اَنْقَاب نِقَاب جمع ۔ ایک گانو
ہے ۔ دیوار وغیرہ مین سوراخ کرنا ۔
بیطار کا چارپایہ کی ناف مین سوراخ
کرنا تاکہ اوسمین سے زرد پانی نکلے
گہوڑے کا دوچے مین پاتوون کو
جمع کرنا ۔ بے نیفہ ازار بنانی ۔
نَقِبٌ (فف) (س) موزہ کا پہٹا
ہوا ہونا ۔ اونٹ کے سُم کا گہسا ہوا
یا پتلا اور باریک ہوجانا ۔ شہرون
مین بہاگتے ہوئے پہرنا ۔
نُقْبٌ (ضف) زخم کہ پہلو پر نکلے
کہجلی اور خارش ۔
نِقْبَةٌ (کسف) روے بند باندہنے
کی ہیات ۔
نُقْبَةٌ (ضسف) رنگ ۔ آواز ۔
روی ۔ ایک بے نیفہ ازار کی مانند
چیز کہ جسمین سنجاف سیتے ہین یا بے
پاے شلوار ۔ کہجلی کا آغاز نُقَب

نُقَب جمع ۔
نِقَتَةٌ (کف) نِقَتَةٌ نِقَتَةٌ بطور
اتباع کے بولتے ہین ۔
نَقْتٌ (فس) (ن) ہڈی مین
سے گودا نکالنا ۔
نَقْثٌ (فس) (ن) سرعت وشتابی
کرنی کسیکو کلام سے رنج دینا ۔
مختلط بات کہنی ۔ ہڈی سے گودا
نکالنا ۔ ایک چیز کو کہودنا ایک جگہہ
سے دوسری جگہہ لیجانا ۔
نَقْثَلَةٌ (فسفف) بڈہے کی رفتار
جو چلنے مین گرد اوٹہاوے ۔
نَقْحٌ (فس) موسم تابستان کا
ابر سپید ۔ (ف) ہڈی کا گودا نکالنا
۔ ایک چیز کا پوست اوتارنا ۔ تنہ
درخت کو چہوٹی چہوٹی شاخ سے
پاک کرنا ۔
نَقَحٌ (فف) خالص ریت ۔
نَقْخٌ (فس) (ف) مارنا سر مین
چوٹ لگانی ۔
نُقَخَةٌ (ضفف) اور متی متلاپے
کے سبب گران رفتار ۔
نَقْدٌ (فس) جو چیز کہ فی الحال

ماده
نقب
ایضا
ایضا
ایضا
ایضا
ایضا
نقت
نقث
نقث
نقثل
نقح
ایضا
۱۲۹۳
نقخ
ایضا
نقد

دی جاوے خلاف نسیہ۔ پورے وزن کا کہرا درم (ن) آمادہ کرنا کسیکو نقد دینا۔ درم وغیرہ کا پرکہنا۔ ایک چیز کا بہترین چہانٹ لینا۔ چہار مغز مین اونگلی گہسانی۔ پرندہ کا جال مین منقار مارنا۔ ایک چیز کی ٹکٹکی باندہنی۔ سانپ کا کاٹے کہانا۔

نقدٌ (فف) ایک قسم کی بکری چہوٹے ہاتہہ پانو والی بہدی صورت کی کہ اوسے کتنک کہتے ہین نقدۃ نِقَاد و نِقَادَۃ جمع۔ عرب مین بولتے ہین ہُوَ اَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ اصمعی کہتا ہے کہ سب مین اچہا صوف نقد کا ہوتا ہے۔ مثل ہے صَلّتُ عَلَی الاَسَدِ وَتُلبَتُ عَنِ النَّقَدِ۔ حقیر و خوار لڑکا کہ جوانی کا اثر اوسمین ظاہر نہووے۔ دانتون کی چہوٹائی اور اونکا موٹا ہوا اور کیڑے کہایا ہوا ہونا۔ سستور کے پوست کی رنگنی۔

نقدٌ (ضض) ایک قسم کا درخت نقدۃ ایک۔

نقدٌ (ضک) دیر مین جوان ہونے والا کم گوشت۔

نقدۃٌ (کسف) رومی ریزہ۔

نقدۃٌ (ضف) ایک قسم کا درخت۔ ایک جگہہ کا نام۔

نقذٌ (فس) آرامش و سلامت (ن) رہائی دینی اور یکسو کرنا۔

نقذٌ (فف) رہاہی دیا ہوا۔ بولتے ہین مَالَہٗ نَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ یعنے اوسکے پاس کچہہ نہین (س) جہہ تنا رہائی پائی۔

نقرٌ (کس) دانہ خرما کا چابک یعنی گرہا

نقرٌ (فک) غصیلا۔

نقرٌ (فس) ایک چہوٹی آواز ہے انگوٹہے کی اونگلی پر مارنے سے نکلتی ہے۔ تالو اور زبان کی آواز کہ جس سے چوپایہ کو ہانکتے ہین (ن) مارنا۔ عیب کرنا۔ بچہ نکلنے کے انڈے مین سوراخ کرنا۔ صور مین پہونکنا۔ پتہر پر لکہنا۔ لکڑی کا سوراخ ہوجانا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے۔ پرندہ کا دانہ چننا۔ لکڑی مین کندہ گری کرنی۔ دعوت خالص کرنی زبان

کا سرا تالو پر چپکا کر آواز دینا ــ زبان کا اضطراب کرنا ــ انگشتک مارنی یعنی چٹکی سے آواز نکالنی چوپایہ کو آواز سے ہانکنا ــ

نَقِرَ (ففت) (س) خشمناک ہوجانا ــ بکری کا نَقِرَہ زدہ ہوجانا ــ مال کا جاتا رہنا ــ اور ضائع ہونا ــ

نَقْرَةٌ (فکف) زمین نشیب میں ہر زمین بلند نَشَاۃٌ نَقِرَۃٌ نَقِرَۃ زدی بکری ــ

نَقَرَہٗ (ضففت) گوسپند کے پانو کے پہلو میں ایک بیماری ہے ــ

نُقْرَۃٌ (فسف) خستہ خرما کی پشت کا چاہک یعنے گڑہا ــ تہوڑی چیز اس معنی کو سوا نفی کے استعمال نہیں کرتے

نُقْرَۃٌ (کسف) بولتے ہیں بَیْنَہُمْ نَقْرَۃٌ یعنے انکے درمیان میں کلام کی بازگردانیگی ہے یعنے وے آپسمین ایک دوسرے پر کلام کو پہیرتے ہین ؛

نُقْرَہٗ (ضسف) زمین میں چہوٹا گڑہا گول نُقَرٌ نِقَارٌ جمع ــ پس گردن کے اعلا کا گڑہا یعنے گدی ــ گلے ہوئے سونے اور چاندی کا ٹکڑا اِنْقَارٌ جمع ــ

آنکہہ کا گڑہا ــ دبر کا سوراخ ــ پرندہ کے انڈے رکہنے کی جگہہ ــ

نَقْرُدَۃٌ (فسفف) ایک جگہہ اقامت کرنی

نِقْرِسٌ (کسک) ایک سوجن ہے ــ پانو کی انگلی اور ٹخنے کے بند کا درد یہہ مرض اکثر اہل نعمت کو عارض ہوتا ہے ــ بلا ــ سختی بزرگ ــ عقلمند و ہوشیار مرد ــ ماہر رہنما ــ گل سرخ کے مشابہ کہ عورتین سر پر لگاتی ہین ــ

نَقَرِیٰ (ففف س) عیب غیبت ــ دعوت خاص ــ

نُقْزٌ (ضس) گوان ــ

نَقَزٌ (فف) چہوٹے چہوٹے چوپایہ دبلے ــ پیچ آدمی کمینہ ــ

نُقْزٌ (ضک) صاف اور روشن پانی اور اچہا ــ لقب ــ

نَقْزٌ (فس) (ن) کودنا ــ ہرن کا دوڑنے مین کودنا ــ

نَقَزَانٌ (ففف س) ہرن کا دوڑنے مین کودنا ــ

نِقْسٌ (کس) دوات کی سیاہی اَنْقَاسٌ اَنْقُسٌ جمع ــ

مادہ

نقر
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
نقرد
نقرس
نقری
نقز
ایضاً
ایضاً
1295
ایضاً
ایضاً
نقس

مادہ
۱ نقس
۲ نقش
۳ نقص
۴ ایضاً
۵ نقض
۶ ایضاً
۷ ایضاً
۸ ایضاً
۹ نقط
۱۰ ایضاً

نَقس ۱ (فس) عیب۔ تمسخر کہجلی وخارش (ن) ناقوس کو بجانا۔ کسی کا عیب اور تمسخر کرنا۔

نقش ۲ (فس) تہوڑا اور نہ بندہا ہوا گوند۔ خشک خرما جہول مین رکہا ہوا اور پانی اوس پر چہڑکا ہوا۔ نقش ونگار کرنا۔ جماع کرنا۔ خوشہ خرما کو دہو دینا تاکہ پک جاوے۔ پانو کا نکالنا۔ ایک چیز کو نہایت آشکار کرنا۔ خار وخس وغیرہ سے خوابگاہ گوسپند کو پاکیزہ کرنا۔ بال کو موچنے سے اوکہاڑنا۔

نقص ۳ (فس) (ن) حصہ مین کم کرنا۔ کم ہونا۔ دین اور عقل وغیرہ مین کمی۔ عہد وپیمان کو توڑنا۔ بنا کو اور رسی کے بٹے کو کہولنا ضد ابرام۔

نقصان ۴ (ضسف) کمی۔ مال مین سے اوسقدر کہ کم ہو جاوے۔

نقض ۵ (ففت) کہلی ہوئی بنا اور رسی۔

نقض ۶ (کس) عہد وپیمان توڑا ہوا بنا اور رسی بٹے کی کہلی ہوئی۔ شہد کی مکہی کی بیٹ مین کہ شہد کی جگہہ پڑ گئی ہو۔ یا کیڑا امرا ہوا جو شہد مین پڑ گیا ہو یا کیڑے پڑا شہد کہ جس سے چہتہ کو اوس کے ساتہہ لیپتے ہین تاکہ وہان آوے اور شہد دے۔ اونٹ جو بہت سفر کے سبب لاغر ہو گیا ہو مذکر و مؤنث یا نِقضَۃ مؤنث۔ کمبل اور خیمہ اودہیڑا ہوا صاف کیا ہو آنا کہ اوسکو دوبارا کاتین۔ کہلی ہوئی زمین گہبنی نکلنے کے وقت اَنقاض نُقوض جمع۔ چوزہ مرغ اور بچہ اور مینڈک اور عقاب اور بزمرغ اور سمانی اور چیل وغیرہ کی آواز اَنقاض۔ نُقوض جمع۔ آدمی کے جوڑون کی آواز۔

نقضۃ ۷ (ضف) کشتی گیری کا ایک قسم کا پیچ۔

نقضۃ ۸ (ضس) ٹوٹی ہوئی بنا کہولی ہوئی۔

نقط ۹ (کس) حرف پر نقطے لگانا۔

نقطۃ ۱۰ (ضسفف) سیاہی کی سپیدی پر اور سپیدی کی سیاہی پر بند کی۔ جبکہ جو بند کی ذار حرف پر لگا دین

نُقَط نِقَاط جمع - مال برگزیدہ -

نَقع (فس) اشتر مُرغ کی آواز - پانی کے جمع ہونے کی تنگ جگہہ -

پانی جو کوئین مین جمع ہو آیا ہو - اچھی خاک کی زمین - پانی کے جمع ہونے کی جگہہ نِقَاع اَنقُع جمع - گرد و غبار نِقَاع نُقُوع جمع - جنگل - زمین پست و ہموار نِقَاع جمع - (ف) پیاس بجھانی - آواز کا بلند ہو جانا گریبان پھاڑنا - مسافر کی مہمانی کرنی اور بکری اونٹ اوس مہمان کے لیے ذبح کرنا -

نَقعَار (فسفسم) اچھی خاک کی زمین کہ پانی اوسمین جمع ہو آوے - پست زمین ہموار - ایک وادی - ایک گانو بنی مالک بن عمرو کا -

اَنقَف (فس) (ن) شراب کو صاف کرنا یا پانی مین ملانا - سر کی کھوپڑی توڑنی یا اوس پر سخت مارنا یا نیزہ یا عصا کو کھوپڑی پر مارنا - چوٹ کا دماغ کے نزدیک پہنچ جانا - چوپایہ کے زخم و جراحت کا اندر کو پہنچ جانا - حنظل کو توڑنا چیرنا - انڈے مین سوراخ کرنا -

نَقف (کس) چوزۂ مرغ انڈے سے نیا نکالا ہوا -

نَقفَہ (ففت) زمین ہموار کا ٹکڑا پہاڑ کی چوٹی پر -

نَقل (فس) موزہ اور پرانی جوتی پیوند لگی ہوئی انقال (فسفس) نقال (کفس) جمع - جو چیز کہ شراب کے اوپر تغیر ذائقہ کے لیئے پیتے ہین (ن) ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانا - اونٹون کو ایکبار اور دوبار پانی پلانا - نعل اور موزہ کو پیوند لگانا - اونٹ کے سُم کا ٹکڑا سینا اور درست کرنا - کپڑے کو پیوند لگانا - حدیث کو مرفوع کرنا یعنے کسی تک پہنچانا -

نَقل (فک) سنگناک جگہہ یا درخت - حاضر جواب مرد -

نَقل (فف) کلام مین حاضر جوابی پر کہ ایک تیر مین سے دوسرے تیر مین رکھے - کنکری - اونٹ کے سُم کی ایک بیماری ہے - سنگستان یا درخت -

ن ق ع
ن ق ع ایضاً
ن ق عر
ن ق ف
ن ق ف ایضاً
ن ق ف ایضاً
ن ق ل
ن ق ل ایضاً
ن ق ل ایضاً

۱۳۹۲

مادہ
۱ نقل
۲ ایضاً
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ نقم
۶ ایضاً
۷ نقنق
۸ ایضاً
۹ نوق
۱۰ نقنق
۱۱ نقو
۱۲ ایضاً

۱۳ ایضاً
۱۴ نقع
۱۵ ایضاً
۱۶ نقہ

نَقلَۃٌ[۱] (فسف) تیر کی پیکان کہ چوڑی اور چھوٹی ہووے نِقال جمع۔

نقلۃ الوادی[۲] (فسف) نالے کے رو کی آواز۔

نقلۃ[۳] (کسف) وہ عورت کہ جسے کلان سالی کے سبب جورو نہ بناوین

نقلۃ[۴] (ضسف) پھراکر ایک جگہہ سے دوسری جگہہ جانا سخن چینی۔

نقیمۃ[۵] (ففف) راہ کا بیچ۔

نقم[۶] (فس) (ض س) کسیکو سزا دینی کے بدلا لینا۔ عتاب کرنا۔ ایک امر کو ناپسند رکہنا عتاب کہانا

نقمۃ[۷] (کسف) بدلا لینا عقوبت کے ساتہہ سزا کرنا۔ نِقَم نَقِمَات جمع

نقنق[۸] (کسکس) بہاگتا ہوا شتر مرغ نِقنِقۃ مؤنث نقانق جمع

نقنق[۹] (ضسفض) گوشت کو چربی سے پاک کرنا جہود کے لئے یہہ امر ہے۔

نقنقۃ[۱۰] (فسفف) مینڈک کی اور پرندہ کی بلند آوازی۔ آنکہہ کا گڑہے مین گہس جانا۔ مینڈک کا آواز کرنا۔ مرغی کا انڈا دینے کے واسطے کڑکڑانا۔

نقو[۱۱] (فس) بازو کی ہڈی یا ہر ہڈی گودے دار اَنقاء جمع۔ (ن) ہڈی مین سے گودا نکالنا۔

نقواء[۱۲] (فسفم) باریک ناک والی عورت

نقوۃ الشیء[۱۳] (فسف) ایک چیز کا برگزیدہ

نقوع[۱۴] (فس) رنگ حسین بہی بوہو۔ سرد پانی شیرین یا پانی نہ اچہا نہ کہاری۔ جو چیز کہ پانی مین بہگو دین جیسا مویز اور خرما اور دارو اور بکنی وغیرہ۔ رَجل نقوع اُذُن مرد کہ ہر چیز پہ ایمان لے آوے۔

نقوع[۱۵] (ضضس) عورت کا سست ہو جانا۔ کسیکو برا کہنا اور دشنام زشت دینی۔ دارو کو پانی مین بہگونا آواز کے پیچہے پیچہے جانا۔ مسافر کی مہمانی کرنی اور بکری اونٹ اسکے لئے ذبح کرنا۔ خبر کو باز رکہنا۔ شراب وغیرہ سے سیراب ہونا۔ شفا پانی۔ فریاد مین آواز کا بلند ہونا۔ پانی کا ایک جگہہ مین جمع ہو آنا۔

نقہ[۱۶] (فک) بات کو سمجھنے والا جاننے والا۔

نَقِهَ (فعف) نقوہ (ضفس) (س) بیماری سے اچہا ہونا اور ابہی ضعف کا باقی رہنا۔ بات کو سمجہنا اور جاننا۔

نَقَیَ (فس) (ض) ہڈی مین سے گودا باہر نکالنا۔ کسی کو گودا کہلانا۔

نَقِیَ (کس) ہڈی کا گودا موٹاپے کے سبب آنکہہ کی چربی اَنقَاء جمع۔

نَقِیٌّ (فکت) پاکیزہ۔ برگزیدہ نِقَاء اَنقِیَاء جمع۔ سپید میدہ۔

نَقِیبٌ (فکس) نائی۔ زبان مرزو۔ کتا جسکے گلے مین آواز سست ہونے کے لئے سوراخ کر دیا ہو ایسا کام لیکم کرتے ہین کہ تاکہ اوسکی آواز اضیاف سنکر نہ چلے آوین۔ قوم کا گواہ اور اونکا ضامن۔ سردار اور قوم کے نسبون کا جاننے والا نُقَبَاء جمع۔

نَقِیبَةٌ (فکسف) نفس۔ عقل۔ مشورت۔ کام۔ سرشت۔ بزرگ پستان کی ناقہ۔ رای کی روانی۔

نَقِیثَةٌ (فکستف) کلمہ اور سخن۔

نَقِیذَةٌ (فکسف) گہوڑا جسے دشمن کے ہاتہہ سے چہوڑا لیا ہو نُقَائِذ جمع

زرہ۔ عورت جسکا خاوند پہلے تہا۔

نَقِیرٌ (فکس) پشت خستہ خرما یعنے خرما کی گٹہلی کا گڑہا۔ کہوکہلی لکڑی۔ زمین مین چہوٹا گڑہا۔ اَنقِرَة جمع۔ پتہر لکڑی وغیرہ سوراخ کیا ہوا۔ تنہ درخت کہ جسمین سوراخ کرکر لکڑی ڈالین اور زینہ کے مانند بنا دین تاکہ اوسکے سبب غرف پر پہنچین۔ ایک لکڑی کی جڑ کہ اوسے کندہ کرکر اوس مین نبیذ بناتے ہین اور اوس کی نبیذ نہایت تیز و تند ہوتی ہے جسکے پینے کے لئے شرع مین نہی وارد ہوئی ہے۔ مرد کی اصل۔ نہایت محتاج اور تنگدست۔ ایک قسم کی کالی مکہی۔

نَقِیشٌ (فکس) برتن مین پراگندہ متاع۔ مثل و ہمتا۔

نَقِیصٌ (فکس) شیرین پانی اور اچہا۔ ہر ایک چیز پاکیزہ کہ خوشبو رکہتی ہو۔

نَقِیصَةٌ (فکسف) سخن چینی عیب۔ بری خو یا سست۔

مادہ
نقہ
نقی
النقب
النقب
النقب
نقب
النقب
النقب
نقی
نقذ
نقر
نقش
نقص
النقص
النقص

۱۳۹۹

مادہ
۱ نقض
۲ ایضاً
۳ نقط
۴ نقع
۵ ایضاً
۶ نقف
۷ نقق
۸ نقل
۹ ایضاً
۱۰ نقم
۱۱ نکأ

۱۴۰۰

نقیض[۱] (فکس) ایک چیز کا الٹا پوست اور پالو اور کمان کے چلہ اور ستور کی تنگ نواڑ کی آواز۔ کجاوہ کی آواز۔ پالان کی آواز۔ کوئین کی گھرنی کی آواز۔ انگلیوں کی آواز۔ استخوان پہلو کی آواز۔ بند اندام کی آواز۔ آواز جو چوپایہ کی سنگی کے جوسنے سے نکلے۔

نقیضۃ[۲] (فکسف) پہاڑ مین راہ۔ کسی کے شعر کا یا شگوفہ کا جواب دینا

نقیط[۳] (فکس) آزاد کئے ہوئے کا غلام آزاد۔

نقیع[۴] (فکس) ٹھہرا ہوا پانی خوشگوار۔ میٹھا پانی خنک یا پانی نہ کھاری اور نہ اچھا۔ بہت پانی والا کنوان

النقعۃ (فکسف) جمع شراب مویز یا خرما اور مویز اور میوون کا پانی کہ بھگوئے گئے ہون سے لائق دودہ کہ سرد کرین اور پئین۔ حوض کہ جسمین خرما کو بھگو دین۔ آواز و فریاد۔ مرد جسکی اور قوم کی ہو۔

نقیعۃ (فکسف) مسافر کی مہمانی چوپایہ جسے مہمانی مین ذبح کرین اوس شخص کا طعام اوس رات کے لئے کہ جس مین وہ مالک ہووے

نقیف[۶] (فکس) پہاڑا ہوا حنظل۔ تنہ درخت دینوک کھایا ہوا۔

نقیق[۷] (فکس) مینڈک کا آواز کرنا

نقیل[۸] (فکس) گھوڑے کی ایک رفتار ہے کہ جسمین ہاتھ پانو کو جلد جلد اوٹھاوے۔ یا وہ ایک رفتار دوڑنے اور پویہ چلنے کے درمیان۔ غریب و مسافر مرد۔ زمین باران رسیدہ رقہ جو آوے۔ راہ جو کچھ ہو

نقیلۃ[۹] (فکسف) پوست کا ٹکڑا جسے جوتی اور موزہ اور رستم پر لگاتے ہین جبکہ وہ گھس جاتا ہے نقائل (ففسک) نقیل (فکس) جمع غریبہ عورت۔ نقیلۃ العضد بازو مین کا سخت گوشت کا ٹکڑا۔

نقیمۃ[۱۰] (فکسف) میمون النقیمۃ پاک نفس۔

نکأ[۱۱] (فس) (ف) زخم پر سے پوست کھول دینا اچھے ہونے سے پہلے پس اوسمین پیپ پڑجانی۔

جلد دوم

دشمن کو مار ڈالنا۔ کسی کا حق ادا کرنا۔

نکابتہ (کفسف) نکوب (ضفضس) (ن) قوم کا کفیل اور نقیب ہو جانا۔ قوم کا معتمد علیہ ہونا۔

نکاعہ (ففسف) شگوفہ ورانہ۔ ایک درخت

نکاۃ (ضفسف) عرب میں بولتے ہیں فلان لا ینکأ ... یعنی وہ حق کو ادا کرتا ہے اور ادا میں تاخیر نہیں کرتا۔

نکات (فتفس) لوگوں کا بہت عیب بیان کرنے والا۔

نکاث (ضفس) آبلہ ریزہ جو ٹوٹ کے دہن میں نکل آوے۔

نکاثتہ (ضفسف) مسواک کا ریزہ جو دہن میں رہ جاوے۔ رسی کے سرے کے بکھرنے ہوئے اور ٹوٹے ہوئے ٹکڑے۔

نکاح (کفس) (ف ض) جماع کرنا۔ عقد نکاح باندھنا۔

نکارۃ (ففسف) عقلمندی ہوشیاری (ک) کام کا سخت اور دشوار ہو جانا

نکاز (فتفس) ایک سانپ ہے بغیر دہن کا کہ ناک سے ڈستا ہے اور سکی دم اور سر میں فرق باریکی کے سبب نہیں معلوم ہوتا اور یہہ سب سانپوں میں خبیث زیادہ ہے نکار نیز نکازات جمع۔

نکامس (ضفسس) بمعنی نکس۔

نکاف (ضفس) کان کی لو کی سوجن۔ بن زنخ شتر کی ایک سوجن ہے یا حلق شتر کی ایک بیماری ہے اور یہہ قاتل ہے۔

نکال (فف) عقوبت وسزا جو کچھہ ہو بعض کہتے ہیں نکال بمعنی اشتہار بالفضیحۃ ہے۔

نکابتہ (کفسف) دشمن کو مار ڈالنا۔ مجروح کرنا۔ جراحت دینا۔ پوست زخم کو کھول دینا۔

نکب (فس) (ن) خمیدہ کی چیز کو گرا دینا۔ تیر دان کو اوندہا کر دینا۔ پتھر کا پانو کو پھاڑنا اور خون آلود کرنا۔ دور پھینکنا۔ رنج اور سختی پہنچانی۔

نکب (فف) ہر ایک چیز کی کجی اونٹ کی لنگراہٹ۔ چوپایہ کی ایک قسم کی بیماری جو شانہ میں

ہوجاتی ہے اور اوسے تر کی مین تولانحو کہتے ہین۔ اونٹ کا نکبت کے سبب لنگڑانا۔

نکب (نک) پہٹا ہوا پاؤ کنکری سے خون آلودہ ہوگیا ہوا۔

نکباء (فسفسم) ہوا کہ اپنے چلنے کی جگہہ سے پہر جاوے اور دو ہواؤن کے درمیان چلے یا صبا اور شمال کے درمیان چلے نُکُب جمع یا نکبا چہار ہوا ہے ازیب (فسفم) اور رِقہ نکباء (فسفسم) صبا اور جنوب ہے اور صابیہ اور اوسے نکیباء بہی کہتے ہین نکباء صبا و شمال اور جربیا نکباء شمال اور دبور اور یہہ نیحہ (کتکف) ازیب ہے اور رہیف نکباء (فسفسم) جنوب اور دبور اور یہہ نیحہ نکباء (کتکف فسفم) ہے۔

نکت (قس) (ن) کسیکو سر کے بل گرا دینا۔ عصا وغیرہ سے زمین پر مارنا ایسا کہ نشان باقی رہے عرب مین بولتے ہین رایتہ ینکت فی الارض یعنے مین نے اوسے

اوسکے امر مین متفکر دیکہا۔ کودنا اور بے آرامی کرنی۔

نکتة (ضنسف) مشدد کی نکات (کفس) جمع۔ آئینہ کا زنگ۔

نکث (کس) (ن ض) عہد کو توڑنا کنبل اور چادر پرانی کے پشم کو صاف کرنا تاکہ دوبارہ کاتی جاوے۔ رسی کا بٹ کہولنا۔ سر مسواک کا پراگندہ ہونا

نکح (فس) ایک کلمہ کہ اس سے عرب عقد نکاح باندہتے تہے۔ عقد بستگی۔ اُمِّ خارجۃ کو منگنی کے وقت مرد خِطبٌ کہتے یعنے منگنی کرو تو وہ اونکے جواب مین کہتے نکح یعنے منگنی کی کیا ضرورت ہے نکاح ہی کرلو مین نکاح ہی کو تیار ہون تو اسیواسطے یہہ مثل ہو گئی اَسْرَعُ مِنْ نِکَاحِ اُمِّ خَارِجَۃ۔

نکح (فس) عورت کی کس (ن) خواب کا آنکہہ پر غلبہ کرنا۔ مینہ کا زمین پر پڑنا

نکح (ضفف) بہت نکاح کرنے والا مرد

نکحة (ضفف) بمعنی نکح

نکخ (فس) (ن) کسی کے حلق پر نیزہ مارنا۔

نکار (فس) بدفال مرد دشوارخو۔ اَنکاد دمناکید جمع۔ (ان) اکوے کا نہایت تنگ آوازہ کہینچنا۔ کسی کی حاجت کو روا کرنا۔ بہت سوال اور کم نوال ہوجانا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے۔ سائل کو اوسکی حاجت ومطلوب سے باز رکہنا اور اوسمین سے تہوڑا سا دینا۔

نکد (ضس) سخاوت کی کمی۔

نکد (فف) (س) زندگانی کا سخت اور دشوار اور ناخوش ہوجانا۔ کوئین کا پانی کم ہوجانا۔ زندگی کی سختی اور ناخوشی۔ بمعنی نکد۔

نکداء (فسفسم) بہت دودہ والی اونٹنی۔ بے شیر اونٹنی اضداد سے ہے۔ اونٹنی جسکا بچہ نہ جیوے اور اوسکا دودہ بڑہتا جاوے اس لئے کہ بچہ دودہ نہین پیتا۔ نکد جمع۔

نکر (نس) عقلمندی ہوشیاری

نکر (فک) عقلمند ہوشیار۔

نکر (فض) بمعنی نکر۔

نکر (ضض) ہرایک چیز مین کا منکر۔ دشوار کام اور برا۔

نکر (ضض) ہوشیار عقلمند عورت

نکر (فف) نکر (ضض) نکور (ضضس)

نکیر (فکس) (س) کسی کو نہ پہچاننا

نکراء (ففسم) روش وطور۔ بلا وسختی۔

نکراء (فسفسم) زیرکی۔ زیرک عورت تیز فہم۔ ہرایک چیز مین کا منکر۔

نکرة (ففف) ناشناسائی۔

نکرہ (فکف) ناشناسی خلاف معرفت۔ اسم نکرہ وہ کہ جسمین کچہ خصوصیت نہو اور سبمین زیادہ نکرہ شے ہے پہر جو ہر ہے پہر جسم پہر حیوان پہر انسان پہر رجل۔ ایک چہوٹا سا پوست سبز کہ پیٹ مین سے بچہ کے ساتہ نکلتا ہے۔ زخم اور آبلہ خون یا پیپ سے بہرا ہوا ایسا ہی بیماری چیز سے

نکز (کس) ہرایک چیز ناکارہ اور خراب وردی۔ ہڈی مین باقی رہا ہوا گودا۔

نکز (فس) (ان س) کوئین

مادہ

۱۴۰۳

مادہ
۱ نکس
۲ ایضاً
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ نکش
۶ نکص
۷ نکظ
۸ ایضاً
۹ نکع

کے پانی کا منقطع ہونا - سانپ
کا چوپایہ کی ناک اور تیغ پر کو ڈھنا
- مارنا - دور کرنا - پانو سے دبانا
تیز سر کی چیز سے خستہ کرنا -
نکس [۱] (کس) سوفار ٹوٹا تیر
کہ اوسکے اسفل کو اعلےٰ کریں -
کمان کہ جسمین سر شاخ کو سفل
اوربن شاخ کو اعلےٰ کریں اور
یہہ عیب ہے - سست وضعیف
مرد - پیکان جسکی جڑ ٹوٹ گئی ہو
اور اوس کے سر کو جڑ لیا ہو -
بچہ جسکا پہلے ہی پہل پیٹ مین
سے پانو نکلے - جو کہ نہایت کرم
وجوانمردی سے مقصر ہو انکا
(فسفس) جمع -
نکس [۲] (ضض) بوڑہاپے کے
سبب جگہہ پر پڑے ہوئے -
نکس [۳] (ضس) بیماری کا پھر
پلٹ آنا - بیماری کا عود
نکس [۴] (فس) اوندہا کرنا -
کہانے وغیرہ کا بیماری کو پھیرلانا
نکش [۵] (فس) (ن مش) کوئین
کو قعر تک پہنچانا - کوئین مین
سے گارا نکالنا - ایک چیز کو بنیٹر
دینا - فارغ ہوجانا - بولتے ہین
لمعۃ ما تنکش یعنے ایک سبزہ
زار ہے کہ جڑ سے اوکھاڑا نہین جاتا
نکص [۶] (فس) نکوص (ضفس)
(ن ض) ایک امر سے پیچہے ہٹنا -
بزدل ہونا - ترک رہنا - ایک
کام سے کہ جسکے درپے تہا پہر جانا یہ
امر خیر مین خاص ہے اور امر شر
مین نادر ہے -
نکظ [۷] (فف) (ن) کوشش کرنی
سیخ دیکہنا - سرعت وشتابی کرنی -
سخت بہوکہہ - سرعت کروانی -
کسی کی حاجت کو دشوار کردینا -
نکظ [۸] (فس) نکظۃ (ففف) (ن)
کوشش کرنی - سیخ دیکہنا - سرعت
وشتابی کرنی -
نکع [۹] (فس) (ف) کسیکو ایک کام
سے پہرا دینا اور اوس کام سے
سرعت کرانی یا رد کرنا - دور کرنا -
حاجت ومطلب مین سستی
کرنی - سرعت کرانے سے مکدر زندگانی
کرادینا - کسی کی کون پر پشت پا مارنا

کسی کے حق کو اوس سے بند کرنا۔
کسی کے حق کو اوسے دینا اضداد
سے ہے۔ چوپایہ پر دودہنے مین سختی کرنی
نکع (ففف) (س) کسی کی ناک کا
پوست جاتا رہنا۔
نکع (ضفف) رنگ سرخ۔ سیاہ مرد
سرخی مائل۔
نکعۃ (فسعف) طرثوث کے مشابہ
ایک گہاس ہے۔
نکعۃ (فکفف) سرخ رنگ کی عورت
۔ خوب سرخ لب۔
نکعۃ (ففقف) قنادو درخت شلم
نقادی کا پہل۔ ایک درخت کا پہل
ہے سرخ۔ ناک کا سرا۔ سیاہ مرد
سرخی مائل نکعۃ الطرثوث ایک
سرخ رنگ کی گہاس ہے بستان
افروز کے مشابہ کہ اوس سے رنگ
کرتے ہین۔
نکعۃ (ضففف) بے وقوت مردیا
بے قوت احمق مرد کہ جگہہ سے نہ
حرکت کرے۔ مرد جسکی ناک کا پوست
جاتا رہا ہو نکعۃ الطرثوث ایک سرخ
گہاس ہے بستان افروز کے مشابہ

کہ اوس سے رنگ کرتے ہین۔
نکف (فف) چہوٹے غدود جو جڑ
زنخ مین نرمہ گوش اور پس گوش
کے درمیان مین ہوتے ہین نکفۃ
ایک (س) بیزار ہونا۔ ہاتہہ
کا درد ناک ہوجانا (س ن)
ایک کام سے ننگ وعیب رکہنا
اور اوس سے رک رہنا۔
نکف (فس) (ن) آنسو کو رخسار
پر سے اونگلی سے پاک کرنا۔ ایک
چیز سے پہرجانا۔ اور عدول کرنا
۔ کہوج گم کرنا منقطع اور تمام کردینا
نکفتان (ضففتفس) داہین
باہین استخوان زنخ کی دو جڑین۔
نکل (کس) قید و بند سخت۔
بند آہنین انکال جمع۔ ایک
قسم کی لگام۔ یا لگام ستور۔ یا
لگام کا لوہا۔ مہار۔ مرد جس سے
اوسکے دشمن قید مین ہووین۔
نکل (فف) حجر دول کی رسی کا اوسکے
باہین مین باندہ کر مچول کے
گوشون مین مضبوط کرین۔ توانا
دلیر مرد۔ عقلمند ہوشیار آزمودہ کار

مادہ
نکع

1405

قوی گھوڑا رام کیا ہوا تیز ذہن
آزمودہ (س) عقوبت و سزا
قبول کرنی۔
نکل (فس) جس چیز سے کہ سزا کرین
نکلۃ (فسف) سزا جس چیز سے
کہ آدمیون کو سزا پہنچا دین۔
نکمۃ (فسف) رنج۔ مصیبت و دشوار سخت
نکنکۃ (فسفف) قرضدار پر سخت
تنگ گیری کرنی۔ کام کو اچھا کرنا۔
نکوب (ففس) (ن) باد
نکبار کا چلنا۔
نکوز (ففس) بغیر پانی کا کوان
نکز جمع۔
نکوز (ففس) (ن س) پانی
کا زمین مین گھس جانا۔
نکوع (ففس) بونی عورت
نکع جمع۔
نکول (ففس) (ض ن س)
ایک امر سے پیچھے ہٹنا۔ ڈرنا۔
شست و بزدل ہوجانا۔ دشمن
اور سوگند سے رک رہنا۔
نکۃ (فسف) شست ضعیف اونٹ
جو بیماری سے اوچھے ہون یا اونٹ

جنکی ضعیفی کے سبب آواز جاتی رہی ہو
نکۃ (فس) (ض ف) ناک پر پھونک
مارنی۔ بوی دہن کو سونگھنا یا دوسرے
کی ناک پر ہہہ کرنا تاکہ بوی دہن
معلوم کرے۔ بدہضمی کے سبب بوی
دہن بدل جانی۔ گرمی آفتاب کا
سخت ہوجانا۔
نکہۃ (فسف) دہن کی بو۔
نکیب (فکس) اونٹ کے سم کا اوپر
چوپایہ کے سمون کا دایرہ۔
نکیثۃ (فکسف) نقض۔ عہد شکنی۔
خلاف۔ دروغ۔ غایت کوشش
دشوار کام جسمین قوم عہد و پیمان
توڑ ڈالین۔ سرشت و قوت۔
نکیر (فکس) گور مین سوال کرنے
والے فرشتہ کا نام۔ قلعہ مضبوط
حصین نکیرۃ بولتے ہین۔ برگردیدگی
و دیگر گونی۔ انکار۔
نلک (فس) درخت چنار یا
ایک میوہ ہے کہ فارسی مین اوسے
ابنج کہتے ہین نلکۃ ایک۔
نلنل (فسفس) شست ضعیف
نم (فت) بوے مشک کا پھیلنا اور

۱ نکل ۲ نکلۃ ۳ نکمۃ ۴ نکنکۃ ۵ نکب ۶ نکز ۷ نکع ۸ نکل ۹ ایضاً ۱۰ ایضاً ۱۱ نکد ۱۲ نکث

نکلنا۔ سخن چینی کرنی۔ برانگیختہ کرنا کلام کو فاش کرنا اشاعت کے لیے یا فساد کے لیے۔ کلام کو دروغ کے ساتھہ آراستہ کرنا۔

نَمّ (فت) سخن چین نَمّین اَنمار جمع نفس و حرکت۔

نُمّ (ضفت) سخن چین نُمّۃ مؤنث

نَمْگز (فس) چھوٹی بکری۔

نُماگز (ففسم) چھوٹی بکری۔

نُماۃ (ففس) چھوٹی چیونٹی نُما جمع۔

نَمّاس (فتف) مرد سخن چین۔

نَماص (کفس) سوئی کا ڈورا۔

نُماصی (ضفس) چاند نمص (ضفس)

اَنْمِصۃ (فسکف) جمع۔

نَمّام (فتفس) سخن چین۔ ایک خوشبودار گھاس ہے۔

نَمّۃ (کتف) سر کی جون یا چیونٹی

نَمّصۃ (فس) ایک گھاس ہے کہ جسکے پھل کو کھاتے ہین۔

نَمْر (فس) (ن) پہاڑ پر چڑہنا۔

نَمِر (فکف) (س) خشمناک ہوجانا۔ بدخو ہوجانا۔ ابر کا چیتے کا سا رنگ ہونا

نَمِر (فک) شیر ببر نِمار (کفس) انمار

(کفسف) نُمور (ضضس) جمع۔ اسکی طبع مین عداوت بہت ہے اور شدت مین ضرب المثل ہے کہتے ہین نَحوُ اَشَدّ مِنَ النّمِر پاکیزہ پانی اور بہت اور سادہ اور ہاضم۔ شیرین ہو یا نہین۔ حسب خالص آلایش سے پاک۔

نُمْرۃ (ضسف) ہر رنگ کا نقطہ نُمَر جمع۔

نَمِرۃ (فکف) ابر کا ٹکڑا چھوٹا نِمار جمع۔ ایک قسم کی یمانی چادر اور شملہ کہ جس مین سیاہ اور سپید خطوط ہون یا ایک قسم کی پشمین چادر کہ اعراب پہنتے ہین۔ مثل ہے اُرِنِیھا نَمِرۃً اُرِکَہا مَطِرَۃً یہہ مثل اوس چیز کے حق مین کہتے ہین کہ جسکا وقوع یقینی ہووے جبکہ اوسکی علامات اشکار ہوجاوین دام صیاد۔

نُمْرُق (ضسض) نُمرقۃ (ضسضف) چھوٹا تکیہ۔ زین اور پالان کی نہالیچہ

نِمْرِقۃ (کسکف) چھوٹی منہہ کا ...

نُمْرُود (ضسض) ایک بادشاہ

جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام
کو آگ مین ڈالا۔
نمسٌ (فس) (ض) بہید کہنا۔
بہید کا پوشیدہ رکہنا۔
نمسٌ (کس) مصر مین ایک چہوٹا
جانور ہے کہ سانپ کو مار ڈالتا ہے
نمسٌ (فتا) (س) گہی کا خراب
و تباہ ہوجانا۔
نمشٌ (فس) اکف و دست اور
پیشانی کے خط۔ سخن چینی (ن)
زمین سے کچہہ بیہودہ کارون کے
مانند چیتنا۔ جہوٹہہ بولنا ٹڈی
کا جو کچہہ کہ روے زمین پر
ہو اوسے کہانا۔
نمشٌ (فت) اسپید و سیاہ
نقطے۔ گانے وغیرہ کے پوست
کے نقطے اوسکے رنگ کے مخالف
کپڑے وغیرہ کے نقش کے خطوط
(س) ابلق ہونا۔
نمشٌ (نک) ابلق بیل۔ اونٹ
کہ جسکے پانوین سواے نقش پا
کے کہ روے زمین پر ہوتا ہے
ایک نشان ہو۔ علماً رکہ جس کی
پشت پر خطوط ہون۔
نمصٌ (فف) بال کی باریکی اور
پتلاپن ایسا کہ جو زرے کے چہوٹے
پر زردے کے مشابہ ہو۔ بال کی کمی
چہوٹا پر ریزہ۔ ایک گہاس کہ جسکے
طباق اور سرپوش بناتے ہین
نمصٌ (فس) (ن) بال توڑنے
نمصٌ (کس) ایک قسم کی نبات
نمطٌ (فف) ہر ایک فرش کا ابرہ
۔ ایک قسم کا منقش فرش۔ روش و
طریقہ۔ ایک چیز کا رنگ۔ آدمیون
کا گروہ جو ایک کام پہ ہون۔
پشمین کپڑا جو ہودہ پر ڈالین انماط
(فسفس) نماط (کفس) جمع انماطی
(فسفکت) نمطی (ففکت) اوسکی
طرف منسوب۔
نمغةٌ (ففف) نئے جنے ہوئے
بچہ کا جینا۔ دانہ کہ متحرک رہتا ہے
۔ قوم کا برگزیدہ اور اوسکا میانہ
۔ مال کی بہتایت۔ نمغة الجبل پہاڑ
کا اعلا۔ نمغة الرأس سر کا اعلا۔
نمق الطریق (فف) راہ کا
بیچ اور اوسکا معظم۔

مادہ
نمق
مع الفاء
نمل
مع الفاء
مع الفاء
مع الفاء
مع الفاء
مع الفاء
۱۴۰۹

نمق (فس) (ن) آنکھ پہ طمانچہ مارنا۔ لکھنا خط کتابت وغیرہ کا۔
نمقۃ (ففف) ایک چیز کا رواج۔
نمل (فف) (س) ہاتھ کا سو جانا اور سست ہو جانا۔ درخت پہ چڑھنا
نمل (فف) نملان (نففف) ہلکا پن اور شتاب زدگی۔
وَجرۃ (فسف) ایک گڑہا کہ شکار وحوش کے لئے کہودتے ہیں کہ جب وحوش اوس پر سے ہو کر گذرے تو پانو اوسکا گڑہے میں گہس جاوے۔ اوجار (فسقس) جمع۔ وحوش کا نادا ہے جسمیں کوئی منزل نہیں ہے۔

وَجز (فس) سریع الحرکت وُجزۃ

مؤنث - جلد دینے والا - ہر ایک چیز ہلکی اور چھوٹی -

وَجَزَ (فس) وَجَازَۃً (ففسف) وجوزاً (ضضس) (ک ض) کلام کو کوتاہ کرنا -

وَجِعَ (فف) رنجوری - درد مندی - وِجَاعٌ اَوْجَاعٌ جمع - (س) رنجور و درد مند ہو جانا - اسکا مضارع یَجَعُ و یَوْجَعُ و یِیْجَعُ یا یَاجَعُ یِیْجَعُ آتا ہے - یہہ اخیر لغت بنی اسد ہے وہ یَعْلَمُ ضمن یا کو کسرہ نہیں دیتے اسلئے کہ یا پر کسرہ ثقیل ہے اور جب دو اکہٹے ہو جاتے ہین تو قوی ہو جاتے ہین اور جسکو ایک متحمل نہیں ہو سکتے یہہ دونون اوسکو متحمل ہو جاتے ہین -

وَجِعٌ (فک) رنجور و دردمند وَجِعُوْنَ وَجْعَیٰ وَجَاعَیٰ جمع وَجِعَۃٌ مؤنث وَجَاعَیٰ وَجِعَاتٌ جمع -

وَجْعَاءُ (فسفسم) گوہ نگون -

وَجْفٌ (فس) اونٹ اور گہوڑے کی ایک قسم کی رفتار -

وَجَفَ (فس) وَجِیْفٌ (فکس) وجوف (ضضس) (ن) تڑپنا اور بے آرام ہو جانا - اونٹ کا رفتار وجف پر چلنا -

وَجِلٌ (فک) خوفناک مرد وَجِلَۃٌ مؤنث وِجَالٌ وَجِلُوْنَ جمع -

وَجِلَ (فف) ڈرنا - اسکے مضارع مین چار لغت ہین یَاجَلُ یَوْجَلُ یَیْجَلُ یِیْجَلُ جو یَاجَلُ کہتا ہے اوسنے واو کو فتح ما قبل کے سبب الف سے بدل لیا اور جو یِیْجَلُ کہتا ہے وہ پہلے یا کو کسرہ دیتا ہے تا کہ دونون یا مین ایک دوسرے سے متقوی ہو کر کسرہ کے متحمل ہو جاوین - امر اسکا اِیْجَلْ آتا ہے واو کسر ما قبل کے سبب یا سے بدل لیا -

وَجَمَ (فف) بخیل سبک اندام ناکس

وَجْمٌ (فک) ترش روے مرد شدت اندوہ سے سر جہکا ہوئے

وَجْمٌ (فس) کینہ ناکس مرد وُجْمٌ سوء مرد بد - جنگل کی راہون مین نشان یا اوپر تلے پتہر رکہی ہوئے - آروم (ضفس) اسے

ماده
وجب
وجح
ایضاً
ایضاً
وجد
ایضاً
وجل
ایضاً
وجم
ایضاً
ایضاً

١٤٤٧

علامات اعراب قصفکستم یعنی ضمہ فتحہ کسرہ سکون تشدید

مادہ

۱ وجم
۲ ایضاً
۳ وجن
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ ایضاً
۷ وجب
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ وجد
۱۱ وجر
۱۲ وجل
۱۳ وجم
۱۴ وجہ
۱۵ ایضاً
۱۶ ایضاً

زیادہ دَلدار اور لبے کہ عاد نے پشتو سیر راہ کی ہدایت کے لئے رکہ چہوڑے تہے اَوجام جمع - ایک چیز کو ناپسند رکہنا - سینہ پر لات مارنی - گردن اور سینہ پر گہونسا مارنا -

وَجمۃ (فسف) ایکبار کہانا - کہانے میں منہہ کے بل جہک جانا

وَجمۃ (ففف) ننگ و عار -

وَجَنَ (فس) (ل) دور پہینکنا - زمین پر دہر کر کوٹنا - دہوبی کا کپڑے کو کوٹنا -

وَجناء (فسفسم) سخت اونٹنی مضبوط بدن کی - ناقہ بزرگ رخسار

وُجنۃ (فسف) رخسار یا رخسار کا اوبہار وُجنات جمع -

وُجنۃ (ففف) وجنۃ (فکف) بمعنی وجنۃ -

وَجوب (فضفس) سزاوار ولایق مستحق ہونا - بیع کا مقرر ہوجانا - گر پڑنا - آفتاب کا غروب ہونا - آنکہ کا گڑہے میں گہس جانا - مرجانا -

وَجُوب (فضفس) (ض) لازم ہونا - ایک چیز کو پہیر دینا -

وَجُوبۃ (فضفسف) بزدل اور احمق ہوجانا -

وُجود (فضفس) ہستی -

وُجور (فضفس) منہہ میں ڈالنے کے لایق دارو - سخن ناپسند - سخن ناپسند کی شنوائی -

وُجول (ضضفس) بڑے بہتر

وُجوم (ضضفس)

وُجم (فس) اندوہ اور خشم کے سبب خاموش ہوجانا -

وَجہ (فض) صاحب جاہ با قدر و منزلت -

وَجہ (فس) آدمی کا چہرہ - ہر ایک چیز کا چہرہ اَوجُہ وُجوہ اُجوہ جمع - چیز کا عین اور اسکا نفس - چنانچہ بولتے ہیں ہذا وجہ الرائے یعنی نفس اور عین رائے یہی ہے اور ایسا ہی دقیقی وجہ ربک نمازی کا قول وَجَّہتُ وجہی للّٰہ یعنی ذات میری خاص اللہ کے لئے ہے اور بعض کے نزدیک

علامات اعراب خ ف ک س ت م یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م | مادہ

بمعنی عمل ہے ۔ شروع زمانہ بستارہ
مین اوسقدر ستارہ کہ تجھکو پیدا
اور ظاہر ہوجاوے ۔ کلام کا مطلب
ومقصود ۔ رضا وخوشنودی ۔
قوم کا سردار ۔ وُجوہ جمع ۔ بزرگی
اور مرتبہ ۔ تھوڑا پانی ۔ طرف ۔
کنارہ ۔ وُجوہ البلد شہر کے اشراف
(ض) کسی کے منہہ پر مارنا ۔
وجیہہ وباقدر ہوجانا ۔
وُجہتہ (ضسف) طرف ۔ کنارہ
وُجی (فک) خصی کیا ہوا بوک ۔
وُجاء (فق) (ض) چوپایہ کے
سُم کا گھسا ہوا ہونا یا اوسکا سخت
گھسا ہوا ہونا ۔ بخیل پانا ۔
وُجیاء (فسفسم) چوپایہ مادہ
گھسے ہوئے سُم کی
وُجبتہ (فکسف) روزینہ اور
راتب کھانے وغیرہ کا ۔ مقرریہ
وہ یہہ ہے کہ بیع کو واجب کرے
اس شرط پر کہ بایع اوسکی قیمت
مین سے کچھہ لیتا جاوے ۔
وُجیح (فکسم) سخت بنا ہوا کپڑا ۔
وُجید (فکس) زمین ہموار

وُجدان جمع ۔
وُجیز (فکس) ہر شئے مختصر ۔
وُجیع (فکس) درد ناک فرجہ
وَجیع بولتے ہین ۔
وجیف (فکس) اونٹ اور
گھوڑے کی ایک قسم کی رفتار ۔
وُجیل (فکس) گڑھا جسمین پانی
ٹھیرے ۔
وُجیم (فکس) نہایت گرم دن ۔
وُجیمہ (فکسف) چارہ
اور گیہون آفت رسیدہ ۔
وُجین (فکس) وادی کا کنارہ
۔ زمین درشت ہموار تھوڑی
بلند کا کنارہ ۔
وجیئہ (فکس) قوم کا سردار ۔
باقدر و منزلت وُجہاء جمع ۔ چادر
دورخہ کمبل ۔ ایک منکا ہے
بچہ کہ جسکے دونون ہاتھہ ایکبار
ماکے پیٹ مین سے باہر نکلین
۔ وہ گھوڑون کا نام ۔
وُجیہتہ (فکسف) ایک منکا ہے
وُجیئتہ (فکسف) ایک طعام ہے
کہ خرما اور کٹی ہوئی ٹڈی سے

ہے وجہ
ہے وجز
ہے وجع
ہے وجع
ہے وجف
ہے وجل
ہے وجم
ہے وجم
ہے وجن
ہے وجا
ہے وجہ
ہے وجا

کالا الصا
۱۴ زجی
۱۵ وجہ
۱۶ الطف
۱۶ وجا

ماده
۱ه وجی
۲ه وخ
۳ه ایضاً
۴ه وجب
۵ه وجر
۶ه وجف
۷ه وجم
۸ه وجح
۹ه ایضاً
۱۰ه وحد
۱۴۵۰
[illegible]

اور روغن زیت سے تر ترتیب دیتے ہین یا ستو اور خرما سے لگا مادین۔

وجیئ (فکس) گھسا ہوا سم۔ ناکس بے خیر۔

وَحّ (فت) سیخ - ایک درویش

وَحّ (فتک) گانے کے لیے ایک جھڑ کی ہے۔

وحاب (ضفس) اونٹ کی ایک بیماری ہے۔

وُحادۃ (ففسف) وُحودۃ (ضفسف) وحود (فضس) وحد (فس) وحدۃ (فسف) اکیلا اور تنہا رہنا۔

وُحافۃ (ففسف) وحوفۃ (ضفسف) گھاس اور بال کا افزون ہو جانا اور پیچیدہ ہونا اور لمبی جڑون کا۔

وُحام (کفس) (س) (ث ن) حاملہ کا ایک چیز کے کھانے مین خوب میلان۔ چوپایہ کا لا دینے کے وقت دشواری کرنا۔

وَحج (ففس) جائے پناہ۔ پناہ پکڑنی۔

وحجۃ (ففف) جائے نشیب اور حاج (فسفس) جمع۔

وَحد (فف) اکیلا اور تنہا۔

وَحِد (فکس) یگانہ وَحِدَۃ مؤنث

وحد (فس) وحشی چوپایہ اکیلا اور جدا ہو گیا ہوا۔ مرد جسکی اصل اور گھر نا معلوم ہو۔ عرب مین بولتے ہین رأیتہ موحدۃ یعنے مین نے اوسی کو ہر طرف دیکھا یہ لفظ وحدہ مصدر ہے اسکا تثنیہ اور جمع نہین آتا ہے۔

وَحدۃ (فسف) یگانگی۔

وِحر (ش) کینہ و خشم۔ غش و تیرگی دل۔

وَحِر (فک) کینہ ور خشمناک۔

وحر (فف) (س) ایک چیز کے کھانے سے کہ جس پر وحرہ گذرا ہے مسموم ہو جانا۔ طعام مین وحرہ پڑ جانا۔

وَحَرۃ (ففف) ایک چھوٹا جانور ہے گربہ کے مانند۔ ایک سرخ کیڑا ہے زمین پر چمٹا ہوا جس پہ گذرتا ہے زہر ناک کر دیتا ہے وحر (فف) جمع۔ ٹھنگنے قد کا اونٹ۔ سیاہ

رنگ کی عورت حقیہ بہونڈی
یا سرخ رنگ کی بونی عورت اس
(ض) دل میں کینہ رکھنا۔

وحش (فس) جنگلی جانور وحشی
ایک وحوش وحشان جمع۔
حمار وحش حمارۂ وحشی گورخر۔
بلدۃ وحش ویران شہر اور خشک
آبادی۔ وحشاً بھوکے رات گذارنی
(ض) کپڑا بھاگنے میں دشمن کے
پکڑ لینے کے خوف سے پھینکدینا

وحشان (فسفس) غمناک
وحاشی جمع۔

وحشۃ (فسف) اندوہ وترس
تنہائی۔ پریشانی۔ خشک زمین
وحشمناک (ضق) پریشانی اور
اندوہ کرنا۔

وحشی (فسکت) ہر ایک چیز کی
جانب راست یا جانب چپ۔
پشت کمان۔ انسان میں جو چیز کہ
بر خلاف انسی کی ہے اور انس
انسانی میں وہ چیز ہے کہ جو چیز
انسان میں تمہارے مقابل ہو جیسے
کہ ساعدین یدین اور قدمین
تو وہ چیز کہ انسان کے ہاتھ اور
پانوں سے آگے کو ہو وہ انسی
ہے اور جو چیز کہ پیچھے کو ہو وہ
وحشی ہے۔

وحشیۃ (فسکتف) جنگلی جانور

وحص (فس) چھوٹا سا
آبلہ کہ دختر ملیحہ کے رخسار پر
نکل آوے۔ (ض) زمین
پر کھینچنا۔

وحضۃ (فسف) جاڑا۔

وحف (فس) گھنے بال
خوب کالے اور اچھے۔ پرندہ
کا بازو بہت پر والا۔ تازہ
گھاس انبوہ دار۔ (ض) اونٹ
کا اپنے تیئیں زمین پر دے مارنا
۔ نزدیک آنا۔ کسی کی طرف
قصد کرنا۔ شتابی کرنی۔

وحفا (فسفسم) زمین کہ
جسمیں سیاہ پتھر ہوں اور
سنگستان ہو وحافی جمع۔
زمین سرخ۔

وحفۃ (فسف) آواز۔
کالا پتھر۔ وحاف جمع۔

ماده

وحل — ایضاً — وحم — ایضاً — ایضاً — وحی — وحی — ایضاً — ایضاً — وحی — ایضاً — وحی — ایضاً — وحر — وحش — وحم — وخ — وخا — وخت

وَحَل (فف) پتلا گارا کہ چوپایہ اوس مین پہنس جاوے اَوْحَال وُحُول جمع ۔
وَحِل (فس) کسی پر غالب ہونا
وَحَم (فس) (ض) قصد کرنا
وَحَم (فف) (ح س) حاملہ عورت کی ایک چیز کے کہانے کی آرزو ۔ پرندہ کے بازو اور پر کی آواز کہ اوڑنے مین نکلے ۔ زن حاملہ کا ایک چیز کے کہانے مین سخت حریص ہونا ۔ جماع کی خواہش ۔ ہر ایک چیز کی خواہش ۔
وَحمیٰ (فسف) حاملہ عورت ایک چیز کے کہانے مین خوب حریص وِحَام وَحَامیٰ جمع ۔
وحفته (فسف) خوب چپٹنے والا گارا اور پہسلانے والا ۔
وحولح (فسف) بمعنی وَحوَح
وَحوَح (فسف) ہلکا مرد شتاب کار خوب چالاک ۔ قوی ۔ آواز کرنے والا کتا ایک پرندہ ہے
وحوحة (فسفف) گلے رکے ہونے کی آواز ۔ شدت سرما کے سبب ہاتہہ مین پہونک مارنی ۔
وَحیٰ (فف) آدمیون وغیرہ کی آواز کہ دراز اور خفی ہووے ۔ شتاب ۔ شتابی کرنی ۔ سردار بزرگ ۔ بادشاہ ۔ باز ۔
وَحِیّ (فکرت) شتاب وتیزرو
وَحْی (فس) اشارت وکتابت ۔ نامہ وپیغام ۔ سخن پوشیدہ ۔ جو چیز کہ دوسرے کو تم بہیجو ۔ اور دوسرے کی طرف تم ڈالو ۔ آواز کہ آدمیون وغیرہ مین ڈالو وُحِیّ جمع ۔ (ض) دل مین ڈالدینا ۔ شتابی کرنی بہیجنا اشارہ کرنا ۔
وَحِید (فکس) یگانہ وتنہا ۔
وَحْش (فکس) جنگلی جانور ۔
وَحْشَم (فکس) سخت گرم دن ۔
وَخْح (فلت) رنج ۔ قصد (وخائی او وخاوۃ) بہائی اور دوستی کرنا
وَاخَاہُ (فسفس) بمعنی آخاہ ایک لغت ضعیف ہے ۔
وَخَاشتة (فسفسف) (ضفبفه) وخوتة

(ک) خراب وفرومایہ وبے اعتبار
ہوجانا۔ ردی اور زبون ہو
جانا۔ (وَخَام) زمین جسمین
ناگوار ندہ گیابن ہووے۔
وُخَامۃ (ضفسف) وخومۃ
(ضضسف) وَخوم (ضضس)
(ک) گران سنگ وناموافق ہوجانا
۔گران وناگوار ہونا طعام کا
وَخد (فس) (ض) اونٹ کا
سرعت کرنا یا ایک قسم کی اونٹ کی
رفتار شترمرغ کی رفتار کی مانند
یا اونٹ کا قدم فراخ رکھہ کر چلنا۔
وَخدان (ففضس) وخید
(فکس) بمعنی وَخد واخد (فسک)
وخاد (فقضس) کرخو وصیغہ نفی
وَخز (فس) (ض) تھوڑی سی
چیز۔ عرب مین بولتے ہین جاؤ وَخزا
وَخزاً یعنے چار چار آئے۔ نیزہ وغیرہ
سے زخمی کرنا اسطرح کہ پار نہو جاوے
۔ایک چیز کا ملانا۔ سر کے بالون کا
تھوڑا سا سفید ہوجانا۔ وخیز بنانا۔
وَخش (فس) ہر ایک چیز ناکارہ
ردی خراب۔ کمینہ بے اعتبار مرد آدمی

آدمی واحد جمع مذکر مونث برابر
تثنیہ اسکا آتا ہے اور کبھی اوسکی
جمع بھی آتی ہے اوخاش (فسفس)
وخاش (کفس) جمع۔
وَخض (فس) (ض) نیزہ کو
چبھانا اسطرح پر کہ دوسری طرف
نکلکر جاوے یا نیزہ کے ساتھہ
بے مبالغہ زخمی کرنا۔ بالون کی
سپیدی سیاہی مین مل جانی
وَخط (فس) (ض) سپید بالون
کا سیاہ بالون مین ملجانا یا سپید
بالون کا فاش ہوجانا یا سپید اور
سیاہ بالون کا برابر ہونا۔ اتیجہ
ہوی اور دوہری ہوجانا۔ شتاب
چلنا۔ داخل ہونا۔ اوچٹتا ہوا
یا ہلکا نیزہ مارنا۔ جوتی کا چلنے
مین آواز کرنا۔ بیع مین کبھی
نفع اور کبھی خسارہ اوٹھانا۔
ہلکی تلوار مارنی۔
وَخف (فس) (ض) خطمی کو
اتنا ملنا کہ لعاب اوٹھہ آوے۔
خطمی کا ملا ہوا ہونا۔ کسی کا عیب کے
ساتھہ ذکر کرنا۔

ماده
وخم
وخد
وخذ
وخز
وخش
وخص
وخض
وخط
وخف

۱۴۵۳

مادہ: وخف — وخم — ایضاً — ایضاً — ایضاً — ایضاً — وخن — وخخ — ایضاً — وخص — وخم — وخی — وخز — وخض — وخط — وخم — ایضاً — ود

وخفتہ (نسف) ایک چیز ہے
چمڑے کے خریطہ کے مانند۔
وخم (فس) گران و ناموافق
مرد۔ اوخام (نسفس) و خام
(کفس) جمع۔ (ض) مزاحمت
کے مقابلہ مین غالب آنا۔
وخم (فف) ایک بیماری ہے ناسور
کے مانند کہ فرج ناقہ مین پیدا
ہوجاتی ہے
وخم (فک) گران سنگ و ناموافق
مرد وخام کی جمع
وخمتہ (ففف) دخم رسیدہ و فتنی
وخمتہ (فکف) زمین جسکی گھاس
ناموافق و ناگوارندہ ہو وے
شہر کے جو رہنے والون کے
ناموافق ہو وے۔
وخنتہ (نسف) تباہی۔
وخواخ (فسفس) ڈہیلے پوست
کا یا فراخ پوست کا سست زور
کسلمند نامرد یا جو شخص کہ عورتونکی
خواہش نہ رکھے۔ نرم خرما۔
وخوختہ (نسفف) آواز
مرغ کی حکایت۔ آواز مرغ کی
حکایت کرنی۔
وخوص (ضفضس) حرکت۔
وخوم (فضس) گران سنگ
مرد ناموافق۔ زمین جسکی گھاس
ناگوارندہ ہو وے۔
وخی (فس) قصد۔ راہ معتمد
و قاصد۔ وخی جمع۔ جہت (ض)
چلنا یا میانہ چلنا نہ آہستہ اور
نہ شتاب۔ قصد کرنا۔ ایک چیز
کی طرف توجہ کرنی۔
وخز (فکس) شہد کا چور یا جو
ردی موم کہ شہد مین چورتے ہیں۔
وخض (فکس) نیزہ سے زخمی کرنا
وخیلقتہ (فکسف) لعاب خطمی۔
وخیم (فکسف) مرد گران و ناموافق
وخام جمع۔ طعام ناگوار۔
وخیمتہ (فکسف) بمعنی وخمتہ۔
ود (فتس ضس کس) دوست
بہت محبت والا۔ واحد و جمع۔
اوداد (فکسس) اور وداد
(نسفس) اور ود (فکست) و ودید
(فکس) جمع ہے۔ ایک بہار ہے
قوم نوح علیہ السلام کے بت کا نام

ماده

وَذَرَ (فس) (ف) برابر کرنا - پاری اور زشتی کے ساتھ گہلینا - گہوڑے کا ذکر نکالنا تا کہ پیتاب کرے یا نا دین پر جفتی کرے - اِس امر کو چھوڑنے کے معنی مین استعمال کرتے ہین چنانچہ کہتے ہین ذَرْنِی یعنے چھوڑ مجھکو -

وَذَرَ (فف) (س) اخبار کا منقطع اور بند ہو جانا -

وَدَار (فس) ہلاکی -

وَدَاج (کفس) رگ گردن یہہ دونون جانب مین ہوتی ہین -

وُدَاد (کفس) وَدَادَة (ففسف) وُدّ (ضفت) (س) دوست رکہنا - آرزو کرنی -

وَدَاس (کفس) گہاس کہ روے زمین کو ڈہانک لیوے اور ابہی اوس نے شاخ نہ نکالی ہو ونہ اوسے ملتف کہتے ہین -

وَدَاع (ففس) رخصت یہہ لفظ بوقت رخصت تن آسانی کے چہوڑکر سفر سے پہرنے کے وقت اوس کے لاحق حال ہو بطور تفاؤل کہتے ہین -

وَدَاعَة (ففسف) تن آسانی - زندگانی کی فراخی - (ک) سفر کو جانا -

وُدَاف (ضفس) ذکر اس لیے کہ اوس سے منی وغیرہ ٹپکتی ہے -

وُدَاق (ففس) وَدْق (فف) وَدَقَان (ففففس) (ض س ک) مادہ حیوان ذات الحافر کا نر کی خواہش کرنا

وِدَاق (کفس) نر کی مشتاقی

وَدِب (فس) بد حال -

وَدْج (فس) (ض) گردن کی رگ کاٹنی بولتے ہین وَدَجَ دَابَّتَکَ یعنے اپنے چوپایہ کی رگ گردن کاٹ اور یہہ ایسا ہے جیسا آدمی کے لیے فصد - اچھا راست و درست کرنا - قوم کے درمیان صلح ڈالنی -

وَدَج (فف) رگ گردن - سبب وسیلہ - وَدَجَان دو بہائی

۱۴۵۵

مادہ
۵۱ ودح
۵۲ ودر
۵۳ ودش
۵۴ الف
۵۵ ودص
۵۶ ودع

وُدحۃ (نفف) بولتے ہین مَا اَغْنىٰ عَنّى وَدحَۃً یعنے میریطرف سے کچھہ فائدہ اورسنبے نیاز نہین کیا۔

وُدر (فس) مست ہونا اتنا کہ بیہوشی قریب ہے کہ طاری ہوجاوے۔

وَدْش (فس) گہاس کا اول جو اوگے (ض) پنہان ہوجانا۔ پوشیدہ ہونا۔ چلا جانا۔ چہپا دینا اور لیجانا با کے ساتھہ متعدی ہوتا ہے ۔زمین کی گہاس پہلے اوگنا اور انبوہ نہونا۔ کلام کو تمام نہ کرنا۔

وَدْش (نفف) تباہی فساد

وَدْص (فس) (ض) کسی کے ساتھہ کلام شروع کرنا۔ اور انجام نکرنا۔

وَدْع (فس) قبر احاطہ کہ گور کے گرداگرد ہوتا ہے ۔جنگلی چوہا۔ (ف) رخصت کرنا۔ کپڑے کو دوسرے کپڑہ کے

مین رکہنا اور اوسکو اوسمین نگاہ رکہنا اسکا امر ہے دَعْ چہوڑ کے معنی مین لیکن اسکی ماضی اور اسم فاعل اس معنی مین نہین آتا پس دَعْ اور ذر ایک معنی مین ہین یعنی چہوڑ مگر دَعْ امر ہے ترک کے لیے قبل علم اور ذَرْ امر ہے ترک کے لئے بعد علم اور روایت ہے کہ بعض ہمعصرنے امام فخرالدین رازی سے پوچہا کہ اسی آیت مین اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ بجاے تَذَرُوْنَ کے تَدَعُوْنَ کیون نہ فرمایا حالانکہ اسمین اور تَدَعُوْنَ مین تجانس بہی ہے تو جواب دیا کہ کفار نے اصنام کو اپنا خدا بنایا اور اللہ کو بعد اس بات کے کہ جان چکے کہ وہ اونکا اور اون کے آبا کا پروردگار ہے استنکارًا اور استکبارًا چہوڑ دیا پس چونکہ یہان ترک بعد علم کے ہے اسلئے تَذَرُوْنَ فرمایا اور تَدَعُوْنَ

تفرمایا۔
وَدَعَة (فسف) سپید پوتھہ کہ دریا سے نکالتے ہین اور اسکا شگاف غنچۂ خرما کے شگاف کے مانند ہوتا ہے فارسی مین اسی مورہ کہتے ہین اور ہندی مین کوڑی نظر بد کے دفع کے لیے لڑکون کی گردن مین باندہ دیتے ہین ودعات (ففض جمع)
وَدَفَ (فس) (ض) چربی کا پگلا ہونا اور روان ہوجانا برتن کا ٹپکنا۔ دہش کو کم کرنا۔
وَدَفَة (فسف) سبز مرغزار علف ناک۔
وُدْفَة (ففف) نصی اور صلیان گھاس۔ عورت کی فرج کے درمیان کا گوشت زائد
وَدْق (فس) باران یا باران شدید اور بعض کہتے ہین کہ ودق وہ ہے جو بادلان کے درمیان مین سے غبار کی مانند نکلتا ہے سرخ نقطہ آنکھہ مین خون سے پیدا ہوجاتا ہے یا گوشت کا ٹکڑا جو آنکھہ مین بڑا ہوجاوے یا آنکھہ مین ایک بیماری ہے کہ اوسکے سبب کان سوج جاوے
وَدَقَة (فسف) ایضاً (ض) ٹپکنا
وَدَقَ (فس) ودوق (ففعس) (ض) نزدیک ہونا قادر کر دینا۔ مثل مین ہے وَدَقَ الْعَیْرُ اِلَی الْمَاءِ یعنے نزدیک ہوا ایسا مثل اوس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ ایک چیز کی حرص اور اشتیاق سے کسی کے ساتھہ آرام پانا اور انس پکڑنا۔ پیٹ کا فراخ ہونا یا روان ہوجانا۔ مینہ کا برسنا تلوار کا تیز ہوجانا۔ ناف کا فروبستہ ہونا یا اوسکا نکل پڑنا
وَدِقَ (ففف) (س) آنکھہ کا ودق رسیدہ ہونا۔
وَدِقَة (فکف) ودق رسیدہ آنکھہ۔
وَدَکَ (ففف) گوشت کی چکنائی (س) ہاتھہ کا چکنائی بھرا ہونا۔

ودع
ودف
ایضاً
ایضاً
ودق
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ودک

۱۴۵۰

ماده: ودک — ایضاً — ودل — ودن — ایضاً — ودد — ودق — ودک — وده — ایضاً — ایضاً — ودی — ایضاً — ایضاً

وَدَک (فک) موٹا گوشت چربی بھرا۔

وَدَکاء (فسفسم) ایک ریگ تودہ یا ایک جگہہ۔

وَدَل (فس) (ض) مشک کا دودہ کو حرکت دینا۔

وَدَن (فس) (س) عورت کا دبلا فرزند جننا۔

وَدَن (فس) ودان (کفس) (ض) تر کرنا بھگونا۔ حالعروس کو اچھا کرنا اور با وسکی اچھی خبر گیری کرنی۔ ایک چیز کو کوتاہ کرنا کسی کو چوب دستی سے مارنا۔

وَدُود (فضس) دوست بہت محبت والا۔ وُدَداء جمع مذکر و مونث برابر۔

وَدُوق (فضس) گدھی اور گھوڑی نر کی مشتاق۔

وَدُوک (فضس) چکنائی دار چربی۔

وَدَہ (فف) (س) ایک امر سے پھر جانا۔

وَدَہ (فس) (ف) کسیکو ایک کام سے باز رکھنا اور پھیر دینا۔

وُدَّہاء (فسفسم) خوشتر رنگ عورت تھوڑی سی سپیدی لئے ہوئے۔

وَدْی (فکت) منی کہ بعد از پیشاب نکلے۔ خرما کا چھوٹا پودا۔ وَدِیَّۃ ایک۔

وَدِی (فف) ہلاک۔

وَدْی (فس) منی کہ بعد از پیشاب نکلے۔ (ض) کام کا نزدیک کرنا۔ گھوڑے کا ذکر کو پیشاب کے لئے یا جفتی کرنے کے لئے نکالنا۔ مرد کا ودی ڈالنا۔

وَدِید (فکس) دوست۔ دوستان وُدّ اَوِدّاء جمع۔

وَدِیس (فکس) خشک گھاس۔

وَدِیع (فکس) تن آسان۔ آرمیدہ۔ عہد و پیمان۔ وُدُع (ففسک) جمع۔ آسائش ڈھونڈھنے والا گھوڑا۔ آسائیدہ

وَدِیعَۃ (فکسف) زنہار۔ امانت۔ وَدَائِع جمع۔

وَدِیغَۃ (فکسف) مرغزار سبزہ و علف ناک۔

وَدِیق (فکس) گھوڑی نر کی مشتاق و حریص۔
وَدِیقَۃ (فکسف) گرمی کی سختی۔ ساگ کی جگہہ یا گیاہ ناک۔
وَدِیک (فکس) موٹی مرغی چربی بھری وَجَاجَۃٌ وَدِیکٌ بولتے ہین
وَدِیکَۃ (فکسف) موٹی مرغی چربیدار۔ آٹا جسے چکنائی مین ملا کر حریرہ کی مانند بنا دین۔
وَدِین (فکس) تر بھگویا ہوا
وَذْء (فس) نامناسب و مکروہ کلام (مف) عیب کرنا۔ حقیر کرنا۔ آواز مارنی۔ ٹھہر جانا۔ آنکھہ کی بینائی کا کند اور خیرہ ہو جانا۔
وَذَحَۃ (فسف) بیماری۔
وَذَآت (ففس) جسکے سبب رنج اور سختی کھینچین۔
وِذَارَۃ (ضفسف) درزی کی کترنین
وَذَاف (ففس) کیڑا۔
وُذَالَۃ (ففسف) گوشت کا ٹکڑا کہ قصاب قبل از تقسیم جدا کرے
وَذْر (فس) (ض) قطع کرنا۔ زخم مین نشتر گھسانا۔ عورت کی فرج کے درمیان کا گوشت زائد کو قطع کرنا اور بولتے ہین ذَرْہُ یعنے چھوڑ دے اور یَذَرُہُ یعنے چھوڑتا ہے اس معنی مین ماضی اور مصدر اور اسم فاعل مستعمل نہین ہین
وَذْرَۃ (فسف) بغیر ہڈی گوشت کا ٹکڑا یا گول گوشت کا ٹکڑا۔ کٹا ہوا۔ عورت کی فرج کے درمیان کا گوشت زائد
وَذْر جمع سلب۔ اور یہہ قول یا ابن شامَّۃ الوَذَرَۃِ گالی ہے اور ذکر اور سر ذکر سے کنایہ ہے
وَذِرَۃ (فکف) عورت جسکی فرج مین گوشت بہت سا ہو گندہ بو عورت یا دَلّذا اور ہو تہہ والی۔
وَذْح (فس) (ف) روان ہو جانا پانی کا۔
وَذْف (فس) (ض) آب وغیرہ کا روان ہونا۔
وَذَفَان (ففسف) ہتنا ہوا

مادہ
[illegible] ودق
[illegible] ایضاً
[illegible] ودک
[illegible] ایضاً
[illegible] ودن
[illegible] وذا
[illegible] وذح
[illegible] ایضاً
[illegible] وذی
[illegible] وذر
[illegible] وذف
[illegible] وذل
۱۴۵۹
۱۴۵۹ وذر
۱۴۶۰ ایضاً
۱۴۶۱ ایضاً
۱۴۶۲ وذف

ماده
وذف
وذل
ایضاً
وذم
ایضاً
ایضاً
وذی
ایضاً
وذل
وذم
ورا

زدگی ـ نزدیک ـ

وُذْفَۃ (ففف) عورت کی فرج کے درمیان کا گوشت زائد ـ

وُذْلَۃ (ففف) شادمان عورت چست و چالاک ـ سب اور چالاک خادم

وَذْلَۃ (ففف) شادمان عورت خوش قامت ـ

وَذْم (فف) افزونی ـ مَتَنَہ ـ ذکر دونوں خصیوں سمیت ـ گوشت ـ زہدان ناقہ کی آنرخ کہ ولادت سے باز رکھتی ہے ـ گوشتہٗ دلو کے تسمے جنہیں دلو کی لکڑی وَذَمَۃ ایک (س) ڈول کے تسمہ کا قطع کیا ہوا ہونا ـ

وُذَمَاء (فسفم) نہ جننے والی عورت ـ

وُذْمَۃ (ففف) انتڑی ـ شکنبہ وِذام جمع ـ

وَذْی (فس) دھن اخراش چھیلنا

وُذَیَّۃ (فسفت) درد ـ

بیماری ـ تھوڑا پانی ـ عیب ـ

وَذِیلَۃ (فکسف) آئینہ ـ چاندی کا ٹکڑا اجلا دیا ہوا وَذِیل (فکس) وذائل (ففسک) جمع ـ کوہان اور سرین کی چربی کا ٹکڑا ـ زبان آور لونڈی کوتاہ سرین والی ـ شادمان ـ خوش قامت ـ

وَذِیمَۃ (فکسف) خانہ کعبہ کا تحفہ وذائم (ففسک) جمع ـ

وَرّ (فث) (ف) ران کے اوپر کی طرف فراخ ساتی دارزانی ـ

وَرْو (فس) دور کرنا ـ طعام سے پر شکم ہو جانا ـ عرب میں بولتے ہیں ما وُرِیْتُ یعنے نہ سمجھا میں ـ

وَرَاء (ففسعن ـ ففسک فففسقا) پیچھے آگے اضداد میں سے ہے کہ پہلے ایک معنی میں تھا یعنے وہ چیز کہ پوشیدہ ہووے یا آگے پھر پیچھے اور آگے کے معنی میں استعمال کر لیا ـ نحویین اس لفظ کو حالت جر میں مثلاً مِن وَرَاءِ رفع کے ساتھ پڑھتا ہے جبکہ یہ غیر مضاف اور اسم اور غیر متمکن ہووے جیسا مِن قَبْلُ

ماده

اور مین لعنت اور یہہ قول وَرَاءَکَ اَوْسَعَ یہان نصب ہے اس لئے کہ فعل مقدر ہے وہ تاخر ہے یعنی تَاَخَّرْ وَرَاءَکَ اَوْسَعَ اور اس قول باریتعالے مین وَکَانَ وَرَاءَہُم مَّلِکٌ وَرَاء بمعنی امام کے ہے یعنی آگے اور تصغیر اس لفظ کی وُرَیِّئَۃٌ آتی ہے اور یہہ شاذ ہے۔

وَرَاءٌ[1] (ففسم) فرزند کا فرزند

وَرَاءٌ[2] (ففسض) پیچہے۔ آگے اضداد سے ہے مونث ہے۔

وَرَّادٌ[3] (ففتفس) پانی وغیرہ پر آنے والا۔

وَرَادَۃٌ (ففسفف) ورودۃ (ضضسف) (ک) گہوڑے کا گلگون ہوجانا۔

وِرَاطٌ (کفس) مکر۔ فریب دینا۔ اور وِرَاط صدقہ مین یہہ ہے کہ متفرق اونٹون کو جمع کرنا اور گلہ کو پراگندہ کرنا یا اپنے مواشی کو اور کے مواشی مین پنہان رکہنا یا اوسکو گڑہے اور صحرا مین چہپانا تاکہ مصدق اون پر مطلع نہووے یا مواشی کو پراگندہ کردینا مصدق سے جہوٹہہ کہنا کہ فلانہ کے پاس صدقہ ہے اور ایسا نہو۔

وَرَاعَۃٌ[4] (ففسف) وراع (ففس) ورعۃ (فسف) ورع (ضفس) ورع (ضس) از کرم اور سست اور خرد اور بے خیر و بے فائدہ ہوجانا۔

وَرَاعَۃٌ[5] (ففسف) ورع (فس) ورع (ففس) (ح ص ک ف) پرہیزگار ہوجانا رک رہنا۔

وِرَاقٌ (کفس) گہاس۔ زمین کی گہاس سے سبزی۔

وِرَاقٌ (کفس) درخت کا پتے نکال لانے کا وقت

وَرَّاقٌ[10] (فتفس) بہت درم اور دینار والا مرد۔ کاغذ کاٹنے والا ورق ساز۔ لکہنے والا۔

وِرَاکٌ[11] (کفس) پالان مین وہ جگہہ کہ جہان سوار کا پانون ہو۔ ایک کپڑا کہ جس سے پالان

١٤٦١

مادہ: ورن — ورب — الف — الف — الف — الف — ورر — ورخ — الف — الف

مورک کو سنوارین ورک (ضف) جمع – چادر کہ مورک پر ڈالین اور او سمین پشم رنگین کا ذوابہ ہوتا ہے یا ایک سنوری ہوئی دہجی کہ اوس سے مورک کو ڈہانکین – پالان کے آگے کا چہوٹا سا تکیہ –

وِرَانِیَّۃ (فضسکف) کوکن

وَرِبَ (ففت) (مس) خراب و تباہ ہونا –

وَرَبٌ (فس) زمین مین وحشی کا گہر – جنگلی چوپایون کا گلہ – پہلی کی دو ہڈیون کا درمیان – پہلی انگلی اور انگوٹہے کا درمیان – کوکن – چوہے اور بچہو کے سوراخ کا دہانہ اوراب (فسفسکس) جمع –

وَرِبٌ (کس) اِرْب کا ایک لغت ہے بمعنی عضو – زیرکی – مکروبدی

وَرْبٌ (ذکس) تباہ وخراب لٹکا ہوا ابر –

وَرِبَۃ (فسف) کون –

وَرَۃ (فتف) خوار و حقیر عورت

– ران کے اوپر کی طرف –

وَرْخ (فس) مرخ کے مشابہ ایک درخت ہے –

وَرِخَ (ففف) (دمس) نرم اور فرد ہشتہ ہو جانا –

وَرِخَۃ (فکف) زمین جسکی گہاس آپسمین لپٹی ہوئی ہو –

وِرْد (کس) تپ یا نوبت تپ – قرآن و نحو مین سے ٹکڑا اضر ورپڑہنے کے لائق روز – نوبت آب پانی کا حصہ – پرندون کا گلہ – پانی پر آنے والے آدمی اور اونٹ – لشکر کا ایک گروہ – پانی پر آنا – تپ کا بنوبت آنا –

وَرْد (فس) ہر درخت کا پہول اکثر گل سرخ کو کہتے ہین وَرْدَۃ ایک – گلگون گہوڑا – یعنے کمیت اور اشقر کے درمیان وَرْدَۃ مؤنث ورد (ضس) وراد (کفس) اوراد (فسفس) جمع – مرد دلیر – زعفران – شیر –

وُرْدَۃ (ضسف) گلگونی –

وَرْدَۃ (فسف) ہلاکی – شام

جسکی افق سُرخ ہو۔
وُرِفْ (فس) حاجت مین آہستگی اور توقف کرنا۔
وَرْس (فس) ایرک اور یہہ ایک گہاس ہے سِمسِم کے مشابہ ہندت اسکا صرف بلاد یمن ہے اسے بوتے ہین اور بیس برس تک باقی رہتی ہے
وَرَسَ (فعت) (سرعا) پتہر پر کائی کہ جم جاتی اتنی کہ سبز اور پہلوان ہو جاوے۔
وُرَسِیَّۃ (فسف) بہت پانی والا ایک چشمہ ہے۔
وَرْشِیّ (فبسکت) ایک قسم کا کبوتر جسکا رنگ سُرخی اور زردی مائل ہوتا ہے۔ کاسۂ زرین سب سے بہتر۔
وَرْشٌ (فس) ایک طعام ہے کہ دودہ کا بناتے ہین۔ (ض) کسیکو ورغلانا۔ کہانے کے وقت بےناخواندہ چلے آنا۔
وُرْشَۃ (نفعف) درد شکم۔ (س) اونٹ کا سبک اور شادمان ہو جانا۔
وَرِشٌ (فکس) اونٹ وغیرہ مین سے سبک و شادمان۔ چوپایہ جسے چلنے سے باز نہ رکہہ سکین وَرِشَۃ مؤنث وَرِشَات جمع
وَرَشَان (ففس) قمری وَرَشَانۃ (ففسف) مؤنث اسکا گوشت کبوتر کے گوشت سے بہت ہلکا ہوتا ہے اور مثل مین ہے بِعِلَّۃِ الوَرَشَان یاکُلُ رُطَبَ المُشَان۔ اصل اسکی یہہ ہے کہ ایک قوم نے اپنے غلام کے پاس اپنے نخل رطب حفاظت کے لیئے رکہوا اسے اور وہ اوس مین سے کہا لیا کرتا تہا الغرض جب اوسکو اوسکے سوءِ عمل پہ سزا ہونے لگی تو کہا اکلہ الوَرَشَان یعنی قمری کہا گئی پس یہہ مثل مشہور ہو گئی اور یہہ مثل اوس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ ایک چیز آشکار کرے اور اسکا

ماده
ورف
ع ورس
ع ایضا
ع ایضا
ع ایضا
ع ایضا
ع ورش
ع ایضا
ع ایضا
ع ایضا

۱۴۶۳

ماده

لہ ورص
لہ ورض
لہ ورط
لہ ورع
لہ الفا
لہ ورف
لہ الفا

۱۴۶۴

خلاف اوس سے مراد ہووے ورَاشین (ففسکس) ورشان (کسفس) جمع - اور بعض اس جانور کا نام وَرَاشین بہی کہتے ہین چنانچہ یہہ قول اوسکا شاہد ہے -

شعر

یَا عُلَمَاءَ القَرِیضِ اِنّی
اَحْجِزْنِیْ لِلْقَرِیْضِ کَشْفٌ
فَخَبِّرُوْنِی عَنِ اسْمِ طَیْرٍ اَلنِّصْفُ طَرْفٌ
وَالنِّصْفُ حَرْفٌ -

مطلب اس شعر کا یہہ ہے کہ اے علماء شعر مجہکو ایک ایسے جانور کا نام بتاؤ کہ آدہا تو اوسکا بمعنی طرف ہے اور آدہا حرف ہے پس وہ وراشین ہے بمعنی قمری کہ اسمین ایک نصف ورا ہے یعنی طرف اور نصف آخر شین ہے کہ وہ حرف ہے -

وَرْصٌ (فس) (ض) ایک بارگی مرغی کا انڈا دینا -

وَرَّصَ (فس) (ض) پتلا پاخانہ پہرنا - ایکبارگی پرندہ کا انڈا دیدینا -

وَرْطَةٌ (ضسف) کون - ہر زمین پست گڑہیلی - ہموار زمین بے راہ ونشان - ہلاکی - ہر امر دشوار کہ جس سے کسیطرح رہائی نہو - چلا گارا - کیچڑ کی جگہہ کہ جب بکری اوسمین گرے تو اوس سے رہا نہووے - کوآن وراط (لغس) جمع -

وَرَعٌ (فک) پرہیزگار - بزدل خرد وحقیر وسست وبے خیر وبے فائدہ -

وَرَعٌ (فف) پرہیزگاری - بزدل ڈرنے والا - ابن السکیت کہتا ہے کہ اصحاب لغت وَرَع سے مراد جبان سمجہتے ہین اور ایسا نہین ہے بلکہ وَرَع بمعنی صغیر وضعیف ہے

وَرْفٌ (فس) جو چیز کہ گرداگرد جگہہ سے رقیق اور پتلی ہووے

وَرَفَ (فس) وریف (فکس) وروف (ضفس) (ض) سایہ کا فراخ پڑنا اور دراز وکشیدہ ہونا اوس کا - گہاس کا بڑہنا اور خوب سبز ہو جانا -

علامات اعراب ضفکستم یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م

وُرُق (ففف) قطع کیا ہوا کاغذ پتا وَرَقَۃ ایک - زمین پر خون کا ٹکڑا گول یا پیپ زرد آب کہ زخم سے ٹپکے - جس چیز کو چوپایہ سے پامال اور توڑا الا ہو - ہر حیوان زندہ - مال درم ہو یا اونٹ وغیرہ - قوم کے نوجوان یا شستہ جوان - قوم کی بیلی اور اون کی خوبی - دنیا کا جمال اور اوسکی خرچی اور خرسندی - سیم مضروب اَوْرَاق وِرَاق جمع -

وُرْقَاء (فسفسم) بھیڑیا یا دین کبوتر - فاختہ وَرَاقِی جمع - وَرْقَاوِی ورقاء کی طرف منسوب

وَرِقَۃ (فکفف) زن فرومایہ - بہت پتوں والا درخت -

وُرَقَۃ (ففف) ناکس فرومایہ گرامی جوانمرد - اضداد سے ہے یا وَرِق مذکر ہے اور وَرِقَۃ مؤنث

وُرْقَۃ (فسف) عیب - بولتے ہیں فی القوس وُرْقَۃ یعنے کمان میں عیب ہے -

وُرْقَۃ (فسف) خاکستر گونی

وُرَیْقَۃ (فکفف) کاغذ تراشی کتاب نویسی -

وُرِک (ففت) ران کے اوپر کی طرف کی ہڈی - بن درخت -

وِرْک (کس) کمان کی جانب اور اوسکی زہ کی جائے گذار - ایک کمان کہ بن تنہ درخت سے بنائی ہو -

وَرِک (فک) ران کے اوپر کی طرف مؤنث ہے -

وُرْک (فس) رشتی کو ورک کے آگے کرنا - ورک پر تکیہ کرنا

وُرْکَاء (فسفسم) عورت جسکا ران کے اوپر کی طرف بزرگ ہو - بڑے سرین والی عورت -

وِرْکَان (کسفس) جو چیز کہ بن اور تنہ درخت میں سے بیچ کے متصل ہو -

وُرْکَانۃ (فسفسف) بڑے سرین والی عورت -

وُرْکِی (فسف) احمق خر

وُرَل (فف) سوسمار کے مانند شکل میں ایک جانور ہے

مادہ
ورق
۱ے ورق
۲ے ایضاً
۳ے ایضاً
۴ے ایضاً
۵ے ایضاً
۶ے ایضاً
۷ے ایضاً
۸ے ورک
۹ے ایضاً
١٤٦٥
۱۰ے ایضاً
۱۱ے ایضاً
۱۲ے ایضاً
۱۳ے ایضاً
۱۴ے ایضاً
۱۵ے ایضاً
۱۶ے ورل

ماده:
۱ ورم
۲ ورن
۳ ورد
۴ ورر
۵ ایضاً
۶ ورق
۷ ورک
۸ ورد
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً

۱۱ ایضاً
۱۲ ایضاً
۱۳ وری

کرلیسے سے بڑی بنی دم کا چھوٹے
سر کا وِرلان اور اَل (فسفسر)
اِرۡ دَل (فسض) جمع —
وَرَم[1] (ففف) سوجن اور اَم
(فسفس) جمع — (ح) سوج
جانا — عرب مین بولتے ہین
وَرِمَ اَنفُہٗ یعنے خشمناک
ہوگیا اور ناک کو تکبر و خشم
کی راہ سے پُر باد کیا
وَرَنتَہ[2] (فسف) ماہ ماہ
ذیقعد کا نام —
وَرۡدو[3] (ضفضس) آنا —
وَرۡوَرَۃ (فسقف) تیز دیکھنا
کام مین شتابی کرنی —
وُرۡوری[4] (فسفکت)
سست بینائی والا مرد —
وَرۡوش[5] (ضفضس) طعام
کو لینا اور حرص تمام سے کہانا
— ایک چیز کا حریص ہونا — نیچے
اور بڑے کامون کے در پئے
ہونا —
وَروک[6] (ضفضس) (ض)
ایک جگہہ مین اقامت کرنا — ایک

کام پر قوی ہوجانا — گدہے کا
مادہ کے سرین پر زنخ رکہنا —
اور ترنے کے لیے وَرک لیٹنی
کسی کے سرین پر مارنا — (ح ف)
پہلو پر سونا گویا کہ اپنی ورک کو
زمین پر رکہتا ہے —
وَرَدَہ[8] (ففف) (س) احمق ہو جانا
— کام مین نا استادی اور اناڑی
پن کرنا — ہوا کا بہت چلنا —
وَرۡرَہ[9] (فسس) (ح) بہت چربی دار
ہوجانا عورت کا —
وَرۡہاء[10] (فسفسم) احمق مونث
اور رہ (فسف) سحابۃ وَرۡہاء
بہت مینہہ والا ابر — ریح (کس)
وَرۡہاءُ تیز اور شتاب چلنے والی ہوا
وَرَہِنۃ[11] (فکف) بہت چربی دار
عورت — سحابۃ وَرِہَۃ بہت مینہہ
والا ابر —
وَرۡہَرَہَۃ[12] (فسفسقف) احمق عورت
وَرٰی[13] (ففف) مخلوقات — بولتے
ہین لا اَدرِی اَیُّ الوَرٰی ہُوَ
یعنی مین نہین جانتا کہ وہ کس
مخلوق ہے — پیٹ وغیرہ مین پیپ

کی جگہہ ـ

وَرْیٌ (ضس) آتش زنہ سے آگ نکلنی ـ

وَرِیٌ (فکت) چربی بہرا ہوا موٹا گوشت ـ آگ دینے والی آتش زنہ ـ

وَرْیٌ (ضس) پیٹ کی پیپ یا سخت زخم کہ اوس سے پیپ اور خون پیٹ مین رہے (ض) پیپ کا پیٹ کو خراب کر دینا اسکا امر واحد مذکر رِ اور تثنیہ رِیَا اور جمع رُوا اور واحد مونث رِیْ اور تثنیہ رِیَا اور جمع رِیْنَ ـ پیپ کا پوست کے اندر گہر کر لینا کسی کے پہیپہڑے پر مارنا اور آگ کا افروختہ ہونا ـ پیہ ناک اور بہت اور آگندہ ہونا گود کا اونٹ کی ہڈی مین موٹاپے کے سبب ـ آتش زنہ سے آگ نکلنی (ح س) گودے کا ہڈی مین جمع ہو آنا اور آگندہ ہونا ـ

وَرْیٌ (ضس) وَرِیٌ (ضکت) آتش زنہ مین سے آگ نکلنی ـ

وَرِیَّۃٌ (فسف) چہیڑا یا لکڑی جس سے آگ بہڑکا دین ـ

وَرِیخَۃٌ (فکس) زمین تر ـ نرم خمیر لٹکا ہوا ـ

وَرِیدٌ (فکس) رگ گردن دونون جانب مین دو ہوتی ہین اَوْرِدَۃٌ وُرُودٌ جمع ـ

وَرِیزَۃٌ (فکسف) ایک رگ ہے کہ معدہ سے جگر تک جاتی ہے ـ

وَرِیشٌ (فکس) کپڑا اور سے رنگا ہوا ـ ملحفۃ ورِیشۃ بولتے ہین ـ

وَرِیعٌ (فکس) پرہیزگار ـ

وَرِیقَۃٌ (فکسف) بہت پتون والا درخت وَرِیقٌ بہی اس معنی مین بولتے ہین ـ

وَزٌّ (فت) مرغ آبی اور اوزّ کو وزّ بہی کہتے ہین ـ

وَزَرٌ (فف) (س) مضبوط پیدائش کا ہونا ـ

وَزْمٌ (فس) (ف) گوشت کو خشک کرنا ـ قوم کو پراگندہ کر دینا اور آپس مین جدا کرنا ـ

ماده
ورى
ايضا
ايضا
ايضا
ايضا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
١٤٦٧
ورز
ورن
ايضا

ماده
۱ وزب
۲ وزر
۳ وزم
۴ ایضاً
۵ وزن
۶ ایضاً
۷ وزر
۸ وزر
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ وزع

وُزاب (فتفس) چور جو چوری مین ماہر ہو۔

وزائرۃ (کفسف) وزیری

وُزام (کفس) سرعت و شتابی

وُزام (فتفس) بہت گوشت والا مرد چیز فربہ۔

وُزان (کفس) ہذا وِزانہٗ یعنے وہ اوسکے برابر ہے۔

وُزانۃ (ففسف) خردمند اور سنجیدہ عقل اور محکم رای ہونا

وُزاوزۃ (ضفسکف) لڑکا پہسپلا مرد۔

وِزر (کس) گناہ۔ گرانی کپڑے اور سلاح و سازکا بڑا لپشتارہ۔ بہاری گون

اَوزار جمع (ض) پشت پر اوٹہا لینا اور قول خداے پاک وَلَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِزرَ اُخرٰی یعنی لَا تَحمِلُ حَامِلَۃٌ حِملَ اُخرٰی اخفش کہتا ہے لَا تَأثَمُ آثِمَۃٌ بِاِثمِ اُخرٰی ۔ رخنہ کو بند کرنا ۔ غالب ہونا۔ گناہ مین گرفتار ہونا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے

وَزَر (فف) کوہ بلند۔ جاے پناہ و معتصم۔

وُزِر (فس) گناہ گار ہو جانا مجہولاً مستعمل ہے۔

وَزَمَ (فس) (ض) ناقہ کا پارہ پارہ پیشاب کرنا اور یہہ بوقت حمل ہوتا ہے۔

وَزَغ (فف) لرزہ۔ بیمار مرد جگہہ پر رہا ہوا سنوار و ذلیل و فرومایہ۔

وَزَغۃ (فسف) کرلیسہ یا ایک جانور ہے کرلیسہ کے مشابہ یہہ نام اوسکا اوسکے خفت اور سرعت حرکت کے سبب ہوا وزغ (فف) اوزاغ (فسفس) وزغان (کسفس) وِزَاغ وَاِزغَان جمع۔

وَزَف (فس) وزیف (فکس) (ض) سرعت کرنی۔ سرعت کروانی

وَزَك (فف) عورت کا سرعت کرنا۔ یا رفتار زشت سے چلنا۔ عورت کا جماع مین نرمی اور فروہشتگی کرنا۔

وَزم (فس) دستہ سبزی ترہ

اندازہ ۔ گوشت جیسے عقاب
اپنے گہونسلے مین جمع کرے ۔ وہ
امر کہ اپنے وقت پر آوے (ض)
قرض ادا کرنا ۔ تہوڑی چیز کو اوسکی
شکل کی طرف جمع کرنا ۔ ایک چیز مین
رخنہ کرنا ۔ رات دن مین ایکبار
کہانا ۔

وَزِمَۃ (فسف) (ض) کسی کے
مال مین کچہہ تہوڑا سا نقصان پہنچنا
۔ کہانے مین موہنہ کے بل گر پڑنا
اور اوس پر بالکل جہنک جانا ۔

وَزْن (فس) مثقال ۔ اندازہ
سنجیدگی اَوْزَان جمع ۔ اوسقدر
خرما کہ ایک آدمی نہ اوٹہا سکا اور
وہ ہجر کے جلّون مین سے آدہا
جلّہ ہوتا ہے یا تہائی جُلّہ وُزُون
جمع ۔ ایک ستارہ ہے کہ سُہَیل
سے پہلے نکلتا ہے اور لوگون کو
خیال ہوتا ہے کہ سُہَیل نکلا ۔ مقابلہ
ایک چیز کا نام ہے ۔ دِرْہَمٌ وَزْنًا
اور دِرْہَمٌ وَزْنٌ یعنے درہم
یا وزن اور بولتے ہین ھُوَ وَزْنُہٗ
یعنے وہ اوسکے برابر ہے (ض)

تولنا ۔ اندازہ کرنا ۔ شعر کو موزون
کرنا ۔ وَزَنَ نَفْسَہٗ عَلٰی کَذَا
یعنے اوس نے اپنا دل ایک
چیز پر رکہا ۔

وَزُونَۃ (فسف) ٹہنگنی عورت
عقلمند سنجیدہ ۔

وَزَانَۃ (کسف) سنجیدگی ۔

وَزْوَاز (فسفس) ایک پرندہ
ہے ۔ سبک ۔ جست کرنے پر مرد ۔ جسکا
سُرین چلنے مین پیچیدہ اور
دوہرا ہو جاوے ۔ کوتاہ ۔

وَزْوَبَ (فضفس) (ض)
پانی کا روان ہو جانا ۔

وَزْوَز (فسف) مرگ ۔ ایک
لکڑی ہے چوڑی کہ جس سے
کانٹے کو اوپر سے نشیب کیطرف
کہینچیں ۔

وَزْوَزَۃ (فسفف) سبکی
شتابی ۔ شتاب کودنا ۔ قدم
پاس پاس رکہہ کر بدن کی
حرکت سمیت چلنا ۔

وَزْوَغ (فضفس) (ورغلانا)
۔ ورغلانیدگی ۔

مادہ
عہ وزم
سعہ وزن
سعہ ایضًا
سعہ ایضًا
عہ وزن
عہ وزب
عہ وزن
عہ ایضًا
عہ فزع

مادہ
سلہ وزی
سلہ ایضاً
سلہ وزر
سلہ وزم
سلہ ایضاً
سلہ وزر
سلہ وزن
سلہ وسس
سلہ وسج
سلہ وسد
سلہ ایضاً

وزیٰ (فف) قوی گبرا سخت بدن والا۔ ٹھنگنا مرد گول دربیم اندام۔

وزی (فس) (ض) جمع ہونا

وزیر (فکس) بادشاہ کا ہمنشین خاص کہ مشیر تدبیر او ظہیر سریر ہوتا ہے اور حکومت بار گران کا تحمل کرتا ہے اوزار (فسفس) وزراء (ضفففسم) جمع۔ پشتی بہم وعددگار۔

وزیم (فکس) ساگ کا دستہ سبزی جمع کی ہوئی۔ سوسمار اور مڈی وغیرہ کا خشک گوشت کہ کوٹ کر روغن ملاتے ہیں۔ شوربا وغیرہ کا لقیہ۔ بریانی بہت گوشت والا مرد۔

وزیمۃ (فکسف) ساگ کا دستہ۔ سبزی جمع کی ہوئی۔ سوسمار اور ٹڈی وغیرہ کا خشک گوشت کہ کوٹ کر روغن میں ملاتے ہیں

وزین (فتکس) مرغ آبی

وزین (فکس) بھاری۔ باوزن۔ پیسا ہوا حنظل

وزین الرای استوار رائے محکم عقل والا۔

وس (فت) عوض۔

وساج (فتفس) رفتار میں خوب لمبی گردن کرنے والا اونٹ تیز رو۔

وساد (کفس) تکیہ تکیہ کی جگہ۔ ناز بالش وسد وسائد جمع قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اِنَّ وِسَادَکَ لَعَرِیْضٌ کثرت خواب سے کنایہ ہے اسلئے کہ جب تکیہ عریض ہوتا ہے تو نیند خوب آتی ہے یا کنایہ ہے پنہائی قفا سے اور بزرگی سر کہ عبادت کی دلیل ہے۔

وسادۃ (ضفسف) تکیہ اور تکیہ کی جگہ۔ ناز بالش۔

وساطۃ (ففسف) میانجی۔

وساع (ففس) مرد حاجتیں سبک۔ گرامی گھوڑا تیز رو گرامی یا فراخ گام

وساعۃ (ففسف) گھوڑے کا فراخ گام اور فراخ ذراع اور گرامی

نزاد ہوجانا۔
وُسام (کفس) نشان۔ چوپایون وغیرہ کا داغ۔
وُسامۃ (ضفسف) خوبی و زیبائی۔
وَسامۃ (ففسف) وسام (ففس ک) زیبا اور خوبرو ہوجانا۔
وسیع (فس) ایک لکڑی ہے جسے کوئین کی تباہ کے پاس ڈالتے ہین جبکہ خاک جھڑنے لگتی ہے وُسُوب جمع۔ (ضں) زمین کا گھاس بہرا ہوجانا۔
وِسب (کس) گھن کی گھاس۔
وَسَب (فف) میل کچیل پیپ۔ (س) چرک اور زمیناک ہوجانا
وُسخ (فف) پیپ (س) ہاتھ اور بدن اور کپڑے وغیرہ کا پیپ بھرا ہونا۔
وَسَط (فف) بیچ۔ ہرایک چیز مین کا راست اور اعدل۔ میانہ چیز نہ اچھی نہ بری وَسَطُ الشَّیْءِ چیز کے دو طرف کا مابین۔
وَسْط (فس) بسکون سین ظرف ہے جبکہ ایک چیز ذی اجزا متباینہ ہووے تو وہان اسکا استعمال حرف بسکون ہے یا ہر موضع کہ جسمین بین کی صلاحیت ہووے تو وہ بالتسکین ہے اور نہین تو بالتحریک ہے جَلَسْتُ وَسْطَ الْقَوْمِ مین بسکون ہے اور جَلَسْتُ وسط الدار مین بالتحریک ہے۔ بولتے ہین (ض) درمیان مین بیٹھنا۔ درمیان مین ہوتا۔
وُسْطیٰ (ضسنف) بیچ کی انگلی۔ صلوۃ وسطیٰ نماز صبح یا نماز ظہر۔ یا نماز عصر یا نماز مغرب یا نماز وتر یا نماز وسط یا نماز عید الضحیٰ یا نماز چاشت یا نماز جماعت یا سب فرض نمازین یا نماز صبح اور نماز عصر اکھٹی یا نماز غیر معین یا نماز عشاء اور صبح کی اکھٹی یا نماز خوف یا جمعہ کے دن نماز جمعہ اور دلون مین ظہر کی نماز بیچ کی نہ لمبی نہ چھوٹی۔ یا نماز پنجگانہ مین سے ہر ایک اسلیئے کہ اوس سے پہلے دو دو ہین

وسم
ایضاً
ایضاً
وسب
ایضاً
ایضاً
ایضاً
وسخ
وسط
ایضاً
ایضاً

ماده
وذر
وسع
وسق
وسم
ایضاً
ایضاً
وسن
ایضاً
ایضاً
ایضاً
۱۴۷۳

اوراوس کے پیچھے دو - ابن سیدہ
کہتا ہے کہ جس نے صلوۃ وسطی کو
غیر صلوۃ جمعہ کہا اوس نے خطا کی -
وسع (ضس) فراخی وتوانگری
- دسترس وطاقت -
وسف (فس) کفتگی کہ پہلے
اونٹ کے سرین اور ران مین
فرہی سے ظاہر ہوتی ہے اور
پھر سارے بدن مین پھیل جاتی ہے
وسق (فس) اونٹ کا بوجہ
جو لادتے ہین - ساٹھہ صاع
وسوق (ضضس) اوسق (فسض)
جمع (ض) جمع کرنا اور لاد دینا
- ہانکنا - ناقہ وغیرہ کا حاملہ
ہونا اور آب کشش کو جا رحم
مین لینا - اوٹھانا -
وسم (فس) نشان وداغ
وسوم جمع (ن) زیبائی اور
خوبی اور جمال مین غالب ہونا
(ض) نشان کرنا - داغ دینا -
وسمۃ (فسف) ایک گہاس
ہے اوسکا پتا برگ مورد کے
مشابہ ہوتا ہے اور اوسکی

ساق غیر مجوف اور اوسکا پہل بقدر
ایک فلفل کے ہے اور پکنے کے بعد
سیاہ ہوجاتا ہے اور اوس سے
ابرو اور بالون کو خضاب کرتے
ہین یا وہ برگ نیل ہے -
وسمی (فسکت) موسم بہار
کا پہلا مینہہ یہہ نام اسواسطے
کہ زمین کو نبات کے سبب نشان
سند کرتا ہے -
وسن (فف) حاجت ونیاز
اوسان (فسفس) جمع - گرانی
خواب یا پینکہ اور غنودگی
وسن (فک) (س) غنودہ
وخوابناک وسنۃ (فکف) مؤنث
وسنان (فسفس) غنودہ
وخواب ناک -
وسنی (فسف) سست عورت
کسلمند - غنودہ عورت پینک سیدہ
- وسنان کی مؤنث -
وسواس (فسفس) اندیشہ
بد - جو چیز کہ دل مین گذرے -
دیو کا نام اس معنی مین ہے قول
خدا تعالے امن شر الوسواس -

مادہ

۱۴۷۳

۱۱ وسل

۱۳ وسم

۱۴

۱۵ الفا و شی

گئے اور شکاری کی نرم آواز + زیور کی آواز - حرکت ہونے کے سبب درخت کی آواز-

وَسْوَاس (کسفس) ایک چیز کا نفس بے نفع و بے خیر-

وَسُوج (نفس) رفتار میں لمبی گردن کرنے والا اونٹ -

وَسُومِس (فسف) قبلیہ میں ایک وادی ہے -

وَسْوَسَۃ (نسفف) اندیشہ دل میں لانا نفس و شیطان کا دل میں ڈالنا- ایک چیز کی ذات و نفس بے نفع و بے خیر-

وَسُوط (نفس) ایک قسم کا بالوں کا خیمہ یا چھوٹا گھر بالوں کے گھروں میں سے - ناقہ جو برتن کو دودھ سے پُر کر دے - ناقہ جسکے سر اور پشت پر بوجھ لا دیں اور اوسکو قید اور بند نکریں - ناقہ جسکے حمل پر ایک برس پر چالیس روز بڑھ جا دیں-

وَسِیج (فکس) اونٹ کی ایک رفتار ہے - (ض) رفتار وسیج پر چلنا-

وَسِیطٌ (فکس) جو کہ کسب میں میانہ اور قدر و منزلت میں بلند تر ہو وسے متخاصمین کے درمیان میانجی -

وَسِیطَۃ (فکسف) پانی جو کیچڑ پر غالب ہووے -

وَسِیع (فکس) فراخ - فراخ قدم فراخ دراع گھوڑا-

وَسِیق (فکس) مینہ (ض) ہانکنا-

وَسِیقَۃ (فکسف) ہم سفر اونٹوں کا گلہ-

وَسِیلَۃ (فکسف) سبب - دستاویز - نزدیکی - مرتبہ و منزلت بادشاہ کے نزدیک وُسُل و وسائل (فضک) جمع

وَسِیم (فکس) زیبائی و خوبروئی وُسَمَاء (ففقسم) و سام (کفس) جمع

وَسِیمَۃ (فکسف) جمیلہ عورت خوبصورت وِسَام جمع-

وَشْی (فس) و شایۃ (کفسف) (ض) بادشاہ کے نزدیک

ماده

وث، وسع، الف، وشق، وشک، وشر، وشب، وشح، وشج، الف، وشر

۱۴۲۷

چغل خوری کرنی امر اسکا قاعدہ کی راہ سے شش آتا ہے لیکن عرب شتر بولتے ہین اسلیے کہ وسے حرف واو نہین بولتے اور کم سے کم جنھین کہ ترکیب واقع ہے وسے دو حرف ہین ایک شروع کا دوسرا وقف کا پس اسلیے شۂ کہتے ہین اور جب اسکو کسی کے ساتھہ وصل ہوتا تو ہا گر پڑتی ہے۔ جھوٹھ کہنا۔ سخن کو جھوٹھ سے سنوارنا۔ اہل قبیلہ کا اور فرزندون کا بہت ہونا۔ جننا۔

وَشاء (فقسم) مال کی کثرت

وشاح (ضفس) الخ یعنی دو ڈورے مختلف رنگ کے موتی پروئے ہوئے کہ ایک دوسرے پر لپیٹ کر عورتین گردن سے بغل کے نیچے تک لٹکاتی ہین یا وہ ایک چوڑا تسمہ ہے۔ جواہر نگار رنگ وشح (صف) اور شحۃ (فساعت) وشائح (فضسک) جمع

وشاحۃ (کفسف) تلوار۔

وشاق (ففس) تھوڑا دودہ منقطع ہونے والا۔ جانے والا

وشاک (کفس) تیز روی و شتابی

وشائز (فغسک) ناز بالش جنھین روئی بہت ہو۔

وشب (فس) ہر چیز ردی اور رذل اور اور سطر وشبۃ مونث بمرہ کے وشبۃ بولتے ہین یعنی دلدار پوست کا خرما۔

وشج (فس) (ض) شاخون کا لوگون کا درہم پیچیدہ ہونا۔ خویشی و قرابت کا آپسمین پیوستہ ہونا

وشجار (فسفسم) بکری جسکی گردن اور سینہ سپید ہو۔

وشخ (فس) ناکارہ زنبیل اور سست برگ خرما کی کہ اوس میں خرما رکھتے ہین۔

وشر (فصض) دانتون کی خوبی اور تیزی خلقی ہو وسے یا جعلی ہو

وشر (فس) (ض) لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔ عورت کا دانت کو تیز اور تنگ کرنا۔

مادہ

1475

وَشْز (فس) اور حرکت میں بھی قوی جای بلند - وہ شخص کہ جسپر اعتماد کریں اور اسکی پناہ لیویں - سختی - سرعت و شتاب اوشاز جمع

وَشْظ (فس) (ض) ایک لکڑی جسکو دروازہ کے نیچے لگاتے ہیں تاکہ دروازہ کھل نہ جاوے اور میخ دستہ تیر اور تیشہ میں لگانا تاکہ تنگ اور استوار ہو جاوے - ہڈی میں کا ایک ٹکڑا توڑنا - وُشّیظ القوم الینا یعنے قوم ہے ہمارے ساتھ پیوستگی اور آمیزش کی اور وہ تھوڑی تھی -

وَشْع (فس) ساگ کا شگوفہ - درخت بان کا شگوفہ (ف) پہاڑ پر چڑھ جانا - سر پر بالوں کی سپیدی نکل آنی - سبز گھاس کا خشک گھاس کی جڑ سے نکلنا -

وُشْع (ضض) مکڑی کا گھر -

وَشْغ (فس) تھوڑا (ض) پیشاب کرنا -

وَشْق (فس) چراگاہ متفرق (ض) گوشت کو قید کرنا - نیزہ مارنا سکھانا سرعت کرنی -

وَشَق (فتحتین) ایک روئیدگی کا نام ہے حنا کے مانند - یا وہ اشنہ ہے کہ ایک گھاس ہے معرب ہے -

وَشْک (فس) سرعت اور شتابی اسی سے ہے یہہ وَشْکُ الفراق اور وَشْکُ البین (ک) سرعت کرنی -

وُشْکان (فسفس) سرعت کی یہہ اسم فعل ہے وُشْکان الامر سرعت کار -

وَشَل (فف) تھوڑا پانی کہ پہاڑ یا پتھر سے رسے اور یا وسکے قطرے متصل و متوالی ایک دوسرے کے ہوں یا پانی کہ تھوڑا تھوڑا کوہ سے ٹپکے - بہت پانی - تھوڑا آنسو - بہت آنسو اضداد سے ہے اَوْشال جمع وَشَل میں ہے بل بالکل اَوْشال - اور بولتے ہیں جاؤا اَوْشالاً یعنے ایک دوسرے کے پیچھے آئے - خوف وہم

مادہ

وَشَل (فس) وشلان (ففعلان) (ض) روان ہونا یا ٹپکنا۔ سُست ہوجانا۔ درویش و محتاج ہوجانا کسی سے فریاد و زاری کرنی۔

وَشم (فس) نقش و نگار جو سوئی سے گود کر اور نیل اور سیر چھڑک کر بناتے ہین وُشوم وِشام جمع۔ پہلے گہاس جو اُگ گئے۔ (ض) بدن کو سوئی سے گودنا اور اوسپر نیل چھڑکنا۔

وَشمۃ (فسف) مینہہ کا قطرہ سخن اور کلمہ۔

وَشن (فس) زمین بلند۔ پھیکے ہوئے گوشت کا او

وَشنان (ففعلان) ایک گہاس ہے۔

وَشواش (فسف) سبک۔ شتر مرغ ہلکا تیز رو۔

وَشواشۃ (فسفسف) ہلکی ناقہ چالاک۔

وَشوشۃ (فسف) سخن تہوڑا سبکی۔ تہوڑا دینا۔

وَشوشی الذراع مرد کام مین سبک۔

وشوزع (ففعلل) متفرق گہاس کہ پہاڑ مین اُگ گئے۔ دہن مین گرانے کے لائق دارو

وُشوع (فعول) دارو جو دہن مین چوائین۔

وشول (ففعول) ناقہ بہت دودھ والی۔

وشول (ففعول) دولت و غنا کی کمی۔ بہرہ کی کمی۔ سستی۔

وشوم (فعول) جنگلی گائے کی ہاتھ کی لکیرین۔

وشی (فس) کپڑے کی چہینٹ ہر رنگ کی۔ تلوار کا جوہر۔ وشوی اوسکی طرف منسوب۔ ایک قسم کا کپڑا وشاء جمع۔ مجرور بہ وشی کہان کا شہر کہ جسمین سونا ہے (ض) کپڑی کو منقش کرنا و سکو سنوارنا اور اچھا کرنا۔

وشیج (فکس) ایک درخت کہ اوسکا نیزہ بناتے ہین۔ خویشی و قرابت کی در ہم پیوستگی۔

وشیجۃ (فکس) درخت کی جڑ اور ریشہ وشیج (ففکس) جمع

علامات اعراب مختلفہ مستعملہ یعنی ض ضمہ - ف فتحہ - ک کسرہ - س سکون - ت تشدید

ماده

درخت خرما کا پوست کہ بٹ کر دو
لکڑیون کے درمیان باندھ کر
اوس پر کٹے ہوئے گیہون وغیرہ
ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجاتے
ہین وشیجة القوم (فکسف)
قوم کے خورد اور کمینے -
وشیظ (فکس) بیرو لوگ
نوکر لوگ - کڑی خو کے لوگ -
احمق - ہر جگہہ کے اور ہر جنس
کے پراگندہ لوگ کہ ایک اصل
کے نہون -
وشیظة (فکسف) ہڈی کا
ٹکڑا کہ استخوان پر زائد ہووے
- لکڑی کا ٹکڑا کہ جس سے کاسہ
کو پیوند کرین - قوم کے فرومایہ لوگ
وشیع (فکس) چھوٹی چھوٹی
ٹہنیان اور بوریا جسکو چھت پر
اور بالاخانون پر ڈالدیتے ہین
اور کبھی اوس سے چھپر کے گھر
کے اطراف کے پردے بھی بناتے
ہین ۲ اور نیز گہاس سے باندھ دیتے
ہین - درخت اور خار از قبیل
وغیرہ جو باغ کے گرد منصوب کرین

تاکہ اوسمین داخل نہو سکین -
بوریا کے مانند ایک چیز کہ نیز
گہاس کی بناتے ہین - درخت
جو خشک ہو کر گر پڑے - سکہ کا
کا نقش - دلدار لکڑی کہ آب
کش اوسپر کھڑا ہووے - جولاہون
کا ایک اوزار جس سے کپڑا
بنتے ہین - بانس کا گھر کہ امیر
لشکر کے لئے بناتے ہین تاکہ
اوس پر چڑھ کر لشکر کو دیکھے -
وشیعة (فکسف) خطہائے
غبار - ہم پیچیدہ - جولاہہ کی نلی
ایک لکڑی جسپر بُننے والا رنگین
دھاگے لپیٹے - جولاہون کا ایک
اوزار جس سے کپڑا بنتا ہے -
یوبنی حیاز - اور ہر ایک پیچیدہ
چیز کے خط - سر پر بالون کی
سپیدی نکل آنی -
وشیق (فکس) طول مین
کٹا ہوا گوشت خشک کیا ہوا یا
ایک جوش تند دیا ہوا گوشت
توشہ کے لیے -
وشیقة (فکسف) بھینے

له وشک
له وشم
له وصص
له وصاء
له وصو
له وصد
له وصف
له ایضاً
له وصل
له وصب
له ایضاً
له ایضاً
له ایضاً
له ایضاً
له جمع
له وصب
له ایضاً
له وصد
له وصر
له وصع
له وصف

وَشِيق وَشَائِق جمع (ففکس)
وشيك (فکس) شتاب کار
و سریع یہ اسم فعل ہے وَشْكَان
الْأَمْر سرعت کار۔
وُشِيمَة (فکسف) بدی
و دشمنی۔
وصّ[3] (فت) (ن) کام کو
مضبوط کرنا۔
وُصَاء (فس) (س) کپڑے
کا پیپ بھرا اور چرکین ہو جانا۔
وِصَاة (ففس) پند و نصیحت
وصَّاد (فتفس) بننے والا
وصَّاف (فتفس) وصف
پہچاننے والا۔
وصافة (ففسف) خدمت
گاری (ک) لڑکے کا حد خدمت
پر پہنچ جانا۔
وصائل (کفس) بے لاگ
اور بے غرض دوستی کرنی
پیوستہ رکھنا۔
وصابة (ففسف) نصیحت
شاخ خرما کہ جس سے پشتارہ
باندھیں وصائب (ففس) جمع

وصب[11] (فس) بعض اور
صبا بہ شے کے درمیان جو کچھ
ہے مسافت۔
وصب[12] (فف) بیماری اوصاب
جمع۔ (س) بیمار ہو جانا۔
وصب[13] (فک) بیمار و رنجور
وصابی (ففسف) وصاب
(کفس) جمع۔
وصح[14] (ففس) (س) عیب میل کچیل
ریلنا کی وغیرہ کینی۔
وصد[15] (فف) (ض) پائدار اور
ثابت رہنا۔
وصد[16] (فف) (س) تنبنا
وصر[17] (کس) پیمان و عہدنامہ
چک۔ دستاویز یا مہر
وصع[18] (فس) چڑیا سے بہت
چھوٹا ایک پرندہ ہے یا وہ صعوہ
ہے۔ سولا وصعان (کسفس)
جمع۔ چھوٹی چڑیا (ف) گھیر لینا
ڈھانک لینا۔
وصف[19] (فس) (ض) کسی
کی صفت بیان کرنی اور سراہنا
پیچانا کسی کا نیکو خوبی کی طرف میلان کرنا۔

وُصل (فس) پیوند۔ بدن کا جوڑ یا ہڈی کا پیوند اَوصال جمع
۔ متصل رہنا۔ (ض) ایک چیز کو ایک سے پیوست کرنا پیوستہ ہونا۔ دوستی خالص کرنی چند ہجر کپڑے کو پیوند لگانا۔

وَصَل (کس) ہڈی جو ٹوٹ کر دوسری ہڈی کے ساتھ نہ ملے یا دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اَوصال جمع۔

وَصلۃ (ضسف) پیوستگی وصل (ضمف) جمع۔

وَصَم (ففف) بیماری

وَصم (فس) لکڑی کا شگاف بغیر جدائی کے لکڑی کی گرہ شگاف۔ ننگ و عار و عیب وصمۃ (ففف) ایک۔ وصوم (ضضس) جمع۔ (ض) شتابی سے باندھنا۔ لکڑی کا بغیر جدائی کے چیرنا۔ ایک چیز میں عیب کرنا۔

وَصمۃ (ضسف) سستی۔

وُصنۃ (فسف) چھوٹا چیتھڑا۔

وَصوَاص (فسفس) پردہ کا سوراخ آنکھ کے بمقدار جس میں سے دیکھیں۔ لڑکیوں کا چھوٹا برقع بند کر کے منہ پر ڈال لیتی ہیں۔ ریتلی زمین کی کنکریاں یا زمین سخت وَصَاوِص جمع۔

وَصُوب (ضفس) (ض) ثابت ہو جانا ایک امر پر ہمیشگی کرنی اور اس پر خوب قیام کرنا۔ قول اللہ جل شانہ وَلَھُم عَذَابٌ وَاصِبٌ اور وَلَہُ الدِّینُ وَاصِبًا لیے ہمیشہ اور بعض کے نزدیک بمعنی واجب اور بعض کے نزدیک بمعنی خالص۔

وَصوَص (فسف) پردہ وغیرہ کا سوراخ آنکھ کے بمقدار جس میں سے جھانکیں۔

وَصوَصۃ (فسفف) وَصوَص میں سے جھانکنا۔ پلے کا آنکھ کھولنا۔ عورت کا اپنے روئی بند کو تنگ باندھنا۔ ایک چیز کو آنکھ تنگ کر کے دیکھنا۔

وَصُوف (ضفس) اونٹ کا شتاب چلنا۔

مادہ
وصل
الخنا
الخنا
وصم
الخنا
وصن
وصن
وصب
وصص
الخنا
وصف

ماده
وصل
وصی
ایضاً
ایضاً
ایضاً
وصر
ایضاً
وصم
وصع
وصف
وصل
ایضاً

وصُول (ضضس) وصلت (فسف) (ض) پہنچنا ۔

وصیّ (فکت) نصیحت کرنیوالا ۔ نصیحت کیا ہوا مذکر و مؤنث اوصیاء (فسکفسم) جمع ۔

وصیّ (فس) (ض) رفعت و منزلت کے بعد خوار ہوجانا ۔ سبکی کے بعد گران سنگ یا فربہ ہوجانا ۔ نزدیک پہنچنا ۔ پیوستہ ہونا ۔

وصیٰ (فس) وصی (فکت) وصاء (فقسم) وصاءة (فقسف) (ض) گھاس کا کچھ پیچ اور ملا ہوا اُگنا ۔ پہنچانا ۔

وصیّة (فکتف) نصیحت ۔ جس چیز کی نصیحت کریں ۔ شاخ خرما جس سے پشتارہ باندہین وصایا جمع ۔

وصید (فکس) آستان ۔ گھر کی پیشگاہ ۔ خطیرہ کے مانند ایک چیز ہے کہ پہاڑ میں پتھر کی بناتے ہین ۔ کہوہ کہ جسمین اصحاب کہف نے اقامت کی تھی ۔ پہاڑ ۔ گہاس کہ جسکی جڑین ایک دوسرے کے نزدیک ہوں ۔ تنگ ۔ بند ۔ جسکے دوبار رختنے کرے ہون ۔ ایک خطیرہ کہ شاخون سے بناتے ہین ۔

وصیدة (فکسف) خطیرہ کے مانند ایک مکان کہ جیسے پہاڑ میں چوپایون کے لئے پتھر کا بناتے ہین

وصیرة (فکسف) وصرة بمعنی وصر

وصیع (فکس) چڑیا کی آواز ۔ چھوٹی چڑیا ۔

وصیف (فکس) خادم غلام ہووے یا لونڈی وُصَفاء جمع وصیفة مؤنث بھی ہے وصائف جمع ۔

وصیل (فکس) جو کہ تمہارے ساتھ آوے جاوے ۔

وصیلة (فکسف) عمارت ۔ فراخی ۔ ارزانی ۔ ہم سفر گروہ ۔ تلوار ۔ سوت کی انٹی یا گکڑی ۔ زمین فراخ ۔ ایک یمانی کپڑا مخطط وصائل (فقسکم) جمع ۔

اونٹنی جو اوپر تلے دس پیٹ برابر جنے۔ بکری کہ سات پیٹ دو دو بچہ اوپر تلے جنے پس اگر ساتوین یا آٹھوین پیٹ مین عناق اور جدی جنے تو اوس صورت مین اوسکا دودھ سوا مردون کے عورتین نہین پیتی تہین اور اوس نر بچہ کو اپنے معبودون کے لیئے ذبح نہین کرتے تہے اور اگر جدی جنتی تہی تو اوسکو اپنے معبودون کے لیئے ذبح کرتے تہے یا وصیلہ خاص غنم ہے۔ زمانۂ جاہلیت مین جبکہ بکری مادین جنتی تہی تو وہ اونکے لیئے رہتی تہی اور جب جنتی تہی تو اوسکو اپنے معبودون کے لیئے رکہتے تہے اور اگر نر مادہ جنتی تو کہتے مادہ نے اپنے بہائی سے وصل کیا تو اوس نر کو معبودون کے لیئے ذبح نکرتے یا وصیلہ ایک بکری ہے جو نر جنے پہر مادین تو اس نر کو وہ ذبح نکرتے تہے اور اگر نر کے بعد نر جنتی تو اوسے اپنے معبودون پر قربان کرتے۔

وضم — **وَضِیْمٌ** (فکس) خنصر اور بنصر کا درمیان۔

وضن — **وَضَنٌ** (فت) (ض) اضطرار و پریشان خاطر۔

وضأ — **وَضَاءَۃٌ** (فس) (ف) مُوَاضَاۃٌ حسن مین غالب ہونا۔

ایضاً — **وُضَّاءٌ** (ضفسم) خوب و پاکیزہ روی و وُضَّاؤُن وَضَاضِیُٔ جمع۔

ایضاً — **وُضَاءۃٌ** (ضفسف) خوبی و پاکیزہ روئی۔ خوب اور پاکیزہ روے ہوجانا۔

1481

وضح — **وَضَّاحٌ** (فتفس) خوب روشن و آشکارا۔ سپید مرد۔ اچہے رنگ کا۔ دن۔

وضخ — **وِضَاخٌ** (کفس) پانی کہینچنے اور دوڑنے مین مقابلہ اور معارضہ کرنا۔ اپنے ہمراہ کی رفتار پر چلنا۔

وضع — **وُضَاعَۃٌ** (ضفسف) فرومایہ اور ناکس اور دون مرتبہ ہوجانا۔ منہہ بہولا بیٹا ہوجانا۔

ماده

وضح
الف
الف
وضح
الف
الف
الف
وضع

وُضح (فت) روشنی سفیدی - صبح کی سپیدی - چاندی کی سپیدی - پیشانی اسپ کی سپیدی کہ جسے غرہ کہتے ہین - گہوڑے کے ہاتہہ پانو کی سپیدی اور بدن کا ابلق پن - بوڑہاپا - بالون کی سپیدی - راہ کا بیچ اور اوسکی کشادگی - دودہ - درست اور کہرا ورم - چاندی کا گہنا اُوضاح (نسفس) جمع - پازیب - چہوٹی گہاس -

وضحٔ (فس) (ف) اشتر مادہ کا دودہ کو ظاہر کرنا اور پستان لٹکا دینی -

وُضحیۃ (نفف) خرما دیق

وُضخ (فس) (ض) ڈول کو آدہا پُر کرنا -

وَضر (نف) (س) پیپ - چکنائی کا میل کچیل - دودہ کا میل کچیل مشک اور پیالہ وغیرہ کے دہوون کے ساتہہ - بوے ناخوش - قطران کا بقیہ - گندہ اور خراب ہوگئے ہوئے طعام کی بو - زعفران وغیرہ کی آلودگی اور آلایش (س) ریمناک ہونا - زعفران کا آلودہ ہونا -

وضرِ (فک) ریمناک اور چرکین یا زعفران آلودہ وضرۃ (فکف) مونث -

وُضراء (نسفسم) گردن شتر مین ایک نشان ہے خاص بنی فرارہ کا مقرر کیا ہوا پنجہ نراغ کے مشابہ -

وضریٰ (نسف) زعفرانی آلودہ عورت یا چرکین عورت - پہاڑ کے سر یا جڑ سے باہر نکل آیا ہوا ٹکڑا پتہر

وَضع (نس) (ف) ایک جگہہ پر رکہہ دینا - کسیکو اوسکے مرتبہ سے گرا دینا - قرض دار سے مال واجبی مین کم کر دینا - اونٹ کا سبک سیر اور تیز رو ہوجانا - کسی کے پاس ودیعت اور امانت رکہنی - عورت کا سر اوڑہنی کا اوتار دینا - عورت کا بچہ جننا - آخر طہر اور شروع حیض مین عورت کا حاملہ ہوجانا - ناقہ کا تیز چلنا

آدمی کا تجارت مین نقصان رسیدہ ہوجانا۔ اونٹ کو کہاری گہاس کہلانی اور اوسکو اوسکا ملازم کرنا۔ اونٹ کا کہاری گہاس کہانا اور اوسکا ملازم رہنا۔ اپنے نفس کو خوار کردینا۔ گردن بلند کرنی کسی کی خیانت وتقصیر کو ساقط اور محو کرنا۔ ناکس اور کم رتبہ کردینا

وَضِعَۃ (تسف) نہاد۔

وَضَعَت (فس) (ضن) اونٹ کا شتاب چلنا۔

وَضَم (فف) تختہ اور بوریا وغیرہ جسپر گوشت رکہین تا کہ خاک آلود نہوجاوے اوضام (فسفس) اوضمۃ (فسکف) جمع تَرَکتُہُم وَضَمًا عَلَیٰ وَضَمٍ یعنے اونکو ذلیل وخوار ڈالدیا اور ردرد ناک کیا۔

وَضَم (فس) (ض) گوشت کو تختہ یا بوریا پر رکہنا یا گوشت کے لیے وضم بنانا۔ ایک قوم کا دوسری قوم پر آ اوترنا۔

وَضِمَۃ (فسف) جماعت۔

وَضَن (فس) (ض) ایک چیز کے بعض کو بعض پر دوہرا کرنا۔ یا ایک دوسرے پر رکہنا۔ نوارٹ بننی

وَضُوء (ففس) آبدستی۔ آب دست کرنا

وُضُوء (ضفس) آبدست۔ آبدست کرنا۔ اور یہہ اعضا وضو اور مسح سر کا دہونا ہے اور کبہی بعض اعضا کے دہونے کو بہی وضوء کہتے ہین اسی سے ہے یہہ مَنْ مَسَّ ذَکَرَہٗ فَلْیَتَوَضَّأْ یعنے جس شخص نے کہ اپنے ذکر کو مس کیا تو چاہیے کہ وضوء کرلیوے یعنے صرف ہاتہہ دہو لیوین اور ایسا ہی یہہ قول اَلْوُضُوْءُ قَبْلَ الطَّعَامِ یَنْفِی الْفَقْرَ یعنے وضوء یعنے ہاتہہ دہونا قبل از طعام فقر کو نیست ونابود کرتا ہے یا دونون لغت یعنے بفتح واو اور بضم واو دونون ایک معنی مین آتے ہین۔ اخفش کہتا ہے اس قول اللہ جلشانہٗ مین

مادہ
ی ع وضع
س وضف
س ع وضم
ع الف ب
ع الف ب
ع وضن
ع وضأ
ع الف ب

مادہ

سلہ وضح
سلہ ۲ وضح
سلہ ۳ وضاء
سلہ ۴ وضع
سلہ ۵ وضع
سلہ ۶ ایضاً
سلہ دضم

وَقُودُہَا النَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ
وَقُودٌ اگر بالفتح ہے تو بمعنی لکڑی
کے ہے اور اگر بالضم ہے تو بمعنی
اِتِّقَاد ہے توایسا ہی وَضُوءٌ
مین اگر بالفتح ہے تو وہ پانی
ہے اور جو بالضم ہے تو وہ فعل
ہے بمعنی وضو کرنا اور بعض
کہتے ہین کہ یہہ دونون ایک
معنی مین ہین اور غیر اخفش کہتا
ہے کہ وَلُوعٌ (فضعض) اور
قبول گو مفتوح فا ہین دونون
مصدر ہین شاذ ہین اور اسکے
سوا انکے اور جو مصادر ہین
تو وہ مضموم الفا ہین۔

وُضُوحٌ (ضفضس) (ض)
کام کا روشن و آشکارا ہوجانا
وَضُوحٌ (نفضس) آدہے
ڈول سے کم پانی۔

وضیءٌ (فکس) خوب و نیکو
و پاکیزہ روئی اَوْضِیَاءُ وِضَاءٌ جمع
وَضِیحَۃٌ (فکسف) چوپایہ
وَضَائِحُ جمع۔

وَضِیعٌ (فکس) فرومایہ آدمی

دنی مرتبہ سے گرا ہوا۔ امانت۔
خشک ہوا ہوا خرما برتن مین رکھا ہوا
وَضِیعَۃٌ (فکسف) کہاری مزہ
کی گہاس۔ ثمن کیا ہوا یا جو چیز کہ
کم کرین اور ایک چیز سے گہٹا دیوین
۔ اونٹ جو تیز ین چراگاہ کی طرف
مائل ہووے۔ عشر اور باج کہ
سلطان لیتا ہے۔ بیٹا بولا
بیٹا۔ کتاب کہ جسمین حکمت لکہین
وَضَائِعُ (فعفسک) جمع۔ گیہون
کہ جنکو کوٹ کر روغن ملاکر کہاوین
۔ لشکر کے گروہون کا نام کہ جنکے
نام پر شہرون اور موضعون کو
معین کردیا ہے کہ وہان کے لوگون
سے جنگ نکرین۔ جو چیز کہ رعایا پر
اونکے ملک مین زکوۃ مقرر و واجب
ہے اور وے وضایع کہ جنکو لیے ہوا
نے رکہا تہا پس وے لوگ تہین
جو مرہون ہین کہ کسریٰ بادشاہ
اونکو گروی رکہہ لیتا تہا اور گرو
رکہہ کر اپنے شہرون مین بسا
دیتا تہا۔

وَضِیمَۃٌ (فکسف) آدمیون کا

ایک گروہ ہے دو سو سے تین سو تک
تھوڑے سے گروہ کہ دوسری قوم پر اتریں
سامان کا کھانا۔ گھاس جمع کی ہوئی
یا طعام جمع کیا ہوا۔
وضین (فکس) ہر ایک چیز اوپر تلے چنی
ہوئی۔ دوہری کی ہوئی۔ لوانڑ
ہودہ کا عرض سنگ کہ تسمہ یا بالوں
سے بنتے ہیں یا وہ سواے چمڑے
کے نہیں ہوتا وضن (ضفض) جمع
اور یہہ ایسا ہے جیسا قتب کے لئے
بطان اور رحل کے لئے تصدیر اور
زین کے لئے حزام یا بمعنی تنگ پالان شتر
وطاء (فقسم) پست زمین زمین
بلند کے درمیان
وطاءم (کفسم) فرش وگستردنی۔
خلاف غطاء۔
وطاء (فس) نشیب زمین بلند
زمینوں کے درمیان (س) پانو
سے ملنا۔ جماع کرنا۔ اور بولتے ہیں
بنو فلان یطؤھم الطریق یعنے
نزدیک راہ آئی پس مسافروں کو
پامال کرتے ہیں اور کوٹتے ہیں (ف)
آمادہ کرنا۔ نرم وآسان کرنا۔

وطارۃ (فسفسم) جاے قدم
تنگی۔ فشار رسن۔ گرفت سخت
وطاءۃ (ففقف) پامال کیا
ہوا راستہ بہت سلوک وجاری
مسافران۔
وطارۃ (ففسف) پامالی (کس)
کتا ہوا اور نرم اور پامال ہونا۔
وطاس (فتقس) چرواہا۔
وطائد (نفسک) چولہے۔
بنا اور گھر کے قواعد۔
وطب (فس) دودھ کی مشک
خاص یہہ کہ جذع اور اس سے
زیادہ عمر والے کا پوست ہے۔
اوطب (فنبض) وطاب (کفس)
اوطاب (فسفس) جمع اواطب
(ففسک) جمع الجمع۔ سخت دل
مرد۔ سخت ودرشت خوی والا
پستان بزرگ۔ بولتے ہیں صوت
وطابہ یعنے مرگیا۔
وطبا (فسفسم) بزرگ پستان
والی عورت۔
وطث (فس) (ن) زمین پر
سخت پانو مارنا۔

۱۴۸۵

ماده
١ وطح
٢ وطد
٣ وطر
٤ وطس
٥ وطف
٦ ایضاً
٧ ایضاً
٨ ایضاً
٩ وطم
١٠ وطن
١١ ایضاً
١٢ وطأ

وَطْح[1] (فس) پلیدی۔ پیخال۔ مٹی جو چوپایہ اور پرندہ کے سم اور چنگل پر چپٹی ہوئی ہو۔ وَطْحَۃ (فسف) ایک (ض) وطح کو ہاتھہ سے درشتی کے ساتھہ دور کرنا۔

وَطْد[2] (فس) ثابت کرنا۔ استوار ومضبوط کرنا۔ گران وزن کرنا۔ کسی کے ساتھہ چمٹا دینا۔ گہلینا بولتے ہین وَطَدَ بَابَ الغَارِ الصَّخْرُ یعنی بند کیا مین نے غار کے دروازہ کو پتہر سے اور اوسکو اوسپر جن دیا۔ اور بولتے ہین وَطَدَہٗ مَنْزِلَۃً یعنی اوسکے لئے منزلت کو آراستہ کیا۔ زمین کو کوٹنا تاکہ سخت ہوجاوے۔ برجا اور ثابت رہنا سیر کرنا اور چلنا۔ اضداد سے ہے۔ پانو کے نیچے نہایت پامال کرنا۔ وطأ کا ایک لغت ہے۔

وَطَر[3] (فف) حاجت دنیا زیا حاجت کہ جس سے قصد اور توجہ کا گمان ہووے۔ اَوْطَار (فسفس) جمع۔ اس سے کوئی فعل مشتق نہین ہوتا۔ اور بولتے ہین قَضَیْتُ وَطَرِی جبکہ اپنی حاجت ومطلوب پر پہنچ جاتے ہین۔

وَطْس[4] (فس) (ض) موزہ وغیرہ سے سخت مارنا۔ توڑنا۔

وَطَف[5] (فف) (س) بہت پلکون اور بہون والا ہونا۔ مینہہ کا ریختہ ہونا۔

وَطْف[6] (فس) دراز کشیدگی بولتے ہین فِی السَّحَابَۃِ وَطْفٌ یعنے ابر نے اپنے دامنون کو کثرت آب کے سبب لٹکا دیا ہے۔

وَطْفَاء[7] (فسفسم) ابر جسکے دامن لٹکائے ہون باران ناک یا برابر برسنے والا۔

وُطْفَۃ[8] (ضسف) تہوڑے سے بال۔

وَطْم[9] (فس) (ض) پامال کرنا۔ پردہ لٹکا دینا۔

وَطَن[10] (فف) آدمیون کے رہنے کی جگہہ گایون اور بکریون کے رہنے کی جگہہ اَوْطَان جمع۔

وَطْن[11] (فس) (ض) جگہہ پکڑنی اور مقیم ہونا۔

وُطُورَۃ[12] (ضضفسق) پامالی۔

وَطِیْد[13] (فکس) استوار ومضبوط جگہہ پر ثابت رکہا ہوا اور گران سنگ گردانا ہوا۔

وَطِیْس[14] (فکس) لوہے کا تنور یا عام ہے۔ بولتے ہین الآن حَمِیَ الوَطِیْس یعنے

اسوقت حرب وجنگ سخت اور شعلۂ آتش
جدال نے ترقی پکڑی —
وطیئۃ (فکسف) سختی گاہ —
وطیئ (فلس) کوٹا ہوا — پانو کے
نیچے پامال کیا ہوا شی — وطی ہوگئی یعنی ہین
الّو رطائۃ —
وطیئۃ (فکسف) ایک قسم کا طعام
کہ دودھ اور گٹھلی نکالے ہوئے خرما
سے طیار کرتے ہین یا شکر ملا ہوا پنیر —
گون کہ جسمین خشک گوشت اور نان
کاک رکہتے ہین —
وظب (فس) (ن) پامال کرنا —
وظبۃ (فسف) چرے ہوئے سم
والے چوپایہ مانند بیلون کی فرج —
وظر (فک) موٹا پر گوشت یا جنگلی
ران اور شکم پر گوشت ہووے —
وظر (فعت) (س) موٹا اور پر گوشت ہونا
وظف (فس) (ض) پای بند کرتا ہے
کرنا — وظیف پر مارنا — پیرو ہونا —
وظمۃ (فسفت) تہمت —
وظوب (ضضس) (ض) ایکچیز
پر ہمیشہ رہنا اور اوسپر مداومت کرنی
اور اوسے لازم پکڑنا اور اوسکی خبر رکہنی

وظیف (فکس) گہوڑے اونٹ وغیرہ
کی ساق اور ذراع کی گانچی اوظفۃ وظف
جمع — بولتے ہین جاءالابل مسّلی وظیف
یعنے آئے اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے —
وظیفۃ (فکسف) کہانے اور رزق
اور خدمت اور کام اور ذکر وغیرہ کا روز
مرّہ — پیمان وشرط و وظائف وظف
(ضض) جمع —
وعّ (فت) گیدڑ —
وعاء (کفسم) برتن اوعیۃ (فسکف)
اوعاء جمع —
وعاب (کفس) فراخ جگہین اور کشادہ
وعارۃ (ففف) وعورۃ (ضضسف)
(ک) کم ہو جانا —
وعاط (کفس) گل سرخ یا گل زرد
وعاوع (ففسک) دلاوران و
زور منشان شدید القوۃ — جو کہ پہلے ہی
پہل مقاتلونکی فریاد کو پہنچے —
وعب (فس) (ض) راہ کشادہ
تمام لے لینا —
وعث (فس) نرم جگہہ بغیر ریت
کی کہ پانو اوسمین نیچے گھسے — راہ جسپر
آسانی سے چل نہ سکین — ٹوٹی ہوئی ہڈی

ھ وطس
ھ وطی
ھ وظف
ھ ایضاً
ھ وطب
ھ ایضاً
ھ وطر
ھ ایضاً
ھ وظف
ھ وظم
ھ وظب
ھ وظف
ھ ایضاً
۱۴۸۷
۱۳ھ وعع
۱۴ھ وعی
۱۵ھ وعب
۱۶ھ وعر
۱۷ھ وعط
۱۸ھ وعع
۱۹ھ وعب
۲۰ھ وعث

ماده: وعث ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ وعد ۔ وعر ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ وعس ۔ ایضاً ۔ وعظ ۔ وعف

۱۴۸۸

وعق ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ وعک ۔ ایضاً ۔ ایضاً

گران وزن۔ لاغری۔ (س ک ب) راہ کا دشوار گذار ہو جانا۔

وعث (فف) (س) ہاتھ ٹوٹ جانا

وعثاء (فسفسم) سفر کی مشقت وسختی۔

وعثة (فکف) موٹی عورت بہت گوشت والی۔

وعد (فس) وعدہ کرنا۔ خیر و شر دونون مین مستعمل ہے (ض) کثرت وعدہ مین کسی پر غالب ہونا۔

وعر (فس) دشوار خلاف سہل (وعر وَعار وعُور جمع سُوعُر) المعر و وعت کم احسان مرد کم خیر۔ قلیل وَعِر۔ اتباع سے ہے (ض) کسی کو اسکی حاجت سے بند کرنا اور باز رکھنا۔

وعر (فک) دشوار۔

وعر (فف) (س) خشم وکینہ سے سینہ پُر ہونا۔

وعر (مس) وعورة (ضضسف) وعارة (ففسف) وعور (ضض) (ک ض س ض) جگہہ کا دشوار ہو جانا۔

وعر (فس) ایک کام کے آگے آنا۔

وعس (فس) (ض) ایک درخت ہے جس سے بربط اور رباب بناتے ہین۔ نشان۔ نرم ریت کہ جسمین چلنا دشوار ہووے۔ پامال کرنا۔

وعساء (فسفسم) نرم ریت کا پشتہ کہ جسمین اچھے ساگ اگین۔

وعظ (فس) کسی کو دل نرم کرنے والی باتون سے نصیحت دینی۔

وعف (فس) زمین کی ہر دلدار جگہہ اور سخت کہ جسمین پانی ٹھہرے وعاف

وعق (فک) بدخو مرد۔

وعق (فس) بدخو مرد بدخصلت تنگدل بے آرام (ت) شتابی کرنی۔

وعقة (فسف) بدخوئی۔ مرد بدخو

وعک (فک) تپ زدہ مرد عاجز آگیا ہوا

وعک (فس) گرمی کی شدت۔ تپ کی شروع اور اسکی تیزی۔ بدن مین تپ کا درد اور کسل سختی اور تکان کے سبب بخوری۔ تپ زدہ مرد اور اس سے عاجز آگیا ہوا (ک) بیماری کا کسیکو سخت رنجور کر دینا۔ خاک مین ملنا۔ ہوا کا ٹھہرنا۔

وعکة (فسف) جنگ گاہ۔ گھاٹے پر

مادہ
و ع ل
و ع ل ایضا
و ع ل ایضا
و ع م
و ع ن
و ع ن ایضا
و ع ع
و ع ع ایضا
و ع ع ایضا
و ع ع ایضا
و ع ف
1489

اونٹون کی انبوہی۔ جنگ و قتال
شدید۔ گرمی کی سختی۔
وَعِلٌ (فکس) شعبان اَوْعَال و عِلْلَان
جمع۔ شریف و توانا۔
وَعِلٌ (فس) بز کوہی اَعْوَال
(فسفس) وعُول (ضضس) وعِل
(ضفس) موعلۃ (فسکف) وعلۃ
(فکف) جمع۔ اور موعلۃ (فسکف)
وعلۃ (فکف) مؤنث۔ سردار و شریف
و توانا اوعال (فسفس) وعول
(ضضس) جمع۔ جائے پناہ۔ ماہ
شوال کا نام۔ چارہ و تدبیر و حیلہ۔
بولتے ہین وَھُمْ عَلَیْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ
یعنی وے ہم پر مجتمع ہین بلندی پر چڑھنا
وَعْلَۃ (فسف) پیراہن کا تکمہ۔
پہاڑ کی بلند جگہہ یا پہاڑ سے بلند
نکلا ہوا پتھر۔ پیالہ اور آبریز کا دستہ
وَعْم (فس) پہاڑ مین ایک خط جسکا
رنگ اوسکے سارے رنگ کے مخالف ہو
وِعَام جمع۔ اَنْعِمْ کہنا یعنی خوش رہ
کہنا بولتے ہین وَعَمَ الدِّیَارَ کہا انعمی
کہا یعنی خوش رہ۔ اسی سے ہے عِمْ
صَبَاحًا وَمَسَاءً وَظَلَامًا یعنی صبح اور
شام اور تاریکی مین خوش رہ۔
وَعْنٌ (فس) جائے پناہ کرتی زمین
سخت یا زمین کی سپیدی کہ کچھہ اگا دے
وَعْنَۃ (فسف) یا (ضح) کرتی زمین سخت
یا زمین کی سپیدی کہ کچھہ نہ اگائے۔
وِعَال جمع۔ چیونٹی کے گھر کی خاک
تودہ کا نشان۔ پہاڑ کے خطوط لمبے
ریتون کے مشابہ۔ تھوڑی سی خاک سمیت
وَعْوَاعٌ (فسفس) کتے اور بھیڑیے
کی آواز۔ گیدڑ۔ ہادین۔ آدمیون
کا گروہ یا قوم شور و غوغا سمیت۔
بیہودہ بکنے والا فرد۔ آدمیون کا
خروش۔ دیدبان واحد و جمع برابر۔
وَعْوَعٌ (فسف) گیدڑ۔ فصیح و سخن
آور خطبہ پڑھنے والا۔ جنگل لومڑی
سست دیدبان
وَعْوَعَۃٌ (فسفف) بھیڑیے کی آواز
کتے کی آواز۔ گیدڑی بادین خروش
کرنا۔ حرکت دینی۔
وَعْوَعِیٌّ (فسفکت) عقلمند ہوشیار
خوش طبع تیز ذہن۔
وُعُوفٌ (ضضس) بینائی
کی کندی اور سستی۔

وُعِی (فس) پیپ۔ زرد آب۔ خروش و فریاد۔ یا خاص کہتے کی آواز۔ چارہ و حیلہ و تدبیر (ض)، نگاہ رکھنا اور یاد کرلینا۔ جمع کرنا۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کا کجی پر اچھا ہونا یعنے وہ اچھی ہوگئی اور کجی باقی رہی (ض) زخم کا پیپ کر آنا۔ پیپ کا جمع ہو آنا۔ آواز و فریاد کرنی۔

وُعَی (فت) خروش و فریاد یا خاص کہتے کی آواز۔ آواز و فریاد کرنی۔

وَعِی (فکت) سخت بدن کا گھوڑا کرّا

وَعِیب (فکس) زانح گھر بُنیتُ وُعِیبُ بولتے ہیں۔ جاء الفرس برکض وعیبہ یعنے نہایت کوشش سے دوڑا۔

وَعِید (فکس) ڈرا اور ڈر کا وعدہ کرنا۔ نر اونٹ کی آواز جبکہ جفتی کا قصد کرے۔

وَعِیر (فکس) دشوار۔

وَعِیق (فکس) آواز جو چوپایہ کے پیٹ میں سے چلنے کے وقت آوے

وَعْث (فس) اگون۔ ناکارہ۔ متاع وعث۔ احمق۔ سست اندام۔ ناکس بغیر مایہ۔ کلدار اونٹ قوی اعضاء

سے ہے۔ اوغاب وِغاب جمع وغبۃ (فسف) مؤنث۔

وَغْبۃ (ففف) احمق۔

وَغْر (فس) کینہ و دشمنی۔ لشکر کا بانگ و خروش (ض) دوپہر کی دھوپ کا سخت ہونا۔

وَغْر (فس) وغر (فسف) دل میں غصہ اور کینہ سے سینہ کا پُر ہونا غصہ سے بھڑکنا

وَغْرۃ (فسف) گرمی کی شدت۔ غصہ اور کینہ کی شدت۔

وَغْف (فس) چمڑے یا کمبل کا ٹکڑا کہ بزغالہ کیسالہ کے پیٹ پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اپنا پیشاب نہ پی سکے یا جفتی نکر سکے۔ بینائی کی سستی۔ وُغُوف جمع۔ شتاب چلنا۔ دوڑنا۔

وَغْل (فک) بدخوراک۔

وَغْل (فس) سست کمینہ بد اعتبار۔ ہر ایک چیز میں سستی کرنے والا۔ درخت آپس میں لپٹا ہوا۔ گیہوں کا دانہ کہ کبہ تر کہاتا ہے۔ نسب کا جھوٹا دعوی کرنے والا۔ جائے پناہ۔ بدخوراک مرد۔ بن بلائے کسی کی مجلس شراب و طعام میں داخل ہونے والا۔ شراب جو واغل پیوے

چارہ و حیلہ و تدبیر (ض) کسی کی مجلس شراب مین بن بلائے آنا۔

وغم[۱] (فس) نفس گران جان جسے ناخوشی کہین۔ احمق۔ جنگ۔ کینہ۔ یا کینہ سینہ مین جگہہ پکڑا ہوا۔

قہر او غام (فسفس) جمع (ض) اخیر یقینی خبر دینی۔

وغم[۲] (فف) (س) کسی پر کینہ پکڑنا۔

وغنتہ[۳] (فسف) فراخ وسیع گہرا

وخوثبتہ[۴] (ضفسف) (ک) دلدار اور سخت ہوجانا۔

وغول[۵] (ففس) (ض) ایک چیز مین داخل اور پنہان ہونا یا دور ہونا اور چلا جانا۔

وغی[۶] (فف) بانگ و خروش اسی سبب سے جنگ و کارزار کو بھی اسکے شور و غوغا کے سبب وغی کہتے ہین۔

وغیتہ[۷] (فسف) تھوڑا وغیتہ من خیر تھوڑی سی خیر و غیر فکس جلتے پتھر پر گوشت بھنا ہوا۔ جلتے پتھر پر گرم کیا ہوا دودہ۔ جوشان دودہ۔ پکا ہوا۔ گرم پانی۔

وغیرۃ[۸] (فکسف) مطبوخ یعنی پکا ہوا

وغیق[۹] (فکس) چوپایہ کے پیٹ سے رفتار مین جو آواز آوے یا اسکے غلاف ذکر کی آواز۔

وفاء[۱۰] (ففسم) عہد و سخن کا نباہنا۔ ضد غدر۔ درازی بولتے ہین مات فلانٌ وَ انتَ بِوَفَاءٍ یعنی مرگیا فلانا اور تیری عمر دراز ہو ہمیشہ دوستی اور پیمان کا نباہنا

وفات[۱۱] (ففس) مرگ۔

وفارۃ[۱۲] (ففسف) و فرس و فور (ضفس) (ک ض) بہت ہوجانا۔ افزون و تمام ہونا۔

وفاحش[۱۳] (کفس) پوست جیسے چکی کے نیچے بچھاوین وہ جگہہ کہ جہان پانی ٹھہرے۔

وفلح[۱۴] (کفس) شیشہ کا سند

وفاق[۱۵] (کفس) سازواری کرنی۔

وفاہتہ[۱۶] (ففسف) کلیسا کا روزمرہ کا خادم۔

وفد[۱۷] (فس) پہاڑ کا اعلا۔ بلند ابھرا ہوا ریت

وفد[۱۸] (فس) و فود (ضفس) (ک

ماده

ع وغم

ع ایضاً

ع وغن

ع وغب

ع وغل

ع وغی

ع ایضاً

ع وغی

ع وغی

ع وغی

ع ایضاً

1491

ع ۱۱ وفا

ع ۱۲ وفت

ع ۱۳ وفر

ع ۱۴ وفش

ع ۱۵ وفح

ع ۱۶ وفق

ع ۱۷ وفہ

ع ۱۸ وفد

ایضاً

١ وفز
٢ ایضاً
٣ ایضاً
٤ وفرد
٥ وفض
٦ ایضاً
٧ ایضاً
٨ وفع
٩ ایضاً
١٠ ایضاً
١١ وفق
١٢ وفل

وفادۃ (کفسعت) (ض) ایلچگی کے طور پر آنا۔

وفرٌ (فس) توانگری۔ مال و رخت بہت۔ ہر ایک چیز بہت وفور فضس اجمع۔ سقاء وفر پورے پوست کی مشک دن تمام کرنا۔ زیادہ کرنا۔ کسی کو گالیاں دینی۔ کسی کی عطا کو خوشنودی کے ساتھ واپس دینی۔ اسی سے ہے یہ مثل توفر و تحمد یعنی یہہ مثل وہاں کہتے ہیں کہ کوئی عطا کو بغیر دیوے بغیر اس بات کے کہ اوس سے خفا ہووے۔

وُفراء (فسفسم) پر۔ پورے پوست کا توشہ دان۔ برّ اکالان بہت گہاس والی زمین پوری نبات کی۔

وفرۃ (فسعف) سر بہم مجتمع بال یا کان کی لو تک بال اوسکے بعد جمہ کہ کان کی لو کے نیچے تک پہنچیں اسکے بعد لمہ کہ کندہے پر پڑیں وِفار جمع۔

وفزٌ (فس) شتابی۔ شتاب اوفاز جمع۔ جائے بلند۔

وفضٌ (فس) شتاب شتابی اوفاض جمع (ض) دوڑنا شتاب چلنا۔

وفضٌ (فعف) جسپر گوشت کاٹیں اور پارہ پارہ کریں اوفاض جمع

وفضۃ (فسعف) چرواہے کا خریطہ کہ جسمیں اپنا توشہ اور اسباب رکہتا ہے۔ چمڑے کا تیردان وِفاض جمع۔ اوپر کے ہونٹہ کا گڑہا۔

وفعٌ (فس) بنائے بلند۔ ابر کہ جس سے مینہہ کی امید ہو۔

وفعٌ (فعف) پہولا تڑیا ہوا لڑکا وِفعان

وفعۃ (فسعف) لتہ کہ جس سے آگ سلگاویں۔ شیشہ کا سر بند ایک برتن کی مانند شاخ کا کہ جسمیں طعام اور کپڑے رکہیں وفعۃ (فعفعف) بمعنی وفع (فعف)۔

وفقٌ (فس) موافق و سازوار۔ کافی (ح) موافق پانا

وفلٌ (فس) تہوڑی سی چیز (فعف) پوست او کہاڑتا۔

مادہ
۱ وفن
۲ وفہ
۳ وفی
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ وفع
۷ وفق
۸ وقق
۹ وقی
۱۰ وقح
۱۴۹۳
۱۱ وقد
۱۲ ایضاً
۱۳ وقر
۱۴ ایضاً
۱۵ وقع
۱۶ ایضاً
۱۷ ایضاً
۱۸ ایضاً
۱۹ وقف

۱ **وَفنة** (فسف) ہرایک چیز مین کی کی
۲ **وَفہ** (فس) (ف) کلیسا کا خادم
ہوجانا۔
۳ **وَفِی** (فف) بلند اور بہری ہوئی زمین
۴ **وَفِیٌّ** (فکس) تمام اور پورا ۔
۵ **وَفِیٌّ** (فکت) شے کا انجام قبول
کرنا۔ افزون ہونا۔ ورم کا مشتعل
کے ہم وزن نکلنا۔
۶ **وَفیعة** (فکسف) شیشہ کا سر بند
۔ لکڑی کا ایک برتن کی مانند کہ
جنمین خرما وطعام اور کپڑا رکہین۔
چیتھڑا جس سے قلم کو پاک کرین۔
پشم کا ٹکڑا کہ جس سے اونٹون کو
قطران ملین۔
۷ **وَفیق** (فکس) ہمراہ۔
۸ **وُق** (فت) آواز ورکاک کہ
ایک جانور ہے۔
۹ **وِقَاء** (فقسم) جو چیز کہ اوس سے
ایک چیز کو نگاہ رکہین اور پناہ دیجے
۱۰ **وَقاح** (ففس) بے شرم مرد
ارتکاب گناہ پر جری حافر مرو قاح
سخت سم گتا پڑ گیا ہوا وقح (ضفض)
جمع۔ اِمْرَءَ ةٌ وَقَاحُ الْوَجہ
بے شرم عورت
وَقاحة (ففسف) بے شرمی۔
۱۱ **وُقاد** (کفس) سوکہی لکڑی
۱۲ **وَقادٌ** (فتفس) ہوشیار عقلمند
کاموں مین گذرنے والا تیز ذہن
دل جلد شادمان ہونے والے
کاموں مین گذرنے والا تیز۔
۱۳ **وَقار** (ففس) آہستگی ۔
بردباری۔ آہستہ و بردبار مرد۔
۱۴ **وَقارة** (ففسف) وقار (ففس
کب) آہستہ اور بردبار ہوجانا
۱۵ **وِقاع** (کفس) عورت کے
ساتھ مخالطت کرنی۔
۱۶ **وُقاع** (ففسک) گول داغ
کہ ران ستور کے دو جانبون
پر ہوتا ہے۔
۱۷ **وَقّاع** (فتفس) فرزدق کا
ایک غلام تہا جسے قبایح مین بہیجا
کرتا تہا۔ مرد لوگون کی غیبت
کرنے والا۔
۱۸ **وَقّاعة** (فتفسف) مرد لوگون
کی غیبت کرنے والا۔
۱۹ **وَقّاف** (فتفس) درنگ و سستی

۱ وقف ۲ وقم ۳ وقہ ۴ ایضاً ۵ وقی ۶ ایضاً ۷ وقذ ۸ وقص ۹ وقب ۱۰ ایضاً ۱۱ ایضاً ۱۲ وقت

۱۳ وقح ۱۴ ایضاً

کرنے والا - ٹھہرا ہوا - کارزار سے پیچھے ہٹنے والا -

وَقَّاف[۱] (ففتس) بمعنی معنی نفقہ -

وِقَام[۲] (کفس) تلوار - کوڑا - چیدہ رستی - رستی -

وِقَاہَہ[۳] (ضفس) خادم کلیسا -

وَقَاہِیَّہ[۴] (ففسکف) کلیسا کی خدمت گذاری -

وِقَایَہ[۵] (ففسف) بمعنی وِقَایَہ

وُقَایَہ[۶] (کفسف) عورتون کی اوڑہنی - جو چیز کہ اوس سے چیز کو نگاہ رکہین اور پناہ دیوین

وُقَائِذ[۷] (نفسک) بجہے ہوئے پتہر

وَقَائِص[۸] (ففسک) چہوٹی ہڈیون کے سرے -

وَقْب[۹] (فس) پتہرمین گڑہا جسمین پانی جمع ہو جاوے - سخت زمین مین کوئین کے مانند ایک قد یا دو قد کی برابر - بدن کا ہر گڑہا جیسا آنکہہ کا اور شانہ جاے - گہوڑے کی آنکہہ کے اوپر کا مغاکچہ اور وہ دو ہوتے ہین - کوئین کی گہرنی کا سوراخ کہ اوسمین محور داخل کرتے ہین - احمق - فرو ماپہ و ناکس (ضی) تاریکی کا لوگون پر جہک آنا - پنہان ہونا - وقت مین داخل ہونا - گہڈا رہنا - داخل ہونا - متوجہ ہونا - آفتاب کا ڈوبنا - چاند کا خسوف لگنا یہی معنی ہین اس آیت مین مِن شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ -

وَقْبَہ[۱۰] (فسف) پتہرمین گڑہا جسمین پانی جمع ہووے - بڑا روزن جس مین سے آفتاب کا پرتو آوے - اشکنہ اور روغن کا گڑہا کہ جسمین جمع ہو جاوے -

وَقْبی[۱۱] (ضنسکت) صحبت احمقان کا آرزومند -

وَقْت[۱۲] (فس) ہنگام یعنی زمانہ کی ایک مقدار اکثر ماضی مین مستعمل ہوتا ہے اَوْقَات جمع - وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ وقت مقرر ایسا ہے اَمْرٌ مَوْقُوْفٌ (ض) وقت مقرر کرنا -

وَقْح[۱۳] (ضسض) شوخی -

وَقِح[۱۴] (فک) کم شرم -

وقدٌ (فس) (ض) آگ کا بھڑکا ہوا ہونا۔

وَقَدٌ (فعت) آگ۔

وَقَدَۃٌ (فسف) بہت سخت گرمی اور یہہ دس دن ہیں یا نصف ماہ

وقذٌ (فس) ضرب سخت (ض) زمین پر دے مارنا اور پچھاڑ دینا۔ مارنا۔ مارے مار کے مار ڈالنا۔ سست کر دینا۔ آرام دینا۔ غالب ہونا۔ خواب کا کسی پر غلبہ کرنا۔ کسی بیمار چھوڑ دینا۔

وَقرٌ (فس) کان کا بھاری پن یا شنوائی کا جاتا رہنا۔ کینہ۔ عیال بد۔ گرانی۔ سال خوردہ بڈھا۔ بیماری کا وقت۔ بکریاں۔ اونٹ بہت۔ بردباری (ض) بہرا کر دینا۔ پنڈلی کا چیرنا اور اسکا پھاڑنا۔ پتھر میں چھوٹے چھوٹے گڑھے۔ ہڈی کا چیرنا۔ کان کا بہرا ہو جانا مجہولاً مستعمل ہے۔

وقرٌ (فس) [illegible] (ض) بیٹھنا۔

وِقرٌ (کس) بھاری بوجھ یا عام ہے اوقار (فسفس) جمع۔ گدہے اور خچر کا بوجھ جیسے کہ اونٹ کے بوجھ کو وسق کہتے ہیں

وقرٌ (فض) بردبار۔ آہستہ کار۔

وقراتٌ (ففس) آثار و نشانہا جمع وقرۃ۔

وقرۃٌ (فسف) پتھر میں گڑہا جسمیں پانی جمع ہو جائے۔ مثل ہے کانت وقرۃ فی صخرۃ یہہ مثل وہان استعمال کرتے ہیں کہ ایک شخص مصیبت میں صبور ہوئے اور اسمیں وہ مصیبت اثر نکرتی ہو (ض) ٹہوکر کہانا۔

وقریٌ (فسف) لدا ہوا چوپایہ

وقریٌ (فعلت) وقیر کا چرواہا کہ بکریوں کے گلہ کو کہتے ہیں۔ یا بکریوں کا جمع کرنے والا۔ گدہوں کا مالک۔ شہر کا باشندہ

وقشٌ (فس) نرتما۔ ہر گناہ و بدی کہ حد سے گذر جاوے۔ خارش۔ (ض) پوست کو لہو لینا

مادہ

١ وقد
٢ ایضاً
٣ ایضاً
٤ وقذ
٥ وقر
٦ ایضاً
٧ ایضاً
٨ ایضاً
٩ ایضاً
١٠ ایضاً
١١ ایضاً

١٣٩٥
١٢ ذیقعدہ
ایضاً

۴۷ وقش
۵۰ ایضاً
۵۳ وقشہ
۵۴ وقص
۵۵ ایضاً
۵۶ وقط
۵۷ وقظ
۵۸ وقع
۵۹ ایضاً
۶۰ ایضاً
۶۱ ایضاً

پوست کو سر زخم سے کہول دینا۔
زنا کا ذکر کرنا۔ کسی کو زنا سے
متہم کرنا۔ خارش کا اونٹون
مین قبل از استحکام پراگندہ ہونا۔
وقش (فس) گہاس کا اول
خس۔ حرکت۔ چہوٹی سو کہی لکڑی کی
وقش (فس) (ض) نشان کا محو و
ناپدید ہونا۔
وقشہ (فسف) حس و حرکت۔
وقص (فس) (ض) گردن
توڑ ڈالنی۔ گردن کا شکستہ ہونا
کوٹنا۔ عیب کرنا۔ کم کرنا۔ کم ہونا
۔ اصطلاح عروض مین اضمار اور
خبن کے جمع کرنے کو کہتے ہین۔
وقص (فف) چہٹیان جنسے
آگ بہڑکاوین۔ مال جو نصاب
پر افزون ہووے اور اوس
سے زکوۃ واجب نہووے۔
اوقاص جمع شنق بھی اسے ہی
کہتے ہین لیکن بعض وقص بقر مین
استعمال کرتے ہین اور شنق
ابل مین اور یہہ دونون ما بین
فریضتین کو کہتے ہین۔ گردن کی کوتاہی

وقص (ففا) (س) کوتاہ گردن ہونا۔
وقط (فس) سخت زمین مین گڑہا
یا گڑہا کہ جسمین پانی جمع ہو آوے
وقاط (کفس) اوقاط (کفس)
جمع۔ کسی کو ضرب سے پچہاڑ دینا اور
گران کر دینا۔ مرغے کا مرغی پر چڑہنا
دودہ کا کسی کو گران کر دینا۔
وقظ (فس) چہوٹا حوض جسکا
آب گیر ہووے کہ اوس مین
پانی بہت جمع ہووے (ض)
زمین پر دے مارنا یا مارنا اور
سست کر دینا۔ ایک کام پر ہمیشگی
کرنی۔ ضرب کے سبب گران
سیر ہو جانا۔
وقع (فس) آسیب۔ ایک
چیز کی ایک چیز پر ضرب۔ پہاڑ کی
جاے بلند یا عام ہے۔ ابر کہ جسمین
مینہہ کی امید ہووے یا پتلا ابر۔
وقع (ففا) پتہر وقعۃ ایک۔
وقع (ضس) امکنۃ وقع
آب گیر ناک جائین۔
وقع (فک) ابر کہ جسمین مینہہ
کی امید ہو یا پتلا ابر۔ پانو اور سم

پتھر اور زمین سخت سے گھسا ہوا۔
وَقِعٌ (فقف) پتھر وَقِعَۃٌ ایک
وقع (فقف) (س) زمین سخت اور پتھر سے
پانو کا دردناک ہو جانا۔ پانو اور
سم کا پتھر اور زمین سخت سے گھسا
ہوا اور پتلا ہونا۔
وُقْعَۃٌ (فسف) آسیب۔
کارزار کا آسیب کہ ایک دوسرے
کے پیچھے آوے۔ بولتے ہیں یاکل
اَلوَجْبَۃَ وَیَتَبَرَّأُ اَلوُقْعَۃَ یعنی
ایک دفعہ کھاتا ہے اور ایک دفعہ
ہگتا ہے۔
وُقْعَۃٌ (کسف) گر پڑنے کی
ہیات۔
وَقْفٌ (فس) ہاتھی دانت
کا دستانہ۔ گھوڑا جسکے ہاتھ
اور پانو کے خود گاہ میں سپیدی
ہووے۔ ڈھال جسکا گردہ
سینگ یا لوہے کا بنا ووین۔
کھڑا رہنا۔ ٹھہر جانا۔ ٹھہرا
دینا یعنے ایسا کام کسی کے ساتھ
کرنا کہ اوسکے سبب ٹھہر
جاوے۔ آب سرد سے دیکھ

کی جو شمشن پتھا دینی۔ نصرانی
کا کلیسا کی خدمت کرنا۔ گناہ
اور ہر چیز پر مطلع کرنا۔ راہ
خدا سے مین ایک چیز کو مسافرین
پر وقف کرنا۔
وُقْفَۃٌ (فسف) پٹھا جو
کمان پر لپیٹیں۔ اور پر کے
گروہ کا پٹھا اور وہ دو
ہوتے ہیں
وَقْلٌ (فس) درخت مقل
یا اوسکا پھل یا اوسکا خشک
پھل اور اوسکے سبز پھل کو
بھشش کہتے ہیں اوقال (فسعف)
جمع (ض) پہاڑ پر چڑھنا۔
ایک پانو اوٹھانا اور دوسرا
ثابت کرنا۔
وَقَلٌ (فف) کنکری۔ کٹی
ہوئی شاخ جسکی جڑ تنہ مین
باقی ہووے اور اوسکے
سبب بخوبی درخت پر چڑھ
سکین۔ پہاڑ پر خوب چڑھنے
والا گھوڑا۔
وَقِلٌ (فک) پہاڑ پر خوب

مع وقع
مع وقیا
مع القیا
مع وقف
مع القیا
مع وقل
مع القیا
مع القیا

ماده
۱ وقل
۲ ایضاً
۳ ایضاً
۴ وقم
۵ وقن
۶ وقن ایضاً
۷ وقن
۸ ایضاً
۹ وقر

۱۴۹۸

۱۰ وقع
۱۱ وقف
۱۲ وقق
۱۳ وقہ
۱۴ ایضاً

چڑھنے والا گھوڑا۔
وِقل (فض) بمعنی وقل (ذکر)
وَقلۃ (فسیف) مقل کی گٹھلی
وُقول (ضفس) جمع۔
وَقلۃ الرأس خوب چھوٹے سر کا آدمی۔
وَقم (فس) (ض) زمین کی گھاس کھائی جانی پامال کی جانی مجہولاً مستعمل ہے۔ کسی پر غالب ہونا۔ جور و ستم کرنا۔ خوار کرنا توڑنا۔ کسی کو اوسکی حاجت سے روکنا۔ برے طور سے پھیرنا۔ سخت اندوہناک کرنا ۔ باگ کھینچنی ہانڈی بکے جوش کو بٹھا دینا۔
وَقنۃ (ضسف) پرندہ کا آشیانہ۔ پشت بشتہ میں زمین کا چھوٹا کنوان وغیرہ وقنات (ضسفس) اقنات (ضسفس) جمع
وَقواق (فسفس) بزدل مرد ۔ ایک درخت جسکی دوات بناتے ہین
وَقواقۃ (فسفسف) بیہودہ بکنے والا مرد بہت کلام کرنے والا

وَقود (ضفس) وقدان (فسفس) بمعنی وَقد۔
وَقود (فضس) سوکھی لکڑی۔ آگ کا افروز جس سے آگ بھڑکا دین
وَقور (فضس) آہستہ و بردبار۔ مذکر و مؤنث ہے۔
وُقوع (ضفس) (ف) گر پڑنا ۔ واجب ہو جانا۔ سان کے پتھر پر تیز کرنا۔ چوپایہ کے سم بن یاران سے اوپر کیطرف پر داغ وقاع کرنا۔ بولتے ہین وُقِعَ فی یدہٖ یعنی خوار ہو گیا اور ندامت پہنچی جنگ مین قوم کو ڈال دینا۔ حق کا ثابت ہو جانا۔ اونٹ کا بیٹھنا۔ چوپایہ کا زانو پر آنا۔ زمین کو بہار کا گھیر لینا۔ پرندہ کا اوپر سے درخت پر یا زمین پر اوترنا۔ شتاب چلنا۔ ہر جنس کی سخن ڈالی۔ آئینہ کو سخن میں تیز کرنا۔ پتھر کا سم کے کنارہ کو پارہ پارہ کرنا
وُقوف (ضفس) کھڑا رہنا ٹھہرنا۔
وَقوقۃ (فسفف) کتے کی اور پرندہ کی آواز خوف کے وقت۔
وَقہ (فس) (رح) فرمانبرداری کرنی
وَقہۃ (فسف) بندگی فرمانبرداری۔

وَقِیّ (فکت) زمین جو پشت کو زخمی کرے سَحَرِیج وَقِیّ بولتے ہیں۔

وَقِی (ضکت) پرہیزگاری۔ حفظ و نگاہ داشت۔

وُقِی (فس) وِقَایَۃ (فعسف) وَاقِیَۃ (فسکف) (ص) نگاہ رکھنا وِقْ امر سے یعنی نگاہ رکھ بولتے ہیں قِ عَلیٰ ظَلْعِکَ یعنی اپنے حال کے اہتمام کو لازم پکڑ یا پہلے اصلاح امر کر۔

وَقِیبٌ (فکس) گھوڑے کے غلاف ذکر کی آواز۔

وُقَیِّبَۃ (ضسکتف) بمعنی اُحَد قُبَیّۃ۔

وَقِیدٌ (فکس) سوکھی لکڑی۔

وَقِیدِیَّۃ (فکسکتف) ایک قسم کی بھیڑیں۔

وَقِیذٌ (فکس) مقتول گرا پڑا اپنا بچھاڑا ہوا۔ آہستہ چلنے والا۔ گرانبار۔ سخت بیمار قریب بمرگ۔ خوف دبلا۔ بکری لکڑی سے مار ڈالی ہوئی۔

وَقِیرٌ (فکس) چیری ہوئی ہڈی۔ پتھر میں بڑا گڑھا کہ جسمیں پانی جمع ہو جاوے۔ پہاڑ میں گڑھا۔ بکری کا گلہ یا چھوٹی بکریاں یا بالشو بکھولوں کا گلہ یا عام ہے یا بکریاں کتے سمیت اور گدہے اور چرواہے اور بولتے ہیں فَقِیرٌ وَقِیرٌ فقیر کو چھوٹی بکریوں کے ساتھ تشبیہ دی ہے یا اتباع سے ہے۔

وَقِیطٌ (فکس) گران جسم مرد ورزش کی بیخوابی سے کسلمند۔ ہر گران اندام مار سے یا غم کے سبب۔ سخت زمین۔ گڑھا یا گڑھا کہ جسمیں پانی جمع ہووے وِقْطَان وِقَاط اَوْقَاط جمع۔

وَقِیطٌ (فکس) وہ شخص کہ جسمیں ثبات ہووے کہ بعوض برقادر ہو۔

وَقِیعٌ (فکس) سان کے پتھر سے چھری اور تلوار تیز کی ہوئی۔ سُم والا اور سم پتھر سے تیلا اور تیز ہو گیا ہوا۔

وَقِیعَۃ (فکسف) آسیب کارزار۔ شتر چرا کا برتن کہ جسمیں کیڑا وغیرہ رکھیں۔ پہاڑ کا چھوٹا کنواں یا نرم زمین جسمیں پانی ٹھیرے وَقَاع (کفس) وَقَائِع (ففسک) جمع۔ کشاکش۔ فتنہ۔ آدمیوں کی غیبت وَقَائِع (ففسک) جمع۔

ماده

مع وقی
مع ایضا
مع ایضا
مع وقب
مع وقی
مع وقی
مع ایضا
مع وقذ
مع وقر
مع وقط
مع وقط
مع وقع
مع ایضا

مادہ
۱ وقف
۲ الصفا
۳ وکم
۴ وکی
۵ وکب
۶ وکث
۷ وکد
۸ وکر
۹ وکع
۱۰ وکف
۱۱ وکل

زمین کہ پانی کو نہ چوسے - وَقَائِعُ اَلْعَرَبِ عرب کے جنگلوں اور واقعوں کے دن - کشش کرنی غیبت کرنی -

وقیفۃ ۱ (مکسف) بز کوہی جو کتوں کے خوف کے سبب ایک پتھر کی پناہ میں کھڑا ہوا ہو اور اوپر تر نہ سکے -

وقیفی ۲ (کتکسف) نصرانی کے کلیسا کی خدمت کرنی -

وکّ ۳ (فت) دور کرنا - اور عرب میں بولتے ہیں اِتَّکَّ فُلَانٌ اَزْرَہٗ عَکَّ وَکَّ (فت) یعنے ازار کی دونوں طرفوں کو لٹکانا اور اوسکا باقی سمیٹ لینا -

وکا ۴ (فس) (ض) تکیہ کرنا - ناقہ کا دردزہ لگنے سے آواز کرنا

وکاء ۵ (کفسم) مشک وغیرہ کا منہ بولتے ہیں اِنَّ فُلَانًا لَوِکَاءٌ یعنے کچھ جود نہیں کرتا -

وکاب ۶ (فتفس) اندوہ مناک ایک ہذلی شاعر ہے -

وکاث ۷ (کفس) ناشتا جو صبح کو کہا دین -

وکاد ۸ (کفس) تسمہ جس سے پالان باندہیں - رسی جو دوہنے کے وقت مادہ گاؤ کے پیر باندہ دیتے ہیں وَاکِدٌ جمع

وکار ۹ (فتفس) خوب دوڑنے والا -

وکاعۃ ۱۰ (فقسف) کمینہ ہو جانا - درشت اور چکنا اور سخت ہو جانا -

وکاف ۱۱ (کفس) پیتھا گہند -

وکال ۱۲ (ففس) سستی وکاہلی -

وکال ۱۳ (کفس) چوپایہ کا عجز اور سست چلنا -

وکالۃ ۱۴ (کفسف) وکیل -

وکب ۱۵ (فس) ایک کام پر ہمیشہ رہنا - پانو پر کھڑا ہونا - کھڑا رہنا

وکب ۱۶ (فنف) (س) سے قلیل نشان کرنا - رفتار میں پاس پاس قدم رکہنا -

وکتۃ ۱۷ (فسف) نقطہ - بولتے ہیں فِیْ عَیْنِہٖ وَکْتَۃٌ یعنی نقطۃ

وکتۃ ۱۸ (ضسف) آتش زنہ میں سے آگ نکلنے کی جگہہ -

وکح ۱۹ (فنض) پرندہ کے نیچے ہوئے بھنے گوشت کے

وَکَح (فس) پانوکے نیچے خوب پامال کرنا۔

وَکَدَ (فس) قصد و مراد۔

وَکَدَ (فس) کوشش و طاقت کام۔

وَکْرٌ (فس) پرندہ کا گہونسلہ اگرچہ اوسمین پرندہ نہو اَوْکُرٌ اَوْکَارٌ وُکُورٌ وُکُرٌ جمع۔ اونٹ اور گہوڑے کا ایک قسم کا دوڑنا۔ وَکَرَ (فن) (فس) نئی بنائی جہانی کرنی۔ کسی کی ناک پر گہونسا مارنا۔ پرندہ کا گہونسلے مین داخل ہونا۔ بچہ کا کودنا مشک وغیرہ کو پر کرنا۔ شتاب اور کوتاہ اندام پر گوشت ہوجانا ناقہ کا۔ اونٹ اور گہوڑے کا دوڑنا۔

وُکْرَةٌ (فسف) بمعنی وکر (فس) نئے مکان بنانے کی جہانی۔

وُکْرَةٌ (ضسف) گہاٹ اور پانی مین اوترنے کی جگہہ۔

وَکَرَی (فسف) تیز رو ناقہ یا ٹہنگنی پر گوشت۔ عورت زمین کو نہایت پامال کرنے والی۔ گہوڑے اور اونٹ کا ایک قسم کا دوڑنا۔

وَکْزٌ (فس) (ض) دور کرنا ہانکنا۔ نیزہ مارنا۔ گہونسا مارنا۔ پانو کے آگے سے دبانا۔ پر کرنا و وڑنا۔

وَکْسٌ (فس) چاند کی ایک منزل ہے کہ اوس مین کسوف ہوجاوے۔ فساد زخم کا لقیہ کم کرنا۔ کم ہونا۔ چاند کا نحس ستارہ کی منزل مین داخل ہونا۔ دماغ مین خون یا ہڈی کا گر پڑنا۔ تجارت مین نقصان اور کمی پہنچنی۔ مرد کا زیان رسیدہ ہونا تجارت مین مجہولاً مستعمل ہے۔

وَکْظٌ (فس) (ضق) دور کرنا۔ ہانکنا۔ ایک امر پر دوام اختیار کرنا۔

وَکْعٌ (فس) (ف) ناک پر گہونسا مارنا۔ سانپ اور بچہو کا ڈسنا۔ مرغی کا جفتی کے لئے نیچے بیٹہنا۔ اونٹ کا درد سے گر پڑنا۔ کسیکو ایک کام مین سرزنش کرنی۔

1501

مادہ

وکی ۲ - ایضاً - وکف - ایضاً - ایضاً - وکل - ایضاً - ایضاً - ایضاً - وکم

۱۵۰

پستان کو دودھنے مین ہاتھہ سے مارنا - دودھ چوستے وقت گوسالہ اور بکری کے بچہ کا پستان مین سرمارنا - عرب کے کلام مین سے یہہ ہے عنزہ گاے بولتے ہین کہ دودھ لے اور تھن مین سے کچھہ چھوڑدے کہ تیرے لیے وہ ہے جو چھوڑیگا اور سمجھی کہتی ہے کہ دوہلے اور کچھہ مت چھوڑ کہ جو تو کچھہ چھوڑیگا تو تیرا نہین ہے -

وکع (ففت) (س) پانوکے انگوٹھے کا پہلی انگلی پر بیٹھہ جانا اتنا کہ جڑ اوسکی گرہ کی مانند باہر نکل آئی ہو -

وکعاء (ففسم) مونث اوکع - دریدگین عورت -

وکف (فس) چمڑے کا فرش -

وکف (فس) وکیف (کس) (ض) مینہ کے سبب چھت کا ٹپکنا - ایسا ہی ابر کا اور آنکھہ کا ٹپکنا -

وکف (فف) گناہ - عیب پہاڑ کا کنارہ - پسینا اور عرق - زمین درشت سنگ ناک کا اسفل - بالاخانہ کے مانند کہ کنیف خانہ پر بناتے ہین اوکاف جمع (س) خم کہانا اور میل کرنا - ظلم وستم کرنا - عیبناک ہونا - گناہ گار ہوجانا - سست ہو جانا - تباہی - گرانی - سختی

وکل (ففت) عاجز مرد کہ اپنا کام دوسرے کو سونپے اور اوس پر تکیہ کرے -

وکل (فس) (ض) خدا تعالی پر تکیہ کرنا اور اپنے عجز کا اقرار کرنا -

وکل (فس) وکول (بضمین) (ض) کسی پر کام کا چھوڑ دینا اور اوس کے حوالہ کرنا - چوپایہ کا سست ہو جانا -

وکلہ (ضففت) بمعنی وکل -

وکم (فس) (ض) زمین کا پامال کیا جانا - اور اوسکی گھاس کا کہایا جانا - اندوہ مند کرنا - موڑنا - ایک چیز کو خوار

کرنا عرب مین اونٹنی ہین ہم یکم یوان اَلْکَلَامَ یعنی وہ تمکو سلام کہتے ہین
وکمتہ[11] (فسف) دلدار عورت سیر شکم۔

وکن[2] (فس) پرندہ کا گہونسلا اوکن (فسض) وکن (ضفس) وکون (ضفضس) وکنات (ضسفس) جمع۔ اصمعی کہتا ہے کہ وکن طائر کا مسکن ہے بخیر عش مین اور وکر وہ ہے جو عش مین ہو۔ ابو عمرو کہتا ہے کہ وکنۃ (ضسف) پرندہ کا موقع ہے جہان کہین ہو (ض) سخت چلنا۔ بیٹھنا۔ پرندہ کا انڈا نیچے لینا۔

وکنتہ[3] (کسف ضسف فسف) پرندہ کا گہونسلا۔

وکنتہ (ضفسف) پرندہ کا گہونسلا۔

وکواکث (فسفس) رفتار مین گول ہوجانے والا۔ بزدل ڈرنے والا۔

وکوالتہ[4] (فسفستف) بڑے سرین والی عورت۔

وکوثب (فضس) ہرنی فراخ گام۔

وکوثب (فضس) وکب (فف) وکبان (ففس) (ض) فراخ چلنا۔

وکوثد[9] (ضفضس) (ض) اقامت کرنی۔ قصد کرنا۔ پہنچنا۔ گرہ کو مضبوط کرنا۔ پالان باندہنا۔

وکوثر[10] (ضفس) (ض) پرندہ کا گہونسلے مین آنا۔

وکوف[11] (فضس) شیرناک اونٹنی۔

وکوکتہ[12] (فسفف) کبوتر کی آواز۔ چلنے مین گونی ہوجانا۔ جنگ سے بہاگ جانا۔

ولوون[13] (ضفضس) پرندہ کا انڈا نیچے لینا۔

وکی[14] (فس (ض)) وکاء (کفس) سے سر مشک کو باندہنا۔

وکیت[15] (فکس) غمازی اور حاکم کے پاس چغلی لگانی۔ دروغ سے بات کو آراستہ کرنا۔

[12] دکک
[13] دکن
[14] دکی
[15] دکت

مادہ
وكد
وكر
وكع
وكل
ولد
ولس
ولع
ولف
ولي
1504

وَكِيْدٌ (فکس) مضبوط۔
وَكِيْرَةٌ (فکس) نئے مکان بنانے کی مہمانی۔
وَكِيْرَةٌ (فکسف) بمعنی وَكِيْرَةٌ۔
وَكِيْعٌ (فکس) مضبوط مشک کہ اوس سے پانی نہ رسے مضبوط گہوڑا کہ عرق نہ لاوے سخت پوستین سخت۔ مضبوط دل یا جسکی دو آنکہین بینا اور دو کان شنوا ہون فُلَانٌ وَكِيْعٌ (فکس) لَكِيْعٌ (فکس) یعنے وہ لئیم اور کمینہ ہے ایسا ہی فُلَانٌ لُكَعٌ (ضضس) وَكُوعٌ (فضس) بکری جسکی اور بکریان پیرو ہون۔
وَكِيْلٌ (فکس) جسکے کام حوالہ کرین اور اوس پر چھوڑ دین واحد جمع مذکر و مونث۔ اللہ عز و جل۔
وِلَاءٌ (کفس) دو کامون کو پے در پے کرنا۔ بعض چیز کو بعض سے جدا کرنا۔ ایک دوسرے کے متصل اور پیوستہ کرنا

وَلَاءٌ (ففسم) بادشاہی و ملک قرابت۔ آزادی۔ دوستداری
وَلَايَةٌ (ففسف) دوستداری۔
وِلَادٌ (کفس) وِلَادَةٌ (کفسف) جننا
وُلَّادٌ (فتفس) جہوٹہہ بولنے والا کہ کہے اور نہ کرے۔ خود رائے نادرست درشتی۔
وِلَّاسٌ (فتفس) بہیڑیا۔
وِلَافٌ (کفس) ایک قسم کا دوڑنا۔ کہ پاؤن لگے گرین کسی کے ساتھہ الفت یکطرفی قوم کا برابر اکہٹا آنا۔ نزدیک ہونا۔ اپنے تئین کسی کی طرف یا کسی چیز کی طرف نسبت کرنی۔
وِلَايَةٌ (کفسف) بادشاہی۔
وَلَايَةٌ (ففسف) (س) ایک چیز پر قدرت پانی اور اوس مین تصرف کرنا یا بالفتح مصدر ہے اور بالکسر بمعنی خطہ۔ امارت۔ قدرت۔ ملک۔ بادشاہی کرنی۔ مدد دینی۔ بولتے ہین اَنْتُمْ عَلَيَّ وَلَايَةٌ (ففسف) وَاحِدَةٌ یعنی مجتمع ہین

مادہ

وَلْتٌ (فس) کمی (ض) کم کرنا ۔

وَلْثٌ (فس) تہوڑا مینہہ ۔ بے اختیار و بے قصد و بے مضبوط پیمان ۔ پیالہ مین باقی رہا ہوا خمیر ۔ خیک چربی مین پانی کا بقیہ یا طشت مین ۔ برتن مین نبیذ کا فضلہ ۔ شیست کمینہ ۔ درد چشم کا نشان و اثر ۔

وَلْث (فس) (ض) مارنا ۔ غلام کو بعد موت آزاد کرنا یعنے یہہ کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے ۔ نا استوار عہد یا عہد ہنا ۔

وُلُجٌ (ضمض) کنارے ۔ گوشے کوچے ۔ شہد کے چہتے ۔

وَلَجٌ (ففف) راہ ریگستانی ۔

وَلَجَةٌ (ففف) پہاڑ کی کہوہ جس مین آدمی مینہہ وغیرہ مین گہس آوے فارسی مین باد سے باران گریز کہتے ہین ۔ خم وادی ۔ منج (فف) اولاج (فسفس) جمع ۔

وُلُجَّةٌ (ضمضف) بہت داخل ہونے والا ۔

وَلْحٌ (فس) (ض) اونٹ پر طاقت سے زیادہ بوجہ لادنا ۔

وَلِخَةٌ (فکف) زمین جسکی گہاس آپس مین لپٹی ہوئی ہو

وَلَدٌ (فف) فرزند واحد و جمع برابر اور کبہی جمع اسکی اَوْلَاد وِلْدَة اِلْدَة وُلْد آتی ہے ۔ اسی لفظ سے ہے یہہ مثل وَلَدُکِ مَنْ دَمّٰی عَقِبَیْکِ یعنے اے عورت تیرا بیٹا وہ ہے کہ جس کے سبب تجہکو نفاس آوے نہ وہ جسکو تو ملتی ہین مَا اَدْرِی اَیُّ وَلَدِ الرَّجُلِ ہو یعنے مین نہین جانتا کہ وہ کیسا آدمی ہے

وُلْدٌ (ضس) وِلْد (کس) وَلْد (فس) فرزند ۔

وَلْذٌ (فس) تیزی رفتار حرکت ۔

وَلْسٌ (فس) نادرستی

قریب۔
ولس[1] (فس) ولسان (ففعس) (ض) شتاب چلنا۔ بات کو کنایہ سے کہنا
ولع[2] (نف) ولوع (فعس) (س) حریص و آرزو مند ہوجانا۔
ولع[3] (فس) جھوٹھہ۔ ولع (فس) والع (فسک) مبالغہ۔
ولع[4] (فس) ولعان (ففعس) (ف) سبک اور خوار ہوجانا۔ جھوٹھہ بولنا۔ کسی کا حق اوچک لیجانا۔ ما ادری ما ولعہ یعنے مین نہین جانتا کہ کس چیز نے اوسے باز رکہا۔
ولعۃ[5] (ضفقف) ایک چیز بے فائدہ کا حریص مرد۔
ولغ[6] (فس) ولوغ (ضفعس) ولغان (ففعس) (ف) کتے کا اطراف زبان سے پانی پینا یا زبان اوسمین ڈال دینی اور حرکت دینی۔ یہہ درندون کے لیے۔ پرندون مین سے کہی کے لیے خاص ہے۔
ولغۃ[7] (فسف) چہوٹا ڈول۔
ولف[8] (فس) ولاف (کفس) ولیف (فکس) (ض) برق کا پے در پے چمکنا۔
ولق[9] (فس) (ض) تلوار سے مارنا۔ اذ تلقونہ زود ہو جانا مجہولاً مستعمل ہے۔ سرعت کرنی۔ پلک کا نیزہ مارنا۔ پیوستہ چلنا۔ جھوٹھہ بولنا۔
ولقی[10] (ففعف) ناقہ کا ایک قسم کا دوڑتا تہوڑی سی سختی کے ساتہہ۔ تیز رو ناقہ۔
ولم[11] (فس) زین کا تنگ۔ پالان کا تنگ۔ قید۔ زنجیر۔ رسی جس سے تنگ پالان کو اسناف سے باندہین تاکہ حرکت نکرے۔
ولمۃ[12] (فسف) ایک چیز کی تمامی اور اوسکا اجتماع۔

حاشیہ: [1] ولس [2] ولع [3] ایضاً [4] ایضاً [5] ایضاً [6] ولغ [7] ایضاً [8] ولف [9] ولق [10] ایضاً [11] ولم [12] ایضاً

ولوال (فسفس) شدت اندوہ و چند نر عورت کا آوازہ و فریاد کرنا۔ ویل ویل بولنے لگنا۔

ولوث (ضفضس) (ض) پہنچ جانا ملجانا۔ ایک چیز میں داخل ہونا۔ سرعت کرنا۔

ولوج (ضفضس) (ض) داخل ہونا۔

ولود (فضس) بکری جننے والی والد (ضس) جمع۔

ولودیتہ (ضفضسکتف) لڑکپن خوردی۔ جوروستم۔ کم مہربانی۔

ولوس (فضس) تیزرو ناقہ۔ خوب شتابی کرنے والی۔

ولوع (فضس) (ض) حریص ہونا۔ حریص۔

ولوغ (فضس) شئے قلیل از طعام۔

ولوف (ضفضس) اپنے درپے بجلی چمکنے والی۔

ولولتہ (فسفسف) کمان کا آوازہ کرنا۔ عورت کا آوازہ و فریاد کرنا۔

ولہ (فف) (ح س ض) ڈرنا اور خوفناک ہونا۔ ہیم۔ اندوہ۔ اندوہ کے سبب سے بےخودی سرگشتگی عشق کے سبب سرگشتگی۔

ولہان (فسفس) اندوہ مند۔ اندوہ کے سبب بےخود سرگشتہ و ترسناک۔ ایک شیطان کا نام کہ آدمی کو وضو میں پانی بہت بہانے پر برانگیختہ کرتا ہے۔

ولہانہ (فسفسف) عشق کے سبب سرگشتگی۔

ولہی (فسف) مؤنث ولہان

ولی (فس) نزدیکی مینہ وسمی مینہ کے بعد (ح) وسمی کے بعد مینہ کا برسنا مجہول مستعمل ہے۔ نزدیک ہونا۔

ولی (فکت) موسم بہاری کا دوسرا مینہ۔ اولیۃ جمع۔ ولوی اوسکی طرف منسوب

ماده
ع ولل
ع ولث
ع ولج
ع ولد
ع ایضاً
ع ولس
ع ولع
ع ولغ
ع ولف
ع ولل
ع وله
ع ایضاً
ع ایضاً
۱۵۰۷
ع وله ایضاً
ع ولی
ع ولی ایضاً

دوست و مہربان - یار و مددگار - نگاہبان - کسی پر متصرف - نزدیک -
ولیا (ضسفس) مؤنث اولی (سف) - ولییان (ضسفقس) ولی (ضف) ولییات (ضسففس) جمع -
ولیتہ (فکتف) پشتا گند یا وہ چیز کہ پشتا گند کے نیچے بچھاویں - توشہ کہ مسافر کی مہمانی کے لیے عورت تیار کرے ولایا جمع دارۃ ولیتہ پاس گہر یہہ قول کا تبلا یا یا رو وحشہا فی الولایا یعنے ناقہ کہ اپنے مالک کی قبر پر الٹی لٹکائی جاوے پھر اوسکے سر پر ولیتہ رکھا جاتا ہے یہاں تک کہ مرجاتی ہے -
ولیجہ (فکسف) نہانی مرد - مرد کا خاص اور برگزیدہ یا اوسکا معتمد علیہ اوسکے عیب کہنے کا - ایک قوم میں داخل ہو گیا ہوا مرد

ولیجۃ (فکسف) برتن ولیج ولائج جمع -
ولیخ (فکس) کتان کا ایک کپڑا ہے -
ولیخۃ (فکسف) گاڑھا دودہ - پتلا گارا - لپٹی ہوئی گھاس کی زمین -
ولید (فکس) جنا ہوا - لڑکا غلام ولدان (کسففس) ولدۃ (کسف) جمع - عرب میں بولتے ہیں ہم فی امر لا ینادی ولیدہ یعنی ایسے کام میں مشغول ہوئے یہانتک کہ اگر ایک لڑکا ایک گرانمایہ چیز پر ہاتھ بڑھاوے تو وہ بھی زجر و سرزنش نہیں کیا جاتا -
ولیدۃ (فکسف) لڑکی - لونڈی - ولائد (ففکس) جمع - عورت جو عرب کے درمیان جنی گئی ہو -
ولیع (فکس) خرما وغیرہ کا نہ کہلا ہوا خرما -
ولیف (فکس) اپنے در پے بجلی چمکنے والی - ایک قسم کا دوڑنا کہ پانو اکٹھے گریں - قوم کا برابر اکہٹا آنا

وَلیقۃ (فکسف) ایک قسم کا طعام ہے کہ مسکہ اور آنٹے یا آٹے اور دودہ اور روغن سے بناتے ہین۔

ولیمۃ (فکسف) شادی کا کہانا اور بعض کے نزدیک ہر دعوت پر جو خوشی مین کیجاوے بولا جاتا ہے لیکن مشہور طعام نکاح مین ہے مطلقًا اور جب کبہی اور تقریب کا ہو تو اوسکی طرف منسوب کرتے ہین جیسا ولیمۃ الختان وغیرہ۔

وَمأ (فس) (ف) اشارہ کرنا

وَمائج (تفعس) عورت کی کس جاگے سیاتہہ اصح ہے۔

وَملح (فتفس) عورت کی کس کا شگاف یا کس۔

وَمحتۃ (فسف) گرمی آفتاب کا اثر

وَمحنۃ (فسف) نکوہش اور ملامت سیخ پہنچانے والی۔

وَمد (فف) سخت گرمی یا سخت گرمی ہوا کے جس میں ہیت یا تری اور خشکی کہ شدت گرمی مین دریا کی طرف سے آوے یا رات کی گرمی کی سختی غصہ۔ ومد (فف) اس غصہ ہونا

وَمد (فکف) سخت گرم رات۔

وَمدۃ (فسف) رات کی گرمی کی سختی۔

وَمدۃ (فکف) سخت گرم رات

وَمز (فس) (ض) غصہ کے مارے ناک کو حرکت دینی یا ناک سے اشارہ کرنا۔

وَمش (فس) (ض) ایک چیز کو ایک چیز پر گہسنا تاکہ پوست کہل جاوے۔

وَمشۃ (فسف) سپید تل

وَمض (فس) ومیض (فکس) ومضان (ففسس) (ض) بجلی برق کا چمکنا اور یہی بغیر پراگندگی کے اور ایسا چمکنا کہ نواحی ابر مین پراگندہ ہووے اور سے خفیف ہوتے ہین اور ایسا کہ طول مین چمکے اور ابر کو چیرتا وے عقیقہ کہتے ہین۔

وَمطۃ (فسف) تعب وسختی کے سبب زمین پر گر پڑنا۔

وَمعۃ (فسف) مینہہ کا ٹپکا گرنا

۱۵۰۹

ماده
۱ وسخ
۲ ومق
۳ ومك
۴ ومد
۵ ایضاً
۶ ون
۷ ونی
۸ ایضاً
۹ ونج
۱۰ ونع
۱۱ ونك
۱۲ ونم
۱۳ ایضاً

۱ وُسخۃ (فسف) ایک لمبا بال۔

۲ وِمق (فس) (ح) دوست رکھنا

۳ وُمکۃ (فسف) فراخی وکشادگی۔

۴ ومئہ (فس) (س) دن کی گرمی سخت ہونی۔

۵ وُمہۃ (فسف) ہر ایک چیز کا خلاصہ یا اوسکی گذارش۔

۶ وُن (فت) چنگ جسے انگلیوں سے بجاوین۔ سستی۔

۷ وَنائر (فقسم) ماندگی۔ سستی

۸ وَناۃ (فقس) موتی۔ بردبار عورت۔ سست و آہستہ و باوقار نشستن و برخاستن و رفتار میں۔

۹ وَنج (فف) ایک قسم کا باجہ یا رود جامہ و رباب وغیرہ کہ یہ سب ایک قسم کے باجے ہیں

۱۰ وُنع (فف) شئے قلیل کا کنایہ یمنی لغت ہے۔

۱۱ وَنك (فس) (ض) قوم کے درمیان جگہہ پکڑنی۔

۱۲ ونم (فس) (ض)

۱۳ ونمۃ (فسف) مکھی کی بیٹ۔

۱۴ وَنی (فف) ماندگی۔ سستی۔

۱۵ ونی (فس) ونی (ففف) ونی (ففقف) ونیۃ (فسف) (ض) ماندہ اور سست ہو جانا۔ چھوڑ دینا۔ آستین کو سیٹنا ہو لیے تمہین ہو لا یتنی تفعل کذا یعنے وہ ہمیشہ ایسا کرتا ہے۔

۱۶ وَنیۃ (فسف) موتی یا موتی کا دہاگا۔ گون۔ سستی۔

۱۷ ونیم (فکس) مکھی کی بیٹ

۱۸ وَوَزۃ (فسف) آشفتہ گی

۱۹ وہ (فت) غم واندوہ۔

۲۰ وہاب (فتفس) خوب بخشنے والا

۲۱ وہابیۃ (ففسف) خوب بخشنے والا

۲۲ وہازۃ (کفسف) نخرگین عورت کی رفتار۔

۲۳ وہاس (فتقس) شیر۔ ایک علم ہے

۲۴ وہاص (فتفس) بہت عطا اور بخشش والا۔

۲۵ وہافۃ (ففسف) کلیسا کی خدمتگاری

۲۶ وہب (فس) (ف ح) بخشنا اسکا امر ہب آتا ہے بمعنی خیال کر

اور گمان کر اس معنی مین ماضی
او مستقبل نہین آتا وہب معنی وہب
یعنی خیال کر کہ کیا مین نے وہبنی
اللہ فداک یعنی خدا مجھکو تیرے
اوپر قربان کرے۔ موہبت (ففعلۃ)
جنگ و مقابلہ مین کسی پر غالب آنا
وہبٹ (ففعل) بخشش۔
وہرث (فس) (ض) پہنچایا
دیوار وغیرہ مین سخت سے پہنچیا
تنگ کرنا۔ کوٹنا
وہتۃ (فسف) افتادگی سخت
وہرث (فس) (ض) کوشش
کرنی۔ ایک چیز مین اصرار
کرنا۔ پانو کے نیچے خوب پامال
کرنا۔
وہج (فس) آگ کی افروختگی
اور سوزانی۔
وہج (فس) وہجان (ففعل)
(ض) آگ کا افروختہ ہونا۔
وہد (فس) پست زمین ہموار
اوہد (فعل) وہاد (کفعل)
وہدان (کسفعل) جمع۔
زمین مین گڑھا۔

وہدۃ (فسف) پست زمین
ہموار۔
وہر (فف) آفتاب کی حرارت
کی زمین پر افروختگی ایسا کہ
اوسکا اضطراب بخار کے مانند
نمایان ہوجاوے۔
وہز (فس) (ض) کسی کو
ایک کام دشوار مین ڈال
دینا کہ اوس سے راہ رہائی
معدوم ہو۔
1511 وہز (فس) (ض) ٹہنگنے
قد کا مرد سفید [illegible] پیدائیش
کا یا سخت بدن کا میانہ
قد۔ پانو کے نیچے پامال
کرنا۔ دور کرنا۔ [illegible] نکلنا۔
برانگیختہ کرنا۔ دو ناخن
کے درمیان جون مار ڈالنی
۔ سارے یا ہاتھ سے مارنا۔
وہس (فس) (ض) رفتار
کی سختی۔ بہید۔ رفتار سخت
۔ سرعت کرنی۔ خویش و
بتار پر دست درازی کرنی
حیلہ کرنا۔ سخن چینی کرنی۔

ماده

وہص
ایضاً
وہص
ایضاً
وہف
ایضاً
ایضاً
وہق
ایضاً
وہل
ایضاً

کوٹنا۔ پانو کے نیچے پامال کرنا۔

وہص (فس) (ض) ایک نرم اور سخت اور بیچ کی خالی چیز کو توڑنا۔ سر توڑنا۔ پانو کے نیچے خوب پامال کرنا۔ زمین پر سخت دے مارنا۔ درشتی کے ساتھ پھینکدینا۔ خصی کرنا۔

وُہصۃ (فسف) گول زمین ہموار پست۔

وَہضۃ (فسف) ہموار زمین پست یا گول زمین پست ہموار پست۔ زمین گڑھیلی۔

وہط (فس) لاغری۔ گروہ۔ باغ۔ عرفستان اور بولتے ہیں وَہطًا من عُشَر یعنے عشرستان۔ (ض) توڑنا۔ پانو سے پامال کرنا۔ نیزہ مارنا۔ سست وضعیف ہونا۔

وَہطۃ (فسف) پست زمین گڑھیلی وہط (فس) وہاط

(کفس) جمع۔

وُہف (فس) وہیف (فکس) (ض) گھاس کا پتا نکال لانا اور سرسبز ہونا اور بڑھ جانا پھولنا۔ نزدیک ہونا۔ آگے آنا اور آشکار ہو جانا۔ نزدیک پہنچنا اور حاصل اور میسر ہو جانا۔

وہف (فس) وہافۃ (کفف) (ض) کلیسا کا خادم ہو جانا۔

وُہفۃ (فسکتف) کلیسا کی خدمتگری۔

وَہق (فف) کمند اوہاق جمع یا معرب ہے۔ رسی جو چوپایہ کی گردن میں ڈالیں اور اوس سے بند کریں۔

وَہق (فس) (ض) بندکرنا باز رکھنا۔

وہل (فس) ڈرنے والا اور خوفناک (ف ض) گمان لیجانا دل اوس جگہہ جانا کہ اوس کا قصد ہووے۔

وہل (فک) ڈرنے والا اور سست۔

علامات اعراب منقلستم یعنی ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ات تشدید م

وہلٗ (فتف) (س) سُست ہوجانا۔ ڈرنا۔ ایک چیز مین غلطی کرنی اور سہو کرنا اور بھول جانا۔ خوف و بیم سے بزدلی غلط۔ نسیان۔

وُہلۃ (فسف) ہر ایک چیز کا شروع۔ خوف و بیم۔

وَہم (فس) جو چیز کہ دل مین گذرے یا گمان و اعتقاد ضعیف اوہام (فسفس) جمع فراخ راہ۔ بزرگ جثہ کا مرد تابعدار موٹا اور مضبوط قوی وہمۃ (فسف) مونث اوہام (فسفس) توہم (فضفس)

وہم (فضض) جمیع۔ چارہ و حیلہ و تدبیر وہم (فس) (صاحب) یعنی جگہہ دل جانا کہ مقصود نہو وے۔

وہِمٗ (فقف) حساب مین غلطی کرنی۔

وہنٗ (فس) سستی۔ تہنگنا مرد در شست اندام۔ آدہی رات کی مقدار یا اوسمین کا لشکر اور نشو کے اندرہ (وہن فس ضح

ک) کام مین سستی کرنی سست ہوجانا۔ سست کرنا۔ آدہی رات مین داخل ہونا۔

وَہنانۃ (فسفسف) عورت جسمین اوٹہنے اور چلنے کے وقت کچہہ تہوڑی سی سستی اور فتور ہووے۔

وَہواہ (فسفس) شادمان اور تیز گہوڑا۔ شتر غران و خروشان۔ گدہا گدہی کی طرف مائل۔

وَہوب (فضفس) بخشنے والا

وہوہ (فسف) شادمان و تیز گہوڑا۔

وَہوہۃ (فسقف) گہوڑے کے گلے کی آواز کہ ہنہنانے کے بعد آوے۔ خوف و بیم کے سبب کتے کا گلے مین آواز کو پہرانا۔ گدہے کا مادین کے پاس شفقت اور اندوہ و نالہ کے ساتہہ آواز کرنا۔ عورت کا آواز کرنا۔ شیر کا گونجنا دہاڑنا خوف و بیم کے سبب مرد کا

فریاد کرنا۔
وَہیٌ (فس) ایک چیز کا شگاف اور اوسکی پھٹن وُہِیٌّ اَوْہِیَۃٌ جمع۔ وُہَیَّۃٌ تصغیر وہی (فس) مشک کا پھٹا ہوا اور مشک کا فتنہ ہونا اور اوسکے بند ورسن کا سست و فروہشتہ ہوجانا۔ مثل میں ہے خلّ سبیل من وہی سقاؤہ ومن اُہریق بالفلاۃ ماؤہ یہہ مثل اوس شخص کے حق مین بولتے ہین کہ جسکا امر

مستقیم نہووے۔ ابر کا سخت ریختہ ہونا۔ احمق ہوجانا۔ گر پڑنا۔ ضعیف ہونا۔ رسّی کا کہنہ اور بوسیدہ ہوجانا۔ دیوار کا گر پڑنے کے نزدیک ہونا۔
وَہِیْتَۃٌ (فسف) چمڑے وغیرہ کی پھٹن۔
وَہِیْتَۃٌ (فکتف) موتی موٹا دلدار اونٹ قربانی یا ذبح کا
وَہِیْجٌ (فکس) افروختگی
وَہِیْسَۃٌ (فکسف) روغن یا چکنائی ملی ہوئی بریان کی ہوئی کٹی ہوئی ہڈی۔
وَہِیْنٌ (فکس) جو مزدوروں کی نگاہبانی مین اونکے ہمراہ ہے اور اونہین کام پر برانگیختہ کرتا ہے۔
وَیْ (فس) کلمہ تعجب ہے بولتے ہین وَیْکَ اور وَیْ لِزَیْدٍ بمعنی حقًّا اور اس صورت مین کَاَنَّ مشددہ اور مخففہ پر داخل ہوتا ہے۔ ممثل سے ہی کنایہ ہے اور یہہ قول اللہ جل شانہ ویکان اللہ یبسط الرزق لمن یشاء تو سیبویہ نے خلیل سے روایت کی ہے کہ وہ وَیْ ہے کَاَنَّ سے مفصول ہے اور بعض کہتے ہین کہ یہہ بمعنی الم تر ہے اور بعض کے نزدیک یہہ وَیْلَکَ ہے لام کو اسمین سے حذف کردیا پس وَیْکَ رہگیا اور آگے اَنَّ ہے یہہ روایت فراء کی ہے اور بعض کے نزدیک بمعنی اعلم ہے۔

وئال (کفس) پناہ لینی چھوٹنا سالی ڈھونڈھنی۔ ایک جگہہ کی طرف دوڑنا۔

ویب (فس) واسطے یہہ کلمہ تحقیر ہے یا کلمہ وعید جیسا کہ ویل بولتے ہین ویبک نصب سے اور ویل لزید رفع سے اور ویبا لہ نصب سے اور ویب لہ اور ویبہ اور ویب لزید بجرّ وجر سے ان سب صورتون مین رفع لام ابتداء کے ساتھ بہ نسبت نصب کے اجود ہے اور نصب اضافہ کے ساتھ بہ نسبت رفع کے اجود ہے اور سب کے معنی یہہ ہین کہ خدا تعالے اسکو ویل لازم کرے اور بولتے ہین ویہا لہا یعنی تعجب ہے۔

ویبتہ (فسف) بالیشت یا جریب۔

ویج (فس) ہل کی لکڑی۔

ویح (فس) وای کلمہ ترحم ہے جیسا کہ ویل کلمہ عذاب ہے۔ نزیدی کہتا ہے کہ یہہ دونون ایک معنی مین ہین بولتے ہین ویحک لزید اور ویحا لزید رفع باعتبار ابتداء اور نصب باعتبار تقدیر فعل کے اور ویحک زید اسمین بھی نصب باعتبار تقدیر فعل کے ہے اور ویحا زید بولتے ہین اوسی معنا مین یا یہہ لفظ وی ہے پس کبھی اسکے بعد حا لگاتے ہین اور کبھی خا اور کبھی لام اور کبھی یا اور کبھی سین۔

ویخ (فس) وائے یہہ کلمہ زجر ہے یہہ چند کلمے ہین ویخ (فس) ویح (فس) ویس (فس) ویہ (فس) ویل ویب یہہ ہین انکا سا توان نداردہ

ویرۃ (فکف) سخت زمین خشک بسیار تشنگی۔

ویش (فس) وای یہہ ایک کلمہ ہے کہ لڑکون کے راحت اور استملاح کے وقت مستعمل ہوتا ہے۔ دروایتی مطلوب آدمی اضداد سے ہے۔

ویل (فس) شر و بدی کا

مادہ
وال
ویب
ویہا
ویح
ویج
ویح
ویخ
ویس
ویل

1515

ماده: ویل — ایضاً — ویم — وین — ویہ — وایہ — وای — ویز — ویص

داخل ہونا۔ دردمند کرنا۔
مصیبت زدہ کرنا۔ وای۔ سختی
بولتے ہین وَیلَہٗ وَیلَکَ وَیلِی
(فسکس) کلمہ وعید اور عذاب
کا ہے اور یون بھی بولتے ہین
وَیلٌ لِلشَّیطَان اور وَیلًا لِلشَّیطَان
حالت ندبہ مین کہتے ہین وَیلَاہ
جہنم مین ایک وادی کا نام ہے
یا اوسمین ایک کوان ہے یا
ایک دروازہ خدا بچائے۔

وَیلَۃ (فسف) رسوائی یا
وَیلَنَا تلہف اور تعجب کے وقت
بولتے ہین وَیلَۃٌ وُیَیلَۃٌ اور
وَیلٌ وَئِیلٌ اور وُوَیلٌ وائل
مبالغہ ہے

وَیلِمَۃ (فسفتف) عقلمند
تیز فہم مرد مستجاد کو کہتے ہین
وَیلُمہ (فسکف) یعنے وَیلٌ
لِاُمِّہٖ جیسا کہ لَاأَبَ لَکَ کہتے
ہین پس انہون نے اسکو
مرکب کرکر ایک شے واحد کیا
اور پھر اسکے پیچھے مبالغہ کے
لئے بڑہا دیا۔

وُیمَۃ (فسف) تہمت۔ غمازی

وُیَین (فس) سیاہ انگور۔

وَیینی ایک موضع ہے۔

وَیہ (فس) وہ تحریض اور
اغراء کا کلمہ ہے واحد و جمع و
مذکر و مؤنث کے لئے۔

وَیۃ (فکسف) بڑی گہری
ہانڈی۔

وَئِیۃ (فکتف) موتی۔ ہانڈی
اور پیالہ فراخ۔ بڑے پیٹ
کی اونٹنی۔ دلدار موٹی گون
۔ عورت گہر کی نگاہبان۔

وَئِید (فکس) چہوٹی لڑکی
زندہ دفن کردی ہوئی۔
آواز یا بلند آواز کڑی سخت
۔ اونٹ کی آواز۔ آہستگی
و تاخیر۔

وُمَیصَۃ (فکسف) گروہ
۔ آدمی۔

تمام شد

باب الهاء المہملۃ

ہَا (فسف) لفظ تنبیہ۔ حروف مہموسہ مین سے ایک حرف ہے اور کبھی زائد بھی آتا ہے اور مبدل بھی ہوتا ہے۔

ہَاءِ (فسک) لا اسمین تصریف جاری ہے ہَاءَ (فسک) ہَائِیَا (فسکفس) ہَاؤُ وا (فسضفس) ہَائِی (فسک) ہَائِیَا (فسکفس) ہَائِین (فسکس) اور ان سب مین بجاے ہمزہ کے تا بھی لاتے ہین ہَاتِ ہَاتِیَا وغیرہ اور بولتے ہین ہَا رَیَا رَجُلُ بفتح ہمزہ یعنے لا اے شخص اور اسمین کاف بھی ملحق کر کر ہَاکَ ہَاکُمَا ہَاکُم ہَاکُنَّ بجاے کاف کے ہمزہ بھی لا کر مستعمل کرتے ہین جیسا ہَاؤُمَا ہَاؤُم ہَاؤُنَّ۔ اسمین ایک لغت اور بھی ہے ہَا بمعنی خُذ یعنے یہ اصل مین یَدْ ہَاءِ تھے الف اجتماع ساکنین کے سبب حذف کر دیا اور تصریف بھی اسمین جاری ہے ہَاءَ ہَاؤُا ہَائِی ہَاءَا ہَاءَن۔ عرب مین جب کہتے ہین ہَا تو اوسکے جواب مین کہتے ہین مثلاً ہَا ہَاءَ یعنی نہین لیتا ہین۔ اور بولتے ہین لا ہَا اللّٰہ ذا یعنے خدا کی قسم۔ اور صحیح یہ ہے کہ بغیر ہمزہ کے استعمال کرتے ہین اصل اسکی لا واللّٰہ ہذا ہے پس ہم اللّٰہ یا او ہذا کے داخل کر لیا۔

ہَابْ (فس) سانپ۔ گھوڑے کے لیے ایک زجر ہے یا ایک کلمہ ہے کہ جس سے گھوڑے کو بلاتے ہین۔ ہَبْ ہَابْ ایک کلمہ ہے کہ جس سے اونٹ کو ہانکتے وقت زجر کرتے ہین۔

ہَابِدَۃ (فسکف) حنظل توڑنے والی عورت درخت پر سے ہوا جمع۔

ہَابِدَۃ (فسکف) شتاب زدہ ناقہ۔

ہَابِر (فسک) ضربہ کہ گوشت کو کاٹے۔

ہَابِشَۃ (فسکف) نیا گروہ۔

ہَابِی (فسک) گوبر کی خاک کہ جو غبار کے مشابہ ہو وے۔

ہَابِیل (فسکس) آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو اپنے بھائی قابیل کے ہاتھ سے مارا گیا یہ شخص اولاد آدم مین سے زمین پر اول قتیل ہے۔

ہَاتِ (فسف) لا۔ وہی تعریف اسمین جاری ہے ہَاتِ ہَاتِیَا ہَاتُوا ہَاتِی ہَاتِیَا ہَاتِین۔ خلیل کہتا ہے ہَاتِ (فسک) کی اصل آتِ ہے

1517

مادہ

ہ ء ء — ہ ء ب — ہ ب ب — ہ ب ج — ہ ب ج — ہ ب ر — ہ ب ش — ہ ب و — ہ ب ی — ہ ب ل — ہ ب و — مہمل

آتی یُؤتی سے پس ہمزہ کو الف
سے بدل لیا۔
هَاتِفٌ (فسک) تعریف کرنے والا
آواز کرنے والا۔
هَاتِلٌ (فسک) ہمیشہ برسنے والا
ابر۔ هُتَّلٌ جمع۔
هَاتِنٌ (فسک) ہتون (صفص)
صیغۂ نعت هَتَنَ (فس) سے هُتُنٌ
(ضس) هُتَّنٌ (ضتف) جمع۔
هَاتِ يَا رَجُلُ لا ای مرد۔ هَاتِي
يَا اِمْرَأَةُ لا تو ای عورت۔ هَاتِيَا
لاؤ تم ای دو مرد۔ یا ای دو عورت
هَاتُوا يَا رِجَالُ هَاتِينَ يَا نِسَاءُ۔
هَاجَّةٌ (فستف) آنکھ گڑھے مین
گھسی ہوئی۔
هَاجَةٌ (فسف) مینڈک ہو یجاۃ تصغیر
مینڈک مادین هَاجَاتٌ جمع۔
هَاجِدٌ (فسک) سویا ہوا۔ شب
زندہ دار۔
هَاجِرٌ (فسک) پریشان بات کہنے
والا۔ جدائی کرنے والا۔ دوسرون
سے لایق اور فائق۔ ایک قبیلہ ہے۔
هَاجَرُ (فسف) حضرت اسمعیل علے
نبینا و علیہم السلام کی مان کا نام انکو
آجرہ بھی کہتے ہین جبکہ حضرت سارہ
اولاد سے مایوس ہو گئین۔ تو انھون
نے حضرت ہاجر کو اپنے میان حضرت ابراہیم
علیہ السلام کو ہبہ کر دی
هَاجِرَةٌ (فسکف) دوپہر ظہر سمیت
یا وقت زوال آفتاب سے عصر تک
گرمی کی شدت۔
هَاجِرِيٌّ (فسکت) معمار۔ جو کہ
حضر و شہر کو لازم پکڑے۔ ہر ایک چیز
خوب گرامی و جید۔ جوانمرد۔
هَاجِسٌ (فسک) دل مین گذرنے والا
هَاجِشَةٌ (فسکف) نئی گروہ جیسے جمع
ہو گئی ہوئی۔
هَاجِعٌ (فسک) رات کو سونے والا
هُجَّعٌ (ضتف) هُجُوعٌ (ضضس) جمع۔
هَاجِلٌ (فسک) سونے والا مرد۔
بہت سفر والا۔
هَاجِنٌ (فسک) نابالغ لڑکی جسکو
خاوند دیوین ایسا ہی بکریون وغیرہ
خردسال مین سے کہ بلوغ سے پہلے
اوسکو نر دیوین یا بھیڑ کا بچہ مادین
کہ بلوغ سے پہلے حاملہ ہو جاوے۔

آتش زنہ کہ چقماق کے ایک بار مارنے
مین آگ نہ دیوے۔
ہاجنۃ (فسکف) کھجور کا درخت کہ
پہلے ہی پھل لاوے اور نوبادہ دکھائی
دیوے۔
ہادٌ (فست) دریا کی آواز کہ اوس
مین شور و غوغا سُنا جاوے اور کبھی
اوس سے زلزلہ پیدا ہوتا ہے۔
ہادِ (فس) اونٹ کے لیے ایک
زجر ہے۔ حرکت۔
ہاتورۃ (فسعف) رعد و بانگ ابر۔
ہادرٌ (فسکس) دودھ جسکا اوپر کا
حصہ گاڑھا اور دہی ہو گیا ہو اور
نیچے کا حصہ پتلا اور زرد آب ہو وے
اور ایسا ترش ہونے کے بعد ہوتا ہے۔
بے اعتبار مرد کہ ذرا اوسکی قدر و قیمت
نہووے۔ گرا ہوا ہدرۃ جمع۔
شتر یا بانگ ہادرۃ مؤنث ہوادر
(فسنسک) جمع۔
ہادرۃ (فسکف) گھاس بھری زمین
۔ پوری گھاس والی زمین۔
ہادف (فسک) داخل ہونے والا
۔ مرد غریب۔

ہادفۃ (فسکف) گروہ۔
ہادِل (فسک) لٹکا ہوا ہونٹھ
بعیر ہادِل اونٹ لٹکتے ہوئے ہونٹھ
کا اور یہ خوبی ہے۔
ہادِی (فسک) راہ نمائے و پیشوا
۔ گردن ہوادی جمع۔ پیکان تیر
۔ وہ بیل جسے خرمن کے مرکز مین
کھلیان گاہنے کے وقت باندھین
۔ شیر۔ رات کا اول و ابتدا۔ اول
گلہ شتران و پیش رو کہ دکھائی دیوین
ہوادی (ففسک) جمع۔
ہادیات (فسکعفس) گادان
دشتی وغیرہ کا گلہ کہ آگے آگے جاوے۔
ہادیۃ (فسکف) چوب دستی۔ پانی
مین بلند اور اوبھرا ہوا پتھر ہادیات
(فسکفس) جمع۔
ہاذ (فست) قطع کرنے والا۔ قرب
دور و دشوار یا قرب شتاب۔
ہاذِرٌ (فسک) سخت گرم دن۔
ہاذِلٌ (فسک) رات کا کچھ۔
اول شب یا بقیہ شب۔
ہارّ (فست) بلی کی آواز۔
ہاربٌ (فسک) بھاگنے والا۔

پانی سے بازگشت کرنے والا بولتے ہین
مَا لَہٗ ہَارِبٌ وَّلَا قَارِبٌ یعنی نہ کوئی پانی
پی کر پانی سے پھرنے والا ہے اور نہ کوئی
اوسپر وارد ہے یعنے اوسکے پاس کچھ
چیز نہین باپہ کہ نہ اوس سے کوئی بھاگتا
ہے اور نہ اوسکے پاس کوئی جاتا ہے گویا کہ
کچھ حقیقت نہین رکھتا۔

ہارِم[1] (فسک) ہرم کہانے والا اونٹ
کہ اوسکے کہانے سے حَنَک کے نیچے کی
پشم سپید ہوجاوے ہَوَارِم جمع۔

ہارُون[2] (فسضس) بن عمران
حضرت موسی علیہ السلام کے برادر
بزرگ کہ غرق فرعون اور خسف
قارون کے بعد تیہ مین وفات پائی
آپ کی ایک سو سترہ برس کی عمر تھی
۔تمام دنیا کا مطاع۔ ہارون الرشید
بن محمد مہدی خلفاء عباسیہ مین کا
پانچوان خلیفہ ہے کنیت اوسکی
ابو جعفر ہے۔

ہاری[3] (فسک) بناء شکستہ
سست مرد بختی زمانہ سے برجا ماندہ۔

ہاز[4] (فست) ہلتا ہوا اور چمکتا ہوا ستارہ۔

ہازبی[5] (فسگکت) ایک قسم کی مچھلی۔

ہازبیۃ[6] (فسگکتف) یعنی ہازبی۔

ہازل[7] (فسک) بیہودہ۔ کھیلنے والا۔

ہازمۃ[8] (فسکف) بلا و سختی۔

ہاشِمۃ[9] (فسکف) سر کی چوٹ کہ
ہڈی کو توڑ ڈالے یا اوسکو توڑے
لیکن جدا نکرے یا ہڈی توڑے پھر
خون روان ہوجاوے اور پھر اوس
ہڈی ٹوٹی کو آشکار کرین۔

ہاصّۃ[10] (فستنف) ہاتھی کی آنکھ۔

ہاصر[11] (فسک) شیر بیشہ۔

ہاضب[12] (فسک) بڑے قطرہ کا
مینہ ہضب (نف) جمع۔ جیسا
تابع و تبع۔

ہاضم[13] (فسک) پانی جسمین نرمی
اور رخاوت ہووے۔

ہاضوم[14] (فسضس) یعنی ہضّام۔

ہاطل[15] (فسک) پیوستہ و متصل
مینہ اور پی درپی برسنے والا ہُطّل
(ضتف) جمع۔

ہاع[16] (فس) حریص مرد۔ بزدل
ڈرنے والا۔ سست۔

ہاغیۃ[17] (فسکف) احمق عورت سے مست۔

ہافۃ[18] (فسف) جلد پیاسی ہونیوالی ناقہ۔

ہاؤی (فسک) بچھو کپا۔
ہاقل (فسک) نر چوہا۔
ہال (فس) سراب یعنی کورابا آل کا ایک لغت ہے۔ نیچے گرا ہوا ہیت۔
ھال (فسک) اونٹ کے لیے ایک زجر ہے یعنی پاس آ۔ گھوڑے کے لیے ایک ڈانٹ ہے۔
ہالب الشعر (فسک) ایام زمستان کا ایک دن ہے۔
ہالبۃ (فسکف) مینھ کی رات۔
ہالۃ (فسف) چاند کا کنڈل ہالات جمع
ہالج (فسک) جو کہ پریشان اور بیہودہ خوابیں بہت دیکھے۔
ہالط (فسک) مرد ڈھیلے پیٹ کا آپس میں لپٹا ہوا کمپت۔
ہالع (فسک) شترمرغ گوز مارنے والا اور نفرت کرنے والا ہالعۃ مؤنث ۔ بڑا بے صبرہ مرد۔
ہالک (فسک) مردہ۔ نیست ہونے والا ہلکی ہلاک ہلاک ہوا لک جمع۔
ہالکۃ (فسکف) نفس حریص۔
ہالکی (فسکت) لوہار صیقل گر۔
ہالوک (فسضس) چوہے کا نام۔

ایک قسم کی طرثوث گھاس ہے۔
ہامۃ (فسف) جانور خزندہ و گزندہ چوپایہ ہوام جمع۔ دابۃ ہامۃ بہت کھانے والا چوپایہ۔
ہامۃ (فسف) ۔ سر ۔ ہر ایک چیز کا سر ہام (فس) ہامات (فسفس) جمع۔ نر الو۔ سردار قوم۔ گھوڑا ۔ ہامۃ القوم (فسف) قوم کا سردار و رئیس۔
ہامج (فسک) چھوڑا ہوا اور متروک کہ بعض اوسکا بعض میں داخل ہو وے۔
ہامر (فسک) خوب روان و جاری ابر۔
ہامز (فسک) عیب بیان کرنے والا سخن چین۔
ہامش (فسک) حاشیہ کتاب لغت مولد ہے۔
ہامل (فسک) اونٹ بغیر شتربان کے چرائی پر چھوڑا ہوا۔ مذکر و مؤنث ہوا ہمل ہمولۃ ہاملۃ ہمل ہمل ہمال ہملی جمع۔
ہاموم (فسضس) پگھلی ہوئی چربی

مادہ

١٥٢١

کوہان گداختہ۔ گداختہ کوہان اونٹ
ہَانَۃ (فستقف) آنکھ کے اندر کی
چربی کہ مقلہ کے نیچے ہوتی ہے۔ گودے
کا بقیہ۔ اونٹ کی چربی۔
ہَانِع (فسک) متواضع۔ ہُنَّع
(ضتقف) جمع۔
ہَانِی (فسک) نوکر و خادم۔
ہَاوَن (فسف) ایک چیز کوٹنے
کے مانند کہ جسمین ایک چیز کو ٹھین
ہندی مین اوسے اوکھلی کہتے ہین۔
ہَاوُون (فسضس) بمعنی ہاون
معرب ہے ہَوَاوِین جمع۔
ہَاوِی (فسک) گرندہ ہی۔
ہَاوِیَۃ (فسکف) زمین و آسمان
کا بیچ۔ ایک گڑھا۔ مادر گم کردہ
فرزند۔ دوزخ۔ خدا بچاوے
ہَاہ (فس) وعید۔ ہنسنے والے
کی ہنسی کی نقل۔
ہَاہَاء (فسفسم) خوب ہنسنے والا مرد
ہَاہَا (فسفس) خوب ہنسنے
والا مرد۔ ایک کلمہ ہے جس سے
اونٹ کو ڈانٹتے ہین۔
ہَاہَاۃ (فسفسف) ہنسنا۔

ہَائِب (فسک) ڈرنے والا۔
ہَائِج (فسک) سانڈ جفتی کے لیئے
تیز ہو گیا ہوا۔ جوشش و خشم آمدہ
ہَائِجَۃ (فسکف) خشک گھاس کی
زمین یا زرد گھاس کی۔
ہَائِد (فسک) توبہ کرنے والا۔ حق
کی طرف پھرنے والا ہُود جمع۔
ہَائِر (فسک) بناہی شکستہ و ویران
ہَائِع (فسک) نہایت حریص۔
جَائِعٌ ہَائِعٌ بولتے ہین یعنے بھوکھا
نہایت حریص۔ بزدل مرد ڈرنے
والا۔ سست۔ شب تاریک۔ پگھلا
ہوا جاری۔ اَحْمَقُ ہَائِعٌ بولتے ہین
ہَائِعَۃ (فسکف) سخت آواز۔ آواز
جس سے ڈرین۔
ہَائِف (فسک) جلد پیاسا ہونے
والا مرد یا بہت پیاسا۔
ہَائِفَۃ (فسکف) اونٹ جو باد سموم
کی طرف منھ کشادہ رکھے۔
ہَائِل (فسک) بمعنی ہال۔
ہَائِم (فسک) مرد سرگشتہ۔
نہایت تشنہ۔
ہَبّ (فس) ایک کلمہ ہے کہ جس سے

گھوڑے کو زجر کرتے ہین یا ایک کلمہ
ہے کہ جس سے گھوڑے کو بلاتے ہین ۔
(ہن) (ہب) بولتے ہین این تکھید ہے
لعتنا ہم سے کہان پنہا ہو گیا تو ۔
ہَبَّ (فت) (ن) ہَبّۃ (فتف)
ہِبّۃ (کتف) ان قطع کرنا ۔ ہَبَّ یَفْعَلُ
کذا یعنے اوسکو کرنے لگا اور این این
ہَبَبْتَ یعنی کہان سے تو آیا ۔
ہَبَّ (فت) ہبوب (ضض) (ن)
ہوا کا چلنا و بیدار ہونا ۔ اونٹ وغیرہ
کا نشاط سے چلنا تیز اور خوب شتاب
چلنا ۔ حرکت کرنا ۔ تلوار کا چمکنا ۔
کسی کا ایک مدت غائب رہنا شکست
کھانی ۔ کسی کو کشتی کے لیئے بلانا ۔
ہَبَاء (فف) جو کا گرد و غبار جو
آفتاب مین روزن سے ظاہر ہوتا ہے
اور دھوئین کے مشابہ ہوتا ہے ۔
غبار اور خاک کے ریزے بلند چڑھے
ہوئے زمین پر پراگندہ ۔ کم عقل
آدمی اَہْبَاء جمع ۔
ہباۃ (فض) آفتاب مین جو
گرد ہو اور روزنون مین سے ظاہر
ہووے ۔ چلنے مین اونٹ کی نشاط ۔

ہَبَّارٌ (فتفس) بہت پشم والا
بندر ۔ ہَبَّاران (فتفس) رومی
مہینون مین جاڑے کے دو مہینے
ہین یعنی کانون اول اور کانون
دویم ۔ تیغ برّان ۔
ہُبَارِک (ضفسک) بمعنی ہَبْرَک ۔
ہُبَارِیَۃ (ضفسکف) روئی اور
پشم کا چھوٹا ریزہ جو اوڑے ۔
ہُبَارِیَۃ (ضفسکتف) گرد ناک ہوا
ہَبَّاش (فتفس) بہت کمائی کرنے
والا ۔ بہت جمع کرنے والا ۔
ہُبَاشَۃ (ضفسف) ہر قبیلہ کے
آدمیون کی جماعت ۔ جو چیز کہ
جمع کی جاوے مال ۔
ہُبَاقِع (ضفسک) بمعنی ہَبْقَع ۔
ہَبَال (فعنس) ایک درخت ہے
ہَبَّال (فتفس) کمانے والا ۔ حیلہ
ساز ۔ فریب دینے والا شکاری ۔
ہُبَالَۃ (ضفسف) جستجوی ۔
ہُبَائِب (ضفسک) پرانا کپڑا اچھا ہوا ۔
ہُبَایَۃ (ضفسف) درخت کا پوستہ ۔
ہَبَّت (فتس) بزدل اور بیعقل
ہو جانا جھوٹا مستعمل ہے ۔ مارنا ۔

ماده
۱۵۲۳

نیچے اوتار لانا۔ پست کرنا۔ نیچے ڈالدینا
ہَبْتَۃٌ (فتف) ایک بار۔
ہِبَتَۃٌ (فف) بخشش کرنی۔
ہِبْتَۃٌ (کتف) حال۔ پرانا کپڑا۔ کپڑے کا ٹکڑا ہِبَتٌ جمع۔ ایک ساعت جو صبح کے وقت باقی ہووے۔ زمانہ کی ایک مدت۔ تلوار اور نیزہ کی ضرب میں روانی اور اوسکی چمک۔
ہَبْلَتَۃٌ (فسف) سستی۔
ہَبَنْتَرٌ (فسف) ٹھنگنا۔
ہَبَجٌ (ففف) پستان شتر مادہ کی سوجن۔
ہَبْشٌ (فس) (ف) چوب دستی سے مارنا۔
ہَبْشٌ (فس) حنظل یا دانہ حنظل (ض) حنظل کو توڑنا۔ حنظل کو پکانا۔ حنظل کو درخت پر سے توڑنا۔
ہَبْدٌ (فس) (ض) دوڑنا۔ شتاب چلنا۔ جلد اوڑنا۔
ہَبْرٌ (فس) زمین دور ریت ہموار اور پست ہُبُورٌ اور ہُبُرٌ جمع۔ پشتون پر بڑے پتھر۔ ضرب

ہَبْرٌ ضرب دردناک یا ضرب کہ گوشت کے ٹکڑے کو کاٹ ڈالے۔ ضعف اور ہَبْرٌ بمعنی ضعف بھی آیا ہے۔ (ن) گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنے قرأت میں ہر آیت پر وقف کرنا۔ یہ مکروہ ہے۔
[۱۳] ہَبِیْرٌ (فلک) جمل ہَبِرٌ بولتے ہیں یعنی بہت گوشت والا اونٹ۔ ناقہ ہَبِرَۃٌ یعنے بہت گوشت والی ناقہ۔
ہَبِیْرٌ و ہَبِرٌ پر گوشت اونٹ پشمناک۔
[۱۲] ہَبِیْرٌ (ضس) کتان میں سے جو کچھ گر پڑے کنگھی سے۔ انگور کی گٹھلی (س) بہت گوشت والا ہوجانا۔ اور موٹا ہونا۔
[۱۳] ہَبِیْرٌ (کلف) قطع کیا ہوا۔
[۱۴] ہَبِرَارٌ (فسضم) ناقہ گوشت بھری ہوئی۔
[۱۵] ہَنْبَرَۃٌ (فسف) ایک مہرہ ہے جس سے عورتیں مردوں کو اوس کے سبب بند کرتی ہیں۔ بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا مجتمع۔
[۱۶] ہَبْرَجٌ (فسف) سریع اور ہلکی رفتار۔ متکبر مرد۔ رفتار کو درہم

کرنے والا منقش کپڑا۔ ولد از بوڑھا
مرد۔ بَیّل بڑی عمر کا ہرن۔
ہبرجۃ (فسففف) نقش ونگار کرنا۔
رفتار کو آپس میں ملانا۔
ہبروانتہ (کسففسف) بولتے ہیں
ثرِیدۃ ہبر دانۃ ہبر دانشکنہ جمع کیا
ہوا ہموار اور اکٹھا کیا ہوا۔
ہبرزی (کسلکت) دست پند فارسی
۔ نیا دینار۔ ہر خوب چیز با دیدار۔
شیر بیشہ۔ اچھا موزہ ۔ بے ملاوٹ
ہونا کھرا۔
ہبرقی (فسفلت) لوہار۔ سونار
۔ جنگلی بیل۔
ہبرک (فسف) شبابٌ ہبرکٌ
بولتے ہیں یعنے پوری جوانی تمام۔
اور شاب ہبرکٌ یعنے پوری جوانی کا
جوان اچھے بدن کا۔
ہبرکۃ (فسقف) نازک اندام لڑکی
ہبرکع (فسقف) ٹھنگنے قد کا۔
ہبرکل (ففسف) خوب اندام اچھے
بدن کا۔
ہبرنتی (فسقف) بہت کھانا۔
بہت بات کہنی ۔

ہبرّیۃ (کسلف) روئی اور ریشم
اوپر کا چھوٹا روان کہ اور ریشے
۔ چرک ۔ سر کی بھوسی یعنی وفا
جو خشکی ہے۔
ہبز (فس) اونٹ کا گوشت
پکڑ لینا یعنی اونٹ میں گوشت
پیدا ہو جانا۔ یا گوشت میں سے
بڑا ٹکڑا کاٹنا۔
ہبلس (فف) گل خیرو کا اوسے
ششبرز اور نحام بھی کہتے ہیں۔
ہبلش (فس) (ض) جمع کرنا
۔ کمائی کرنی۔ دردناک ضرب سے
مارنا یا عام ہے۔ ایک چیز پر کھینچنا۔
ہبص (فلف) شادمان شتاب۔
ہبصق (فف) (س) شادمانی
کرنی۔ سرعت کرنی۔ شکار کا اور
ایک چیز کے کھانے کا حریص ہونا اور
اوپر بہت بے قراری اور بے صبری
کرنی۔
ہبصی (ففقت) رفتار سریع۔
ہبط (فس) (ن) نیچے اتارنا
لانا۔ قیمت متاع کم ہونی۔ قیمت
متاع کم کرنی۔ کم ہونا۔ بدی

مادہ
ہبرج
ہبرد
ہبرز
ہبرق
ہبرک
ہبرکت
ہبرکع
ہبرکل
ہبرنت
١٥٢٥
ہبز
ہبلس
ہبلش
ہبص
ہبصق
ہبصی
ہبط

ماده

مین پڑ جانا۔
ہَبَطَۃ (فسف) پست زمین ہموار
ہُبَع (ضمف) گدھا۔ اونٹ کا
بچہ جو آخر نتاج مین پیدا ہوا ہو ہُبَعَۃ
مؤنث ہُبَعات ہِبَاع جمع۔
ہَبَنْقَع (فسف) ٹھنگنے قد کا گول
بدن کا مضبوط پیدائش کا سخت
بیٹھے کا۔
ہَبِکَۃ (ضفف) احمق۔ نرم زمین
کہ جسمین پانؤن گھس جاوے۔
ہِبِل (کس) آدمی اونٹ شتر
مرغ بڑی عمر کا گران وزن۔

۱۵۲۶

ہَبَل (کفت) بزرگ جثہ کا مرد
یا لنبے قد کا ہَبَلَۃ مؤنث۔ گران
وزن سال خوردہ اونٹ آدمی۔
ہَبِل (فک) فریب دینے والا
بھیڑیا۔
ہَبَل (فف) عورت کا فرزند کو گم
کردینا۔ عورت کا بے فرزند ہونا۔
ہِبْلاع (کسفس) ہِبْلع (کسف)
سلوقی کتا۔
ہِبْلاس (کسکت) کوئی۔ کہتے
ہین ما بالدار ہِبْلِس یعنے گھر مین
کوئی نہین۔
ہَبَلَّع (ففقف) بہت کھانے والا مرد
بڑے لقمہ والا فراخ گلے والا۔
ہَبَلَّق (فقتف) ٹھنگنے قد کا۔
ہِبِلّی (کلتف) خراش۔
ہِبْلِیس (کسکس) بمعنی ہِبْلِس ہے
ہَبَنَّق (ففقف) ٹھنگنا احمق۔
ہُبْنُق (ضسفض) خدمتگار اور
چاکر۔
ہَبَنْقَعَۃ (فسف) دونون الیون
کو زمین سے لگا کر بیٹھنا۔
ہَبَنَّقَۃ (ففقف) ذوالودعات
یزید بن ثروان کا لقب اس نے
باوجود کلان سالی اور دراز ریشی کے
اپنے گلے مین کوڑیون اور ہڈیون
اور ٹھیکریون کا ہار ڈالا لوگون نے
اسکا سبب پوچھا کہا اسلیئے کہ کھویا
نجاؤن اتفاقاً ایک رات اوس ہار
کو اوسکے بھائی نے چرا اپنے گلے مین
ڈال لیا جب صبح ہوئی تو وہ ہار
بھائی کے گلے مین دیکھ کہنے لگا کہ
بھائی تو تو مین ہون اور مین کون
ہون۔ پس اسلیئے احمق مین وہ

ضرب المثل ہو گیا ـ
ہَبَنْقَعَۃ (ففسفف) اونٹ جسکا کنج دہن فراخ اور لب دہشتہ ہو ـ پاشنہ پائے کے پٹھے پر بیٹھنا یا دونون پانوؤن کو اوٹھا کر اور دونون رانون کو پیٹ سے ملا کر سرین پر بیٹھنا ـ
ہَبَنْکَث (ففقف) احمق سست ـ کمانہ ہبنکۃ موئنث ـ کسلمند عورت ـ
ہَبْنُوق (ضسضس) ہبنیق (کسکس) ہبنیق (ضفسف)
ہَبَانِق (ففسک) جمع بمعنی ہُبْنُق (ضسض) ـ
ہَبْنُوقَۃ (ضضضفۃ) ناسی ـ دف ـ باہرداگ کا آلہ ـ
ہُبُوّ (ضضت) غبار کا بلند چڑہ اٹھنا ـ بجاگنا ـ مرجانا ـ (ن)
ہَبُوب (فضس) گرد اوٹھانے والی ہوا ـ
ہَبُوبَۃ (فضسف) بمعنی ہبوب ـ
ہَبْوَۃ (فسف) گرد ـ دھند ھلاپن

ہَبُور (فضس) مکڑی ـ
ہَبُور (نقضس) چھوٹی چینوٹی
ہُبُوز (ضضس) ہبزان (ففعفس) (ض) مرجانا ـ یا ناگاہ مرجانا ـ
ہَبُوط (فضس) زمین نشیب ـ
ہُبُوط (ضضس) بیماری کا کسی کو لاغر کر دینا ـ مارنا ـ ایک شہر مین داخل ہونا ـ ایک شہر مین داخل کرنا ـ متاع کی قیمت کم ہونی قیمت متاع کو کم کرنا (ض ن) اوپر سے نیچے اوترنا ـ
ہُبُوع (ضضس) ہَبَعَان (ففعفس) (ف) گردن لنبی لنبی کر کر چلنا ـ یا ہُبُوع خاص گدھی کی رفتار ـ قوم کا ہر ایک جگہ سے ناگاہ آجانا ـ
ہُبُوغ (ضضس) سوجانا (ف)
ہَبُول (فضس) عورت جسنے اپنا فرزند گم کیا ہو یا عورت بے فرزند ـ
ہَبُون (فضس) مکڑی ـ
ہَبْہَاب (فسفس) تیز رو

مادہ
[illegible]
۱۵۲۷
[illegible]

مادہ

م ہبر
م۲ ہبہب الف
م۳ ہبہت الف
م۴ ہبہت الف
م۵ ہبی
م۶ ہبہب الف
م۱۱ ہبہب الف
م۲ ہبر

۱۵۲۱

م ہبب الف
م ہبت الف
م ہبیب
م ہبیج
م ہبیخ الف
م ہبیخ
م ہبیت الف
م ہبیخ الف

خوب آواز و فریاد کرنے والا - سراب - لڑکون کا ایک کھیل ہے -

ہاہبہبٹ (فسف) تیزرو - ہلکا تیزرو بھیڑیا -

ہاہبہبۃ (فسفف) کشن کا آواز کرنا اور تیز ہونا - کشن کو کشتی کے لیئے بلانا - شتاب چلنا - سراب کا چمکنا - آوازہ زنی - بیدار ہونا - ذبح کرنا -

ہاہبہبی (فسفلت) اونٹون کا خوب سرود گوبی مرد اور خوب اونکی خدمت کرنے والا - قصّاب - شتر ذبح کرنے والا - تیزرو شتاب - ہلکا اونٹ - بکریون کا چرواہا یا نر بکرا -

ہاہبہبیۃ (فسفلتف) ہلکی شتر مادہ سریع -

ہبش (فس) ایک قسم کی آواز کہ اوس سے گھوڑے کو دفع کرین پس اسکے یہ معنی ہین کہ دور ہو مجھسے -

ہبی (فقت) چھوٹا لڑکا ہبیۃ (ففقف) مؤنث -

ہبی اۓ (ضتف) غبار مین ستارے چھپے ہوئے نجوم ہبی بولتے ہین -

ہبلیث (فلس) ہباب (کفش) ہبنہ (کتف) کشتی کے وقت بوک کا آواز کرنا - اور تیز ہونا - (ض ن)

ہبیبث (فکس) گرد اوٹھانے والی ہوا -

ہبیبۃ (فکسف) بمعنی ہبیب -

ہبیت (فکس) بزدل مرد و بے عقل -

ہبیج (فکس) ہرن کہ جسکے دو پہلوون مین دو لنبے خط شکم اور پشت کے درمیان ہون -

ہبیج (ضفتف) بمعنی ہبیخ (ضفتف) یعنی احمق فربہ سست اندام سب بے خیر مرد - بڑا نالہ - بڑی نہر - نوجوان لڑکا نازک پرگوشت -

ہبیخ (ضفتف) بمعنی ہبیج (ففتس) ہبلیخۃ (ففتف) دودہ پلانے والی عورت - نازک جوان پرگوشت لڑکی ایک قسم کی خراش -

ہبیخی (فتفسف) ایک قسم کی خرامان رفتاری -

ہبنبیۃ (نکس) بمعنی ہبَیۃ۔
ہَبِیْر (نکس) پست زمین ہموار کہ اوسکا گرد بلند ہووے ہُبُر اَہبِرۃ جمع۔ پست اور ہموار ریت۔ عورت کی فرج
ہَبِیْرَۃ (ننفسف) چھوٹی کتاب
ہَبِیْط (نکس) بیماری کے سبب لاغر گوشت جاتا رہا۔
ہَبِیْغ (ننفسف) احمق۔
ہَتٌّ (نت) (ن) حدیث کو پیہم نقل کرنا یا کلام کو سیاست کے ساتھ خوب بیان کرنا۔ کپڑا پارہ کرنا۔ موتھ بھیر لینا۔ گرانا بہانا۔ مرتبہ اکرام سے گرا دینا۔ غزل مین عورت کی تعریف کرنی۔ برگ درخت کا نیچے گرنا۔ توڑنا۔
ہَتَأٌ (نس) وقت و ہنگام (ف) مارنا۔
ہَتْأٌ (نف) چیرنا۔ پھاڑنا (س) ہتأ (نس) خم کھانا اور پیچ ہوجانا۔ طعام کو کھانا۔
ہَتأَر (فس) ہتور (ضفسم) (فس) پھیرنا۔ پھاڑنا۔

ہَتَّات (فتفس) بہت بات کہنے والا مرد ہلکا۔
ہُتَاف (ضفس) کسی پر آواز مارنی۔ تعریف کرنی۔ عرب یون بولتے ہین فُلَانٌ یُہتَفُ بِہَا یعنے فلانی عورت خوبروئی اور جمال کے ساتھ ذکر کی جاتی ہے۔
ہَتَاتِہ (فتفسف) بمعنی ہتوت (فضس)۔
ہُتَامَۃ (ضفسف) ہر ایک چیز کا ٹوٹا ہوا اور گرا ہوا۔
ہَتْر (ضس) (ض) بوڑھاپے کا بے عقل کر دینا۔ کسی کی عزت و آبرو کو عیب لگانا۔
ہُتْر (ضس) بوڑھاپے کے سبب یا اندوہ یا بیماری کے سبب بیخودی اور بیخبردی۔
ہِتْر (کس) جھوٹھ۔ سختی۔ بلا۔ رنج۔ کار عجیب۔ سخن بے فائدہ وردی۔ اعتبار سے گرا ہوا۔ کلام مین خطا۔ شب کا نصف اول اَہتار جمع۔ ہِتْر ہاتر مبالغہ ہے اور بولتے ہین اِنَّہٗ لَہِتْرٌ اَہتَار یعنی تعجبون کا

مادہ
س ۱ ہبد
س ۲ ہبر
س ۳ ایضاً
س ۴ ہبط
س ۵ ہبغ
س ۶ ہتت
س ۷ ہتأ
س ۸ ایضاً
1529
س ۹ ایضاً
س ۱۰ ہتت
س ۱۱ ہتف
س ۱۲ ایضاً
س ۱۳ ہتم
س ۱۴ ہتم
س ۱۵ ایضاً
س ۱۶ ایضاً

مادہ

تعجب ـ یہ کلمہ مرد زیرک اور دانا کو کہتے ہین ـ

ہُترۃ (فسف) بیدقوفی و حماقت

مضبوط و استوار ـ

ہُتیرک (فسف) شیر بیشہ ـ

ہُتلس (فس) (ن) کہتے کا شکار پر برانگیختہ ہونا ـ جہو گا مستعمل ہے ـ

ہُتبع (فس) (ف) کسی کو سریع و شتابان پیش آنا اور جلد متوجہ ہونا ـ

ہَتف (فف) آواز ـ

ہَتنف (فس) (ض) کبوتر کا آواز کرنا ـ

ہتفی (ففف) بمعنی ہتوف ـ

ہتک (ضس) آدھی رات ـ

ہتک (فس) (ض) پردہ کو پھاڑنا یا اوس مین سے کچھ چیرنا تاکہ اوسکے پرے کی چیز ظاہر ہووے ـ ہتک عرش فلان یعنے خوار و ذلیل ہوگیا ـ

ہتک (کف) ایک پوست کا ٹکڑا کہ بچہ کے مونھہ پر پیٹ سے تنا ہوا نکلتا ہے

ہتکۃ [۱۱] (ضسف) رسوائی ـ پردہ دری گی ایک ساعت رات کی ـ

ہسل [۱۲] (فک) خوب برسنے والا ابر ـ

ہتل [۱۳] (فس) ہتول (ضضس) ہتلان (ففس) (ض) ابر کا پی درپی برسنا یا ابر کا خوب برسنا

ہتلان [۱۳] (ففس) سُمت علی الاتصال یعنی جھڑی ـ

ہتلی [۱۵] (فسف) ایک گھاس ہے ـ

ہتم (فس) (ض) کسی کا اگلا دانت توڑنا یا مقدم دندان کو توڑنا

ہتم (فف) (س) دندان پیشین کا بن سے شکستہ ہونا ـ

ہتام [۱۸] (ففسم) مؤنث أہتم (فسف) ـ

ہتمرۃ [۱۹] (فسفف) سخن کی کثرت بات بہت کہنی ـ

ہتملۃ [۲۰] (فسفف) سخن پوشیدہ ـ پوشیدہ بات کہنی ـ

ہتن [۲۱] (فس) (ض) ابر کا برابر پی درپی برسنا اور ٹپکنا ـ مترادف ہطل یا ہطل سے بڑھ کر ہے یا

ضعیف مینہہ متصل یا ایک ساعت مینہہ کہ پھر اوسکے بعد سست ہوجاوے اور پہلا سا ہوجاوے۔

ہتو (فس) (ن) پانوٗن کے نیچے توڑنا۔

ہتوف (فضس) آواز کرنے والی کمان۔

ہتون (ضضس) ہتان (ففس) ایک ساعت کا مینہہ کہ پھر اوسکے بعد سست ہوجاوے اور پہلا سا برسنے لگے۔

ہتہات (فسفس) بمعنی ہتات

ہت ہت (فس فس) ایک کلمہ ہے جس سے اونٹ کو پانی پر ڈانٹین

ہتہتہ (فسفف) توڑنا۔ کلام مین سرعت کرنی۔ پانی پر اونٹ کو زجر کرنا ہت ہت کہکر۔

ہتی (فس) ہتار (کفسم) ہیتار (کسفسم) ہمتاء (کسفسم) ہتاۃ (فسف) بمعنی ہتاء (فس) ہتی (فس) رات مین کا ایک وقت۔

ہتیان (ففس) چھوٹے اونٹ — چھوٹے آدمی اور کمینے۔ کلام مین زیادتی۔ تکیہ وغیرہ مین جو چیز بھرین۔

ہتیمۃ (فکسف) ترش گھاس چھوٹی۔

ہتات (فت) جھوٹھ۔ اور جھوٹ بولنا۔( )

ہتات (فتفس) جھوٹھ بولنے والا۔

ہترمتہ (فسفف) بات بہت کہنی

ہتم (ضفس) ریگ تودہ نیچے کو دھسا ہوا۔

ہتم (فس) ایک چیز کو ٹنا اتنا کہ پس جاوے۔ ایکبارگی کسی کو اچھال اور جتیہ دینا۔

ہتملۃ (فسفف) تباہی۔ تباہ ہونا۔ ملانا۔

ہتمنۃ (ففف) کلام کی کثرت بہت بات کہنی۔

ہتہات (فسفس) شتابی کرنے والا۔ ملا ہوا۔ بہت خاک والا شہر۔ جھوٹ بولنے والا۔

ہتہتۃ (فسفف) آمیختہ ہونا۔ جور و ستم کرنا۔ شتاب بھیجنا۔

مادہ
ہیمن
۲ ہتف
۳ ہتن
۴ ہتنب
۵ ایضاً
۶ ایضاً
۷ ہتنی
۸ ایضاً
۹ ہیمن

۱۰ ہاتمرشن
۱۱ ایضاً
۱۲ ہترم
۱۳ ہتم
۱۴ ایضاً
۱۵ ہتمل
۱۶ ہتمن
۱۷ ہتہت
۱۸ ایضاً

سرخت سے مینھ کا برسنا۔ پاؤن
کے نیچے خوب پامال کرنا۔

ہَیج (فت) ہل کا جُوا۔

ہِیج (فس) ایک کلمہ جس سے کتے
کو ٹوکتے ہیں مترادف ہِجا (نف)۔

ہَاجِ (کس) ناقہ کی ایک زجر ہے۔

ہَجّ (فت) ہیجیج (فکس) (ن)
گھر کو توڑ ڈالنا اور ویران کرنا۔

ہُجَاجٌ (نف) ہر ایک چیز جو کسی
کے پاس تمام ہو جاوے (س) آنکھ
کا تیز ہونا۔

ہَجْأٌ (فس) ہجور (ضضس)
بھوک کا مرجانا۔ کھانا۔ طعام کا
بھوک کو دبا دینا۔ اونٹون کو چرائی
پر روک رکھنا۔

ہِجَا (کف) شکل۔

ہُجَاۃ (ضضس) احمق۔

ہُجَاۃ (فضس) مینڈک۔

ہَجَاج (فضس) رفتار سخت
۔ فرومایہ آدمی۔ اور بولتے ہیں کہ
رَکِبَ فُلَانٌ ہَجَاجِ یعنی اپنی خوشی
جہان چاہا گیا۔ اسمین یہ لفظ
غیر منصرف ہے ہَجَاجَیک اوسوقت
کہتے ہین کہ جب اپنے سے کسی کو دفع
کرین اور روکین یعنی دور رہ تو اور
ہَذَا ذَیک۔

ہَجَاجَۃ (نفسف) گرد کہ ہر چیز کو
ڈھانک لیوے۔ احمق مرد۔

ہِجَار (کفس) کمان کا چلہ۔
گلو بند۔ تاج۔ ایک انگوٹھی ہے
جسے فارسیون نے نشانہ بنایا تھا
رسی جیسے خردگاہ پائے شتر مینا
باندھکر ہیگاہ پر یا تنگ کے ساتھ
ہیگاہ کے متصل باندھ دیتے ہین۔
پالان شتر کی رسی۔

ہَجَارِس (فضسک) شدائد ایام
۔ جاڑے کے مہینون مین سے سب
سے ہلکا مہینہ پالہ کے مانند۔

ہَجَّاس (ففضس) شیر جو آواز سے
اور کان لگاوے۔

ہَجَاعِ (نفسک) بولتے ہین رکب
ہَجَاعِ یعنی اپنی خوشی جہان چاہا
چلا گیا یا ہَجَاج ہے۔

ہِجَان (کفس) ہر ایک چیز برگزیدہ
سپید بالون والے اونٹ اور
برگزیدہ مذکر و مونث واحد و جمع برابر

پلید مرد - زن گرامی - خوش خاک
زمین حیوان کی جا سی پرورش -
ہُجَانَۃ (کفسف) پلیدی و خباثت -
ہَجَاوۃ (فسفسف) دن کا سخت
گرم ہو جانا - (ک)
ہَجَاہِج (ضفسک) مٹّا اونٹ -
ہَجَبَ (فس) (ن) ہنکنا شتابی
کرنی - چوب دستی سے مارنا -
ہَجْدْ (فکس) گھوڑے کے لیئے ایک
ڈانٹ ہے -
ہَجْدَم (کسف) ایک کلمہ ہے کہ جس
سے گھوڑے کو ڈانٹتے ہین آگے چلنے کے
لیئے کہتے ہین سب سے پہلے جو گھوڑے
پر سوار ہوا وہ حضرت آدم علیہ السلام
کا بیٹا تھا جو اپنے بھائی کے قتل کے لیئے
اوس پر سوار ہو کر چلا اور گھوڑے سے
ڈانٹ کر کہا ہِجِّ الدَّم یعنے آگے بڑھ
اور خون کو ویران کر یا برانگیختہ کر پس
اس لفظ مین تخفیف کر کر ہجدم
کہنے لگے -
ہَجْرَش (فک) اچھا و غیرت
بہتر اور فاضلتر - گرانبار شست
چلنے والا -

ہَجْرٌ (ضس) بُری اور بیہودہ بات
ہِجِر (فس) (ن) نیند مین بڑبڑانا ہو
پریشان باتین کہنی -
ہُجَّر (کگت) گانوئن کیطرف ہجرت کرنی
ہَجْرٌ (کس) لائق اور بفائق اونٹ
مذکر و مؤنث -
ہَجْرٌ (فس) جدائی - درخت کی
درازی اور کلانی - بولتے ہین
لَقِیتُہٗ عَن ہَجْرٍ یعنی مین نے اوس
سے ایک سال کے بعد یا چھ دن کے
پیچھے یا اوس سے بعد غیبت کے
ملاقات کی - دوپہر یعنے وقت زوال
آفتاب سے مع ظہر یا وقت زوال سے
عصر تک گرمی کی سختی - اچھا - گرامی
نژاد جوانمرد بہتر - بہانہ یا کمان کا
چلّہ - فراخ اور درازی - اہجار
(فسفس) جمع -
ہَجَرَ (فس) ہجران (کسفس)
(ن) جدائی کرنی - روزہ مین
جماع سے باز رہنا - ایک چیز کو چھوڑ
دینا اور ترک کر دینا - شرک کو ترک
کر دینا -
ہَجَرَ (فس) ہجور (ضضس) (ن)

مادہ
ہجن
ہجب
ہجج
ہجب
ہجب
ہجدب
ہجب

ہر ایضاً
ہر ایضاً
ہر ایضاً
ہر ایضاً
ہر ایضاً
ہر ایضاً

اونٹ کو ہجار باندھنا اور تنگ کھینچ دینا۔

ہجراکر (فسفسم) بری بات اور بیہودہ۔ فائدہ و کفایت۔

ہجرۃ (کسف) جدائی ایک زمین سے دوسری زمین پر چلا جانا۔

ہجرۃ (فسف) سال تمام ہجیرۃ (ضفسف) تصغیر (ن) شرک کو چھوڑ دینا۔

ہجرس (کسک) بندر۔ لومڑی یا لومڑی کا بچہ۔ کمینہ ناکس ردی ریچھ۔ ہر ایک چھوٹا جانور جو رات گوشت کرے لومڑی سے کم جنگلی چوہے سے بڑا۔ مثل میں ہے ازنی من ہجرس یعنی بندر اور ریچھ سے زیادہ زانی اور مثل ہے اغلم من ہجرس یعنی بندر سے بھی زیادہ سیانا ہجارس جمع

ہجرع (کسف) احمق۔ لمبے قد کا ہلکے گوشت کا لمبے قد کا کتا۔ سلوقی کتا ہلکا چالاک۔

ہجریا (کسفف) خوشی عادت و شان

ہجس (فس) (ن) دل میں خیال

۵۲۴

کا گذرنا۔ نرم آواز ہلکی جو سننے میں آوے۔

ہجزع (کسف) بزدل۔ جزع سے مشتق ہے۔

ہجس (فس) نرم آواز کہ سنی جاوے اور سمجھ میں نہ آوے۔ جو کہ دل میں گذرے۔ (ض) دل میں ایک چیز کا گذرنا یا اندیشہ و وسواس کا دل میں گذرنا۔ ایک کام سے پھیر دینا۔

ہجش (فس) نرم ہانکنا۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ آرزو کرنی۔ (ضا)

ہجشۃ (فسف) نہضت و برخاستگی۔

ہجع (کس) مدہوش و بیہودہ اور احمق۔

ہجع (ضف) ہجیع (فک) بمعنی ہجع

ہجعۃ (فسف) اول شب کی خواب

ہجعۃ (کسف) اول شب کی ہلکی خواب۔ ہیأت خواب۔ غافل مرد احمق۔

ہجعۃ (ضفف) بمعنی ہجعۃ۔

ہجف (کفت) سال خوردہ شتر مرغ یا شتر مرغ اور آدمی درشت اندام گران وزن۔ لنبا دلدار۔ فراخ شکم۔

ہَجَف (فف) (س ب) بھوکھا ہونا
شکم کا فرو بشتہ ہونا۔ بولتے ہین
ہَجَفَہٗ اُرضنا۔ یعنی جو کچھ زمین مین
تھا وہ پراگندہ ہوگیا۔
ہَجْفَان (فسفس) پیاسا۔
ہَجْفَۃ (کسف) تر اور نمناک ناحیہ۔
ہِجْفَۃ (کلف) دبلی عورت۔
ہَجَفْجَف (ففسف) فراخ شکم۔
ہَجِل (ضفض) ہُجُول ہَجَل
راہ تنگ۔
ہَجْل (فس) پست زمین ہموار پہاڑ
کے درمیان یا عام ہے اَہْجَال (فسفس)
ہِجَال (کفس) ہُجُول (ضفضس)
ہَجَلَات (ففقس) جمع۔ عورت کا
آنکھ پھیرنا تاکہ مرد کی طرف اشارہ کرے۔
(ن) پھینک دینا۔
ہَجْم (فس) بڑا پیالہ اَہْجَام جمع
خوبی و عرق۔ ہجم (فس) (ض ح)
پستان کا سارا دودھ پینا۔ ایک چیز
کا آرام پانا اور ٹھہرنا۔ آنکھ بند
کر لینی۔ گھر کو ویران کرنا۔ کسی کو
دفع کرنا۔ پسینا لے آنا۔ بیماری کا
سست و زائل ہونا۔

ہُجُم (فس) ہجوم (ضفض) (ن)
آنکھ کا گڑھے مین گھس جانا۔
ہَجْمَۃ (فسف) اونٹون کا گلہ
چالیس سے زیادہ تک یا تیس سے
سو تک یا ستر سے سو تک یا سو سے
کچھ کم۔ جاڑے اور گرمی کی شدت
ہُجْن (فس) (ض ن) لڑکی
اور نخلہ کا ناجن ہو جانا۔
ہُجْنَۃ (ضسف) سخن معیوب
زشتی۔ علم کا ضائع کرنا۔ عیب۔
باپ کا آزاد اور ماں کا غلام ہونا۔
ہُجْنَہ (ضسف) ہجانۃ (ففسف)
ہُجُونَۃ (ضفضسف) (ک) مرد کا ہجین
اور ناکس اور فرومایہ ہو جانا۔ گران
مایگی اور نیکوئی۔
ہِجَنْس (کفس) گران وزن۔
ہَجَنَّع (ففقف) لنبا مرد گوشت بھرا
ایک چیز یعنی۔ بڈھا جسکے سر کے
آگے کے بال جاتے رہے ہون۔ گنجا
شتر مرغ کہ جنمین ابھی کچھ قوت کا
بقیہ ہووے ہَجَنَّعَۃ مؤنث۔ اونٹ
کا بچہ کہ شدت گرما مین پیدا ہوا ہو۔
ہَجَنَّف (ففقف) لنبا چوڑا۔

۱ ہجف
۲ ایضاً
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ ہجل
۷ ایضاً
۸ ہجم
۱۵۲۵
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ ہجن
۱۲ ایضاً
۱۳ ایضاً
۱۴ ہجنس
۱۵ ہجنع
۱۶ ہجنف

هجو — هَجْو (فس) هِجاء (فضسم) (ن) کسی کو شعر مین برا کہنا خلاف مدح مذمت کرنی۔ حروف مقطعات پڑھنے

هجد — هَاجُود (فضس) نماز تہجد ادا کرنے والا هُجُود و هُجَّد جمع۔

هُجُود (ضضس) اونٹ کا اپنے پیش گردن کو زمین پر رکھ دینا۔ رات کو سونا۔ بیدار ہونا اضداد سے ہے۔

هجر — هُجَيْرى (ضفسکت) ایک طعام جو دوپہر کے وقت کھاتے ہین۔

هجع — هُجُوع (ضضس ف) رات کو سو جانا بھوک کو توڑنا نہ حد سیری تک بھوک کا شکستہ ہونا۔

هجل — هَجُول (فضس) فراخ فرج والی عورت۔ فاسقہ فاجرہ عورت۔

هُجُول (ضضس) دَمْع هُجُول روان و جاری اشک۔

هجم — هَجُوم (فضس) (ن) ناگاہ کسی پر آنے والا۔ داخل کرنے والا۔ سخت ہوا کہ گھر ویران کرے اور بنیاد کو اوکھاڑ ڈالے

هُجُوم (ضضس) (ن) کسی پر اچانک آ جانا۔ یا کسی پر بے اجازت داخل ہونا۔ داخل ہونا۔ گھر کا شکستہ و ویران ہو جانا۔

هجهج — هَجْهَاج (فسفس) احمق بہا گنے والا اونٹ۔ سخت آواز والا اور لنبا اونٹ ہو یا آدمی۔ سخت خو والا۔ عقلمند مرد۔

هَجْهَج (فسفف) درشت زمین خشک سالی پہونچی ہوئی۔ ایک کلمہ ہے کہ جس سے بکریون کو ڈانٹتے ہین۔

هُجْهُج (ضفضف) تیچار۔ پانی پیا ہوا۔

هَجْهَجَة (فسفف) جنگ و کارزار کے وقت پہلوانون اور دلاورون کی آواز کی نقل۔ اونٹ کو هج هج لفظ سے زجر کرنا۔ درندہ پر آواز مارنی۔ اونٹ کا پی در پی آواز کرنا۔

هجى — هَجَى (فس) (ض) گھر کا شکستہ اور کشادہ ہو جانا۔ اونٹ کی آنکھ کا گڑھے مین گھس جانا۔

هجيج — هَجِيج (فکس) آگ کی لو ستارہ اَهِجَّة۔ وادی مغاک۔ لنبی زمین کہ چلنے والے کو شتابی پر لاوے۔

خط جو بطریق مال و کہانت زمین پر کھینچیں ہُجّان جمع ۔
ہَجِیر (کتکس) ہجیرہ (کتکف) خوبی و عادت و حال ۔
ہَجِیر (فکس) دوپہر زوال کے نزدیک مع ظہر یا وقت زوال آفتاب سے عصر تک ۔ دوپہر کی گرمی ۔ شدت گرمی ۔ بڑا فراخ حوض ہُجُر جمع ۔ خشک گھاس شکستہ ۔ گور خر درشت و سخت اور گوشت بھرا ۔ دلدار پیالہ ۔ کوفہ اور بصرہ کے درمیان بنی عجل کا ایک چھوٹا پانی ہے ۔ سست کشتی سے رکا ہوا اور بھٹکا ہوا ۔ جما ہوا دودھ ۔
ہَجِیرۃ (فکسف) بمعنی ہجیر شدت گرمی تک ۔
ہِجِّیرٰی (کتکسف) خوبی و عادت و حال ۔
ہَجِیسَۃ (فکسف) بدل گیا ہوا دودھ مشک میں خراب ہو گیا ہوا ۔
ہَجِیع (فکس) رات کا ایک ٹکڑا ۔
ہَجِیل (فکس) ہموار زمین پست ہُجَال (کفس) جمع ۔

ہَجِیمَۃ (فکسف) دودھ جو کہ مشک میں ڈالیں اور دہی نہ کر کر کھاویں یا گاڑھا دودھ یا دہی ہو گیا ہوا ۔ یا دودھ جو دہی ہو جانے کے قریب پہنچ گیا ہو ۔
ہَجِین (فکس) کمینہ و فرومایہ ہر ایک چیز میں کا ۔ جسکا باپ آزاد اور ماں لونڈی ہو یا جسکا باپ حسب میں ماں سے بہتر ہووے ہُجُن (ضض) ہُجَناء (ضفقفس) ہُجْنان (ضسفس) مَہَاجِین (ففسکس) مَہَاجِنَۃ (ففسکف) جمع ہَجِینَۃ مؤنث ہُجُن (ضض) ہِجَان (کفس) جمع ۔ گھوڑا اور چوپایہ فرومایہ اور بد اصل لبن ہَجِین (فکس) دودھ جو نہ خالص ہووے اور نہ گاڑھا ۔
ہَخ (کت) ناک سنکنے والے کی آواز کی نقل ۔
ہَدّ (فت) گرامی اصل مرد جوانمرد ۔ اونٹ کی آواز ۔ سخت و درشت آواز کہ دیوار وغیرہ کے گرنے سے آتی ہے ۔ سست مرد و ضعیف ہُدُّان جمع ۔ ابن اعرابی کہتا ہے کہ ہَدّ بالفتح

۱۵۳۷

مر ۱ بمعنی جواد کریم ہے اور بالکسر بمعنی
جبان ضعیف ہے (ض س) نہایت
ویران کرنا۔ توڑنا۔ بڑھاپا سے
مر ۲ بڑھا ہو جانا۔ اونٹ کا آواز کرنا۔
سست وضعیف ہو جانا۔ بولتے ہین
مر ۳ ایضاً مررت برجل ہدک من رجل تو یہان
ہدک بمعنی حسبک ہے یعنی کافی ہے
مر ۴ ایضاً تجھکو بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے
تذکیر وتانیث اور تثنیہ اور جمع مین
نہین آتا ہے اور بعض کے نزدیک آتا
مر ۵ ایضاً ہے حالت تانیث مین ہدتک ہدتاک
۱۵۳۸ ہدتک اور تذکیر مین ہداک اور
ہدوک۔ اور بولتے ہین انہ لہدہ
الرجل یعنی وہ البتہ نیک مرد ہے
اور جب کسی کو جلادت اور دلیری کے
ساتھ موصوف کرتے ہین تو کہتے
ہین فلان ہدہ۔
ہدٌ (فت) ایک کلمہ ہے کہ گدھے
کے پانی پینے کے وقت کہتے ہین۔
ہدء (فس) خوبی وخصلت
(ف) آرام وقرار پکڑنا یا اول شب
او سکی ایک ثلث تک
ہدء (ضس) ہدوء (فسف)
ہدیئی (فکس) ہدوء (ضضس)
آرام وقرار پکڑنا۔ (ف)
ہدا (فف) (س) کبڑا ہو جانا
۔ بہت بوجھ لدنے سے کوہان کی
جھوٹائی۔
ہدآء (فسمس) اونٹنی جس کا
کوہان بہت بوجھ لادنے سے چھوٹا
ہو گیا ہو۔
ہدآء (کفسم) سست وکند
ذہن۔ دولھن کو گھر مین لانا۔ یا
دولھن کو خاوند کے گھر بھیجنا۔
دوسرے کی راہ چلنی۔ آگے آنا۔
سبقت کرنی۔
ہداء (فضم) دو عورتون کا
اپنا کھانا ایک جگہ لانا اور ملا کر کھانا۔
ہدابۃ (ختفس) عاجز گران
وزن کند ذہن۔ گران جان۔
ہدابۃ جو جوڑائی نرگھے ہدابۃ ایک
ہداب کپڑے کا ریشہ اور ریزہ ہداب
النخل درخت خرما کی شاخین۔
ہدابد (ضفسک) خوب جما ہوا
دودھ دہی بن گیا ہوا۔
ہداۃ (ففف) ایک قسم کی رفتار۔

ہداۃ (کسف) رات بھر کی قوت

ہداۃ (ضتفس) دبلی کمر کا گھوڑا یہ خاص نر کے واسطے ہے۔

ہداۃ (ففس) ادات و آلات۔

ہدالج (ضفس) بڈھون کی قبا

ہدالج (فتفس) بڈھون کی رفتار پر چلنے والا۔

ہدادۃ (فسف) بزدل ڈرنے والا۔

ہدادیک (ففسفس) یعنی چھوڑ دے اور دور رہ اور یکسو ہو۔

ہدارلیش (ففکس) سختیان

ہداکرش (ضفہک) مرغ نازمین پلا ہوا۔

ہدال (ففس) سر نیچے لائی ہوئی شاخ۔

ہدالۃ (فسف) گروہ ایک قسم کا درخت کہ ثمر زار مین اوگتا ہے اور وہ ثمر نہین ہے ہدال بالکسر جمع

ہدام (ضفس) سر کا دوران کہ سواری کشتی سے عارض ہووے۔

ہدان (کفس) احمق گران

وزن ہدن (ضعن) جمع۔

ہداہد (ضفسک) نرمی و ملائمت اور بولتے ہین یا فی ودّہ ہداہد یعنی اوسکی دوستی مین کچھ لطف نہین

ہدایۃ (کفسف) ظاہر اور آشکارا کرنا۔ آگاہ کرنا۔ دکھانا۔

ہدب (ضس) آنکھ کی پلک کے بال۔ کپڑے کا روان اور ریشہ ہدبۃ ایک۔

ہدب (فس) (ضن) قطع کرنا۔ دوہنا۔ میوہ درخت پر سے توڑنا۔

ہدب (فف) ارطی وغیرہ کی شاخین۔ ہر درخت کا پتا جو ہمیشہ رہے جیسا سرو۔ ہر گھاس کہ برگ نہ رکھے اور خود برگ کے قایم مقام ہووے یا ہر برگ کہ چوڑا نہ ہووے جیسے سرو اور جاق وغیرہ کا پتا ہدبۃ ایک۔ اہداب (فسفس) ہداب (کفس) جمع۔ آنکھ کا دراز مژہ ہونا۔ درخت کا فروہشتہ شاخ ہونا۔

ہدبد (فکب) شیر

ہدبد (ضفت) کند ذہن عاجز گران جان۔ گران وزن۔

ہدبای (سسفسم) لٹیا درخت۔ درخت لٹکی ہوئی شاخون کا۔
ہدبہ (ضفضف) ایک پرند [illegible] ہے۔
ہدبد (ضفضک) خوب جما ہوا دودھ دہی ہوگیا ہوا۔ انکھ کی چھوٹائی اور اوسکی سستی جریان اشک شمیت۔ یا عام ہے۔ شب کوری یعنی رتوندا۔ ایک سیاہ شلم ہے۔ سست بینائی والا مرد۔
ہدلبس (ففقف) زبر یا اوسکا بچہ
ہدبل (کسف) بہت بالون والا مرد اولجھے ہوئے بالون کا کنگھی نکرے گران دندان۔
ہدتہ (فتقف) دیوار وغیرہ کے گر پڑنے کی آواز۔
ہدجان (ففقس) [illegible] کی رفتار۔ لرزان چلنا۔
ہدجبہ (ففقف) ناقہ کا رونا۔ ناقہ کا نالان ہونا۔
ہدجلج (ففسف) [illegible] کی رفتار پر چلنے والا۔
ہدد (فف) سخت ودشت آواز۔

12 ہدر (کس) مرد گران۔
13 ہدر (فف) خون اور حق وغیرہ رائگان۔ خون باطل کردیا ہوا۔ اعتبار سے گرا ہوا آدمی۔
13 ھدر (فس) (ض ن) حق اور خون وغیرہ کا رائگان اور باطل ہونا۔ باطل کردینا۔
14 ہدر (فس) ہدیر (فکس) اونٹ کا بے شقشقہ آواز کرنا۔ کبوتر کا آواز کرنا۔ (ض)
15 ہدر (فس) (ض) شراب کا جوش کرنا۔ شگوفہ خرما کا کھلنا۔ گھاس کا خوب بڑا ہوجانا اور اوسکا گہن کا اور پورا ہوجانا (ض ن) حق اور خون وغیرہ کا رائگان اور باطل ہونا۔ باطل کردینا۔
16 ہدرة (ضفقف) ساقط الاعتبار مرد
17 ہدس (فف) درخت آس [illegible]
18 ہدش کتے کا برانگیختہ ہونا مجہولاً مستعمل ہے۔
19 ہدع (فک) ساکنۃ العین ایک کلمہ ہے جس سے اونٹ کے بچون کو تسکین دیتے ہین۔

ہَدَعَ (فس) ف توڑنا یا پھاڑنا۔

ہَدِرف (کسن) جسیم تندار۔

ہَدَفٌ (فف) بنا اور ریگ تودہ اور پہاڑ اور رشتہ وغیرہ ہر ایک بلند چیز اونچی۔ تیر کا نشانہ۔ بزرگ جثہ کا مرد۔ بہت سونے والا۔ بھاری ناموافق بےخیر۔

ہَدَفَ (فس) (ن) داخل ہونا۔

ہَدَفَ لِلْخَمْسِیْنَ پچاس برس کے نزدیک ہو گیا (ضں) کسلمند اور سست ہونا۔

ہِدْفَۃ (کسف) آدمیوں کا ایک گروہ۔ ایک جگہ مین چند گھر قائم و برپا۔

ہُدَفْ ہَدَفْ (ففف) ایک کلمہ ہے جس سے بکری اور بھیڑ کو دوھنے کے لیئے بلاتے ہین۔

ہَدَکَ (فس) (ض) ویران کرنا۔

ہُدَکِر (ضفک) عورت جو چلنے مین اپنے گوشت اور ہڈی کو ہلا دے۔ گاڑھا دودھ۔

ہُدْکُزَۃ (نسنف) ایک ایسی چیز کو پکڑ لینا کہ جسکے لینے کا امکان ہو۔

ہُدْکُورَۃ (ضسفسف) ہیدکور (فسفضس) ہیدکورہ (فسفضسف) بہت گوشت والی عورت یا ہیدکور فربہ بننے کے لیئے پوشیدہ ہونے والا۔

ہَدِلَ (کمس) جما ہوا دودھ ترش ہو گیا ہوا۔

ہَدَلٌ (فک) لٹکے ہوئے ہونٹھ کا اونٹ۔

ہَدَلَ (فس) (ض) کپڑے کو نیچے لٹکانا۔ اونٹ کا زخم گرفتہ ہونا اور اسکے ہونٹھ کا لٹک پڑنا۔ اونٹ کا اپنے ہونٹھ کو لٹکانا۔

ہَدَلَ (فس) ہدیل (فکس) (ض) کبوتر کا آواز کرنا۔

ہَدِلَ (کفف) (س) اونٹ کے ہونٹھ کا لٹکا ہوا ہونا۔

ہَدْلَاءُ (فسفسم) زنخ سے نیچے لٹکا ہوا لب۔

ہِدْلِق (کسکس) پرویزن۔ ہر ایک چیز لٹکی ہوئی۔ اونٹ جسکی کنج دہن فراخ ہو۔

ہِدْلِقَۃ (کسکف) زنخ شتر کے نیچے کی پشم۔

ہِدْلَوْعَۃ (کسفسف) بری پیدایش کا احمق۔

هدم (فس) رائگان و باطل خون۔
هدم (کس) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا یا خاص گلیم پشمینہ کے ساتھ مخصوص
اہدام (فسفس) ہدم (لف) جمع۔
سال خوردہ بڈھا۔ پرانا موزہ۔
ہدم (فف) جو چیز کہ ٹوٹے ہوئے کنوئیں کے کنارہ میں سے کنوئیں میں گر گئی ہو۔ ایک زمین ہے یعنی ہدر (فف)۔
ہدم (نف) ہدمۃ (ففف) (س) ناقہ کا سخت گشن خواہ ہو جانا۔
ہدم (تک) مخنث۔
ہدم (فس) (ض ح) شوا ری کشتی سے دوران سر ہونا جھولا مستعمل ہے۔ بنا کو توڑنا اور ویران کرنا۔ پشت توڑنی۔
ہدمۃ (فسف) ہلکا مینھ۔ مینھ کا ایک جھڑاکا۔ یک دفعہ کا مال۔
ہدمۃ (ففف) مادین کا نر کی خواہش کرنا۔
ہدمۃ (فکف) ناقہ جو نر کی سخت حریص و مشتاق و آرزومند ہو
ہدامی (فضسف) ہدمۃ (کفف) جمع۔

ہدمل (کسکس) پرانا کپڑا۔ ہیئت اور نا صبحے بالون والا سر کا
ہدمل (فسف) پرانا کپڑا۔ مرد گران۔ اونچا پشتہ جمع ہو آیا ہوا۔
ہدملۃ (کفسف) درخت ناک رنگ تو وہ۔ قدیم زمانہ دیرینہ۔ آدمیون کا ایک گروہ ہے
ہدملۃ (فسفف) کپڑے کو سچاڑنا۔
ہدن (کس) سال کی فراخی و ارزانی۔
ہدنۃ (فسف) شست مینھ تھوڑا
ہدنۃ (ضسف) صلح و آشتی۔ تن آسانی و آرامش۔
ہدو (نضت) رہنما۔
ہدوج (نفس) شتاب جوش میں آنے والی ہانڈی۔ آواز والی ہوا۔
ہدود (فضس) نرم زمین۔ پشتہ شاقہ۔ زمین نشیب۔
ہدور (ضفس) گر پڑنا۔ گھاس کا خوب لمبا ہو جانا اور اغیرہ دار

اور اوسکا پورا ہونا۔

ہَدُوْن (ضفضس) (ض) آرام پکڑنا۔ آرام دینا۔ لڑکی کو خوشنود کرنا۔ دفن کرنا۔ مار ڈالنا۔ تن آسان و فراخ زندگانی ہونا۔ آسودہ ہونا۔

ھَدْھَاد (فسعس) صاحب مسائل قاضی۔ بلقیس ملکہ سبا کے باپ کا نام اور وہ ھدہاد بن شرح بن شرحبیل بن ذی سحر ملوک حمیر مین سے ایک بادشاہ تھا۔

ہُدْہُد (فسف) جن کی آواز۔

ہُدْہُد (ضفف) ہداہد (ضفمک) پوپک یعنی کھٹ بڑھی۔

ہُدْہُد (ضسفس) ہر پرندہ کہ بانگ و فریاد کرے۔ پوپک یعنی کھٹ بڑھی مذہب صحیح یہ ہے کہ اسکا کھانا حرام ہے آپ نے اسکے قتل کی نہی فرمادی ہے اور بعض کے نزدیک حلال ہے۔ بہت آواز والا کبوتر ہَدَاہِد (ففسک) ہَدَاہِید (ففسکس) جمع۔

ہَدْہَدَہ (فسفف) کبوتر کی آواز ہَدَاہِد (ففسکس) جمع۔ اونٹ اور پرندہ کا آواز کرنا۔ بچہ کا ہلانا تاکہ سو جاوے۔ ایک چیز کو بلندی سے پستی پر نیچے اوتار لانا۔ اور کہتے ہین فلان یُہَدْہِدُ اِلَیّ یعنے وہ میرے خیال مین پھرتا ہے۔

ہَدْی (فکت) ہدی۔ دولھن۔ ہر ایک چیز محترم و ارجمند۔ قربانی جیسے مکہ مین بھیجین ہدیہ ایک۔

ہَدِیّ (فکس) خوبی و خصلت۔ قربانی جیسے مکہ کو بھیجین ھَدِیَّۃ ایک۔ دولھن۔ روش و خوبی و عادت۔

ہُدٰی (ضف) ہُدْی (فس) ہِدَایَۃ (کفسف) ہِدْیَۃ (کسف) (ض) راہ راست دکھانا۔ راہ کو پانا۔

ہُدٰی (ضفض) راستی۔ راہ راست۔ رہنمائی و دلالت مونث مستعمل ہے۔ دن۔

ہَدْیَا (صفتفض) مثل و مانند۔

ہَدِیَّۃ (فکتف) تحفہ۔ ارمغان ہدایا ہَدَاوِی جمع۔ دولھن۔

ہِدْیَۃ (ضسفکسف) کام ہَدْیَۃ

مادہ
ہدن
۲ ہدہد
۳ ایضاً
۴ ایضاً
۵ ایضاً
۶ ایضاً
۷ ہدی
۱۵۴۳
۸ ایضاً
۹ ایضاً
۱۰ ایضاً
۱۱ ایضاً
۱۲ ایضاً
۱۳ ایضاً

الا مرکام کا روی وجہت۔

ہَدِیَۃ (فسف) سیرت وعادت۔

ہَدِید (فکس) لنبا مرد۔ آواز دیوار وغیرہ کا نیچے دھس جانے کے وقت آواز نکالنا۔

ہَدِیر (فکس) گھاس کا خوب لنبا ہونا اور انبوہ دار اور اوس کا پورا ہونا۔

ہَدِیل (فکس) نر کبوتر کی آواز یا عام ہے یا خاص وحشی کبوتر کی آواز۔ چوزۂ کبوتر۔ کبوتر نر۔ یا حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ مین ایک کبوتر بچہ تھا کہ پیاس سے مارے مر گیا یا کسی شکاری پرندہ نے اوسے شکار کر لیا تو کوئی کبوتر ہی نہین کہ اوسپر نہ روتی ہو۔

ہُذَیم (فکس) سال اول کی باقی رہی ہوئی گھاس۔

ہَذّ (فت) قطع کرنے والا۔ (ن) سبک قطع کرنا۔ مکتوب کو جلد پڑھنا۔

ہَذَّر (فس) (ف) ایک چیز کو جلد کاٹنا۔ ہذر سے جلدی۔ دشمن کو ہلاک کرنا۔ کسی کو کلام مکروہ سنوانا۔

۵۲۴

۔اونٹون کا زمین پر گر پڑنا۔

ہَذْر (فف) (س) جاڑے کے سبب ہلاک ہونا۔

ہُذَانِر (ضفسم) بیماری اور نیند کے سبب بڑبڑاہٹ اور بیہودہ گوئی۔

ہَذَانِر (فتفسم) بیماری یا خواب کے سبب بہت بیہودہ بکنے والا مرد۔

ہَذَارَۃ (فتفسف) بمعنی ہذاء۔

ہَذَابَۃ (ففسف) آدمی وغیرہ کا سرعت کرنا۔

ہَذَاۃ (فسف) لوہے کا بیلچہ اور کدال۔

ہَذَّاذ (فتفس) خوب قطع کرنے والا۔ نر اونٹ سبقت کرنے والا۔

ہَذَاذَیک یعنی ٹھہر۔

ہُذَارِم (ضفسک)۔ مرد جو کلام اور قرأت مین شتاب ہو۔

ہُذَارِمَۃ (ضفسکف) بمعنی ہذارم (ضفسک)۔

ہَذَّاف (فتفس) مرد شتاب و تیز و چالاک۔

ہَذَاہِذ (ففسک) قطع کرنے والا۔ وے لوگ کہ جس کسیکو دیکھین

ہَدَع (فس) (ف) توڑنا یا پھاڑنا۔

ہِدْف (کس) جسیم تیندار۔

ہَدَف (فف) بنا اور ریگ تودہ اور پہاڑ اور پشتہ وغیرہ ہر ایک بلند چیز اونچی۔ تیر کا نشانہ۔ بزرگ جثہ کا مرد۔ بہت سونے والا۔ بھاری ناموافق بے خیر۔

ہَدَف (فس) (ن) داخل ہونا۔ ہَدَفَ لِلخَمسِینَ پچاس برس کے نزدیک ہوگیا (ض) کسلمند اور سست ہونا۔

ہِدْفَۃ (کسف) آدمیوں کا ایک گروہ۔ ایک جگہ میں چند گھر قائم ویرپا۔

ہَدَف ہَدَف (فف فف) ایک کلمہ ہے جس سے بکری اور بھیڑ کو دوہنے کے لیئے بلاتے ہیں۔

ہَدَک (فس) (ض) ویران کرنا۔

ہُدَکِر (ضفک) عورت جو چلنے میں اپنے گوشت اور ہڈی کو ہلاوے۔ گاڑھا دودہ۔

ہَدْکَرَۃ (فسفف) ایک ایسی چیز کو پکڑ لینا کہ جسکے لینے کا امکان ہو۔

ہِدْکَورَۃ (ضسضسف) بہیدکور (فسفضس) بہید کورہ (فسفضسف) بہت گوشت والی عورت یا بھیڑ کو فریب دینے کے لیئے پوشیدہ ہونے والا۔

ہُدِل [11] (کس) جمتا ہوا دودہ بہ تربش ہو گیا ہوا۔

ہَدِل [12] (فک) لٹکے ہوئے ہونٹھ کا اونٹ۔

ہَدَل [13] (فس) (ض) کپڑے کو نیچے لٹکانا۔ اونٹ کا زخم گرفتہ ہونا اور اوسکے ہونٹھ کا لٹک پڑنا۔ اونٹ کا اپنے ہونٹھ کو لٹکانا۔

ہَدْل [14] (فس) ہدیل (فکس) (ض) کبوتر کا آواز کرنا۔

ہَدَل [15] (فف) (س) اونٹ کے ہونٹھ کا لٹکا ہوا ہونا۔

ہَدَلاء [16] (فسفسم) نزنخ سے نیچے لٹکا ہوا لب۔

ہِدْلِق [17] (کسک) پرویزن۔ ہر ایک چیز لٹکی ہوئی۔ اونٹ جسکی کنج دہن فراخ ہو۔

ہِدْلِقَۃ [18] (کسکف) نرخ شتر کے نیچے کی پشم۔

ہِدْلَوْغَۃ [19] (کسفسف) بہت بری بیداندیش کا احمق۔

مادہ

ہدع

ہدف

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ہدل

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

هَدَرٌ (فس) رائگان و باطل خون —
هِدْمٌ (کس) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا یا خاص کلیم پشمینہ کے ساتھ ہے —
اهدام (فسفس) هدم (کف) جمع —
سال خوردہ بڈھا — پرانا موزہ —
هَدَمٌ (فف) جو چیز کہ بھٹے ہوئے کنوئیں کے کنارہ مین سے کنوئیں مین گر گئی ہو — ایک زمین ہے یعنی هدر (نف) —
هُدْمٌ (نف) هدمة (نفف) (س) ناقہ کا بکثرت گشن خواہ ہو جانا —
هُدُمٌ (نک) مخنث —
هَدْمٌ (فس) (ضن) سواری کشتی سے دوران سر ہونا جھولا مستعمل ہے — بنا کو توڑنا اور ویران کرنا — پشت توڑنی —
هَدَمَة (فسف) ہلکا مینھ مینھ کا ایک جھڑاکا — یک دفعہ کا مال —
هَدَمَة (نفف) مادین کا نر کی خواہش کرنا —
هَدِمَة (فکف) ناقہ جو نر کی سخت حریص و مشتاق و آرزومند ہو —
هدامی (فضسف) هدمة

(کفکف) جمع —
هِدْمِلٌ (کسکس) پرانا کپڑا بہت اور روان بھے بالون والا ابیر کا
هَدَمَّلٌ (فسفف) پرانا کپڑا مرد گران — اونچا پشتہ جمع ہو آیا ہوا —
هِدْمِلَة (کفسف) درخت ناک ریگ تودہ — قدیم زمانہ دیرینہ — آدمیون کا ایک گروہ —
هَدْمَلَة (فسفف) کپڑے کو سپارہ کرنا
هِدْنٌ (کس) سال کی فراخی و ارزانی —
هَدْنَة (فسف) شست عینہ تھوڑا
هُدْنَة (ضسف) صلح و آشتی — تن آسانی و آرامش —
هَدُوّ (نضت) رہنما —
هَدْوَج (نضس) شتاب جوش مین آنے والی ہانڈی — آواز والی ہوا —
هُدُود (فضس) نرم زمین — پشتہ شاقہ — زمین نشیب —
هَدَوَّر (ضضس) گر پڑنا کا خوب لمبا ہو جانا و انبوہ دار

اور اوسکا پورا ہونا۔

ہُدُون (ضفضس) (ض) آرام پکڑنا۔ آرام دینا۔ لڑکی کو خوشنود کرنا۔ دفن کرنا۔ مار ڈالنا۔ تن آسان و فراخ زندگانی ہونا۔ آسودہ ہونا۔

ہَدْہاد (فسفس) صاحب مسائل قاضی۔ بلقیس ملکہ سبا کے باپ کا نام اور وہ ہدہاد بن شرحبیل بن ذی سحر ملوک حمیر مین سے ایک بادشاہ تھا۔

ہَدْہَد (فسف) جن کی آواز۔

ہُدْہُد (ضفضف) ہداہد (ضفسک) پوپک یعنی کھٹ بڑھی۔

ہُدْہُد (ضسضس) ہر پرندہ کہ بانگ و فریاد کرے۔ پوپک یعنی کھٹ بڑھی مذہب صحیح یہ ہے کہ اسکا کھانا حرام ہے آپ نے اسکے قتل کی نہی فرمادی ہے اور بعض کے نزدیک حلال ہے۔ بہت آواز والا کبوتر ہَداہِد (ففسک) ہَداہید (ففسکس) جمع۔

ہَدْہَدَہ (فسفف) کبوتر کی آواز ہَداہِد (ففسکس) جمع۔ اونٹ کی پرندہ کا آواز کرنا۔ بچہ کا ہلانا تاکہ سو جاوے۔ ایک چیز کو بلندی سے پستی پر نیچے اوتار لانا۔ اور کہتے ہین فلان یُہَدْہِدُنی یعنی وہ میرے خیال مین پھرتا ہے۔

ہُدَی (فکت) ہدی۔ دولھن۔ ہر ایک چیز محترم وار جمند۔ قربانی جیسے مکہ مین بھیجین ہدیۃ ایک۔

ہَدِیّ (فکس) خوی وخصلت۔ قربانی جیسے مکہ کو بھیجین ہدیۃ ایک۔ دولھن۔ روش وخوی وعادت۔

ہُدًی (ضف) ہدی (فسن) ہدایۃ (کفسف) ہدیۃ (کسف) (ضن) راہ راست دکھانا۔ راہ کو پانا۔

ہُدًی (ضفن) راستی۔ راہ راست۔ رہنمائی ودلالت مونث مستعمل ہے۔ دن۔

ہَدْیا (ضفتفس) مثل ومانند۔

ہَدِیَّۃ (فکتف) تحفہ۔ ارمغان ہدایا ہَداوِی جمع۔ دولھن۔

ہِدْیَۃ (کسفکسف) کام۔ ہدیۃ

ماده
ہدن
ہدہد
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ہدی
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً

الامر کام کا روی وجہت ۔
ہدیۃ (فسف) سیرت وعادت ۔
ہدید (فکس) لنبا مرد ۔ آواز
دیوار وغیرہ کا نیچے دھس جانے
کے وقت آواز نکالنا ۔
ہدیر (فکس) گھاس کا خوب
لنبا ہونا اور انبوہ دار اور اوس
کا پورا ہونا ۔
ہدیل (فکس) نر کبوتر کی آواز
یا عام ہے یا خاص وحشی کبوتر کی
آواز ۔ چوزۂ کبوتر ۔ کبوتر نر ۔
یا حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ
مین ایک کبوتر بچہ تھا کہ پیاس کے
مارے مرگیا یا کسی شکاری پرندہ
نے اوسے شکار کر لیا تو کوئی کبوتر
نہین کہ اوسپر نہ روتی ہو ۔
ہدیم (فکس) سال اول کی باقی
رہی ہوئی گھاس ۔
ہذ (فت) قطع کرنے والا ۔ (ن)
سبک قطع کرنا ۔ مکتوب کو جلد پڑھنا ۔
ہذ (فس) (ف) ایک چیز کو
جلد کاٹنا ۔ ہذ سے جلدی ۔ دشمن
کو ہلاک کرنا ۔ کسی کو کلام مکروہ سنوانا

۔ اور ستون کا زمین پر گر پڑنا ۔
ہذر (فف) (س) جاڑے کے
سبب ہلاک ہونا ۔
ہذاء (ضفقسم) بیماری اور نیند
کے سبب بڑبڑاہٹ اور بیہودہ گوئی
ہذائم (فتقفسم) بیماری یا خواب
کے سبب بہت بیہودہ بکنے والا مرد ۔
ہذاءۃ (فتقفسف) بمعنی ہذاء ۔
ہذابۃ (ففسف) آدمی وغیرہ
کا سرعت کرنا ۔
ہذاۃ (فسف) لوہے کا بیلچہ
اور کدال ۔
ہذاذ (فتقفس) خوب قطع کرنے
والا ۔ نر اونٹ سبقت کرنے والا ۔
ہذاذیک بمعنی ٹھہر ۔
ہذارم (ضفسک) ۔ مرد جو
کلام اور قرأت مین شتاب ہو ۔
ہذارمۃ (ضفسکف) بمعنی
ہذارم (ضفسک) ۔
ہذاف (فتقفس) مرد شتاب
و تیز و چالاک ۔
ہذاہذ (ففسک) قطع کرنے
والا ۔ وے لوگ کہ جس کسیکو دیکھین

حکم ہے۔ ہُرَیق کا وزن ہفعل ہے اور ہُراق کا وزن ہفعل ہے۔ عرب میں بولتے ہیں ہَرِیقُوا عَنکُم اَوَّلَ اللَّیلِ یعنی شروع شب میں اوترو۔

ہِراکل (ضفسک) اونٹا ڈیل آدمی جسے بدن کا۔

ہِراکلۃ (ففسکف) دلدار مچھلی یا سگ ماہی۔ یا شتر آبی۔ یا سیتہ دریائی بڑے سرین کا۔ امواج دریا کے جمع ہو آنے کی جگہ۔

ہَرامیت (ففسکس) کوئے

ہَرانع (ففسک) ایک گھاس کی جڑیں طرثوث کے مشابہہ۔

ہِراوۃ (کفسف) موٹی چوبدستی ہَراوَی ہَری (ضکت) ہَرِیّ (کت) جمع۔

ہُراہِر (ضفسک) بہت پانی۔ بہت دودھ شیر۔

ہَرَب (فف) (س) بڑی عمر کا بڈھا ہو جانا۔

ہُرثُف (ضس) اوجھ اور اسر کے اوپر کی پتلی جھلی۔

ہَرَب (فف) (ن) ہَرَبان (ففسع) بھاگ جانا۔ ہَرَبَ مِنَ الوَتَدِ یعنی آدھی میخ زمین میں گھس گئی۔

ہَربجۃ (فسقف) بھونڈے طور سے کام کو کرنا اور مضبوط و مستحکم نہ کرنا۔

ہِربِذ (کسک) ہربد یعنی آتشکدہ ہنود کا مجاور یا قدر آدمی اور انکا عالم یا آتشکدہ مغان کا خادم۔ قاضی گبران فارسی کا لفظ معرب ہے ہَرابِذۃ (ففسکف) جمع۔

ہَربذۃ (فسقف) گھوڑے کی ایک قسم کی رفتار خبب سے بہت کمتر ہے۔

ہِربِذی (کسکف) خرامش و ناز کے ساتھ ایک رفتار ہے۔

ہُربُع (ضسض) چور۔ بھیڑیا ہلکا چست و چالاک۔

ہُربُغ (ضسضس) اشتر غار کے مشابہہ ایک ساگ ہے جسے کھاتے ہیں۔

ہَرِت (فک) شیر۔

۱۵۴۹

ماده
ہرت
ہرث
ہرثم
ایضاً
ہرتان
ایضاً
ایضاً
ایضاً
ہرجت
1550
ہرجب
ہرجاب
ہرج
ہرجنب
ہرجع
ہرجف
ہرجل
ہرجلہ
ہرد

ہَرَتَ (فف) (س) فراخ ہوجانا۔ عورت کا ہریت ہوجانا
ہرت (فس) (ض ن) گوشت کو خوب پکانا اور اوسے مہرا آ (صفتنفسم) کر دینا۔ کسی کی عزت وآبرو مین طعن کرنا۔ کپڑا پھٹ جانا۔
ہِرْثُ (فس) پرانا کپڑا۔
ہُرْثُمْ (فسف) شیر
ہَرْثَمَۃ (فسفف) ناک کی نوک یا ناک اور سر کا مابین یا اوپر کے ہونٹھ کا گڑھا۔ کہتے کی ناک کے دو سوراخ کے درمیان کی سیاہی۔ ایک شخص کا نام۔ شیر۔
ہَرْجُ (فس) آشوب وفتنہ۔
ہَرَجَ (فس) (ض) آشوب وفتنہ وکشش واختلاط وآمیزش مین پڑنا۔ اصل ہرج کی ہر ایک چیز کی زیادتی۔ دروازہ کو کھلا چھوڑ دینا۔ سخن مین کثرت اور زیادتی کرنی۔ شوریدہ ومشتبہ بات کہنی۔ جوان لڑکی سے جماع کرنا۔ گھوڑے کا رفتار مین آنا۔

ہِرِجُ (کس) احمق۔ ہر ایک چیز سست۔
ہَرْجَ (فت) اونٹ کا شدت گرمی اور مالش قطران کی افزونی سے سرگشتہ وسراسیمہ ہوجانا۔
ہِرْجَابُ (کسفس) آدمی وغیرہ لنبا۔
ہِرْجَاسُ (کسفس) تندار وتن آور موٹا یا یہ لفظ غلط ہے اور صحیح جرھاس ہے۔
ہِرْجَبُ (کسفت) آدمی وغیرہ لنبا۔
ہِرْجَبَۃ (کسف) کمان نرم۔
ہَرْجَشَۃ (فسکف) سال خوردہ ناقہ۔
ہَرْجَعُ (فسف) نہایت لنگڑا۔
ہِرْجَفُ (کسفت) سست ونرم مرد۔
ہُرْجُلُ (ضسفت) کشادہ قدم مرد۔
ہَرْجَلَۃ (فسفف) رفتار شوریدہ۔ شوریدہ چلنا۔
ہَرْدُ (فس) شتر مرغ مرد

بے وقار و بے اعتبار۔

ہُرلُد (ضس) زعفران۔ گل سرخ۔ ایک درخت کی جڑ ہے جس سے رنگتے ہین۔

ہَرَدَ (فس) (ض) گوشت کو خوب پکانا اور مہرا کرنا۔ گوشت کا خوب پک جانا۔ کپڑے کو پھاڑنا اور پارہ پارہ کرنا۔ ایک چیز پر قدرت پانی۔ آشوب و فتنہ مین پڑنا۔ کسی کی عزت و ناموس مین طعن کرنا۔ خراب کرنے کے لیے چیرنا۔ بولتے ہین ہَرَدتُ الشیٔ اَہرِیدُہٗ یعنی ایک چیز کو ارادہ کیا مین نے اور اوسکا ارادہ کرتا ہون۔ اصل مین اَرَدتُ اور اُرِیدُ ہے۔

ہَرَدَبَۃ (فسقف) گرانبار کا ایک قسم کا دوڑنا۔

ہِرِدَبَّۃ (کسفتف) کندہ پیر بزدل مرد۔ بڑے پیٹ کا۔

ہُردُجَۃ (فسقف) شتاب چلنا۔

ہِردَشۃ (کسکف) اونٹنی اور عورت اور بکری بڑہی عمر کی۔

ہُرِدِی (ضسکت) ہُرد سے گھاس ہے ۱۲

رنگا ہوا۔

ہُرِدِیّ (کسف) ایک گھاس ہے۔

ہُرِدِیَّۃ (ضسکتف) نی یا دستہ نی کہ اوسپر ہردی گھاس لپیٹ کر بانس کی دیوار کے عرض پر رکھتے ہین۔

ہَرِرَ (فف) (س) بدخو ہو جانا

ہَرِزَ (فس) (س) نہایت چکنا چور کرنا اور مارنا۔

ہُرزُوقیٰ (ضسضسف) جیس و بند کا اسم

ہَرَسَ (فس) بِتّی (ن) خوب بھانا۔ خوب کوٹنا ع

ہَرِشَ (فف) (س) خوب کھانے والا ہو جانا۔

ہِرَسٌ (کک) مضبوط بدن کا شیر بہت کھانے والا۔ پرانا کپڑا۔ بتی۔

ہَرِسَۃ (فکف) زمین جس میں درخت برامن بہت ہون۔

ہِرَشٌ (کک) احمق سخت خو والا۔

ہَرَشَ (فس) (ن ض) زبان

ہرق · ہرشب · ہرشف · ہرشفۃ · ہرشم · ہرشمۃ · ہرشن · ہرشی

ہرص · ہرض · ہرضیف · ہرط · ہرطال · ہرطۃ · ہرطمان

کا سخت ہونا۔

ہَرِشَ (فف) (س) بدخوی ہو جانا۔

ہِرْشَبَّۃ (کسفتف) نہایت بڈھا بڑی عمر کا۔

ہَرْشَفَۃ (فسفف) تھوڑا تھوڑا پینا۔

ہِرْشَفَّۃ (کسکتف) نہایت بڈھا بڑی عمر کا۔ کپڑے کا چیتھڑا جس سے خشک سالی میں زمین پر سے پانی اوٹھاویں اور ڈول میں نچوڑیں۔ دوات کا صوف جو خشک ہو جاوے پرانا ڈول۔

ہِرْشَمّ (کسفت) نرم پتھر۔ اور نرم پہاڑ۔

ہِرْشَمَّۃ (کسفتف) بہت دودھ والی بکری۔ سخت و درشت زمین۔

ہِرْشِن (کسکس) جس کا کنج دہن فراخ ہو۔

ہَرْشٰی (فسف) جحفہ کے نزدیک ایک پشتہ ہے۔ راہ مکہ میں ایک وادی ہے۔

ہَرِص (فف) گرم بدن کی خشک کھجلی۔ (س) خشک کھجلی میں مبتلا ہونا۔

ہَرَض (فف) (س) خشک کھجلی کہ حرارت کے سبب بدن پر نکلے۔

ہَرْض (فس) (ن) کپڑے کو پھاڑنا۔

ہِرْضِیف (کسکس) اعلام میں سے ہے۔

ہِرْط (کس) بڑی عمر کی ناقہ اہراط ہروط جمع۔ دبلا گوشت خشک آب بینی کے مشابہ۔ مالدار مرد۔ دبلی بڑی عمر کی بکری۔

ہَرْط (فس) (ن) کسی کی عزت و ناموس میں طعن اور ہتک کرنا۔ اور برا کہنا۔ نامضبوط بات اور خراب بات کہنی۔

ہِرْطَال (کسفس) لمبے قد کا۔

ہِرْطَۃ (کسف) سال خوردہ دبلی بکری۔ احمق عورت بزدل ہرط جمع۔

ہُرْطُمَان (ضسضفس) ایک

متوسط دانہ ہے جَو اور گیہون کے درمیان اسہال اور سرفہ کے لیئے نافع –

هَرَّعَ (فس) (ف) سخت ہانکنا –

اُهْرِعَ (فف) (س) خون کا بہنا سرعت کرتا ہوا مضطربانہ چلنا –

هَرِعٌ (فک) گرم خون خوب روان جاری – مرد جھٹ پٹ گریہ کرنے والا –

هَرَعَةٌ (فسف) ایک چھوٹا کیڑا ہے

هَرِعَةٌ (فکف) عورت جماع کی خوب حریص یا عورت جو ملاعبت کے وقت منزل ہو جاوے –

هَرَفَ (فس) (ض) مدح و ثنا مین شگفت کے ساتھ مبالغہ اور دراز نفسی کرنی یا بے دانست و خبر سراہنا – نخلہ کا اپنے پھل کو جلد پکا لاتا –

هِرْقٌ (کس) پُرانا کپڑا –

هِرَقْلُ (فسف) بادشاہ روم کا لقب یا نام اسکے وقت مین اسلام دیار عرب مین نشو و نما درمیان غربا اہل عرب کے پا رہا تھا اور اسکے شاہنشاہی کا ستارہ افق عالم پر مقابلۂ شاہنشاہی اہل فارس کے خوب چمک رہا تھا کہ یک بیک عہد خلافت اولی مین عساکر اسلام ہمیشہ کے خاص محاون واقع شہر رومیہ پر اپنے جھنڈے بلند کیئے اور اس کے خاندان کی شاہنشاہی کو نیست و نابود کر کے جمیع ممالک روم و شام و ارمن و یونان و مصر و دیگر اقطاع پر قابض ہوئے یہ بادشاہ مسیحی المذہب تھا معتقد اسلام ہو چکا تھا مگر بخوف اپنے اراکین و امراء و لشکر نصرانی کے اظہار نکر سکا سب سے پہلے اسی نے دینار دھالے اور بَیْعَہ کو ایجاد کیا –

هِرَقْلُ (کسک) ہرقلۃ (فکسف) روم مین ایک شہر ہے

هِرْكَلَةٌ (فسفف) موٹے بدن کی لڑکی اچھی پیدائش کی خوش رفتار – ناز و خرامش کی ایک رفتار ہے –

هِرْكَلَّةٌ (ضفکف) ہِرْكِلَةٌ (کفسف) ہرکولۃ (کسفسف) ہرکیل (کسکس) موٹے بدن کی

هرل – الف – الف – هرمس – هرم – الف – 1004

لڑکی اچھی پیدا ہوئی – کی خوش رفتار –

ہِرْکَوْلَۃٌ (کسفسف) لموزان سرین –

ہَرَم (فتح) ایک کھاری گھاس ہے یا ایک درخت یا وہ بقلۃ الحمقان ہے ہرمۃ ایک –

ہَرِمَ (فف) (س) نہایت بڑھا اور بڑی عمر کا ہو جانا –

ہَرَم (فک) خوب بڑھا عقل رفتہ سترا بہترا ہَرِمُوْن ہَرْمیٰ جمع ہرمۃ مؤنث ہَرِمَات (فکفس)

ہَرْمیٰ (فسوف) جمع – نفس – عقل – ہوش – دل –

ہِرْمَاس (کسفس) شیر آدمیوں کا بڑا خونخوار – چیتے کا بچہ –

ہُرْمَان (ضسفس) عقل و ہوش

ہَرَمَان (ففس) مصر میں پہلی بنائی ہوئی دو بنا ہیں کہتے ہیں ان دونوں کو ادریس علیہ السلام نے اون میں طوفان سے علوم کی محافظت کرنے کے لیے بنایا تھا یا وے منار بن المثلثل کی بنا ہیں یا اگلے لوگون کی بنا ہین جبکہ اونھون نے علم نجوم سے جان لیا کہ طوفان آنے والا ہے تو اونھون نے انکو بنایا اور اون کی بنا کی تاریخ یہ ہے قد بنی الهرمان والنسر فی السرطان – ان دونون میں ہر ایک طرحکا سحر اور طلسم ہے اور مصر میں اور بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے ہرم ہین – اور بعض کہتے ہین کہ یہ دونون دو بادشاہون کی قبرین ہین کہ مصر میں زمانہ قدیم میں تھے –

ہَرْمَنَۃ (فسفف) ہیر ہرمنۃ حرمین بنی عوال کا ایک کوا ہے

ہِرْمَتہ (فلف) شیر مادہ –

ہُرْمُز (ضسض) فارس کا بڑا بادشاہ –

ہُرْمُزَان (ضسضفس)

ہَارْمُوز (فسفضس) فارس کا بڑا بادشاہ –

ہَرْمَزَۃ (فسفف) بات جو اپنے دوست سے چھپاؤ – لقمہ کو چبایا یا نرم نرم چبانا – آگ کا بجھ جانا – ناکسی اور کمینہ پن –

ہَرْمَسَۃ (فسفف) ترش روئی –

آدمیون کا رونا اور خوف کے سبب بانگ وفریاد کرنی -

ہرمطۃ (فسفف) کسی کی آبرو وعزت کی ہتک کرنی اور ناوس کو زشت کرنا -

ہرمع (ففتقف) جلد گریہ کرنے والا مرد - شتابی - سبکی -

ہرمل (کسکس) بڑی عمر کی عورت - شتاب زدہ عورت ڈھیلے بدن کی - سال خوردہ ناقہ -

ہرملۃ (فسفف) کسی کے بال اوکھاڑنے - بالل اوکھاڑنے اور تراشنے - بڑھیا عورت کا بڑھاپے کے سبب بے عقل ہوجانا - کام کا تباہ ہوجانا -

ہرمول (ضسضبس) کچہہ بال گرد سر مین باقی رہے ہوئے - پر اور پشم کچہہ تھوڑے سے باقی رہے ہوئے - اور کھڑا ہوا گرا ہوا بال ہرامیل (فضسکس) جمع -

ہرمولۃ (ضسضسف) چیتھڑا کہ پیراہن کہنہ کے دامن مین سے پھٹ کر جا وے -

ہرمی (فسف) خشک لکڑی -

ہرملیش (کسکس) بڑا خونخوار شیر - بھینس - کرکدن -

ہرنصانۃ (کگسفسف) ایک کیڑا ہے کہ اوسکا نام سرفہ ہے - ہرنصۃ رفتار ہرنصانۃ -

ہرنع (ضسفض) چھوٹی جون -

ہرنعۃ (فسفقف فسکف) بڑی جون -

ہرنفۃ (فسفف) نرم ہنسنا -

ہرنکس (فضسف) ہر بلا اور سختی کہ اونٹون کو ہلاک کردے اور جڑ سے اوکھاڑ دے -

ہرنوع (ضسفض) چھوٹی جون بڑی جون - لغت اضداد سے ہے - بعض کہتے ہین کہ اور ایک چھوٹا کیڑا ہے -

ہرنوی (فسفکت) ایک گھاس ہے یا وہ ہرنوۃ ہے یا ہرنوی یا فرنوۃ یا فلیفلہ ہے -

ہرو (فس ان) کسی کو چوب دستی سے مارنا -

ہروت (فضس) شیر -

ہرور (ضضبس) دانۂ انگور مین

١٥٥٥

س۱ هرز
س۲ هرزول
س۳ هرم
س۴ هرر
س۵ ایضاً
س۶ ایضاً
س۷ ایضاً
س۸ ایضاً
س۹ ایضاً
س۱۰ هرنی
س۱۱ هرنی
س۱۲ هرنبع
س۱۳ هرنبة
س۱۴ هرنت

سے جو کچھہ کہ گر پڑے ــ

۱ ہُرْوَرَۃ (فسقف) مرجانا ــ ہلاک ہونا ــ

۲ ہَرْوَلَۃ (فسقف) دوڑنے اور چلنے کے درمیان ایک رفتار ہے یا عنق کے بعد دوڑنا ــ یا شتاب چلنا ــ

۳ ہِرْدَم (فضس) پلید عورت بدخو

۴ ہَرْہَار (فسفس) بہت پانی ــ بہت دودھ ــ ہنسنے والا ــ ڈیلا گوشت ــ شیر ــ

۵ ہِرْہِر (کسک) ناقہ جس کی زہدان کلان سالی کے سبب پانی دیوے ــ بڑی عمر کی بکری ــ

۶ ہَرْہَر (فسفس) روانگی آب کی آواز ــ

۷ ہَرْہَرَۃ (فسقف) بکری کی آواز ــ شیر کی آواز ــ بیہودہ ہنسی ــ بکری کو پانی پر بلانا یا لانا ــ ایک چیز کو حرکت دینی ــ جور و ستم و دست درازی کرنی ــ ہندیون کی لڑائی کی آواز کی نقل کرنی ــ

۸ ہُرْہُور (ضسضس) بہت پانی ــ بہت دودھ ــ دانۂ انگور مین سے جو کچھہ کہ گر پڑے ــ بڑی عمر کی بکری ــ بہت پانی جس مین سے ہرہر کی آواز آوے ــ ایک قسم کی کشتی

۹ ہِرْہِیر (کسکس) ایک مچھلی ہے ــ ایک قسم کا نہایت خبیث سانپ باخہ اور سیاہ سانپ کے درمیان کا مرکب کہ چھہ مہینے سوتا ہے اور کاٹا ہوا اسکا جانبر نہین ہوتا ــ

۱۰ ہُرِّیّ (ضس) بڑا گھر جس مین سلطان کا طعام جمع کرین ــ اہرا (فسفس) جمع ــ

۱۱ ہَرْی (فس) (ض) کسی کو چوب دستی سے مارنا ــ

۱۲ ہِرْیَاع (کسفس) پتا جو ہوا سے گر پڑے ــ

۱۳ ہَرْنَبَۃ (فکتف) سردی ــ

۱۴ ہِرْیَت (فکس) فراخ و وسیع ــ جسکی کنج دہان فراخ ہو ــ عورت جسکی دو نون راہ ایک ہو گئی ہون ــ شیر ــ گھوڑا جسکا عذار لگام کوتاہ ہو وے خلاف اصیل ــ وہ شخص جو بھید نہ چھپا وے ــ زشت

سخن مرد —
ہُزیز (فکس) جاڑے کے سبب
کتے کی آواز نباح سے کمتر —
ہُزیرۃ (ضفسف) چھوٹی بی
— عورتوں کے ناموں میں سے ہے
— دہنا میں ایک موضع ہے —
ہَرِیس (فکس) ایک طعام کہ
گوشت اور اناج سے تیار کرتے ہیں
اس میں سب سے بہتر وہ ہے جو
گیہوں اور پرندہ کے گوشت سے
تیار کرتے ہیں —
ہَرِیسَۃ (فکسف) بمعنی ہریس —
ہَزِیصَۃ (فکسف) پانی کے مجتمع
ہونے کی جگہ —
ہَزِیعَۃ (فکسف) ایک درخت
ہے چھوٹا اور باریک لکڑی کا —
ہَزِینی (فکسک) خوب
پکا ہوا گوشت —
ہَزّ (فت) (ن) حرکت
دینی —
ہُزُر (فس) (ف) توڑنا
اونٹ کو جاڑے میں ذبح کرنا —
راحلہ کو حرکت دینا —

ہُزُر (ضس) ہزور (ضضس)
(فس) کلمی کے ساتھ مسخرا پن
کرنا — مر جانا —
ہُزَأۃ (ضفسف) جو کہ لوگوں
پر خندہ اور تمسخر کرنے —
ہزار (ففس) ہزار داستان —
فارس میں ایک روستا ہے —
ہزارف (فضسک) بمعنی ہزروف
ہزاع (کفس) بولتے ہیں ما فی
الجعبۃ الا سہم ہزاع (کفس)
یعنی ترکش میں سوائے ایک
تیر کے اور نہیں —
ہزاع (تفقس) شیر جو شکار
کو بہت توڑے —
ہُزال (ضفس) دبلاپن —
دبلا ہو جانا مجہول مستعمل ہے —
ہزابل (فضسک) آواز میں
اصل میں یہ ازابل ہے —
ہزاہز (فضسک) فتنے کہ جس میں
آدمی حرکت کریں —
ہزاہز (ضفسک م) بہت
پانی اور جاری شے
ہزبر (کسف) بمعنی ہزبرہ (کفس)

ہزر — ہزیز — ہزیرۃ — ایضاً — ہریس — ایضاً — ہزع — ہزع — ہزیر — ہزینی — ہزینی
۱۵۵۷
ایضاً — ہزز — ہزق — ہزع — ایضاً — ہزل — ہزل — ہزز — ایضاً

ہزبر (کفس) شیر - سخت ٹھوس دلدار ہزابرہ جمع۔

ہزبرۃ (فسفف) قطع کرنا۔

ہزبکۃ (فسفف) بہت محتاج ہوجانا۔

ہزبلیۃ (فسفکفف) کچھ چیز۔

ہزدرۃ (ضسف) جس سے مسخرا پن اور ریش خند کریں۔

ہزرۃ (کتف) شادمانی - و خرسندی - فراخ خوئی کہ سخاوت میں ظاہر ہووے - گرج کی آواز کی تردد - ہانڈی کے جوش کی آواز - رفتار شتر کی ایک قسم۔

ہزج (ففن) گرج کی آواز - ایک قسم کا طرب انگیز راگ اور ترانہ ہے - کچھ تھوڑے سے گلے بیٹھے کے ساتھ آواز - ہر کلام متدارک و متقارب - عروض میں ایک بحر کا نام اسلیئے کہ اوسمیں کلمے اور آواز متدارک و متقارب ہیں (ہزج) گوییے کا طرب انگیز راگ گانا۔

ہزر (فس) چوب دستی سے پہلو پر اور پشت پر بہت مارنا یا سخت چکنا چور کرنا یا ہانکنا اور دفع کرنا چوب دستی سے - زمین پر دے مارنا - کسی کو بہت کچھ دینا - ہنسنا - حاجت کی طرف سرعت کرنی - بیع میں نرخ کو گران کرنا - ایک چیز کو بے اندیشہ خریدنا اور اوسمیں داخل ہونا۔

ہزر (کس) نقصان کا مارا ہوا - احمق - اکھڑ -

ہزرات (ففس) بولتے ہیں فیہ ہزرات یعنی وہ خوب کھلمند ہے۔

ہزراف (کسفس) بمعنی ہزروف -

ہزرنۃ (فسفف) خفت - سرعت -

ہزرۃ (فسف) زمین تنگ -

ہزرفۃ (فسفف) سرعت کرنی

ہزرفۃ (کسقف) بڑی عمر کی ناقہ - گندہ پیر

ہزرقۃ (فسفف) بدترین خندہ کی ایک قسم -

ہزروف (کسفس) شتر

مرغ سریع سبک —

ہزرنوف (ضسضس) بمعنی ہزروف —

ہزروفۃ (کسقسف) بمعنی ہزرفۃ (کسکف) —

ہزروقی (ضسضسف) قید —

ہزنع (ضفت) شیر شکار کو بہت توڑنے والا —

ہزف (فس) (ف) سبک پانا —

